# Jammu Wo Kashmir Mein Urdu Tahqeeq 1950 Ke Baad

A thesis submitted to the University of Hyderabad in partial fulfillment of the requirement for the award of

DOCTOR OF PHILOSOPHY

in

URDU

by

SAJAD AHMAD SOFI
Reg.No. 18HUPH01

under The Supervision of

Dr. MD. ZAHIDUL HAQUE

DEPARTMENT OF URDU
School of Humanities
University of Hyderabad, Hyderabad,Telangana-500046

May, 2022

प्रतिष्ठित संस्थान
INSTITUTION OF EMINENCE

# جموں وکشمیر میں اردو تحقیق 1950 کے بعد

مقالہ برائے

ڈاکٹر آف فلاسفی (اردو)


**مقالہ نگار**

سجاد احمد صوفی

Reg.No. 18HUPH01

**نگراں**

ڈاکٹر محمد زاہد الحق

**شعبۂ اردو**

**اسکول آف ہیومانٹیز یونی ورسٹی آف حیدرآباد ،حیدر آباد، تلنگانہ**

500046


**مئی ۔ 2022**

# DECLARATION

I, **SAJAD AHMAD SOFI** hereby declare that this thesis entitled **"JAMMU WO KASHMIR MEIN URDU TAHQEEQ 1950 KE BAAD"** submitted by me under the guidance and supervision of **Dr.MD. ZAHIDUL HAQUE,** is a bonafide research work which is also free from plagiarism. I also declare that it has not been submitted previously in part or in full to this University or any other University or Institution for the award of any degree or diploma. I hereby agree that my Thesis can be deposited in shodhganga / INFLIBNET.

Date: …………………

**SAJAD AHMAD SOFI**

***Signature of the Student***

Reg. No.18HUPH01

# UNIVERSITY OF HYDERABAD

## DEPARTMENT OF URDU, SCHOOL OF HUMANITIES

## *CERTIFICATE*

This is to certify that the thesis entitled **"JAMMU WO KASHMIR MEIN URDU TAHQEEQ 1950 KE BAAD"** submitted by **SAJAD AHMAD SOFI** bearing Reg.No**. 18HUPH01** in partial fulfillment of the requirements for the award of **Doctor of Philosophy** in Department of **URDU** in the School of Humanities is a bonafide work carried out by him under my supervision and guidance.

This Thesis is free from plagiarism and has not been submitted previously in part or in full to this or any other University or Institution for award of any degree or diploma. Part of this Thesis has been.

**A. Published in the following publications.**

1. Akbar Hyderi Kashmiri ki Tahqeqaat -e- Aliya . (Monthly "URDU DUNIYA",Ncpul New Delhi),Volume: 24, Issue: 01,January 2022(UGC care listed/ISSN No:2249-0639)

2. Urdu Tadrees aur Internet(Monthly "Quami Zaban",Hyderabad, Telangana,Volume:05, Issue: 02,Feb,Mar,April 2020 (Telangana State Urdu Academy),(UGC care listed/ISSN No:2321-4627)

**B. Presented in the following International/National Seminars.**

1. **3 Day International Seminar on "Indian Religion, Philosophy & Literature''.** I Presented Paper Entitled" Hindustani Nishatusania: Sir Syed, Sawami Vivekanand, Moulvi Zakaullah. On 25 to 27 February 2019 at Banaras Hindu University, UP.India)

2. **Two-days National Seminar on "Genre Of Urdu Poetry''** Held on 18th & 19th March 2021, My Paper Entitled : "Jammu wo Kashmir Mein Urdu Tahqeeq ki Surat e Haal". Organized by Department of Urdu, Govt. Degree College (W) Hussaini Alam, Hyderabad,Telangana State)

Further, the student was exempted from doing coursework (recommended by Doctoral Committee) on the basis of the following courses passed during his M.Phil program and the M.Phil degree was awarded (**Reg.No.15HUHL24**).

| SL No. | Course Code | Title | Credits | Pass/Fail |
|---|---|---|---|---|
| 1 | UR 701 | Research Methodology | 4.00 | Pass |
| 2 | UR702 | Practical Criticism | 4.00 | Pass |
| 3 | UR721 | Textual Criticism | 4.00 | Pass |
| 4 | UR780 | Dissertation | 12.00 | Pass |

Countersigned

Signature of the Supervisor

**Head**

Department of Urdu

**Dean**

School of Humanities

UNIVERSITY OF HYDERABAD
सा विद्या या विमुक्तये

ماہنامہ اردو دنیا
Monthly URDU DUNIYA, New Delhi
قومی اردو کونسل کا بین الاقوامی جریدہ

جلد:24،شمارہ:01،جنوری2022

مدیر : ڈاکٹر شیخ عقیل احمد
مشیر : حقانی القاسمی
معاونین: عبدالرشید اعظمی، یوسف رامپوری، نایاب حسن

**ناشر اور طابع**
ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارت تعلیم، محکمہ اعلیٰ تعلیم، حکومت ہند

**مطبع:**
ایس نارائن اینڈ سنز، بی۔88، اوکھلا انڈسٹریل ایریا
فیز-II، نئی دہلی-110020

**مقامِ اشاعت: دفتر قومی اردو کونسل**

کمپوزنگ: محمد اکرام
ڈیزائننگ: محمد زید

**قیمت-/15روپے سالانہ -/150روپے**

Total Pages:100

- اس شمارے کے قلم کاروں کی آرا سے قومی اردو کونسل NCPUL اور اس کے مدیر کا متفق ہونا ضروری نہیں
- ڈرافٹ NCPUL,New Delhi کے نام ارسال کریں

**صدر دفتر**
فروغ اردو بھون، ایف سی 33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا جسولہ، نئی دہلی-110025
فون:49539000 شعبۂ ادارت:49539009

**ویب سائٹ**
http://www.urducouncil.nic.in
E-mail: editor@ncpul.in
urduduniyancpul@yahoo.co.in

**شعبۂ فروخت**
ویسٹ بلاک-8، ونگ-7، آر کے پورم، نئی دہلی۔110066
فون: 26109746، فیکس:26108159
ای میل: sales@ncpul.in
شاخ:110-7-22، تھرڈ فلور، ساجدیار جنگ کمپلیکس
بلاک نمبر5-1، پتھر گٹی، حیدرآباد۔500002
فون:040-24415194

سرورق خطاطی: محمد ابرار ہندی

# مشمولات

**اداریہ**
ہماری بات 4

**خطوط**
ربط و التفات — قارئین کے خطوط 5

**ادب: زاویے اور جہات**
اردو ادب میں خواتین کی نیرنگیاں — معزہ قاضی دلوی 9
تیج بہادر سپرو کی آگہی اور تہذیبی بصیرت — عمیر منظر 13



تحقیق میں اخلاقیاتی طوفانات — نوشاد حسین 16
قاضی عبدالغفار کی ادبی سرگرمیاں — جہانگیر احمد خان 20
کرشن چندر بہ حیثیت ریڈیائی ڈراما نگار — جوہی بیگم 22



**افسانہ سمت اور امکانات**
بیسویں صدی کا افسانوی ادب اور ہندوستانی سماج — ارشد اقبال 25
بلراج مین را کے افسانوں کی فنی و فکری جہتیں — انجیمہ حبیب 29



زندگی کی کڑوی حقیقتوں سے گیلی روٹیاں — شازیہ تمکین 32

**اردو اور ادب اطفال**
سیوان میں ادب اطفال: ماضی تا حال — ارشاد احمد 35
کامکس اور ادب اطفال — رضی شہاب 38
شاعر اطفال: ابوالمجاہد زاہد — دلشاد حسین اصلاحی 40

**زبان و تعلیم**
مادری زبان میں ابتدائی تعلیم کی اہمیت اور قومی تعلیمی پالیسی — شفاعت احمد 43

**خراج عقیدت**
سحر سعیدی: ایک وضع دار شخصیت — عظیم راہی 45

**سلسلۂ صحافت**
اردو صحافت کی خشت اول جام جہاں نما — محمد ضیاء المصطفی 48

**کتب خانے**
امیر الدولہ پبلک لائبریری — زین البشر انصاری 51

**سائنس اور سماجیات**
جھاگ چھوڑتے اور جلتے ہوئے پانی کے ذخائر — صدف کلام 54
غیر حکومتی تنظیموں کی بدلتی جہات — ابو اسامہ 57

**دوسری زبانوں سے**
احمقوں کی ٹولی — توفیق الحکیم، مترجم: محمد قطب الدین 60

**عالمی ادبیات**
بنارس میں فارسی ادب — تمنا شاہین 63

**خصوصی گفتگو**
پروفیسر صادق سے انٹرویو — نوشاد عالم ندوی 66



**... نئے ستارے**
اکبر حیدری کشمیری کی تحقیقات عالیہ — سجاد احمد صوفی 68

**کتابوں کی دنیا**
تعارف و تبصرہ — ادارہ 73



**خبر نامہ**
اردو دنیا کی خبریں — ادارہ 81




ماہنامہ
قومی زبان
حیدرآباد

تلنگانہ ریاستی اُردو اکیڈیمی کا علمی، ادبی، لسانی [illegible]

جلد: 05 شمارہ: 02,03,04 فروری، مارچ، اپریل 2020ء

زیرِنگرانی : محمد رحیم الدین انصاری
صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ اُردو اکیڈیمی

مدیر : ڈاکٹر محمد غوث
ڈائرکٹر/سکریٹری تلنگانہ اسٹیٹ اُردو اکیڈیمی

**ناشر و طابع**

تلنگانہ اسٹیٹ اُردو اکیڈیمی
چوتھی منزل حج ہاؤز نامپلی
حیدرآباد-001 500 (تلنگانہ)

**مقام اشاعت : تلنگانہ اسٹیٹ اُردو اکیڈیمی**

ترتیب و تزئین : محمد ارشد مبین زبیری
کمپوزنگ و ڈیزائننگ : محمد منہاج الدین

قیمت -/15 روپے سالانہ -/150 روپے

Total Pages : 84

فون : 040-23237810
ای میل: qaumizaban.tsua2015@gmail.com

قومی زبان کی خریداری کے لیے چیک، ڈرافٹ یا منی آرڈر
بنام ڈائرکٹر/سکریٹری تلنگانہ اسٹیٹ اُردو اکیڈیمی روانہ کریں اور
وضاحت طلب امور کے لیے وہیں رابطہ فرمائیں۔

☆

"قومی زبان" میں شائع شدہ مضامین میں اظہار کردہ خیالات سے
ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

☆

Printed by Dr. Mohammed Ghouse and Published by Mohammed Ghouse on behalf of Telangana State Urdu Academy, Minorities Welfare Dept.,Govt.of Telangana, Printed at M/s. Taha Enterprises, Printing and Packaging, 11-6-833, Red Hills, Lakdi ka Pul, Hyderabad-500004, T.S..

Published at 4th Floor, Haj House, Nampally, Hyderabad-500 001 Telangana State.
Ph: No. 040-23237810 Fax: 040-66362931
Email: qaumizaban.tsua2015@gmail.com

| | | |
|---|---|---|
| ہم کلامی | ایڈیٹر | 4 |
| غزل | امیر مینائی | 5 |

**مضامین**

| | | |
|---|---|---|
| نئے تخلیقی عمل میں روایت اور اس کی نوعیت | پروفیسر مجید بیدار | 6 |
| آل احمد سرور بہ حیثیت شاعر | ڈاکٹر محمد ناظم علی | 12 |
| مخدومؔ کی نظم "انقلاب" ایک مطالعہ | ڈاکٹر محمد ابرارالباقی | 20 |
| سوداؔ کے دو ہم محققین: شیخ چاندؔ اور ڈاکٹر خلیق انجم | مشتاق فاروق | 25 |
| پروفیسر جگن ناتھ آزاد کی خودنوشت | | |
| "میرے گزشتہ روز و شب" کا تجزیاتی مطالعہ | سارہ بتول | 30 |
| سلام بن رزاق: اخلاقی اقدار کے بحران کا عکاس | محمد نسیم | 35 |
| سندی تحقیق اور تخلیق پر تحقیق کے مسائل | ڈاکٹر رئیسہ بیگم ناز | 41 |
| اُردو میں نعت گوئی کا آغاز و ارتقا | گلزار احمد ماگرے | 46 |

**بزمِ اطفال**

| | | |
|---|---|---|
| اُردو میں بچوں کے رسائل ایک جائزہ | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 51 |
| اردو ادب اطفال کی ترویج میں کارٹون و کامکس | مکرم نیاز | 60 |
| بچوں کا [illegible] | ڈاکٹر [illegible] | 65 |
| اُردو تدریس اور انٹرنیٹ | سجاد احمد صوفی | 73 |

**نظم**

| | | |
|---|---|---|
| غزلیں | انجم شافعی / جمیل نظام آبادی | 77 |
| غزلیں | تاج مضطر / کوکب ذکی | 78 |
| غزلیں | احمد فلک / عمران راقم | 79 |
| اکیڈیمی نامہ | محسن خان | 80 |



काशी हिन्दू विश्वविद्यालय

BANARAS HINDU UNIVERSITY

अन्तर्राष्ट्रीय संगोष्ठी

''भारतीय धर्म, दर्शन और साहित्य''

بین الاقوامی سیمینار

موضوع: ہندستانی مذاہب، فلسفہ اور ادب

*International Seminar on "Indian Religion, Philosophy & Literature"*

25 - 27 February 2019

# Certificate

*This is certify that Prof./Dr./Ms./Mrs./...* Sajad Ahmad Sofi ...

R. Sch... University of Hydrabad ... *has participated and presented his/her paper entitled* Hindustani Nishatussania: Sir Sayed Ahmad Khan, Sawami Vivekanand, Moulvi Zakaullah *in the 3 day International Seminar on "Indian Religion, Philosophy & Literature" and contributed towards the success of the seminar.*

Organizing Secretary
**Dr. Mosharraf Ali**
*Department of Urdu, BHU*

Convener
**Prof. Aftab Ahmad Afaqui**
*Head, Department of Urdu, BHU*

Organized By: **Department of Urdu** Faculty of Arts, Banaras Hindu University

GOVT. DEGREE COLLEGE (W)
HUSSAINI ALAM, HYDERABAD, T.S

گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین
حسینی علم حیدرآباد، تلنگانہ

دوروزہ قومی سیمینار بعنوان: اردو کی نثری اصناف

Two-day National Seminar on ***"GENRE OF URDU PROSE"*** held on 18th & 19th March 2021

Sponsored by: NATIONAL COUNCIL FOR PROMOTION OF URDU LANGUAGE (NCPUL), New Delhi
in Collaboration with TELANGANA STATE URDU ACADEMY

Organized by: DEPARTMENT OF URDU

# CERTIFICATE

*This is to certify that Dr./Mr./Ms.* Sajad Ahmad Sofi

*of* Research Scholar University of Hyderabad *has presided/attended as*

*resource person/participated/presented a paper titled* Jammu wo Kashmir mein Urdu Tehqeeq Ki Surata Haal

*in Two-day National Seminar in GENRE OF URDU PROSE held on 18th & 19th March 2021.*

*Dr. Abdul Quddus*
Convener

*Dr. B. Sunitha Padmavathi*
Principal

# فہرست

| صفحہ نمبر | عنوان |
| --- | --- |
| 04......02 | پیش لفظ |
| | **باب اول** |
| | جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کا آغاز وارتقا |
| 27......05 | پس منظر، آغاز وارتقا |
| | **باب دوم** |
| 143......28 | جموں وکشمیر میں اردو تحقیق 1950 کے بعد (موضوعی مطالعہ) |
| | (ا) سندی تحقیق |
| | (ب) غیر سندی تحقیق |
| | **باب سوم** |
| 307......142 | جموں وکشمیر کے اہم محققین |
| | اکبر حیدری کشمیری، محمد یوسف ٹینگ، حامدی کاشمیری، محمد زماں آزردہ، |
| | برج پریمی، نذیر احمد ملک، بشیر احمد نحوی، ظہورالدین |
| | **باب چہارم** |
| 380......308 | جموں وکشمیر میں غیر ریاستی محققین |
| | محی الدین قادری زورؔ، عبدالقادر سروریؔ، شکیل الرحمنؔ، گیان چند جینؔ، |
| | شیام لال کالڑا عابدؔ پیشاوری، جگن ناتھ آزادؔ |
| 392...... 381 | ماحصل |
| 400......393 | کتابیات |

# پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر واحسان ہے جنھوں نے اس تحقیقی مقالے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا کی۔

تحقیق خواہ ادبی ہو یا زندگی کے کسی بھی شعبے کی ہو، اس کی نوعیت اور اس کی منزل ایک ہی ہوتی ہے، سچ کو جھوٹ سے اور صحیح کو غلط سے الگ کر کے اصل حقیقت کو دریافت کرنا۔ جہاں تک تحقیق کے اصطلاحی معنی کا تعلق ہے۔ اس سے مراد تلاش وجستجو کے ذریعے حقائق کا انکشاف اور ان کی تصدیق کرنا ہے۔ چاہے اسے وقت کی گرد صاف کر کے سامنے لانا ہو یا موجودہ مواد کو از سرِ نو ترتیب دینا ہو۔ اس کا اصل مقصد انسانی زندگی سے متعلق مسائل اور ان کا حل تلاش کرنا رہا ہے یہ مسائل کی تلاش انسان کے حدود علم وادب میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ یہی علم وادب کی وسعت دراصل نشو ونما اور ارتقا کے لیے ناگزیر ہے۔

جموں وکشمیر قدرتی حسن وخوبصورتی کے ساتھ ساتھ صدیوں سے علم وادب کا گہوارہ رہا ہے۔ اس سرزمین سے ایسے قلم کار پیدا ہوئے جن کا شمار عالمی سطح کے بلند مرتبہ قلم کاروں میں ہوتا ہے۔ یہاں اردو کی ہر صنف پر کام ہوا ہے اور ہر پہلو کو چھونے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اب بھی کچھ گوشے ہیں جن پر کام کرنا ابھی باقی ہے۔ راقم کے مقالے کا موضوع ''جموں وکشمیر میں اردو تحقیق 1950 کے بعد'' ہے۔ جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی عمر کچھ زیادہ نہیں لیکن اس کم عرصے کے دوران میں بھی اس نے اپنا بھرپور حصّہ ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ جموں وکشمیر نے بھی اردو ادب کو ایسے محقق عطا کیے جنھوں نے اردو دنیا میں اپنا لوہا منوایا ہے۔

بہ ہر حال تحقیقی اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اور نگراں کے مشورے سے، راقم نے تحقیقی مقالے کو چار ابواب میں منقسم کیا ہے۔ علاوہ ازیں مقالے کے ابتدا میں 'پیش لفظ' آخر میں 'ماحصل' اور جن کتب ورسائل سے دورانِ تحقیق استفادہ کیا گیا ہے، اسے 'کتابیات' کے عنوان سے مقالے میں شامل کیا گیا ہے۔ اس میں اجتماعی طور پر جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی تاریخ مرتب کرنے کی سعی کی گئی ہے اور ان محققین کے کارناموں کو یکجا کرنے کی سعی

کی ہے جن کی تاریخ ادب اردو میں بڑی اہمیت ہے۔پیش نظر مقالے کے ابواب یوں ہیں:

باب اول: ''جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کا آغاز وارتقا'' کے عنوان سے ہے۔اس کے ذیلی دو باب، پس منظر اور آغاز وارتقا کے نام سے ہے۔اس باب میں جموں وکشمیر میں 1950 سے قبل کی ابتدائی اردو تحریروں کو پس منظر کے طور پر پیش کیا گیا۔دوسرے حصے میں جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کے اولین محققین اور ان کے کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔جموں وکشمیر کی تحقیق کا آغاز بیسویں صدی کے اوائل میں ہوا ہے۔جس میں سب سے پہلا نام محمد دین فوق کا آتا ہے۔ان کی تصانیف ''یادرفتگاں''، ''تذکرۂ علمائے لاہور'' اور ''تذکرۂ شعرائے لاہور'' پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اس کے بعد دوسرے محمد عمر نورالٰہی کے نام آتا ہے۔ان کی تصنیف ''ناٹک ساگر'' بھی تحقیقی نوعیت کی ہے۔ناٹک ساگر کو اگر عالمی ڈرامے کی مختصر تاریخ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔تیسرا نام عبدالاحد آزاد کا ہے انھوں نے ''کشمیری زبان اور شاعری'' کی کتاب لکھ کر جموں وکشمیر کے محققوں کے حوصلے بلند کیے ہیں۔اس باب میں ان تصانیف پر مختصر روشنی ڈالی گئی ہیں۔

باب دوم: ''جموں وکشمیر میں اردو تحقیق 1950 کے بعد (موضوعی مطالعہ)'' کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے۔اس باب میں دو ذیلی باب، سندی تحقیق اور غیر سندی تحقیق کے نام سے ہے۔سندی تحقیق میں جموں وکشمیر کی یونی ورسٹیوں اور دوسرے اداروں میں جو تحقیقی مقالے لکھے گئے ہیں ان کا موضوعاتی مطالعہ پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے جس میں کشمیر یونی ورسٹی، جموں یونی ورسٹی اور اقبال انسٹی ٹیوٹ آف فلسفی کے مقالوں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ان مقالوں کی گروہ بندی موضوعات کی مناسبت سے کی گئی ہے جیسے شخصیات پر تحقیق، اصناف پر تحقیق، دبستان پر تحقیق وغیرہ۔غیر سندی تحقیق میں یونی ورسٹیوں یا اداروں سے باہر لکھے گئے تحقیقی تصانیف کا ذکر کیا گیا ہے۔اس ذیلی باب میں صرف محقق کا نام، تحقیقی تصانیف کا نام درج کیا گیا ہے۔

باب سوم: ''جموں وکشمیر کے اہم محققین'' کے متعلق ہے۔اس باب میں جموں وکشمیر کے ان اہم محققین کا ذکر کیا گیا ہے جنھوں نے یہاں کی تحقیقی ارتقا میں اہم رول ادا کیا ہے۔ان میں سب سے پہلا نام اکبر حیدری کشمیری، محمد یوسف ٹینگ، حامدی کاشمیری، محمد زماں آزردہ، برج پریمی، نذیر احمد ملک، بشیر احمد نحوی اور ظہور الدین کے نام قابل ذکر ہیں۔اس باب میں مذکورہ محققین کی حالاتِ زندگی اور ادبی کارناموں پر سرسری نظر ڈالی گئی ہے۔اور پھر ان کی تحقیقی تصانیف پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

باب چہارم: ''جموں وکشمیر میں غیر ریاستی اردو محققین'' کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان محققین کا

ذکر کیا گیا ہے، جو وقتاً فوقتاً جموں وکشمیر میں روزگار کے سلسلے میں آئے اور یہاں کی تحقیقی رفتار کو تیزی بخشی ۔ یہ سب غیر ریاستی محققین یہاں کی یونی ورسٹیوں سے وابستہ رہے ۔ان میں محی الدین قادری زورؔ، عبدالقادر سروریؔ، شکیل الرحمنؔ، گیان چند جینؔ، شیام لال کالڑا عابدؔ پیشاوری اور جگن ناتھ آزادؔ کے نام قابل ذکر ہیں ۔اس باب میں ان کے حالاتِ زندگی اور ادبی کارناموں کا مختصراً تعارف پیش کیا گیا ہے اور پھر ان کی، ان تحقیقی تصانیف کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے جو انھوں نے دوران رہائش جموں وکشمیر میں لکھی ہیں ۔

اس کے بعد ''ماحصل مقالہ'' پیش کیا گیا ہے۔اس میں مجموعی طور پر مقالے کا نچوڑ اور نتیجہ بیان کرنے کی کوشش کی گئی۔

میں اپنے والدین اور بہن بھائیوں کا بے حد سپاس گزار ہوں جنھوں نے ہر وقت میری معاشی امداد اور حوصلہ افزائی کی ہے۔

اس مقالے کی تیاری اور اس کو تکمیل تک پہنچانے میں میرے محسن نگراں ڈاکٹر محمد زاہد الحق صاحب نے جس طرح میری رہنمائی اور حوصلہ افزائی فرمائی، اس کا شکریہ ادا کرنا میرے لیے ناممکن ہے۔

شعبے کے سابق صدر پروفیسر حبیب نثار صاحب کا بھی میں بے حد ممنون ہوں جنھوں نے مقالے کا موضوع اور مفید مشوروں سے نواز کر اس مقالے کی تیاری میں میری بھرپور امداد کی ہے۔

میں استاد محترم ڈاکٹر عرفان عالم صاحب کا بھی شکر گزار ہوں جنھوں نے مواد کی فراہمی میں میری ہر ممکن مدد کی۔

آخر میں اپنے دوستوں اور رفیقوں کو ہدیہ تشکر پیش کرتا ہوں جنھوں نے مشکل مرحلوں میں میرا ساتھ دیا اور مجھے اپنے مشوروں سے عزم سفر بخشا، بالخصوص مشتاق فاروق کا میں بے حد ممنون ہوں۔

صوفی سجاد

ہوسٹل۔ای (Annex)، کمرہ نمبر 111، نارتھ کیمپس

یونی ورسٹی آف حیدرآباد، حیدرآباد، تلنگانہ

# بابِ اوّل

# جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کا آغاز وارتقا

شعور ایک فطری عمل ہے، اس عمل کے شروع ہوتے ہی انسان میں تجسس اور شوقِ تحقیق جاگنے لگتا ہے۔ تحقیق ہماری روزمرہ زندگی کے ساتھ جڑی ہوئی چیز ہے۔ چاہے گھر کے معاملات ہوں یا گھر سے باہر کے کام کاج ،ایک انسان تحقیق کے لیے ہر وقت محتاج رہتا ہے۔ روزمرہ کی زندگی میں جو بھی ہم دریافت یا بازیافت کرتے ہیں اسے تحقیق کہتے ہیں۔ تحقیق کے معنی کسی مسئلے یا کسی بات کی چھان بین، کھوج، تلاش، جستجو کر کے اس بات کی تہہ تک پہنچ کر، اسے اصل شکل اور حقیقی صورت میں پوری طرح سامنے لانا۔ چاہے اس مسئلے پر پڑی گرد یا دھند کو ہی کیوں نہ صاف کیا جائے، اس سے تحقیق مراد لیتے ہیں۔ تحقیق خواہ ادبی ہو یا سائنسی، اس کی نوعیت اور منزل و مقصد ایک ہی ہوتی ہے کہ سچ کو جھوٹ سے، صحیح کو غلط سے الگ کر کے حقیقت کو دریافت یا بازیافت کرنا ہوتا ہے۔

تحقیق عربی زبان کے لفظ ح ق ق سے بنا ہے۔ دوسرے الفاظ میں تحقیق سچائی کی تلاش، اصلیت کی دریافت اور حقیقت کی بازیافت کا نام ہے۔ جہاں تک اصطلاحی معنی کا تعلق ہے، اس سے مراد تلاش و جستجو کے ذریعے حقائق کا انکشاف اور ان کی تصدیق ہے۔ بقول عبدالرزاق قریشی:

''تحقیق نامعلوم حقائق کی تلاش اور معلوم حقائق کی توسیع یا ان کی خامیوں کی تصدیق کا نام ہے۔''1

تحقیق کی تعریف میں رشید حسن خاں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

''حقائق کی بازیافت، صداقت کی تلاش، حقائق کا تعین اور ان سے نتائج کا استخراج، ادبی تحقیق کا مقصود ہے یا ہونا چاہیے۔''2

پروفیسر گیان چند جین کی رائے بھی ملاحظہ فرمائیں:

''اردو اصطلاح میں تحقیق کے معنی سچ یا حقیقت کی دریافت ہے۔ انگریزی اصطلاح ریسرچ کے معنی ہیں کھوج اور دوبارہ کھوج، ہندی اصطلاح انوسندھان کے معنی کسی مقررہ نشانے کو

حاصل کرنے کے لیے اس کا تعاقب کرنا ہے۔'' 3

ان محققوں کی رائے دیکھ کر یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے کہ تحقیق کا اصلی معنی بازیافت یا دریافت ہے۔ اگر چہ الگ الگ زبانوں میں اس کے لیے الگ الگ لفظ استعمال ہوتے ہیں، پھر بھی بات ایک ہی ہے۔انگریزی میں تحقیق کو ریسرچ کہتے ہیں لفظ ریسرچ دو الفاظ سے بنا ہے ایک ری (Re) جس کا مطلب دوبارہ اور سرچ (Search) جس کا مطلب تلاش یعنی کوئی شے دوبارہ تلاش کرنا۔مغرب کے Paul.D.Leedy لکھتے ہیں:

"Research is simply a systematic quest of uncovered truth. Research is simply the manner in which men solve the knotty problems in their attempt to push back the frontiers of human ignorance. _4

ادبی تحقیق ادب کا ہی ایک شعبہ ہے۔چوں کہ ادب اس طرح براہِ راست افادی نہیں ہوتا جس طرح سائنسی اور سماجی علوم افادی ہوتا ہے۔اس لیے ادبی تحقیق کو بھی غیر مفید سمجھا جاتا ہے۔حالاں کہ بات یہ ہے کہ دوسری تحقیقات کی طرح ادبی تحقیقات بھی معاشرے کو تحقیقی ذہن عطا کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔اسے فکر کی نئی سمتیں دیتی ہیں اور معاشرہ بھی اپنی رفتار سے تحقیق کے لیے نقوش کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔خاص خاص صورتِ حال میں مخصوص قسم کی تحقیقی تصانیف کا وجود میں آجانا اسی باعث ہے۔دراصل ادبی تحقیق توضیحی تحقیق کے زمرے میں آتی ہے۔لیکن ادبی تحقیق میں بعض اوقات عملی تحقیق کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ادبی تحقیق کا تعلق زندگی سے ہے۔اس لیے اس میں اتنی ہی وسعت اور پھیلاؤ پایا جاتا ہے جتنی کہ خود زندگی پھیلی ہوئی ہے۔لہٰذا ادبی تحقیق صرف ادب تک محدود نہیں ہوتی۔ بلکہ ادبی محقق اپنے موضوع سے متعلق ہر پہلو پر غور کرتا رہتا ہے۔نتیجے کے طور پر اسے موضوع کے عہد کی سیاست، معاشرت، تاریخ، مذہب، فلسفہ وغیرہ پر روشنی ڈالنی ہوتی ہے۔

مذکورہ بالا ''تحقیق'' کے لغوی معنی کسی شے کی حقیقت کا پتہ لگانا ہے چاہے اسے وقت کی گرد صاف کر کے سامنے لایا جائے یا موجودہ مواد کو از سرِ نو ترتیب دینا ہو۔لیکن تحقیق کا یہ کام آسان نہیں ہے۔اس میں بڑی محنت لگن اور صبر وسکون کی ضرورت پڑتی ہے۔تحقیق میں محقق کو حقیقت پسندی اور غیر جانبداری سے کام لینا چاہیے۔اس میں اپنی پسند وناپسند، عقیدت اور اپنے جذبات کا دخل نہیں ہونا چاہیے۔بغض وعناد کو کام میں لانا اور جذبات کی رو میں بہنا خطرناک ہوتا ہے اور اس رویے کی وجہ سے حقائق کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے۔تحقیق میں محقق کو دلائل

اور شواہد کے بغیر ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھانا چاہیے۔ اسی لیے حقائق کی تلاش و جستجو کے کئی ذہنی اور جسمانی مرحلے ہیں اور ہر مرحلہ دشوار گزار ہوتا ہے۔ لیکن کسی بھی زبان کے ادب کی بنیادوں کو مضبوط و مستحکم بنانے کے لیے اس زبان اور اس کے ادب کے بارے میں تشفی بخش اور قابل یقین شواہد اور دلائل کو بروئے کار لانا بھی ضروری ہے۔

جموں وکشمیر میں اردو کے تحقیقی ادب کا سرمایہ ابتدائی دور میں زیادہ نہیں ہے۔ اس کی وجہ قیاساً یہ ہے کہ ایک عرصے تک تحقیق کو ایک کمتر درجے کی ادبی سرگرمی تصور کیا جاتا رہا ہے۔ اسی لیے اردو میں تحقیق کی روایت شاندار تو ہے لیکن بہت جاندار نہیں۔ اردو میں تحقیق کا سلسلہ میر تقی میؔر کے تذکرہ ''نکات الشعرا'' سے مل جاتا ہے۔ میؔر شاعر تھے۔ باضابطہ محقق نہیں اور نہ تذکرہ لکھتے وقت حقائق کی تلاش و جستجو ان کا مقصد تھا۔ اور نہ ہی ان کے پاس ایسے وسائل اور ذرائع تھے کہ وہ شاعری اور شاعروں کے بارے میں چھان بین کرتے، چوں کہ تذکرے لکھنے کے اصولوں کے مطابق شاعر اور شاعری سے متعلق حقیقی معلومات، نمونہ کلام وغیرہ کا اندراج ضروری ہے۔ اس لیے میؔر کے تذکرہ ''نکات الشعرا'' میں ایسے عناصر دستیاب ہیں جنھیں تحقیقی اشارے کہا جاسکتا ہے۔ ''نکات الشعرا'' سے لے کر محمد حسین آزاد کے ''آب حیات'' اور ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' میں تحقیق کے عمدہ نمونے موجود ہیں۔

## پس منظر:

جہاں تک جموں وکشمیر میں تحقیق کے آغاز وارتقا کا سوال ہے، یہ ایک بے حد بحث طلب بات ہے۔ کشمیر میں اردو ادب کے ایک آدھ نمونے اٹھارویں صدی کی آخری دہائیوں میں ملتے ہیں۔ انیسویں صدی کے آخر میں 1885 میں رنبیر سنگھ کے برسراقتدار آنے کے بعد رپورٹوں، ترجموں کی شکل میں بعض نثری تحریریں تو ملتی ہیں، لیکن کوئی باضابطہ تحقیقی کارنامہ نظر نہیں آتا۔ ان کے دورِ حکومت میں قائم کردہ انجمن ''بدیا بلاس سبھا'' جس کا ترجمان ہفتہ وار جلسوں کی کاروائی اردو اور ہندی دونوں زبانوں میں چھپتا تھا۔ ان جلسوں میں ان کتب کے بارے میں تفصیل سے بحث کی جاتی تھی جن کو اردو، ہندی یا ڈوگری میں ترجمہ کرنا مقصود ہوتا تھا۔ اسی طرح پنڈت ہرگوپال خستہ کی تاریخ ''گلدستہ کشمیر'' کو تحقیقی کارنامہ قرار دیا جاسکتا ہے لیکن باضابطہ تحقیقی کارنامہ نظر نہیں آتا۔

## تحقیق کا آغاز وارتقا:

بیسویں صدی کے اوائل میں لاہور میں مقیم مشہور دانشور، مورخ، محقق، شاعر، صحافی اور فکشن نگار محمد دین فوق نے متعدد کتابیں اور مضامین لکھے ہیں۔ مورخ اور محقق کے طور پر محمد دین فوق کی حیثیت مسلم ہے۔

## محمد دین فوق:۔

محمد دین فوق، اصل میں محمد دین ڈار یا غلام محمد ڈار تھے۔ ان کی ولادت فروری 1877 میں موضع کوٹلی ہرنرائن، ضلع سیالکوٹ میں ہوئی۔ کشمیر میں ڈاروں کے اس خاندان کا اصلی وطن سوئی بگ بڈگام، کشمیر ہے۔ ابتدائی تعلیم انھوں نے گھڑتل کے اسکول میں حاصل کی۔ اس کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے وہ لاہور آئے، یہاں انھوں نے مڈل کا امتحان پاس کیا۔ اُس وقت مڈل کا امتحان پاس کرنا بہت مشکل کام تھا۔ مڈل پاس کرنے کے بعد محمد دین فوق مزید تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔ محمد دین فوق پہلے شوقؔ تخلص کرتے تھے پھر فوقؔ استعمال کیا۔ انھوں نے شعر وشاعری میں بھی طبع آزمائی کی، جس میں ان کے استاد داغؔ دہلوی تھے۔ اس کے بعد محمد دین فوق تلاش معاش کے لیے اپنے والد کے پاس پونچھ گئے۔ جہاں وہ بحیثیت پٹواری ملازم تھے۔ اسی اثنا میں محمد دین فوق دیوان امرناتھ کی سفارش پر محکمہ چنگی میں ملازم ہوئے۔ محمد دین فوق کو قدرت نے ادبی ذوق دیا تھا اس لیے وہ کچھ ہی وقت بعد چنگی کی ملازمت کو خیر باد کہہ کے صحافت کے میدان میں آئے اور پنجاب کے مشہور صحافی حاجی محبوب عالم، جن کو ایڈیٹر گر اور بابائے صحافت کہا جاتا تھا، ان کے یہاں ''اخبار پیسہ'' لاہور میں زیر ترتیب رہے اور 1901 میں محمد دین فوق نے اپنا اخبار ''پنجہ فولاد'' کے نام سے جاری کیا۔ صحافت اور مضامین کے لحاظ سے یہ اخبار قلیل مدت میں ہی ملک کے معیاری اخباروں میں شمار ہونے لگا۔ علامہ اقبالؔ نے اس اخبار کے متعلق یوں فرمایا:

پنجۂ فولاد ایک اخبار ہے    جس سے سارا ہند واقف کار ہے
نام ہے اس کا محمد دین فوق    عمر ہے چھوٹی مگر ہشیار ہے

داغؔ دہلوی نے بھی اس اخبار کے اجرا پر ایک تعریفی قطعہ قلم بند کیا تھا۔ 1906 میں محمد دین فوق کا اجرا کردہ اخبار کچھ ناساز حالات کی وجہ سے بند ہوا۔ لیکن اس کے باوجود محمد دین فوق صحافت سے وابستہ رہے۔ آخر کار محمد دین فوق کا انتقال 14، ستمبر 1945 میں ہوا اور انھوں نے اپنے پیچھے بہت ساری تصانیف چھوڑی ہیں۔

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کے ابتدائی نقوش ہمیں محمد دین فوق ہی کی تحریروں میں ملتے ہیں۔ محمد دین فوق

ایک تاریخ نگار تھے اور اگر ان کے تحقیقی کارناموں کو یہ کہتے ہوئے نظر انداز کیا جائے کہ وہ صرف تاریخ نگار یا مورخ تھے تو یہ ان کے ساتھ بہت بڑی ناانصافی ہوگی۔انھوں نے تاریخ کے علاوہ کئی تذکرے بھی لکھے ہیں جنھیں اردو ادب سے منسوب کیا جا سکتا ہے۔گرچہ ان کی تحقیق و تلاش کا اصل دائرہ تاریخ ہے لیکن ان کے ایسے تذکرے بھی ہیں جن کا تعلق براہ راست اردو ادب کے ساتھ ہے۔

محمد دین فوق نے تاریخ کشمیر کے حوالے سے کم و بیش بیس کتابیں تالیف کی ہیں۔دوسرے نمبر پر تذکرے اور سوانح عمری ہیں۔ان کی ساری کتابوں کا یہاں پر ذکر مناسب نہیں ہے لیکن کچھ کا مختصر تعارف ضروری معلوم ہوتا ہے تا کہ اندازہ ہو سکے کہ محمد دین فوق کی تجسس کی نوعیت کیا تھی۔

**تذکرہ صوفیائے لاہور:**

اسی کو یادرفتگان بھی کہتے ہیں۔یہ کتاب کئی مرتبہ چھپ چکی ہے۔پہلی بار 1904 میں رفاہ عام اسٹیم پریس، لاہور سے چھپی ہے۔اس کتاب کو ہندو مسلمان یکساں شوق سے پڑھتے تھے۔کیوں کہ اس میں ہندو صوفیا کا حال بھی لکھا گیا ہے۔ابتدا میں لاہور کی مختصر سی تاریخ ہے۔اس کے بعد لاہور کی مشہور صوفی شخصیت کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

**تذکرہ خواتین دکن:**

یہ کتاب 1920 میں مرتب کی گئی ہے۔اس میں دکن کی نامور، ممتاز اور صاحبِ سیف قلم کار ملکہ کا ذکر ہے۔

**تاریخ کشمیر:**

یہ کتاب دو جلدوں میں 1910 میں لکھی گئی ہے۔اس میں ہندو راجگان، قدیم مسلمان سلاطین اور سکھ حاکموں کے حالات اور حکمرانی کے بارے میں لکھا گیا ہے۔

**تاریخ اقوام کشمیر:**

اس کتاب کا جلد اول 1934 میں اور دوسرا 1935 میں طبع ہوا۔اس میں تقریباً پانچ سو مختلف النسل اور مختلف المذاہب ذاتوں کے دلچسپ تاریخی حالات قلم بند کیے گئے ہیں۔یہ سب ذاتیں کشمیر، جموں، پنجاب، دہلی ، یوپی، بنگال، بہار، نیپال وغیرہ سے تعلق رکھتی ہیں۔

**مشاہیر کشمیر:**

جولائی 1930 میں یہ کتاب ظفر برادرس تاجران کتب، ظفر منزل لاہور سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب

177 صفحات پر مشتمل ہے جس میں ان ادبی شخصیتوں کا ذکر ملتا ہیں جن کا تعلق جموں وکشمیر سے رہا ہے۔اس میں کل 37 ادبی لوگوں کا ذکر ہے جو مفتی صدالدین خان صدرالصدور سے لے کر اقبال تک ہیں۔ان شخصیتوں کی تاریخ ولادت و وفات بتانے کے ساتھ ساتھ ادبی کلام اور شوق کا بھی ذکر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس کتاب میں مفتی صدرالدین کے حوالے سے وہ لکھتے ہیں کہ جب غالب نے اپنی تنگدستی کا اظہار ایک شعر میں کیا تھا:

قرض کی پیتے تھے مے،لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں　　رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

یہ سن کر مفتی صدرالدین نے ان کا سارا قرض ادا کیا تھا۔

**غنی کاشمیری:**

اس تصنیف میں عہد شاہ جہاں کے ملک الشعرا غنی کاشمیری کے حالات اور کلام کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے۔

**بتانِ حرم:**

یہ کتاب 1927 میں شائع ہوئی،اس کتاب میں ان مشہور ہندو رانیوں کے مستند تاریخی حالات رقم کیے گئے ہیں جو مسلمان بادشاہوں کے محلوں کی زینت بنیں اور بیگمات کہلائیں۔

**حکمت کے موتی:**

اس میں بارہویں صدی کے ایک کشمیری مورخ کے حالات ونصائح درج ہیں۔

**لل عارفہ:۔**

اس کتاب میں ''لل عارفہ'' مشہور عارفہ وزہدہ خاتون کے دلچسپ حالات وواقعات کو بیان کیا گیا ہے جس کو ہندو طبقے کے لوگ ہندو کہتے تھے اور مسلمان طبقے کے لوگ مسلم مانتے تھے۔یہ کتاب 1929 میں لاہور سے طبع ہوئی۔

**شہابِ کشمیر:**

اس میں کشمیر کے گمشدہ عروج نو اقبال کی ولولہ انگیز کیفیت جو آج مردہ دلان کشمیر میں روح پیدا کرنے کے لیے آب حیات ہے۔

**مزارالشعرائے کشمیر:**

اس تذکرے میں فوت ہوئے شاعروں کے مزار کی نشان دہی کی گئی ہے۔اس کو 1966 میں شائع کیا گیا ہے۔یعنی محمد دین فوق کے انتقال کے بعد اس کی اشاعت ہوئی۔

## تذکرہ اخبار نویساں:

1911 میں اس کو مرتب کیا گیا ہے۔اس میں کشمیر کے ان ادبا کا ذکر ملتا ہے جو صحافت سے وابستہ رہے۔اس میں ان کے حالات اوران کی اخبار نویسی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

سوانح روم ،تذکرہ رہنمائے ہند ،حکایات کشمیر،رہنمائے کشمیر( 1917 )،تذکرۃ الصالحین (1914)،تذکرہ العلماوالمشائخ (1920) یہ کتابیں بھی اسی قبیلے کی ہیں۔

محمد دین فوق نے اپنی 68 سالہ زندگی کے دوران 73 کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں کشمیر کی تاریخ و تذکرات پر متعدد کتابیں ہیں۔انھی تالیفات وتصنیفات نے محمد دین فوق کو شہرتِ عام اور بقائے دوام بخشی ہے۔

محمد دین فوق کی تاریخ نگاری،تذکرہ نویسی اور سوانح نگاری پر روشنی ڈالتے ہوئے، مشعل سلطان پوری اپنے ایک مضمون میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''کشمیر اور اس کی تاریخ سے متعلق انھوں نے دو درجن کے قریب کتابیں شائع کی ہیں۔ دوسرے درجے پر ان کی تذکرہ نویسی اور سوانح نگاری کا نمبر آتا ہے،انھوں نے لگ بھگ ایک درجن تذکرے اور دو درجن سوانح عمریاں تالیف کی ہیں۔ان کے تذکرے صحافیوں،شاعروں ،صوفیوں۔عالموں اور صالحوں سے متعلق رکھتے ہیں۔اس میں ہندو مسلمانوں کو یکساں طور پر جگہ دی گئی ہے۔مثلاً تذکرہ الصالحین ۔تذکرہ رہنمایاں ہنود، تذکرہ اخبار نویساں ، تذکرہ خواتین ہند،سوانح عمریوں میں جہاں حضرت داتا گنج بخشؒ،حضرت شمس تبریزؒ اور مولانا رومیؒ پر قلم اٹھایا گیا۔وہاں مہاتما بدھ،تان سین،ٹوڈرمل اور اہلیا بائی کے حالاتِ زندگی کو بھی موضوع بنایا گیا ہے۔فوق نے صوفیائے اسلام کے ساتھ ساتھ تاریخی شخصیتوں کے حالات بھی قلم بند کئے ہیں۔جیسے اکبر اعظم،نور جہاں، جمال الدین افغانی،ایڈورڈ ہفتم وغیرہ۔'' 5ے

اس اقتباس سے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے کہ اس میں تحقیق کے تعلق سے کھل کر نہیں کہا گیا۔لیکن تاریخ نگاری،تذکرہ نگاری اور سوانح نگاری ایسی ادبی اصناف ہیں جن کا سب سے زیادہ انحصار تحقیق پر ہی ہوتا ہے ۔یہ تحقیق وتلاش کے سوا وجود میں نہیں آسکتی ہے۔

محمد دین فوق کی ایک ہمہ جہت شخصیت تھی، انھوں نے اپنی تصنیفات میں ضرورت کے مطابق تحقیقی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ تنقیدی شعور کا بھی مظاہرہ کیا ہے۔جس طرح حالیؔ اور محمد حسین آزادؔ سے پہلے تحقیق اور تنقید کے ابتدائی نقوش تذکروں اور تاریخ کی کتابوں میں ہی ڈھونڈنے کی کوشش کی جاتی ہے،اسی طرح محمد دین

فوق کی ان تصنیفات میں تحقیقی عناصر کی کوئی کمی نظر نہیں آتی ہے۔ڈاکٹر برج پریمی،محمد دین فوق کی تحقیق نگاری کی نشان دہی کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں:

> ''انھوں نے تاریخ،شاعری،فکشن،تحقیق کئی میدانوں میں چراغ روشن کیے۔یہ صحیح ہے کہ فوق کی تحقیق وتلاش کا اصل دائرہ تاریخ ہے۔لیکن انھوں نے کئی ایسے تذکرے بھی تالیف کئے جن کا تعلق براہ راست اردو کے ساتھ ہے۔یادرفتگان،تذکرہ علمائے لاہور،تذکرہ اخبارنوسیاں اوراس قبیل کی متعدد تصنیفات ہیں جواگرچہ تحقیقی نوعیت کی ہیں۔لیکن ان میں اقتضائے زمانہ کے مطابق تنقیدی خیالات کسی خاص اصول کے مطابق نہیں البتہ اسی طرح کے ہیں جس طرح کا اظہاراس زمانہ کے تذکروں میں ملتا ہے۔'' 6

اس اقتباس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ محمد دین فوق کی جو کتابیں ہیں وہ غیر معمولی مطالعہ،تاریخی شعور اورتحقیقی ذوق وشوق کے بغیر نہیں لکھی جاسکتی تھیں۔موضوع کے انتخاب سے لے کر موضوع سے متعلق دستاویزی معلومات،روایات،فرمودات اور کتب ورسائل کی فراہمی تک محمد دین فوق نے تاریخ نویسی اورتحقیق نگاری کے سارے مراحل بڑی کامیابی سے طے کیے ہیں۔اگرچہ ان کا مزاج شاعرانہ اورصحافی جیسا تھااس کے باوجود انھوں نے اپنی تصنیفات میں نہ صرف تحقیق کے اصول برتنے کی کوشش کی بلکہ حقائق کا تجزیہ کرتے ہوئے کشمیر کی تاریخی، سماجی اورتہذیبی حالات کا تجزیہ بھی کیا ہے۔غالباً ان سے قبل اورکسی نے جموں وکشمیر کے الگ الگ علاقوں ،قوموں وغیرہ کے بارے میں اتنی تفصیل سے نہیں لکھا تھا۔اس کے ساتھ ساتھ انھوں نے اہل کشمیر پر صدیوں سے جاری ظلم وجبراورناانصافیوں کو دلائل کے ساتھ نمایاں کرتے ہوئے تنقیدی شعور کا بھی مظاہرہ کیا ہے۔انھوں نے ہمیشہ کشمیراورکشمیریوں کی طرف داری کی،اس حوالے سے انھوں نے بے حد بامعنی اور بامقصد کتابیں اورمضامین لکھے ہیں۔شایداس لیے علامہ اقبالؔ نے انھیں ''مجددِکشمیر'' قراردیا ہے۔چاہیے کوئی بھی صنف ہو،اس کا موضوع انھوں نے کشمیراوراس میں رہنے والے لوگوں کو بنایا ہے۔محمد دین فوق نے تاریخی اورتحقیقی کتابیں بیسویں صدی کے اوائل میں لکھیں۔محمد یوسف ٹینگ اپنی کتاب ''شناخت''میں شامل ایک مضمون میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''علامہ اقبالؔ،فوق کے کشمیریات سے شغف کے زبردست قائل تھے۔چناچہ انھوں نے کشمیر کا اپناواحد سفر بھی فوق کی بالواسط تحریک پرہی کیا۔فوق نے ''رہنمائے کشمیر'' نام کا کتابچہ لکھا۔اس میں انھوں نے کشمیر کے تاریخی کوائف،جغرافیائی محل وقوع،ثقافتی پس منظراورقابل دید مقامات کواس خوبی سے بیان کیا کہ علامہ اقبال کے دل میں کشمیر جانے کی آرزو بھڑک اٹھی۔'' 7

دراصل محمد دین فوق کا تنقید سے کم اور تحقیق کی طرف زیادہ جھکاؤ ہے لیکن تحقیق کا عمل تنقیدی شعور کے بغیر پورا نہیں ہوتا اس لیے ان کے یہاں تنقیدی عناصر کی موجودگی سے انکار بھی نہیں کیا جاسکتا ہے۔

مختصراً جب ہم محمد دین فوق کی ادبی زندگی پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں ان کی تاریخ نگاری کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر کے اولین نقوش رکھنے والے تحقیق نگار بھی نظر آتے ہیں۔ جنھوں نے اپنے تحقیقی شعور سے تاریخ وتذکروں کے ذریعے جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی بنیاد ڈالی۔ اگرچہ اس کی تحقیق نگاری دھندلی سی لگتی ہے۔ انھوں نے یہ کتابیں تحقیق کی غرض سے نہیں لکھی تھیں بلکہ تاریخ کو اجاگر کرنے کے لیے ہی لکھی تھیں لیکن یہ کتابیں کشمیر کے شعرا اور ادیبوں کے تذکروں کے نام سے ہے جو دورِ حاضر میں تحقیقی نوعیت رکھتی ہیں۔

## نور الٰہی و محمد عمر

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کے ارتقا میں دوسرا نام نور الٰہی و محمد عمر کا ہے۔ ان دونوں نے مشترکہ طور پر برسوں ادبی کام بخوبی انجام دیے ہیں۔ ان دونوں دوستوں کا بڑا کارنامہ ''ناٹک ساگر'' ہے یہاں ہم پہلے ان دونوں ادیبوں کی زندگی پر روشنی ڈالنے کی کوشش کریں گے۔ نور الٰہی کے بارے میں زیادہ معلومات دستیاب نہیں ہیں اور انھوں نے انفرادی طور صرف ایک ڈرامے کا مجموعہ ''مدہم پنجم'' کے نام سے لکھا ہے جس کا موضوع مزاحیہ انداز کا ہے۔ نور الٰہی، محمد عمر کی بیوی کے باپ (خسر) کے چھوٹے بھائی تھے۔ وہ ریاست کے محکمۂ مال میں ملازم تھے اور ترقی کرتے کرتے اونچے عہدے تک پہنچ گئے۔ اس طرح سے رشتے داری کے ساتھ ساتھ دونوں میں دوستی بھی اچھی تھی، ساتھ ہی ادب کا اچھا ذوق وشوق رکھتے تھے اور اکثر کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک رہتے تھے۔ نور الٰہی کا انتقال 1935 میں ہوا۔

صاحب زادہ محمد عمر 1885 میں جموں میں پیدا ہوئے۔ یہیں سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد لاہور چلے گئے۔ انھوں نے لاہور سے ہی اعلا تعلیم کی تکمیل کی۔ بچپن سے ہی ذہین اور فطری صلاحیت کے مالک تھے۔ لاہور کے قیام کے دوران وہ علامہ اقبالؔ کی صحبتوں سے مستفید ہوئے۔ اس تناظر میں عبدالقادر سروریؔ کا یہ اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

> ''اقبال سے ان کی عقیدت مندی کا ایک واقعہ یہ ہے کہ اقبال نے اپنی نظم ''نالہ یتیم'' اسی زمانے میں لکھی تھی اور یہ نظم جب انجمن حمایت الاسلام جلسہ میں پڑھی گئی۔ تو صاحب زادہ محمد عمر نے اسے نقل کرلیا، اور ایک رسالہ میں شائع کردیا۔ لیکن نظم سن کر اسی دوران لکھی تھی۔ اس

لیے اس میں غلطیاں رہ گئی تھیں۔ بعد میں اقبال نے خود نظم ''مخزن'' میں شائع کی۔'' 8

محمد عمر نے ''ناٹک کتھا'' کے نام سے بھی ایک کتاب لکھی ہے جس میں قدیم ہندستانی ڈراموں کو پیش کیا گیا ہے۔ ان کو ابتدا سے ہی ڈراما اور اسٹیج کے فن سے دلچسپی تھی۔ ان کا سب سے پہلا نمایاں کام حکیم احمد شجاع کے ڈرامے ''باپ کا گناہ'' پر تنقید تھی جس میں ڈرامے کے واقعات میں کئی غلطیاں بتائی گئی تھیں۔ اس کام کی بدولت وہ ادبی دنیا میں مشہور ہو گئے اور نقاد کی حیثیت سے متعارف ہوئے۔ اس تنقیدی کامیابی نے انھیں آغا حشر کاشمیری، احسن مارہروی، محشر اور رحمت علی کے ڈراموں کا تنقیدی جائزہ لینے پر مائل کیا۔ یہ تنقیدیں بھی اہمیت کی نظر سے دیکھی گئی ہیں۔

محمد عمر کا انتقال 1946 میں ہوا۔ امر سنگھ کالج سری نگر کے رسالہ ''لالہ رخ'' میں محمد عمر کے انتقال پر ایک نوٹ شائع کیا گیا تھا جس میں ان کے دو فرزند صاحب زادہ محمود احمد اور صاحب زادہ حسن شاہ کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ہمدردی کی گئی تھی۔

نور الٰہی و محمد عمر نہ صرف مہاراجہ پرتاب سنگھ کے قائم کردہ ڈراما کلب ''رایل امیچور ڈرامیٹک کلب'' سے وابستہ تھے بلکہ وہ اس کلب میں ڈائریکٹر اور ایکٹر کی حیثیت سے بھی کام کرتے تھے۔ انھوں نے نہ صرف ڈرامے تخلیق کر کے پیش کیے بلکہ ڈراموں کے تنقیدی جائزے بھی لکھے۔ ان دو ادب نواز دوستوں نے مشترکہ نام سے ''ناٹک ساگر'' جیسی معرکے کی تصنیف بطور یادگار چھوڑی ہے۔ اس کتاب کو ادبی اور علمی حلقوں میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ پنجاب یونی ورسٹی نے اس کتاب پر آٹھ سو روپیہ کا انعام دیا اور انجمن ترقی اردو حیدرآباد نے ایک ہزار کا انعام دیا۔ مہاراجہ ہری سنگھ کے دربار سے بھی نور الٰہی و محمد عمر کو پانچ پانچ سو روپے کا انعام ملا تھا۔

کتاب ''ناٹک ساگر'' 1924 میں پہلی بار لاہور کے مرکنٹائل پریس سے شائع ہوئی۔ ناٹک ساگر دنیا کی ڈراما نگاری، اسٹیج، عروج، ارتقا، ایکٹنگ، لباس، سنیری اور ڈرامہ نویسوں کی تاریخ کا احاطہ کرتا ہے۔ اس میں حقائق کی بازیافت اور واقعات کی صحت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ اس حوالے سے ''ناٹک ساگر'' کا مقدمہ لکھنے والے پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی کا اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

> ''یہ وہ کتاب ہے جو اردو ادیبوں اور ڈرامہ نویسوں اور اسٹیج یعنی تھیٹر کے ہر قسم کے متعلقین کے لیے روزنامچہ ہدایات کا کام دے گی۔ یورپ کے ڈرامہ کی عہد بہ عہد ترقی اس کا عروج، ارتقا اور تنزل، فن تمثیل یعنی ایکٹری۔ اسٹیج کا لباس اور سنیری وغیرہ ایسے

مطالب ہیں، جن کا ذکر جا بجا اس کتاب میں آیا ہے۔'' 9

اس اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تصنیف ڈراما نگاری کی کس حد تک سیر کراتی ہے۔ گرچہ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ اردو ڈرامے کی جامع تاریخ نہیں ہے لیکن اسے ڈراما نگاری کے فن پر پہلی باضابطہ تصنیف قرار دیا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی تحقیق حرف آخر نہیں ہوتی ہے اور خامیاں تو کہیں بھی ہو سکتی ہیں لیکن اردو ڈرامے اور تھیٹر کی تحریک کا کوئی سنجیدہ قاری یا ناقد اس کتاب سے صرف نظر نہیں کر سکتا ہے۔

ناٹک ساگر پندرہ ابواب پر مشتمل ہے۔ اس میں مغرب سے مشرق تک کی ڈراما نگاری کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کا باب اول یونان سے شروع ہوتا ہے۔ ہر باب میں لگ بھگ دو سے تین ملک کی ڈرامہ نگاری پر بحث کی گئی ہے۔ اس میں ہر ملک کی ڈرامہ نگاری کا آغاز وارتقا، ایکٹروں اور ڈرامہ نگاروں کے بارے میں جانکاری دی گئی ہے۔ اس کتاب کے مصنفین یوں رقمطراز ہیں:

> '' واقعات کی صحت کے ہم ذمہ دار ہیں مگر محاسن ادبی کے مدعی نہیں۔ یہ بھی دعویٰ نہیں کہ یہ کتاب جامع اور ڈراما کے جملہ کوائف پر محتوی ہے۔ جس کتاب کی تکمیل کے لیے سرسید کی تحقیق، آزاد کا قلم، سرشار کی فطرت طرازی اور انسائیکلوپیڈیا کی کشادہ دامانی درکار ہوں وہاں ہمارا قلم کیوں کر مقدم چل سکتا ہے اس لیے ہم ان اصحاب سے عذر خواہ ہیں جو کسی کتاب کا سرمایہ کمال فقط الفاظ کی نشست وتراکیب کی چستی اور محاورے کے چٹخارے کو سمجھتے ہیں کہ ان کی ضیافت طبع کا بہت کم سامان یہاں مہیا ہے۔'' 10

ان دونوں ادیبوں نے 1926 میں امانت کی ''اندر سبھا'' کو بھی مرتب کر کے شائع کیا ہے۔ اس کا ایڈیشن بھی لاہور ہی سے شائع ہوا۔ اس ایڈیشن کی خصوصیت یہ ہے کہ مرتبین نے ڈرامے کو دو ایکٹوں اور کئی سین میں تقسیم کر کے ایک نئی صورت میں پیش کیا ہے۔ مرتبین نے اپنے مقدمے اور حواشی سے کتاب کی افادیت میں اضافہ کیا ہے۔ اندر سبھا کے کئی ایڈیشن منظر عام پر آ چکے ہیں لیکن نور الٰہی محمد عمر کے مرتبہ ایڈیشن کو ایک الگ ہی مرتبہ حاصل ہوا ہے۔

مختصراً ہم کہہ سکتے ہیں نور الٰہی محمد عمر کی یہ کتاب ایک محققانہ کاوش ہے جس میں انھوں نے جگر کاوی سے کام لیا ہے اور محنت ودریافت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹنے دیا۔ یہ ان کے ذوقِ تحقیق اور تنقیدی شعور کا ہی نتیجہ ہے کہ انھوں نے اتنا بڑا ادبی کام انجام دیا۔ مغرب اور مشرق کے ادب کا جائزہ لینا اور اس کا مواد جمع کرنا ایک مشکل امر ہے لیکن انھوں نے کر کے دکھایا۔ یہ ایک ایسی کوشش ہے جس کو ہم عالمی ڈرامے کی مختصر تاریخ کہہ سکتے ہیں۔

## عبدالاحد آزاد:

عبدالاحد آزاد جموں وکشمیر کی تحقیقی روایت کے ابتدائی دور کے تیسرے شخص ہیں جنھوں نے اس سفر کو آگے بڑھایا۔عبدالاحد آزاؔد کی پیدائش 1903 میں رانگر، تحصیل چاڈورہ کے ایک متوسط خاندان کے زمیندار گھرانے میں ہوئی۔ان کے والد کا نام خواجہ سلطان ڈار تھا جو صوفی منش بزرگ ہونے کے ساتھ ساتھ کشمیری اور فارسی میں شاعری کرتے تھے۔عبدالاحد آزاد نے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی اور اس کے بعد اپنے بڑے بھائی کے مکتب میں تیسری جماعت کا امتحان پاس کیا۔اسی زمانے میں عبدالاحد آزاد نے شاعری اور دوکانداری شروع کی۔ اس وقت وہ احدؔ تخلص کرتے تھے۔ 1919 میں ان کا تقرر عربی استاد کے طور پر ہوا تھا۔مثنوی ''قمر الزماں'' اور چند غزلیں اسی دور کی یادگار ہیں جب وہ دوکانداری کرتے تھے۔انھوں نے 1928 میں پنجاب یونی ورسٹی سے منشی کا امتحان بھی پاس کیا تھا۔

عبدالاحد آزاؔد 1931 تک زوہامہ پرائمری اسکول میں عربی استاد کے فرائض انجام دیتے رہے لیکن تحریک آزادی کے ساتھ ہمدردی کی پاداش میں انھیں ترال تبدیل کر دیا گیا۔پھر 1934 میں انھیں نارمل ٹریننگ کے لیے اننت ناگ بھیج دیا گیا۔ستمبر 1944 میں آزاؔد کو مدرس اول کے طور پر برنوار تبدیل کیا گیا۔اس کے ایک سال بعد انھیں سورسیار میں پرائمری اسکول کا استاد مقرر کیا گیا۔

آخر کار عبدالاحد آزاؔد اپنڈی سائیٹس کی بیماری کا شکار ہو کر 04/اپریل 1948 کو اس دارفانی سے کوچ کر گئے۔ان کے جانشین اور اچھے دوست مہجوؔر ان کی تاریخ وفات کہنے پر مجبور ہو گئے:

آہ آزاؔد از جہاں روپوش شد      یا کہ از جام بقا بے ہوش شد

بہر حال رحلتش مہجوؔر گفت      بلبل شیریں بیان خاموش شد

تحقیق کے خارزار میں بہار کا جو سماں عبدالاحد آزاؔد باندھ گئے، ان سے پہلے اس سے آگے جانے کی سعی کسی نے نہیں کی۔ان کا بڑپن اسی بات میں پنہاں ہے کہ انھوں نے اپنے لیے اجتہادی راستے کا انتخاب کیا تھا۔

عبدالاحد آزاؔد کی ادبی شخصیت کا سب سے اہم پہلو تحقیق و تنقید نگاری ہے۔تحقیق کو انھوں نے 1935 اس وقت ہاتھ میں لیا، جب انھوں نے ایک مقالہ بعنوان ''حیات مہجوؔر'' لکھنا شروع کیا تھا۔مقالہ لکھنے کے دوران انھوں نے کشمیر کے مختلف شعرا کے بارے میں اچھی خاصی تحقیق کی۔انھوں نے للہ دیدؔ سے مہجوؔر کے عہد تک کے کشمیری زبان وادب کے بارے میں خاصا مواد جمع کیا۔اس مواد کا نام انھوں نے ''تاریخ ادبیات کشمیر'' رکھا تھا

جس کی پہلی جلد 1959 میں ''کشمیری زبان اور شاعری'' کے عنوان سے کتابی شکل میں ہمارے سامنے آ گئی ۔دراصل یہ اردو زبان میں کشمیری زبان کے شعرا کا تذکرہ لکھا گیا ہے جو بے حد مقبول اور پسند کیا گیا۔انھوں نے یہ کتاب لکھ کر اپنا نام نہ صرف محققین میں لکھوایا، بلکہ جموں وکشمیر کی تحقیق کو بھی آگے بڑھایا۔ یہ کتاب کم اہمیت کی حامل نہیں ہے۔اس میں انھوں نے کشمیری زبان پر تحقیق کی ہے۔ بہت سے ناقدین نے اسے اردو زبان میں شامل کرنے سے اعتراض کیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم اسے اردو تحقیق وتنقید کے زمرے میں شمار کر سکتے ہیں کیوں کہ بے شک یہ کتاب کشمیری زبان سے متعلق ہے مگر اردو زبان میں لکھی گئی ہے اور تحقیق کے ساتھ ہی ساتھ اس میں تنقید بھی کی گئی ہے۔اس سلسلے میں ڈاکٹر برج پریمی کا اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''' کشمیری زبان اور شاعری' جس کے لیے آزاد نے تاریخ ادبیات کشمیر کا نام تجویز کیا تھا۔ کشمیری زبان کی شاعری کی تاریخ ہے۔بعض معترضین کا یہ کہنا ہے کہ آزاد کی تصنیف اردو تنقید کے زمرے میں شامل نہیں کی جاسکتی۔اس رائے سے اختلاف کیا جاسکتا ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ بنیادی طور پر آزاد کی یہ تصنیف کشمیری زبان کی شاعری سے متعلق ہے۔لیکن اسے اردو میں ایک قابلِ قدر تنقیدی اور تحقیقی تصنیف قرار دیا جاسکتا ہے۔عبدالاحد آزاد کشمیر کے پہلے محقق اور ناقد ہیں جنھوں نے اردو میں اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔جب ہم دوسری زبانوں کی ایسی تصانیف کو جنھیں ہمارے ادیبوں اور ناقدوں نے اردو جامعہ پہنایا اپنے ادب کے کھاتے میں نمایاں جگہ دیتے ہیں۔تو ایسی کتاب کو جو کشمیری ادبیات سے ہی سہی لیکن اردو زبان کے توسط سے تحریر کی جائے اور جو ترجمہ یا تالیف نہ ہو بلکہ بالکل طبع زاد ہو تو ایسی تصنیف کو اپنے ادبی کارناموں میں شمار کرنے سے گریز کیوں ہے۔میں اسے اپنی تنگ نظری کے سوائے کچھ اور نہیں سمجھتا۔'' 11؎

یہ کتاب اردو تحقیق کی روایت کے لیے ایک سیڑھی کا کام کرتی ہے۔عبدالاحد آزاد کوئی ناقابل تردید محقق نہیں ہیں۔اس قسم کا بیان کسی اور محقق کے بارے میں بھی نہیں دیا جاسکتا ہے۔تاہم تاریخی اعتبار سے کشمیری شعرو ادب کی تاریخ وتحقیق سے متعلق جو امتیاز عبدالاحد آزاد کو حاصل ہے وہ کسی اور کو نہیں ہوسکتا۔کشمیری شاعری کی تاریخ وتحقیق سے متعلق آج تک جس کسی بھی ادیب نے کچھ لکھا یا لکھنے کی کوشش کی ،اس نے عبدالاحد آزاد کا نام بطور محقق لیا ہے کیوں کہ ان کی ''کشمیری زبان اور شاعری'' جسے ''تاریخ ادبیات کشمیر'' بھی کہا جاسکتا ہے، کشمیری زبان اور شعرا کے متعلق باقاعدہ پہلی تصنیف ہے۔اس حوالے سے یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''ایک محقق، ماہر لسانیات، تذکرہ نگار اور ادبی مورخ کے بطور انھوں نے تاریخ ادبیات کشمیر (کشمیری زبان اور شاعری) تصنیف کر کے کشمیری زبان و ادب پر بہت بڑا احسان کیا جس کے متعلق یہ تسلیم شدہ امر ہے کہ یہ نصف صدی سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود کشمیری زبان و ادب کے تذکرے اور تواریخ کی بنیاد اور مستند دستاویز بنی ہوئی ہے۔'' 12

مذکرہ بالا اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عبدالاحد آزاد نے جو یہ تحقیقی کام کیا ہے وہ کتنا معنی خیز اور اہم مقام کا حامل ہے۔ ان کے تحقیقی اور تخلیقی کارناموں کو دیکھ کر اس بات کا گمان ہوتا ہے کہ اگر وہ چند سال اور زندہ رہتے تو ان کے قلم سے نہ جانے کتنی اور فکرانگیز تحریریں جنم لیتیں۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کام کبھی پورا نہیں ہوتا اور ہر موت ناتمامی اور خلا کا ایک احساس چھوڑ جاتی ہے مگر انھوں نے اس چھوٹے ہی سفر میں آب حیات کا خمار بخش دیا ہے اور وہ اس عارضی دنیا سے 1948 میں کوچ کر کے دارالبقا میں چلے گئے۔

عبدالاحد آزاد نے ثقافتی روایتوں اور کشمیر کی ادبی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت اختیار کی ہے۔ انھوں نے کشمیری اور اردو کے ساتھ ساتھ فارسی میں بھی قادرالکلامی کے جھنڈے گاڑے ہیں۔ انھوں نے کشمیری ادب کی تاریخ میں پہلی بار ایک تحقیقی کام کا آغاز کیا ہے۔ انھیں بدقسمتی سے موت نے اس منتشر مسودات کو کتابی شکل میں شائع کرنے کی مہلت نہ دی۔ لیکن اس سلسلے میں انھوں نے جس قدر بھی کاوش کی اس کا کشمیری ادب کی تاریخ میں اہم مقام ہے۔ پروفیسر شکیل الرحمٰن کا یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''آزاد پہلے کشمیری ہیں جنھوں نے اردو زبان میں اس قسم کی کوشش کی ہے، یہ کتاب اردو ادب میں ایک قابل قدر اور قابل فخر اضافہ ہے۔ 13

جب جموں و کشمیر کلچرل اکادمی وجود میں آئی تو عبدالاحد آزاد کے جمع کردہ مسودے کو تین جلدوں میں شائع کرنے کا فیصلہ ہوا۔ اس کام کے لیے تین ممبران کی خصوصی کمیٹی بنائی گئی جس میں امین کاملؔ کو کنوینر، پروفیسر شکیل الرحمٰن کو ممبر اور ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو کو بھی ممبر کے طور پر مقرر کیا گیا۔ اس کتاب میں ان کی تخلیقی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ ایک صحت مند اور متوازن تحقیقی شعور بھی نظر آتا ہے۔ اس حوالے سے امین کاملؔ کی یہ عبارت ملاحظہ فرمائیں:

''.....ان کے استدلال کا اندازہ، طرز نگارش کی شائستگی، فکر و نظر کی وسعت اور محققانہ آہنگ ان کی عظیم شخصیت اور اعلیٰ شعور کا پتہ دیتی ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ آپ کو اس میں بعض مقامات پر خیالات کا تکرار، آرا کا تضاد و تحائف اور اخذ نتائج کا غیر صحیح انداز نظر آئے گا۔ لیکن ان تمام

باتوں کے باوجود آپ اسے ایک اہم تاریخی کارنامہ ضرور تسلیم کریں گئے۔'' 14ے

اس عبارت میں اس کتاب کے بارے میں محققانہ آہنگ اور تکرار و آرا کا تضاد پایا جانا کہا گیا ہے لیکن اس کے باوجود یہ دستاویزی کتاب کی شکل میں مانی جاسکتی ہے۔

عبدالاحد آزاد کی ''کشمیری زبان اور شاعری'' کی کتاب تین جلدوں میں کلچرل اکادمی کی جانب سے شائع ہوئی۔ اس کی جلد اول 1959 میں 218 صفحات پر مشتمل شائع ہوئی۔ اس جلد کے حرف اول کے عنوان کے باب میں امین کاملؔ نے کتاب پر بحث کی۔ تعارف کے طور پر ڈاکٹر پدم ناتھ گنجو نے کچھ صفحے سیاہ کیے۔ تنقیدی تبصرہ شکیل الرحمٰن نے لکھا۔ مصنف کا لکھا ہوا دیباچہ جو انھوں نے 4/ اکتوبر 1946 میں لکھا تھا، شاملِ جلد ہے۔ اس جلد کو چھے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں کشمیری زبان کے بارے میں بات کی گئی ہے یعنی اس میں لسانی طور پر کشمیری زبان پر بحث ہے۔ دوسرا حصہ کشمیری زبان کا رسم الخط کے عنوان سے ہے۔ اس میں کشمیری زبان کے سنسکرت رسم الخط پر وضاحت کی گئی اور پھر آج کل کے رسم الخط پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ تیسرے حصے میں کشمیری زبان کی وسعت کے بارے میں بات کی گئی ہے کہ اس زبان میں لفظوں کو ضم کرنے کی کتنی وسعت موجود ہے۔ چوتھے حصے میں کشمیری زبان کی پس ماندگی کے وجوہات بیان کیے گئے ہیں۔ پانچویں حصے میں کشمیری زبان کا ادب کس طرح کا ہے اس میں کئی اصناف پر بات کی گئی ہے۔ چھٹے حصے میں کشمیری زبان کی شاعری پر بحث کی گئی ہے۔ اس میں ان تمام اہم شعرا کا نمونہ کلام بھی پیش کیا گیا ہے۔ یہ سب موضوعات پہلے جلد میں شامل ہیں۔ اس جلد میں کشمیری زبان کی ابتدا و قدامت پر سیر حاصل گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ اس میں موجودہ شاعری کی گونا گوں اصناف کا بھی تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔ فن شاعری کے لوازمات اور خصوصیات کے حوالے سے بھی کئی اہم نکتوں پر بحث کی گئی ہے۔ اس جلد میں کچھ مقامات پر مستند حوالے دینے سے قاصر رہے ہیں جب کہ یہ حوالہ جات انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ جب کوئی متنازعہ مسئلہ زیر بحث لایا جائے، تو وہ حوالوں سے ہی حل ہوسکتا ہے بغیر حوالہ رائے زنی گمراہ کن اور بے راہ روی کا شکار ہوجاتی ہے۔ لیکن یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ انھوں نے اپنی ضخیم تصنیف کی اس جلد اول میں کشمیری زبان اور ادبیات اور متعلقہ موضوعات اور مضامین پر جس محنتِ شاقہ اور دلجوئی سے تاریخی اعتبار سے دستاویزی مواد جمع کیا ہے وہ ہماری ادبی اور ثقافتی دنیا میں ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

مشتاق احمد وانی اس کتاب کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''عبدالاحد آزاد کی گراں مایہ تصنیف ''کشمیری زبان اور شاعری'' کو بھی ادبی تحقیق کے زمرے

میں رکھا جاسکتا ہے۔ تین جلدوں پہ مشتمل یہ ضخیم تحقیقی مقالہ اگر چہ ان کی حیات میں زیور طباعت سے آراستہ ہوکر منظر عام پر نہیں آیا.........''کشمیری زبان اور شاعری' عبدالاحد آزاد کا ایک ایسا جامع اور قابلِ قدر تحقیقی کارنامہ ہے جس میں لل دیدؔ سے مہجورؔ کے عہد تک تقریباً تمام معروف اور غیر معروف شعرا کا ذکر معتبر ماخذ اور حوالوں سے ملتا ہے۔'' 15ے

عبدالاحد آزادؔ کی کتاب کی پہلی جلد ایک روشن مینار کی طرح ایک نئے دور کی نشان دہی کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔ پہلے حصے کی اہمت دراصل ایک ابتدائیے اور ایک پیش لفظ کی سی ہے۔اس میں جو مسائل زیر بحث لائے گئے ہیں ان میں عبدالاحد آزاد کے استدلال سے کئی جگہ اختلاف کیا جاسکتا ہے۔ ان کے بارے میں عبدالاحد آزاد سے پہلے سر جارج گریرسن اور دوسرے علما زیادہ واضح بحثیں کر چکے ہیں۔

جلد دوم 1962 میں محمد یوسف ٹینگ کی نگرانی میں شائع ہوئی۔اس جلد کا دیباچہ بھی محمد یوسف ٹینگؔ ہی نے لکھا ہے۔اس کا مقدمہ علی جواد زیدیؔ نے قلم بند کیا ہے۔ یہ جلد تین دور پر مشتمل ہے۔ پہلا دور 1325 سے 1422 تک کا ہے۔اس دور میں دو شاعروں کے بارے میں لکھا گیا ہے ساتھ ہی ساتھ ان کی شاعری اور حالاتِ زندگی پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرے دور میں 1595 سے 1848 تک کے شعرا کا ذکر ملتا ہے۔اس دور میں بارہ (12) شعرا کا نمونہ کلام اور کوائف ملتے ہیں۔تیسرے دور میں سب سے زیادہ شعرا کا ذکر ملتا ہے۔یعنی اس میں چھیالیس (46) شعرا کے کلام کا تذکرہ ہے اور یہی دور اس جلد کا ضخیم دور ہے۔ جلد دوم میں لل عارفہ سے لے کر مولانا شمس الدین حیرت پاندآنی تک کے کل ساٹھ (60) شعرا کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

اسی طرح اس کتاب کی آخری یعنی تیسری جلد جو 1963 میں شائع ہوئی، اس کا دیباچہ بھی محمد یوسف ٹینگؔ نے ہی لکھا ہے۔اس جلد کے تیئیس (23) ابواب ہیں۔اس جلد میں صرف تین شعرا کا ذکر ملتا ہے۔ ہر شاعر کے کلام کی افادیت کی وضاحت بھر پور طریقے سے کی گئی ہے۔ یہ پوری جلد سوامی پرمانندؔ، مقبول شاہ کرالہ واری اور غلام احمد مہجورؔ جیسے صرف تین شاعروں کے سوانحی کوائف، نمونہ کلام اور تقابلی مطالعے سے بھری پڑی ہے۔

عبدالاحد آزادؔ کشمیری زبان وادب کے ایک ایسے برگزیدہ محقق اور شاعر گزرے ہیں جن کی تحریریں قاری کو مسحور کرنے کے بجائے ان کے ذہن کے دریچوں کو کشادہ کرتی ہیں۔ان کی شخصیت، سادگی اور ایمانداری کی غماز ہے۔انھوں نے جو تحقیقی اور تخلیقی کارنامہ انجام دیا ہے، اس پر انھوں نے انتہائی عرق ریزی اور جان سوزی سے کام کیا۔انھوں نے تحقیقی سلسلہ زندگی کے آخری لمحات تک جاری وساری رکھا۔انھیں تحقیق وتلاش سے اچھی دلچسپی تھی

۔اس لیے انھوں نے اس ضخیم کام کو ہاتھ میں لیا۔ان کی اس کتاب سے ہر محقق اور مورخ کو استفادہ کرنا پڑتا ہے۔اس تناظر میں ولی محمد خوشباش کے خیالات یہاں پیش کیے جاتے ہیں:

''آزاد کو تحقیق وتجسس کا گہرا شوق تھا۔آپ نے ادب کے میدان میں تاریخ ساز صحرانوردی کی اور اسی صحرانوردی کی بدولت ایسے ادبی شہکار تحریر کئے جنھیں کشمیری زبان وادب کی تاریخ مرتب کرنے والا کوئی بھی مورخ نظر انداز نہیں کرسکتا۔آپ نے ''کشمیری زبان اور شاعری'' نام کی ضخیم کتاب تحریر کرنے کے علاوہ مختلف ادبی اور تاریخی موضوعات پر کہی تحقیقی مضامین تحریر کئے لیکن یہ سب مضامین ابھی تک محققین کی عدم توجہی کے باعث قارئین تک نہیں پہنچ پائے ہیں۔ آپ کے ان ادبی موضوعات میں وہ مضامین خاصی اہمیت کے حامل ہیں جو کہ آپ نے عالمی ادب کے بلند پایہ ادیبوں،شاعروں اور مورخوں کے بارے میں لکھے ہیں۔'' 16؎

اس کے علاوہ اس کتاب میں چند ایسے شعرا کا نام بھی ملے گا جن سے عام کشمیری قارئین تقریباً نا آشنا ہیں اور بجا طور پر کہا جاسکتا ہے کہ اگر ان کا تذکرہ اس کتاب میں شامل نہ کیا جاتا تو ایسا وقت بھی دور نہیں تھا جب ہم اس بچے کھچے سرمایے کے اکثر حصے سے بھی محروم ہوجاتے مگر انھوں نے بڑے حوصلے کے ساتھ اس مواد کو جمع کیا اور خون جگر کے چراغ جلا کر اس تاریکی میں علم کی کرنیں پہنچائیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''وہ بے شمار قریوں، دیہاتوں اور قصبوں میں گھومے اور مرحوم شعرا کے حالات ان کے قرابت داروں، دوستوں اور ہم وطنوں سے معلوم کئے۔ان کے کلام کے نمونے اور مخطوطے حاصل کئے ۔مثلاً پرکاش بٹ، محمود گامی، بلبل ناگامی، شمس فقیر، حبیب اللہ زرگر، عاشق ترالی، غلام مصطفٰے شاہ، محی الدین مسکین، اسمعٰل نامی وغیرہ۔'' 17؎

یعنی یہ کتاب کشمیری زبان کا سرمایہ عزیز ہے۔اس میں بعض شعرا کا ایسا کلام دیا گیا ہے جو کبھی طبع نہیں ہوا اور جو اسی کتاب کے حوالے سے یادگار رہے گا۔

الغرض عبدالاحد آزادؔ کا یہ تحقیقی مقالہ کسی انسائیکلوپیڈیا سے کم نہیں ہے۔ان کو کشمیری زبان وادب کی نشاۃ الثانیہ کا سب سے بڑا نقیب کہا جاسکتا ہے۔انھوں نے جہاں کشمیری شاعری کے سرمائے میں اپنی بھرپور سخن گوئی اور فکر واحساس کے فن کارانہ مظاہرے سے بیش بہا اضافہ کیا، وہیں ایسی اچھی کتاب لکھ کر کشمیری ادب میں پہلی بار تحقیق وتلاش کی داغ بیل ڈالی جس کو رہتی دنیا تک یاد کیا جائے گا۔شکیل الرحمٰن کا اقتباس ملاحظہ کیجئے:

''آزاد کے اس قابلِ قدر تحقیقی اضافے سے اردو ادب کو ایک بڑی دولت ملی ہے۔اب جب

بھی اردو میں لسانیات، تنقید اور تحقیق کی تاریخ لکھی جائے گی، کوئی آزاد کو فراموش نہیں کرے گا
۔ان کی محنت، عرق ریزی، تجسس اور ان کا بیدار شعور انہیں ایک اعلیٰ مقام دے چکا ہے۔''
18؎

اس اقتباس سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ اس کتاب کی اردو ادب میں کتنی اہمیت ہے۔شاید یہ ان لوگوں کے لیے جواب بھی ہے جو اس کو اردو ادب میں شامل کرنے سے کتراتے تھے۔

عبدالاحد آزاد دوررس اور ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ایک بلند پایہ نقاد اور جدید نکتہ دان ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ممتاز سماج شناس اور سیاسیات کے ماہر ہوکر گزرے ہیں۔ان کے یہاں اقتصادیات کے بارے میں تحقیقی اشارات، انسانیت کے متعلق خیالات اور تواریخ کشمیر کے حوالے سے بہت رموز ملتے ہیں۔

## صاحب زادہ حسن شاہ:

صاحب زادہ حسن شاہ ''ناٹک ساگر'' کے شریک مصنف محمد عمر کے بیٹے تھے۔ان کی ولادت 1914 میں جموں کے جولاہ کے محلے میں ہوئی۔ابتدائی تعلیم صوبہ جموں میں ہی حاصل کی۔انھوں نے اخبار ''انقلاب''، ''ہمدرد'' اور ''رنبیر'' میں تحقیقی مضامین لکھے ہیں۔جب انھیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ریسرچ اینڈ پبلی کیشن بنایا گیا تھا تو انھوں نے اس کا نام اردو میں بدل کر محکمۂ تحقیق واشاعت، حکومت جموں وکشمیر رکھا ساتھ ہی انھیں ڈائریکٹریٹ ریسرچ، میوزیم اینڈ لائبریری کا سکریٹری بھی بنایا گیا تھا۔اسی اثنا میں انھوں نے جموں وکشمیر میں تحقیقی وتنقیدی سرگرمیوں کا معیار بلند کرنے کی کوشش کی اور رفتار میں بھی تیزی لائی اور یہ محکمہ آج بھی اسی نام سے مشہور ہے۔ پہلے یہ محکمہ آرکیالوجی اینڈ میوزیم سری نگر کی تحویل میں تھا۔لیکن بعد میں اسے اقبال لائبریری کشمیر یونی ورسٹی کی عمارت میں منتقل کیا گیا۔

تحقیق میں صاحب زادہ حسن شاہ کی شہرت اس لیے ہوئی کہ انھوں نے پیر غلام حسن کھویہامی کی چار جلدوں پر مشتمل کتاب کو مرتب کروایا۔ یہ کتاب ''تاریخ حسن'' کے نام سے مشہور ہے۔اس کتاب کو آج بھی کشمیر میں سب سے زیادہ مستند اور مفید تاریخ مانا جاتا ہے۔اس تصنیف میں باریک بینی سے کشمیر کی معاشرت اور ثقافت ،سیاست اور حکومت، اقوام اور مستند افراد کے بارے میں تحقیق وجستجو سے کام لے کر اپنے نتائج اور تاثرات پیش کیے گئے ہیں۔اگر چہ یہ ادبی تحقیق نہیں لیکن پہلے دور میں اردو میں لکھی گئی کتاب ہے جس کو تحقیق کی باریکیوں سے مرتب کیا گیا ہے۔ان کے جو لکھے ہوئے تحقیقی مضامین تھے، وہ نایاب ہیں لیکن حسن شاہ صرف محقق ہی نہیں تھے

بلکہ تحقیق کرنے والوں کی رہنمائی بھی کرتے تھے۔ان کے دور میں محکمۂ تحقیق واشاعت ،حکومت جموں وکشمیر میں نادر مخطوطات کی تعداد تین ہزار تک پہنچ گئی تھی۔مولوی محمد ابراہیم لکھتے ہیں:

> ''اگر کوئی محقق کسی موضوع پر کتاب لکھنا چاہتا تھا۔تو نہ صرف اس کی مدد کرتے بلکہ متعلقہ موضوع پر دستیاب کتب کی طویل فہرست بھی بتا دیا کرتے تھے شاہ صاحب اعلیٰ درجے کے استاد منتظم اور خوش گو مقرر تھے،طبعاً خاموش رہتے لیکن جب بولتے تو حاضرین سے قادرالکلامی اور خوش بیانی کا لوہا منوا لیتے تھے۔''19؎

پھر وہ شیخ عبداللہ کے جیل جانے کے بعد لاہور، پاکستان چلے گئے۔ان کی جو بھی ادبی خدمات تھیں، وہ نایاب ہوگئیں۔

مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کے ابتدائی نقوش محمد دین فوق ،نور الٰہی محمد عمر اور عبدالاحد آزاد کی تصنیفات میں ملتے ہیں۔ یہ دور جموں وکشمیر کے تحقیقی دور کا آغاز تھا جسے تسلی بخش دور نہیں کہا جاسکتا ہے۔البتہ محمد دین فوق کی تصنیفات غیر معمولی مطالعہ ،تاریخی شعور اور تحقیقی ذوق وشوق کے بغیر نہیں لکھی جاسکتی تھیں۔موضوع کے انتخاب سے لے کر موضوع کے بارے میں ٹھوس معلومات ،حوالے ،روایات اور کتب ورسائل کی فراہمی تک محمد دین فوق نے تاریخ نویسی اور تحقیق نگاری کے سارے مراحل بڑی کامیابی سے طے کیے ہیں اور جہاں ضرورت پڑی، حالات وکوائف کا تجزیہ بھی کیا ہے۔ یہ بھی صحیح ہے کہ محمد دین فوق کا اسلوب شاعرانہ تھا۔اس کے باوجود انھوں نے اپنی تصنیفات میں نہ صرف تحقیق کے اصولوں کو برتا ہے بلکہ حقائق کا تجزیہ کرتے ہوئے کشمیر کے تاریخی ،سماجی اور تہذیبی حالات کا تجزیہ بھی پیش کیا ہے۔

اس کے بعد نور الٰہی محمد عمر نے ''ناٹک ساگر'' لکھ کر جموں وکشمیر کی تحقیق کو آگے بڑھنے میں مدد کی۔ ناٹک ساگر کو اگر عالمی ڈرامے کی مختصر تاریخ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔اگر ناٹک ساگر ہماری توقعات کو پورا نہیں کرتی تو اس کے یہ معنی نہیں لینا چاہیے کہ یہ بالکل ہی بے کار تصنیف ہے، کسی کام کے نقش اول میں خوبیاں اور خامیاں دونوں ہوتی ہیں۔وہ سب اس کتاب کے حصے میں بھی آئی ہیں۔ مصنفین نے بے شک ایک اہم کام انجام دیا ہے لیکن اسے جدید تحقیقات کی روشنی میں مکمل کرنے کی ضرورت ہے یا پھر اسی قسم کا ایک اور یا اس سے بہتر کام ہونا چاہیے۔

جموں وکشمیر میں تحقیق کی روایت کو آگے بڑھانے والے تیسرے شخص عبدلاحد آزاد ہیں۔انھوں نے

''کشمیری زبان اور شاعری'' کی کتاب لکھ کر جموں وکشمیر کے تحقیق نگاروں کے حوصلے بلند کیے ہیں۔ یہ کتاب اردو میں لکھی گئی ہے اور اردو میں مروج تحقیقی اصول ومعیار اور مزاج کو بھی برتنے کی پوری کوشش کی گئی ہے اس لیے اس تصنیف کو جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی سیڑھی قرار دینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اگر چہ اس تصنیف میں لسانی، تحقیقی ،تاریخی اور تذکرہ کے ساتھ ساتھ تنقید کے عناصر بھی موجود ہیں اور ہر حیثیت سے اس کا مطالعہ اہمیت کا حامل ہے۔ لسانی اس لیے کہ اس میں کشمیری زبان پر لسانی طور پر بحث کی گئی ہے۔اسے تحقیق کا نمونہ اس لیے قرار دیتے ہیں کہ اس میں بڑی تلاش وجستجو کے بعد کشمیری زبان کے گمنام اور گوشہ نشین شاعروں اور نایاب شعری تخلیقات کی بازیافت کی گئی ہے اور انھیں منظر عام پر لایا گیا۔تاریخی اس لیے کہ اس میں صرف کشمیری زبان ہی کی نہیں کشمیری شاعری کی تاریخ بھی از ابتدا تا حال بیان کی گئی ہے اور تنقید اس لیے کہ اس میں شاعری کی ماہیت،غرض وغایت، خوبیاں اور خامیاں بیان کرتے ہوئے کشمیری زبان کے شعرا کے کلام کا نہ صرف تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے بلکہ بعض شعرا کی تخلیقات کا تنقیدی تجزیہ عملی طور پر کیا گیا ہے۔

جموں وکشمیر میں 1950 کے بعد اردو تحقیق کے میدان میں جن محققوں نے اپنے تحقیقی کارناموں سے ادبی تحقیق کی روایت کو وقار بخشا ان کا ذکر یہاں سرسری طور پر صرف نام کے ساتھ لیا جائے گا۔کیوں کہ ان کی مفصل بحث آنے والے ابواب میں کی جائے گی۔ان میں پہلا نام پروفیسر اکبر حیدری کشمیری، پروفیسر حامدی کاشمیری، محمد یوسف ٹینگ، ڈاکٹر برج پریمی، پروفیسر ظہور الدین، پروفیسر محمد زماں آزردہ، پروفیسر بشیر احمد نحوی، پروفیسر نذیر احمد ملک وغیرہ نے جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی روایت کو مستحکم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔اب ان محققوں کا بھی ذکر لازمی ہے جو غیر ریاستی تھے اور جموں وکشمیر میں ملازمت کے سلسلے میں آکر کچھ تحقیقی کام انجام دیے۔ یہ سب جموں وکشمیر کی یونی ورسٹیوں سے وابستہ تھے۔ان میں پروفیسر محی الدین قادری زور، پروفیسر عبدالقادر سروری ، پروفیسر شکیل الرحمٰن، پروفیسر گیان چند جین، پروفیسر شیام لال کالڑا عابد پشاوری، پروفیسر جگن ناتھ آزاد قابل ذکر ہیں۔

کشمیر یونی ورسٹی میں شعبۂ اردو کا قیام 1958 میں عمل میں لایا گیا۔اس شعبے نے جموں وکشمیر میں سندی اردو تحقیق کی روایت میں اہم رول ادا کیا ہے۔اس شعبے کے ساتھ بڑے نامور غیر ریاستی لوگ بھی منسلک رہے ہیں جنھوں نے یہاں آنے سے قبل علمی وادبی دنیا میں نام پیدا کر لیا تھا۔ان کی قیادت میں ہی شعبۂ اُردو، کشمیر یونی ورسٹی میں تحقیق کا باضابطہ کام شروع ہوا اور اب تک لگ بھگ ایم۔فل اور پی ایچ۔ڈی کے دوسو (200) تحقیقی

مقالے لکھے جا چکے ہیں۔اسی یونی ورسٹی میں قائم کردہ اقبال انسٹی ٹیوٹ آف فلاسفی کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔ اس انسٹی ٹیوٹ کے پہلے ڈائریکٹر پروفیسر آل احمد سرورؔ تھے۔اس میں دو چار مقالوں کو چھوڑ کر باقی تمام مقالات علامہ اقبالؔ کے موضوع پر لکھے گئے ہیں۔اس انسٹی ٹیوٹ کا پہلا پی۔ایچ۔ڈی مقالہ 1984 میں لکھا گیا۔اب تک اس میں ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ڈی کے ایک سو(100) کے قریب تحقیقی مقالات قلم بند کیے گئے ہیں اور ساتھ ہی تفہیم اقبالؔ کے سلسلے میں متعدد تحقیقی کتابیں شائع ہو چکی ہیں جنھیں برصغیر میں ہی نہیں بلکہ برصغیر سے باہر بھی سند کا درجہ حاصل ہوا ہے۔

جموں یونی ورسٹی میں بھی سندی تحقیق کے زمرے میں بہت اچھے مقالات وجود میں آئے۔کچھ مقالات کتابی شکل میں منظر عام پر آئے جن کی تعداد تقریباً پچاس (50) ہے۔ان میں ایسے مقالے بھی شامل ہیں جن کو اردو ادب میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

جموں وکشمیر کی یونی ورسٹیوں کے اردو شعبوں کے علاوہ بہت سے ایسے ادارے ہیں جو نہ صرف اردو تحقیق سے دلچسپی رکھتے ہیں بلکہ انھوں نے چند اہم موضوعات پر اچھے تحقیقی مضامین اور کتابیں بھی لکھوائی ہیں۔ان علمی و ادبی اداروں سے شائع ہونے والے رسائل و جرائد بھی قابلِ تحسین ہیں۔ان میں کلچرل اکادمی سری نگر کا رسالہ شیرازہ بہت اہمیت کا حامل ہے اور روزنامہ تعمیر، بازیافت، تسلسل وغیرہ بھی قابلِ ذکر ہیں۔

مختصراً ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی شروعات دھندلی سی معلوم ہوتی ہے، مشکل سے یہ باور کرنا پڑتا ہے کہ یہ تاریخ ہے یا تحقیق! کیوں کہ ان ادیبوں نے یہ کتابیں تحقیق یا تاریخ کی نیت سے نہیں لکھی ہیں لیکن جو بھی کام انھوں نے انجام دیا ہے اس کے متعلق اتنا تو طے ہے کہ تلاش وجستجو کے بغیر یہ کام پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکتا تھا۔اس میں تحقیق و تلاش کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔اس کے برعکس دوسرے دور یعنی 1950 کے بعد کے محققین میں تحقیق کا مادہ بدرجہ اتم موجود ہے۔اس دور کے محققین نے تحقیق کے اعلا نمونے پیش کیے ہیں۔اس دور میں دوسری خصوصیت یہ ہے کہ غیر ریاستی محققین بھی ریاست میں وارد ہوئے جس سے ریاست میں تحقیق کی رفتار میں اور بھی تیزی آئی۔انھوں نے اپنی بھرپور صلاحیتوں سے یہاں کے تحقیقی معیار کو بڑھاوا دیا۔1950 کے بعد تحقیق کا جو مختصر ساخاکہ اوپر پیش کیا گیا ہے، امید ہے اس سے جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی روایت اور ارتقا کے بارے میں کچھ اندازہ ہوا ہوگا۔

## حوالہ جات:۔

1:۔عبدالرزاق قریشی،مبادیات تحقیق،ص17
2:۔رشید حسن خان, ادبی تحقیق؛مسائل اور تجزیہ،دوسرا ایڈیشن 2005،ص121
3:۔گیان چند جین،تحقیق کا فن،ص11
4:۔Paul.D.Leedy,Practical Research: Planning & Design,Page no.05
5:۔محمد احمد اندرابی،ترتیب،مشاہیرِ کشمیر،ص219-220
6:۔ڈاکٹر برج پریمی،جموں وکشمیر میں اردو ادب کی نشو ونما،ص72-73
7:۔محمد یوسف ٹینگ،شناخت،ص47
8:۔عبدالقادر سروری،کشمیر میں اردو،دوسرا حصہ،ص471
9:۔نورالہی ومحمد عمر،ناٹک ساگر،مقدمہ از پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی،ص12
10:۔نورالہی ومحمد عمر،ناٹک ساگر،ص02
11:۔ڈاکٹر برج پریمی،جموں وکشمیر میں اردو ادب کی نشو ونما،ص75-76
12:۔محمد اشرف ٹاک،''حرفِ آغاز''،شیرازہ،''عبدالاحد آزاد نمبر''،جلد40،شمارہ7-10،(2002)،ص12
13:۔عبدالاحد آزاد،کشمیری زبان اور شاعری،تنقیدی تبصرہ از شکیل الرحمٰن،جلد اول،ص16
14:۔امین کامل،''آزاد۔چند باتیں''،شیرازہ،''عبدالاحد آزاد نمبر''،جلد40،شمارہ7-10،(2002)،ص22
15:۔مشتاق احمد وانی،''جموں وکشمیر میں اردو تحقیق''،اردو دنیا،جلد15،شمارہ09(2013)،ص39
16:۔ولی محمد خوشباش،''آزاد،ماضی کے نہاں خانوں میں''،شیرازہ،''عبدالاحد آزاد نمبر''،جلد 40،شمارہ7-10(2002)،ص522
17:۔عبدالاحد آزاد،کشمیری زبان اور شاعری،مقدمہ از علی جواد زیدی،جلد دوم،ص38
18:۔ عبدالاحد آزاد،کشمیری زبان اور شاعری،تنقیدی تبصرہ از شکیل الرحمٰن،جلد اول،ص30-31
19:۔محمد احمد اندرابی،ترتیب،مشاہیرِ کشمیر،ص54

☆☆☆

# باب دوم

# جموں وکشمیر میں اردو تحقیق 1950 کے بعد

## (موضوعاتی مطالعہ)

جموں وکشمیر کی تاریخ کا سرسری مطالعہ کرنے سے یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ جموں وکشمیر کئی بار سیاسی اتھل پتھل، اتار چڑھاؤ، اندرونی و بیرونی جارحیت کا شکار رہا ہے۔ مگر علم وادب، سائنس، تاریخ، فلسفہ اور مذہب کے حوالے سے اس کی تاریخ ابتدا سے ہی بڑی روشن اور تابناک رہی ہے۔ جموں وکشمیر میں جن ادبی انجمنوں اور اداروں نے اردو ادب کے فروغ اور ترقی و ترویج میں خدمات انجام دی ہیں انھیں نظر انداز کرنا ممکن نہیں ہے۔ ان ادبی و علمی انجمنوں اور اداروں میں آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس، آل انڈیا کشمیری کانفرنس، انجمن اسلامیہ جموں، انجمن نصرت الاسلام بزم سخن جموں، کلچرل اکادمی سری نگر، کشمیر یونی ورسٹی، جموں یونی ورسٹی، اقبال انسٹی ٹیوٹ وغیرہ نے جموں وکشمیر میں تخلیقی ادب کے ساتھ ساتھ تحقیقی اور تنقیدی ادب کے فروغ وارتقا اور ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا ہے جس کی تاریخی اہمیت ہے۔ جموں وکشمیر میں 1950 کے بعد اردو ادب کی اعلا تعلیم اور اردو ادب سے متعلق تحقیق و تنقید کے سلسلے کو آگے بڑھانے کی ضرورت بھی شدت کے ساتھ محسوس کی گئی ہے۔

جب ہم تحقیق کے حوالے سے سندی اور غیر سندی تحقیق کی بات کرتے ہیں تو ہمیں اس بات کا علم ہو جاتا ہے کہ 1950 کے بعد یہاں کی غیر سندی تحقیق کی شروعات اکبر حیدری کشمیری سے ہو جاتی ہے جب کہ سندی تحقیق کے سلسلے میں کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں پیش کیے گئے پی ایچ۔ ڈی کے پہلے مقالے ''اردو نظم پر یورپی اثرات'' اور مقالہ نگار پروفیسر حامدی کاشمیری کا نام آتا ہے۔

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کو فروغ دینے میں یہاں کی یونی ورسٹیوں کے اردو شعبوں کا ایک اہم رول رہا ہے۔ یوں تو جموں وکشمیر میں کئی یونی ورسٹیاں ہیں لیکن شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی، اقبال انسٹی ٹیوٹ اور جموں یونی ورسٹی میں ایم فل اور پی ایچ۔ ڈی کے حوالے سے تحقیقی و تنقیدی مقالے لکھے جا رہے ہیں۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ سب کے سب مقالے اعلا معیار کے ہیں لیکن بعض مقالے یقینی طور پر یادگار ہیں اور جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کا معیار بلند کرنے میں ان مقالوں کا بھی اہم رول ہے۔

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ تحقیق جستجو، تلاش، بازیافت، دریافت، کھوج وغیرہ کی درجنوں تعریفوں کا نام ہے۔ یہ سب تعریفیں اپنی اپنی جگہ اہمیت کی حامل ہیں۔ یہاں ان سب کی وضاحت پیش کرنا مطلوب نہیں بلکہ سندی اور غیر سندی تحقیق سے سروکار ہے جو تحقیق کی ہی دو اقسام ہیں۔ سندی تحقیق ڈگری کے حصول کے لیے کی جاتی ہے۔ یہ تحقیق کسی ادارے کی زیرنگرانی کرنی پڑتی ہے۔ جیسے یونی ورسٹی، کالج، اکیڈمی اور ریسرچ انسٹی ٹیوشن وغیرہ میں انجام دی جاتی ہے۔ اس طرح کی تحقیق میں بہت سی پابندیاں اور حد بندیاں ہوتی ہیں۔ سندی تحقیق میں متعین وقت میں مقالہ مکمل کرنے کی قید ہوتی ہے اور اس میں اسکالر کو نگراں کے تابع کام کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے سندی تحقیق میں نگراں اور اسکالر کو آپس میں ہم آہنگ ہونا ضروری ہے تاکہ تحقیق کا کام صاف و شفاف طریقے سے آگے بڑھ سکے۔ لہٰذا اس میں محقق آزاد نہیں ہوتا ہے۔ گیان چند جین اپنی کتاب ''تحقیق کا فن'' میں سندی تحقیق کے تین لوازم بتاتے ہیں جس سے غیر سندی تحقیق برتر ہو جاتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''سندی تحقیق کے تین لوازم ہیں جن کے باعث یہ غیر سندی تحقیق کے مقابلے میں خسارے میں رہتی ہے۔

الف۔ اس کی تکمیل کے لیے معینہ مدت یعنی آخری حد آجاتی ہے۔

ب۔ اس میں ایک نگراں ہوتا ہے یعنی تحقیق کار آزاد نہیں ہوتا۔

ج۔ اس تحقیق کو ممتحنوں کے سامنے گزارنا ہوتا ہے۔''[1]

غیر سندی تحقیق میں محقق آزاد ہوتا ہے۔ وہ کسی ادارے کے ماتحت نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی نگراں کے تابع ہوتا ہے۔ یہ تحقیق ڈگری کے لیے بھی نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی اس میں وقت کی کوئی حد بندی رہتی ہے۔ گیان چند جین غیر سندی تحقیق کے بارے میں یوں لکھتے ہیں:

''اسے عموماً درس گاہوں کے ڈگری یافتہ اساتذہ کرتے ہیں یا درس گاہوں کے کے باہر دوسرے اہلِ شوق۔ بالعموم اس کا معیار سندی تحقیق سے کافی برتر ہوتا ہے۔ کیوں کہ اس کے کرنے والے زیادہ پختہ ہوتے ہیں۔''[2]

یعنی اس قسم کی تحقیق ادب سے دلچسپی رکھنے والے ہی انجام دیتے ہیں جن کو تحقیق سے لگاؤ و محبت ہوتی ہے۔

سندی تحقیق کے زمرے میں ہم جموں و کشمیر کی کشمیر یونی ورسٹی، اقبال انسٹی ٹیوٹ اور جموں یونی ورسٹی میں اردو میں جو تحقیقی کام ہوا ہے اس پر روشنی ڈالیں گے۔

جموں و کشمیر میں پہلی یونی ورسٹی 1948 میں ''جموں و کشمیر یونی ورسٹی'' کے نام سے قائم ہوگئی۔ پروفیسر

حامدی کاشمیری اپنی کتاب ''رہگزر در رہگزر'' میں لکھتے ہیں کہ اس یونی ورسٹی کا قیام 1951 میں ہوا۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''1958 میں ڈاکٹر کرن سنگھ سابق صدر ریاست نے اپنی ملکیت میں سے نسیم باغ سے متصل سیب کے باغات یونی ورسٹی کے عطیے کے طور دیئے، یونی ورسٹی 1951 میں قائم ہوئی تھی۔ یہ حضرت بل کی زیارت گاہ کے سامنے ہے۔ اس سے پہلے یونی ورسٹی کے چند آرٹس سبجکٹس ہفتہ چنار میں ایک بلڈنگ میں پڑھائے جاتے تھے۔ اس میں شعبۂ اردو بھی تھا۔''3

اگر چہ پروفیسر حامدی کاشمیری یونی ورسٹی کا قیام 1951 لکھتے ہیں لیکن تمام تر مواد، شواہد کی بنا پر صحیح سال 1948 ہی ہے۔ پروفیسر آل احمد سرور جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے قیام کے بارے میں یوں لکھتے ہیں:

> ''ان کا (شیخ عبداللہ) دوسرا کارنامہ تعلیم کے نظام کی تنظیم نو اور ریاست میں اسکولوں اور کالجوں کا ایک جال پھیلانا ہے۔ جموں کشمیر یونی ورسٹی بھی انہیں کی توجہ سے 1948 میں قائم ہوئی۔''4

بہر حال شعبۂ اردو جموں وکشمیر یونی ورسٹی میں 1958 میں قائم کیا گیا تھا۔ جس کی بنیاد پروفیسر شکیل الرحمٰن کے ہاتھوں پڑی۔ کشمیر یونی ورسٹی کا شعبۂ اردو، اردو زبان وادب کا ایک خاص تعلیمی وتحقیقی مرکز ہے۔ یہ کشمیر یونی ورسٹی کا پہلا اور واحد شعبۂ ہے جس کے دو پروفیسروں (پروفیسر شکیل الرحمٰن اور پروفیسر حامدی کاشمیری) نے یونی ورسٹی کے وائس چانسلر کا عہدہ سنبھالا ہے۔ شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی سے ہر سال 85 سے 100 طلبا وطالبات ایم۔ اے اردو کی ڈگری اور پندرہ طلبہ اردو جرنلزم کا ڈپلوما حاصل کر کے روزگار کی تلاش میں جدوجہد شروع کرتے ہیں۔ لیکن اس شعبے کا خاص فعل تحقیق کے باب میں نظر آتا ہے۔ اس شعبے سے اب تک لگ بھگ ڈیڑھ سو ایم۔ فل کی ڈگریاں فراہم کی جاچکی ہیں۔ ان ریسرچ اسکالروں میں متعدد نے بعد میں پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری بھی حاصل کی ہے۔ گرچہ شعبۂ اردو کا قیام 1958 میں ہوا تھا لیکن 1981 میں یہاں ایم۔ فل کا جب کہ 1966 میں ہی یہاں پی ایچ۔ ڈی کا تحقیقی کام شروع کیا گیا۔ چوں کہ یہ سب مقالات سندی تحقیق میں آتے ہیں لیکن طوالت اور شعبے کے ایم۔ فل مقالوں پر پہلے بھی تحقیقی کام ہوا ہے اس لیے راقم صرف پی ایچ۔ ڈی مقالات کی فہرست اور موضوعاتی مطالعہ پیش کرنے کی کوشش کرے گا۔ پی ایچ۔ ڈی کے مقالات میں کچھ مقالات ایسے ہیں جنھوں نے عالمی شہرت حاصل کی ہے۔ اس شعبے کے پہلے پی ایچ۔ ڈی اسکالر حامدی کاشمیری ہیں، جنھوں نے پروفیسر عبدالقادر سروری کی نگرانی میں کام کیا تھا۔ شاید شعبۂ اردو، کشمیر یونی ورسٹی، ہندستان کا پہلا شعبۂ اردو ہوگا، جہاں ایم۔ فل سے پہلے پی۔ ایچ۔ ڈی کا کام شروع کیا گیا تھا۔ اب تک سو کے قریب ڈاکٹریٹ کے مقالات پر

ڈگری تفویض ہو چکی ہے۔ پی ایچ۔ڈی کے ان تمام مقالات کو مختلف طبقات میں تقسیم کرنے کی سعی کی جائے گی تاکہ مختلف نکات ایک ساتھ سامنے آجائیں اور مقالات سے زیادہ سے زیادہ جانکاری میسر ہو۔ پروفیسر گیان چند جین نے تحقیقی مقالات کے دس طبقات بیان کیے ہیں۔ حالاں کہ ان کے دس طبقات کے علاوہ بھی بہت سارے طبقات ہیں جن کو تحقیق میں کافی اہمیت حاصل ہے۔

## (1) شخصیات یا سوانحی تحقیق

سوانحی تحقیق کہیں یا شخصیات، دونوں کا مدعا و مقصد ایک ہی ہوتا ہے۔ اس زمرے کے مقالات ادیبوں اور شاعروں کی حیات زندگی اور ان کے کارناموں اور ادبی خدمات پر مشتمل ہوتے ہیں اور مطالعے کے تقاضوں یا اس کی نوعیت کے ذیل میں اس شخص کی سوانح عمری کے علاوہ اس کی علمی و تہذیبی یا معاشرتی و سیاسی خدمات اور ان کے اثرات کو انفرادی یا اجتماعی حوالوں سے موضوعِ مطالعہ تحقیق بنایا جاتا ہے۔ شخصیات یا سوانح پر تحقیق کرنے کے بارے میں رشید حسن خاں کا نظریہ ہے کہ زندہ شخصیت خصوصاً ایسی شخصیت جو کسی منصب پر قائم ہو ان پر تحقیقی کام کرنے کی انھوں نے سخت مذمت کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

> ''زندہ لوگوں کو موضوعِ تحقیق بنانا بھی غیر مناسب ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مختلف اثرات کے تحت حقائق کا صحیح طور پر علم ہو پائے گا۔ ذاتی اثرات، غیر معتبر روایتیں، گروہ بندی اور مذہبی یا سیاسی وابستگیوں کی پیدا کی ہوئی مصنوعی عقیدت، یہ ایسے عوامل ہیں کہ ان کا پھیلایا ہوا غبار زندگی میں ابہام کا دھندلکا پھیلاتے رکھتا ہے۔ اسی لیے زندہ آدمی کے اعمال و افکار کا مکمل تجزیہ ممکن نہیں اور مکمل تجزیے کے بغیر کسی شخص کے ساتھ انصاف ہی نہیں کیا جاسکتا۔ زندہ آدمی کی شخصیت نقاب پوش رہتی ہے۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ اس کو زندگی کے کسی شعبہ میں خاص حیثیت حاصل ہو۔۔۔ اب تک یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ جن زندہ لوگوں کو موضوعِ تحقیق بنایا گیا تو اس انتخاب میں دنیاداری کی کسی مصلحت کو ضرور دخل تھا۔'' 5

اس طبقے کے مقالات یوں ہے۔

**1۔ اردو میں سیرۃ النبیؐ کا ادب (ایک تاریخی اور تنقیدی جائزہ):**

ڈاکٹر اسداللہ کامل نے پروفیسر عبدالقادر سروری کی نگرانی میں 1968 میں ''اردو میں سیرۃ النبیؐ کا ادب'' کے موضوع پر مقالہ تحریر کیا۔ انھوں نے اس مقالے کو چھے ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا باب سیرت نبویؐ: مفہوم اور منہاج ہے جس کے پھر کئی ذیلی باب بنائے گئے ہیں۔ اس باب میں سیرت نبیؐ کے مختلف پہلوؤں کو زیر

بحث لایا گیا ہے۔ دوسرا باب ابتدائی آثار کے طور پر قائم کیا گیا ہے۔ اس میں سیرت نبیؐ پر جو قدیم ترین منظوم اور منثور تصانیف دستیاب ہیں، ان کا تعارف دیا گیا ہے۔ مقالے کا تیسرا باب ابتدائی مکمل سیرتیں کے عنوان سے ہے۔ اس میں مکمل سیرت نگاری کی ابتدائی کوششوں کو پیش کیا گیا ہے۔ چوتھا باب سیرت نگاری کا جدید دور ہے۔ اس میں جدید سیرت نگاری پر بحث کرتے ہوئے جدید سیرتوں کے سارے پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ پانچواں باب سیرت نبویؐ۔ عہد آفرین کارنامہ کے عنوان سے ہے۔ یہ باب علامہ شبلیؒ نعمانی اور سید سلیمان ندویؒ کے لیے مختص رکھا گیا ہے۔ اس میں ان کی سیرت نگاری پر بحث کی گئی ہے۔ چھٹا اور آخری باب سیرت نبویؐ اور نئی تحریکیں کے عنوان سے ہے۔ اس میں موجودہ عہد کے سوانحی، مقصدی اور ادبی سیرتوں کے ہر پہلو پر بحث کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ نثر میں سیرت نبویؐ پر درجنوں کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں اور منظوم کتابیں بھی دستیاب ہیں۔ مقالے کی تکمیل کے لیے ڈاکٹر اسداللہ کامل نے محسن کاکورویؒ کے قصائد و مثنویاں گلدستہ رحمت، ادبیات نعت، مدیح خیر المرسلین، سراپائے رسولؐ، صبح تجلی، چراغ کعبہ وغیرہ، شبلیؒ نعمانی کی سیرۃ النبیؐ اور سید سلیمان ندویؒ کی کتابوں سے خاص طور پر استفادہ کیا ہے۔

**2۔ سعادت حسن منٹو: حیات اور کارنامے:**

یہ مقالہ ڈاکٹر برج پریمی نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1976 میں لکھا ہے۔ ان کا یہ مقالہ 1986 میں کتابی شکل میں شائع ہوا ہے۔ یہ مقالہ سات ابواب میں منقسم ہیں۔ پہلا باب حیات اور شخصیت کے ترکیبی عناصر کے عنوان سے ہے۔ دوسرا باب منٹو کا عہد کے عنوان سے ہے۔ اس میں سیاسی، سماجی، علمی، ادبی اور فکری تحریکوں کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے، خاص کر جن تحریکوں نے منٹو کے ذہن پر داخلی اور خارجی طور سے اثر کیا ہے۔ اس سلسلے میں خاص کر فرائیڈ، ایڈلر اور یونگ وغیرہ کے اثرات، ترقی پسند تحریک اور مارکسزم کے اثرات کا تفصیل سے ذکر ملتا ہے۔ تیسرا باب اردو کا مختصر افسانہ۔ منٹو تک کے نام سے ہے۔ اس میں منٹو تک کے پورے اردو افسانے کی تاریخ اور تدریجی ارتقا کو ایک نئے ڈھنگ سے مرتب کیا گیا ہے۔ سعادت حسن منٹو کے عہد تک پہنچتے پہنچتے اردو افسانے کی کیا ہیئت تھی اور منٹو نے اس کو کیسے آگے بڑھایا اور اس میں انھوں نے کیا کیا اضافے کیے ہیں، اس کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے۔ مقالے کا چوتھا باب منٹو کی افسانہ نگاری کے نام سے رکھا گیا ہے۔ اس باب میں منٹو کے افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی منٹو کے افسانوں کے مختلف ہیئتی پہلوؤں سے بھی بحث کی گئی ہے۔ پانچواں باب مضامین، انشائیے اور خاکے ہے۔ اس باب میں منٹو کے مضامین، ان کی

انشائیہ نگاری اور خاکہ نگاری کے بارے میں گفتگو کی گئی ہے۔ چھٹے باب کا عنوان مکتوبات۔ایک تحقیقی جائزہ رکھا گیا ہے۔مقالے کے اس باب میں منٹو کے خطوط کا جائزہ لیا گیا ہے۔اس مقالے کا آخری باب دوسرے ادبی کارنامے کے عنوان سے ہے۔اس میں منٹو کے ایسے کارناموں کا مفصل جائزہ لینے کی سعی کی گئی ہے جن کا ذکر مقالے کے دیگر ابواب میں نہیں کیا ہے۔جیسے منٹو کی ترجمہ نگاری،ان کے ریڈیائی ڈرامے،ناول،صحافت وغیرہ۔

**3۔ مرزا سلامت علی دبیرؔ: حیات اور کارنامے:**

یہ مقالہ ڈاکٹر زماں آزردہ نے پروفیسر شکیل الرحمٰن کی نگرانی میں 1976 میں تحریر کیا ہے۔ڈاکٹر محمد زماں آزردہ ایک انشائیہ نگار کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔لیکن تحقیق میں ان کی کل کائنات صرف یہی ایک کتاب ہے۔یہ کتاب 1981 میں کتابی شکل میں منظر عام پر آچکی ہے۔محمد زماں آزردہ کا یہ مقالہ پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا باب مرزا سلامت علی دبیرؔ حیات، زمانہ اور دینی پس منظر کے نام سے ہے۔ دوسرا باب شعری کارنامے۔تیسرا باب مرزا سلامت علی دبیرؔ اور انیسؔ کا تقابلی مطالعہ۔چوتھا باب مرزا دبیرؔ کی نثر نگاری اور پانچواں باب مرزا دبیرؔ کو موضوع بنایا گیا ہے۔ پروفیسر محمد زماں آزردہ کی اس کتاب کے بارے میں راقم نے مقالے کے باب سوم میں تفصیلی بحث کی ہے۔ یہاں پر محض اس کا ذکر کرنا مطلوب ہے۔

**4۔ اردو ادبی تنقید میں غالبؔ شناسی کا مطالعہ:**

پروفیسر شکیل الرحمٰن کی نگرانی میں ڈاکٹر سبحان کور نے یہ مقالہ 1980 میں لکھا ہے ۔ یہ مقالہ بھی 2005 میں کتابی شکل میں منظر عام آیا ہے۔یہ مقالہ نو ابواب پر مشتمل ہیں۔باب اول میں غالبؔ اور غالبؔ شناسی کے مطالعوں کا جائزہ لیا گیا ہے ساتھ ہی اس میں امکانات کی نشاندہی کی گئی ہے۔باب دوم میں ابتدائی تحریروں اور تذکروں میں غالبؔ کو تلاش کیا گیا ہے۔اس میں غالبؔ کے متعلق ابتدائی ناقدین کے خیالات کا جائزہ لیا گیا ہے۔باب سوم حالیؔ کی غالبؔ شناسی کا ایک تجزیاتی مطالعہ کے عنوان سے رکھا گیا ہے۔اس پورے باب میں حالیؔ کے متعلق ہی بحث کی گئی ہے۔باب چہارم میں غالبؔ شناسی کی روایت کا جائزہ لیا گیا ہے۔اس میں حالیؔ اور عبدالرحمٰن بجنوری سے قبل کی غالبؔ شناسی کو پیش کیا گیا ہے۔یعنی 1897 سے 1914 تک کے لکھنے والوں کا مطالعہ سامنے لایا گیا ہے۔باب پنجم اردو ادبی تنقید میں رومانی اور جمالیاتی رجحان پر ہے۔اس باب میں بجنوریؔ کو رومانی اور جمالیاتی رجحان کا نقش اول اور خالق قرار دیا گیا ہے۔یعنی یہ باب بجنوریؔ کے اردگرد گھومتا ہے۔باب ششم میں غالبؔ پسندی اور غالبؔ شناسی کے چند نئے زاویوں کو پیش کیا گیا ہے۔اس باب میں چند ایسے ناقدین کا

ذکر کیا گیا ہے جن کا ذکر کم ملتا ہے۔ اس باب میں ڈاکٹر سید عبداللطیف کو مقالہ نگار نے غالبؔ شناس ماننے سے انکار کیا ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ ان کے پاس نقد ادب کا کوئی اعلا امتیاز نہیں ہے اور ان کا ذکر حالیؔ اور بجنوریؔ کے ساتھ نہیں کرنا چاہیے۔ باب ہفتم غالبؔ کے محققوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اس میں خواجہ حسن نظامیؔ، محمد حسن عسکری، شیخ محمد اکرام، مہیش پرشاد، غلام رسول مہر، امتیاز علی خاں عرشیؔ، مالک رام اور قاضی عبدالودود کے کارناموں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ آٹھویں باب میں غالبؔ کے کلام کی شرح لکھنے والوں کا ایک تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس باب میں تمام نمائندہ شارحین کے کام کا جائزہ ملتا ہے۔

مقالے کے نویں اور آخری باب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے کا عنوان ''جدید اردو ادبی تنقید میں غالبؔ شناسی اور جمالیاتی، رومانی اور نفسیاتی رجحانات'' ہے۔ اس عنوان میں ان رجحانات سے وابستہ ناقدین کے کارناموں پر روشنی ڈالنے کی سعی کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں حاکمانہ، فلسفیانہ اور فکری رجحانات کا جائزہ لیا گیا ہے اور نمائندہ ناقدین کے کارناموں پر بحث کی گئی ہے۔ ساتھ ہی ترقی پسند ناقدین کے کارناموں کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔

**5۔ اردو ادبی تنقید میں اقبالؔ شناسی کا مطالعہ:**

یہ مقالہ نذیر احمد بٹ نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 1980 میں قلم بند کیا ہے۔ نذیر احمد کا یہ مقالہ چھ ابواب میں منقسم ہے۔ پہلا باب اردو ادبی تنقید میں فن کار شناسی کا مفہوم اور معیار ہے۔ اس باب میں اصطلاح ''اقبالؔ شناسی'' کی وضاحت کے طور پر اردو تنقید میں فن کار شناسی کے مفہوم کو اردو تنقید کے تاریخی دائرہ کار، روایت اور رجحانات کے پس منظر میں واضح کیا گیا ہے۔ تنقید میں فن کار شناسی کے کیا تقاضے ہیں اور ان تقاضوں کو اردو ناقدین نے کس حد تک پورا کیا ہے، ساتھ ہی اس کا معیار کیا ہے وغیرہ جیسے تمام پہلوؤں پر بحث کی گئی ہے۔ دوسرا باب اقبالؔ کی شاعرانہ حیثیت اور اردو تنقید ہے۔ اس باب میں اقبالؔ کی خالص شاعرانہ حیثیت سے متعلق اردو تنقید کے کردار کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس میں اس بات پر خاص بحث کی گئی ہے کہ اقبالؔ بنیادی طور پر شاعر تھے یا فلسفی۔ شاعر فلسفی تھے یا فلسفی شاعر۔ اس ضمن میں مختلف نظریات سے وابستہ ناقدین کی آرا سے بحث کی گئی ہے۔ تیسرا باب اقبالؔ کی نظمیں اور اردو تنقید کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں موضوعاتی اور فکری اعتبار سے اقبالؔ کی نظموں کی اہمیت مسلم کی گئی ہے۔ اردو ناقدین نے اقبالؔ کی نظموں کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے اقبالؔ کی نظموں کے کن پہلوؤں پر توجہ دی ہے اور کن خصوصیات کو نظر انداز کیا ہے اور اس اعتبار سے اردو تنقید اقبالؔ کی

نظموں کی صحیح افہام وتفہیم کے فرض سے مکمل طور پر عہدہ برآ ہوسکی ہے یا نہیں۔اس باب میں انھی نکات کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔مقالے کا چوتھا باب اقبال کی غزلیں اور اردو تنقید کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اقبال کو بحثیت غزل گو پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ساتھ ہی اس بات کی بھی وضاحت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اردو ناقدین نے اقبال کو بحثیت غزل گو پیش کرنے کے سلسلے میں کس حد تک اپنا کردار ادا کیا ہے۔اس بات کا بھی تجزیہ کیا گیا ہے کہ اقبال نے گرچہ اپنی شاعری کی ابتدا غزل گوئی سے کی تھی لیکن بالآخر وہ نظم نگاری کی طرف کیوں کر منتقل ہوئے۔کیا اقبال کی غزلوں میں اردو غزل کی روایت کا احترام ملتا ہے یا پھر بغاوت۔اقبال کی غزل گوئی میں انفرادیت کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں اور کیا اردو تنقید نے ان تمام سوالات کا جواب ڈھونڈنے کی سعی کی ہے یا نہیں۔پانچواں باب تصورات اقبال اور اردو تنقید ہے۔اس باب میں اقبال کے چند بنیادی تصورات سے بحث کرتے ہوئے اس بات کا جائزہ لیا گیا ہے کہ اردو تنقید نے گرچہ اقبال کے تصورات سے ہی سب سے زیادہ بحث کی ہے لیکن اردو تنقید اقبال کے تصورات کی بنیادی......اقبال شناسی کا فرض نبھانے میں کہاں تک کامیاب ہوئی ہے۔چھٹا باب اقبال کے چند نمائندہ نقاد: ایک جائزہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اقبال شناسی کے چند نمائندہ ناقدین کی تنقیدی حیثیت اور اہمیت وافادیت کا جائزہ لیا گیا ہے۔اردو تنقید کے مختلف رجحانات سے تعلق رکھنے والے ناقدین نے اقبال کے ناقد کی حیثیت سے اپنا فرض کس حد تک ادا کیا ہے اور اقبال شناسی کے باب میں کون کون سے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں۔

**6۔ اقبال کی شاعری میں تصوف:**

پروفیسر اسداللہ کامل کی نگرانی میں 1984 میں ڈاکٹر غلام نبی میر نے اس موضوع پر مقالہ تحریر کیا ہے۔اقبال اور تصوف پر بہت ساری کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔حبیب النسا بیگم نے 1950 میں ''اقبال اور تصوف'' کے عنوان سے کتاب لکھی ہے۔اسی طرح ابواللیث صدیقی نے 1977 میں ''اقبال اور مسلک تصوف''، ابوسعید نورالدین نے 1959 میں ''اسلامی تصوف اور اقبال'' جیسی کتابیں لکھی ہیں۔2001 میں ڈاکٹر بشیر احمد نحوی نے بھی ''مسائل تصوف اور اقبال'' کے عنوان سے ایک کتاب تحریر کی ہے۔ڈاکٹر غلام نبی میر نے اپنے مقالے کو چار ابواب میں تقسیم کیا ہے۔باب اول فارسی اور اردو شاعری میں صوفیانہ رجحانات، باب دوم ہندستانی فکر میں بھگتی اور تصوف، باب سوم اقبال کے ابتدائی ماحول میں صوفیانہ عناصر، باب چہارم اقبال کی شاعری میں تصوف کے امتیازی رجحانات ہے۔غلام نبی میر کا یہ مقالہ مذکورہ بالا موضوع میں ایک اہم اضافہ ہے۔

**7۔ فیض احمد فیضؔ کی شاعری: روایت اور انفرادیت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نصرت آرا چودھری نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی سرپرستی میں 1984 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ 1995 میں کتابی شکل میں منظر عام پر آیا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا باب شاعری میں روایت اور انفرادیت کا مفہوم، مختلف ناقدین کے نظریات کے حوالے سے سمجھانے کی سعی کی گئی ہے۔ ساتھ ہی روایت کے لغوی اور اصطلاحی معنی و مفاہیم کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ اس کے بعد عمومی طور پر ادب میں اس کی کارکردگی، معنویت اور عمل کا تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔ مقالے کا دوسرا باب فیضؔ کی شخصیت، انفرادیت اور تخلیقی عمل کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں فیضؔ کے شاعرانہ ذہن کی شناخت کرتے ہوئے ان کے تخلیقی سرچشموں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ ان کی شخصیت، انفرادیت اور عصر حاضر کے تعلق سے ان کے تجربات کو سمجھنے کی سعی کی گئی ہے۔ ان کے شعوری اور لاشعوری محرکات کی چھان بین کرتے ہوئے ان کے تخلیقی عمل کی نوعیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ساتھ ہی اس بات کی بھی وضاحت کی گئی ہے کہ فیضؔ اپنے دور کے سیاسی وتہذیبی حالات وواقعات سے کس طرح متاثر ہوتے تھے اور یہ تاثرات کس حد تک ان کے شعری ذہن کی توسیع اور تشکیل میں حصہ لے چکے ہیں۔ تیسرا باب فیضؔ کی شاعری میں روایت کا شعور، اس میں فیضؔ کی روایت سے وابستگی اور اس کے اثرات کی کارفرمائی اور نتیجہ خیزی سے بحث کی گئی ہے۔ اس میں اردو شاعری کی روایتی اصناف سے فیضؔ کی ذہنی مناسبت کا جائزہ لیا گیا اور روایتی اور مروجہ موضوعات مثلاً عشق، رومانیت، جنس، جمالیات، سماجی تضادات، علاوہ ازیں سیاست، تحریک آزادی، وطنیت، عالمی سیاست وغیرہ کے برتاؤ میں ان کا انفرادی رویہ کہاں تک کام کرتا رہا اور انھوں نے زبان ترکیب سازی، ہیئت اور اسلوب کے روایتی معیار کی کہاں تک پاسداری کی ہے اور اس پاسداری میں ان کے اسلوب کا اچھوتا پن کس حد تک برقرار رہا۔

مقالے کے چوتھے باب میں فیضؔ کا اپنے متقدمین، مغربی شعرا اور معاصرین سے تقابلی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں کلاسیکی شعرا سے فیضؔ کی ذہنی مناسبت اور فیضؔ کی انفرادیت کو واضح کیا گیا ہے۔ ان کی شاعری میں مغربی شعرا کے اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے اور ان کے سرکردہ معاصرین سے موازنہ کرتے ہوئے ان کی انفرادیت کا تعین کیا گیا ہے۔ اس تقابل اور تجزیاتی مطالعے میں یہ بھی دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے کہ دیگر ترقی پسند شعرا کے محبوب اور رومانوی موضوعات کو فیضؔ نے کس انداز سے برتا ہے اور مشترک موضوعات میں وہ کس حد تک اپنی انفرادیت قائم رکھنے میں کامیاب رہے ہیں۔ پانچواں باب فیضؔ کی معنویت نئے ذہن کے لیے عنوان سے

ہے۔اس باب میں نئے ذہن کے لیے فیض کی معنویت کے مسئلے پر بحث کی گئی ہے۔اس کے عناصر ترکیبی کا تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔اس باب میں نئے شعری رجحانات کا بھر پور مطالعہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور ساتھ ہی فیض کی شعری حیثیت کے امکانات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا ہے۔علاوہ ازیں فیض کی شاعری کہاں تک جدید تقاضوں کو پورا کرتی ہے اور وہ کون سے عناصر ہیں جنھوں نے فیض کی شاعری کو دوام بخشا ہے۔

**8۔ عصمت چغتائی: شخصیت اور فن:**

یہ مقالہ ڈاکٹر دل افروز گنجو نے پروفیسر برج پریمی کی نگرانی میں 1986 میں لکھا ہے۔پانچ ابواب میں منقسم اس مقالے کے باب اول کا عنوان عصمت چغتائی کی حیات اور شخصیت ہے۔اس باب میں عصمت چغتائی کی پوری زندگی بچپن سے لے کر ایک باغی کی زندگی تک محیط ہے۔جیسے خاندان اور ولادت، بچپن، ابتدائی تعلیم، قیام علی گڑھ، تخلیقی زندگی کا آغاز، انگارے کی اشاعت اور ڈاکٹر رشید جہاں، عشق، شادی، لحاف کا شاخسانہ، شخصیت، مذہبی اور سیاسی مسلک، عورت کا تصور اور فلموں کے ساتھ وابستگی وغیرہ جیسے ذیلی عنوانات کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے۔باب دوم ذہنی اور فکری پس منظر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں عصمت چغتائی کے سیاسی اور فکری ماحول کا مختصر سا تجزیہ کیا گیا ہے کیوں کہ یہ وہ دور تھا جب ہندستان میں بٹوارے کا زماں تھا۔اس کے ذیلی عنوانات اس طرح ہیں۔سیاسی پس منظر، تحریک خلافت، عدم تعاون اور ستیہ گرہ کی تحریک، ویول پلان، بٹوارہ اور آزادی، فنی پس منظر، چند ادبی تحریکیں، تحلیل نفسی، چشمہ شعور، ترقی پسند تحریک وغیرہ۔باب سوم عصمت چغتائی بحیثیت ناول نگار ہے۔اس باب میں ناول نگاری کے فن کا ایک سرسری مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔اس کے تناظر میں عصمت چغتائی کی ناول نگاری کا ایک معروضی جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔اس باب میں یہ بھی بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ ان کا ناول نگاری کے آرٹ، عالمی روایات پر اس کا فن کھرا اترتا ہے یا نہیں۔عصمت چغتائی کے ناولوں کی مثالوں سے اس بات کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور عملی تنقید سے بھی کام لیا گیا ہے۔ان ناولوں میں ضدی، معصومہ، سودائی، عجیب آدمی، ٹیڑھی لکیر، ایک قطرہ خون اور تین اناڑی کے نام قابل ذکر ہیں۔چوتھا باب عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری ہے۔یہ باب عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔اس میں افسانہ نگاری کا آرٹ، عصمت چغتائی کے چند نمائندہ افسانوں کا فنی تجزیہ، عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری کا فن، عصمت چغتائی کے فنی مقاصد، عریانی اور جنسی، افسانے کے عنوان، پلاٹ، آغاز، انتہا یا نقطۂ عروج، انجام، کردار نگاری، طرز نگارش۔ان ذیلی عنوانات کے علاوہ یہ بھی بتانے کی سعی کی گئی ہے کہ عصمت

چغتائی نے اپنے افسانوں میں کس حد تک فنی لوازمات کا التزام کیا ہے اور عصمت چغتائی کے افسانوں کا تجزیہ معروضی انداز سے کیا گیا ہے۔ مقالے کا پانچواں باب دوسرے کارنامے کے عنوان سے ہے۔ چوں کہ عصمت چغتائی نے نثر کی کئی اصناف میں اظہار خیال کیا ہے۔ اس لیے اس باب میں افسانوں اور ناولوں کے علاوہ ان کی نثر نگاری کے نمائندہ کارناموں پر بحث کی گئی ہے۔ ساتھ ہی اس باب میں ان کے مقام و مرتبے کی بازیافت کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ اس باب کے ذیلی عنوانات اس طرح ہیں۔ خاکہ نگاری، مضمون نگاری، رپورتاژ نگاری، ڈرامہ نگاری۔

**9۔ مولانا ابوالکلام آزادؔ کی نثر نگاری:**

پروفیسر برج پریمی کی سرپرستی میں ڈاکٹر فریدہ کول نے مذکورہ مقالہ 1986 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ سات ابواب پر محیط ہے۔ پہلا باب مولانا ابوالکلام آزادؔ۔ زندگی اور شخصیت کے چند اہم نقوش ہے۔ اس میں مولانا ابوالکلام آزادؔ کی زندگی اور شخصیت کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے اور ان کی تصانیف کی روشنی میں ان کی شخصیت کے اہم نقوش کو اجاگر کیا گیا ہے۔ چوں کہ مولانا ابوالکلام آزادؔ جنگ آزادی ہندستان کے ایک جانباز سپاہی رہے ہیں۔ اس لیے اس باب میں تحریک آزادی میں ان کے کردار کا ایک اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ تحریک آزادی کے ساتھ عملی طور پر وابستہ ہونے کے باوصف مولانا ابوالکلام نے اپنی نثری تحریروں سے ہندستان میں جذبہ حریت پیدا کرنے کے سلسلے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسرا باب مولانا آزادؔ کے پیشرو ہے۔ اس باب میں مولانا ابوالکلام آزادؔ کی نثر نگاری کے اُس پس منظر کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو ان کے پیشرووں نے انفرادی طور پر قائم کی تھی۔ چند اہم نثر نگاروں کے تجربات اور اسالیب پر روشنی ڈالی گئی ہے جو مولانا آزادؔ کے سامنے ایک ادبی روایت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جیسے مرزا غالبؔ، سرسید احمد خاں، مولانا محمد حسین آزادؔ، مولانا الطاف حسین حالیؔ، مولانا شبلیؔ نعمانی۔

تیسرا باب مولانا آزادؔ کی صحافت نگاری ہے۔ اس باب میں ان کے صحافتی کارناموں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔ نیز ان کی صحافت نگاری کے مختلف ادوار کا تجزیہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ اس باب کے کئی ذیلی عنوانات ہیں۔ جیسے مولانا آزادؔ سے قبل صحافت نگاری کا اجمالی جائزہ، مولانا آزادؔ کی صحافت نگاری کے مختلف ادوار، ابتدائی تحریریں، الہلال کا اجرا، البلاغ کا اجرا، الہلال کا احیائے نو ہے۔

چوتھا باب مولانا آزادؔ کی مقالہ نگاری ہے۔ اس باب میں مولانا آزادؔ کے چند مقالات کا تجزیہ پیش کیا

گیا ہے جن کے ذیلی عنوانات میں سیاسی مقالات، تاثراتی مقالات، فلسفیانہ مقالات، دینی مقالات، شخصی مقالات اور تنقیدی مقالات کے نام قابل ذکر ہیں۔ پانچواں باب مولانا ابوالکلام آزاد کے دوسرے نثری کارنامے کے عنوان سے ہے۔اس باب میں مولانا آزاد کے نثری کارناموں کا جائزہ لیا گیا ہے۔اس باب میں مولانا آزاد کی انشائیہ نگاری پر ''غبار خاطر'' کے آئینے میں روشنی ڈالی گئی ہے۔اس کے علاوہ اس باب میں مولانا آزاد کی افسانہ نگاری، ترجمہ نگاری کا بھی ایک اجمالی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ مقالے کا چھٹا باب مولانا آزاد کا اسلوب! اسلوب کیا ہے، مولانا کا اسلوب ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔ یہ باب مولانا آزاد کے اسلوبیاتی تجربات پر مبنی ہے۔مولانا آزاد کے مختلف اسلوبیاتی طرز و تجربات کے مختلف آہنگ پیش کرنے کے لیے اس باب کو چار ذیلی عنوانات میں بانٹا گیا ہے۔ ہر جزوی حصے میں الگ الگ اسلوب کی خصوصیات بیان کر کے مولانا آزاد کی تحریروں میں مثالیں پیش کی گئی ہیں۔ ساتھ ہی ان کا تجزیاتی مطالعہ بھی پیش کیا گیا ہے۔اس باب کے ذیلی عنوانات میں خطابیہ اسلوب، انانیتی و رومانوی اسلوب، طنزیہ ومزاحیہ اسلوب اور مکاتیبی اسلوب کے نام قابل ذکر ہیں۔

مقالے کا ساتواں باب اردو نثر میں مولانا ابوالکلام آزاد کا مقام ہے۔ یہ باب اس مقالے کا آخری اور حاصل مطالعہ ہے۔ یہ باب ان تنقیدی آرا پر مشتمل ہے جو مولانا آزاد کی نثر نگاری کے مطالعے کے دوران پیش کی جا چکی ہیں۔ساتھ ہی ان کی روشنی میں اردو نثر میں مولانا آزاد کا مقام و مرتبہ متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس باب میں بنیادی طور پر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اردو نثر کی تاریخ میں مولانا آزاد کا مقام کس طرح دوسرے نثر نگاروں سے مختلف اور منفرد ہے۔جس میں مقالہ نگار بڑی حد تک کامیاب نظر آتا ہے۔ یہ مقالہ مولانا آزاد پر ایک جامع کتاب کی حیثیت رکھتا ہے۔

**10۔ اردو نثر نگاری میں مولانا ابوالاعلی مودودی کا حصہ:**

ڈاکٹر فریدہ قادری نے مذکورہ مقالہ پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں 1987 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں مولانا مودودی کی سوانح حیات کے بارے میں معلومات کو یکجا کرنے کی سعی کی گئی ہے۔دوسرے باب میں اردو نثر کی ابتدا و ارتقا کا مختصر جائزہ لیتے ہوئے مولانا مودودی کے بعض ممتاز معاصرین کی نثر نگاری پر بحث کی گئی ہے۔مقالے کے تیسرے باب میں مولانا مودودی کی تصانیف علم الکلام، معاشیات، سیاسیات، اخلاقیات، دینیات، عمرانیات، نظام تعلیم، مذہبیات، مولانا کا مذاہب عالم کا تقابلی

مطالعہ، تاریخ پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ ساتھ ہی اس باب میں مختلف سماجی علوم کی روشنی میں ان کا مقام و مرتبہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھے باب میں مولانا مودودی کے اسلوب کی نمائندہ خصوصیات کی نشان دہی کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

**11۔ شیخ ظہور الدین شاہ حاتم دہلوی: حیات اور کارنامے:**

ڈاکٹر غلام نبی بٹ عرف فرید پربتی نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی سرپرستی میں 1995 میں اس موضوع پر مقالہ تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ حیات اور کارنامے کے دو حصوں پر محیط ہے۔ پہلے حصے میں چار ابواب ہیں جس میں شاہ حاتؔم کی سوانح حیات ہے۔ اس میں نہ صرف شاہ حاتؔم کے معاصر تذکروں کو پیش نظر رکھا گیا ہے بلکہ ان اشعار اور حوالوں کو بھی بحیثیت مواد استعمال میں لایا گیا ہے جن کے ذریعے سے ان کی سوانح حیات مرتب کرنے میں مدد ملتی ہے۔ شاہ حاتؔم کی شاعری سے ان کی زندگی کے تاریک گوشوں کو بھی روشن کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ دوسرا باب تلامذہ پر مشتمل ہے۔ اس باب میں نہ صرف شاہ حاتؔم کے معروف اور غیر معروف تلامذہ مثلاً سوؔدا، رنگیؔن، تاباؔں، بیداؔر، نثاؔر وغیرہ کی شعری خدمات کا جائزہ ان کے کلام کی روشنی میں لیا گیا ہے بلکہ اس روایت پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے جو شاہ حاتؔم سے شروع ہوتی ہے اور سوؔدا، شاہ نصیؔر اور ذوؔق سے ہوتی ہوئی داؔغ اور ان کے تلامذہ تک پہنچ جاتی ہے۔ تیسرے باب میں شاہ حاتؔم کے ان معاصرین کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لینے کی سعی کی گئی ہے جن کا ذکر ان کے کلام میں آیا ہے۔ اس میں ایہام گو اور تازہ گو دونوں طرح کے شعرا شامل ہیں۔ کیوں کہ شاہ حاتؔم دونوں تحریکوں کے ساتھ وقتاً فوقتاً وابستہ رہ چکے ہیں۔ اس باب میں ان چند نمائندہ شعرا مثلاً آبرؔو، یک رنگ، مضموؔن، ناجیؔ، مظہر، فائز، یقیؔن اور فغاؔں وغیرہ کی ادبی خدمات کے ساتھ ساتھ ان اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے جو انھوں نے بلا واسطہ یا بالواسطہ اس عہد کی شاعری پر ڈالا۔ اس باب میں ایک اہم مباحثہ یہ ہوا ہے کہ شمالی ہند کا پہلا صاحب دیوان شاعر ہونے کا شرف فائزؔ، آبرؔو یا حاتؔم کو حاصل ہے۔ چوتھے باب میں شاہ حاتؔم کی حیات اور کارناموں کو تذکرہ نگاروں کی آرا کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس ضمن میں شاہ حاتؔم کے عہد سے لے کر عصر حاضر تک کے بیشتر نمائندہ تذکروں سے مواد حاصل کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ دوسرے حصے کے پہلے باب میں شمالی ہند میں اردو شاعری کے ارتقا کا جائزہ شاہ حاتؔم کے زمانہ تک لینے کی کوشش کی گئی ہے۔ شمالی ہند میں اردو شاعری کی ابتدا کن حالات میں ہوئی اور اس کی ترقی و ترویج میں کون کون سے محرکات کارفرما ہیں، اس کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس حصے کے دوسرے باب میں شمالی ہند میں ولؔی کے اثرات کا بھرپور جائزہ لینے کی کوشش کی گئی

ہے۔ایہام گوئی کی ابتدا کے محرکات اوراس کے نفع ونقصان کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔تیسرے باب میں شاہ حاتم کی شعری خصوصیات کو دیوان قدیم اور دیوان زادہ کی روشنی میں دیکھنے کی سعی کی گئی ہے۔ یہ باب اس حصے کا اہم باب بھی ہے کیوں کہ اس میں نہ صرف ان کی شاعری کا جائزہ لیا گیا ہے بلکہ اصلاح زبان کی ان کوششوں کو اجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے جو تاریخی اعتبار سے سب سے پہلے شاہ حاتم نے کیں۔

چوتھے باب میں ان کے نثری کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اس باب میں ان کی نثری خصوصیات کے ساتھ ساتھ دیوان زادہ کے اس دیباچے کا ترجمہ بھی کیا گیا ہے جس کے جا بجا حوالے اس مقالے میں دیے گئے ہیں، جو لسانی اعتبار سے کافی اہمیت کا حامل ہے۔

**12۔ سردار جعفری: حیات اور کارنامے:**

ڈاکٹر محبوبہ وانی کی نگرانی میں پروین کوثر نے 1996 میں اس موضوع پر مقالہ لکھا ہے۔ یہ مقالہ تین ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب سردار جعفری حیات، زمانہ اور فکری پس منظر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں سردار جعفری کی حیات زندگی کے مختلف متعلقات، ان کے عہد، ان کے ذہن، فکری اور ادبی پس منظر سے متعلق ہیں ۔دوسرا باب سردار جعفری کی شاعری ہے۔اس باب میں سردار جعفری کی شاعری کی ابتدا، ان کی شاعری کے متعلق رجحانات، موضوعات، اصناف اور زبان وبیان کی خصوصیات کو اجاگر کیا گیا ہے۔مقالے کا تیسرا باب سردار جعفری بحیثیت نثر نگار کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا آخری باب ہے۔اس میں سردار جعفری کی تنقید نگاری، ترجمہ نگاری، افسانہ نگاری، ان کی صحافتی اور فلمی تحریروں کا عمیق جائزہ لیا گیا ہے۔ساتھ ہی اس باب میں سردار جعفری کو بحیثیت مدیر اور رسائل وجرائد کی ترتیب وتدوین میں ان کے مقام و مرتبے کا محاکمہ بھی کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ اس باب میں رپورتاژ نگاری اور مکتوب نگاری کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا ہے۔

**13۔ اردو میں میر شناسی:**

ڈاکٹر عارفہ بشریٰ نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں 1997 میں اس موضوع پر مقالہ تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر محیط ہے جس کے عنوان کچھ اس طرح ہیں۔ میر اپنی نظر میں، میر تذکروں کے آئینے میں، اردو تحقیق وتنقید میں میر شناسی اور آخری باب کلام میر کے انتخابات پر ایک نظر کے نام سے ہیں۔ عارفہ بشریٰ کا یہ مقالہ دو بار شائع ہوا ہے۔ پہلی بار سنہ 1999 میں اور دوسری بار 2001 میں۔ اس مقالے میں میر کی حیات، خدمات اور شاعری کا ذکر کیا گیا ہے۔ نیز اس تحقیقی مقالے میں اردو میں میر شناسی کی روایت، اہم میر شناس حضرات کا

جائزہ، میر تقی میر پر لکھی جانے والی کتابوں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔

**14۔ اکبر حیدری: حیات اور کارنامے:**

ڈاکٹر محمد جعفر نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں سنہ 1997 میں اس مقالے کو قلم بند کیا ہے۔ یہ سات ابواب پر محیط ہے۔ پہلا باب دو ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے۔ اس باب کا پہلا حصہ حیات اور شخصیت، دوسرا حصہ اکبر حیدری کی زندگی کی اہم تاریخیں کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ان کی سوانح حیات، شخصیت اور اہم ادبی تاریخوں کا مفصل جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم اردو تحقیق کی روایت اور اکبر حیدری کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو تحقیق کا آغاز وارتقا اور اکبر حیدری کے تحقیقی کارناموں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مقالے کا تیسرا باب اکبر حیدری اور مرثیے کی تحقیق ہے۔ اس باب میں محمد جعفر نے اکبر حیدری کی مرثیہ نگاری پر جو تحقیقی کارنامے ہیں، اس پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ باب چہارم مثنوی سحر البیان اور اکبر حیدری کی تحقیق کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں مقالہ نگار نے اکبر حیدری کی مرتبہ سحر البیان کے حوالے سے بحث کی ہے۔ باب پنجم ادبی شخصیتیں اور اکبر حیدری ہے۔ اس میں اس بات کا مفصل اور جامع جائزہ لیا گیا ہے کہ اکبر حیدری نے ادبی شخصیتوں پر کس نوعیت کا کام کیا ہے۔ باب ششم گمنام ادبی شخصیتیں اور اکبر حیدری کی تحقیق ہے۔ جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہو جاتا ہے کہ اس باب میں مقالہ نگار نے اکبر حیدری کی ان ادبی شخصیتوں کا جائزہ لیا ہے جن کا ذکر پہلے نہیں کیا گیا تھا۔ مقالے کا باب ہفتم اکبر حیدری کے چند اور تحقیقی کارنامے کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اکبر حیدری کے متفرق تحقیقی مقالات کا ذکر ملتا ہے۔

**15۔ ماہر القادری کی ادبی خدمات:**

پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں ڈاکٹر عبد المجید گنائی نے سنہ 2004 میں اس مقالے کو لکھا ہے۔ اس مقالے میں مقالہ نگار نے ماہر القادری کی حیات، خاندان، تعلیم، ملازمت، صحافت، شاعری وغیرہ کا جائزہ لیا ہے۔ ماہر القادری کے شعری مجموعوں ''طلسم حیات''، ''نقش توحید''، ''محسوسات ماہر''، ''نغمات ماہر'' اور ''جذبات ماہر'' کے حوالے سے جائزہ لیا گیا ہے۔ اس موضوع پر پنجاب یونی ورسٹی سے عبد الغنی فاروق نے ''ماہر القادری: حیات اور کارنامے'' کے عنوان سے 1990 میں تحقیقی مقالہ لکھا ہے۔ ڈاکٹر عبد المجید گنائی نے ان کی کتاب پر ایم۔ فل بھی کیا ہے۔

**16۔ محمد امین اندرابی: حیات اور کارنامے:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فاروق احمد راتھر نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی سرپرستی میں 2005 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ تین ابواب پر محیط ہے۔ باب اول خاندان اور پیدائش کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اس خاندان کے ورود اور اس کی اہمیت بیان کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب دوم تعلیم اور ملازمت ہے اور باب سوم ادبی کارنامے پر مشتمل ہے۔اس باب میں ادبی کارناموں کے تحت ان تصنیفات و تالیفات کا جائزہ لیا گیا ہے جو انھوں نے ادبی زندگی کے آغاز سے لے کر آخری ایام تک پیش کیں۔اس باب میں مقدمات کے انداز، افادیت اور اہمیت کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

**17۔شمس الرحمان فاروقی: حیات اور کارنامے:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شکیل احمد خاں نے پروفیسر قدوس جاوید کی سرپرستی میں 2006 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول شمس الرحمان فاروقی کی ادبی شخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں شمس الرحمان فاروقی کی ادبی زندگی کا آغاز، ابتدائی ادبی تحریریں، اثرات، نقطۂ نظر کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ باب دوم شمس الرحمان فاروقی کا نظریہ فن ہے۔اس میں کلاسیکیت، ترقی پسند، جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے حوالے سے ان کے نظریہ فن کو پیش کیا گیا ہے۔ باب سوم شمس الرحمان فاروقی کی ادبی شخصیت کی تعمیر اور شعر و ادب کی تشکیل جدید میں ''شب خون'' کا کردار کے عنوان سے ہے۔ باب چہارم شمس الرحمان فاروقی کی شاعری ہے۔ باب پنجم شمس الرحمان فاروقی کی تنقید نگاری ہے۔اس میں قدیم و جدید تنقیدی نظریات / تھیوریز کے حوالے سے، شمس الرحمان فاروقی کی تنقیدی تصانیف کے حوالے سے، ان کے ہم عصر نقاد، گوپی چند نارنگ، حامدی کاشمیری، وزیر آغا، وہاب اشرفی اور سید محمد عقیل کے حوالے سے بحث کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ باب ششم شمس الرحمان فاروقی کی تبصرہ نگاری کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کی تبصرہ نگاری کے فن پر بات کی گئی ہے۔ باب ہفتم شمس الرحمان فاروقی کی ادبی و لسانی تاریخ نگاری اور باب ہشتم میں مقالے کا محاکمہ ہے۔اس میں شمس الرحمان فاروقی کی اہمیت و انفرادیت اور معنویت پر بات کی گئی ہے۔

**18۔ن۔م۔راشد کی شاعری: انحراف اور تعمیر نو:**

ڈاکٹر نگہت بتول نے مذکورہ مقالہ پروفیسر عارفہ بشریٰ کی نگرانی میں سنہ 2017 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر محیط ہے۔ باب اول اردو کی شعری روایت: ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔اس باب میں امیر خسرؔو سے لے کر جدید دور کی شاعری تک کی روایت کو پیش کیا گیا ہے۔اصناف شعری سے لے کر مغربی اثرات

کی جدید نظم تک کے مختلف موضوعی اور ہیئتی تجربوں سے گزرتے ہوئے روایت کا عمومی تعارف اردو نظم کے خصوصی حوالے سے پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ باب دوم شاعری کی روایت سے انحراف کا آغاز اور اس کی نوعیت پر مبنی ہے۔ اس باب میں غزل اور دیگر کلاسیکی اصناف شعر کے مجموعی مزاج، موضوعی اور ہیئتی نوعیت اور اظہار و اسالیب کے معیار سے انحراف کی جو صورتیں نمودار ہوئی ہیں اور نئے عہد کے تقاضوں کے پیش نظر نئے فکری ابعاد بعض نئی ہیئتوں اور اصناف کو جنم دینے کا موجب بنتے ہیں، ان کو پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب سوم راشدؔ کی شاعری کا فکری و فنی نظام کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں راشدؔ کی فکر کے سرچشموں کی تلاش اور فن کے تعلق سے ان کے اجتہادی تصور پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ باب چہارم راشدؔ کی نمائندہ نظموں کے حوالے سے ان کے ہاں انحراف کی مختلف صورتوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب پنجم راشدؔ کی شاعری۔ نئی روایت کی تعمیر و تشکیل کے عنوان سے ہے۔ مقالے کے اس آخری باب میں راشدؔ کی نظم نگاری کے امتیازی نشانات کو تلاش کر کے اردو نظم کی اس تشکیل نو کی نشان دہی کی گئی ہے جو راشدؔ سے منسوب ہے۔

کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں سوانح یا شخصیاتی تحقیق میں کل اٹھارہ مقالات دستیاب ہوئے ہیں، جو مختلف شاعروں، ادیبوں، محققوں اور نقادوں پر تحریر کیے گئے ہیں۔ یہ سارے مقالے اپنی جگہ ایک منفرد مقام اور اہمیت وافادیت کے حامل ہیں۔ ان تمام مقالات میں تحقیق کی پاسداری کی گئی ہے۔

## (2) اصناف پر تحقیق

تحقیق کے مختلف زمروں میں اصناف ادب ایک اہم زمرہ آتا ہے۔ اس تحقیق کے طبقے میں کسی ادیب، شاعر، محقق یا ناقد کا جائزہ کسی صنف کے حوالے سے لیا جاتا ہے۔ جیسے حامدی کاشمیری کی افسانہ نگاری، اردو ناول میں المیہ وغیرہ۔ لیکن اصناف ادب کا جائزہ لیتے وقت صرف آغاز وارتقا، اصناف کی اقسام، تعریف، اعتراضات، عروج وزوال وغیرہ تک ہی محدود نہیں ہوتا ہے بلکہ مختلف اصناف کے اجزائے ترکیبی کے حوالے سے بھی تحقیق کی جاتی ہے۔ جیسے افسانے میں مکالمہ نگاری، اردو ناول میں منظر کشی وغیرہ۔ اس قسم کی تحقیق بھی اصناف ادب میں آتی ہے۔ یہاں ہم اسی قسم کے تحقیقی مقالے دیکھنے کی کوشش کریں گے۔

### 1۔ آغا حشر کاشمیریؔ کی ڈراما نگاری:

پروفیسر شکیل الرحمٰن کی نگرانی میں ڈاکٹر طاہرہ عبداللہ نے یہ مقالہ 1973 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب ڈراما۔ جمالیاتی قدروں پر بحث کی گئی ہے، اور ڈراما کی قدروں میں احساس جمال

کی اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔ رقص اور دیو مالا یا اساطیر میں ڈرامے کی قدروں کو تلاش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دوسرا باب ڈراما کا آرٹ، موضوع، تکنیک اور تاریخی روایت کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ ہے۔ اس میں ڈراما کا آرٹ، موضوع، تکنیک اور تاریخی روایت کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس باب میں ڈرامے کے آرٹ، موضوع، تکنیک اور اسٹیج ڈراما کی اقسام وغیرہ سے بحث کی گئی ہے۔ ہندستانی اور مغربی ڈرامے کی تاریخ کا جائزہ لیا گیا ہے اور ہندستانی اور مغربی ڈرامے کے آغاز کے متعلق مختلف نظریات پیش کیے گئے ہیں۔ مقالے کا تیسرا باب اردو ڈراما کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ ہے۔ اس میں واجد علی شاہ کی رہس، امانت کی اندر سبھا اور دوسرے فوک ڈراموں کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ قدیم اردو تھیٹر، قدیم ڈراما نگاری اور ان کے ڈراموں کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں ان کی تکنیک اور موضوعات پر بھی مفصل بحث کی گئی ہے۔ چوتھا باب آغا حشؔر کاشمیری کی زندگی اور شخصیت کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں آغا حشؔر کی شخصیت، ان کی ازدواجی زندگی، زندگی کے بعض اہم واقعات، تھیٹر میں ان کی آمد اور تھیٹر میں ان کی خدمات، ان کی ادبی اور مجلسی زندگی کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ آغا حشؔر کی ڈراما نگاری اور شاعری کا جائزہ بھی اس باب میں لیا گیا ہے۔

مقالے کا پانچواں باب آغا حشؔر کاشمیری کی ڈراما نگاری: تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ ہے۔ یہ باب اس مقالے کا اہم باب ہے۔ اس میں آغا حشؔر کی ڈراما نگاری کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ اس باب میں ان کے نمائندہ ڈراموں میں ''آفتاب محبت''، ''اسیر حرص''، ''میٹھی چھری''، ''شہید ناز''، ''سفید خون''، ''صید زبوں''، ''خوبصورت بلا''، ''سلور کنگ''، ''یہودی کی لڑکی''، ''آنکھ کا نشہ''، ''دل کی پیاس''، ''رستم وسہراب''، ''خون جگر''، ''ترکی فرشتہ'' وغیرہ کا جائزہ لیا گیا ہے۔ آغا حشؔر کے انگریزی زبان سے ترجمہ کیے گئے مختلف ڈراموں کے حوالے سے بھی اس باب میں بحث کی گئی ہے۔

**2۔ اردو ناول میں کردار نگاری:**

ڈاکٹر شاہدہ پال نے پروفیسر شکیل الرحمٰن کی زیر نگرانی یہ مقالہ 1978 میں لکھا ہے۔ اس مقالے کے چار ابواب ہیں۔ پہلا باب پس منظر کے حوالے سے ہے۔ اس باب میں اردو ناول کے پس منظر کے طور پر داستانوی اور قصوں کی روایات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں اردو کے داستانی ادب کا سرسری مطالعہ پیش کیا گیا ہے اور اردو داستانوں اور اردو قصوں کی کردار نگاری سے بحث کی گئی ہے۔ باب دوم کردار نگاری کا فن اور ناول میں کردار نگاری ہے۔ اس باب میں مغربی ناول نگاری کا سرسری جائزہ لیا گیا ہے۔ مغربی ناول

نگاری کے کس قسم کے اثرات اردو ناول نگاری پر مثبت ہوئے ہیں، ساتھ ہی مغربی ناول کے فن پر بھی بحث کی گئی ہے۔ تیسرا باب اردو ناول میں کردار نگاری کا فن: تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اردو ناولوں میں کردار نگاری کے فن کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں نذیر احمد، سرشارؔ، شررؔ، رسواؔ، راشدالخیری، پریم چند، نیاز فتح پوری اور دوسرے کئی نمائندہ ناول نگاروں کی کردار نگاری کے آرٹ اورفن کو تلاش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس باب میں ترقی پسند تحریک کا خاص طور پر تجزیہ کیا گیا ہے۔اس تحریک کے زیر اثر نمائندہ ناولوں میں کردار نگاری کے فن کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے جس میں قاضی عبدالغفار، سجاد ظہیر، عصمت چغتائی، کرشن چندر اور عزیز احمد کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ان کے ناولوں میں کردار نگاری کے عمل کو تلاش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھا باب نئی فکری تحریکیں اور جدید اردو ناول میں کردار نگاری ہے۔اس باب میں جدید اردو ناولوں میں کردار نگاری کے فن کا مطالعہ کیا گیا ہے۔اس باب میں ان نئی فکری تحریکوں کا ذکر کیا گیا ہے جو انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے دوران وجود میں آئیں اور جنھوں نے اپنی روشنی سے عالمی ادب کو متاثر کیا ہے کیوں کہ ان تحریکوں کے اثرات سے ناول کا دامن نہیں بچ سکا ہے۔ ان تحریکوں میں تحلیل نفسی کی تحریک، وجودیت کی تحریک، ترقی پسند تحریک، رومانوی تحریک وغیرہ کا احاطہ کیا گیا ہے۔

**3۔ جدید اردو غزل میں میرؔ کی روایت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شفیقہ پروین نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی زیرنگرانی میں 1980 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باب اول کا عنوان روایت کا مفہوم اور اس کی اہمیت ہے۔اس باب کے دوسرے حصے میں غزل میں روایت اور تجربہ سے بحث کی گئی ہے۔ پہلے حصے میں روایت کے مفہوم اور اس کی اہمیت وافادیت پر بحث کی گئی ہے اور ساتھ ہی غزل میں روایت اور تجربے پر مفصل گفتگو کی گئی ہے۔

اس مقالے کا دوسرا باب جدید غزل کے تشکیلی عناصر ہے۔اس میں جدید غزل کا پس منظر، جدید غزل اور نئی غزل کے ممتاز شعرا کے کلام سے مثالیں لے کر غزل کے باقاعدہ تغیر کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب سوم میرؔ اور میریت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں میرؔ کے کلام میں جدیدیت کے عناصر اور میریت کی روایت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب چہارم تقسیم کے بعد میریت کا احیا اور نئی غزل میں میریت کی نشان دہی کی گئی ہے۔ یہ مقالے کا آخری باب ہے۔اس میں میرؔ کے کلام میں جدیدیت کے عناصر کے پیش نظر تقسیم کے بعد میریت کی نشان دہی کرنے کی سعی کی گئی ہے۔یعنی میرؔ کے کلام کی خصوصیات کو سامنے رکھ کر نئے شعرا میں میریت کی تلاش کی گئی ہے۔

یہ مقالہ بعد میں ''1947 کے بعد اردو غزل'' کے نام سے شائع ہوا ہے۔

**4۔ وجودیت اور اردو شاعری:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد یوسف شاہ نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1983 میں تحریر کیا ہے۔محمد یوسف شاہ کا یہ مقالہ چار ابواب پر محیط ہے۔ باب اول وجودیت کی فلسفیانہ اساس ہے۔اس باب میں وجودیت کے آغاز وارتقا کا تفصیلی جائزہ لے کر مختلف وجودی مفکرین کے افکار وخیالات کی روشنی میں وجودیت کے مفہوم کو واضح کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ساتھ ہی یہ بھی بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ ابتدا میں وجودیت کی نوعیت محض دینیاتی کیوں تھی اور بعد میں جرمنی سے فرانس پہنچ کر اس کی معنوی ہیئت کیوں اور کس طرح تبدیل ہوگئی۔اس کے علاوہ اس باب میں یہ بھی بتانے کی سعی کی گئی ہے کہ وجودیت کے مفاہیم اور عناصر کس طرح ادب میں سرایت کر گئے اور جدید دور کے نمائندہ ادیبوں کی تخلیقات کا لازمی حصہ بن گئے۔

اس مقالے کا دوسرا باب مغربی ادب میں وجودیت کا رجحان کے عنوان سے ہے۔اس باب میں فرانسیسی اور انگریزی ادب میں وجودیت کے نقوش کی نشان دہی کی گئی ہے۔ساتھ ہی ان فکری وتہذیبی اور سماجی حالات کا جائزہ بھی لیا گیا ہے جن کے زیر اثر مغربی ادیبوں نے وجودیت کے رجحان کو اختیار کیا۔اس باب میں اس بات کی مکمل وضاحت کرنے کی سعی کی گئی ہے کہ ادبی وجودیت کی حیثیت فلسفیانہ وجودیت سے کس حد تک مختلف یا مماثلت رکھتی ہے۔ادیبوں نے وجودیت کو من وعن اپنا لیا ہے یا پھر اس کے بعض عناصر سے استفادہ کیا ہے۔

تیسرا باب قدیم اردو شاعری میں وجودیت کے عناصر ہے۔اس باب میں تصوف اور وجودیت کا تقابلی مطالعہ پیش کر کے اردو کے صوفی شعرا میں وجودی عناصر سے مشابہ عناصر کو تلاش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔اس سلسلے میں خاص طور پر یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ میرؔ اور غالبؔ کے یہاں کہاں اور کس صورت میں یہ عناصر کارفرما ہیں۔اس باب میں اس بات کی بھی وضاحت کی گئی ہے کہ اقبالؔ کے یہاں وجودی اظہار ملتا ہے۔

چوتھا باب جدید اردو شاعری کی فکری اساس کے عنوان سے ہے۔مقالے کے اس آخری باب میں اردو شاعری کے جدید رجحانات کا تفصیلی مطالعہ پیش کیا گیا ہے اور یہ بتانے کی سعی کی گئی ہے کہ نئے شعرا وجودیت کے نئے طرز احساس سے متاثر ہوتے ہیں یا نہیں۔علاوہ ازیں اس باب میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ نئی اردو شاعری میں موجود وجودی عناصر کے پیچھے کون سے محرکات کارفرما ہیں اور اردو شاعری میں وجودی فکر کے اثرات کے تحت کس

طرح کے نئے امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔اس باب میں چند ایک نئے نمائندہ شعرا کی تخلیقات میں وجودی عناصر کا تفصیلی تجزیہ بھی کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

**5۔ داستانی روایت اور اردو ناول:**

یہ تحقیقی مقالہ ڈاکٹر امرناتھ بٹ نے 1984 میں پروفیسر قدوس جاوید کی سرپرستی میں لکھا ہے۔ڈاکٹر امرناتھ بٹ کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول روایت اور داستانی روایت پر لکھا گیا ہے۔اس باب میں روایت اور کلچر، ادبی روایت اور داستانی روایت کی تشکیل پر بحث کی گئی ہے۔باب دوم اردو داستان نگاری: امتیازی رجحانات اور روایات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں پس منظر، اردو داستان نگاری، دکن اور نثری داستان نگاری، فورٹ ولیم کالج سے پہلے اردو داستانیں، فورٹ ولیم کالج میں اردو داستانیں، اردو کے سنسکرت الاصل قصے، رانی کیتکی کی کہانی، لکھنو کی چند معروف داستانیں وغیرہ جیسے موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ تیسرا باب داستانی روایات کا تعین اور فکری وفنی نوعیت کے عنوان سے ہے۔اس میں فوق فطرت سے کیا مراد ہے، اردو داستان اور فوق فطرت، فوق فطرت ایک رومانی زاویہ نگاہ، منظر نگاری کی روایت، تفصیلی بیانات اور علم کی نمائش، داستان اور ناول کا تقابلی مطالعہ وغیرہ جیسے موضوعات پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔چوتھا باب اردو ناول میں داستانی روایت ہے۔اس باب میں اردو ناول، سماجی، ادبی اور فکری پس منظر، مولوی کریم الدین، ڈپٹی نذیر احمد، رتن ناتھ سرشار، عبدالحلیم شرر وغیرہ جیسے ناول نگاروں کا جائزہ لیا گیا ہے۔پانچواں باب جدید دور کا اردو ناول اور داستانی اثرات ہے۔اس میں جدید دور کے مشہور ناول نگاروں کا جائزہ لیا گیا ہے۔جیسے سجاد ظہیر، عزیز احمد، کرشن چندر، جمیلہ ہاشمی، جیلانی بانو وغیرہ۔اس باب میں ناول کی اقسام اور داستانی روح پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

**6۔اردو افسانے میں علامت نگاری:**

پروفیسر مجید مضمر نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1984 میں اس مقالے کو تحریر کیا ہے۔ڈاکٹر مجید مضمر کا یہ مقالہ 1990 میں کتابی شکل میں شائع ہوا ہے۔اردو افسانے میں علامت نگاری کے موضوع پر یہ پہلا مقالہ ہے۔اس مقالے میں افسانہ نگاری کے ابتدائی دور سے حال تک علامت نگاری کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔انھوں نے اس کو مختلف ابواب میں کچھ اس طرح تقسیم کیا ہے۔ادب اور علامت، صنف افسانہ کے تخلیقی امکانات، اردو افسانہ میں علامتی برتاو، روایت اور تجربہ، قرۃ العین حیدر کا تخلیقی برتاو، افسانوں کی روشنی میں امتیاز حسین کا فن، گمشدہ ماضی کی بازیافت، انور سجاد کی افسانوی کائنات، رشید امجد: ریت کے پیکروں کا خالق اور

علامتی افسانے کے پیچ وخم پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

**7۔ اردو افسانے میں حقیقت نگاری:**

یہ مقالہ ڈاکٹر راج کمار سنگھ نے پروفیسر قدوس جاوید کی سرپرستی میں سنہ 1987 میں قلم بند کیا ہے۔اس مقالے میں پانچ ابواب ہیں۔ باب اول حقیقت نگاری مفہوم اور تشریح کے عنوان سے ہے۔اس باب میں حقیقت نگاری کے مفہوم کی تشریح کرتے ہوئے اس کی معنویت اور ادب میں اس کی افادیت پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔افلاطون اور ارسطو سے یونان میں حقیقت نگاری کے تصورات کیا ہیں اور ان تصورات نے ارسطو اور افلاطون کے نظریات نے یورپ پر کون سے اثرات ڈالے اور حقیقت پسندی و حقیقت نگاری کے کون سے تصورات سامنے آئے، ان سب باتوں کا مطالعہ اس باب میں کیا گیا ہے۔علاوہ ازیں اس باب میں کانٹ، ہیگل، کروچے اور دیگر مغربی ومشرقی مفکرین کے فنی نظریات کی روشنی میں حقیقت نگاری کا تعارف کیا گیا ہے۔

داکٹر راج کمار سنگھ کے اس مقالے کا دوسرا باب حقیقت نگاری کے سماجی اور سیاسی اسباب ہے۔اس باب میں یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اردو ادب میں حقیقت نگاری کے رجحان کو ابھارنے میں ایسے کون سے عوامل کارفرما تھے جن کی بنیاد پر اردو کے مصنفین نے ایسا ادب تخلیق کیا جس میں حقیقت نگاری اپنی خوبیوں اور خامیوں کے ساتھ ایک نئے تصور کے طور پر ابھرتی ہے۔تیسرا باب اردو افسانے میں حقیقت نگاری کی مختلف جہتیں کے عنوان سے ہے۔ جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہوجاتا ہے کہ اس باب میں حقیقت نگاری کی مختلف جہتوں مثلاً سیاسی، سماجی، رومانوی، نفسیاتی اور ترقی پسند حقیقت نگاری پر الگ الگ بحث کی گئی ہے۔حقیقت نگاری کے ان جملہ پہلوؤں کی روشنی میں اردو افسانے کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔مقالے کا چوتھا باب جدید اردو افسانے میں حقیقت نگاری کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جدید اردو افسانے میں حقیقت نگاری کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس میں 1960 کے بعد اردو افسانے میں جو ہیئتی اور موضوعاتی تبدیلیاں رونما ہوئیں اس پر بحث کی گئی ہے۔جدیدیت کے میلان سے تعلق رکھنے والے افسانہ نگاروں کے یہاں حقیقت کا کیا تصور ہے اور حقیقت نگاری کا کون سا معیار ہے، اسی کا تجزیہ جدید اردو افسانے کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔ مقالے کا یہ آخری باب چند ایسے نمائندہ افسانوں کے تفصیلی مطالعے پر مشتمل ہے جس کی روشنی میں اردو افسانے کے پورے ارتقائی سفر میں حقیقت نگاری کی پہچان ہوسکتی ہے۔اس باب میں قدیم وجدید ہر دو قسم کے نمائندہ افسانوں کا الگ الگ فنی تجزیہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔جس میں پریم چند، کرشن چندر، عصمت چغتائی، منٹو،

قرۃ العین حیدر، بیدی، انتظار حسین، رتن سنگھ وغیرہ ہیں۔

**8۔ جدید اردو ناول میں المیہ عناصر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد اشرف نے پروفیسر شکیل الرحمٰن کی نگرانی میں 1987 میں تحریر کیا ہے۔محمد اشرف کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول المیہ:تعریف وتشریح کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اردو ناول نگاری کے مختلف ابعاد پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم جدید اردو ناول کا پس منظر المیات کی روشنی میں ہے۔اس باب میں مختلف ناول نگاروں کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ جیسے ڈپٹی نذیر احمد، رتن ناتھ سرشار، عبدالحلیم شرر، راشدالخیری، مرزا محمد ہادی رسوا، پریم چند وغیرہ۔ تیسرا باب جدید اردو ناول میں المیہ عناصر کے منشی پریم چند کے حوالے سے ہے۔اس باب میں منشی پریم چند کے ناول جلوہ ایثار، بازار حسن، نرملا،غبن اور گئو دان کے المیہ عناصر کی نشان دہی کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھا باب دو حصوں پر محیط ہے۔ پہلے حصے میں جدید اردو ناول میں المیہ عناصر سجاد ظہیر،عزیز احمد، کرشن چندر، عصمت چغتائی، قرۃ العین حیدر، راجندر سنگھ بیدی، حیات اللہ انصاری اور اختر اورینوی کے ناولوں میں تلاش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں شوکت صدیقی ، خدیجہ مستور، جمیلہ ہاشمی، عبداللہ حسین، ممتاز مفتی، انتظار حسین، جوگندر پال اور دوسرے کئی ناول نگاروں کا ذکر المیہ عناصر کے طور پر کیا گیا ہے۔

**9۔ پریم چند کے بعد اردو ناول میں نسوانی کردار:**

پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں ڈاکٹر نسرین کوثر نے یہ مقالہ 1989 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جس کے موضوعات کچھ اس طرح ہیں ۔ کردار اور کردار نگاری، مفہوم اور اہمیت، کرداروں کی تقسیم اور پیشکش، نسوانی کرداروں کی اہمیت، 1857 سے پریم چند تک اردو ناولوں میں نسوانی کرداروں کی تخلیق وتشکیل: ایک جائزہ، پریم چند کے معاصر ناول نگار: تجزیاتی مطالعہ، مرزا محمد سعید، فیاض علی، حجاب امتیاز علی، پنڈت کرشن پرشاد کول، مجنوں گورکھپوری، نذر سجاد حیدر، عظیم بیگ چغتائی، نیاز فتح پوری، علی عباس حسینی، قاضی عبدالغفار، سجاد ظہیر، عزیز احمد ، کرشن چندر، عصمت چغتائی، قرۃ العین حیدر، شوکت صدیقی، ممتاز صدیقی، جمیلہ ہاشمی، راجندر سنگھ بیدی، عبداللہ حسین وغیرہ کی کہانیوں میں نسوانی کرداروں کا جائزہ لیا گیا ہے۔اس موضوع کے متعلق چار تصانیف منظر عام پر آچکی ہیں جن میں ''پریم چند کے ناولوں میں نسوانی کردار'' از ڈاکٹر شمیم نگہت سنہ اشاعت 1975، ''کرشن چندر کے ناولوں میں نسوانی کردار'' از مہ نور زمانی بیگم سنہ اشاعت 1987،

''نذیر احمد کے ناولوں میں نسوانی کردار'' از ڈاکٹر زینت بشیر سنہ اشاعت 1991 اور ''مرزا رسؔوا کے ناولوں میں نسوانی کردار'' از ڈاکٹر توحید خاں سنہ اشاعت 1995 کے نام قابل ذکر ہیں۔

**10۔ کرشن چندر کے رومانی کردار:**

ڈاکٹر منظور احمد بابا نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی سرپرستی میں اس مقالے کو 1990 میں تحریر کیا ہے۔ نہ صرف کشمیر یونی ورسٹی بلکہ کہیں سے بھی اس مقالے کی دستیابی ممکن نہیں ہوسکی ہے۔ لہٰذا راقم نے محض اس مقالے کے تعارف پر ہی اکتفا کیا ہے۔

**11۔ اردو غزل میں ہندوستانی موسیقی کے عناصر:**

پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں ڈاکٹر عبدالقیوم قتائی قلمی نام شفق سوپوری نے یہ مقالہ 1993 میں تحریر کیا ہے۔ شفق سوپوری کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول موسیقی کیا ہے؟ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں موسیقی کی معنویت، موسیقی کے عناصر ترکیبی اور موسیقی کی اہمیت وافادیت کے بارے میں معلوماتی بحث کی گئی ہے۔ دوسرا باب ہندستانی موسیقی و دیگر نظام ہائے موسیقی ہے۔ اس باب میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ ہندستانی موسیقی کیا ہے، ہندستانی موسیقی میں راگوں کا حلیہ، ہندستانی موسیقی کی مختلف ہیئتیں، موسیقی میں تال کا نظام، موسیقی کے ساز، ہندستانی موسیقی کی ابتدا و ارتقا، مغربی موسیقی کیا ہے وغیرہ جیسے موضوعات پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ تیسرا باب شاعری اور موسیقی ہے۔ اس باب میں شاعری اور موسیقی کا رشتہ، لسانیات اور موسیقی کا رشتہ، شاعری میں غنائیت پیدا کرنے والے عناصر، اصوات والفاظ، اوزان بحر، ردیف وقافیہ وغیرہ جیسے موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ چوتھا باب اردو غزل اور ہندستانی موسیقی کے عناصر، اس غزل کا صوتی نظام اور شعرا کے کلام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں میر تقی میرؔ، مرزا غالبؔ، علامہ اقبالؔ اور جدید دور کے حسرت موہانؔی کے کلام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ شفق سوپوری کا یہ مقالہ خاصی اہمیت اور انفرادیت کا حامل ہے کیوں کہ موسیقی کے اعتبار سے یہ اپنی نوعیت اکلوتا مقالہ نظر آتا ہے۔ موسیقی شفق سوپوری کا خاندانی پیشہ تھا اس لیے انھوں نے اس مقالے پر بہت حد تک اچھا اور معیاری کام کیا ہے۔

**12۔ احمد ندیم قاسمی کی افسانہ نگاری:**

ڈاکٹر سید طارق احمد نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں 1993 میں یہ مقالہ تحریر کیا ہے۔ باب اول احمد ندیم قاسمی: ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں احمد ندیم قاسمی کے حالات زندگی، شخصیت اور شعری و

نثری خدمات کامختصر جائزہ پیش کیا ہے۔باب دوم احمد ندیم قاسمی کاتخلیقی سفر کے عنوان سے ہے۔اس میں افسانوں کی روشنی میں ان کے تخلیقی سفر کا آغاز وارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔باب سوم احمد ندیم قاسمی کے چند ہم عصر ہے۔اس میں احمد ندیم قاسمی کے ہم عصر افسانہ نگاروں منٹو، کرشن چندر اور بیدی کا جائزہ لیا گیا ہے۔باب چہارم میں احمد ندیم قاسمی کے افسانوں کا موضوعاتی مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس میں سماجی و سیاسی ، ترقی پسند موضوعات، رومانوی موضوعات، تقسیم ہند اور فسادات، دیہاتی زندگی کے موضوعات اور جنگ وجدل جیسے موضوعات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔مقالے کے باب پنجم میں احمد ندیم قاسمی کے افسانوں کا فنی مطالعہ ہے۔اس باب میں کردار نگاری، منظر نگاری، مکالمہ نگاری، علامتی برتاؤ، اسلوب اور زبان و بیان کے بارے میں معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔اس مقالے میں احمد ندیم قاسمی کے جن افسانوی مجموعوں کا تجزیہ کیا گیا ہے، ان میں بگولے، آبلے، سناٹا، آنچل، درودیوار، بازار حیات، طلوع وغروب، گرداب، گھر سے گھر تک، برگ حنا، سیلاب، ترس پاس، نیلا پتھر وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

**13۔ اردو افسانے میں جنسی نفسیات:**

پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں ڈاکٹر عبدالرشید خاں نے 1994 میں یہ مقالہ لکھا ہے۔یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول میں جنس مذاہب کی نظر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جنس سے متعلق مذاہب کا نظریہ پیش کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ام الکتاب قرآن مجید، بائبل، گرنتھ صاحب، بھگوت گیتا اور حضرت محمدؐ کی احادیث کی روشنی میں جنس کی حقیقت اور افادیت کو پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم جنس ماہرین نفسیات کی نظر میں ہے۔اس باب میں جنس کا نفسیاتی سطح پر تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔جنس کے معنی ومفہوم اور اس کی تفسیر وتشریح کے لیے عالمی سطح کے ماہرین نفسیات کی آرا کو اکٹھا کر کے جنس اور زندگی کی باہمی وابستگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔باب سوم ادب میں تصور جنس کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اختصار کے ساتھ عالمی ادب میں جنس کی موجودگی اور نمائندگی پر تبصرہ کیا گیا ہے۔انگریزی اور عربی کے علاوہ فارسی زبان کے بعض فن کاروں کی تخلیقات کی روشنی میں جنس کی ادبی اہمیت وافادیت کو اجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے۔باب چہارم اردو افسانے میں جنس نگاری ہے۔یہ باب مقالے کا کلیدی باب ہے۔اس باب میں اردو افسانے میں جنس نگاری کی تاریخ ترتیب وار پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔باب پنجم مشتے نمونہ ازخروارے ہے۔یہ مقالے کا آخری باب ہے۔اس میں مشہور افسانہ نگار سعادت حسن منٹو اور بلراج مینرا کی دو کہانیاں بطور نمونہ پیش کی گئی ہیں۔

**14۔ نسیم حجازی کی ناول نگاری:**

یہ مقالہ ڈاکٹر غلام احمد بٹ نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں 1996 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب اردو میں تاریخی ناول: روایت اور تجزیہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تاریخی ناول نگاری پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرا باب نسیم حجازی اور ان کے ناول: ایک تعارف ہے۔ اس باب میں نسیم حجازی کی حیات، ادبی سفر اور نسیم حجازی کے ناول اور ان کا تاریخی پس منظر کے طور پر بحث کی گئی ہے۔ تیسرا باب نسیم حجازی کے ناولوں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں نسیم حجازی کے ناولوں پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ داستان مجاہد، محمد بن قاسم، انسان اور دیوتا، آخری چٹان، شاہین، خاک اور خون، یوسف بن تاشتین، معظم علی، اور تلوار ٹوٹ گئی، قیصر وکسریٰ، قافلۂ حجاز، اندھیری رات کے مسافر اور کلیسا اور آگ جیسے ناولوں پر تحقیقی وتنقیدی بحث کی گئی ہے۔ چوتھا باب نسیم حجازی کی ناول نگاری ہے۔ یہ باب محاکمے کے طور پر ہے، اس میں پورے مقالے پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔

**15۔ اردو میں نعت گوئی: روایت اور ارتقا:**

ڈاکٹر غلام نبی بٹ المعروف جوہر قدوسی نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں یہ مقالہ 1996 میں تحریر کیا ہے۔ ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول نعت کیا ہے؟ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں نعت کی تعریف اور حمد، نعت اور منقبت میں تفریق کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب دوم اردو میں نعت گوئی کی روایت ہے۔ اس باب میں اولین نمونہ نعت، دکن میں نعت کی ابتدا اور گیارھویں صدی ہجری کی نعتیہ شاعری پر بحث کی گئی ہے۔ باب سوم اردو میں نعت گوئی کا ارتقا کے عنوان سے ہے۔ اس میں ولی دکنی اور جنوب کے دیگر شعرائے نعت، شمالی ہند میں نعت گوئی کا ارتقا، نعت گوئی میرؔ وسوداؔ سے قبل، صوفیائے کرام کے نعتیہ نمونے، ولیؔ دکنی اور شمال کے دیگر شعرائے نعت، عہد میرؔ وسوداؔ، انشاؔ ومصحفیؔ کا دور، امام بخش ناسخؔ اور ان کے پیروکار، اردو نعت کا تشکیلی دور، امیرؔ و محسنؔ کا دور، نعت گوئی کا دور جدید، نعتیہ گل دستہ، عہد حاضر میں نعت گوئی، 1947 کے بعد پاکستان میں اردو نعت گوئی، 1947 کے بعد ہندستان میں اردو نعت گوئی اور کشمیر میں نعتیہ شاعری پر بحث کی گئی ہے۔ باب چہارم مختلف اصناف سخن میں نعتیہ عناصر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں مثنوی میں نعت، قصیدہ میں نعت، غزل میں نعت، نظم میں نعت، آزاد نظم میں نعت، سانٹ میں نعت، مسدس میں نعت، رباعی میں نعت، قطعہ میں نعت، مرثیہ میں نعت، سلام میں نعت، گیت اور ترانے میں نعت، ترجیع بند میں نعت، مثلث میں نعت اور مخمس میں نعت پر روشنی ڈالی گئی

ہے۔ باب پنجم چند نعت گو شعرا کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں سوؔدا سے شروع ہو کر امیر مینائیؔ، محسنؔ کاکوروی، احمد رضا خاں بریلوی اور احسان دانش تک کی نعت گوئی پر بات کی گئی ہے۔ اس موضوع پر اس مقالے سے پہلے چند کتابیں وجود میں آئی تھیں جن میں ''اردو میں نعت گوئی'' از ڈاکٹر ریاض مجید سنہ 1990، ''اردو شاعری میں نعت: ابتدا سے عہد محسنؔ تک'' از ڈاکٹر اسمٰعیل آزاد فتح پوری سنہ 1992 وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ مذکورہ مقالہ 2002 میں کتابی شکل میں شائع ہوا ہے۔

**16۔ کشمیری لال ذاکر کی ناول نگاری: تحقیقی وتنقیدی جائزہ:**

ڈاکٹر پرویز احمد وانی نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں یہ مقالہ 1999 میں لکھا۔ اس مقالے کے چھے ابواب ہیں۔ پہلا باب کشمیری لال ذاکر: شخصیت اور فن کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں کشمیری لال ذاکر کی سوانح عمری، شخصیت اور فن پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ دوسرا باب کشمیری لال ذاکر کے ناولوں کا تفصیلی تعارف ہے۔ اس باب میں صرف کشمیری لال ذاکر کے ناولوں کی بات کی گئی ہے۔ تیسرا باب ذاکر کے ناولوں کے سوانحی کوائف ہے۔ اس باب میں ناولوں کے سوانحی کوائف پر بحث کی گئی ہے۔ چوتھا باب ذاکر کے ناولوں میں تہذیبی اور معاشرتی شعور کے عنوان سے ہے۔ پانچواں باب ذاکر کے ناولوں میں کشمیر ہے۔ چوں کہ انھوں نے اپنے ناولوں میں کشمیر کو زیادہ پیش کیا ہے۔ اس لیے اس باب میں ان کے ناولوں میں کشمیر کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ چھٹا باب ذاکر کے ناولوں کا فنی تجزیہ کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا آخری باب ہے۔ اس میں کشمیری لال ذاکر کے ناولوں میں فنی لوازمات پر بحث کی گئی ہے۔ ان ناولوں میں آدھے چاند کی رات، اپنی ہواؤں کی خوشبو، درد آشنا میرے، میرا شہر ادھورا سا، کھجوراہو کی ایک رات، ڈوبتے سورج کی کتھا، سندور کی راکھ وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

**16۔ 1947 کے بعد اردو ڈراما: ایک تنقیدی جائزہ:**

ڈاکٹر غلام محی الدین نے پروفیسر منصور احمد میر کی نگرانی میں 2006 میں یہ مقالہ تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول اردو ڈراما آغاز سے 1947 تک: ایک اجمالی جائزہ ہے۔ اس باب میں یونانی اور ہندستانی ڈرامے پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس میں لوک ناٹکوں اور رام لیلاؤں سے پارسی تھیٹریکل کمپنیوں پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ باب دوم اردو ڈراما 1947 سے 1970 تک ہے۔ اس باب میں 1947 سے 1970 تک کے دور کے پس منظر کے ساتھ ساتھ اس دور کے ڈراما نگاروں کے ڈراموں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان

ڈراما نگاروں میں فضل الرحمٰن، شوکت تھانوی، ممتاز مفتی، پروفیسر مجیب، اشک، اشتیاق حسین قریشی، کرشن چندر، بیگم صالحہ عابد حسین، منٹو، قدسیہ زیدی، مرزا ادیب، خواجہ احمد عباس، عصمت چغتائی، راجندر بیدی وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ باب سوم اردو ڈراما 1970 سے تا حال کے عنوان سے ہے۔ یہ باب دراصل باب دوم کا دوسرا حصہ ہے۔ اس باب میں پہلے 1970 سے عصر حاضر تک کے بین الاقوامی اور قومی سطح کے سیاسی، سائنسی، سماجی اور ادبی پس منظر پر ایک طائرانہ نظر ڈالی گئی ہے اور پھر اسی تناظر میں اردو کے ابھرنے والے چند اہم ڈراما نگاروں کے فن کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں حبیب تنویر، ابراہیم یوسف، رفعت سروش، پروفیسر محمد حسن، ساجدہ زیدی، پروفیسر زاہدہ زیدی، ڈاکٹر شکیل الرحمٰن، ساگر سرمدی، زبیر رضوی، شمیم حنفی، کمال احمد، آفاق احمد، انیس اعظمی اور ظہیر انور وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ باب چہارم اردو کے ادبی ڈرامے 1947 کے بعد کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ادبی ڈرامے مراد اور اس کا تعارف کرایا گیا ہے اور پھر اس دور کے ادبی ڈراموں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے جن میں اویس احمد بٹ، سید رفیع الدین اشفاق، قدسیہ زیدی، باسط سلیم صدیقی، شمیم حجازی، ریاض الحسن، سید مرتضیٰ حسین بلگرامی، ریوتی سرن شرما، دلیپ سنگھ، عائشہ احمد، رشید انجم اور آنند لہر کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔ باب پنجم اردو منظوم ڈراما، اوپیرا اور ڈانس ڈراما کے عنوان سے ہے۔ یہاں ان موضوعات کو الگ الگ تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں منظوم ڈرامے کا تعارف اور توضیح کی گئی ہے۔ حصہ دوم میں اوپیرا کے تعارف کے ساتھ ساتھ سلام مچھلی شہری وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرے حصے میں ڈانس ڈراما کے تحت صرف رفعت سروش کے مجموعے ''شعور آگہی'' میں چار ڈانس ڈراموں پر ہی گفتگو کی گئی ہے۔ باب ششم اردو ڈرامے پر جدید یورپی اثرات ہے۔ اس باب میں جن تحریکوں یا رجحانات سے یورپی ڈراموں پر اثرات مرتب ہوئے ہیں، ان پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب ہفتم اردو تھیٹر اور اس کی موجودہ صورت حال کا مجموعی جائزہ ہے۔ اس باب میں تھیٹر اور ہندو پاک کے بہت سارے تھیٹروں کے کام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں جامعہ ملیہ تھیٹر، پرتھوی تھیٹر، اپٹا، نیا تھیٹر گروپ N.S.D اور پاکستان کے بھی چند تھیٹروں کا ذکر کیا گیا ہے۔ آٹھواں باب ماحصل ہے۔ اس میں مقالے کا لب لباب پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

**17۔ اردو میں ادبی تاریخ نویسی کا ایک جائزہ:**

ڈاکٹر کوثر مزمل نے مذکورہ مقالہ پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 2008 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول ادبی تاریخ نگاری: اصول اور تقاضے کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ادبی

تاریخ کے معنی ومفہوم اوراصول ونظریات کے علاوہ ادبی تاریخ کی قدروں اورتقاضوں پرروشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم اردو میں ادبی تاریخ نویسی کا آغاز ہے۔اس میں ادبی تاریخ نویسی کی ابتدا سے لے کرموجودہ دور تک کی ادبی تاریخوں کا اجمالی تعارف پیش کیا گیاہے۔ نیز ادبی تاریخ نویسی کی رفتاراورترقی پر بحث کی گئی ہے۔ باب سوم فن تذکرہ نگاری اورتاریخِ ادب کے عنوان سے ہے۔اس باب میں تذکرہ نگاری کےفن،ادبی تذکرہ نگاری اورادبی تاریخ نویسی نیز بیاضوں اورتذکروں کے درمیان فرق کی بھی مکمل وضاحت کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب چہارم 1947 سے پہلے اردو میں ادبی تاریخ نویسی : چند اہم تاریخوں کا جائزہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں 1947 سے پہلے ادبی تاریخ نویسی کا جائزہ لیا گیا ہےجس کے تحت چند اہم ادبی تاریخوں کا جائزہ لے کران میں درآئے تسامحات کی نشان دہی کی گئی ہے۔انھیں ادبی تاریخ کے اصول ونظریات کی کسوٹی پر پرکھا گیاہے۔ جیسے آب حیات ازمحمدحسین آزاؔد، تاریخ ادب اردو از رام بابوسکسینہ اورداستان تاریخ اردو از حامد حسن قادری۔ باب پنجم 1947 کے بعد اردو میں ادبی تاریخ نویسی: چند اہم تاریخوں کا جائزہ ہے۔اس باب میں چوتھے باب کی طرح 1947 کے بعد ادبی تاریخ نویسی کا جائزہ لے کر چند اہم ادبی تاریخوں کومدنظر رکھتے ہوئے ان پر بحث کی گئی ہے جن میں علی گڑھ تاریخ ادب اردو، تاریخ ادب اردو از ڈاکٹر جمیل جالبی کے نام شامل ہیں۔ یہ دونوں ابواب اس مقالے کے اہم اوربنیادی ابواب ہیں۔

**18۔ گوپی چند نارنگ کی تنقید نگاری:**

ڈاکٹر شہنواز پروین نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں یہ مقالہ 2008 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول گوپی چند نارنگ: ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔اس باب میں گوپی چند نارنگ کی ادبی زندگی کے بارے میں مفصل بحث کی گئی ہے۔ باب دوم گوپی چند نارنگ کی تصنیفات ہے۔اس میں ان کی تنقیدی تصنیفات پرروشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم گوپی چند نارنگ اورلسانی وادبی تحریکات ونظریات کے عنوان سے ہے۔اس میں لسانی نظریات پر بحث کی گئی ہے۔ باب چہارم گوپی چند نارنگ کی تنقید نگاری کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا کلیدی باب ہے۔اس میں اصل موضوع کی طرف مقالہ نگار نے آکر گوپی چند نارنگ کی تنقید نگاری کے بارے میں مفصل بحث کی ہے۔ باب پنجم گوپی چند نارنگ کی تنقید نگاری: معاصرین کی نظر سے ہے۔ اس باب میں گوپی چند نارنگ کومعاصرین کی نظر میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس مقالے میں گوپی چند نارنگ اوراردو کے رشتے کو بیان کیا گیاہے۔

**19۔ شہریارؔ کی شعری خدمات:**

ڈاکٹر فرید پربتی کی نگرانی میں ڈاکٹر گلزار احمد وانی نے یہ مقالہ 2010 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ اسی یعنی 2010 میں ہی کتابی شکل میں شائع ہوا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول شہریارؔ: تعارف کے عنوان سے ہے۔اس میں شہریارؔ کی ادبی زندگی اور شخصیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم شہریار کی شاعری: منظر اور پس منظر کے عنوان سے ہے۔اس میں شہریارؔ کی شاعری کے منظر و پس منظر پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم شہریارؔ کی غزل گوئی ہے۔ یہ باب دو حصوں پر محیط ہے۔ایک حصہ صرف شہریارؔ کی غزل گوئی کے بارے میں ہے اور دوسرا حصہ شہریارؔ کی نظم نگاری کے بارے میں ہے۔ باب چہارم شہریار کی شاعری کے امتیازات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں شہریارؔ کے شعری امتیازات کے بارے میں مفصل بحث کی گئی ہے۔ڈاکٹر گلزار احمد وانی نے اس کے علاوہ اردو اور کشمیری میں دس کتابیں تحریر کی ہیں۔جن میں وادی امکان، تخلیق و تفہیم، اوراق اردو، کلام شیخ العالم معنی سے مفہوم تک، معصوم کی پکار، برگ و بار، شاہین بچوں کے اقبال، کہوٹ، پاون کا شر گرائمر کے نام قابل ذکر ہیں۔

**20۔ اردو افسانے میں کردار نگاری (1960 تک):**

یہ مقالہ ڈاکٹر جنید اختر نے مجید مضمر کی نگرانی میں 2010 میں پایۂ تکمیل کو پہنچایا ہے۔ان کا یہ مقالہ چھے ابواب پر محیط ہے۔ باب اول صنف افسانہ اور کردار کے نام سے ہے۔اس میں افسانے کی تعریف اور کردار کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم میں اردو فکشن میں کردار نگاری کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم اردو افسانے میں کردار نگاری کی پیش کش 1935 سے قبل کے نام سے ہے۔اس باب میں 1935 تک کے افسانوں کے کرداروں کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔ باب چہارم اردو افسانے میں کردار کی پیش کش 1935 سے 1947 تک کے عنوان سے ہے۔اس باب میں باب سوم کی طرح 1935 سے 1947 تک کے افسانوں کے کرداروں پر بات کی گئی ہے۔ باب پنجم اردو افسانے میں کردار کی پیش کش 1947 سے 1960 تک ہے۔ یہ باب بھی باب سوم اور چہارم کی طرح ہے۔ باب ششم اردو افسانے کے چند نمائندہ کردار (ابتدا سے 1960 تک) کے عنوان سے ہے۔اس باب میں 1960 کے چند منتخب افسانوں کے کرداروں کو مدنظر رکھ کر بحث کی گئی ہے۔یعنی اس باب میں جدیدیت تک کے افسانوں کے کردار پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

**21۔ پروین شاکر کی شاعری:**

ڈاکٹر طاہرہ سعید نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 2012 میں اس مقالے کو تحریر کیا ہے۔ان کا یہ تحقیقی مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول پروین شاکر کی شخصیت کے نام سے ہے۔اس باب میں پروین شاکر کی ادبی زندگی اور شخصیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرا باب پروین شاکر کی نظم نگاری کے نام سے ہے۔اس باب کے دو ذیلی عنوانات اردو میں نظم نگاری کا منظر نامہ اور پروین شاکر کی نظمیہ شاعری کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ باب سوم پروین شاکر کی غزل گوئی کے عنوان سے ہے۔اس باب کے بھی دو ذیلی عنوانات اردو میں غزل گوئی کا منظر نامہ اور غزل گوئی میں پروین شاکر کا اجتہاد میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باب چہارم پروین شاکر کی شاعری کی انفرادی خصوصیات ہے۔اس باب میں پروین شاکر کے شعری مجموعوں خود کلامی، انکار، خوشبو، صد برگ، ماہ تمام کی روشنی میں ان کی شاعرانہ خوبیاں اور شاعری میں ان کے مقام و مرتبے کا تعین کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

**22۔ وارث علوی کی افسانوی تنقید: ایک جائزہ:**

ڈاکٹر شاہ فیصل جان نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں یہ مقالہ 2012 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں پانچ ابواب ہیں۔ پہلا باب اردو میں افسانوی تنقید کی روایت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں افسانوی تنقید کے ہر دور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرا باب وارث علوی کی تنقید نگاری ہے۔اس میں وارث علوی کے ان تنقیدی نظریات پر مفصل بحث کی گئی ہے، جو انھوں نے اپنے افسانوں میں پیش کیے ہیں۔ تیسرا باب افسانے سے متعلق وارث علوی کی تنقیدی تصانیف کا تفصیلی جائزہ کے نام سے ہے۔اس باب میں وارث علوی کی تنقیدی کتابوں کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ چوتھا باب وارث علوی کی افسانوی تنقید کے امتیازات کے عنوان سے ہے۔ پانچواں باب وارث علوی کی تنقید نگاری: زبان کا منفرد برتاؤ کے نام سے ہے۔اس باب میں وارث علوی کی تنقید نگاری کے اسلوب اور تکنیک پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

**23۔ اردو افسانہ اور برصغیر کا بدلتا اقداری نظام:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فیروز احمد میر المعروف فلک فیروز نے پروفیسر عارفہ بشریٰ کی نگرانی میں 2014 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول برصغیر کا اقداری نظام: تسلسل اور تغیرات کے نام سے ہے۔ باب دوم اردو افسانے میں برصغیر کے اقداری نظام کی عکاسی ہے۔ باب سوم تقسیم ہند اور اردو افسانہ کے عنوان سے ہے۔ باب چہارم جدید اردو افسانہ اور برصغیر کا بدلتا اقداری نظام کے عنوان سے ہے۔ مجموعی طور پر مقالہ نگار نے اس مقالے میں موجودہ برصغیر کے تہذیبی بکھراؤ اور اقداری نظام کے بکھراؤ یعنی فرقہ واریت،

مذہب سے دوری، مندر ومسجد کے جھگڑے، علاقائی تعصب، انسانی حقوق کی پامالی، جنسی استحصال، فرضی انکاؤنٹروں میں معصوم لوگوں کو دولت اور ترقی کی خاطر قتل عام کرنا وغیرہ جیسے معاملات پر گفتگو کی ہے۔

**24۔ اردو افسانے میں منظر نگاری:**

ڈاکٹر شیخ مختار احمد نے پروفیسر منصور احمد میر کی سرپرستی میں یہ مقالہ 2014 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے کی فراہمی ممکن نہیں ہوسکی ہے جس کی وجہ سے اس مقالے کے بارے میں مکمل وضاحت کرنا ممکن نہیں۔ البتہ میری واقفیت کے مطابق اس مقالے میں اردو افسانوں میں منظر نگاری کے متعلق بحث کی گئی ہے۔ پریم چند سے لے کر دور جدید تک کے تمام افسانہ نگاروں کے یہاں منظر نگاری کا ایک عمدہ جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ جیسے پریم چند کے یہاں دیہاتی مسائل کی منظر نگاری کی عکاسی کی گئی ہے۔ اسی طرح کرشن چندر کے ہاں کشمیر کی منظر کشی، عصمت چغتائی کے یہاں شہروں کی منظر نگاری پر مفصل بحث کی گئی ہے۔

**25۔ اردو میں مذہبی ادب کی روایت اور نعیم صدیقی کی ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر تجمل اسلام نے پروفیسر منصور احمد میر کی نگرانی میں 2017 میں تحریر کیا ہے۔ تجمل اسلام کا یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب اردو میں مذہبی ادب کی روایت: ایک عمومی جائزہ کے عنوان سے ہے۔ دوسرا باب نعیم صدیقی: شخصیت، مذہبی اور علمی نشوونما کے نام سے ہے۔ اس باب میں نعیم صدیقی کے حالات زندگی، شخصیت، مذہبی شخصیت، ادبی شخصیت اور علمی شخصیت جیسے موضوعات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرا باب نعیم صدیقی کی شاعرانہ خصوصیات کے نام سے ہے۔ اس میں مقالہ نگار نے نعیم صدیقی کی نعت گوئی، غزل گوئی اور نظم نگاری کی شاعرانہ خصوصیات بیان کی ہیں۔ چوتھا باب نعیم صدیقی کی نثر نگاری ہے۔ اس باب میں ان کی صحافت، تنقید نگاری، تبصرہ نگاری اور مضامین کے حوالوں سے بحث کی گئی ہے۔ پانچویں باب میں نعیم صدیقی کی سیرت نگاری اور ان کی تصنیف محسن انسانیت کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ مقالے کا چھٹا باب اردو میں مذہبی ادب کی روایت کے تناظر میں نعیم صدیقی کی ادبی خدمات کا مجموعی جائزہ کے عنوان سے ہے۔ مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ زیر بحث مقالے میں نعیم صدیقی کی تصنیفات محسن انسانیت، المودودی، تحریکی شعور، تحریک اسلام اور دوسری اجتماعی تحریکوں کے مقابل میں، حق وباطل، اپنی اصلاح آپ، بنیاد پرستی، ہندستان کے مساوات اور ان کا علاج، نور کی ندیاں رواں، پھر ایک کارواں لٹا وغیرہ کا جائزہ خصوصی مذہبی ادب کے حوالے سے لیا گیا ہے۔

**26۔ جدید اردو شاعری اور ناسٹلجیا 1960 کے بعد:**

مذکورہ مقالہ ڈاکٹر عاشق احمد ناؤ نے ڈاکٹر عرفان احمد ملک کی سرپرستی میں 2016 میں مکمل کیا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر محیط ہے۔ باب اول ناسٹلجیا کی تعریف کے عنوان سے ہے۔اس کے کئی عنوانات ہیں۔جن میں ناسٹلجیا کے منفی اور مثبت پہلو، ناسٹلجیا کی مختلف نوعیتیں، اسالیب اور اظہار کی صورتیں شامل ہیں۔ باب دوم اردو شعرو ادب میں ناسٹلجیا کی روایت کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں دو ذیلی عنوانات اردو شاعری میں ناسٹلجیا کے نمونے اور اردو نثر میں ناسٹلجیا ہے۔ باب سوم جدید اردو شاعری اور ناسٹلجیا 1960 کے بعد کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا کلیدی باب ہے۔ مقالے کے اس باب کے بھی دو حصے ہیں۔ جدید اردو غزل میں ناسٹلجیا کے عناصر اور جدید اردو نظم میں ناسٹلجیا کے عناصر ہے۔ باب چہارم ناسٹلجیا کے نمائندہ جدید شعرا کا تفصیلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس کے بھی دو حصے ناصر کاظمی (غزل گو) اور اختر الایمان (نظم) کے ہیں۔

**27۔ قرۃ العین حیدر: غیر افسانوی ادب اور تراجم:**

یہ مقالہ ڈاکٹر خضر محمد وانی نے ڈاکٹر کوثر رسول کی نگرانی میں 2017 میں پایہ تکمیل کو پہنچایا ہے۔ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول قرۃ العین حیدر کا ادبی سفر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں قرۃ العین حیدر کی اہم تخلیقی کاوشوں کا مفصل جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ دوسرا باب قرۃ العین حیدر کی رپورتاژ نگاری کے نام سے ہے۔اس باب میں قرۃ العین حیدر کے رپورتاژی مجموعوں ''کوہ دماوند'' اور ''ستمبر کا چاند'' کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ تیسرا باب قرۃ لعین حیدر کی خاکہ نگاری ہے۔اس باب میں قرۃ العین حیدر کی خاکہ نگاری '' پکچر گیلری' ' کے حوالے سے بہترین انداز میں پیش کی گئی ہے۔ چوتھا باب قرۃ العین کی مضمون نگاری کے عنوان سے ہے۔اس باب میں متعدد عنوانات کے تحت ان کے جو مضامین مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہوئے تھے، ان پر تبصرہ کیا گیا ہے۔ پانچواں باب قرۃ العین حیدر کے تراجم کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا آخری باب ہے۔ اس میں قرۃ العین حیدر کے تراجم کا عمدہ جائزہ لیا گیا ہے۔

**27۔ اردو تنقید میں حالؔی شناسی:**

یہ مقالہ ڈاکٹر میر شائقہ نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 2018 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کے پانچ ابواب ہیں۔ پہلا باب حیات حالؔی اور اردو تنقید و تحقیق کے عنوان سے ہے۔اس باب میں الطاف حسین حالؔی کی سوانح حیات اور ادبی زندگی اور اردو تنقید کے آغاز و ارتقا پر اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ دوسرا باب حالؔی کی

شاعری اور اردو تنقید کے حوالے سے ہے۔اس باب میں نظم حالؔی، مسدس، پیامی شاعر، نظم معرا اور شعری اسلوب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔تیسرا باب تنقیدات حالؔی اور اردو تنقید کے عنوان سے ہے۔اس باب میں حالؔی کی تنقید نگاری اور اردو تنقید نگاری پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ چوتھا باب حالؔی کی نثر اور اردو تنقید کے نام سے ہے۔اس باب میں حالؔی کی سوانح عمریاں، مکاتیب اور مقالات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔پانچواں باب اردو میں حالؔی شناسی کے نمایاں خدو خال کے عنوان سے ہے۔اس میں اردو تنقید میں حالؔی شناسی کے نمایاں خدوخال پر بہترین بحث کی گئی ہے۔

مذکورہ مقالات کے علاوہ جن مقالات پر تحقیقی کام جاری ہے ان کا تعارف نیچے پیش کیا جارہا ہے۔

''اردو میں افسانوی تنقید 1947 سے 2010 تک''، مقالہ نگار اشفاق احمد گنائی

''اردو غزل کے اہم پڑاو: ایک تاریخی اور تنقیدی مطالعہ''، مقالہ نگار اعجاز احمد ریشی

''اردو ناول میں مزاحمت اور اجتہاد 1960 سے 2010 تک''، مقالہ نگار عابد نورالامین

''اردو رباعی گوئی 1700 سے 2000 تک: ایک موضوعاتی اور فن کارانہ مطالعہ''، مقالہ نگار سمیع اللہ بٹ

''مشرف عالم ذوقی بحیثیت فکشن نگار ایک تنقیدی و تحقیقی مطالعہ''، مقالہ نگار شافیہ بانو

''اردو ناول میں حیات اور اسلوب کے تجربات (مخصوص ناول نگاروں کے حوالے سے)''، مقالہ نگار محمد لطیف

''اردو میں سیرت نگاری 1960 سے 2000 تک''، مقالہ نگار محمد اشرف

''اردو طنز و مزاح اور کنہیا لال کپور''، مقالہ نگار صلاح الدین شاہ

''اردو خودنوشت میں نفسیاتی کشمکش 1947 سے 2000 تک کی نمائندہ خودنوشتوں کے حوالے سے''، مقالہ نگار عبدالباسط ہارون

''فکشن شعریات اور فکشن نگاری: ایک تجزیاتی مطالعہ''، مقالہ نگار محمد اقبال لون

## (3) رجحان، تحریک، دبستان

اس طبقے میں ان موضوعات کا انتخاب کیا جاتا ہے۔جن کا تعلق کسی رجحان، تحریک یا دبستان سے ہو۔ جب ریسرچ اسکالر رجحان، تحریک یا دبستان کے حوالے سے کام شروع کرے تو سب سے پہلے اسے چاہیے کہ اس رجحان، تحریک یا دبستان کے بارے میں اچھی خاصی معلومات حاصل کرے۔ اردو ادب میں بہت سارے رجحان، تحریک اور دبستان وجود میں آئے۔جیسے سرسید تحریک، ترقی پسند تحریک، اصلاح زبان تحریک، جدیدیت کا رجحان، مابعد جدیدیت کا رجحان، وہابی تحریک، انجمن پنجاب، حلقہ ارباب ذوق، دبستان دہلی، دبستان لکھنو،

دکن حیدرآباد، بھوپال، کشمیر، لاہور، رام پور، عظیم آباد وغیرہ۔

**1۔ اردو ناول پر فکری اور ادبی تحریکوں کے اثرات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر گلزار احمد بٹ نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1991 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول تحریک، رجحان اور ادب کے عنوان سے ہے۔اس باب کے ذیلی باب تحریک کیا ہے، تحریک اور رجحان میں فرق، ادبی تحریک اور غیر ادبی تحریک، ادب میں تحریکوں کا رول پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ باب دوم علی گڑھ تحریک اور اردو ناول کے نام سے ہے۔اس کے ذیلی عنوانات علی گڑھ تحریک: ایک تعارف، اردو ناول پر علی گڑھ تحریک کے اثرات، نذیر احمد، سرشار، شرر، راشد الخیری، رسوا اور دوسرے ناول نگاروں کو مدنظر رکھ کر ان پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم پریم چند اور فکری تحریکیں کے عنوان سے ہے۔اس کے بھی کئی ذیلی حصے ہیں، جن میں پریم چند: فکری پس منظر، پریم چند کے ناول پر مختلف فکری اور ادبی تحریکوں اور رجحان کے اثرات، برہمو سماج، آریہ سماج، گاندھیائی رجحان اور تحریک آزادی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ باب چہارم ترقی پسند تحریک اور اردو ناول کے عنوان سے ہے۔اس باب کے ذیلی عنوانات میں ترقی پسند تحریک کا پس منظر، اردو ناول پر ترقی پسند تحریک کے اثرات، سجاد ظہیر، عزیز احمد، کرشن چندر، ابراہیم جلیس، عصمت چغتائی، شوکت صدیقی کے ناولوں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ باب پنجم نفسیاتی رجحان اور اردو ناول کے عنوان سے ہے۔اس کے ذیلی عنوانات میں ادب میں نفسیاتی رجحان، اردو ناول پر نفسیاتی رجحان کے اثرات، عصمت چغتائی، عزیز احمد، ممتاز مفتی اور بیدی کے ناولوں پر بحث کی گئی ہے۔ باب ششم تقسیم ہند اور اردو ناول کے عنوان سے ہے۔اس باب کے ذیلی عنوانات تقسیم ہند: پس منظر، تقسیم ہند کا المیہ اور اردو ادب، تقسیم ہند کا المیہ اردو ناول میں ایک اہم رجحان کی حیثیت سے، قرۃ العین حیدر، خدیجہ مستور، عبداللہ حسین، انتظار حسین اور حیات اللہ انصاری کے بارے میں مفصل بحث کی گئی ہے۔

**2۔ اردو غزل: جدیدیت سے مابعد جدیدیت تک 1960 سے 2002 تک:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شبینہ پروین نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 2006 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باب اول اردو ادب میں رجحان کی تشکیل کے مسائل کے نام سے ہے۔اس باب میں رجحان کی تعریف اور اس کے مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ باب دوم جدیدیت سے پہلے اردو غزل کا منظر نامہ کے نام سے ہے۔اس باب میں جدیدیت اور اس سے پہلے اردو غزل کی ہیئت اور منظر نامے پر روشنی ڈالی گئی

ہے۔ باب سوم جدیدیت اور اردو غزل کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جدیدیت میں اردو غزل کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ باب چہارم مابعد جدیدیت اور اردو غزل کے نام سے ہے۔اس باب میں مابعد جدیدیت میں اردو غزل کے رموز کو دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

**3۔ اردو تنقید کی نئی جہات: ہیئتی تنقید سے اکتشافی تنقید تک:**

ڈاکٹر مشتاق حسین نے پروفیسر قدوس جاوید کی سرپرستی میں یہ مقالہ 2007 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ تحقیقی مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب اردو میں ہیئتی تنقید کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ہیئتی تنقیدی نظریہ کے بارے میں بات کی گئی ہے۔ دوسرا باب اردو میں تانیثی تنقید کے عنوان سے ہے۔اس باب میں تانیثی نظریہ تنقید کے تعارف اور اس کے اصول وضوابط پر بات کی گئی ہے۔ تیسرا باب اردو میں ساختیاتی تنقید کے نام سے ہے۔اس میں ساختیاتی نظریے کے تعارف اور اصول پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ چوتھا باب اردو میں فارسی اساس تنقید کے نام سے ہے۔اس میں فارسی اساس تنقیدی نظریے پر اچھی خاصی بحث کی گئی ہے۔ پانچواں باب اردو میں امتزاجی تنقید کے عنوان سے ہے۔اس میں بھی امتزاجی تنقیدی نظریے پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ اس مقالے کا آخری یعنی چھٹا باب اردو میں اکتشافی تنقید کے عنوان سے ہے۔اس میں اکتشافی تنقیدی نظریے کے اصول اور تعارف کو پیش کیا گیا ہے۔

**4۔ اردو زبان وادب کی ترقی میں مستشرقین کا حصہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر اسرار احمد ڈار نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 2008 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر محیط ہے۔اس مقالے کا پہلا باب اردو زبان وادب کی ترقی میں مستشرقین کا حصہ کے نام سے ہے۔اس باب کے ذیلی عنوانات اردو زبان کی ابتدا میں مستشرقین کا حصہ، اردو لغت نگاری میں مستشرقین کا حصہ اور اردو قواعد نگاری میں مستشرقین کا حصہ ہے۔ دوسرا باب اردو نثر کے تراجم میں مستشرقین کا حصہ ہے۔ اس باب کے ذیلی عنوانات اردو سے انگریزی میں (خصوصاً فورٹ ولیم کالج کے حوالے) اور انگریزی سے اردو میں (دلی کالج کے حوالے سے) درج ہے۔ تیسرا باب مستشرقین کی اردو شعری خدمات کے نام سے ہے۔ چوتھا باب اردو ادبی تاریخ نویسی میں مستشرقین کا حصہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ادبی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے ادبی تاریخ میں مستشرقین کے حصے کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔اس مقالے کا پانچواں اور آخری باب یورپ اور امریکہ میں اردو تعلیم وتصنیف میں مستشرقین کا حصہ کے عنوان سے ہے۔

**5۔ اردو ناول کا نیا منظر نامہ 1980 سے 2005 تک:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ظہور احمد خاں نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 2010 میں قلم بند کیا ہے۔ اس مقالے کی دستیابی ممکن نہ ہونے کی وجہ سے اس کے بارے میں پوری معلومات کی وضاحت ممکن نہیں ہے۔ لیکن چند باتوں کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ یہ کہ اس مقالے میں اردو ناول نگاری کی روایت اور اہم ناول نگاروں کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ مقالہ نگار نے اس مقالے میں اردو ناول کے نئے منظر نامے 1980 سے 2005 تک پر مفصل بحث کی ہے۔ اس دور میں قاضی عبدالستار کا خالد بن ولید، تاجم سلطان، غالب، عبداللہ حسین کا اداس نسلیں، نادار لوگ، قید اور باگھ، بانو قدسیہ کا راجہ گدھ، خدیجہ مستور کا زمین، پیغام آفاقی کا مکان، جیلانی بانو کا بارش سنگ، راستہ بند ہے، جمیلہ ہاشمی کا دشت سوس، روحی، عبدالصمد کا دو گز زمین کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

**6۔ اردو ناول میں تانیثیت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر کوثر رسول نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 2010 میں مکمل کیا ہے۔ اس مقالے کے پانچ ابواب ہیں۔ باب اول تانیثیت: تعارف و تجزیہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تانیثیت کی تحریک، اس کا پس منظر اور اس کے پس منظر میں جو اغراض و مقاصد رہے ہیں، ان کا تجزیہ کرنے کے ساتھ ساتھ اس سے ابھرنے والے مختلف و متضاد نظریات کے تاریخی پہلوؤں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب دوم اردو میں تانیثی تنقید کے نام سے ہے۔ اس باب میں انگریزی اور دیگر ادبیات میں تانیثی تنقید میں Gyno Criticism کے آغاز و ارتقا کا جائزہ لیا ہے۔ اس باب میں اردو میں خواتین کی تنقید نگاری کا بھی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس مقالے کا باب سوم اردو کی خواتین ناول نگاری اور ان کا لسانی برتاؤ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو میں ناول نگاری اور خواتین کی ناول نگاری 1950 تک کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب چہارم اردو ناول میں تانیثیت 1960 سے پہلے کے نام سے ہے۔ اس باب میں 1960 سے پہلے کے ناولوں میں سب سے پہلے ڈپٹی نذیر احمد کے مراۃ العروس کو لیا گیا ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی اور اہم باب ہے۔ باب پنجم اردو ناول میں تانیثیت 1960 کے بعد کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں 1960 کے بعد تانیثیت کے حوالے سے ناولوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ باب بھی اس مقالے کا بنیادی باب ہے۔ اس موضوع پر فہمیدہ کبیر نے 1992 میں ''اردو ناول میں عورت کا تصور'' اور عقیلہ جاوید نے 2005 میں ''اردو ناول میں تانیثیت'' کے عنوان سے کتابیں لکھی ہیں۔ ان تینوں میں موضوع اور مواد

کے حوالے سے تفریق کرنا مشکل معلوم ہوتا ہے۔

**7۔ اردو افسانے کی تنقیدی تاریخ 1936 سے 2009 تک:**

یہ مقالہ ڈاکٹر مشتاق حسین مغلو نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 2014 میں پایہ تکمیل کو پہنچایا ہے۔ اس مقالے میں اردو افسانے کی تنقیدی تاریخ کا جائزہ 1936 سے 2009 تک لیا گیا ہے۔ ترقی پسند تحریک کے آغاز کے ساتھ ہی افسانہ نگاری پر تنقید کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ پھر جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے آغاز سے اس میں کچھ زیادہ ہی دلچسپی ہونے لگی ہے۔ مقالہ نگار نے ان تمام تحریکات اور تحریکات سے باہر افسانوی تنقید کی تاریخ پر روشنی ڈالی ہے۔

**8۔ اردو کی مزاحمتی شاعری 1857 کے بعد:**

یہ مقالہ ڈاکٹر کفایت حسین نے پروفیسر منصور احمد میر کی نگرانی میں 2015 میں لکھا ہے۔ اس مقالے میں مزاحمتی شاعری کی روایت، اس کی اہمیت وافادیت اور نمائندہ شعرا کے کلام میں مزاحمتی شاعری کے عناصر پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ان شعرا میں حبیب جالب، ساقی فاروقی، ظفر اقبال، احمد فراز، احمد ندیم قاسمی، پروین شاکر، جوش ملیح آبادی، تبسم کاشمیری، ظہیر کاشمیری، فہمیدہ ریاض، فیض احمد فیض، قتیل شفائی، کشور ناہید کے مزاحمتی کلام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رشید امجد نے مزاحمتی ادب اردو کے موضوع پر 2005 میں کتاب لکھی ہے۔ ان کی یہ کتاب زیر بحث مقالے کے موضوع سے مناسبت رکھتی ہے۔

**9۔ مارکسزم اور اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک:**

یہ مقالہ ڈاکٹر بلال احمد وانی نے پروفیسر عارفہ بشریٰ کی نگرانی میں 2016 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے کے چار ابواب ہیں۔ باب اول مارکسی فلسفے پر محیط ہے۔ اس باب میں مارکس کی تعریف اور فلسفے کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ اس کے بعد مارکسی فلسفے پر بات کی گئی ہے۔ باب دوم ادب اور مارکسزم کے نام سے ہے۔ اس باب میں ادب اور مارکسزم کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم انجمن ترقی پسند مصنفین اور مارکسزم کے عنوان سے ہے۔ باب چہارم اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک کے نام سے ہے۔ اس باب میں ترقی پسند ادبی تحریک کے آغاز وارتقا اور اس تحریک کے منشور ومقاصد پر بحث کی گئی ہے۔

**10۔ شکیل الرحمٰن کی تنقید نگاری اور جمالیات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر مسرت جان نے پروفیسر عارفہ بشریٰ کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ ان کا یہ مقالہ

پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول جمالیات: تعبیر وتوضیح کے عنوان سے ہے۔ اس کے ذیلی عنوانات تصور جمال، جمالیات، ادب اور جمالیات ہیں۔ باب دوم جمالیاتی تنقید اور اردو میں جمالیاتی تنقید کے عنوان سے ہے۔ اس کے ذیلی موضوعات میں مغربی ومشرقی شعریات اور جمالیات، جمالیاتی تنقید، اردو میں جمالیاتی تنقید، نمائندہ نقاد کے نام قابل ذکر ہیں۔ باب سوم شکیل الرحمٰن کا جمالیاتی وژن کے نام سے ہے۔ اس کے ذیلی عنوانات شکیل الرحمٰن کا تصور جمالیات، ہندستانی جمالیات وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ باب چہارم شکیل الرحمٰن کی شعری تنقید کے نام سے ہے۔ اس باب میں شکیل الرحمٰن نے جو شاعری کی تنقید کی ہے، اسی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب پنجم شکیل الرحمٰن کی افسانوی تنقید کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں شکیل الرحمٰن نے جو افسانوی ادب پر تنقید کی ہے، اسی کا عمدہ جائزہ لیا گیا ہے۔ زیر بحث مقالے میں جن کتابوں کے حوالے سے شکیل الرحمٰن کی تنقید نگاری کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں ''نفسیات اور جمالیات''، ''قرآن حکیم جمالیات کا سرچشمہ''، ''ہندوستانی جمالیات (تین جلد)''، ''ہندوستان کا نظام جمال: بدھ جمالیات سے جمالیات غالب تک (تین جلد)''، ''امیر خسرو کی جمالیات''، ''تصوف کی جمالیات''، ''اساطیر کی جمالیات''، ''مولانا رومی کی جمالیات''، ''جمالیات حافظ شیرازی''، ''نظیر اکبر آبادی کی جمالیات''، ''کبیر کی جمالیات''، ''کلاسیکی مثنویوں کی جمالیات''، ''غالب کی جمالیات''، ''مرزا غالب اور ہند مغل جمالیات''، ''داستان امیر حمزہ اور طلسم ہوشربا کی جمالیات''، ''پریم چند کے افسانوں کی جمالیات''، ''سعادت حسن منٹو: المیہ کی جمالیات''، ''محمد اقبال کی جمالیات''، ''فراق کی جمالیات''، ''فیض کی جمالیات''، ''اختر الایمان جمالیاتی لیجنڈ''، ''مجتبیٰ حسین کا فن: جمالیاتی مظاہرہ'' وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

**11۔ مابعد جدید تنقید اور مشرقی شعریات کے مابین مماثلت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سرتاج احمد بدرو نے ڈاکٹر الطاف انجم کی نگرانی میں 2017 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے کے چار باب ہیں۔ پہلا باب مابعد جدیدیت: ایک عمومی جائزہ کے نام سے ہے۔ دوسرا باب مابعد جدید تنقید کے امتیازات کے عنوان سے ہے۔ تیسرا باب مشرقی شعریات کے اہم مقدمات کے نام سے ہے۔ چوتھا باب مابعد جدید تنقید اور ترقی پسند شعریات کے مابین مماثلت کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا بنیادی اور کلیدی باب ہے۔ مابعد جدید تنقید پر جو کتابیں لکھی گئی ہے ان میں ترقی پسندی، جدیدیت اور مابعد جدیدیت، مابعد جدیدیت مضمرات وممکنات: ایک جائزہ، ادب کا بدلتا منظر نامہ، اردو مابعد جدیدیت پر مکالمہ وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ مشرقی شعریات پر جو کام ہوا ہے اس میں مغربی ومشرقی شعریات، مشرقی شعریات اور اردو تنقید کی روایت، ساختیات

پس ساختیات اور مشرقی شعریات وغیرہ بڑی اہمیت کے حامل ہے۔

**12۔جدید اردو نظم میں خطیبانہ اور بیانہ عناصر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ریاض احمد کٹھو نے ڈاکٹر کوثر رسول کی نگرانی میں 2018 میں مکمل کیا ہے۔اس مقالے میں جدید اردو نظم نگاری میں خطیبانہ اور بیانیہ عناصر کا جائزہ لیا گیا ہے۔اس مقالے میں جدید نظم یعنی الطاف حسین حاؔلی اور محمد حسین آزاؔد کے دور سے اردو نظم نگاری میں خطیبانہ اور بیانیہ عناصر تلاش کیے گئے ہیں۔

مذکورہ تمام مقالات کے علاوہ بھی اور کئی مقالات اس زمرے میں آتے ہیں جن پر کام ہو رہا ہے۔ان کے نام کچھ اس طرح ہیں۔

اردو میں مابعد جدید شاعری اور تصوف: مقالہ نگار بشیر احمد ڈار،نگراں ڈاکٹر کوثر رسول

علی گڑھ تحریک: مابعد نوآبادیاتی مطالعہ: مقالہ نگار امتیاز قادری،نگراں پروفیسر نذیر احمد ملک

1947 کے بعد اردو ادب میں خودنوشت نگاری (نمائندہ ادیبوں کے حوالے سے): مقالہ نگار رخسانہ رحیم،نگراں ڈاکٹر مشتاق حیدری

اردو ناول میں ناسٹلجیا: ہجرت کے پس منظر میں لکھے گئے ناولوں کے حوالے سے: مقالہ نگار اسما بدر،نگراں ڈاکٹر الطاف انجم

مابعد جدید اردو افسانہ: مقالہ نگار محمد سلیم خاں (سلیم سالک)،نگراں الطاف انجم

اردو افسانے کا نو مارکسی مطالعہ 1936 سے 1947 تک کے افسانوں کے حوالے سے: مقالہ نگار توصیف احمد ڈار،نگراں الطاف انجم

## (4) علاقائی ادب پر تحقیق

علاقائی ادب کے تحت کی جانے والی تحقیق میں کسی بھی اہم علمی وادبی علاقے کی جملہ خوبیوں پر نظر ڈالی جاتی ہے۔اس علاقے پر ادب کے کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں،اس کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے۔علاقائی تحقیق میں خاص علاقوں میں زبان وادب کی نشوونما اور ترویج پر توجہ رہتی ہے۔علاقائی ادب کی ایک خاص توجہ یہ بھی ہے کہ اس میں ایک چھوٹے علاقے پر زیادہ تفصیل سے کام کیا جا سکتا ہے۔اس میں مختلف فرقوں،طبقوں اور گروہوں کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ایسی تحقیق سے علاقائی لسانی برتاؤ کا بھی پتا چلتا ہے۔اردو زبان وادب کو فروغ دینے والے علاقوں میں خاص کر دہلی،لکھنؤ،حیدرآباد،بھوپال،بہار،کشمیر وغیرہ کے نام لیے جا سکتے ہیں۔

**1۔ جدید اردو نظم کا ارتقا اور یورپی اثرات:**

پروفیسر حامدی کاشمیری نے پروفیسر عبدالقادر سروری کی نگرانی میں یہ مقالہ 1966 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کے نو باب ہیں۔ باب اول نظم : موضوع اور ہیئت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اردو شاعری کے قدیم دور میں نظم کی اصلاح کی روایت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ساتھ ہی ساتھ نظری اعتبار سے نظم کی ماہیئت پر تفصیلی تنقیدی نگاہ ڈالی گئی ہے۔اس سلسلے میں جدید اردو نظم پر مشرق و مغرب کے نقادوں کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔اس کے علاوہ جدید نظم کے مفہوم کو متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔باب دوم جدید نظم سے پہلے کے عنوان سے ہے۔اس باب میں آزاد اور حالی سے پہلے، اردو نظم قدیم دور میں ( قلی قطب شاہ سے لے کر غدر تک )۔لکھی گئی نظموں کے بارے میں عمدہ معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ باب سوم جدید اردو نظم اور اولین مغربی اثرات کے نام سے ہے۔اس باب میں جدید نظم پر اولین مغربی اثرات کی، جو یورپی قوموں کی ہندستان سے تجارتی اور سیاسی روابط قائم کرنے کے ساتھ ہی مرتب ہونا شروع ہو گئے تھے،انھی پر تحقیق کی گئی ہے۔ یہ اثرات 1857 کے انقلاب کے بعد ہندستان پر انگریزوں کے مسلط ہونے کے زمانے سے انیسویں صدی کے اختتام تک چھپے ہوتے ہیں اور اردو نظم کی نئی صورت گری کرتے ہیں۔ باب چہارم جدید اردو نظم کے اولین علمبردار کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جدید نظم کے اولین علمبرداروں یعنی آزاد اور حالی کی نظموں کا مغربی اثرات کے تحت جائزہ لیا گیا ہے اور ان کے ادبی مرتبے کا تعین کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب پنجم روایت کی توسیع کے نام سے ہے۔اس باب میں ان نظم نگاروں کا مطالعہ شامل ہے جو آزاد اور حالی کی قائم کی ہوئی شعری روایت کی توسیع میں مصروف نظر آتے ہیں۔ان میں بیشتر شعرا انیسویں صدی کے اواخر میں نمایاں حیثیت حاصل کر چکے تھے اور چند ایسے شعرا بھی ہیں جو بیسویں صدی کے ثلث اول میں بھی اسی روایت کو آگے بڑھاتے رہے ہیں،ان کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔

باب ششم موجودہ نظم کا یورپی پس منظر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں موضوع کی مناسبت سے ان تمام سیاسی ، اقتصادی، عمرانی، ذہنی، فکری اور ادبی تحریکوں ، رجحانوں اور انقلابوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے جو نہ صرف اردو نظم بلکہ یورپی نظم کے لیے پس منظر کا درجہ رکھتے ہیں اور اس پس منظر میں نمائندہ یورپی اقوام مثلاً انگریزی ، امریکی، فرانسیسی، روسی اور جرمنی کی شاعری کی اہم خصوصیات، رجحانات اور میلانات کی تشریح اور تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے۔بیسویں صدی کے وسط تک جدید اردو نظم میں موضوع اور ہیئت کے اعتبار سے یورپی

تحریکوں اور حالات کے دباؤ کے تحت مجموعی طور پر نئے نئے رجحانات اور میلانات کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ باب ہفتم اقبالؔ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اقبالؔ کی نظم کا مغربی اثرات کے تحت جائزہ لیا گیا ہے اور ساتھ ہی اس باب میں ان نظم نگاروں کی نمائندہ اور منتخب نظموں پر بھی تنقیدی نظر ڈالی گئی ہے جنھوں نے اقبالؔ کے ساتھ لکھنا شروع کیا، لیکن جن کی مساعی ایک آدھ قابل قدر تخلیق سے آگے نہیں بڑھ سکی ہے۔ باب ہشتم اقبالؔ کے اثرات کے نام سے ہے۔ اس باب میں اردو نظم پر موضوع اور ہیئت کے اعتبار سے چند اہم نظم نگاروں کے یہاں اقبالؔ کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ نواں باب نئے رجحانات کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا آخری باب ہے۔ اس باب میں یورپی اثرات کے تحت ابھرنے والے چند اہم رجحانات کا مطالعہ کیا گیا ہے اور یہ مطالعہ نظم نگاروں کی شخصیت اور فن کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے۔ نظم نگاروں کا انفرادی مطالعہ کرتے ہوئے انھیں مختلف رجحانات سے منسلک کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان رجحانات میں رومانوی رجحان کے شعرا جیسے اختر شیرانی، مجاز، حفیظ، اختر انصاری، سکندر علی کے نام قابل ذکر ہیں۔

اسی طرح اشتراکی رجحان کے شعرا میں سردار جعفری، کیفی اعظمی، مخدوم محی الدین، ساحر لدھیانوی، جاں نثار اختر، ظہیر کاشمیری، قتیل شفائی، تاباں، احمد ندیم قاسمی، احسان دانش۔

قومی ومعاشرتی رجحان کے شعرا میں ساغرؔ، ملا، عظمت اللہ خاں، معین احسن جذبیؔ۔ نفسیاتی رجحان کے شعرا میں ن۔م راشدؔ، میراجیؔ، فیضؔ، تاثیر، مختار صدیقی، مجید امجد، اختر الایمان، قیوم نظر، یوسف ظفر کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ حامدی کاشمیریؔ کا یہ مقالہ کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کا پہلا تحقیقی مقالہ بھی ہے۔

**2۔ اردو افسانے کے فروغ میں سکھوں کا حصہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر رچھپال سنگھ مہتہ نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 1996 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے کے تین باب ہیں اور چوتھا اختتامیہ کے نام سے ہے۔ پہلا باب سکھوں کا ثقافتی پس منظر کے عنوان سے ہے۔ اس کے ذیلی عنوانات برصغیر ازم، سکھوں کی علمی و ادبی زبان ہے۔ دوسرا باب اردو افسانہ: ایک جائزہ کے نام سے ہے۔ اس باب کے ذیلی عنوانات اردو کا پہلا سکھ افسانہ نگار، اردو کے نمائندہ سکھ افسانہ نگار، راجندر سنگھ بیدی، بلونت سنگھ، رتن سنگھ، جگت سنگھ، سرجیت سنگھ، گوربچن سنگھ، شمشیر سنگھ، گیانی نہال سنگھ، امانت سنگھ جیسے سکھ افسانہ نگاروں کے افسانوں میں پنجاب کی عکاسی کی گئی ہے۔ مقالے کا تیسرا باب اردو افسانے میں سکھ افسانہ نگاروں کے مقام کے عنوان سے ہے۔ چوں کہ مقالہ نگار خود سکھ برادری سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے ان کا یہ

موضوع ان سے مناسبت رکھتا ہے۔اس سے پہلے مرتضٰی نقوی نے''اردو ادب میں سکھوں کا حصہ: گورونا نک سے ہم عصر تک'' کے نام سے 1970 میں اپنا پی ایچ۔ڈی مقالہ شائع کیا تھا۔رچھپال سنگھ نے صرف افسانوں کے حوالوں سے سکھوں کا حصہ اردو ادب میں پیش کیا ہے۔

**3۔ گوجری زبان وادب پر اردو کے اثرات:**

مذکورہ مقالہ ڈاکٹر پرویز احمد نے پروفیسر قدوس جاوید کی سرپرستی میں 2007 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب گوجری اور اردو کے لسانی رشتے کے عنوان سے ہے۔اس باب میں گوجری اور اردو زبان کے لسانی رشتوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔دوسرا باب گوجری میں شعر وادب کا آغاز وارتقا کے عنوان سے ہے۔اس باب میں گوجری کے قدیم ترین شعری اور ادبی نمونوں کی تلاش وجستجو کر کے اس بات کی نشان دہی کرنے کی سعی کی گئی ہے کہ گوجری شعر وادب کے ابتدائی نمونے کس زمانے سے ملتے ہیں۔مقالہ نگار کے مطابق گیارہویں و بارہویں صدی میں گوجری شاعری ملتی ہے۔اس کے بعد گوجری میں شعر وادب کا باضابطہ آغاز وارتقا کس طرح ہوا،اس پر مفصل جائزہ پیش کیا گیا ہے۔تیسرے باب کو کئی ضمنی ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گوجری گیت پر اردو گیت کے اثرات ، گوجری غزل پر اردو غزل کے اثرات، گوجری نظم پر اردو نظم کے اثرات ، گوجری کی دیگر شعری اصناف کا اردو سے رشتہ (نعت، مرثیہ، رباعی اور قطعہ) کے عنوانات ہیں۔یعنی اس باب میں اردو شاعری کی اصناف ، روایات ، تجربات اور لسانی اور موضوعاتی تبدیلیوں کی گوجری شاعری پر اثرات کا تفصیل کے ساتھ جائزہ لیا گیا ہے۔

چوتھا باب گوجری نثر پر اردو نثر کے اثرات کے عنوان سے ہے۔اس باب کے ضمنی عنوانات گوجری افسانہ پر اردو افسانہ کے اثرات، گوجری ناول پر اردو ناول کے اثرات، گوجری ڈراما پر اردو ڈراما کے اثرات، گوجری نثری اصناف کا اردو سے رشتہ (مکاتیب، مقالہ، سوانح نگاری اور ریڈیائی فیچر وغیرہ) ہے۔یعنی اس باب میں اردو نثر میں رائج مختلف اصناف کے حوالے سے گوجری نثر میں دستیاب مختلف نثری اصناف کے سرمایہ کاری کا جائزہ لیا گیا ہے اور یہ بھی بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اردو کی کس نثری صنف کی ہیئت اور تکنیک و روایت اور معیار کا گوجری میں موجود اسی صنف کی ہیئت و تکنیک اور روایت و معیار پر کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ باب سوم اور باب چہارم اس مقالے کے دو بنیادی اور کلیدی باب ہیں۔

**4۔ 1947 کے بعد کشمیر میں اردو غزل:**

یہ مقالہ نصرت پروین نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں 2009 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کے موضوعات کشمیر میں اردو غزل کی روایت، اہم غزل گو شعرا، 1947 کے بعد کشمیر میں اردو غزل ہیں۔کشمیر میں لکھنے والے لوگوں کی زیادہ تعداد ہے اور ان شعرا میں نمائندہ شعرا کا انتخاب کرنا اور پھر ان کی غزلوں کا مختلف طریقوں سے جائزہ لینا ایک اہم کام ہے۔کشمیر میں اردو غزل کے موضوع پر تین چار کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی نے ''جموں وکشمیر میں اردو غزل 1947 کے بعد'' کے موضوع پر ایک تحقیقی مقالہ اندور میں لکھا ہے۔

**5۔ جموں وکشمیر میں اردو افسانہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فہمیدہ اختر نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں 2012 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول کشمیر میں اردو نثر کی روایت کے عنوان سے ہے۔یہ باب کشمیر میں اردو نثر کے آغاز وارتقا پر مبنی ہے۔باب دوم کشمیر میں اردو افسانہ کا ابتدائی دور 1947 تک کے نام سے ہے۔اس باب میں کشمیر میں اردو افسانے کے ابتدائی دور کے آغاز وارتقا کے بارے میں مفصل بحث کی گئی ہے۔مقالے کا تیسرا باب ریاست جموں وکشمیر میں اردو افسانہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ریاست جموں وکشمیر کے نمائندہ افسانہ نگاروں کے افسانوں کا تجزیہ کیا گیا ہے۔باب چہارم ریاست کے اردو افسانوں کے امتیازات کے نام سے ہے۔ مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو اس مقالے میں کشمیر میں اردو افسانہ نگاری کے آغاز وارتقا، اہم افسانہ نگاروں کا تعارف، یہاں کے افسانہ نگاروں کے موضوعات اور ان کے افسانوں میں کشمیر کی عکاسی پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

**6۔ کشمیر میں اقبالیاتی ادب کا تنقیدی جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر رخسانہ رحیم نے پروفیسر منصور احمد میر کی نگرانی میں 2015 میں پایہ تکمیل کو پہنچایا ہے۔اس مقالے کے پانچ باب ہیں۔باب اول اردو میں اقبالیاتی ادب: مختصر تعارف کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اقبالؔ شناسی کی روایت نیز اقبالیاتی ادب کا ایک مختصر تعارف پیش کرنے کی عمدہ کوشش کی گئی ہے۔باب دوم اقبالؔ اور کشمیر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اقبالؔ اور کشمیر کے حوالے سے ان سارے حقائق اور تحقیقات کو بروئے کار لاکر اس حقیقت کو عیاں کرکے یہ بتانے کی سعی کی گئی ہے کہ اقبال کو کشمیر کے دینی، سیاسی اور ثقافتی پہلوؤں کے حوالے سے اہالیان کشمیر کے ساتھ والہانہ لگاؤ اور وابستگی رہی ہے۔باب سوم کشمیر میں اقبالیاتی تحقیق کے عنوان

سے ہے۔اس باب میں کشمیر میں اقبالیاتی تحقیق پر مدلل انداز میں بحث کر کے ان محققین اور اداروں کی تحقیقاتی خدمات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے جنھوں نے کشمیر میں اقبالیاتی تحقیقی ادب کو اردو زبان وادب میں آگے بڑھانے کی قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ان میں اقبالؔ اکادمی سری نگر، اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ سری نگر، شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی، ریڈیو کشمیر سری نگر، کلچرل اکادمی سری نگر، مدارس اور دیگر اقبالؔ شناس حضرات کے نام قابل ذکر ہیں۔اقبال شناسی میں اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ کی خدمات سب سے اعلا اور معتبر ہونے کا پختہ ثبوت ہے۔باب چہارم کشمیر میں اقبالیاتی تنقید کے نام سے ہے۔اس باب میں اقبالیاتی تنقید کا جائزہ لیا گیا ہے۔ساتھ ہی ان تنقید نگاروں کی تنقیدی کاوشوں کا فرداً فرداً جائزہ پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے جنھوں نے اقبالیاتی ادب میں یہاں تنقید کے حوالے سے کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔باب پنجم ماسوائے تحقیق وتنقید کے عنوان سے ہے۔یہ باب تحقیق وتنقید پر مشتمل ہے۔ماسوائے تحقیق وتنقید پر بھی کشمیر میں بہت سارا مواد جمع ہو چکا ہے جس کی اپنی افادیت واہمیت ہے۔ اس میں کلام اقبالؔ کے تراجم، کلام اقبالؔ پر لکھی گئی نثر ونظم میں خراج عقیدت اور دیگر نوع کی تاثراتی اور معلوماتی تحریریں شامل ہیں۔اس باب میں کشمیر میں اقبالیاتی ادب کے معماروں کے انفرادی واجتماعی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

**7۔ جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کا عصری منظرنامہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر تحمینہ جان نے پروفیسر سبحان کور کی سرپرستی میں 2017 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔پہلا باب جموں وکشمیر کا آغاز وارتقا: مختصر تعارف کے عنوان سے ہے۔دوسرا باب ریاست جموں وکشمیر میں معاصر ادبی تحقیق: نمائندہ محققین کے حوالے کے نام سے ہے۔تیسرا باب جموں وکشمیر میں لسانی تحقیق کے عنوان سے ہے۔چوتھا باب ریاست جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی رفتار اور ریاستی یونی ورسٹیوں میں اردو کا معیار: مسائل اور امکانات کے عنوان سے ہے۔ جموں یونی ورسٹی کا قیام ستمبر 1969 میں ہوا ہے۔لیکن مقالہ نگار کی تحقیق کے مطابق جموں یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کا قیام یونی ورسٹی کے قیام سے چار سال پہلے یعنی 1965 میں ہوا ہے جس سے اس بات کی مکمل وضاحت ہو جاتی ہے کہ مقالہ نگار نے اس مقالے کی تکمیل کے لیے کتنی جدوجہد اور عرق ریزی سے کام کیا ہوگا۔

## (5) انجمن یا ادارے پر تحقیق

تحقیق کے اس طبقے میں کسی خاص انجمن، ادارے، بزم وغیرہ کا جائزہ لیا جاتا ہے۔جموں وکشمیر میں بے

شمار انجمنوں کی اردو خدمات کا ذکر ملتا ہے لیکن ابھی تک کسی بھی انجمن پر کوئی تحقیقی کام نہیں ہوا ہے۔اس سلسلے کے محض چند ہی مقالات دستیاب ہو سکے ہیں۔جن کی تفصیل نیچے پیش کی جا رہی ہے۔

**1۔ جموں وکشمیر کلچرل اکادمی کی ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر عبدالمجید بٹ نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں 1996 میں تحریر کیا ہے۔مقالہ نگار نے کلچرل اکادمی کے رسائل شیرازہ اور ہمارا ادب،شعبہ اردو سے وابستہ مدیروں کی خدمات،سال بھر منعقد ہونے والے سمیناروں،کانفرنسوں،ڈراما فیسٹول،مشاعروں،تصنیفات وغیرہ کا جائزہ لے کر 1995 تک کلچرل اکادمی کی خدمات کا جائزہ لیا ہے۔اس موضوع پر انوار احمد نے 1972 میں ''جموں وکشمیر کلچرل اکادمی کی ادبی خدمات'' کے نام سے کتاب لکھی ہے۔2016 میں یونی ورسٹی آف حیدرآباد سے گلزار احمد ڈار نے ایم ۔فل کا مقالہ اسی نام سے لکھا ہے۔

**2۔ اردو کے ادبی رسائل 1960 کے بعد:**

یہ مقالہ ڈاکٹر رفیع احمد حجام نے پروفیسر مجید مضمر کی نگرانی میں 1995 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول صحافت کے عنوان سے ہے۔اس کے ضمنی باب صحافت کیا ہے،ادب اور صحافت اور اردو کی ادبی صحافت ہے۔اس باب میں ادب اور صحافت کے باہمی تعلق،ادبی صحافت کی تعریف اور اردو کے ادبی رسائل کے آغاز وارتقا نیز ادبی رسائل کے مسائل سے متعلق مختصر بحث کی گئی ہے۔باب دوم 1960 کے بعد اردو رسائل کے عنوان سے ہے۔اس باب میں دستیاب رسائل کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔اس میں رسائل کا اندراج حروف تہجی کے اعتبار سے کیا گیا ہے۔باب سوم نمائندہ رسائل کا خصوصی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں خصوصی رسائل،آج کل (نئی دہلی)،بازیافت (سرینگر)،شاعر (بمبئی)،شب خون (الہ آباد)،شیرازہ (سرینگر)،کتاب (لکھنؤ) کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ان رسائل کے اجرا سے لے کر 1995 تک کی تاریخ مرتب کی گئی ہے اور ان کے مزاج ومعیار اور اردو ادب کے تئیں ان کی خدمات کی وضاحت کے طور پر ان کے بعض مشمولات کی مختصر فہرست بھی درج کی گئی ہے۔باب چہارم اردو رسائل کے مسائل کے عنوان سے ہے۔اس باب میں رسالوں کے درپیش مسائل کا ذکر کیا گیا ہے۔

**3۔ اردو زبان کی ترقی وترویج میں نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا کا حصہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر مشتاق احمد حجام نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں 2005 میں تحریر کیا ہے۔اس

مقالے میں چھے ابواب ہیں۔ باب اول نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا کا قیام اور اس کے اغراض و مقاصد کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ان اسباب وعوامل کی نشان دہی کی گئی ہے جن کے تحت اس ادارے کا قیام عمل میں لایا گیا اور اس میں بک ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے نیشنل بک ٹرسٹ کے وضع کردہ پروگرام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب دوم اردو زبان وادب کی ترقی وترویج کے لیے بک ٹرسٹ کی منصوبہ بندی کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو ادب کی ترقی وترویج اور اشاعت کے بارے میں ٹرسٹ کی منصوبہ بندی اور طریقہ کار کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ نیز یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اردو کے تئیں کسی طرح کی سردمہری تو نہیں برتی جاتی ہے۔ باب سوم اشاعتی پروگرام کے نام سے ہے۔ اس باب میں ان کتابوں کی تفصیل پیش کی گئی ہے جن کو نیشنل بک ٹرسٹ نے اپنی وضع کردہ پالیسی کے تحت لکھوا کر شائع کیا۔ علاوہ ازیں ان ترجمہ شدہ کتابوں کا بھی ذکر کیا گیا ہے جو بک ٹرسٹ نے دوسری زبانوں سے اردو میں ترجمہ کر کے شائع کیا۔ باب چہارم افسانوی وشعری ادب کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں پہلے حصے میں شاعری، افسانوں اور ڈراموں کا انتخاب کیا گیا جن کا انتخاب کرا کے بک ٹرسٹ نے انھیں شائع کیا۔ دوسرے حصے میں افسانوں، ناولوں اور ڈراموں کا جائزہ لیا گیا جو دیگر زبانوں سے ترجمہ کرا کے بک ٹرسٹ نے شائع کیا۔ باب پنجم سوانحی ادب کے نام سے ہے۔ اس میں اس سوانحی ادب کا ذکر کیا گیا ہے جو ملک کی مقتدر سیاسی، تہذیبی اور ادبی شخصیات سے تعلق رکھتے ہیں۔ ساتھ ہی ان سوانحی عمریوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کا تعلق ملک کی مقتدر علمی و مذہبی شخصیات سے ہے اور بک ٹرسٹ نے ان کو شائع کیا ہے۔ باب ششم تہذیبی وثقافتی ورثہ کے عنوان سے ہے۔ اس میں ان کتابوں کا ذکر کیا گیا ہے جو ملک کی تاریخ، تہذیب اور ثقافت سے تعلق رکھتی ہیں۔

**4۔ اردو زبان وادب کی ترقی وترویج میں ساہتیہ اکادمی کا حصہ:**

یہ مقالہ نصرت جان نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی سرپرستی میں 2004 میں لکھا ہے۔ اس مقالے کے پانچ ابواب ہیں۔ پہلا باب ساہتیہ اکادمی کا قیام کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ساہتیہ اکادمی کے قیام، اس کے اغراض و مقاصد اور اس کی کارکردگی کے لیے وضع کردہ پروگرام کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہے۔ دوسرا باب زبان وادب کی ترقی وترویج کے سلسلے میں ساہتیہ اکادمی کا پروگرام کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں خاص طور سے اردو زبان وادب کی ترقی وترویج کے لیے اکادمی کے وضع کردہ طریقہ کار پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ مقالے کا تیسرا باب اکادمی کی انعام یافتہ اردو کتابیں کے نام سے ہے۔ اس میں اکادمی کی انعام یافتہ اردو

کتابوں کی تفصیل پیش کی گئی ہے اوراس میں خاص طور سے بعض اہم کتابوں پر تبصرہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

چوتھا باب ساہتیہ اکادمی کا اشاعتی پروگرام کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ساہتیہ اکادمی کی اشاعتی پروگرام کے حوالے سے صرف اردو میں شائع ہونے والی کتابوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ چاہے وہ آزاد کتابیں ہوں یا ترجمے، انتخابات ہوں یا پھر مذاکرات میں پڑھے جانے والے مقالات پر مشتمل ہوں۔ پانچواں باب ساہتیہ اکادمی کی کارکردگی کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اکادمی کی اردو کے حوالے سے کی گئی کارکردگی کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے اور ساتھ ہی اکادمی کے ارباب اختیار پر غور کرنے کے لیے بعض تجاویز بھی پیش کی گئی ہیں۔

## (6) تصانیف پر تحقیق

تحقیق کا دامن اتنا وسیع و بسیط ہے کہ کسی بھی کتاب پر مقالہ لکھا جا سکتا ہے۔یعنی تحقیق صرف ایک تصنیف پر بھی ہوسکتی ہے۔اس طبقے میں کسی بھی نثری یا شعری مجموعے، علمی وادبی، سیاسی وسماجی کتاب، ناول، داستان، ڈراما، سوانح، خودنوشت یا تاریخ کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔ جب تحقیق کسی تصنیف یا تالیف پر ہوجائے تو اس سے ہم تصنیفی تحقیق کہتے ہیں۔اس طبقے میں کشمیر یونی ورسٹی میں صرف ایک مقالہ دستیاب ہوسکا ہے۔جس کا ذکر درج ذیل ہے۔

**1۔ ابن انشا کی تصانیف کا تنقیدی جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر اسما بانو نے پروفیسر منصور احمد میر کی نگرانی میں 2016 میں تحریر کیا ہے۔اس کے مختلف ابواب ابن انشا کی حیات، خاندان، تعلیم، ملازمت اور خصوصی طور پر ان کی تصانیف کا تنقیدی جائزہ ہیں۔اس مقالے میں خصوصی طور پر''اردو کی آخری کتاب سنہ اشاعت 2002''،''آوارہ گرد کی ڈائری سنہ اشاعت 1974''،''خمار گندم سنہ اشاعت 2005''،''چلتے ہو تو چین کو چلیے سنہ اشاعت 1979''،''اس بستی کے اک کوچے میں سنہ اشاعت 1989''،''نگری نگری پھرا مسافر سنہ اشاعت 1991''،''بلو کا بستہ سنہ اشاعت 1996''،''دل وحشی سنہ اشاعت 2009''،''چاند نگر سنہ اشاعت 2009''،''آپ سے کیا پردہ''،''دنیا گول ہے سنہ اشاعت 1978''،''سحر ہونے تک''،''ابن بطوطہ کے تعاقب میں' وغیرہ جیسی تصانیف کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

## (7) ادبی حوالہ جاتی تحقیق

ادبی حوالہ جاتی تحقیق زیادہ تر غیر سندی تحقیق کے طور پر کی جاتی ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ اس تحقیق کے

لیے وقت کی قید و بند نہیں ہونی چاہیے۔ کیوں کہ اس تحقیق کے لیے بہت وقت درکار رہتا ہے۔ کشمیری اور اردو زبان کی ڈکشنری کی ترتیب کے لیے دس سال سے زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔ اسی طرح کسی رسالے کے مختلف شماروں کا اشاریہ کتنا مشکل کام ہے۔ یہ وہی محقق جان سکتا ہے جو اس کام کی حقیقت سے واقفیت رکھتا ہو۔

**1۔ اردو میں لغت نگاری: روایت اور ارتقا:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نذیر احمد گنائی نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی سرپرستی میں سنہ 1996 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے کے چار ابواب ہیں۔ باب اول لغت نگاری: معنویت اور تاریخی پس منظر کے عنوان سے ہے۔ اس باب کے ضمنی موضوعات لغت نگاری اور اس کی اہمیت و افادیت، اقسام لغات، عربی لغت نگاری، فارسی لغت نگاری، انگریزی لغت نگاری ہیں۔ دوسرا باب اردو لغت نگاری کا تاریخی جائزہ کے نام سے ہے۔ اس باب میں اردو لغت کے آغاز و ارتقا پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ ساتھ ہی تاریخ بہ تاریخ اس کی تدریج پر نظر ڈالی گئی ہے۔ تیسرا باب لغت نگاری احوال وضوابط کے نام سے ہے۔ اس باب کے ضمنی عنوانات لفظ: تعریف، تفاعل و اندراج لغت، لغت اور املا، لغت اور تلفظ، لغت کا قواعدی کردار، لغت اور ماخذ لسانی، لغت کا معنیاتی تفاعل ہے۔ چوتھا باب اردو لغات کا تنقیدی جائزہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب کے ذیلی عنوانات اردو لغات میں تعین الفاظ، اردو لغات میں املا کی وضاحت، اردو لغات میں تلفظ کی وضاحت، اردو لغت نگاری کا قواعدی کردار، اردو لغات میں ماخذ کی نشان دہی، اردو لغات کی ترتیب اندراجات، اردو لغات میں معنی کی وضاحت جیسے موضوع ہیں۔ مقالہ نگار نے دنیا کی بڑی زبانوں مثلاً عربی، انگریزی اور فارسی کی لغت نویسی کی دیدہ ریزی کے ساتھ تحقیق کی ہے اور اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ لغت نویسی اہم لسانی کارگزاری ہونے کے علاوہ مختلف لسانی گروہوں کی سیاسی، تمدنی اور، معاشرتی تاریخ کا درجہ رکھتی ہے۔

## (8) بین العلومی تحقیق (تقابلی مطالعہ)

بین العلومی تحقیق ہو یا تقابلی تحقیق دونوں میں بات مماثلت، موازنہ اور تقابل کی ہوتی ہے۔ تقابلی تحقیق کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ مماثلت اور اشتراک واختلاف رکھنے والی شخصیات، اصناف وغیرہ کا جائزہ لیا جائے اور اس رشتے کو مستند دلائل سے ثابت کیا جائے یا پھر مکمل طور پر رد کیا جائے۔ اس تحقیق میں دو چیزوں کو مد مقابل رکھ کر ان کو ایک نظریے میں تول کر ان کی یکسانیت، تضاد واختلاف پر بحث کی جاتی ہے۔ مثلاً مشرقی تنقید اور مغربی تنقید کا تقابل وغیرہ۔ اسی طرح مماثلت کی بنیاد پر ہم اس کو نام دیتے ہیں۔ نیچے اسی قسم کے مقالات پر بحث کی جائے گی۔

**1۔ اردو اور کشمیری شاعری میں رومانیت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محبوبہ وانی نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1979 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے میں مقالہ نگار نے رومانیت کی تعریف اور اردو اور کشمیری زبان کے اہم رومانی شعرا کا تعارف پیش کیا ہے۔ساتھ ہی مقالہ نگار نے اردو اور کشمیری شاعری میں رومانیت کی روایت، اہمیت اور دونوں کا تقابلی مطالعہ بھی کرنے کی سعی کی ہے۔

**2۔ اردو اور کشمیری شاعری میں ترقی پسند رجحانات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد رمضان بٹ نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1984 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں ترقی پسند تحریک کا قیام، مقصد اور اہم رجحانات کا تعارف پیش کرنے کے بعد اردو اور کشمیری شاعری پر ترقی پسند رجحانات کا جائزہ لیا گیا ہے۔اردو اور کشمیری شعری زبان کے اہم ترقی پسند شعرا کا ذکر بھی کیا گیا ہے اور کشمیر میں ترقی پسند تحریک کی شاخ کے حوالے سے بھی ان رجحانات کا ذکر کیا گیا ہے۔

**3۔ کشمیر اور اردو مرثیہ میں ڈرامائی عناصر:**

ڈاکٹر نرگس بانو نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی سرپرستی میں یہ مقالہ 1996 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں کشمیر اور اردو زبان میں لکھے گئے مراثی میں ڈرامائی عناصر کا جائزہ لیا گیا ہے اور ساتھ ہی ان کا تقابلی مطالعہ بھی کیا گیا ہے۔اس مقالے میں کشمیر کی مرثیہ نگاری کی روایت پر بھی سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

**4۔ تقسیم ملک اور اردو ناول: نمائندہ ناولوں کا تقابلی مطالعہ:**

مذکورہ مقالہ ڈاکٹر محمد شفیع ڈار نے پروفیسر منصور احمد میر کی نگرانی میں 2010 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کے چار باب ہیں۔ باب اول اردو ناول کا سماجی اور تہذیبی پس منظر ہے۔اس باب میں اردو ناول کے سماجی اور تہذیبی پس منظر کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ باب دوم برصغیر میں سماجی اور تہذیبی اقدار پر تقسیم ملک کے اثرات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں تقسیم سے پیدا تمام اثرات ومضمرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب سوم تقسیم ملک اور اردو ناول ہے۔ اس میں تقسیم ملک کے اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے فسادات اور قتل وخون ریزی کی ہولناکیوں کو سامنے لایا گیا ہے جن کی دل دہلانے والی تصویریں اردو ناول کے کینوس پر بکھری نظر آتی ہیں۔علاوہ ازیں اس درد وکرب کو بھی ناولوں کے توسط سے ابھارنے کی کوشش کی گئی ہے جو اپنے وطن اور اپنی جڑوں سے کٹ جانے کے نتیجے میں پیدا ہوئے ہیں۔اس مقالے کا باب چہارم تقسیم ملک سے متعلق چند نمائندہ ناولوں کا تعارف

اور تقابلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ یہ باب مقالے کا بنیادی اور کلیدی باب ہے۔اس ضمن میں ان ناولوں پر مرکزی توجہ دی گئی ہے جو نہ صرف اقدار اور مشترکہ تہذیبی میراث کی پامالی کے نوحہ گر ہیں بلکہ حالات وواقعات کی دستاویزی صورت گری کے ساتھ ساتھ تاریخ، روایت، حکایت وغیرہ کے عناصر کی آمیزش کے ساتھ تقسیم کے المیے کو اپنی تمام تہہ داری اور شدت کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

**5۔ فکشن اور تاریخ: اشتراک وافتراق (اردو کے نمائندہ تاریخی ناولوں کے حوالے سے):**

یہ مقالہ ڈاکٹر فردوس احمد بٹ نے پروفیسر عارفہ بشریٰ کی نگرانی میں 2015 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول ادب اور تاریخ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ادب اور تاریخ کے انفرادی کردار کے مابین اشتراک وافتراق سے متعلق بحث کی گئی ہے۔ باب دوم فکشن اور تاریخ کے مشترک اور متفرق عناصر کے نام سے ہے۔اس میں فکشن اور تاریخ کے مابین مماثلت اور مغایرت کو نمایاں کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ فکشن اور تاریخ کے ڈھانچے کہاں کہاں ملتے ہیں اور ان کے درمیان کون سے عناصر متفرق ہیں۔کیا تاریخ کا بیشتر حصہ ایسا ہے جو فکشن ہے اور کیا تاریخی فکشن میں تاریخی اسناد کوئی معنی رکھتا ہے؟ ان سبھی پہلوؤں پر مقالے کے اس باب میں تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

باب سوم آزادی سے پہلے اردو کے تاریخی ناول اور تاریخی تناظرات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں آزادی سے پہلے اردو کے تاریخی ناول کے آغاز اور اس کے ارتقا کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی 1947 تک لکھے گئے تاریخی ناولوں میں فکشن اور تاریخ کے مابین اشتراک وافتراق پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب چہارم 1947 کے بعد اردو کے تاریخی ناولوں میں تاریخی عناصر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں 1947 کے بعد اردو ناول کے تاریخی ارتقا اور ان میں موجود تاریخی عناصر کو پیش کیا گیا ہے۔ 1947 کے بعد اردو میں دو طرح کی تاریخیں لکھی گئی ہیں۔ایک وہ جو کسی قدیم تاریخی واقعہ، شخصیت اور عہد سے متعلق ہیں اور دوسری وہ جو تقسیم ہند کے تناظر میں سامنے آئی ہیں۔اس باب میں ان ناولوں کے تاریخی عناصر کا جائزہ موضوع کے تناظر میں لینے کی سعی کی گئی ہے۔ باب پنجم اردو کے نمائندہ تاریخی ناول: فکشن اور تاریخی اسناد کے عنوان سے ہے۔ یہ زیر بحث مقالے کا آخری باب ہے۔اس میں فکشن کے لوازمات کے ساتھ ساتھ تاریخی اسناد کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔تاریخ کو اپنا موضوع بنانے کے باوجود یہ فنی اعتبار سے شہکار کا درجہ رکھتا ہے۔اس باب میں اردو کے ایسے ناول جو فکشن اور تاریخ کا حسین امتزاج پیش کرتے ہیں۔اس میں ایسے ناولوں کا جائزہ فکشن اور تاریخ کے مشترکہ عوامل کی روشنی

میں لیا گیا ہے۔

**6۔ غالبؔ اور اقبالؔ کی غزل گوئی میں استعارے کا برتاؤ: ایک تقابلی جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ریاض احمد کمار نے پروفیسر عارفہ بشریٰ کی سرپرستی میں 2020 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے میں غالبؔ اور اقبالؔ کی غزل گوئی میں استعارے کے برتاؤ کا تقابلی مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے غالبؔ اور اقبالؔ کے تقابلی مطالعے پر جو تحقیقی کام ہوئے ہیں ان میں ''اقبالؔ اور غالبؔ'' اور ''غالبؔ اور اقبالؔ کی متحرک جمالیات'' وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۔

## (9) ادبی لسانیات پر تحقیق

ادبی لسانیات پر مختلف پہلوؤں پر تحقیقی کام کیا جاتا ہے۔ یہ تحقیق کا ایسا طبقہ ہے جس میں انسانی زبانوں کے آغاز و ارتقا، ان زبانوں کی موجودہ صورت حال اور زبانوں میں وقت کے ساتھ ہونے والی تبدیلیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی تحقیق میں مختلف زبانوں کی آپس میں مناسبت اور ایک دوسرے پر اثرات کے حوالے سے بھی تحقیق ہوتی ہے۔ اس طبقے میں صوتیات، فونیمیات، صرف و نحو اور معنیات کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے۔ بہر حال یہاں ہم کشمیر یونی ورسٹی میں پیش کیے گئے اسی زمرے کے مقالات کا جائزہ لینے کی کوشش کریں گے۔

**1۔ اردو رسم خط: ارتقا اور جائزہ:**

یہ مقالہ پروفیسر نذیر احمد ملک نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1981 میں تحریر کیا ہے۔ ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول زبان اور رسم الخط کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ضمنی موضوعات کے طور پر زبان کی تعریف اور ماہیت، زبان اور رسم الخط کا رشتہ۔ تاریخی پس منظر، ابجدی خط میں صوتیہ (فونیم) اور ترسیمہ (گرافیم) کے تعلق پر بحث کی گئی ہے۔ باب دوم اردو رسم خط کی بنیاد: تاریخی و ثقافتی پس منظر کے عنوان سے ہے۔ اس باب کے ذیلی موضوعات عربی رسم خط کا ارتقا، عربی رسم خط کی توسیع بہ شکل فارسی رسم خط پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم عربی فارسی رسم خط کی اردو رسم خط میں توسیع کے نام سے ہے۔ اس کے ذیلی عنوانات دکنی اردو مخطوطات کے املا کا تجزیہ، شمالی ہند کے قدیم مخطوطات کے املا کا تجزیہ ہیں۔ باب چہارم مسائل امروز: اردو رسم خط کی صوتیاتی ضرورتیں اور تقاضے کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو مصوتے، ان کے اعراب اور حروف، اردو حروف کی ترکیبی ہئیتیں، ابتدائی، درمیانی، آخری اردو املا، ہمزہ کا مسئلہ، اردو میں مصوتوں کو جوڑنے کی علامت جیسے موضوعات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس مقالے میں مقالہ نگار نے معیاری کام کیا ہے۔ اس میں عربی اور

فارسی رسم خط کا آغاز، اردو رسم خط کی تعریف اور آغاز وارتقا، خط نسخ، خط نستعلیق اور خط شکستہ وغیرہ کا ذکر ملتا ہے۔

**2۔ کشمیری غزل پر اردو غزل کے اثرات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محی الدین بچھ نے پروفیسر شکیل الرحمٰن کی نگرانی میں 1984 میں قلم بند کیا ہے۔ ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول اردو غزل کی روایت: پس منظر کے عنوان سے ہے۔ اس میں غزل کا پس منظر اور اس کی روایت، آغاز وارتقا کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ دوسرا باب اردو غزل کے چند نمائندہ شعرا کے امتیازی رجحانات کے نام سے ہے۔ اس میں ان نمائندہ شعرا اور امتیازی رجحانات کی نشان دہی کی گئی ہے اور ان رجحانات کا ذکر کیا گیا ہے جن سے اردو غزل کی ترویج ہوتی ہے۔ باب سوم کشمیری شاعری ابتدائی اصناف سخن کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں کشمیری شاعری کا پس منظر پیش کیا گیا ہے۔ اس میں خاص طور پر کشمیری شاعری کے ''واکھ''، ''شُرک'' اور ''وژن'' کے فن اور ارتقا کی منزلوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ یہ اصناف سخن کشمیری غزل کے وجود میں آنے سے پہلے کافی مقبول اور مروج ہو چکے تھے۔ غزل کی وجہ سے ان کا دائرہ اگرچہ تنگ ہوا لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہنا مناسب ہوگا کہ شعری تجربے گہرے بھی ہوئے ہیں۔ باب چہارم کشمیری غزل، موضوع اور فن: ارتقائی منزلوں کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں کشمیری غزل کی ابتدا اور اس کے موضوعات اور فن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے بعد چند نمائندہ غزل گو شعرا کے امتیازی رجحانات کی نشان دہی بھی کی گئی ہے، ساتھ ہی فارسی اور اردو غزل کی روایت اور کشمیری غزل کی خصوصیات کو اختصار کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ باب پنجم کشمیری غزل پر اردو غزل کے اثرات کے عنوان سے ہے۔ یہ اس مقالے کا بنیادی باب ہے۔ اس میں سب سے پہلے کشمیری شعر و ادب پر اردو کے اثرات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے اور پھر کشمیری غزل پر اردو غزل کے اثرات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ ساتھ ہی ان کا تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔

**3۔ گوجری غزل پر اردو غزل کے اثرات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد اسلم چودھری نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 2007 میں پایہ تکمیل کو پہنچایا ہے۔ چوں کہ اس مقالے کو علاقائی ادب یا اصناف پر تحقیق کے زمرے میں بھی رکھا جا سکتا ہے، لیکن اس میں زیادہ تر کام لسانیات کے تناظر میں ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ راقم نے اس کو ادبی لسانیات کے زمرے میں پیش کیا ہے۔ یہ مقالہ تین ابواب پر محیط ہے۔ باب اول گوجری زبان وشاعری کا اجمالی خاکہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں گوجری زبان اور شاعری کے خاکے پر مکمل تفصیل بیان کی گئی ہے۔ باب دوم گوجری غزل کا پس منظر: آغاز وارتقا (اردو

غزل کے حوالے سے ) کے عنوان سے ہے۔ باب سوم گوجری غزل پر اردو غزل کے اثرات کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی اور بنیادی باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس باب کے چھے ذیلی عنوانات ہیئت و تکنیک، مضامین شعرا موضوعات، لسانی برتاؤ، علامت، تشبیہ، استعارہ، پیکر تراشی وغیرہ ہیں۔ اس کے علاوہ اوزان بحور، تصورِ عشق، تصوف فکر و فلسفہ، عصری، سماجی وثقافتی شعور اور جدید اور مابعد جدید رجحانات کے عنوانات بھی بعض ذیلی عنوان ہیں۔ یہ مقالہ اردو زبان اور گوجری زبان کے باہمی رشتے پر ایک نادر مقالے کی حیثیت رکھتا ہے۔

**4۔ اردو اور ہندی کا لسانی اشتراک: صوتیات ولفظیات کی سطح پر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد حسین زرگر نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی سرپرستی میں 2008 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول اردو اور ہندی کا ہند آریائی پس منظر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو اور ہندی کے ہند آریائی پس منظر کو پیش کرتے ہوئے یہ دکھانے کی سعی کی گئی ہے کہ کس طرح ان دونوں زبانوں نے شورسینی پراکرت اور شورسینی اپ بھرنش کی جانشین کھڑی بولی سے ارتقا پائی ہے۔ باب دوم اردو اور ہندی میں مشترکہ تت سم اور تد بھوالفاظ کا سرمایہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں سنسکرت کے ان تت سم اور تد بھوالفاظ کی نشان دہی کی گئی ہے جو اردو، ہندی کی مشترکہ صرفیات میں شامل ہیں۔ نیز دکنی اردو میں شامل تت سم اور تد بھوالفاظ کی مختصر فہرست بھی پیش کی گئی ہے۔ باب سوم اردو اور ہندی میں مشترکہ عربی و فارسی عناصر ( صوتی ولفظی تشکیل کی سطح پر ) کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں دوسری جدید ہند آریائی زبانوں کی طرح اردو ہندی میں عربی و فارسی عناصر کی شمولیت فطری عوامل کے تحت کس طرح عمل میں آئی ہے، نیز اردو کے لیے فارسی رسم خط اختیار کیے جانے کے کون سے تاریخی اور لسانیاتی محرکات تھے، ان پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب چہارم اردو اور ہندی کا لسانی اشتراک ( صوتیات ولفظیات کی سطح پر ) ہے۔ اس باب میں اردو اور ہندی کی بنیادلسانی مماثلت پر رکھ کر اس پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ یہ مماثلت زبان کی مختلف سطحوں بالخصوص صوتی ولفظی سطح پر خاص نمایاں ہے۔ ساتھ ہی اس بات پر بھی بحث کرتے ہوئے یہ بتانے کی سعی کی گئی ہے کہ اردو اور ہندی میں گہرے لسانی اشتراک کا سبب دونوں کے ماخذ کا ایک ہونا ہے۔ باب پنجم اردو، ہندی اور ہندستانی ( مسائل اور اختلافات ) ہے۔ یہ مقالے کا بنیادی اور کلیدی باب ہے۔ چوں کہ اس مضمون کو یعنی اردو، ہندی اور ہندستانی کی بحث کو ڈاکٹر مرزا خلیل بیگ نے اپنے مضمون ''اردو، ہندی اور ہندستانی''، مشمولہ ''اردو زبان کی تاریخ'' میں دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ مقالہ نگار نے بھی یہی طریقہ اختیار کیا ہے اور اس مسئلے کو تاریخی اور موجودہ صورت حال کی روشنی میں منظر عام پر لانے کی سعی

کی ہے۔ ہندی اور ہندوی کی تقسیم کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔ دوسرا مسئلہ یہ کہ اردو اور ہندی کی موجودہ صورت حال کو واضح کر کے یہ باور کرانے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ دونوں اپنی جگہ موجودہ صورت میں مستقل اور معیاری زبانوں کا درجہ رکھتی ہیں۔

**5۔ کشمیری زبان وادب پر اردو کے اثرات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فریدہ اختر نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب زبان وادب پر اردو اور فارسی کے اثرات کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں کشمیری زبان وادب کا تعارف اور پھر اردو اور فارسی کے اثرات کے بارے میں بات کی گئی ہے۔ دوسرا باب کشمیر پر اردو کے اثرات ہے۔ اس باب میں صرف شاعری مثلاً غزل، مثنوی، قصیدہ، مرثیہ اور نعت وغیرہ کے اثرات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ باب سوم کشمیری نثر اردو کے اثرات کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں کشمیری نثر مثلاً ناول، افسانہ، ڈراما اور تحقیق وتنقید کے اثرات اردو پر دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھا باب کشمیری پر اردو اثرات میں ترجموں کا حصہ ہے۔ اس میں کشمیری ترجموں اور اردو ترجموں پر بحث کی گئی ہے۔ مجموعی طور پر اس مقالے میں کشمیری زبان، کشمیری شاعروں، کشمیری ناول، کشمیری افسانہ، کشمیری ڈراما، کشمیری تحقیق وتنقید غرض ہر میدان میں اردو زبان وادب کے اثرات پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے، جس کے نمایاں اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ جیسے کہ دونوں زبانوں کا ایک ہی رسم خط میں تحریر کرنا، دونوں کے حروف تہجی یکساں ہونا، دونوں کا رشتہ عربی وفارسی زبان سے ہونا، دونوں میں اسلامی تہذیب وتمدن کا سرمایہ جمع ہونا اور سب سے بڑی بات یہ کہ کشمیری قلم کاروں کا بیک وقت دونوں زبانوں میں طبع آزمائی کرنا شامل ہے۔

## (10) نظریاتی تحقیق

"Theoretical Research" کو نظریاتی تحقیق کہتے ہیں۔ یہ تحقیق کے زمروں میں ایک اہم زمرہ تصور کیا جاتا ہے۔ اس تحقیق کا تعلق مختلف نظریات سے ہوتا ہے اور اس کا مقصد مختلف نظریات کا تحقیقی جائزہ لینا ہوتا ہے۔ اردو زبان وادب، اصناف، شخصیات، ممالک، تہذیبوں، سلطنتوں اور زندگی کے مختلف گوشوں کے بارے میں متنوع نظریات نظر آتے ہیں۔ اس زمرے میں ان کی حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس میں کسی خاص شخصیت کے دیے گئے نظریات کی اہمیت وافادیت پر بھی بحث کی جاتی ہے۔ یہ زمرہ نظریاتی طبقات کی ایک شاخ ہے۔ اس طرح کی تحقیق میں مقالہ نگار نظریہ سازی سے بھی کام لیتا ہے۔ بہر کیف کشمیر میں لکھے گئے اسی

طرح کے مقالات کے بارے میں نیچے معلومات پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

**1۔ انیسویں صدی کی اردو نثر میں سماجی طنز:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سوہن لال کول نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی سرپرستی میں 1981 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر محیط ہے۔ باب اول طنز ومزاح کے مفاہیم کے عنوان سے ہے۔اس کے ذیلی ابواب میں مزاح کی ماہیئت، ہنسی کے مختلف نظریے، مزاح کا تاریخی ارتقا، مزاح کے اقسام اوران کے باہمی رشتے، خالص مزاح، طنز، مزاح اور طنزیہ ہجو، پیروڈی یا تحریف، طنز ومزاح کی ادبی اور سماجی اہمیت، سماجی طنز کا مفہوم: تفاعلی اور دائرہ کار کے نام قابل ذکر ہیں۔

باب دوم اردو نثر میں سماجی طنز ومزاح کی روایت اوراس کا تدریجی ارتقا کے عنوان سے ہے۔اس کے ذیلی ابواب قدیم اردو داستانوں میں طنز ومزاح، فورٹ ولیم کالج اور سماجی طنز ہیں۔اس باب میں نثر میں داستان، ناول، افسانہ، انشائیہ، ڈراما، سفر نامہ، خطوط، طنز ومزاح وغیرہ میں سماجی طنز دکھانے کی سعی کی گئی ہے۔ باب سوم غالبؔ کی نثری تحریروں میں سماجی طنز کے نام سے ہے۔اس کے ضمنی ابواب میں غالبؔ کی شخصیت میں طنزیہ پہلو، ان کی زندگی کے حالات، عہد کے تغیرات، شخصی ردعمل، نفسیاتی عمل، معاصر حالات کی آگہی، غدر کا واقعہ اور غالبؔ کا طنزیہ رویہ، علی گڑھ تحریک اور طنز ومزاح، سرسید احمد خاں اور نذیر احمد کے نام شامل ہیں۔ باب چہارم اودھ پنچ اور طنز ومزاح کے عنوان سے ہے۔اس کے ذیلی باب کچھ اس طرح ہیں۔اودھ پنچ کا زمانہ، سماجی حالات، اودھ پنچ کے طنز ومزاح کا سماجی پہلو، نمائندہ نثر نگار سجاد حسین، مچھو بیگ ستم ظریف، تربھون ناتھ ہجر، جوالا پرشاد برق، نواب سید محمد آزاد۔ باب پنجم دیگر رسائل اور اخبارات اور کالموں میں سماجی طنز کے عنوان سے ہے۔اس میں انیسویں صدی کے اواخر میں سماجی طنز ومزاح کے بارے میں معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔

**2۔ پریم چند کا سیاسی شعور اوران کی کہانیاں:**

یہ مقالہ ڈاکٹر تسلیم بانڈے نے ڈاکٹر برج پریمی کی سرپرستی میں 1985 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر محیط ہے۔ پہلا باب ادب اور سیاست کے عنوان سے ہے۔اس باب کے ذیلی عنوانات سیاست اور علم سیاست، سیاسی نظریات اور اقدار کی اہمیت، فنون لطیفہ، ادب، مفہوم، تعریف اور تشریح، فرد۔ سماج اور سیاست کا تعلق ادب کے ساتھ، ادب اور سیاست، اردو ادب میں سیاسی تصورات، شاعری، نثر، صحافت، پریم چند کے یہاں ادب اور سیاست کا رشتہ ہے۔

اس مقالے کا دوسرا باب پریم چند کا سیاسی ماحول اوران کے سیاسی شعور کا تجزیہ کے عنوان سے ہے۔ اس کے ضمنی عنوانات میں سیاسی اور فکری پس منظر، پریم چند کے عہد میں جدوجہد آزادی کی چند ابتدائی اہم منزلیں، اصلاحی تحریکیں، دوسرے مصلحین اور اثرات، پریم چند کا سیاسی شعور اور تحریک آزادی، ہندستان میں سیاسی اور ادبی تحریکیں اور پریم چند، آل انڈیا کانگریس کی تشکیل، خلافت تحریک، ترقی پسند تحریک وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ تیسرا باب پریم چند کی کہانیاں اوران کا سیاسی شعور کے عنوان سے ہے۔ اس کے تین ذیلی عنوانات کے تحت تین ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا دور آغاز سے 1920 تک، دوسرا دور 1921 سے 1930 تک، تیسرا دور 1931 سے 1936 تک ہے۔ چوتھا باب پریم چند کی سیاسی کہانیوں کی ادبی اہمیت کے عنوان سے ہے۔ اس کے ذیلی موضوعات پریم چند کی کہانیوں کے فنی مقاصد، پریم چند کا فن ( تجزیاتی مطالعہ )، موضوع، عنوان، پلاٹ، آغاز، نقطہ عروج، انجام، کردار نگاری، مکالمہ نگاری، اسلوب، تکنیک، وحدت تاثر، فضا بندی، خلاصہ بیان سے اس مقالے میں افسانوں اور ناولوں کے حوالے سے پریم چند کے سیاسی شعور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مقالہ نگار نے پریم چند کی عملی زندگی میں بھی سیاسی شعور کی جھلکیاں پیش کی ہیں۔

**3۔ اردو افسانوں میں سماجی طنز ابتدا سے 1986 تک:**

یہ مقالہ ڈاکٹر غلام احمد ڈار نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں 1992 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے کے پانچ باب ہیں۔ باب اول طنز ومزاح کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ہنسی کی ماہیئت اور اس کا مفہوم، طنز ومزاح کا مفہوم، طنز اور سماجی طنز کا رشتہ اور مزاح کا فرق۔ طنز ومزاح کے عناصر کے موضوعات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم اردو افسانے میں سماجی طنز کے نام سے ہے۔ اس میں سماجی طنزیہ افسانے کی ابتدا سے 6 193 تک کے دور میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ باب سوم دوسرے دور 1936 سے 1947 تک کے نام سے ہے۔ اس باب میں ترقی پسند تحریک سے ہندستان کی آزادی تک کے افسانوں میں سماجی طنز کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب چہارم تیسرا دور 1947 سے 1955 تک ہے۔ اس باب میں ہندستان کی آزادی کے بعد جدید دور تک کے افسانوں میں سماجی طنز کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب پنجم چوتھے دور 1955 سے 1986 تک کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں جدید دور سے مابعد جدید دور تک کے افسانوں میں طنزیہ سماج کو موضوع بحث بنا گیا ہے۔

**4۔ اردو انشائیہ میں سماجی شعور:**

مذکورہ مقالہ ڈاکٹر بشیر احمد وانی نے پروفیسر مجید مضمر کی سرپرستی میں 1998 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ تین ابواب پر محیط ہے۔ باب اول تخلیقی ادب اور سماجی شعور کی کارفرمائی کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں سماجی شعور کا تعارف اور تخلیقی ادب کی تعریف کی گئی ہے۔ باب دوم صنف انشائیہ میں سماجی شعور ہے۔ اس باب میں انشائیے کا مفہوم اور تعارف اور ساتھ ہی انشائیے میں سماجی شعور کی عکاسی کی گئی ہے۔ باب سوم اردو انشائیہ میں سماجی شعور کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو انشائیے پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ساتھ ہی ان انشائیوں میں سماجی شعور کی عکاسی کی گئی ہے۔ زیر بحث مقالے میں اردو میں انشائیہ نگاری کی روایت، اردو کے اہم انشائیہ نگار اور خصوصاً اردو انشائیہ نگاری میں سماجی شعور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اردو کے تمام اہم انشائیہ نگار مثلاً سرسید احمد خاں، مولوی ذکا اللہ، محمد حسین آزادؔ، وحید الدین سلیم، سید سجاد حسین، عبدالحلیم شرر، فرحت اللہ بیگ، ابوالکلام آزادؔ، خواجہ حسن نظامی، رشید احمد صدیقی، نیاز فتح پوری، سجاد حیدر یلدرم، پطرس بخاری، شوکت تھانوی، عظیم بیگ چغتائی، مشتاق یوسفی، فکر تونسوی، ابن انشا، کنہیا لال کپور وغیرہ کے انشائیوں میں سماجی شعور کو بھرپور انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

**5۔ اقبالؔ، انسان اور خدا:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فیض احمد فیاض نے پروفیسر قدوس جاوید کی نگرانی میں 2009 میں شائع کیا ہے۔ ان کا یہ مقالہ تین ابواب پر مشتمل ہے۔ چوتھا باب محاکمہ کے طور پر ہے۔ پہلا باب دینی نقطہ نظر سے انسان اور انسانیت کا تصور کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں قرآن واحادیث کی روشنی میں عظمت انسان پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ اس باب کے جزوی عنوانات میں دوسری مخلوقات پر انسان کی فضیلت اور اس کی وجوہات، اسلام میں تحفظ انسان اور انسانیت، تحفظ احترام آبرو، تحفظ نجی زندگی، اسلام میں انسانی خدمت، حضورؐ کی انسانی خدمت نبوت ملنے سے پہلے جیسے عنوانات کے تحت اس باب کو تقسیم کیا گیا ہے۔ دوسرا باب اقبالؔ اور انسان کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اقبالؔ کے حوالے سے عظمت انسان پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس باب کے تین ضمنی ابواب ہیں۔ پہلا اقبالؔ ،انسان اور قرآن، دوسرا اقبالؔ، انسان اور عمل تیسرا اقبالؔ، انسان اور احترام انسانیت کے نام سے ہے۔ مجموعی طور پر اس باب میں اقبالؔ کی فکر پر لکھی گئی مشہور ومعروف تصنیفات کے ضروری حوالے دے کر اس بات کو ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ اقبالؔ بنیادی طور پر احترام آدم کا شاعر ہے۔ باب سوم اقبالؔ، انسان اور خدا کے عنوان سے ہے۔ اس باب کے چار ضمنی حصے ہیں۔ پہلا حصہ دوسرے مذاہب میں خدا کا تصور، دوسرا حصہ اسلام کا تصور خدا، تیسرا حصہ اقبالؔ کا تصور خدا اور چوتھا حصہ انسانیت اور خدا کا رشتہ کے عنوان سے ہے۔ مجموعی طور پر اس باب میں

اقبالؔ کے تصور باری تعالیٰ اور انسان کے درمیان رشتے پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

## (11) تہذیبی تحقیق

تہذیبی تحقیق سے مراد دراصل کسی بھی معاشرے کی تہذیب کو ملحوظ خاطر لا کر تحقیق کرنا ہے اور اس میں مختلف تصانیف، نظریات اور مصنفین کے حوالے سے معاشرے کی تہذیب وتمدن کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اردو ادب میں اس طبقے میں لکھنوی تہذیب، دہلوی تہذیب، حیدرآبادی تہذیب، ہندستانی تہذیب، پاکستانی تہذیب، کشمیری تہذیب، مشرقی تہذیب، مغربی تہذیب وغیرہ کے حوالے سے بھی تحقیقی کام کیا جا چکا ہے۔ اس تحقیق سے وابستہ جتنے بھی تحقیقی مقالے جموں وکشمیر میں لکھے جا چکے ہیں، ذیل میں ان کا جائزہ لینے کی کوشش کی جائے گی۔

**1۔ اردو افسانے میں ہندوستانی تہذیبی عناصر:**

یہ مقالہ پروفیسر منصور احمد میر نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں 1986 میں تحریر کیا ہے۔ ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول تہذیب کا مفہوم ومعیار کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تہذیب کی تعریف، اس کے عناصر، ہندستانی تہذیب کے خصوصی عناصر، مشترکہ تہذیب کے مختلف عناصر اور ہندستان کی موجودہ تہذیبی صورت حال پر بحث کی گئی ہے۔ تہذیب کی تعریف وتشریح کے سلسلے میں مختلف مفکروں، فلسفیوں اور دانشوروں کے خیالات پیش کیے گئے ہیں۔ باب دوم کہانی میں تہذیبی روایت کے نام سے ہے۔ اس باب میں فن اور تہذیب کے رشتے، فنی اقدار اور تہذیبی اقدار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہانیوں کی بنیاد پر ان اقدار کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس میں نثری تخلیقی ادب پر ملکی اور مقامی اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے اردو افسانے میں علاقائی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کو سامنے لانے کی سعی کی گئی ہے۔ باب سوم مذہبی روایت کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو افسانے میں مذہبی روایت، کہانی میں مذہبی علامتوں، اصطلاحوں، واقعات اور کرداروں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ساتھ ہی اساطیری و دیومالائی روایات کا بھی کہانیوں کی بنیاد پر تجزیہ کیا گیا ہے۔ باب چہارم سماجی نظریات کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں سماجی نظریات کے زیر عنوان مختلف النوع رسم ورواج کو پیش کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں شادی بیاہ کی مختلف رسوم، موت کی رسمیں، میلے ٹھیلے اور تہواروں کی رسمیں، قبر پرستی، عملیات، جادوٹونے اور گنڈے تعویزات کی رسمیں، جہیز کے رسوم ورواج، رنگ ونسل، ذات پات، اونچ نیچ اور چھوت چھات کی رسموں اور ان کے علاوہ مختلف ملکی اور مقامی رسموں مثلاً بوہنی، تلادان، دھرتی پوجا اور بدھ نصب کرنے کی رسموں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ باب پنجم جمالیاتی اقدار ہے۔ اس باب میں ادب کے جمالیاتی تقاضوں کا کہانیوں کے معیار پر

تجزیہ کیا گیا ہے۔زیر بحث تحقیقی مقالہ کتابی شکل میں بھی منظر عام پر آچکا ہے۔

**2۔ اردو افسانے میں سماجی شعور:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شفیقہ خاں نے پروفیسر محمد زماں آزردہ کی نگرانی میں 1985 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول سماج، شعور، سماجی شعور (معنی ،مفہوم وتشریح) کے عنوان سے ہے۔اس باب میں سماج اور سماجی شعور کا معنی و مفہوم سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔اس سے متعلق مختلف عالموں، دانشوروں، مفکروں اور فلسفیوں کے نقطہ ہائے نظر پیش کیے گئے ہیں۔ باب دوم ادب اور سماجی شعور کے عنوان سے ہے۔ اس کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ اردو افسانے میں سماجی شعور (ابتدائی دائرہ عمل)، دوسرا حصہ اردو افسانے میں سماجی شعور کی روایت کے نام سے ہے۔اس باب میں سماجی شعور کے آپسی تعلق پر گفتگو کی گئی ہے۔اس کے بعد سماجی شعور اور اردو ادب کے آپسی تعلق پر بحث کی گئی ہے۔اس باب کے آخری حصے میں سماجی شعور اور اردو افسانے کے رشتے بالخصوص اردو افسانے میں سماجی شعور کا دائرہ پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ باب سوم اردو افسانے میں سماجی شعور کی عکاسی 1935 تک کے عنوان سے ہے۔اس باب میں سماجی مسائل اور اصلاحی اقدامات ، دیہاتی وشہری زندگی، سماجی نابرابری اور چھوت چھات کا مسئلہ، عورتوں کے مسائل، حب الوطنی اور تحریک آزادی کے موضوعات سے بحث کی گئی ہے۔مجموعی طور پر اس باب میں 1935 تک کے اردو افسانوں میں سماجی شعور کی نشان دہی کی گئی ہے اور سماج کے مختلف طبقوں کی نمائندگی کرنے والے افسانوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ باب چہارم اردو افسانے میں سماجی شعور 1935 سے 1946 تک کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اردو افسانے اور ترقی پسند تحریک پر روشنی ڈالتے ہوئے 1936 سے 1946 تک کے اردو افسانے کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔ باب پنجم اردو افسانے میں سماجی شعور 1947 سے 1965 تک اور تقسیم ملک، فرقہ وارانہ فسادات اور اردو افسانہ کے عنوان سے ہے۔ چوں کہ آزادی کے بعد ہمارے سماج میں کئی طرح کی تبدیلیوں سے مسائل کی نوعیت بدل گئی ہے۔اسی لیے اس دور کے افسانوں میں سماجی شعور کی نوعیت بدل کر پہلے دور کے افسانوں کے سماجی شعور کے برعکس ہے۔

**3۔ پریم چند کے بعد اردو ناول میں مشترکہ ہندوستانی تہذیب:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شوکت افزا کرمانی نے پروفیسر نذیر احمد ملک کی نگرانی میں 1987 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر محیط ہے۔ باب اول تہذیب، تعریف وتشریح کے عنوان سے ہے۔اس میں مقالہ نگار نے مشترکہ تہذیب کے مفہوم پر روشنی ڈالی ہے۔ساتھ ہی مشترکہ تہذیب اور اردو زبان وادب کا تعارف اور برصغیر میں

ہندستانی اور اسلامی تہذیب کی آمیزش پر تفصیل سے بحث کی ہے۔ باب دوم میں سجاد ظہیر، کرشن چندر، عصمت چغتائی، عزیز احمد، ممتاز مفتی، حیات اللہ انصاری کے ناولوں میں مشترکہ ہندستانی تہذیب کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب سوم قرۃ العین حیدر، شوکت صدیقی، راجندر سنگھ بیدی، خدیجہ مستور، جمیلہ ہاشمی کے نام سے ہے۔ اس میں ان ناول نگاروں کے ناولوں میں مشترکہ تہذیب کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب چہارم عبداللہ حسین، انتظار حسین، جیلانی بانو، احسن فاروقی، انور سجاد، رضیہ فصیح احمد، قاضی عبدالستار کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں بھی دوسرے اور تیسرے باب کی طرح مذکورہ ناول نگاروں کے ناولوں میں مشترکہ تہذیبی نقوش کی تلاش کی گئی ہے۔ باب پنجم پریم چند کے معاصرین ایک سرسری جائزہ ہے۔ اس باب میں پریم چند کے معاصرین میں سے نذر سجاد حیدر، نیاز فتح پوری، مرزا محمد سعید، فیاض علی، پنڈت کشن پرشاد کول، قاضی عبدالغفار، علی عباس حسینی کے نام قابل ذکر ہیں۔ مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو زیر بحث مقالے میں پریم چند کے انتقال کے بعد یعنی 1936 کے بعد کے اردو ناولوں میں ہندستانی مشترکہ تہذیب کی عکاسی کی گئی ہے۔

**4۔ اردو تنقید پر سماجی وتہذیبی اثرات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر غلام محمد وانی نے پروفیسر قدوس جاوید کی سرپرستی میں 1993 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے میں اردو تنقید نگاری پر سماجی اور تہذیبی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ دبستانوں اور مختلف ممالک کے تناظر میں بات کریں تو اردو تنقید پر مغرب و مشرق اور دہلی، دکن اور لکھنؤ کے اثرات بھی نظر آتے ہیں۔ اسی طرح اس مقالے میں اردو تنقید پر سماجی اور تہذیبی اثرات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔

مذکورہ طبقے سے وابستہ مزید چار مقالوں پر کام ہو رہا ہے۔ اس لیے یہاں صرف ان کا عنوان درج کیا جائے گا۔

☆ کلام اقبالؔ کے تہذیبی وتاریخی تناظرات کا تجزیاتی مطالعہ: نوتاریخیت کے حوالے سے، مقالہ نگار وسیم احمد نحوی۔

☆ معاصر اردو ناول میں مسلم سماج کے مسائل کی عکاسی (نمائندہ ناولوں کے حوالے سے)، مقالہ نگار ہلال احمد گنائی۔

☆ راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں سماجی حقیقت نگاری: ایک تحقیقی وتنقیدی مطالعہ، مقالہ نگار فرزانہ۔

☆ قرۃ العین حیدر کے ناولوں میں مشترکہ تہذیبی عناصر، مقالہ نگار محمد شفیع بٹ۔

جب ہم شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں پی ایچ۔ ڈی کے مقالات کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں

اس بات کا علم ہوجاتا ہے کہ یہاں 1966 سے پی ایچ ۔ڈی کے مقالات کی روایت ملتی ہے۔عصر حاضر یعنی 2018 تک ان مقالات کی تعداد 92 تک پہنچی ہے۔تحقیق کے درجنوں طبقات میں سے راقم نے صرف گیارہ اہم طبقات کی نشان دہی کی ہے۔اس سلسلے میں راقم نے اس بات کی نشان دہی بھی کرنے کی کوشش کی ہے کہ جموں وکشمیر میں کس طبقے میں ایک سے زیادہ تحقیق ہوئی ہے۔مذکورہ 92 مقالات میں غور طلب بات یہ ہے کہ کشمیر یونی ورسٹی میں سب سے زیادہ تحقیقی رجحان اصناف کی طرف ہے۔92 مقالات میں سے اصناف پر 29 مقالات لکھے گئے ہیں جب کہ سوانح یا شخصیات پر 18 مقالات تحریر کیے گئے ہیں ۔ اسی طرح تحریکات و رجحانات پر 12 مقالات قلم بند کیے گئے ہیں۔علاقائی ادب پرسات، بین العلومی یا تقابلی تحقیق پر 6،ادبی ولسانیاتی یا نظریاتی تحقیق پر 5،انجمن یا ادارہ پر 4،تہذیبی تحقیق پر 4،تصانیف پر 1، اردو ادبی حوالہ جاتی تحقیق پر 1 مقالہ تحریر کیا گیا ہے۔شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کو دوسرے شعبہ جات کے طالب علم شعبۂ حسن کے نام سے پکارتے ہیں ۔لیکن اتفاق کی بات یہ ہے کہ مذکورہ 92 مقالات میں سے 56 مقالات لڑکوں نے جب کہ صرف 36 مقالات لڑکیوں نے لکھے ہیں۔

بہر حال جب ہم کشمیر یونی ورسٹی میں تدوین متن کی تحقیق کا مطالعہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اس نوعیت کا کوئی تحقیقی کام نہیں ہوا ہے۔حالاں کہ اس طبقے میں تحقیق کی بہت گنجائش نظر آتی ہے لیکن شعبے کے پروفیسر صاحبان اور ریسرچ اسکالرز نے اس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی ہے۔اس لیے تحقیق کا یہ طبقہ ہنوز توجہ طلب ہے۔اسی طرح جب ہم یہاں اس بات کا پتہ لگاتے ہیں کہ یہاں کتنے پروفیسروں اور اسسٹنٹ پروفیسروں نے بطور نگراں اپنے فرائض انجام دیے ہیں تو ہمیں ان کی تعداد 19 معلوم ہوتی ہے۔

مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں سندی تحقیق پر تسلی بخش کام ہوا ہے۔اس شعبے سے اردو تحقیق کے بہت اچھے اور عمدہ مقالات وجود میں آئے ہیں۔اکثر و بیشتر مقالات کتابی صورت میں شائع ہو کر اردو دنیا کی تاریخ میں اپنا ایک مقام و مرتبہ قائم کر چکے ہیں۔لہٰذا کہا جا سکتا ہے کہ جموں و کشمیر میں سندی تحقیق بڑے زور وشور سے جاری وساری ہے۔بعض حضرات اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ جموں وکشمیر نے سندی تحقیق میں کوئی خاص کردار ادا نہیں کیا ہے۔لیکن جب وہ حضرات تعصب سے بالاتر ہو کر تاریخ کا مطالعہ کریں گے تو امید ہے کہ ان کی یہ غلط فہمی دور ہو جائے گی۔

## اقبال انسٹی ٹیوٹ آف کشمیر یونی ورسٹی

چوں کہ اقبآل کا تعلق کشمیری پنڈتوں سے تھا، اسی لیے شاید کشمیر اور اقبآل ہمیشہ سے موضوع بحث رہا ہے۔ بہت ساری کتابیں اقبآل اور کشمیر''،''علامہ اقبآل اور تحریک آزادی کشمیر'' کے عنوان سے کشمیر اور اقبآل کے رشتے کے بارے میں لکھی گئی ہیں۔ کشمیر کے لوگوں میں اقبآل کی محبت، ہمدردی اور انسانیت اسی طرح بستی ہے جس طرح اقبآل نے اپنی اور فارسی شاعری میں کشمیر کے ذرے ذرے کا انکشاف کیا ہے۔ درجنوں تحقیقی وتنقیدی مقالات ومضامین اقبآل اور کشمیر کے آپسی رشتے کو ثابت کرنے پر لکھے گئے ہیں۔ ان میں پروفیسر جگن ناتھ آزاد نے 1973 میں ''اقبآل اور کشمیر'' کے نام سے کتاب لکھی ہے۔ ڈاکٹر صابر آفاقی نے ''اقبآل اور کشمیر'' 1977 میں لکھی ہے۔ ڈاکٹر فریدہ باخر نے پی ایچ۔ ڈی مقالہ ''اقبآل اور کشمیر'' 1985 میں تحریر کیا ہے۔ اسی طرح غلام نبی خیال نے ''علامہ اقبآل اور تحریک آزادی کشمیر'' 2011 میں لکھی ہے۔ الغرض مذکورہ تمام کتابوں سے اقبآل اور کشمیر کا رشتہ ثابت کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم جو اقبآل شناسوں میں منفرد مقام ومرتبہ رکھتے ہیں، نے اقبآل اور کشمیر کے رشتے کے بارے میں اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ زندگی کے تمام ادوار میں کشمیر اور اہل کشمیر سے اقبآل کی محبت اور ان کی غلامی اور کسمپرسی پر اقبآل کا دل ہمیشہ دھڑکتا رہتا تھا۔ (علامہ اقبال اور تحریک آزادی کشمیر از غلام نبی خیال۔ص 111)۔

بہر حال اقبآل سے یہی رشتہ ہمیشہ ان کی شاعری اور ان کی ہر بات کا مطالعہ کرنے کے لیے اکساتا ہے۔ اسی محبت کا اثر ہے کہ کشمیر میں اسکول وکالج، کالونی، سڑکیں، چوک، بازار، پارک، اکادمی اور دیگر مراکز علامہ اقبآل کے نام سے منسوب کیے گئے ہیں۔ کشمیر یونی ورسٹی نے اقبآل کی علمی وادبی، فلسفیانہ اور شاعرانہ عظمت کو پیش نظر رکھنے کے علاوہ کشمیری عوام کے جذبات اور اقبآل کے ساتھ ان کے انس وبے پناہ عقیدت کا لحاظ کرتے ہوئے اس وقت کے وزیر اعلا مرحوم شیخ عبداللہ کی ہدایت پر 1977 میں دنیا کی پہلی مستند "IQBAL CHAIR" (اقبآل چیر) قائم کی۔ اس کے بعد عثمانیہ یونی ورسٹی، کلکتہ یونی ورسٹی، لاہور یونی ورسٹی وغیرہ میں مسند اقبآل قائم کی گئی۔ اقبآل چیر کے پہلے ماہر اقبالیات پروفیسر آل احمد سرور مقرر کیے گئے تھے۔ پھر مارچ 1979 میں اقبآل چیر کا درجہ بڑھا کر اقبآل انسٹی ٹیوٹ بنا دیا گیا۔ اس انسٹی ٹیوٹ کے پہلے ڈائرکٹر پروفیسر آل احمد سرور مقرر کیے گئے تھے۔ محمد امین اندرابی کو اس ادارے کا پہلا لیکچرر بنایا گیا اور ایک سال گزر جانے کے بعد یعنی 1980 میں ڈاکٹر کبیر احمد جائسی پہلے ریڈر کی حیثیت سے منتخب کیے گئے۔ اس ادارے کے مقاصد میں اقبالیات پر تحقیقی وتنقیدی کام انجام دینا، سالانہ سیرتی جلسوں کا انعقاد کرنا، سمیناروں، توسیعی خطبات، مشاعروں، مشاورتوں، کانفرنسوں،

ایم۔فل اور پی ایچ۔ڈی کا تحقیقی کام انجام دینا نیز کتابوں اور رسائل و جرائد کی اشاعت عمل میں لانا وغیرہ شامل ہیں۔اس ادارے میں تقریباً 99فی صدی کام اردو زبان میں ہوتا ہے۔ پروفیسر آل احمد سرور اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ کے اغراض ومقاصد کے بارے میں لکھتے ہیں:

''۔۔۔۔اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ کا بنیادی کام تو اقبالؔ کی حیات اور فکر وفن کا مطالعہ ہے مگر یہ بات بھی بدیہی ہے کہ کسی بڑے فنکار کا مطالعہ اس کے دور، ماحول،اس زمانے کی اہم تحریکات اور ایک عالمی تناظر کے بغیر نہیں کیا جاسکتا ۔اقبالؔ کی شخصیت بڑی پہلودار ہےاوران کی دلچسپیاں کی ایک شعبے میں محدود نہیں ہیں وہ ادب ،فلسفہ،تصوف ، سیاست،تعلیم ،معاشرت،تہذیب،فنون لطیفہ سبھی کے متعلق فکر کی گہرائی کا ثبوت دیتے ہیں اور پھر ان کے افکار میں ایک وحدت اوران کے ذہنی سفر کی ایک نمایاں سمت بھی ہے۔ان کے زادراہ میں نمایاں طور پر اسلامی فکر، ہندوستانی تہذیب اور مغربی فکر تینوں کے گہرے نقوش ملتے ہیں۔ معاصر تحریکوں اور معاصر شخصیتوں سے وہ متاثر بھی ہوتے ہیں اوران پر اثر بھی ڈالا ہےاس لیے اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ اقبالؔ کے مطالعہ کے ساتھ تصوف کی تاریخ ، ہندوستان میں اسلام، اردو شاعری میں روایت اور تجربے، ہندوستان میں فارسی شاعری، شریعت اسلامی کے مطالعے، اجتہاد کے مسئلے اور زندگی میں تسلسل اور تغیر کے مظاہرے ، مغربی فکر کے اہم معاملات ۔۔۔۔۔۔اقبالؔ کے ذریعے سے اپنی بنیادوں ، اپنے ماحول اور عالمی فضا کا مطالعہ اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ کا مقصد ہے۔ہمیں یقین ہے کہ اقبالؔ کے نور بصیرت سے اس پر آشوب دور میں ہمیں مسرت اور بصیرت دونوں کا سرمایہ میسر آسکتا ہے۔''6

الغرض اس ادارے کا مقصد صرف اقبالؔ کا مطالعہ نہیں بلکہ مذکورہ اقتباس میں ان ساری باتوں کا مطالعہ ہے۔ اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ کا مقصد اقبالؔ کے ماضی، حال اور مستقبل کا مطالعہ ہے۔ پھر 2003 میں اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ کو مرکز اقبالیات اور تقابلی مطالعات "Centre of Iqbaliyat and Comparative Studies" کا اعلا مقام عطا کیا گیا۔ یہ ادارہ اقبالؔ اور اقبالیات سے متعلق دیگر علوم میں تحقیق وتدوین میں مصروف کار رہےاور آج اس ادارے کا شمار دنیا کے فعال اور متحرک تحقیقی اور علمی اداروں میں ہوتا ہے۔اس ادارے

کے موجودہ انچارج ڈائریکٹر مشتاق احمد گنائی نے اپنے مضمون میں اقبال انسٹی ٹیوٹ پر اس طرح روشنی ڈالی ہے۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''1977 میں دانشگاہ کشمیر میں اقبال چیر کا قیام حکیم الامت اعلی اقبال کے فکر ونظر کو عام کرنے کے غرض سے عمل میں لایا گیا۔ اردو کے مشہور ومعروف نقاد، شاعر اور اقبال شناسی پروفیسر آل احمد سرور کو اس چیر کے لیے اقبال پروفیسر اور بعد میں اس کو انسٹی ٹیوٹ میں تبدیل ہوجانے پر مذکورہ ادارے کا ڈائریکٹر مقرر کیا گیا۔ یہ پہلا موقعہ تھا جب پوری دنیا میں اس نوعیت کی کوئی چیر قائم کی گئی ہو۔ 1979 میں اقبال چیر کو ایک مکمل اور مستقل انسٹی ٹیوٹ کا درجہ دیا گیا اور سال رواں یعنی 2003 میں اسے Centre for Iqbaliyat "and Comperative Studies" یعنی مرکز اقبالیات اور تقابلی مطالعات جیسا وسیع اور اعلیٰ مقام عطا کیا گیا۔ ادارے کے پروگرام میں دانشور اقبال کے فکر ونظر کو عام کرنے کی غرض سے سیمناروں، توسیعی خطبوں، مضمون نویسی اور بت بازی کے مقابلوں کے اہتمام، مونوگرافس کے تیار کرائے جانے اور اس نوع کے دیگر امور کے علاوہ ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ ڈی اسکالروں کی ترتیب اور نگرانی جیسے عوامل شامل ہیں۔''7

اس اقتباس سے ادارے کا مختصر تعارف اور مقصد کا اندازہ ہوجاتا ہے۔ چوں کہ ہمارا اصل موضوع اقبال انسٹی ٹیوٹ میں تحقیقی کام کے بارے میں معلومات بہم پہنچانا ہے، لہٰذا ہم اقبال انسٹی ٹیوٹ کے بارے میں اتنے پر ہی اکتفا کریں گے اور اپنے اصل موضوع کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اقبال انسٹی ٹیوٹ میں تحقیقی کام 1989 میں شروع ہوا تھا۔ اقبال انسٹی ٹیوٹ کے ان پی ایچ۔ ڈی مقالات کو محققین وناقدین کی فراہم کردہ مختلف تحقیقی زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جیسے گیان چند جین نے تحقیقی مقالات کو دس الگ الگ زمروں میں بانٹا ہے۔ جن میں شخصیات، اصناف، تصانیف، تقابل، علاقائی، رجحان وتحریک اور دبستان، انجمن وادارہ، لسانیاتی، تدوین متن اور ادبی حوالہ جاتی تحقیق شامل ہیں۔ اسی طرح مفتی امانت علی قاسمی نے تحقیق کو نظریاتی اور علاقائی، تجزیاتی اور تاریخی، سندی اور غیر سندی اقسام میں تقسیم کیا ہے۔ (تعارف اور طریقہ کار، جہان اردو 2015)۔ اس کے علاوہ بھی مختلف لوگوں نے اپنے اپنے نظریے کے مطابق درجنوں تحقیقی زمرے درج کیے ہیں۔ لیکن اقبال انسٹی ٹیوٹ

کے ڈاکٹریٹ کے مقالات کے موضوعات پر نظر ڈالتے ہوئے ان کو صرف نو اہم طبقوں یا زمروں میں منقسم کرنے کی کوشش کریں گے جس سے مقالات کی تعداد کے ساتھ ساتھ کس زمرے میں کتنے تحقیقی مقالے لکھے گئے ہیں اور کون سا زمرہ ہنوز توجہ طلب ہے، اس کی نشان دہی کی جائے گی۔

## شخصیات یا سوانحی تحقیق

شخصیات یا سوانحی تحقیق کی تعریف راقم نے شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کی فہرست میں کی ہے۔ تکرار کو مد نظر رکھ کر یہاں براہ راست مقالات کی بات کی جائے گی۔ اقبال انسٹی ٹیوٹ سے اب تک جو ڈاکٹریٹ کے مقالات شخصیات یا سوانحی تحقیق کے زمرے میں لکھے گئے ہیں ان کی تفصیل یوں ہیں۔

**1۔ کلام اقبالؔ کے اعلام ومشاہیر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سید شبیر احمد نے پروفیسر محمد امین اندرابی کی نگرانی میں 2000 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول اردو زبان وادب کے اعلام ومشاہیر کے عنوان سے ہے۔ اس کے ذیلی باب اس طرح ہیں: اقبالؔ اور غالبؔ، اقبالؔ اور شبلیؔ وحالیؔ، اقبالؔ اور داغؔ، اقبالؔ اور اکبرالہ آبادیؔ، اقبالؔ اور سرعبدالقادر، اقبالؔ اور میرحسن سیالکوٹی کے نام قابل ذکر ہیں۔ اردو زبان وادب کے اعلام ومشاہیر میں مذکورہ لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ باب دوم فارسی زبان وادب کے مشاہیر کے عنوان سے ہے۔ اس میں اقبالؔ اور غنی کاشمیریؔ، اقبالؔ اور حافظ شیرازیؔ، اقبالؔ اور شیخ سعدی شیرازیؔ، اقبالؔ اور مولانا جلال الدین رومیؔ، اقبالؔ اور مرزا عبدالقادر بیدلؔ کے نام شامل ہیں۔ چناں چہ حافظ شیرازیؔ کے فن کی اقبالؔ بڑی قدر ومنزلت کرتے تھے۔ غنی کاشمیریؔ سے وہ متاثر تھے۔ شیخ سعدیؔ اور عبدالقادر بیدلؔ کے علاوہ حکیم سنائی کا ذکر بھی نہایت ہی احترام اور عقیدت سے ملتا ہے۔ پیر رومیؔ کو اقبالؔ اپنا مرشد تصور کرتے ہیں۔ علامہ اقبالؔ نے 'جاوید نامہ' میں افلاک کی سیر پیر رومیؔ کی رہنمائی میں کی ہے۔

باب سوم تاریخ اور فلسفہ کے مشاہیر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں جن اعلام ومشاہیر کا ذکر کیا گیا ہے ان کا تعلق تاریخ اور فلسفے سے ہے۔ ان میں سید جمال الدین، امام غزالی، سعد حکیم پاشا اور ٹیپو سلطان شہید کی عظیم المرتبت شخصیات کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ باب چہارم مذہبی اعلام ومشاہیر کے عنوان سے ہے۔ مذہبی اعلام ومشاہیر میں اقبالؔ کے یہاں عقیدت اور احترام کی انتہا بارگاہ رسالتؐ میں ملتی ہے۔ اسی لیے عام مجموعوں میں عقیدت اور والہانہ عشق کی انتہا ملتی ہے۔ اس باب میں جن دیگر عظیم شخصیات کا ذکر کیا گیا ہے ان میں

سید علی ہمدانی، مولانا انور شاہ کاشمیری کے علاوہ سکھ مذہب کے بانی بابا گرونانک بھی شامل ہیں۔ میر سید علی ہمدانی کو اقبالؔ نے جنت الفردوس میں دکھا کر ان کی عظمت بیان کی ہے۔ اسی طرح مولانا انور شاہ کاشمیری کا ذکر اقبالؔ کے خطوط میں نہایت ہی احترام سے کیا گیا ہے۔ گرونانک کے تصورِ توحید کو اقبالؔ نے اپنی شاعری میں پیش کر کے ان کی عظمت بیان کی ہے۔

**2۔ پروفیسر آل احمد سرور کی اقبالؔ شناسی:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نصرت جان نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی سرپرستی میں 2005 میں مکمل کیا ہے۔ اس مقالے میں انھوں نے پروفیسر آل احمد سرور کی اقبالؔ سے متعلق کتابوں کا جائزہ پیش کیا ہے۔ ساتھ ہی دوسرے اقبالؔ شناسوں کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس مقالے میں مقالہ نگار نے آل احمد سرور کے حالاتِ زندگی پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

**3۔ ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم بحیثیت اقبالؔ شناس: ایک جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ریاض احمد بٹ نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2007 میں تحریر کیا ہے۔ ان کا مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم: ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تعارف، ان کے حالاتِ زندگی، شخصیت، ادبی خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم اردو میں اقبالؔ شناسی کی روایت کے نام سے ہے۔ اس باب میں اردو کی ابتدا اور ارتقا میں اقبالؔ شناسوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب سوم ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم کی اقبالؔ شناسی کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی باب ہے۔ اس باب میں ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم کی تمام تصانیف و تالیفات خصوصاً علامہ اقبالؔ کے حوالے سے لکھی گئی کتابوں کا جائزہ لیا گیا ہے اور ان کی اقبالؔ شناسی ثابت کی گئی ہے۔ باب چہارم اقبالیاتی ادب میں ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم کے مقام کا تعین کے عنوان سے ہے۔ یہ باب بھی کلیدی باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم کی قدر اقبالیاتی ادب میں متعین کی گئی ہے کہ ان کا اقبالؔ شناسی میں کیا مقام ہے۔

**4۔ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کی اقبالؔ شناسی: ایک تحقیقی جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ظہور احمد وانی نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2007 میں لکھا ہے۔ ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر محیط ہے۔ پہلا باب ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی: ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے جس میں ان کی پیدائش، خاندانی پس منظر، تعلیم و تربیت، معاشی اور

پیشہ ورانہ حیثیت متعین کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ دوسرا باب ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کا ادبی سفر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ہاشمی کے ادبی سفر کا ارتقائی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے طرز تحریر اور اسلوب بیان پر بھی بحث کی گئی ہے۔ ساتھ ہی ان کی تحریر کردہ تصنیفات و تالیفات کی مختصر تفصیل اور جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ تیسرا باب ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی بحثیت محقق کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ہاشمی کی محققانہ کاوشوں، تحقیق میں ان کی انفرادیت، ان کی محققانہ صلاحیتوں کے بارے میں مختلف اہل قلم کے تاثرات پیش کیے گئے ہیں۔ نیز ان کی تحقیقی سرگرمیوں کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھا باب ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کی اقبال شناسی کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی باب ہے۔ اس باب میں اقبال کی شخصیت، ان کے نظریے اور فن کے بارے میں ان کی آرا اور نتائج جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں مختلف اقبال شناسوں کی ان کے متعلق آرا بھی پیش کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ اقبالیات کے سلسلے میں ان کی سرگرمیوں اور اقبالیات سے متعلق کتابوں کا مختصر جائزہ لیا گیا ہے۔ اقبالیات سے دلچسپی کے محرکات اور وجوہات کو تلاش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

**5۔ برصغیر میں اقبال شناسی اور دینی علما:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شگفتہ رحیم نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2017 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے میں صرف برصغیر کے اقبال شناسوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اقبال کی جتنی اہمیت اردو اور فارسی کے لیے ہے، اس سے کہیں زیادہ اہمیت مذہبی رہنماؤں کی نظر میں ہے۔ اقبال نے دینی شاعری کی ہے اور انھوں نے اپنے کلام میں خدا پرستی کا درس دیا ہے۔ اس لیے علمائے کرام کو ہر تقریر و تحریر میں ان کے کلام کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اقبال شناسی کے حوالے سے سردار جعفری نے 1977 اور منظور احمد نے 2002 میں کتابیں لکھی ہیں اور ان میں اقبال شناسوں کا ذکر ملتا ہے۔ اس مقالے کی اہمیت بھی الگ ہے۔

**6۔ سعید نذیر نیازی بحثیت اقبال شناس: خطبات اقبال کے آئینے میں:**

یہ مقالہ ڈاکٹر عرفانہ نظیر نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اور ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی کی مشترکہ نگرانی میں 2018 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے میں عمومی ابواب میں علامہ اقبال اور سعید نذیر نیازی کی حیات و ادبی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کلیدی باب میں صرف نذیر نیازی کی اقبال شناسی کا جائزہ خطبات اقبال کے آئینے میں لینے کی سعی کی گئی ہے۔ اقبال پر ان کی دیگر تصانیف ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ کا اردو ترجمہ 1986''، ''اقبال کے حضور 1957''، ''اقبال کا مطالعہ اور دوسرے مضامین اور اقبال ارشادات و تصریحات'' وغیرہ بھی

شامل ہیں۔مکتوبات اقبال 1957 اقبال اکادمی پاکستان لاہور سے شائع ہوئی ہے،اس کا بھی جائزہ اس مقالے میں لیا گیا ہے۔

## اصناف ادب پر تحقیق

یہ تحقیق کا دوسرا میدان ہے۔اس میں ریسرچ اسکالر سب سے زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔اس زمرے میں اقبال انسٹی ٹیوٹ کے پی ایچ۔ڈی مقالات بہت ہی کم نظر آتے ہیں۔اس میں اقبالؔ کے حوالے سے ان کی شاعری یا نثری خدمات یا پھر مختلف اصناف پر علامہ اقبالؔ کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔اقبال انسٹی ٹیوٹ میں پیش کیے گئے اس زمرے کے مقالات کی تفصیل نیچے پیش کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**1۔ اردو نظم میں اقبالؔ کا کارنامہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر بلقیس سراج نے پروفیسر مسعود حسین خاں اور پروفیسر کبیر احمد جائسی کی نگرانی میں 1984 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کے چھے ابواب ہیں۔باب اول اردو نظم اقبالؔ سے پہلے کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اردو نظم کا پس منظر اور اس کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔ان تمام اصناف کو زیر بحث لانے کی کوشش کی گئی ہے جن میں ہمیں اردو نظم کے نمونے ملتے ہیں۔اس میں خواجہ بندہ نواز گیسو دراز سے لے کر چکبستؔ تک ان تمام بڑے شعرا کا ذکر ملتا ہے جن کی شاعری میں اردو نظم کے نمونے ملتے ہیں۔باب دوم بانگ درا کا تفصیلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں بانگ درا کی نظموں کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے حصے میں 1905 تک کہی ہوئی نظمیں ہیں،دوسرا حصہ 1905 سے 1908 تک ان کی شاعری،دوسرے میں ان نظموں کا ذکر کیا گیا ہے جوانھوں نے قیام مغرب میں لکھی ہیں۔تیسرے حصے میں ان نظموں کا ذکر کیا گیا ہے جوانھوں نے 1909 سے لے کر 1923 تک کہی ہیں۔باب سوم بال جبریل کا تفصیلی مطالعہ کے نام سے ہے۔اس باب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے حصے میں طویل نظموں کا جائزہ لیا گیا ہے جن میں مسجد قرطبہ،ذوق وشوق اور ساقی نامہ ہیں۔دوسرے حصے میں ان کی چھوٹی نظموں پر تبصرہ کیا گیا ہے جن سے ان کے فکر وفن کے مختلف پہلوؤں پر روشنی پڑتی ہے۔باب چہارم ضرب کلیم کا تفصیلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ہر عنوان کو علاحدہ طور پر لے کر ان کی نظموں کی روشنی میں ان کی فکر کے اس پہلو کو اجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے جس فکر کو انھوں نے اپنی نظموں کا عنوان بنایا ہے۔ان تمام نظموں میں اقبالؔ کے تصورات مستقل صورت میں ہمارے سامنے آتے ہیں۔باب پنجم ارمغان حجاز کا تفصیلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔یہ مجموعہ ان کی گیارہ نظمیں اور تیرہ رباعیات پر مشتمل

ہے۔''ابلیس کی مجلس شوریٰ'' کے حوالے سے فکر وفن اور اسلوب کی وضاحت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اس مجموعے کی دوسری نظم ''ملا زادہ ضیغم لولابی کا بیاض'' ہے۔اس میں چھوٹی چھوٹی تیرہ نظمیں ہیں جن پر مقالہ نگار نے الگ الگ تبصرہ کیا ہے۔اسی طرح مزید ایک دو نظموں کا ذکر بھی ملتا ہے۔باب ششم اردو نظم میں اقبالؔ کا کارنامہ کے عنوان سے ہے۔ اس مقالے کا یہ کلیدی باب ہے۔اس باب میں علامہ اقبالؔ کی نظم کس حال میں ملی،جس میں حالیؔ،آزادؔ اور اکبرالہ آبادی کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔علامہ اقبالؔ نے مختلف اصناف سخن،مسدس،مثنوی،ترکیب بند کا استعمال کس طرح کیا ہے اور ان کے یہاں پوئم (poem) کا تصور کیا تھا،ان سب پر بحث کی گئی ہے اور انھوں نے نئے علائم کیسے استعمال کیے ہیں۔قرآن اور اسلامی تلمیحات کو اپنی شاعری میں کس طرح جگہ دے کر ایک نیا اضافہ کیا ہے۔فکر سے بھرے ہوئے عنوانات کے الفاظ اور تراکیب کا جامہ پہنا کر کس طرح فن کارانہ قدرت کے ساتھ پیش کیا ہے۔

**2۔ مثنویات اقبالؔ کا تنقیدی مطالعہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد یعقوب راتھر نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی سرپرستی میں 2018 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں مثنوی کی تعریف اور اس کے فن پر روشنی ڈالی گئی ہے۔مقالے کے کلیدی باب میں علامہ اقبالؔ کی مثنویات کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے جس میں اسرار خودی، رموز بے خودی، جاوید نامہ، پس چہ باید کرد اے اقوام شرق،ساقی نامہ،مثنوی ساقی کے ساتھ ساتھ دیگر درجنوں نظم نما مثنویوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ان مثنویوں کے موضوعات اور ادبی و مذہبی اہمیت پر بھی مفصل بحث کی گئی ہے۔

**3۔ اردو اور کشمیری شاعری پر اقبالؔ کے اثرات: کشمیر کے حوالے سے:**

یہ مقالہ ڈاکٹر بشیر احمد نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2007 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول اقبالؔ اور کشمیر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں کشمیر کے ساتھ اقبالؔ کی بے پناہ محبت،لگاؤ اور یہاں کے عوام کی سیاسی بیداری کے سلسلے میں ان کی کوششوں پر بحث کی گئی ہے۔اس میں کشمیر کی سیاسی،علمی و ادبی شخصیات سے اقبالؔ کی خط و کتابت کے آئینے میں اقبالؔ کی تحریروں کا مختصر جائزہ پیش کیا گیا ہے۔خطہ کشمیر سے اقبالیات کے حوالے سے جن اداروں نے اپنا کردار ادا کیا ہے ان اداروں پر مختصر روشنی ڈالی گئی ہے۔باب دوم اقبالؔ اور کشمیری شعرا کے عنوان ہے۔اس باب میں اقبالؔ کی شاعری کے کشمیری تراجم کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ساتھ ہی اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ یہ منظوم تراجم تنقیدی معیار و میزان پر کس حد تک

پورے اترتے ہیں۔ باب سوم کشمیر کے اردو شعرا پر اقبالؔ کے اثرات کے نام سے ہے۔اس باب میں اقبالؔ کے زیر اثر کہی ہوئی نظموں اور غزلوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ چناں چہ اس باب میں کشمیر کے سرکردہ اردو شعرا کے کلام پر اقبالؔ کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب چہارم اردو اور کشمیری شاعری پر اقبالؔ کے اثرات کے عنوان سے ہے۔ یہ کلیدی باب کی حیثیت رکھتا ہے۔اس میں کشمیر کے ان سرکردہ اردو اور کشمیری شعرا کے کلام کا جائزہ پیش کیا گیا ہے جنھوں نے علامہ اقبالؔ کے اثرات بالواسطہ یا بلاواسطہ قبول کیے ہیں جیسے اردو شعرا میں غلام رسول نازکیؔ، بلبل کاشمیریؔ، چراغ حسن حسرتؔ، عرش صہبائی، قاضی غلام محمد، نند لال کول طلب، تنہا انصاری قابل ذکر ہیں۔ کشمیری شعرا میں عبدالاحد آزادؔ، مہجور، رحمان راہی وغیرہ شامل ہیں۔

## رجحان، تحریک اور دبستان کی تحقیق

### 1۔ معاصر اصلاحی تحریکیں اور اقبالؔ:

یہ مقالہ ڈاکٹر اعجاز اشرف نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2005 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے کے ابواب کا موضوع اقبالؔ اور ان کا عہد، اقبالؔ کے اشعار و افکار کے اصلاحی پہلو، اقبالؔ کی معاصر تحریکیں شامل ہیں۔ علامہ اقبالؔ کی جن معاصر اصلاحی تحریکوں کا مقالہ نگار نے ذکر کیا ہے ان میں علی گڑھ تحریک، وہابی تحریک، تحریک اتحاد اسلامی، تحریک خلافت، خاکسار تحریک قابل ذکر ہیں۔ ان تحریکوں کا جائزہ لیتے ہوئے اقبالؔ کی شاعری کے کردار کو اجاگر کیا گیا ہے۔ان ساری تحریکوں سے علامہ اقبالؔ یا تو متاثر ہوئے تھے یا پھر ان تحریکوں سے اقبالؔ کی وابستگی رہی ہے۔

### 2۔ اقبالؔ کا تصور تحریک: اسپین میں مسلم عروج و زوال کے تناظر میں (ایک تحقیقی مطالعہ):

یہ مقالہ ڈاکٹر لبینہ محمد نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2012 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے میں جہاں علامہ اقبالؔ کے تصور تحریک کو روشن دلائل کے ساتھ پیش کیا گیا ہے وہیں کلیدی باب میں اسپین میں مسلم عروج و زوال میں تحریکوں کا کردار اور علامہ اقبالؔ کی شاعری اور دیگر تخلیقات میں اسپین کا تذکرہ کر کے اس پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس میں اسپین کے مسلمانوں کے عروج و زوال کے اسباب کا ذکر ملتا ہے۔ اس مقالے میں اقبالؔ کے سفر اسپین کے دوران مسجد قرطبہ میں اذان دینا اور پھر مسجد کی عظمت اور تاریخ کا از سر نو ذکر کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کے زوال پر پس ماندگی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

### 3۔ ایرانی انقلاب میں اقبالؔ کی فارسی شاعری کا حصہ:

یہ مقالہ ڈاکٹر شمیمہ مقبول نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2012 میں تحریر کیا ہے۔اس مقالے میں اقبال کی فارسی شاعری کے حوالے سے ایرانی انقلاب کو مدنظر رکھ کر اقبال کی شاعری کے اثرات یا حصے کو پیش کیا گیا ہے۔اس مقالے میں ان غلط فہمیوں کو دور کیا گیا ہے کہ شیعہ مسلم علامہ اقبال کی شاعری کو وقعت کی نظر سے نہیں دیکھتے ہیں۔حالاں کہ علامہ اقبال نے فارسی زبان میں، جو ایران کی سرکاری زبان ہے، سات ہزار اشعار لکھے ہیں اور یہ دس مجموعوں پر مشتمل ہیں۔انھوں نے خمینی جیسے عظیم لیڈر کی پیشن گوئی کی تھی۔انقلاب ایران میں علامہ اقبال کی شاعری خصوصاً فارسی شاعری کو ایران کے گلی کوچوں میں لٹکایا جاتا تھا تاکہ نوجوان اور قوم کا خون جوش مار سکے۔

**4۔ اقبال اور تحریک حریت کشمیر از غلام نبی خیال: ایک مطالعہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شگفتہ مجید نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اور پروفیسر مجروح رشید کی مشترکہ نگرانی میں 2013 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں تحریک حریت کشمیر کا ذکر کیا گیا ہے۔اس مقالے کا نام تصانیف کے زمرے میں بھی آسکتا ہے۔لیکن غلام نبی خیال کی یہ کتاب تحریک کے بارے میں ہے اس لیے اس کو تحریکات کے زمرے میں رکھا گیا ہے۔

## انجمن یا ادارے پر تحقیق

ہندستان اور پاکستان میں اقبالیاتی ادب کو فروغ دینے کے لیے درجنوں ادارے کام کر رہے ہیں جن کا اقبال شناسی کے حوالے سے یہاں جائزہ لینا ضروری ہے۔اس زمرے میں ایک ہی مقالہ ملتا ہے۔

**1۔ اقبال اکیڈمی حیدرآباد کی اقبالیاتی خدمات: ایک جائزہ:**

یہ مقالہ ملک محمد طارق نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2018 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں انھوں نے حیدرآباد میں اقبال کی خدمات کا جائزہ لیا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر محیط ہے۔ پہلا باب اقبال اکادمی حیدرآباد: اغراض و مقاصد کے عنوان سے ہے۔دوسرا باب اقبال اکادمی حیدرآباد کے زیر اہتمام منعقد کیے گئے سمینار کے نام سے ہے۔تیسرا باب اقبال اکادمی حیدرآباد کی اقبالیاتی تصانیف: تحقیقی و تنقیدی جائزہ کے عنوان سے ہے۔اس مقالے کا چوتھا باب مجلّہ اقبال کا ریویو ہے۔اس مقالے میں اقبال اکادمی حیدرآباد کا ایک مکمل خاکہ پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے اور ساتھ ہی اس اکادمی سے وابستہ مشاہیر کی خدمات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔

## تصانیف و تالیفات پر تحقیق

اس زمرے میں غیر مطبوعہ یا مطبوعہ شعری یا نثری تصانیف کی ادبی اور تہذیبی قدر و قیمت کا جائزہ لیا جاتا

ہے۔

**1۔ اقبالؔ کے خطوط کا تنقیدی مطالعہ:**

یہ مقالہ پروفیسر محمد امین اندرابی نے پروفیسر آل احمد سرورؔ کی نگرانی میں 1983 میں لکھا ہے۔ان کا یہ مقالہ چھے ابواب پر محیط ہے۔ باب اول اردو میں خطوط کی روایت کے عنوان سے ہے۔اس میں خطوط نگاری کا آغاز وارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔باب دوم اقبالؔ کے حالات اور شخصیت کے سلسلے میں خطوط کی اہمیت کے نام سے ہے۔اس باب میں اقبالؔ کے مکاتیب سے مدد لے کر اقبالؔ کی شخصیت کے ان نقوش کو ابھارنے کی سعی کی گئی ہے جو مکاتیب کا مطالعہ کیے بغیر یا تو دھندلے ہی رہے یا پھر بالکل ہی آنکھوں سے اوجھل رہے ہیں۔تیسرا باب کلام اقبالؔ خطوط کی روشنی میں کے نام سے ہے۔اس میں اقبالؔ کی شاعری کو خطوط کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔چوتھا باب فکر اقبالؔ خطوط کی روشنی میں کے عنوان سے ہے۔اس باب میں فکری نظر اور نظر وبصیرت خطوط کے آئینے میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔پانچواں باب اقبالؔ کے چند مخصوص مکتوب الہیم کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کے چند مکتوب الہیم کے نام لکھے گئے اور ان کے خطوط کا جائزہ لیا گیا ہے۔ان میں سید سلیمان ندوی، مولانا غلام قادر، خان محمد نیاز الدین خان اور سید نذیر نیازی شامل ہیں۔ان کے نام لکھے گئے خطوط میں اقبالؔ کی شخصیت کے بہت سے پہلو نمایاں ہو جاتے ہیں۔چھٹا باب مکاتیب اقبالؔ کا اسلوب کے عنوان سے ہے۔اقبالؔ کی اہمیت اسلوب سے نہیں بلکہ ان میں پیش کیے گئے خیالات کی عظمت میں مضمر ہے۔مقالے کے آخر میں تین ضمیمے دیے گئے ہیں۔پہلے ضمیمے کو دریافت خطوط کے عنوان سے دیا گیا ہے۔اس میں اقبالؔ کے وہ 34 خط شامل ہیں جو مقالہ نگار کی دریافت ہیں۔دوسرے ضمیمے میں ان کتابوں اور رسائل کی فہرست دی گئی ہے جن کا ذکر کسی نہ کسی وجہ سے مکاتیب میں آیا ہے۔تیسرا ضمیمہ اقبالؔ کے مکاتیب کی تاریخ وار فہرست پر مشتمل ہے۔

**2۔ اقبال بحیثیت شاعر فطرت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر صورت جہاں نے پروفیسر محمد امین اندرابی کی نگرانی میں 1999 میں قلم بند کیا ہے۔اس مقالے کے چھے ابواب ہیں۔باب اول اردو شاعری میں منظر نگاری ایک تحقیقی جائزہ کے عنوان سے ہے۔باب دوم فطرت سے متعلق اقبالؔ کے زاویہ نگاہ کی فکری بنیادیں کے نام سے ہے۔باب سوم انگریزی کے رومانوی شعرا اور اقبالؔ کے عنوان سے ہے۔باب چہارم اقبالؔ کی فطرت نگاری کی اہم خصوصیات کے عنوان سے ہے۔باب پنجم اقبالؔ کے فطری پیکر اور علامتیں کے نام سے ہیں۔باب ششم اقبالؔ کی فطرت نگاری تنقیدی جائزہ کے عنوان

سے ہے۔ مجموعی طور پر مقالے میں کوشش کی گئی ہے کہ مقررہ عنوانات وابواب کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

**3۔ باقیات اقبالؔ کا تنقیدی جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سید عبدالمجید اندرابی نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اور معاون نگراں سید شاد حسین کی مشترکہ نگرانی میں 2005 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول اقبالؔ کی شعریات کے عنوان سے ہے۔ باب دوم فکر اقبالؔ کے سرچشمے کے نام سے ہے۔ باب سوم باقیات اقبالؔ کا مطالعہ کے عنوان سے ہے اور باب چہارم خلاصہ بحث یعنی یہ باب ماحصل کے طور پر لکھا گیا ہے۔ باقیات اقبالؔ کے ضمن میں جن چیزوں کا جائزہ لیا گیا ہے ان میں ''باقیات اقبال (عبدالواحد مغنی)، اوراق گم گشتہ از رحیم بخش، مسائل اقبال از سید عبداللہ، سرود رفتہ از غلام رسول مہر، انوار اقبال از بشیر احمد ڈار، کلیات مکاتیب اقبال از مظفر حسین برنی اور کلام اقبال نادر و نایاب رسالوں کے آئینے میں وغیرہ شامل ہیں۔ زیر بحث مقالہ اقبالؔ شناسی میں اہم مقام و مرتبے کا حامل ہے۔

**4۔ ہندوستانی رسائل کے اقبالیاتی شمارے: ایک تنقیدی جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر خورشید احمد نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2019 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے میں مقالہ نگار نے ہندستان اور پاکستان کے ان رسائل وجرائد کو پیش کیا ہے جن میں علامہ اقبالؔ کے لیے خصوصی شمارے یا گوشے نکالے گئے تھے۔ ایسے رسالوں کی تعداد سینکڑوں تک پہنچ جاتی ہے جیسے شیرازہ کلچرل اکادمی جموں وکشمیر 1992 (شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی)، اقبالیات (اقبالیات انسٹی ٹیوٹ 24 شمارے)، ایوان اردو (دہلی)، سب رس (حیدرآباد)، رسالہ اردو (دہلی)، جوہر (جامعہ ملیہ اسلامیہ)، اقبال ریویو (حیدرآباد دکن 50 شمارے)، شاعر (ممبئ 1980)، جہان اردو (دربھنگہ 2009)، میرا پیام، دہلی)، وغیرہ جیسے رسائل وجرائد کے اقبالیاتی شماروں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس مقالے میں کم از کم نوے (90) اقبالیاتی شماروں کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔

## بین العلومی تحقیق (تقابلی مطالعہ)

تحقیق کے اس زمرے میں اقبال انسٹی ٹیوٹ میں بہت کم کام ہوا ہے۔ یہاں اقبالؔ کا مشرق ومغرب کے شعرا، ادیبوں، مفکروں سے تقابلی مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس زمرے میں وہ موضوعات آتے ہیں جن میں اردو ادب کے علاوہ کئی دوسرے علوم کی معلومات بھی درکار ہوتی ہیں۔ اس میں دو زبانوں، ادیبوں، کتابوں وغیرہ کا تقابلی مطالعہ کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اس میں مختلف نظریات کا بھی موازنہ کیا جاتا ہے۔ زبیرہ عقیل کے مطابق تقابلی تحقیق میں دو مختلف قسم کی اشیا کے درمیان تقابل کیا جاتا ہے جب کہ بین العلومی تحقیق میں اردو ادب کا دوسرے

علوم کے ساتھ تقابل کیا جاتا ہے اوراس پر تحقیق ہوتی ہے۔ گویا انھوں نے ان کو الگ الگ تحقیق کہا ہے لیکن ہم یہاں ان دونوں کو ایک ہی قسم کے تحت لیں گے۔

**1۔ حالؔی، اکبؔر اور اقبالؔ کی پیامی شاعری کا تقابلی مطالعہ:**

مذکورہ مقالہ ڈاکٹر نصرت اندرابی نے پروفیسر آل احمد سرور کی نگرانی میں 1984 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب پیامی شاعری اوراس کے امکانات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں شاعری کے متعلق ارسطو کے نظریہ فن کو سامنے رکھتے ہوئے واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ شاعری ابتدا ہی سے مقصد کو لیے ہوئے سماج کے ساتھ اپنا رشتہ استوار کرتی رہی ہے۔ دوسرا باب حالؔی کے پیام کی خصوصیات کے نام سے لکھا گیا ہے۔اس باب میں حالؔی پر اپنے عہد کے سیاسی، اقتصادی، معاشی اور تمدنی حالات کی بات کرتے ہوئے حالؔی پر اپنے عہد کے اثرات اوران کی انفرادیت کو سامنے لانے کی کوشش کی گئی ہے۔تیسرا باب اکبؔر کے پیام کی خصوصیات کے نام سے ہے۔اس میں اکبرالہ آبادی کے پیام کی نوعیت اور سیاسی، اقتصادی، معاشی اور تمدنی حالات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اکبرالہ آبادؔی نے ظرافت کا لحاف اوڑھ کر قوم کی خدمت کی مگر اکبؔر کو محض ایک شاعر ظریف سمجھنا کافی نہیں۔ چوتھا باب حالؔی کا اثر اقبالؔ پر کے عنوان سے ہے۔اس میں حالؔی اور اقبالؔ کی شاعری پر بحث کی گئی ہے۔ حالؔی، اکبر اور اقبالؔ دراصل ایک ہی طرز فکر کے سخن ور تھے۔صرف طرز تحریر الگ الگ تھا۔ پانچواں باب اقبالؔ پر اکبؔر کے اثرات کے عنوان سے ہے۔اس میں بھی جس طرح باب چہارم میں حالؔی کے حوالے سے بحث کی گئی ہے، ویسے ہی اکبؔر کے اثرات کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔اس میں ان اثرات کی نشان دہی کی گئی ہے جو کلام اقبالؔ پر اپنے پیش رو لسان العصر اکبرالہ آبادؔی کی شخصیت اور شاعری سے مرتسم ہوئے ہیں۔ چھٹا باب حالؔی، اکبؔر اور اقبالؔ ایک تقابلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کے کلیدی باب کی حیثیت رکھتا ہے۔اس میں اقبالؔ کی انفرادیت کو واضح کرتے ہوئے حالؔی اور اکبر کے اس کلام سے اقبالؔ کے کلام کا تقابل کیا گیا ہے جہاں مماثلت کے زیادہ پہلو موجود ہیں۔ حالؔی کی مسدس کا ذکر اوراس کی خوبیوں کی وضاحت پہلے ابواب میں بھی ہو چکی ہے لیکن اس باب میں مسدس اور شکوہ اور جواب شکوہ کی موضوعاتی اور فنی مماثلوں کا جائزہ قدرے تفصیل سے لیا گیا ہے۔

**2۔ اکبؔر اور اقبالؔ کی تنقیدِ مغرب:**

یہ مقالہ محمد شمیم بٹ نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2007 میں تحریر کیا ہے۔ان کا یہ مقالہ چار

ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول مغربی تہذیب پر مسلم مفکرین کی تنقید: روایت اور تاریخ کے عنوان سے ہے۔ دوسرا باب 'اکبر کے کلام میں مغرب' کے عنوان سے ہے۔ تیسرا باب 'اقبالؔ کے کلام میں مغرب' کے نام سے ہے۔ چوتھا باب اکبر اور اقبالؔ کے کلام میں تنقید مغرب: ایک تنقیدی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ یہ اس مقالے کے کلیدی باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس مقالے میں جن مفکرین نے مغرب کی تنقید کی ہے، اس کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان میں جمال الدین افغانی، شیخ محمد عبدہ، مولانا محمد علی جوہر، ابوالکلام آزادؔ، سید قطب، مولانا مودودی اور مولانا علی میاں کے نام قابل ذکر ہیں۔ اکبر اور اقبالؔ کی مغرب پر کی گئی تنقید کو ایک موضوعاتی انداز میں پیش کیا گیا ہے جس سے دونوں کے انداز بیان کے ساتھ ساتھ ان کی عظمت بھی منظر عام پر آجاتی ہے۔

**3۔ کلام اقبالؔ کے شارحین: ایک جائزہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر مدثر ماجد نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2008 میں تحریر کیا ہے۔ ان کا یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول اردو میں شرح نگاری کی روایت کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو کے نمائندہ شعرا کی شاعری کی شرحوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ان شرحوں کی روایت سے بحث کی گئی ہے۔ باب دوم کلام اقبالؔ کی شرحوں پر مشتمل ہے۔ اس میں ان شارحین کی شرحوں کو موضوع بحث بنایا گیا ہے جنھوں نے اقبال کے کلام کی شرحیں لکھی ہیں اور ان کے مقام کا تعین کیا ہے۔ باب سوم میں اقبالؔ کے معروف شارح پروفیسر یوسف سلیم چشتی کے تمام شعری مجموعوں کی شرحوں کا ایک تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ باب چہارم میں محاکمہ پیش کیا گیا ہے جس میں اس موضوع کے حوالے سے تمام اہم امور سے بحث کی گئی ہے۔

**4۔ اسلامی اور مغربی تہذیب کی کشمکش: فکر اقبالؔ کی روشنی میں: ایک تحقیقی مطالعہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شبینہ شبیر نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر محیط ہے۔ باب اول اسلامی اور غیر اسلامی تہذیبوں کا ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔ باب دوم مغربی تہذیب کی تشریح و توضیح کے عنوان سے ہے۔ باب سوم اسلامی اور مغربی تہذیب کا ایک تقابلی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ چوتھا باب اسلامی اور مغربی تہذیب کی کشمکش فکر اقبالؔ کی روشنی میں کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی اور بنیادی باب ہے۔ اس میں مقالہ نگار نے دو تہذیبوں کا موازنہ علامہ اقبالؔ کی فکر کے حوالے سے کیا ہے۔ مغربی تہذیب اور اسلامی تہذیب کی نظر میں ان کی شاعری کا تقابل بھی کیا ہے۔ پانچواں باب حاصل مطالعہ ہے جس میں اس مقالے کا لب لباب پیش کیا گیا ہے۔

**5۔ اقبالؔ اور ابوالکلام آزادؔ کی فکری مماثلت اور معاشرت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نذیر احمد کھنڈے نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ ان کا یہ مقالہ پانچ ابواب پر محیط ہے۔ اس مقالے کا پہلا باب اقبالؔ اور آزادؔ کی قرابت کے چند پہلو کے عنوان سے ہے۔ اس میں اقبالؔ اور آزادؔ کے درمیان خط وکتابت اور ایک دوسرے کو قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھنے، بعض دینی وفقہی مسائل پر ایک دوسرے کی رائے جاننے وغیرہ کا ذکر تفصیل اور اہم تاریخی خطوط کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ نیز ان خیالات کی تردید بھی کی گئی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ اقبالؔ اور آزادؔ کے درمیان معاصرانہ چشمک تھی۔ دوسرا باب اقبالؔ اور آزادؔ کی فکر کے ماخذ کے متعلق ہے۔ اس باب میں اقبالؔ اور آزادؔ کی فکر کے بنیادی اور ثانوی ماخذ کا ذکر نہایت ہی تفصیل کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ تیسرا باب اقبالؔ اور آزادؔ کے تعلیمی تصورات کے نام سے ہے۔ اس میں اقبالؔ اور آزادؔ کے تعلیمی تصورات اور خیالات کا ذکر تفصیل کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ چوں کہ ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم بھی رہ چکے ہیں۔ لہٰذا انھوں نے تعلیم کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے۔ اس باب میں دونوں کی تعلیمی خدمات کا اجمالی جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ چوتھا باب اقبالؔ اور آزادؔ کے سیاسی تصورات کے متعلق ہے۔ اس باب میں ان دونوں کے سیاسی نظریات کا جائزہ لیا گیا ہے اور آزادؔ کے ایک قومی نظریے اور اقبالؔ کے وفاقی نظریے کے حوالے سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس باب میں یہ بھی بتانے کی سعی کی گئی ہے کہ جو دوقومی نظریہ اقبالؔ کے ساتھ منسوب کیا گیا ہے وہ درحقیقت حقائق پر مبنی نہیں ہے۔ پانچواں باب اقبالؔ اور آزادؔ کی فکری مماثلت و معاشرت کے عنوان سے ہے جو مقالے کا عنوان بھی ہے۔ اس باب میں ان دونوں کی فکر میں جو مماثلت یا اشتراک اور مغائرات پائی جاتی ہیں ان کا ذکر نہایت ہی تفصیل اور مثالوں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

**6۔ اقبال اور سعید قطب: تقابل اور انفراد:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فیاض احمد وانی نے پروفیسر مشتاق احمد گنائی اور پروفیسر شاد حسین اندرابی کی مشترکہ نگرانی میں 2018 میں تحریر کیا ہے۔ اس مقالے میں عربی زبان کے شاعر و ادیب سعید قطبؔ اور علامہ اقبالؔ کے کلام کا موازنہ کیا گیا ہے۔ سعید قطب نے مصری معاشرے وتہذیب کے بارے میں اپنے کلام میں ذکر کیا ہے۔ علامہ اقبالؔ کی طرح انھوں نے بھی اپنا نظام فکر قرآن کریم کی اساس پر رکھا تھا۔ جیسا کہ علامہ اقبالؔ عربی ترجمے کی مدد سے عرب دنیا سے متعارف ہوئے ہیں، اسی طرح سعید قطبؔ اردو ترجمے کی مدد سے اردو دنیا میں متعارف ہوئے ہیں۔ ان کی اہم کتاب ''العدالتہ الاجتماعیۃ فی الاسلام'' کا ذکر بھی اس مقالے میں کیا گیا ہے۔ اس مقالے میں

ان دونوں شخصیات کا تعارف اوران کی مماثلتیں اوران کی انفرادیت کا بیان کیا گیا ہے۔ان کی شاعری میں اسلامی تہذیب،قرآنی تعلیمات اوراسلام کے عروج کے حوالے سے کافی مماثلت نظر آتی ہے۔

7۔ "Al Ghazzali and Iqbal :Their Perspective On Education"

یہ مقالہ ڈاکٹر طارق احمد مسعودی نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اورڈاکٹر ایس۔ایم یونس گیلانی کی مشترکہ نگرانی میں 2004 میں تحریر کیا ہے۔ یہ مقالہ انگریزی میں لکھا گیا ہے۔اس کے سات ابواب ہیں۔اس مقالے میں الغزآلی اور علامہ اقبآل کے درمیان موازنہ ملتا ہے۔ اقبآل اور غزآلی میں اسلامی تاریخ، فلسفہ، قرآن کریم اور احادیث، خلافت، مملکت و جمہوریت اور دیگر نظریات میں ہم آہنگی نظر آتی ہے۔انھی باتوں کا جائزہ اس مقالے میں لیا گیا ہے۔اس مقالے کے ابواب کے موضوع کچھ اس طرح ہیں۔تعارف الغزآلی اوراقبآل، علم کے متعلق اسلامی نظریہ، الغزالی کی زندگی کے فلسفہ حیات کا تنقیدی جائزہ، الغزآلی کا تعلیمی فلسفہ، علامہ اقبآل کی زندگی کا فلسفہ، علامہ اقبآل کی تعلیم کا فلسفہ وغیرہ۔

8۔اقبآل اور علی شریعتی: ان کے معاشرتی خیال کا تقابلی تجزیہ:

یہ مقالہ ڈاکٹر اعجاز احمد لون نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اور پروفیسر پیرزادہ محمد امین کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ انگریزی زبان میں لکھا گیا ہے۔اس میں اقبآل اور علی شریعتی کے خیالات ونظریات میں مماثلت اور علی شریعتی کو بطور
اقبال شناس پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

9۔ The Epical poetry of Dante, Milton and Iqbal : Study of Divine comedy, Paradise lost and Javed Nama:

یہ مقالہ ڈاکٹر بلقیس ڈار نے پرفیسر تسکینہ فاضل اور ڈاکٹر مفتی مدثر کی نگرانی میں 2017 میں مکمل کیا ہے۔اس مقالے میں علامہ اقبآل، جان ملٹن اور دانتے کا موازنہ ان کی تصانیف جاوید نامہ، پیراڈائز لاسٹ اور ڈیوائن کامیڈی کے حوالے سے کیا گیا ہے۔اس مقالے میں ان تینوں مشاہیر کا موازنہ ان کی زیر بحث تخلیقات کے حوالے سے کیا گیا اور مماثلتوں اور مغائرات کا جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

10۔ Resistance in the poetry of Yeats and Iqbal : A

**Comparative Study :**

یہ مقالہ ڈاکٹر تنویر حسین نے پروفیسر تسکینہ فاضل اور پروفیسر غلام رسول ملک کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔اس میں علامہ اقبالؔ اور ایٹسؔ کا تقابلی مطالعہ کرکے ان دونوں کی شاعری میں کچھ مشترک چیزوں پر بحث کی گئی ہے۔ان دونوں کی شاعری کے حوالے سے موازنہ کیا گیا ہے۔

## نظریاتی تحقیق

نظریاتی تحقیق کو خالص تحقیق بھی کہتے ہیں۔اس قسم کی تحقیق کا خاص مقصد معلومات کا دائرہ وسیع کرنا ہوتا ہے۔اس میں بہت سوالات اور موضوع سے متعلق بہت سے گوشوں کو بے نقاب کیا جاتا ہے۔اس کی تعریف پہلے بھی ہو چکی ہے۔اس میں چند مقالات کا موضوعاتی تعارف پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

**1۔ اقبالؔ کے تعلیمی تصورات:ایک تجزیہ**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد امین شیخ نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2005 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں علامہ اقبالؔ کی اہم نظموں،غزلوں،خطوط اور خطبات کے حوالے سے ان کے تعلیمی تصورات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ضرب کلیم میں شامل نظم ''تعلیم وتربیت'' کے حوالے سے اس مقالے میں گفتگو ملتی ہے۔علامہ اقبالؔ کا تصور نظام تعلیم،قدیم دینی مدارس کی جامد تعلیم،جدید انگریزی مدارس کی گمراہ کن تعلیم،مذاہب سے بیزاری،بے مقصدیت،احساس کمتری وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔علامہ اقبالؔ سائنسی تعلیم،دینی تعلیم،فلسفہ،تاریخ اور روایت کی اہمیت سے بھی واقف کراتے ہیں۔وہ دینی تعلیم اور سائنسی تعلیم کو ضروری مانتے ہیں۔اس مقالے میں سینکڑوں اشعار سے تعلیم کا تصور ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

**2۔ اقبالؔ اور تصور امامت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سید محمد فضل اللہ نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2007 میں لکھا ہے۔اس مقالے کے کلیدی باب
میں تصور امامت کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے جس کے موضوعات اس طرح ہیں۔کلام اقبالؔ کی روشنی میں اقبالؔ کا تصور ولایت،کلام اقبالؔ میں افکار ولایت،اقبالؔ کے اشعار و افکار کے حوالے سے امامت کا تصور پیش کیا گیا ہے۔اس مقالے کے مطالعے سے اقبالؔ کا تصور امامت مکمل طور پر واضح ہو جاتا ہے۔اقبالؔ کا تصور امامت،صداقت،عدالت،شجاعت،بلند نگاہ،دل سوزی،سوز دروں وغیرہ کا ذکر اس

مقالے میں اشعار سے ثابت کیا گیا ہے۔

**3۔ اقبالؔ کا تصورِ نسواں:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نصرت جبین نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2007 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے جو یوں ہے: تاریخ عالم میں تصور نسواں، اسلام میں تصور نسواں، اردو شاعری میں تصور نسواں اور اقبالؔ کا منظوم کلام، خطوط، تقریر و بیانات، گھریلوی زندگی اور دوسری تحریروں میں اقبالؔ کے تصورِ نسواں کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ تصورِ نسواں کے حوالے سے اس مقالے میں مختلف تہذیبوں، تاریخی ادوار اور مذاہب کو پیش کیا گیا ہے۔ کشمیر میں عورت کا مقام پر بھی بحث کی گئی ہے۔ اسلام اور دوسرے مذاہب میں عورت کا مقام میں تقابلی بحث ملتی ہے۔

**4۔ اقبالؔ کا آفاقی فکر و فلسفہ اور عصر حاضر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد حسین بٹ نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے جس کے موضوعات اس طرح ہیں: اقبالؔ کے فکر و فلسفہ کے ارتقائی منازل، اقبالؔ اور مشرق و مغرب کے مفکرین، اقبالؔ کا آفاقی فکر و فلسفہ اور عصر حاضر، اقبالؔ کا تصور انسان اور مابعد جدیدیت۔ اس موضوع پر اس سے پہلے کچھ اچھی کتابیں لکھی جا چکی ہے۔ پروفیسر نور الحسن نقوی نے ''اقبال کا فکر و فلسفہ''، ''فکر اقبال کی سر گزشت'' از عبدالحق 1989، اقبال۔ فکر و عمل'' از فتح محمد ملک 1955، ''علامہ اقبال: حیات فکر و فن'' از سلیم اختر 2003، ''فکر اقبال کا عمرانی مطالعہ'' از صدیقی جاوید 1996 وغیرہ کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔

**5۔ اقبالؔ کا تصورِ نبوت: ایک مطالعہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر احساس الحق نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2005 میں لکھا ہے۔ اس مقالے میں علامہ اقبالؔ کے تصور نبوت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مقالہ نگار نے احادیث دلائل اور اسلامی روایت کی مدد سے علامہ اقبالؔ کے تصورِ نبوت پر روشنی ڈالی ہے۔ انھوں نے نام نہاد پیغمبر جن کا تعلق ایران (بیاد اللہ) اور ہندستان میں مرزا قادیانی سے تھا، ان کی طرف اشارہ کر کے اسے غلط ٹھہرایا ہے۔

**6۔ اقبالؔ کا تصور انسان:**

یہ مقالہ ڈاکٹر عمر حمزہ شاہ نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اور پروفیسر ایس ایم یونس گیلانی کی نگرانی میں 2004 میں لکھا ہے۔ مقالہ نگار نے اقبالؔ کے تصورِ انسان، مردِ مومن اور مردِ کامل کو اجاگر کیا ہے۔ اس سے پہلے

اس موضوع پر حاتم رام پوری نے 1979 میں ''تصورِ بشر اور اقبال کا تصورِ مردِ مومن'' اور غلام عمر نے 1977 میں ''اقبال کا انسانِ کامل'' کے عنوان سے کتاب لکھی ہے۔ اس مقالے سے لگتا ہے کہ مقالہ نگار نے مذکورہ بالا کتابوں سے استفادہ کیا ہے۔ اس مقالے میں اقبال کے مردِ مومن اور نطشے کے سوپر مین کی مماثلت ومغائرات کو بھی واضح طور پر پیش کیا گیا ہے۔ تصورِ انسان کے سلسلے میں مسلم اور غیر مسلم، مشرقی ومغربی مفکرین کے نظریات کو بھی شامل مقالہ کیا گیا ہے۔ مقالے میں اقبال کے اشعار سے مقالے کو معیاری اور معتبر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

**7۔ اقبال کی شاعری میں تصورِ اہل بیعت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر اشتیاق حسین وانی نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2005 میں لکھا ہے۔ اس مقالے میں تصورِ اہل بیعت کے عشق کو پیش کیا گیا ہے۔ حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ اور دیگر اہل بیعت کے سینکڑوں اشعار اقبال کی شاعری میں ملتے ہیں۔ ان کو بنیاد بنا کر اہل بیعت سے عشق کے حقیقی وابدی تصور کو پیش کیا گیا ہے۔ گویا عشق اہل بیعت، احترام اہل بیعت اور محبت اہل بیعت مقالے میں صاف نظر آتے ہیں۔

**8۔ فکرِ اقبال میں تصورِ یزداں واحترام:**

یہ مقالہ ڈاکٹر پرویزہ حبیب نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2012 میں لکھا ہے۔ اس مقالے میں رسالت، توحید، اطاعت، عشقِ رسول، اسلامی ارکان، مکہ ومدینہ اور دیگر اہم امور پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس میں فکرِ اقبال کی عقیدت، احترام اور تصورات کا جائزہ لیا گیا ہے کیوں کہ اقبال کی شاعری میں جگہ جگہ خدا کی وحدانیت اور مکہ معظّمہ کی عظمت کا ذکر ملتا ہے۔

## فکری موضوعات

فکری موضوعات پر تحقیق دراصل نظریاتی تحقیق کی ہی ایک شاخ ہے۔ اس قسم کے مقالات میں علامہ اقبال کے فکرِ ہیومنزم، سوشلزم، تصوف، کشمیر، ملوکیت، جمہوریت، خلافت، اجتہاد وغیرہ کے حوالے سے تحقیق ہوتی ہے۔ اس زمرے میں لکھے گئے مقالات اس طرح سے ہیں۔

**1۔ فراق کی شاعری میں ہندستانی عناصر:**

یہ مقالہ پروفیسر تسکنیہ فاضل نے پروفیسر آل احمد سرور کی نگرانی میں 1984 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل فراق کے حالاتِ زندگی اور شخصیت کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں فراق کے

حالاتِ زندگی اور شخصیت کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب دوم ہندستانی تہذیب کے نام ہے۔اس باب کی ابتدا میں تہذیب کی تعریف اور تشریح کی گئی ہے اور ہندستانی تہذیب کے بعض نمایاں عناصر جیسے ہندستانی فکر وفلسفہ، ہندستانی عورت، ہندستانی تہوار، ہندو دیو مالا اور مشترکہ تہذیب سے بحث کی گئی ہے۔ باب سوم اردو شاعری میں ہندستانی عناصر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ادبی حلقوں نے جو اعتراضات اردو شاعری پر کیے ہیں، ان کا جواب بھی لکھا گیا ہے۔ اردو شاعری پر فارسی کے گہرے اثرات ہیں اور فراقؔ نے ہندستانیت کا اظہار اپنی شاعری میں کیا، اس کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ دکن کی شاعری میں ہندی اور ہندستانی عناصر سے تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔اس کے بعد شمالی ہند میں فارسیت کے اثرات کے ساتھ ساتھ ہندی اور ہندستانیت کی تلاش کی گئی ہے۔ باب چہارم فراقؔ کی شاعری میں ہندستانی عناصر کے عنوان سے ہے۔اس باب میں فراقؔ کی پانچ اصنافِ سخن رباعی، غزل، نظم، دوہے اور تضمین کا جائزہ لیا گیا ہے۔ فراقؔ کی رباعیات کے حصے میں پہلے اردو کے نمایاں رباعی گویوں کے موضوعات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب پنجم فراقؔ کی زبان کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے۔اس باب میں اردو زبان کی ساخت اور بناوٹ کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ہند آریائی بولی کو بنیاد بنا کر شروع سے لے کر فراقؔ تک کے عہد بہ عہد اردو شاعری کی زبان میں ہندستانی عناصر کی تلاش کی گئی ہے۔اس کے علاوہ فراقؔ کے لسانی شعور سے بحث کی گئی ہے۔اس حصے میں فراقؔ کی تشبیہات، تلمیحات، تراکیب اور علائم کے علاوہ سنسکرت لفظیات کا ذکر کیا گیا ہے۔

یہ مقالہ اقبالؔ کے موضوع سے ہٹ کر فراقؔ پر لکھا گیا ہے۔ ڈاکٹر بدرالدین بٹ نے اپنی کتاب ''جامعہ کشمیر اور اقبالیات'' میں صفحہ 419 میں اس مقالے کے صرف تین باب لکھے ہیں جب کہ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے جس کا ذکر مذکورہ بالا سطور میں کیا گیا ہے۔

**2۔ اقبال اور ہیومنزم:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شفیقہ رسول نے پروفیسر آل احمد سرور کی نگرانی میں 1985 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل ہیومنزم کیا ہے؟ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں فلسفہ ہیومنزم کی وضاحت کی گئی ہے۔ لفظ ہیومنزم کا ترجمہ اردو میں انسان دوستی کیا گیا ہے۔ چوں کہ یہ لفظ وسیع معنی کا حامل ہے اور اردو میں اس کا رواج ہو چلا ہے۔اس لیے ترجمے کے بجائے اس مقالے میں انگریزی لفظ ہیومنزم ہی استعمال کیا گیا ہے۔ مقالے میں ہیومنزم کی مختلف تعریفیں پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اس باب میں مختلف فلسفیوں اور ادیبوں کے

نقط نظر کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم مغربی فکر میں ہیومنزم کا ارتقا کے نام سے ہے۔اس باب میں مغرب میں فلسفہ ہیومنزم کی ترقی و ترویج کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔باب سوم اسلامی فکر میں ہیومنزم کا ارتقا کے عنوان سے ہے۔اس میں اسلامی فکر میں ہیومنزم کے نقوش کو پیش کیا گیا ہے۔اس باب میں اسلامی فکراور تصوف پر بحث ملتی ہے۔باب چہارم ہندوفکر میں ہیومنزم کا ارتقا کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ہندو فکر میں ہیومنزم کے نقوش کی نشان دہی کی

گئی ہےاور ہندو فلسفے کا ایک عمومی جائزہ لیا گیا ہے۔باب پنجم اقبالؔ اور ہیومنزم کے نام سے ہے۔اس باب میں یہ بتایا گیا ہے کہ اقبالؔ کا دل دردِ انسانیت سے معمور تھا۔انھوں نے ہیومنزم کے مغربی تصور کو ذہن میں رکھا ہےلیکن مشرق کے انسانی تصور کو برتا۔ان کی ہر بات انسان ہی کے توسط سے ہوئی ہے۔باب ششم اس مقالے کا آخری باب ہے جس کا عنوان ''کیا اقبالؔ کو ہیومنسٹ کہا جا سکتا ہے''۔یہ باب سوالیہ انداز میں قائم کیا گیا ہے۔یہ دعوایا سوال ان کے اشعاراوران کی تحریروں کے پس منظر میں پرکھ کر گیا ہے۔اس باب میں اقبالؔ کے پیغام اورانسانیت آموز شاعر سے اقبالؔ کو ہیومنسٹ ثابت کیا گیا ہے۔

### 3۔ اقبال اور کشمیر:

یہ مقالہ ڈاکٹر فریدہ بانو نے پروفیسر آل احمد سرور کی نگرانی میں 1985 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔پہلا حصہ مقالہ نگار نے ایم فل کے دوران لکھا ہےاور دوسرا حصہ پی ایچ۔ڈی کے دوران لکھا گیا ہے۔دوسرا حصہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔پہلا باب علامہ اقبالؔ کی کشمیر میں آمد کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اقبالؔ کی کشمیر میں آمد کے متعلق معیاری روایات کا جائزہ لے کر ان کی 1921 میں آمد کی تفصیل،ان کے خطوط اور دوسرے حوالوں کی مدد سے پیش کی گئی ہے۔ان کے قیام واقعات اوران کے اس سفر کے تاثرات کی مفصل روداد بیان کی گئی ہے۔دوسرا باب علامہ اقبالؔ کے کشمیری احباب کے نام سے ہے۔اس میں کشمیر کے ان احباب کا ذکر کیا گیا ہے جن کے ساتھ علامہ اقبالؔ کے ذاتی اور گہرے مراسم تھے۔اس سلسلے میں منشی محمد دین فوق،منشی سراج الدین،خواجہ عبدالصمد ککرو،رئیس پارہ مولا،مولانا انور شاہ کاشمیری اور غلام احمد مہجورؔ کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔علامہ اقبالؔ نے اپنے کلام،خطوط،بیانات وغیرہ میں کہیں نہ کہیں اپنے عہد میں کشمیر کی ان اہم شخصیتوں پر بھی کچھ نہ کچھ لکھا ہے۔اس باب میں ان سارے احباب کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔اس باب کا دوسرا حصہ علامہ اقبالؔ سے ملاقات کرنے والے کشمیری اشخاص کے نام سے ہے۔اس میں ان اشخاص کا ذکر کیا گیا

ہے جنھوں نے علامہ اقبالؔ سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ان میں جناب مولانا محمد سید مسعودی، جناب قلندر الدین مجاہد، جناب محی الدین زھرا، جناب غلام احمد بٹ، جناب محمود احمد علی شاہ، جناب غلام محمد شاہ عرف شام وغیرہ کا نام پیش کیا گیا ہے۔تیسرا باب علامہ اقبالؔ اور تحریک حریت کشمیر خطوط، کلام، بیانات اور تقاریر کی روشنی میں قائم کیا گیا ہے۔اس باب میں علامہ اقبالؔ کے خطوط کے علاوہ بیانات تقاریر اور ان کے اردو و فارسی اشعار سے بھی مندرجہ بالا موضوع کو پیش کیا گیا ہے۔چوتھا باب موجودہ کشمیر اور اقبالؔ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں موجودہ کشمیر میں اقبالیات کے سلسلے میں جو علمی و ادبی انجمن، اقبالؔ کی شاعری، ان کے پیغام، ان کے خیالات اور افکار کی نشر و اشاعت کے لیے کشمیر کے مختلف حصوں میں قائم کی گئی۔ان کے ذریعے سے اقبالؔ شناسی کس حد تک آگے بڑھی ہے، ان سب کا جائزہ لیا گیا ہے۔

**4۔ اقبالؔ اور سوشلزم:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نذیر احمد شیخ نے پروفیسر آل احمد سرور اور ڈاکٹر سلیم قدوائی کی نگرانی میں 1989 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے جس کے موضوع سوشلزم کیا ہے؟، اقبالؔ اور سوشلزم، سوشلزم اور کمیونزم کا فرق و اختلاف، اسلام اور سوشلزم ہے۔اس میں سوشلزم پر اقبالؔ کے نظریات اور اقبالؔ اور سوشلزم کے باہمی رشتوں پر بحث کی گئی ہے۔اس کے علاوہ غیر ادبی لوگوں میں کارل مارکس، اینگلز، لینن، ماوزی تنگ کے نظریات بھی پیش کیے گئے ہیں۔دینی رجحانات رکھنے والوں کو قرآن، احادیث اور مختلف دینی علما کے سوشلزم کے بارے میں بھی بحث ملتی ہے۔

**5۔ اقبالؔ اور تصوف (وحدت الوجود اور وحدت الشہود کی روشنی میں)**

یہ مقالہ پروفیسر بشیر احمد نحوی نے پروفیسر کبیر احمد جائسی اور پروفیسر ضیاالحسن فاروقی کی مشترکہ نگرانی میں 1988 میں قلم بند کیا ہے۔یہ مقالہ دس ابواب پر مشتمل ہے جس کے موضوعات یوں ہیں: لفظ تصوف: مشتقات اور وجہ تسمیہ، صوفیائے متقدمین، کشف المحجوب اور صوفیائے کرام کے مختلف فرقے، سلاسل تصوف کا اجمالی جائزہ ،تصوف سے متعلق غلط فہمیوں اور شبہات کے سلسلے میں اکابرین کی آرا کا خلاصہ، وحدت الوجود کے متعلق مولانا حامی کی تشریح مکمل ضابطہ حیات، کیا وحدت الوجود اور وحدت الشہود دو نزاع لفظی ہے؟ نظریہ تصوف قرآن وسنت کی میزان پر اور نظریہ وجود و شہود اور اقبالؔ شامل ہے۔یہ مقالہ کتابی شکل میں 2001 میں ''مسائل تصوف اور اقبال'' کے نام سے شائع ہوا۔

**6۔ اقبالؔ اور جدید ذہن: ایک تحقیقی مطالعہ**

یہ مقالہ ڈاکٹر عرفان احمد ملک نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2007 میں لکھا ہے۔اس مقالے کے پانچ باب ہیں جن کے عنوان جدیدیت کیا ہے، برصغیر میں جدیدیت کا آغاز وارتقا، جدیدیت کے مسائل اور اس کے امکانات، اقبالؔ کی شاعری اور نثر پاروں کی روشنی میں اقبالؔ اور جدیدیت جیسے موضوعات پیش کیے گئے ہیں۔اس مقالے میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اقبالؔ کو جدید ذہنی تقاضوں کے تحت سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔یہ مقالہ 2018 میں شائع ہوا ہے۔

**7۔ فلسفہ اقبالؔ میں اجتہاد کی اہمیت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر مشاق احمد گنائی نے پروفیسر بشیر احمد نحوی کی نگرانی میں 2002 میں لکھا ہے۔مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول اجتہاد کا تعارف اور اس کی مختصر تاریخ، باب دوم عصر حاضر میں اجتہاد کی ضرورت اور اس کی نظری و عملی اہمیت، باب سوم عصر جدید میں عالم اسلام میں ابھرنے والی شخصیات اور تحریکات اسلامی کا جائزہ، باب چہارم فلسفہ اقبالؔ میں اجتہاد کی اہمیت اور باب پنجم اقبالؔ کے نظریہ اجتہاد کا ایک جائزہ جیسے موضوعات پر مشتمل ہے۔یہ مقالہ پروفیسر قمر رئیس کی تقریظ کے ساتھ 2003 میں سری نگر اور اس کے بعد اقبالؔ اکادمی پاکستان سے شائع ہوا۔

**8۔ خلافت، ملوکیت اور جمہوریت: اقبالؔ کی سیاسی فکر کے تناظر میں:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شبنم اسد نے پروفیسر تسکینہ فاضل کی نگرانی میں 2018 میں مکمل کیا ہے۔اس مقالے میں اقبالؔ کی سیاسی فکر کے حوالے سے ان کے تصور خلافت، ملوکیت اور جمہوریت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔جس طرح خلافت کے معاملے میں علامہ اقبالؔ کا واضح پیغام ہے کہ مسلمانوں پر بڑی ذمے داری یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی امانت یعنی خلافت کی حفاظت کرے اور اللہ تعالیٰ کی حاکمیت قائم کرنے میں پیش پیش رہے۔جب خلافت ہوگی تب ہی انسان اللہ تعالیٰ کے احکامات دوسروں تک پہنچا سکتا ہے۔علامہ اقبالؔ نے پیامِ مشرق میں جمہوریت کے نام سے ایک خط بھی لکھا ہے جس کی وضاحت مقالہ نگار نے کی ہے۔

**9۔ کشمیر تہ اقبالؔ: ایک تنقیدی و تحقیقی مطالعہ:**

یہ مقالہ ہا میم نظیر نے پروفیسر بشیر احمد نحوی اور شاد رمضان کی مشترکہ نگرانی میں کشمیری زبان میں 2018 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ اقبال انسٹی ٹیوٹ میں کشمیری زبان میں لکھا جانے والا پہلا مقالہ ہے۔یہ ''کشمیر اور

اقبال'' کے موضوع پر لکھی جانے والی ساتویں کتاب ہے۔جگن ناتھ آزاد نے 1973 میں اقبالؔ اور کشمیر،صابرآفاقی نے 1977 میں اقبالؔ اور کشمیر،کلیم اختر نے 1997 میں اقبالؔ اور مشاہیر کشمیر،فریدہ مجید کاک نے 1997 میں اقبالؔ اور کشمیر،غلام نبی خیال نے 1999 میں اقبال اور تحریک آزادی کشمیر،سلیم خان گمی نے 2018 میں اقبالؔ اور کشمیر، یہ تمام کتابیں اسی موضوع پر منظر عام پر آچکی ہیں۔

بہرحال اقبال انسٹی ٹیوٹ کے پی ایچ۔ڈی مقالات کا جائزہ لیا گیا ہے۔اس ادارے میں جو بھی تحقیقی کام ابتدا تا حال کیا گیا ہے وہ سب اقبالؔ کی شخصیت اور فکروفن کے تناظر میں انجام دیا گیا ہے۔اقبال انسٹی ٹیوٹ میں اب تک لگ بھگ پینتالیس (45) مقالات لکھے گئے ہیں جن میں اٹھائیس (28) مقالات لڑکوں نے لکھے ہیں اور سترہ (17) مقالات لڑکیوں نے لکھے ہیں۔اس انسٹی ٹیوٹ میں چار زبانوں میں مقالات لکھے گئے ہیں جس میں اردو زبان میں انتالیس (39)،انگریزی زبان میں چار اور کشمیری اور ہندی میں ایک ایک مقالہ لکھا گیا ہے۔ان پینتالیس (45) مقالات میں پندرہ (15) میں معاون نگراں نے بھی کام کیا ہے۔ان پینتالیس مقالات میں سے بین العلومی تحقیق کے زمرے میں دس (10) مقالات ،فکری موضوعات پر نو (9) ،نظریاتی تحقیق پر آٹھ (8)،شخصیات اور سوانحی تحقیق پر چھے (6)، رجحان،تحریک اور دبستان اور تصانیف وتالیف پر چار چار مقالے،اصناف ادب پر تین (3) اور انجمن اور ادارے پر ایک مقالہ لکھا گیا ہے۔

اقبال انسٹی ٹیوٹ میں تا حال کلام اقبالؔ کی فرہنگ ،کلیات اقبالؔ کی تدوین جیسے موضوعات پر تحقیقی کام نہیں ہوا ہے۔ان موضوعات کی ضرورت اور تشنگی محسوس ہوتی ہے۔ان پر تحقیقی کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔دوسری بات شعبۂ اردو اور اقبال انسٹی ٹیوٹ جو کشمیر یونی ورسٹی کے ہی دو مراکز ہیں،ان میں سے بعض مقالات کے موضوعات ایسے تھے جن پر پہلے سے ہی شعبۂ اردو میں کام ہوا تھا اور بعد میں معمولی ردوبدل کر کے اقبال انسٹی ٹیوٹ میں دوبارہ کام کیا گیا۔جیسے اقبال اور تصوف، اقبال اور کشمیر وغیرہ۔اس کے علاوہ بعض مقالات ایسے بھی ہے جن پر پہلے ایم فل کے مقالات تحریر کیے گئے اور بعد میں انھی موضوعات کو وسیع وبسیط کر کے پی ایچ۔ڈی کے مقالات کی شکل میں جمع کیا گیا۔اگر ایم فل کے موضوع میں پی ایچ۔ڈی کرنے کی وسعت ہے تو پھر ٹھیک ہے لیکن اکثر مقالات میں ایم فل اور پی ایچ۔ڈی کے متن میں تکرار نظر آتی ہے۔

الغرض اقبال انسٹی ٹیوٹ کے ان تمام تحقیقی مقالات کا اختصار سے جائزہ لینے کے بعد ایسا لگتا ہے کہ یہ ادارہ برصغیر کے تمام اقبالؔ اداروں میں فعال ومتحرک ہے۔جس کام کے لیے اس ادارے کو بنایا گیا تھا، وہ کام یہ

ادارہ بخوبی انجام دے رہا ہے۔ یہ ادارہ صد ہا مبارک کا مستحق ہے۔اس انسٹی ٹیوٹ نے پروفیسر آل احمد سرور کی قیادت سے لے کر پروفیسر مشتاق احمد گنائی کی قیادت تک گراں بار خدمات انجام دی ہیں اور مستقبل میں بھی مزید بہترین تحقیقی وتنقیدی کام کی امید رکھتے ہیں۔

## شعبۂ اردو، یونی ورسٹی آف جموں

ستمبر 1969 میں جموں یونی ورسٹی وجود میں آئی۔ جب سے جموں یونی ورسٹی نے اپنا کام کاج سنبھالا، اس وقت یونی ورسٹی میں جو شعبے قائم کیے گئے ان کی تعداد لگ بھگ بارہ تھی جن میں اردو زبان کا شعبۂ اردو بھی شامل تھا۔دراصل جموں وکشمیر یونی ورسٹی نے جموں ڈویژن میں شعبۂ اردو 1965 میں قائم کیا تھا جس کے پہلے پروفیسر گیان چند جین رہے۔اس کے چار سال بعد جموں یونی ورسٹی وجود میں آئی۔ایک عام مغالطہ ہے کہ ''شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی 1965 میں قائم ہوا'' جب یونی ورسٹی ہی نہیں تھی تو شعبہ کہاں سے آتا۔اس لیے پہلے یہ شعبہ جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے جموں ڈویژن کا شعبہ تھا۔اس حوالے سے عابد پیشاوری کی کتاب کا اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''1967 میں مولف کا تقرر جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں ہوا۔صدرِ شعبہ میرے موجودہ نگراں ڈاکٹر گیان چند جین تھے۔''8

مذکورہ اقتباس سے صاف ہوجاتا ہے کہ 1969 تک یہ شعبہ جموں وکشمیر یونی ورسٹی سے ہی منسلک تھا اور گیان چند جین نے بھی اپنے ایک مضمون میں اسی طرح کا ذکر کیا ہے۔

شعبۂ اردو کا شمار یونی ورسٹی کے ممتاز شعبوں میں ہوتا ہے۔اس شعبے کے ساتھ آج تک ماہر اور قابلِ قدر استاد رہے ہیں۔شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی کے پہلے صدر نامور محقق اور ماہر نقاد پروفیسر گیان چند جین رہے ہیں۔شروع شروع میں یہ ایک چھوٹا سا شعبہ تھا۔ جب یہ قائم کیا گیا تو اس میں طلبہ کی کم تعداد ہوتی تھی لیکن پروفیسر گیان چند جین نے ذاتی دلچسپی لے کر طلبہ کو اردو پڑھنے کی طرف متوجہ کیا جس کا نتیجہ ہے کہ آج کل اس شعبے میں ایم۔اے اردو، ایم فل اور پی ایچ۔ڈی کے کورسز کے لیے ہزاروں کی تعداد میں طلبہ درخواستیں جمع کرواتے ہیں۔

شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی کو ابتدا سے ہی ملک کے بلند پایہ ادبا کی سرپرستی حاصل رہی ہے جنھوں نے اپنی علمی وادبی بصیرت سے نہ صرف خود اردو دنیا میں بلند مقام حاصل کیا بلکہ ریاست اور بیرون ریاست کثیر تعداد میں اردو زبان کے ادیب وشاعر تیار کیے۔ان اساتذہ میں پروفیسر گیان چند جین، پروفیسر شیام لال کالڑا، پروفیسر

جگن ناتھ آزاد، پروفیسر ظہور الدین، پروفیسر منظر اعظمی، پروفیسر خورشید حمرا صدیقی، پروفیسر اسداللہ وانی اور پروفیسر شہاب عنایت ملک کے نام خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ دیگر اساتذہ میں پروفیسر سکھ چین سنگھ، پروفیسر ضیا الدین، پروفیسر محمد ریاض احمد، ڈاکٹر رشید منہاس، ڈاکٹر چمن لال اور ڈاکٹر فرحت شمیم جیسے لائق اساتذہ کرام شعبہ میں ایم فل، پی ایچ۔ ڈی اسکالروں سے مختلف موضوعات پر تحقیق کروا کے اردو زبان وادب کے فروغ میں اضافہ کر رہے ہیں۔

شعبۂ اردو سے 1978 میں ''تسلسل'' کے نام سے تحقیقی وتنقیدی ششماہی مجلّہ نکلتا ہے۔ اب تک اس کے کئی شمارے منظر عام پر آ کر قبول عام کی سند حاصل کر چکے ہیں۔ اس مجلّے میں شعبے کے اساتذہ کے ساتھ ساتھ ریاستی اور ملکی سطح کے ادبا وشعرا کے مقالات بھی باقاعدگی کے ساتھ چھپتے ہیں۔ ان کے علاوہ اس مجلّے میں شعبے میں منعقد کیے جانے والے سمینار اور توسیعی خطبات میں پڑھے گئے مقالات کو بھی جگہ دی جاتی ہے۔ بلکہ مختلف سمیناروں کے خصوصی نمبر اور گوشے بھی شائع کیے گئے ہیں جن میں ''اکیسویں صدی میں اردو''، جشن فیض نمبر، رسا جاودانی نمبر، سعادت حسن منٹو نمبر اور غالب نمبر وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ شعبے کے اساتذہ کی بدولت مختلف موضوعات پر اب تک کافی کتابیں لکھی جا چکی ہیں جن کو ملک گیر شہرت حاصل ہوئی۔

تحقیق وتنقید کے سلسلے میں بھی شعبے کے کارنامے سنہرے حروف میں لکھے جانے کے قابل ہیں۔ شعبۂ اردو میں پی ایچ۔ ڈی اور ایم فل کے لیے کئی قابل قدر مقالے لکھے گئے ہیں۔ ان مقالوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔ جن موضوعات پر اب تک شعبے میں مقالے لکھے جا چکے ہیں، خاص کر پی ایچ۔ ڈی کے مقالات، ان کا ذکر کرنا ہمارا مقصد ہے۔ ان مقالات کو ہم مختلف طبقوں میں بانٹ کر ان کا موضوعاتی مطالعہ کرنے کی سعی کریں گے جس سے واضح ہو جائے گا کہ کس طبقے میں کتنا تحقیقی کام ہوا ہے۔ تکرار اور طوالت کے سبب یہاں ان طبقوں کا تعارف وتعریف نہیں کریں گے کیوں کہ ان کی تعریف پہلے ہی شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کے حصہ میں آ چکی ہے۔ یہاں صرف طبقے کے نام سے ہی اکتفا کرنا ہوگا۔

## سوانح اور شخصیات پر تحقیق

### 1۔ ممتاز مفتی فکر وفن:

یہ مقالہ ڈاکٹر ممتاز احمد نے ڈاکٹر عبدالرشید منہاس کی نگرانی میں 2017 میں لکھا۔ یہ مقالہ چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب ممتاز مفتی: حیات وشخصیت ہے۔ اس باب کے دس ذیلی باب ہیں۔ ان میں سوانح حیات

سے لے کر ادبی خدمات تک کا جائزہ لیا گیا ہے۔دوسرا باب ممتاز مفتی بحیثیت افسانہ نگار کے نام سے ہے،جس میں نو افسانے کا ذکر ملتا ہے۔تیسرا باب ممتاز مفتی بحیثیت ناول نگار کے عنوان سے ہے۔اس میں دو ناول ''علی پور کا ایلی'' اور ''الکھ نگری'' کا ذکر ملتا ہے۔چوتھا باب ممتاز مفتی بحیثیت ڈراما نگار کے عنوان سے ہے۔جس میں دو ڈرامہ ''نظام سقنہ'' اور ''لوک ریت'' ہے۔پانچواں باب ممتاز مفتی بحیثیت خاکہ نگار کے نام سے ہے۔اس میں چار خاکوں کا ذکر کیا گیا ہے جن میں ''پیاز کے چھلکے''، ''اوکھے لوگ''، ''اور لوکھے لوگ''، ''اوکھے اولڑے'' کے نام سے ہے۔چھٹا باب ممتاز مفتی کی دیگر تخلیقات کے نام سے ہے۔اس باب میں سفر نامے،مضامین اور رپورتاژ پر بحث کی گئی ہے۔

**2۔ علیم اللہ حالی کی علمی اور ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر روی راجن نے ڈاکٹر چمن لال کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔پہلا باب علیم اللہ حالی: حیات اور شخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں علیم اللہ حالی کی پیدائش،آباواجداد سے لے کر ادبی سرگرمیوں تک روشنی ڈالی گئی ہے۔مقالے کا دوسرا باب علیم اللہ حالی بحیثیت نقاد ومحقق کے عنوان سے ہے۔اس باب میں تنقیدی وتحقیقی کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے اور ان کی اہم تنقیدی کتابوں کا جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔تیسرا باب علیم اللہ حالی کی شاعری کے نام سے ہے۔اس میں ان کے سارے شعری مجموعوں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ مفصیل پیش کیا گیا ہے۔ساتھ ہی اس باب میں منتخب نظموں اور غزلوں کا تنقیدی جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔اس مقالے کا آخری اور چوتھا باب علیم اللہ حالی کی دیگر تصانیف کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کی شعری وتنقیدی کتابوں کے علاوہ مطبوعہ وغیر مطبوعہ تخلیقات کا جائزہ لیا گیا ہے۔علیم اللہ حالی کا ایک سفر نامہ ''ہم مسافر جہاں جہاں پہنچے'' کے عنوان سے ہے جس کا ذکر اس مقالے میں موجود ہے۔

**3۔ گیان چند جین کی ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سکھ دیو سنگھ نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2016 میں مکمل کیا۔یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔مقالے کا پہلا باب گیان چند جین: ایک تعارف کے عنوان سے ہے۔اس باب میں گیان چند جین کی شخصیت،خاندانی پس منظر،آباواجداد،پیدائش،تعلیم،ملازمت،شادی اور اولاد کے ساتھ ساتھ ان کی ادبی خدمات کا مختصر تعارفی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔دوسرا باب اردو تحقیق کا فن وارتقا کے نام سے ہے۔اس باب میں اردو کے ابتدائی نقوش اور ارتقا پر گفتگو کی گئی ہے۔تیسرا باب گیان چند جین بحیثیت محقق کے عنوان سے ہے۔اس

باب میں گیان چندجین کی تحقیقی تصنیفات کا جائزہ لیتے ہوئے ،گیان چندجین کی نظر میں تحقیق اوراصول تحقیق کی اہمیت پر بحث کی گئی ہے۔مقالے کا چوتھا باب گیان چندجین بحثیت ماہرلسانیات کے نام سے ہے۔اس باب میں گیان چندجین کی لسانی تصنیفات کا جائزہ لیتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ وہ خصوصی طور پر محقق ہیں لیکن اردولسانیات کو وقار و معیار بخشنے میں انھوں نے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔اس باب میں ان کی کتاب ''لسانی مطالعے''اور''عام لسانیات'' کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔پانچواں باب گیان چندجین بحثیت غالبؔ اور اقبالؔ شناس کے نام سے ہے۔اس باب میں گیان چندجین کی ان تحقیقی وتنقیدی کتابوں ومضامین کا ذکر کیا گیا جو غالبؔ اوراقبالؔ کے حوالے سے ہیں۔

**4۔ ویریندر پٹوراری کی ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر جے وردھنے نے ڈاکٹر عبدالرشید منہاس کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں پانچ باب موجود ہے۔مقالے کا پہلا باب ویریندر پٹواری: حیات اور شخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں شخصیت،خاندانی پس منظر،آباواجداد، پیدائش،تعلیم ،ملازمت،شادی اوراولاداورادبی خدمات کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔دوسرا باب ویریندر پٹواری بحثیت افسانہ نگار کے نام سے ہے۔اس باب کے آغاز میں ویریندر پٹواری کےنوافسانوی مجموعوں کے سنہ اور جائے اشاعت کے ساتھ ان کے بنیادی موضوعات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اس کے بعد افسانے کے اجزائے ترکیبی کے تناظر میں ان کے نمائندہ افسانوں پر تنقید وتبصرہ بھی پیش کیا گیا ہے ۔تیسرا باب ویریندر پٹواری بحثیت ڈراما نگار کے نام سے ہے۔اس باب میں ویریندر پٹواری کے ڈراموں کے دونوں مجموعوں میں شامل،ٹی وی ،ریڈیواورادبی ڈراموں کا الگ الگ تنقیدی تجزیہ پیش کیا گیا ہے اوراس باب کے آخر میں ان کے ڈراموں کی فنی وتکنیکی خوبیوں کو بھی اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔چوتھا باب ویریند ر پٹواری کی دیگر تخلیقات کے عنوان پر مبنی ہے۔ اس باب میں ویریندر پٹواری کی مختصر کہانیوں ،افسانچوں،انگریزی اور کشمیری ترجموں ،فلم ،تھیٹر اوراسٹیج ڈراموں کے علاوہ ان کے خطوط پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔مقالے کا پانچواں اور آخری باب ویریندر پٹواری کے معاصرین کے عنوان سے ہے۔اس باب میں نورشاہ،آنندلہر،ترنم ریاض،خالد حسین ،برج پریمی ،دیپک بدکی اور بلراج بخشی وغیرہ کی افسانوی بصیرت پر روشنی ڈالی گئی ہے جس سے ویریندر پٹواری کے مرتبے ومقام کا تعین کیا گیا ہے۔

**5۔ لطیف الرحمٰن کی ادبی جہات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر آصف اقبال نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی زیر نگرانی 2010 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول لطیف الرحمٰن کی حیات پر مبنی ہے۔ اس باب میں لطیف الرحمٰن کی شخصیت اور سوانح کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے اور ان کی زندگی کے اہم گوشوں پر روشنی ڈالنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب دوم لطیف الرحمٰن بحیثیت شاعر کے عنوان سے ہے جس کے ذیلی عنوان غزل گوئی اور نظم نگاری ہیں۔ یعنی اس باب میں لطیف الرحمٰن کی غزل گوئی اور نظم نگاری کے شعری مجموعوں کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے ان کی شاعری کے متعلق معروضی مباحث پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب سوم لطیف الرحمٰن بحیثیت نقاد کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ان کے تنقیدی فن اور اس کے متعلقات پر جو تصانیف موجود ہیں، ان پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ساتھ ہی لطیف الرحمٰن کے مخصوص تنقیدی نقطۂ نظر کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ باب چہارم لطیف الرحمٰن بحیثیت مترجم کے نام سے ہے۔ اس باب میں ان کی ترجمہ نگاری کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ان کی کتاب ''داستان طلسمی سیارے کی'' کے نام سے ہے۔ یہ جاپانی کہانیوں کا انگریزی سے اردو میں ترجمہ ہے۔ اس کتاب کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔ دوسری کتاب ''بہاری'' کے نام سے ہے جو ان کا ایک شہکار کارنامہ ہے۔ یہ ترجمہ ہندی سے اردو میں انھوں نے کیا ہے۔ پانچواں باب لطیف الرحمٰن بحیثیت صحافی کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں لطیف الرحمٰن کو بطور صحافی جاننے کی سعی کی گئی ہے اور ساتھ ہی انھوں نے جن اخبارات اور رسائل میں وقتاً فوقتاً کام کیا ہے، ان کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ چھٹا باب لطیف الرحمٰن بحیثیت فکشن نگار کے نام سے ہے۔ اس باب میں موجودہ دور کے فکشن نگاروں میں لطیف الرحمٰن کے مرتبے کا تعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فکشن کے سفر میں لطیف الرحمٰن کی جو بھی تصانیف شائع ہو چکی ہیں، وہ افسانے ہوں یا پھر تنقیدی جائزے، ان سب کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ خاص کر ناول ''معلوب صدیاں'' کا جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

**6۔ مہندر پرتاب چاند کی ادبی جہات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر کوشل کرن ٹھاکر نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی نگرانی میں 2016 میں قلم بند کیا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل حیات اور شخصیت کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں مہندر پرتاب چاند کے آباواجداد سے لے کر اولاد اور آغاز شعر گوئی اور شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم مہندر پرتاب چاند اور ان کا عہد کے عنوان پر مبنی ہے۔ اس باب میں چاند کے عہد کے مختلف شعرا کے کلام پر تبصرہ کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ چاند اپنے عہد سے یا پھر دیگر شعرا چاند سے کس قدر متاثر تھے۔ باب

سوم مہندر پرتاب چاند بحیثیت شاعر کے عنوان کے نام سے ہے۔ یہ ایک طویل باب ہے۔اس میں غزل اور نظم کے حوالے سے ان کی شاعری پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اس میں ان کی شاعری کے آغاز وارتقا کا تفصیل سے جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے اور ان کے تمام شعری مجموعوں کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ ساتھ ہی موضوعاتی ،فنی وہیتی ،انداز و بیان اور لب و لہجے کی سطح پر بھی بحث کی گئی ہے۔باب چہارم مہندر پرتاب چاند بحیثیت محقق ونقاد کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کی تحقیقی وتنقیدی صلاحیت کا جائزہ ان کے دو مجموعۂ مضامین ''نشاطِ قلم'' اور'' اجالوں کے سفیر'' کے آئینے میں پیش کیا گیا ہے ۔باب پنجم مہندر پرتاب چاند کے متفرقات (بچوں کا ادب،سفر نامہ اور مرتبات ) کے نام سے ہے۔اس باب کو دو ذیلی ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلے ذیلی باب میں چاند کے تحریر کردہ بچوں کے ادب کو زیر بحث لایا گیا ہے اور دوسرے حصے میں چاند بحیثیت سفر نامہ نگار کے نام سے ان کے دو سفر ناموں کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ایک ''اینتھو پیا میں ایک سال''،اور دوسرا'' مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا'' ہے۔اس باب کے آخر میں کچھ مرتبات کا تذکرہ بھی موجود ہے۔

**7۔ مرزا حامد بیگ:فکروفن:**

یہ مقالہ ڈاکٹر نصیب علی نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔باب اوّل مرزا حامد بیگ: زندگی نامہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں روایت کے مطابق خاندانی پس منظر اور دیگر اجزا کے ساتھ ساتھ ادبی خدمات کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔باب دوم مرزا حامد بیگ بحیثیت افسانہ نگار کے عنوان سے ہے۔اس باب میں مرزا حامد بیگ کے چار افسانوی مجموعوں کے سنہ اور جائے اشاعت کے ساتھ ان کے بنیادی موضوعات پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔اس کے بعد پلاٹ ، کردار، نقط نظر اور زبان،اسلوب کے تناظر میں ان کے نمائندہ افسانوں پر تنقید وتبصرہ کیا گیا ہے۔باب سوم مرزا حامد بیگ بحیثیت محقق ونقاد کے نام سے ہے۔اس باب میں حامد بیگ کی تحقیقی وتنقیدی صلاحیتوں پر روشنی ڈالنے کی سعی کی گئی ہے۔ ان کے جن افسانوی،تحقیقی وتنقیدی تصنیفات کے حوالے سے اس باب میں بحث ملتی ہے ان میں '' تیسری دنیا کا افسانہ''،افسانے کا منظر نامہ''،''افسانے کی روایت'' اور''اردو افسانے کی شناخت'' شامل ہیں۔اس باب کے آخر میں واضح کیا گیا ہے کہ مرزا حامد بیگ نے قدیم،جدید اور مابعد جدید کی حد بندی سے ماورا ہو کر غیر جانبدارانہ اور غیر متعصّبانہ تنقید وتحقیق کا مظاہرہ کیا ہے۔مقالے کا چوتھا باب مرزا حامد بیگ کے دیگر ادبی اور تخلیقی کارنامے کے عنوان سے ہے۔اس باب میں مرزا حامد بیگ کی افسانہ نگاری اور تحقیقی وتنقیدی کاوشوں سے قطع نظر ان کی

دیگر تحریروں مثلاً غیر افسانوی تحقیق وتنقید، ترجمہ نگاری اور تدوینی وتالیفی کارناموں کا جائزہ لیا گیا ہے۔

**8۔ شرون کمار ورما کی ادبی جہات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر فیاض احمد نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی زیرنگرانی میں 2014 میں لکھا ہے۔اس مقالے میں پانچ باب ہے۔ پہلا باب شرون کمار ورما: حیات وشخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں شرون کمار ورما کا خاندانی پس منظر، پیدائش،اولاد،شادی،وفات اور ادبی زندگی کے آغاز پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ساتھ ہی ان کی شعری اور افسانوی خدمات کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے۔دوسرا باب شرون کمار ورما کی افسانہ نگاری کے حوالے سے ہے۔ اس باب میں شرون کمار ورما کے افسانے نیم کے پتے ،پرندے ،دل دریا،جاگتے رہو،جنگل،مہابلی کا پین اور گرتے ہوئے درخت وغیرہ کو زیر بحث لایا گیا ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ یہ ایسے عمدہ اورنمائندہ افسانے ہیں جو انسان کی نفسیاتی،ذہنی وروحانی گھٹن واضطراب کی بہترین عکاسی کرتے ہیں۔تیسرا باب شرون کمار ورما کا ادبی رجحان کے عنوان سے ہے۔اس باب میں بتایا گیا ہے کہ شرون کمار ورما براہ راست کسی تحریک یا رجحان سے وابستہ نہیں تھے لیکن لاشعوری طور پر وہ ایک ایسے منفرد اور ممتاز افسانہ نگار ہے جن کے افسانوں میں رومانیت بھی ہے،جنسی حقیقت نگاری بھی ،ترقی پسندی بھی اور جدیدیت کے آثار بھی نمایاں ہے۔چوتھا باب شرون کمار ورما کی دیگر تخلیقات کے نام سے ہے۔اس باب میں ان کی افسانہ نگاری کے علاوہ ان کی دیگر تحریریں مثلاً مضامین،خاکوں،انشائیوں اور شاعری وغیرہ کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔مقالے کا پانچواں اور آخری باب شرون کمار ورما کے معاصرین کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان معاصرین کو شامل کیا گیا ہے جو سرزمین پنجاب سے تعلق رکھتے تھے۔ان معاصرین میں احمد ندیم قاسمی، بلونت سنگھ، کشمیری لال ذاکر، رتن سنگھ اور جوگیندر پال وغیرہ کی افسانہ نگاری پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

**9۔ افغان اللہ خان کی علمی وادبی جہتیں:**

یہ مقالہ ڈاکٹر اشفاق احمد نے ڈاکٹر فرحت شمیم کی نگرانی میں 2017 میں قلم بند کیا ہے۔اس مقالے کے چھے باب ہیں۔باب اوّل افغان اللہ خان کی حیات وشخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں افغان اللہ خان کے آباواجداد سے لے کر انعامات اور شخصیت تک روشنی ڈالی گئی ہے۔باب دوم مشرقی اتر پردیش میں شعروادب کی روایت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں مشرقی اتر پردیش کے اضلاع گورکھپور،اعظم گڑھ، بنارس، جون پور، بستی کی مختصر تاریخ اور وہاں کے چند شعرا وادبا اور

ناقدین کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم افغان اللہ خان کی ادبی خدمات پر مبنی ہے۔اس باب میں ان کی تمام ادبی نگارشات کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے جن کتابوں کو از سرِ نو مرتب کر کے اپنے مقدمے کے ساتھ شائع کروایا ہے، ان مقدموں پر بھی بحث کی گئی ہے۔ باب چہارم افغان اللہ خان کی ادبی خدمات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کے تحقیقی وتنقیدی مضامین کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی وضاحت کی گئی۔ باب پنجم افغان اللہ خان کی فراقؔ شناسی کے نام سے ہے۔اس باب میں ان کی کتاب ''فراقؔ کی شاعری'' پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ مقالے کا چھٹا باب افغان اللہ خان معاصرین کی نظر میں کے عنوان سے ہے۔ اس میں ان کے چند معاصرین کا تعارف افغان اللہ خان کی شخصیت اور ادبی کارناموں پر ان کی کیا رائے ہے، اس کا مختصراً جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

**10۔ ندا فاضلی: شخصیت اور شاعر**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد ذاکر نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی زیر سرپرستی 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ مقالے کا پہلا باب ندا فاضلی کی حیات وشخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جیسے موضوع سے ظاہر ہوتا ہے، خاندانی پس منظر، پیدائش، اولاد، ملازمت، شادی، انعامات، وفات اور ادبی زندگی کے آغاز کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب دوم ندا فاضلی بحیثیت شاعر کے نام سے ہے۔اس کے ذیلی عنوان غزل گوئی اور نظم نگاری پر تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔ تیسرا باب ندا فاضلی کے دوہے: ایک جائزہ کے عنوان سے ہے۔ یہ باب دو ذیلی حصوں میں منقسم ہے۔ ایک اردو میں دوہا نگاری کی روایت اور ندا فاضلی کی دوہا نگاری کے نام سے ہے۔ چوتھا باب ندا فاضلی کی دیگر ادبی وفلمی خدمات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کی نثری خدمات اور فلمی سفر کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

**11۔ انور جلال پوری کی ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر سلیم احمد نے ڈاکٹر عبدالرشید منہاس کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل انور جلال پوری حیات وشخصیت کے نام سے ہے۔ باب دوم انور جلال پوری کی غزلیہ شاعری کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کی شاعری پر مبنی غزلیات کی چند کتابوں پر بحث کی گئی ہے۔ باب سوم انور جلال پوری کی نظمیہ شاعری کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ان کی نعتیہ شاعری ومنظوم سوانح پر سیر حاصل بحث ملتی ہے۔اس میں سوانح پیغمبر اسلامؐ اور خلفائے راشدین کی منظوم سیرت سے متعلق لکھا گیا ہے۔ باب

چہارم ڈکشن کے حوالے سے ان کا کلام کے عنوان سے ہے۔اس میں ڈکشن کی تعریف اوران کے کلام کوڈکشن کی نگاہ سے دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔باب پنجم انور جلال پوری کی نثری تصانیف کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کی نثری تصنیفات میں روشنائی کے سفیر، قلم کا سفراور سفیران ادب پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔چھٹاباب انور جلال پوری کی نظامت ودیگرتخلیقات کے نام سے ہے۔اس باب میں ان کی نظامت اوردیگرتخلیقات پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

**12۔ وقارعظیم کی ادبی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر اوتار سنگھ نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔باب اوّل سید وقار عظیم: حیات وشخصیت کے نام سے ہے۔اس باب میں وقار عظیم کی شخصیت سے لے کر اعزازات وانعامات تک سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔باب دوم سید وقار عظیم کی افسانوی تنقید کے نام سے ہے۔اس باب میں وقار عظیم کی معروف تنقیدی تصنیفات مثلاً ''ہماری داستانیں''، داستان سے افسانے تک''،''نیاافسانہ''،''فن افسانہ نگاری''اور''ہمارے افسانے''وغیرہ کا جائزہ لیا گیاہےاور یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ خود وقار عظیم کی نظر میں افسانوی تنقید کی کیا اہمیت ہے۔باب سوم وقار عظیم کی اقبال شناسی کے عنوان سے ہے۔اس باب میں وقار عظیم کی ان تحقیقی وتنقیدی صلاحیتوں کوزیر بحث لایا گیا ہے جوانھوں نے اقبالیات کے حوالے سے انجام دی ہیں۔ان میں''اقبال شاعرو فلسفی''،''اقبال معاصرین کی نظر میں''اوراقبالیات کا مطالعہ'' قابل ذکر ہیں۔باب چہارم وقار عظیم کی دیگرتخلیقات پر مبنی ہے۔اس باب میں وقار عظیم کی تحقیقی وتنقیدی کاوشوں کے علاوہ ان کی دیگرتحریروں مثلاً شعری تنقید، ڈرامائی تنقید، مضمون نگاری، اداریہ نگاری اور خطوط نگاری وغیرہ پر سیر حاصل گفتگو ملتی ہے۔

**13۔ قیصر شمیم شخص اور شاعر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر غلام گیلانی نے ڈاکٹر محمد ریاض احمد کی زیر سرپرستی 2017 میں لکھا ہے۔اس مقالے کے پانچ ابواب ہیں۔باب اوّل قیصر شمیم کی حیات اور شخصیت کے عنوان سے ہے۔دوسراباب قیصر شمیم بحیثیت شاعر کے نام سے ہے۔اس باب میں ان کی غزلیہ شاعری پر بحث ملتی ہے۔تیسراباب قیصر شمیم کی نظمیہ شاعری پر مشتمل ہے۔اس باب میں نظموں کے علاوہ گیت اور دوہے بھی شامل ہیں۔چوتھاباب قیصر شمیم کی نثر نگاری پر مبنی ہے۔بالخصوص کہانی، مضمون اور تراجم کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔پانچواں باب قیصر شمیم کی دیگر تخلیقات کے عنوان سے ہے۔اس

میں قیصر شمیم نے کتب پر جو تاثرات و مقالے لکھے ہیں ان کا جائزہ لیا گیا ہے اور مفصل گفتگو کی گئی ہے۔

## اصناف پر تحقیق

**ا۔ اردو میں فکشن کی تنقید 1980 کے بعد:**

یہ مقالہ ڈاکٹر لیاقت علی نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2014 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل اردو میں فکشن کی تنقید 1980 سے پہلے کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو داستان، ناول اور افسانے کی تنقید کا جائزہ پیش کرتے ہوئے یہ واضح کیا گیا ہے کہ ابتدا میں فکشن کی تنقید کی رفتار کافی سست تھی لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کے مزاج اور معیار میں کافی تیزی اور تبدیلی آئی ہے۔ باب دوم اردو ناول 1980 کے بعد کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں معاصر ناول نگاروں مثلاً مشرف عالم ذوقی، پیغام آفاقی، شموئل احمد، غضنفر، حسین الحق، ترنم ریاض اور آنند لہر وغیرہ کی ناول نگاری پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم اردو افسانہ 1980 کے بعد کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں 1980 کے بعد ادبی دنیا میں ابھرنے والے افسانہ نگاروں میں سید محمد اشرف، شوکت حیات، سلام بن رزاق، مرزا حامد بیگ، اشفاق احمد، نیر مسعود وغیرہ کی افسانہ نگاری کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ باب چہارم اردو فکشن کی تنقید 1980 کے بعد کے نام سے ہے۔ اس باب میں وارث علوی، گوپی چند نارنگ، سلیم اختر، شہزاد منظر، مرزا حامد بیگ، مہدی جعفر، خالد اشرف، صغیر افراہیم اور عتیق اللہ وغیرہ کے تنقیدی سرمائے کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے جنھوں نے 1980 کے بعد افسانوی تنقید کو ایک نئے فکر و خیال سے متعارف کروایا ہے۔ باب پنجم 1980 کے بعد اردو کے چند نمائندہ ناقدین کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں گوپی چند نارنگ، شمس الرحمٰن فاروقی، وزیر آغاز، حامدی کاشمیری اور وہاب اشرفی وغیرہ کی تنقیدی صلاحیتوں کو سراہا گیا ہے۔

**2۔ اردو افسانے میں فکری میلانات آزادی کے بعد:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ظہور الدین نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2013 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ مقالے کا پہلا باب سماجی و فکری میلانات: ایک مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اردو افسانے پر اثر انداز ہونے والے تمام سماجی و فکری نظریات کی شناخت کر کے اس کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم آزادی کے بعد اردو افسانہ: ایک جائزہ کے نام سے ہے۔ اس باب میں 1947 سے تا حال اردو افسانے کے ارتقائی سفر کا جائزہ لیا گیا ہے۔ آزادی کے بعد اردو افسانہ جن چھوٹی بڑی منزلوں سے گزرتا ہوا ہم تک

پہنچا ہے اور جن رجحانات ومسائل کو لیتے ہوئے ہمارے سامنے موجود ہے،اس باب میں ان تمام نکات پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ باب سوم آزادی کے بعد اردو افسانہ،فنی وتکنیکی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں تمام فنی اور تکنیکی تبدیلیوں اور تجربات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ باب چہارم آزادی کے بعد اردو افسانے میں فکری میلانات کے عنوان کے تحت ہے۔ یہ کلیدی باب ہے۔اس میں آزادی کے بعد عہد حاضر تک اردو افسانے کی مختلف فکری جہات کو بھرپور طریقے سے سمیٹنے کی سعی کی گئی ہے۔

**3۔ اردو ادب میں رپورتاژ کی روایت اور اہمیت:**

یہ مقالہ جاوید اقبال نے ڈاکٹر محمد ریاض احمد کی نگرانی میں 2015 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب رپورتاژ کی تعریف،معنی ومفہوم پر مبنی ہے۔اس میں رپورتاژ کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم رپورتاژ کا فن کے نام سے ہے۔اس باب میں رپورتاژ کے فنی لوازم اور اجزائے ترکیبی پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ باب سوم اردو ادب میں رپورتاژ کی روایت اور اہمیت کے عنوان سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی باب ہے۔اس میں صنف رپورتاژ کی ابتدا،روایت سے لے کر جدید دور تک شامل ہے۔مقالے کے چوتھے باب میں آزادی کے بعد جتنے بھی رپورتاژ لکھے گئے،ان تمام ادیبوں کے رپورتاژ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے اور ان کی رپوتاژ نگاری کو زیر بحث لانے کی کوشش کی گئی ہے۔مقالے کا پانچواں باب 1980 کے بعد جتنے رپورتاژ لکھے گئے ان تمام پر تفصیل سے بحث ملتی ہے۔

**4۔ طنز ومزاح کے ارتقا میں مشتاق احمد یوسفی کی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ارشد احمد نے ڈاکٹر محمد ریاض احمد کی نگرانی میں 2018 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔مقالے کے پہلے باب میں مشتاق احمد یوسفی کی پیدائش ، خاندانی پس منظر،تعلیم ، ملازمت ،گھریلو زندگی،شخصیت ،ادبی ماحول ،ادبی نگارشات ، ملازمت ،انعامات وغیرہ کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ باب دوم میں طنز ومزاح کی تعریف،معنی ومفہوم کے ساتھ مغربی طنز ومزاح نگاروں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔جن مصنفین کے زیر اثر اردو میں طنز ومزاح نگاری کی روایت کو فروغ ہوا ہے،ان کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ باب سوم آزادی سے قبل اردو طنز ومزاح ایک جائزہ کے نام سے ہے۔اس باب میں آزادی سے قبل کے طنز ومزاح نگاروں کا زمانی ترتیب کے ساتھ جائزہ پیش کیا گیا ہے۔اردو کی ابتدائی داستانوں سے لے کر غالبؔ کے خطوط اور پھر اودھ پنچ اخبار کے زیر اثر لکھنے والوں کی نگارشات اور دوسرے آزادی سے قبل لکھنے والوں کی تحریروں میں طنز ومزاح کے عناصر کی نشاندہی کی

گئی ہے۔باب چہارم آزادی کے بعد اردو طنز ومزاح ایک مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں آزادی کے بعد جن ادیبوں اور شاعروں نے اردو طنز ومزاح کے فروغ میں اپنی خدمات انجام دی ہیں،ان کی تخلیقات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔باب پنجم مشتاق احمد یوسفی کی تصانیف میں طنز ومزاح کی عکاسی کے نام سے ہے۔ یہ باب اس مقالے کا کلیدی باب ہے۔اس میں مشتاق احمد یوسفی کی تخلیقات جن میں زرگزشت،آب گم اور شام شعر یاراں میں طنز ومزاح کی عکاسی کی نشان دہی کی گئی ہے۔

**5۔ اردو افسانے کے ارتقا میں خواتین کا حصہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر عمران حسین شاہ نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی زیر نگرانی میں 2018 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔باب اوّل اردو افسانہ اور تانیثیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں تانیثیت کی تعریف کرتے ہوئے نظری مباحث کا مختصر احاطہ پیش کیا گیا ہے اور ساتھ ہی لکھنے والی خواتین افسانہ نگاروں کا زمانی ترتیب کے مطابق تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔افسانے کی روایت میں خواتین کے حصے کا اجمالی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔باب دوم اردو کی ابتدائی خواتین افسانہ نگار (ترقی پسند تحریک سے قبل ) کے عنوان سے ہے۔اس باب میں صنف افسانہ کے پس منظر کو بھی بیان کیا گیا ہے۔اردو داستان کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی ہے۔ترقی پسند تحریک کے وجود میں آنے سے قبل اردو افسانہ نگاری میں کون کون سے رجحان تھے،اس پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔اردو افسانے میں پہلی تانیثی آواز سے متعلق تحقیقی شواہد کی مدد سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اردو کی پہلی خواتین افسانہ نگار کون ہے۔باب سوم ترقی پسند خواتین افسانہ نگار 1936 سے 1947 تک کے نام سے ہے۔اس باب میں ترقی پسند تحریک سے وابستہ اور غیر وابستہ خواتین افسانہ نگاروں کی تخلیقات کا غائر نظر سے مطالعہ کر کے ان کی تخلیقات وتصنیفات کا مقام ومرتبہ متعین کرنے کی سعی کی گئی ہے۔باب چہارم جدید خواتین افسانہ نگار 1946 سے 1980 تک کے نام سے ہے۔اس باب میں جدیدیت کا تعارف کرواتے ہوئے جدیدیت کی مبادیات اور نظریاتی مباحث کا جائزہ لیا گیا ہے۔باب پنجم مابعد جدید خواتین افسانہ نگار کے نام سے ہے۔اس باب میں 1980 سے لے کر آج تک لکھنے والی خواتین افسانہ نگاروں کے فکر وفن کا مختصر اور مجموعی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

**6۔ خواتین فکشن نگاروں میں خدیجہ مستور کا مقام:**

یہ مقالہ ڈاکٹر ثبات سرور خان نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔اس

مقالے کے پانچ ابواب ہیں ۔ پہلا باب خدیجہ مستور کی حیات وشخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں خاندانی پس منظر سے لے کر عادات واطوار کے ساتھ ساتھ ان کی تصنیفات کا مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے۔دوسرا باب خواتین فکشن نگار: ایک مطالعہ کے نام سے ہے۔اس باب میں ان خواتین ناول نگار اور افسانہ نگار کا جائزہ پیش کیا گیا ہے جنھوں نے خدیجہ مستور کے عہد میں اردو فکشن کو فروغ بخشا۔ان میں عصمت چغتائی، قرۃ العین حیدر، صالحہ عابد حسین، شکیلہ اختر، خدیجہ مستور، ہاجرہ مسرور اور عائشہ صدیقی وغیرہ کا جائزہ لیا گیا ہے۔تیسرا باب خدیجہ مستور کی ناول نگاری کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کے ناول ''آنگن'' اور ''زمین'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ساتھ ہی ان دو ناولوں کے فنی تقاضوں سے بحث کی گئی ہے۔چوتھا باب خدیجہ مستور کی افسانہ نگاری کے نام سے ہے۔اس باب میں خدیجہ مستور کے مطبوعہ پانچ افسانوی مجموعوں کو زیر بحث لایا گیا ہے۔پانچواں باب خواتین فکشن نگاروں میں خدیجہ مستور کا مقام کے موضوع پر مبنی ہے۔اس باب میں خدیجہ مستور کا مقام تمام خواتین فکشن نگاروں میں متعین کیا گیا ہے۔

**7۔ تاریخی ناول کی روایت اور نسیم حجازی:**

یہ مقالہ ڈاکٹر عبدالقیوم نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے ۔ باب اوّل نسیم حجازی کی حیات وشخصیت پر مبنی ہے ۔اس باب میں نسیم حجازی کے خاندان، پیدائش سے لے کر وفات تک کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔باب دوم تاریخی ناول، تعریف ومفہوم اور فن پر مبنی ہے۔اس میں تاریخ کی تعریف اور ان کے فن ومفہوم کو مختلف لغات اور مختلف محققین اور ناقدین کی تاریخ کے متعلق تعریفات اور آرا کی مدد سے پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔باب سوم تاریخی ناول کی روایت کے عنوان سے ہے جس میں تاریخی ناول کے ابتدا سے لے کر 1947 تک کے سفر کو تحقیقی اور تنقیدی زاویوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پیش کیا گیا ہے۔اس باب میں عالمی سطح پر تاریخی ناول کی روایت سے لے کر اردو ادب میں عبدالحلیم شرر سے تقسیم ہند تک لکھے گئے تاریخی ناولوں اور ناول نگاروں کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے۔باب چہارم نسیم حجازی بحثیت تاریخی ناول نگار کے عنوان سے ہے۔اس باب میں نسیم حجازی کے نمائندہ تاریخی ناولوں کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔باب پنجم نسیم حجازی کے طنزیہ اور مزاحیہ ناول کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ان کے طنزیہ ومزاحیہ ناولوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔

**8۔ اردو شاعری میں عورت کے بدلتے تصورات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر رضا محمود نے ڈاکٹر فرحت شمیم کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل اردو شاعری کی روایت کے عنوان سے ہے جس کے ذیلی موضوع غزل، مثنوی، مرثیہ اور نظم کی روایت اور آغاز وارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے اوران کے عہد بہ عہد ارتقا کا جائزہ لیا گیا ہے۔ باب دوم عورت کا تصور کے نام سے ہے۔ اس میں قدیم شعرا کی غزلوں کے ساتھ ساتھ جدید عہد کے شعرا کی غزلوں میں عورت کے تصورات کو پیش کیا گیا ہے۔ مقالہ نگار کا ماننا ہے کہ جدید غزل میں عورت سراپا احتجاج اور اپنے جائز حقوق کو منوانے کے لیے کوشاں ہے۔ باب سوم مثنوی میں عورت کا تصور کے نام سے ہے۔ اس باب میں ان مثنوی نگاروں کی مثنویوں کا ذکر کیا گیا ہے جن میں عورت کے تصورات سے متعلق اظہار خیال ملتا ہے۔ ان مثنوی نگاروں نے اپنی مثنویوں میں عورت کو محبوبہ اور شہزادی کے ساتھ ساتھ اس کی نفسیاتی پہلوؤں کو بھی پیش کیا ہے۔ باب چہارم اردو مرثیے میں عورت کا تصور پر مشتمل ہے۔ اس باب میں ان مرثیہ نگاروں کے مرثیوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کے مرثیوں میں عورت کی شجاعت، بہادری، ہمدردی، ایثار وقربانی، صبر واستقامت موجود ہے۔ اس باب میں حالؔی اور آزادؔ کی نظموں کے ساتھ ساتھ دوسرے شعرا جنھوں نے عورت کے جائز حقوق کی پامالی کے خلاف اپنی آواز بلند کی، ان پر توجہ کی گئی ہے نیز جدید نظم میں عورت کے مسائل کو بھی پیش کیا گیا ہے۔

**9۔ اردو ناول میں کشمیر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر صاعقہ ناہید نے ڈاکٹر محمد ریاض احمد کی نگرانی میں 2018 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل جموں وکشمیر کی سیاسی، سماجی اور ثقافتی تاریخ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں جموں وکشمیر کے تینوں خطوں جموں، کشمیر اور لداخ کی الگ الگ سیاسی، سماجی اور ثقافتی تاریخ کو پیش کیا گیا ہے۔ یہاں کے عقائد، رسوم ورواج، شادی بیاہ اور دھان کی پیداوار کے متعلق بھی لکھا گیا ہے۔ باب سوم اردو فکشن میں کشمیر.....ایک مطالعہ کے نام سے ہے۔ اس میں محض ان فکشن نگاروں کی تخلیقات کو اجاگر کیا گیا ہے جن کے یہاں خارجی یا داخلی طور پر کشمیر کا تذکرہ ملتا ہے۔ اس باب میں اردو ناول کے ساتھ ساتھ اردو افسانے میں کشمیر اور کشمیریت کی نشان دہی کی گئی ہے۔ مقالے کا تیسرا باب اردو ناول میں کشمیر (آزادی سے قبل) کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں کشمیر کے ناول نگاروں میں کشمیر کے تاریخی اور نیم تاریخی واقعات کے ساتھ ساتھ اس خطے کے خارجی مناظر کو ابھارنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھا باب اردو ناول میں کشمیر (آزادی کے بعد) کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں جن ناول نگاروں کا ذکر ملتا ہے ان میں سے اکثر کا تعلق آزاد کشمیر سے ہے، جیسے زیب النسا (

آگ اور خون)، شمس کاشمیری (سری نگر 75 میل)، سید زیدی (حبہ خاتون)، شام بارک پوری (آتشِ چنار)، راز یوسفی (کشمیر کی بیٹی)، جلال انصاری (مجاہد کشمیر)، عادل رشید (غم چناروں کے)، کشمیری لال ذاکر (سمندر صلیب اور وہ)، (آدھے چاند کی رات) وغیرہ قابل ذکر ہے۔ مقالے کا پانچواں باب جدید اردو ناول میں کشمیر کے نام سے ہے۔ اس میں انتظار حسین کے ناول (چاند گہن)، بانو قدسیہ (راجہ گدھ)، کشمیری لال ذاکر (غم چناروں کے)، ممتاز مفتی (علی پور کا ایلی)، نسیم حجازی (خاک اور خون)، حمیدہ کاشمیری (47 کی بیٹی)، عنایت اللہ خان (کشمیر کی کلی) وغیرہ میں کشمیر کے حوالے سے ذکر کیا گیا ہے۔ جدید ناول نگاروں کے ناولوں میں کشمیر کی باطنی وخارجی کشمیریت کے ساتھ ساتھ ادبیت بھی ملتی ہے۔

## رجحان، تحریک و دبستان پر تحقیق

**1۔ مابعد جدید اردو افسانے میں ترقی پسند تصورات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر روی کمار نے ڈاکٹر چمن لعل بھگت کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ سات ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل ترقی پسند تصورات: ایک جائزہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ترقی پسند تحریک کے تصورات ونظریات اور اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ اس تحریک کا عام تصور اور مقصد یہ تھا کہ ادب برائے انسان کی تکمیل کریں۔ باب دوم جدیدیت کے فکری اور ادبی منظر کے نام سے ہے۔ اس میں مختلف محققین و ناقدین کی رائے کو دلائل کے طور پر پیش کرتے ہوئے جدیدیت کے بنیادی معنی و مفہوم کو سامنے لانے کی سعی کی گئی ہے۔ باب سوم مابعد جدید تصورات کے نام سے ہے۔ اس میں مابعد جدیدیت نہ تو تحریک ہے اور نہ رجحان بلکہ یہ ایک ثقافتی صورتحال ہے۔ اس باب میں مابعد جدیدیت کی تعریف کی گئی ہے۔ باب چہارم ترقی پسند افسانہ: ایک مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ترقی پسند افسانہ نگاروں میں پریم چند، کرشن چندر، سعادت حسن منٹو، راجندر سنگھ بیدی، عصمت چغتائی، عزیز احمد، حیات اللہ انصاری، احمد ندیم قاسمی اور خدیجہ مستور وغیرہ کی افسانہ نگاری پر مفصل بحث کی گئی ہے اور یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ ان افسانہ نگاروں نے بھوک، افلاس، سماجی پستی اور غلامی کو موضوع بنا کر ایسے افسانے تخلیق کیے ہیں کہ آج ستر 70 برس گزرنے کے بعد بھی یہ افسانے ہمارے ادب پر حاوی ہیں۔ مقالے کا پانچواں باب جدیدیت اور اردو افسانہ کے نام سے ہے۔ اس میں جدید افسانے کا جائزہ لیتے ہوئے انتظار حسین، بلراج مینرا، انور سجاد، احمد ہمیش، سریندر پرکاش، دیویندر اسر، جوگیندر پال، غیاث احمد گدی اور رشید امجد وغیرہ کے افسانوں پر روشنی ڈالی گئی

ہے۔باب ششم جدیدیت اور اردو افسانہ کے نام سے ہے۔اس باب میں مابعد جدید افسانے کا جائزہ لیتے ہوئے عبدالصمد،شوکت حیات،سید محمد اشرف،ساجد رشید،سلام بن رزاق،مرزا حامد بیگ، بیگ احساس،ترنم ریاض اور نورشاہ، ویریندر پٹواری، آنند لہر وغیرہ کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیا گیا ہے۔باب ہفتم مابعد جدید اردو افسانے میں ترقی پسند تصورات کے عنوان سے ہے۔یہ باب اس مقالے کا کلیدی باب ہے۔اس میں مابعد جدید افسانے میں ترقی پسند تصورات ڈھونڈنے کی کوشش کی گئی اور ان دوتحریکوں کے زیر سایہ لکھے گئے افسانوں میں کس حد تک مماثلت اور فرق ہے اس کا جائزہ افسانے کی فنی وتکنیکی ،ہیئتی اور موضوعاتی خوبیوں کے تحت لیا گیا ہے۔

**2۔ جموں وکشمیر کے اردو ادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر جوگیندر سنگھ نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔مقالے کا پہلا باب جموں وکشمیر کا اردو ادب: ایک مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جموں وکشمیر میں اردو ادب کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈوگرہ عہد سے لے کر عصر حاضر تک ادب کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔اس جائزہ میں نثری اور شعری اصناف کے علاوہ ان انجمنوں اور اداروں کا ذکر بھی شامل ہے جنھوں نے جموں وکشمیر میں اردو زبان وادب کو ترقی دینے میں اہم رول ادا کیا ہے۔دوسرا باب اردو شاعری پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کے نام سے لکھا گیا ہے۔اس باب میں جموں وکشمیر کی شاعری پر ترقی پسند عناصر کی نشان دہی کرتے ہوئے غلام رسول نازکیؔ ، رسا جاودانیؔ ، رحمٰن راہیؔ ، قیصر قلندرؔ عرش صہبائیؔ ، پرتپال سنگھ بیتابؔ ، احمد شناسؔ وغیرہ کی شاعری کا جائزہ لیا گیا ہے۔تیسرا باب اردو افسانے پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جموں وکشمیر میں اردو افسانے کا آغاز وارتقا اور ترقی پسند تحریک کے زیر اثر افسانہ نگار پریم ناتھ پردیسی ، پریم ناتھ در، کشمیری لال ذاکر، رامانند ساگر، نرسنگھ داس نرگس اور ٹھاکر پونچھی وغیرہ کی تخلیقات میں ترقی پسند تحریک کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔چوتھا باب اردو ناول پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کے نام سے ہے۔اس باب میں ناول پر ترقی پسند تحریک کے اثرات پر بحث کی گئی ہے۔پانچواں باب غیر افسانوی ادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں انشائیہ،خودنوشت ،سفرنامے،خاکہ وغیرہ جیسی غیر افسانوی اصناف میں ترقی پسند عناصر ڈھونڈنے کی کوشش کی گئی ہے۔

## علاقی ادب پر تحقیق

**1۔ آزادی کے بعد جموں وکشمیر میں اردو شاعری کی پیش رفت:**

یہ مقالہ ڈاکٹر روزینہ اختر نے پروفیسر ضیاالدین کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل جموں وکشمیر: تاریخی، علاقائی اور لسانی نقطہ نظر سے کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں جموں وکشمیر کا علاقائی خدوخال، اس کا تاریخی پس منظر اور لسانی صورت حال کا مختصر سا خاکہ پیش کیا گیا ہے کہ کس قوم نے اس خطے پر حکومت کی اور کون کون سی بولیاں یہاں مروج رہیں۔ اس کے علاوہ یہاں کے عوام کی رہن سہن اور ان کی تہذیب وتمدن کو بھی اس باب میں پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم جموں وکشمیر میں اردو شاعری کا آغاز و ارتقا کے نام سے ہے۔ اس باب میں اردو شاعری کے پھیلنے اور فروغ پانے کی داستان بیان کرنے کی سعی کی گئی ہے اور کن شعرا حضرات نے اردو شاعری کے ابتدائی دور میں اسے فروغ بخشا اور کون کون سی ادبی انجمنیں شاعری کے فروغ کے سلسلے میں کارآمد ثابت ہوئیں۔ ان سب باتوں کا ذکر اس باب میں تفصیل سے کیا گیا ہے۔ باب سوم آزادی سے پہلے جموں وکشمیر میں اردو شاعری 1931 تا 1947 کے عنوان سے ہے ۔ اس باب میں 1947 سے پہلے کی شاعری کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 1931 سے پہلے کی شاعری کا مختصر سا پس منظر بھی پیش کیا گیا ہے۔ باب چہارم آزادی کے بعد جموں وکشمیر میں اردو شاعری 1947 تا 2000 تک کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں آزادی کے بعد کی شاعری کو موضوع سخن بنایا گیا ہے۔ جو شعرا آزادی کے بعد شاعری کے افق پر نمودار ہوئے ان سب کا ذکر اس باب میں تفصیل کے ساتھ کیا گیا ہے۔ باب پنجم ریاست کے چند اہم شعرا اور ان کا منتخب کلام کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں جموں وکشمیر کے ان شعرا کا تفصیل سے ذکر ملتا ہے جنھوں نے اردو شاعری کے فروغ کے لیے کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ ساتھ ساتھ ان شعرا کی شاعری کے چند نمونے بھی پیش کیے گئے ہیں۔

**2۔ ریاست جموں وکشمیر کے اردو ادب کے فروغ میں ادبی انجمنوں اور اداروں کی خدمات:**

یہ مقالہ ڈاکٹر جمیل احمد نے پروفیسر اسداللہ وانی کی نگرانی میں 2014 میں لکھا ہے۔ اس مقالے کے چھے باب ہیں۔ باب اوّل ریاست جموں وکشمیر کا قیام پر مبنی ہے۔ اس باب میں ریاست جموں وکشمیر کے قیام سے متعلق تسلی بخش بحث ملتی ہے۔ اس میں جموں وکشمیر کی سرحدی حدود اور حکمرانی سلطنتوں کا ذکر بھی ملتا ہے۔ باب دوم ریاست جموں وکشمیر میں اردو کا آغاز وارتقا کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تفصیل کے ساتھ واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ جموں وکشمیر میں اردو کا آغاز کیسے اور کن حالات میں ہوا اور کیسے اس زبان نے مقبولیت حاصل کی اور فارسی کی جگہ لی اور پھر سرکاری زبان بن گئی۔ باب سوم ریاست میں سرکاری اداروں اور انجمنوں کا قیام کے

عنوان سے ہے ۔اس باب میں اردو کے سرکاری ادارے کب اور کن حالات میں وجود میں آئے اور اردو کے فروغ کے لیے کس طرح کام کیا۔باب چہارم ریاست میں غیر سرکاری اداروں اور انجمنوں کا قیام کے عنوان سے ہے۔اس باب میں جموں وکشمیر کے غیر سرکاری اداروں سے متعلق تفصیلاً جانکاری دی گئی ہے۔باب پنجم اردو کے فروغ میں انجمنوں اور اداروں کا حصہ کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے جس میں جموں وکشمیر میں اردو زبان وادب کے فروغ میں سرکاری اور غیر سرکاری ادبی اداروں اور انجمنوں کا کیا حصہ رہا،اس پر مفصل بحث ملتی ہے۔

**3۔ لداخ میں اردو زبان وادب اور عبدالغنی شیخ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد سجاد رونیال نے پروفیسر اسداللہ وانی اور پروفیسر شہاب عنایت ملک کی مشترکہ نگرانی میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔باب اوّل لداخ میں اردو کے ابتدائی آثار کے عنوان سے ہے۔اس میں لداخ میں اردو زبان کیسے پہنچی ،لداخ میں اردو زبان کے اہم قلم کار اور اردو زبان کی صورت حال پر سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے ۔مقالے کا دوسرا باب عبدالغنی شیخ حیات کے نام سے ہے ۔اس باب میں عبدالغنی شیخ کے خاندان، پیدائش ،ابتدائی تعلیم ،ادبی زندگی ،ملازمت ،اولاد ، اعزازات اور انعامات کے حوالے سے مکمل معلومات فراہم کی گئی ہیں ۔تیسرا باب عبدالغنی شیخ بحیثیت ادیب کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے۔اس میں عبدالغنی شیخ کے افسانوی مجموعوں، ناولوں اور مضامین کو یکجا کر کے ان پر تبصرہ اور عبدالغنی شیخ کو بحیثیت افسانہ نگار پیش کیا گیا ہے،ساتھ ہی ان کا مقام ومرتبہ متعین کرنے کی بھی کوشش کی گئی ہے ۔چوتھا باب عبدالغنی شیخ بحیثیت محقق کے نام سے ہے۔اس میں عبدالغنی شیخ کی تحقیق سے متعلق تصنیفات کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ مقالے کا پانچواں باب متفرقات عبدالغنی شیخ کے عنوان سے ہے ۔اس میں عبدالغنی شیخ کی سوانح نگاری ،سفرنامہ نگاری ،ترجمہ نگاری،صحافت نگاری، مذہبیات پر لکھی ہوئی تصنیفات اور مضامین پر بحث کی گئی ہے۔مقالے کا چھٹا باب عبدالغنی شیخ ناقدین کی نظر میں کے نام سے ہے۔اس باب میں ملک کے مختلف حصوں سے موصول ہوئے خطوط کا جائزہ لیا گیا ہے جو عبدالغنی شیخ کی ناقدانہ حیثیت پر مبنی ہے۔ان کا بھی ذکر اس باب میں کیا گیا ہے۔

**4۔ اردو افسانے میں علاقائی عناصر 1960 کے بعد:**

یہ مقالہ ڈاکٹر شیراز حسین شاہ نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2012 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے ۔باب اوّل علاقائیت .....معنی ومفہوم کے عنوان سے ہے ۔اس میں علاقائیت کی اصطلاح کو منفی معنوں میں استعمال نہیں کیا گیا ہے۔اس باب میں اکثر معنی ومفہوم اور تعریف وتشریح کو پیش کرنے

کی کوشش کی گئی ہے۔ باب دوم اردو افسانے میں علاقائیت کے آغاز وارتقا کا جائزہ کے عنوان سے پیش کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں راشید الخیری، پریم چند، علی عباس حسینی سے لے کر احمد ندیم قاسمی اور بلونت سنگھ وغیرہ کے یہاں علاقائیت کی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب سوم اردو کے چند نمائندہ افسانہ نگاروں کا جائزہ (علاقائیت کے حوالے سے) کے نام سے ہے۔ اس باب میں اردو کے چند نمائندہ افسانہ نگاروں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ علاقائیت کے حوالے سے پیش کیا گیا ہے۔ جن میں قرۃ العین حیدر، جوگیندر پال، خواجہ احمد عباس، راجندر سنگھ بیدی، کرشن چندر، قاضی عبدالستار، نورشاہ، کشمیری لال ذاکر اور خالد حسین وغیرہ کو نمائندہ افسانہ نگاروں کی فہرست میں رکھا گیا ہے۔ باب چہارم عصری اردو افسانے میں علاقی عناصر کے عنوان سے ہے۔ یہ باب مقالے کا کلیدی باب ہے۔ اس میں 1960 کے بعد منظر عام پر آنے والے افسانہ نگاروں کے یہاں علاقائی عناصر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس باب میں سلام بن رزاق، حسین الحق، بیگ احساس، ساجد رشید، سید محمد اشرف، مشرف عالم ذوقی، رشید امجد اور آصف فرخی وغیرہ جیسے ہندستان اور پاکستان کے جدید اور مابعد جدید افسانہ نگاروں کو شامل کیا گیا ہے۔ باب پنجم اردو کی نئی بستیوں کے افسانوں میں علاقائی عناصر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں دنیا کے مختلف ممالک مثلاً امریکہ، کناڈا، برطانیہ، سعودی عرب، ناروے وغیرہ کے اردو افسانہ نگاروں کے افسانوں میں علاقائی عناصر کی تلاش وجستجو کی گئی ہے اور ان کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے جن میں جتندر بلو، ستیہ پال آنند، فیصل نواز چودھری، حمید معین رضوی اور بلند اقبال جیسے نئی بستیوں کے اردو افسانہ نگاروں کے افسانوں میں علاقائی عناصر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ مثالوں اور حوالوں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

**5۔ بیسویں صدی کی اردو شاعری میں کشمیر کی منظر کشی:**

یہ مقالہ ڈاکٹر عاشق حسین نے ڈاکٹر محمد ریاض احمد کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل بیسویں صدی میں اردو شاعری ایک مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں بیسویں صدی کے نمائندہ شعرا کے کلام پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ساتھ ہی بیسویں صدی کی اردو شاعری کے موضوعات اور اس دور کی سیاسی، اقتصادی اور ادبی تحریکوں کی روشنی میں اردو شاعری کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ باب دوم جموں وکشمیر میں اردو شاعری کے آغاز وارتقا پر عہد بہ عہد روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم اقبالؔ اور کشمیر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں اقبالؔ اور کشمیر کے تعلق سے ان تمام باتوں کو بروئے کار لانے کی سعی کی گئی ہے جن کا ذکر ان کے کلام میں یا پھر خطوط میں ہوا ہے۔ یہ باب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں کشمیر کے تناظر میں اقبال کی شاعری پر

بحث کی گئی ہے اور دوسرے حصے میں ان کے خطوط پر گفتگو کی گئی ہے۔ باب چہارم بیسویں صدی کی اردو شاعری میں کشمیر کی منظر کشی کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں بیسویں صدی کے ان مقامی اور غیر مقامی شعرا کے کلام پر گفتگو کی گئی ہے جنھوں نے اس وادی کشمیر کو اپنے کلام میں پیش کیا ہے۔

**6۔ جموں وکشمیر میں اردو خودنوشت: تحقیق وتنقید:**

یہ مقالہ ڈاکٹر پرشوتم پال سنگھ نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ اس مقالے کے چار باب ہیں۔ باب اوّل اردو خودنوشت کی تعریف ومفہوم اور فن کے متعلق ہے۔ اس باب میں خودنوشت کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے اور اس صنف کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم اردو خودنوشت کی روایت کے نام سے ہے۔ اس باب میں اردو خودنوشتوں کا سنہ وار جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ خودنوشت کا پہلا سوانح نگار اور پہلی خودنوشت کون سی ہے اس پر بھی مفصل گفتگو ملتی ہے۔ باب سوم جموں وکشمیر میں اردو خودنوشت کے عنوان سے ہے۔ اس حصے میں ان تمام خودنوشتوں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے جو اب تک منظر عام پر آکر ادبی دنیا میں دادِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ باب چہارم 1980 کے بعد جموں وکشمیر میں اردو خودنوشت ایک تنقیدی مطالعہ کے نام سے ہے۔ اس باب میں 1980 کے بعد منظر عام پر آنے والی نمایاں خودنوشتوں کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

## انجمن اور ادارے پر تحقیق

**1۔ تحریک آزادی میں اردو رسائل واخبارات کا حصہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر وکرم مڈہال نے ڈاکٹر چمن لعل بھگت کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب تحریک آزادی کا پس منظر 1857 سے 1878 تک کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں ہندستان کی پہلی جنگ آزادی کے وجوہات واثرات کی وضاحت کی گئی ہے۔ دوسرا باب تحریک آزادی کا سیاسی و سماجی منظرنامہ 1878 سے 1947 تک کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تحریک آزادی کی کئی سماجی وسیاسی تحریکوں کا حوالہ دیا گیا ہے جن میں تحریک عدم تعاون، تحریک سول نافرمانی اور تحریک خلافت وغیرہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ تیسرا باب رسائل واخبارات کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں رسائل واخبارات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ لیتے ہوئے واضح کیا گیا کہ ’جام جہاں نما‘ سے شروع ہونے والے صحافتی سفر کا ارتقائی دور کوہ نور، طلسم لکھنؤ اور سرناموں تک پہنچ کر اپنے ارتقائی سفر کی ایک منزل طے کرتا ہے اور بعد کے

زمانے میں سامنے آنے والی صحافت نے اس طرز پر زبان اور صحافتی معیاری تشکیل اور تعمیر کی کئی اہم راہیں متعین کی ہیں۔ چوتھا باب تحریک آزادی میں اردو رسائل و اخبارات کا حصہ کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا کلیدی باب ہے۔اس میں ہندستان کی جنگ آزادی میں اردو صحافت کا جو نمایاں اور قابل فخر رول رہا ہے اس کا محاکمہ پیش کیا گیا ہے اور دہلی اردو اخبار، ہمدرد، زمیندار، الہلال، البلاغ، اردوئے معلیٰ اور صادق الاخبار وغیرہ اخبارات و رسائل کا حوالہ دیتے ہوئے دلائل کے ساتھ ان کا حصہ تحریک آزادی میں اجاگر کیا گیا ہے۔

**2۔ تہذیب الاخلاق کے اداریوں کا تنقیدی مطالعہ (1980 کے بعد):**

یہ مقالہ ڈاکٹر زلفی رام نے ڈاکٹر چمن لال کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل اداریہ نگاری کا تعارف و مفہوم کے عنوان سے ہے۔اس باب کے پہلے حصے میں اداریے کی مکمل تعریف، اس کے اجزا، اس کی خصوصیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ جب کہ باب کے دوسرے حصے میں اداریہ نگاری کے متعلق مختلف محققین کے اقوال بیان کیے گئے ہیں جس سے اداریے کے معنی مثالیں دے کر سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔باب دوم تہذیب الاخلاق کے مختلف اداریوں کے عنوان سے ہے۔ پہلا دور 1870 سے 1897 تک رکھا گیا ہے۔ جب کہ دوسرا دور 1898 سے دور حاضر تک رکھا گیا ہے۔تیسرے حصے میں رسالے کے کون کون سے موضوعات رہے ہیں ان پہ بھی بحث کی گئی ہے۔ باب سوم تہذیب الاخلاق کے اداریوں کا تنقیدی مطالعہ 1982 کے بعد کے نام سے ہے جس میں رسالے کے اداریوں کی خوبیاں و خامیاں بیان کی گئی ہیں اور تہذیب الاخلاق کے اداریوں کا اردو زبان و ادب کے فروغ میں کیا حصہ رہا ہے، اس کی بھی نشان دہی کی گئی ہے۔ باب چہارم عصر حاضر میں تہذیب الاخلاق کے اداریوں کی اہمیت و افادیت کے نام سے ہے۔اس باب کو تین حصوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں 1982 کے بعد اداریوں کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں اہم اداریوں کا خصوصی مطالعہ پیش کیا گیا ہے جب کہ تیسرے حصے میں تہذیب الاخلاق کے اداریوں کی انفرادیت کو پیش کیا گیا ہے۔

## بین العلومی تحقیق (تقابلی تحقیق)

**1۔ غالبؔ اور اقبالؔ کا لسانی نظام: ایک تقابلی مطالعہ:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد آصف ملک نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2015 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل شاعری میں زبان کا کردار کے عنوان سے ہے۔اس باب میں رسولؐ، پیرل

ماسٹر، پادری لیڈ بیٹر، بائبل ،قرآن پاک ،قدامہ ابن جعفر، حافظ، عبدالقاہر جرجانی، ابن رشد، ابوبکر باقلاقی، ابن قتیبہ، ابن مقز، علامہ تفتازانی، آچاریہ بھامہ، وامن، آنندوردھن، غالبؔ، حالیؔ اور اقبالؔ وغیرہ کے نظریات لفظ و معنی کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے ۔ دوسرا حصہ افلاطون ، ہوریس ، کوئن ٹلین ، لانجائینس ،سوسیئر ، رالاں بارتھ، جولیا کریسٹوااور دریدا کے نظریات لفظ ومعنی کے حوالے سے لیے گئے ہیں۔ باب دوم زبان اور تخلیق زبان کا فرق کے نام سے ہے ۔باب سوم غالبؔ کا لسانی نظام کے عنوان سے ہے اس باب میں نحو ،صرف ،لفظ و معنی، اسلوب،صوت، سماجی وثقافتی زبان، تراکیب سازی، بیان اور روزمرہ کے محاورے کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے۔ باب چہارم اقبالؔ کا لسانی نظام کے عنوان سے ہے۔اس باب میں نحو،صرف،لفظ ومعنی، اسلوب،صوت، سماجی وثقافتی زبان، تراکیب سازی، بیان اور روزمرہ کے محاورے کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ باب پنجم غالبؔ اور اقبالؔ کے لسانی نظام کا تقابلی مطالعہ (مشابہتیں اور اختلافات) کے عنوان سے ہے۔اس میں صرف،نحو،معنیات، اسلوبیات اور محاورات وغیرہ کے حوالے سے بات چیت ملتی ہے۔دوسرا حصہ غالبؔ اور اقبالؔ کے لسانی نظام میں لب ولہجہ اور آہنگ کی اہمیت ،عروض اور صوتیات ، غالبؔ اور اقبالؔ کے یہاں بعد زمانی کے سبب لفظیات کا تغیرو تبدل، غالبؔ اور اقبالؔ کے امتیازات، علم بیان اور بدیع کے حوالے سے گفتگو ملتی ہے۔

## نظریاتی تحقیق

**1۔ اردو شاعری کی تنقید اور ڈاکٹر تقی عابدی: ایک تنقیدی مطالعہ (انیسؔ، فیضؔ اور حالیؔ کے حوالے سے):**

یہ مقالہ ڈاکٹر صائمہ منظور نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل تقی عابدی حیات وشخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں ڈاکٹر تقی عابدی کی زندگی، پیدائش اور دیگر حالات وواقعات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب دوم تقی عابدی کی مجموعی ادبی خدمات کے نام سے ہے۔اس باب میں تقی عابدی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم تقی عابدی اور انیسؔ فہمی کے عنوان سے ہے۔اس میں تقی عابدی اور انیسؔ کے درمیان ادبی تقابل کیا گیا ہے۔ باب چہارم تقی عابدی اور فیضؔ فہمی کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے۔اس باب میں فیض احمد فیضؔ کے تنقیدی رویے اور تنقیدی پہلوؤں پر گفتگو پیش کی گئی ہے۔ باب پنجم تقی عابدی اور حالیؔ فہمی کے نام سے ہے۔اس باب میں بھی پہلے دو ابواب کی طرح تنقیدی رویے اور حالیؔ اور تقی عابدی کا ادبی تقابل کیا گیا ہے۔

**2۔ امیر عارفی کا تنقیدی شعور:**

یہ مقالہ ڈاکٹر آشیانہ کوثر نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی نگرانی میں 2014 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل حیات اور عہد کے عنوان سے ہے۔اس باب میں امیر عارفی کی سوانح، ادبی خدمات اور ان کے عہد کے بارے میں لکھا گیا ہے۔امیر عارفی عملی تنقید کے نظریے کے قائل ہیں۔دوسرا باب امیر عارفی کا تنقیدی نظریہ: ایک مطالعہ کے نام سے ہے۔اس باب میں امیر عارفی کی تنقید نگاری اوران کی عملی تنقید پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرا باب لیلیٰ کے خطوط اور مجنوں کی ڈائری کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس میں لیلیٰ کے خطوط اور مجنوں کی ڈائری کی خوبیوں اور خامیوں کو پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چوتھا باب شہر آشوب: ایک تجزیہ کا تنقیدی مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں شہر آشوب کے ہر دور کے عمدہ نمونے پیش کر کے ان پر تاریخی ، سیاسی ، سماجی روشنی میں تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔ پانچواں باب نیاز فتح پوری کی تحریروں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں نیاز فتح پوری کی زندگی اور شخصیت کے ساتھ ساتھ ان کے علمی ، ادبی اور صحافتی کارناموں کا بھی احتساب کیا گیا ہے۔ چھٹا باب دیگر تخلیقات میں کے عنوان سے ہے۔اس میں امیر عارفی کی تخلیقات کو زیر بحث لایا گیا ہے جن میں دکنی فرہنگ، فراقؔ ''نئی نسلیں''، قاضی عبدالغفار ''شخصیت اور فن''، مخدوم ''پانچواں مینار'' پر گفتگو ملتی ہے۔

## (8) تہذیب پر تحقیق

(1) وسیم بریلوی کی شاعری میں ہندستانی تہذیب ومعاشرت:

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد شکور نے ڈاکٹر عبدالرشید منہاس کی نگرانی میں 2018 میں لکھا ہے۔ مقالے کے پانچ باب ہیں۔ باب اوّل وسیم بریلوی: حیات وشخصیت کے عنوان سے ہے۔اس باب میں خاندانی پس منظر، آبا واجداد ، شادی ، اولاد ، تعلیم اور اصلاحِ سخن ، مشاعروں میں شرکت اور اعزازات و انعامات کو بیان کیا گیا ہے۔ دوسرا باب غزلیہ شاعری: موضوعات کے عنوان سے ہے۔اس باب میں حسن وعشق، آرزو، تصوف، حب الوطنی ، غم ، جگر کے زخم ، زمانہ اور گردش زمانہ ، موت ، زندگی ، دیگر اہم موضوعات اور جدید موضوع کو پیش کیا گیا ہے۔ تیسرا باب نظمیہ شاعری: موضوعات کے متعلق ہے۔اس میں رومان، حب الوطنی، تقسیم وطن، ہجرت، واقعاتی موضوعات کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے۔ چوتھا باب وسیم بریلوی کی شاعری میں ہندستانی تہذیب ومعاشرتی عکاسی کے نام سے ہے۔اس باب میں لفظ ، ہندستان کی وجہ تسمیہ ، تہذیب، معاشرت اور ہندستانی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کو پیش کیا گیا ہے۔ پانچواں باب فن ، اسلوب اور ڈکشن کے عنوان سے ہے۔اس باب میں

ہیئت، صنائع لفظی، اسالیب، تخاطب، خود کلامی اور استفہامیہ، تخلیقی زبان، تشبیہ، استعارہ، پیکر اور علامت کے موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔

**2۔ اردو داستانوں میں ہندستانی تہذیب و معاشرت: (سب رس، باغ و بہار اور فسانہ عجائب کے حوالے سے)**

یہ مقالہ ڈاکٹر سنجے کمار نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی نگرانی میں 2017 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل تہذیب و معاشرت: تعریف و حدود کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں تہذیب و معاشرت کی تعریف و حدود کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ مشترکہ ہندستانی تہذیب کے ان عناصر کی نشان دہی کی گئی ہے جن پر اس تہذیب کی بنیاد کھڑی ہوتی ہے۔ باب دوم سب رس میں ہندستانی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں سب رس کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اس زمانے میں دکن کے لوگوں کی مذہبی عقیدت، بادشاہوں کے فرائض، رزم و بزم آرائیاں، عشق پر رائے، گھر کا رہن سہن ان سب چیزوں کا ذکر اس میں کیا گیا ہے۔ باب سوم باغ و بہار میں ہندستانی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں باغ و بہار کے پانچواں قصے میں جو دلی کی مغلیہ تہذیب کی عکاسی کی گئی ہے اس کی نشاندہی کی گئی ہے۔ جس میں بادشاہوں کی شان و شوکت، شاہانہ ساز و سامان، ان کے کھانوں کا ذکر، ولادت و وفات کے تمام تر رسم و رواج کا ذکر کیا گیا ہے۔ باب چہارم فسانہ عجائب میں ہندستانی تہذیب و معاشرت کی عکاسی سے متعلق ہے۔ اس باب میں فسانہ عجائب کے حوالے سے لکھنوی معاشرہ ہی نہیں بلکہ مخلوط ہندستانی تہذیب کے عناصر کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔ مثلاً شہزادے کی پیدائش پر جنم پترہ تیار کروانا، انجمن آرا کی شادی کے وقت رمالوں، پنڈتوں اور نجومیوں کا شادی کی تاریخ طے کرنا مشترکہ ہندی تہذیب کی نمائندگی کرتا ہے۔ ان سب چیزوں کا ذکر اس باب میں ملتا ہے۔

**3۔ قرۃ العین حیدر کی تخلیقات میں قومی یکجہتی اور آپسی بھائی چارے کے عناصر:**

یہ مقالہ ڈاکٹر محمد علی شہباز نے پروفیسر شہاب عنایت ملک کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔ یہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل قرۃ العین حیدر کے ناولوں میں قومی یکجہتی اور آپسی بھائی چارے کے عناصر کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں قرۃ العین حیدر کے ناولوں میں میرے بھی صنم خانے، سفینۂ غم دل، آگ کا دریا، گردش رنگ چمن، آخر شب کے ہم سفر، کار جہاں دراز ہے، چاندنی بیگم میں قومی یکجہتی کے عناصر کو مثالوں کے ذریعے پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ باب دوم میں قرۃ العین حیدر کے ناولٹوں میں قومی یکجہتی اور آپسی بھائی چارے کے عناصر کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جن میں دلربا، سیتا ہرن، اگلے جنم موہے بٹیا نہ کجیو، چائے کا باغ

میں قومی یکجہتی کے عناصر مثالوں کے ذریعے پیش کیے گئے ہیں ۔مقالے کا تیسرا باب قرۃ العین حیدر کے افسانوں میں قومی یکجہتی اور آپسی بھائی چارے کے عناصر کے نام سے ہے ۔اس باب میں قرۃ العین حیدر کے افسانوی مجموعے ستاروں کے آگے، پت جھڑ کی آواز ،شیشے کے گھر اور روشنی کی رفتار میں شامل ایسے افسانوں کی نشان دہی کی گئی ہے جن میں قرۃ العین حیدر نے مشترکہ تہذیب کی عکاسی کی ہے۔باب چہارم قرۃ العین حیدر کی دیگر تخلیقات میں قومی یکجہتی اور آپسی بھائی چارے کے عناصر کے عنوان سے ہے ۔اس باب میں رپورتاژ ، خاکے،مضامین،تراجم،خطوط وغیرہ میں شامل قومی یکجہتی کے عناصر کو حقائق اور دلائل کے ساتھ اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

**4۔ آزادی کے بعد اردو ناول میں محنت کش طبقے کے مسائل کی عکاسی:**

یہ مقالہ ڈاکٹر خالد حسین نے پروفیسر سکھ چین سنگھ کی نگرانی میں 2016 میں لکھا ہے۔یہ مقالہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔باب اوّل ابتدائی ناولوں میں محنت کش طبقے کی عکاسی کے عنوان سے ہے۔اس باب میں اردو ناول کے ابتدائی دور میں اس طبقے کی طرف کم توجہ دی گئی ہے۔ابتدائی ناولوں میں منشی سجاد حسین کے ناول کایا پلٹ اور میٹھی چھری میں اس طبقے کے مسائل کے کچھ عناصر نظر آتے ہیں۔باب دوم پریم چند کے ناولوں میں محنت کش طبقے کا جائزہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں پریم چند کے ناولوں میں محنت کش طبقے کا جائزہ لیا گیا ہے۔ان میں جلوۂ ایثار، گوشۂ عافیت، چوگان ہستی ،میدان عمل اور گئودان ہے۔ان ناولوں میں محنت کش طبقے کے مسائل کی بھر پور عکاسی ملتی ہے۔باب سوم ترقی پسند ناول میں محنت کش طبقے کا مطالعہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں محنت کش عوام ترقی پسند ناول کا خاص موضوع رہا ہے،ترقی پسند ناولوں میں سجاد ظہیر کا لندن کی ایک رات،عزیز احمد کا آگ اور ایسی بلندی ایسی پستی ،کرشن چندر کا جب کھیت جاگے اور طوفان کی کلیاں وغیرہ میں محنت کش طبقے کے مسائل پیش کیے گئے ہیں۔باب چہارم اردو ناول آزادی کے بعد ایک جائزہ کے عنوان سے ہے۔اس باب میں آزادی کے بعد تقسیم ہند کے پس منظر میں ناول نگاروں نے بٹوارہ ،فسادات ، جاگیردارانہ زوال وغیرہ جیسے موضوعات پر زیادہ ناول لکھے گئے ہیں۔البتہ کچھ ناول جیسے عصمت چغتائی کا معصومہ،ہنس راج رہبر کا پریڈ گراونڈ، قرۃ العین حیدر کا آگ کا دریا،عبداللہ حسین کا اداس نسلیں،شوکت صدیقی کا خدا کی بستی ،حیات اللہ انصاری کا لہو کے پھول ،راجندر سنگھ بیدی کا ایک چادر میلی سی ، قاضی عبدالستار کا شکست کی آواز اور جیلانی بانو کا ایوانِ غزل وغیرہ میں اس طبقے کے مسائل کی ہلکی جھلکیاں ملتی ہیں۔مقالے کا پانچواں باب 1980 کے بعد اردو ناول میں

محنت کش طبقے کی عکاسی کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالے کا آخری باب ہے۔اس میں جیلانی بانو کا بارش سنگ ،شوکت صدیقی کا جانگلوس ،الیاس احمد گدی کا فائر ایریا،عبداللہ حسین کا نادرلوگ ،فہمیدہ ریاض کا گوداوری ،غضنفر کا دویہ بانی ،علی امام نقوی کا تین بتی کا راما اور عبدالصمد کا دھمک وغیرہ کے علاوہ ترنم ریاض ، پیغام آفاقی اور مشرف عالم ذوقی وغیرہ کے ناولوں میں بھی محنت کش عوام نظر آتے ہیں۔ان سب باتوں کا ذکر اس مقالے کے آخری باب میں موجود ہے۔

شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی سندی تحقیق کے حوالے سے ایک فعال شعبے کے طور پر اپنی ذمے داری نبھا رہا ہے۔راقم نے صرف انتالیس مقالات کا ذکر کیا ہے جب کہ شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی میں اس سے زیادہ تحقیقی کام ہوا ہے ۔ بہت سے مقالات راقم کی دسترس سے باہر رہے ۔حتی المقدور کوشش کرنے کے باوجود بھی جموں یونی ورسٹی تک راقم کی رسائی ممکن نہیں ہوسکی اور چند مقالات مطالعہ کرنے سے رہ گئے ۔ مذکورہ بالا جن مقالات کا ذکر کیا گیا ہے ان سے یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی میں تحقیقی کام بڑی حد تک تسلی بخش ہے۔اس میں ایسے بھی مقالے لکھے گئے جن کا ثانی موجود نہیں۔اس شعبے میں سوانح اور شخصیات کے زمرے میں تیرہ مقالے، اصناف پر نو، علاقی ادب پر چھے،تہذیب پر چار، رجحان،تحریک اور دبستان ، انجمن ادارہ اور نظریاتی تحقیق پر دو دو اور بین العلومی تحقیق پر ایک مقالہ لکھا گیا ہے۔ یہاں بھی تدوین متن پر کوئی تحقیقی کام نہیں ہوا ہے۔

مختصراً جموں وکشمیر میں سندی تحقیق کا کام تسلی بخش ہے اور مستقبل میں بھی اردو کا تحقیقی کام اسی طرح نئے موضوعات کے ساتھ آگے بڑھتا رہے گا ۔ جہاں تک تحقیقی معیار کی بات ہے،جس طرح ہندستان کے دوسرے اردو شعبوں میں تحقیقی معیار و اصولوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے، جموں وکشمیر میں بھی لگ بھگ اس نوعیت کا کام سندی تحقیق میں ہورہا ہے ۔جموں وکشمیر میں تحقیق کا رجحان بڑا تابناک ہے ۔ یہاں کی یونی ورسٹیوں میں ایسے بھی مقالے لکھے گئے جن کی پذیرائی پورے برصغیر میں ہوئی۔

## 2۔ غیر سندی تحقیق

غیر سندی تحقیق میں محقق آزاد ہوتا ہے۔ وہ کسی ادارے کے ماتحت کام نہیں کرتا اور نہ کسی فرد کے تابع کام کرتا ہے۔ غیر سندی تحقیق میں محقق اپنی مرضی سے کوئی تحقیقی موضوع چنتا ہے اور پھر آزادانہ طور تحقیقی کام انجام دیتا ہے۔اس میں وقت کی بھی کوئی پابندی نہیں ہوتی ۔راقم یہاں جموں وکشمیر کے غیر سندی تحقیقی کام کا موضوعی مطالعہ

پیش کرنے کی سعی کرے گا۔اس میں محقق کے نام اور ان کی تصانیف کے نام پر ہی اکتفا کیا جائے گا۔کیوں کہ مقالے کے تیسرے باب میں اس موضوع کے متعلق تفصیل پیش کی جائے گئی۔اس لیے یہاں تکرار اور طوالت کی وجہ سے مختصر ذکر کیا جائے گا۔غیر سندی تحقیق میں سب سے پہلے پروفیسر اکبر حیدری کشمیری کا نام آتا ہے۔

(1) پروفیسر اکبر حیدری کشمیری:

| | | |
|---|---|---|
| (۱) اکبر الہ آبادی: کچھ نئے انکشاف | 1965 | |
| (۲) میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر | 1965 | |
| (۳) تحقیق وانتقاد | 1966 | |
| (۴) تحقیقی جائزے | 1968 | |
| (۵) تحقیقی نوادر | 1973 | |
| (۶) دیوان میر تقی میر | 1974 | ناشر: کلچرا کادمی سری نگر |
| (۷) مقالات حیدری جلد اوّل | 1977 | |
| (۸) مقالات حیدری جلد دوم | 1978 | |
| (۹) باقیات انیسؔ | 1980 | اردو پبلشرز لکھنؤ |
| (۱۰) اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا | 1981 | اردو پبلشرز لکھنؤ |
| (۱۱) تحقیقات حیدری جلد اوّل | 1984 | |
| (۱۲) تحقیقات حیدری جلد دوم مع اضافہ | 1985 | |
| (۱۳) مثنوی سحر البیان | 1987 | |
| (۱۴) باقیات دبیرؔ | 1994 | |
| (۱۵) کلام اقبالؔ قدیم رسالوں کے آئینے میں | 2001 | کلچرا کادمی سری نگر |
| (۱۶) نوادرِ غالبؔ | 2004 | ادارۂ یادگارِ غالبؔ پاکستان |
| (۱۷) اقبال: نادر معلومات | 2006 | |
| (۱۸) اقبالیات کے نئے گوشے | 2006 | |
| (۱۹) معرکۂ اسرار خودی | 2012 | |

(2) محمد یوسف ٹینگ:

(۱) شناخت

(۲) جستہ جستہ

(3) پروفیسر حامدی کاشمیری:

(۱) جدید اردو نظم اور یورپی اثرات

(۲) جموں وکشمیر میں اردو ادب

(4) پروفیسر مرزا محمد زماں آزردہ:

(۱) مرزا اسلامت علی دبیر: حیات اور کارنامے

(5) پروفیسر نذیر احمد ملک:

(۱) کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے

(۲) اردو رسم خط ارتقا اور جائزہ

(5) بشیر احمد نحوی:

(۱) اقبال اور تصوف

(۲) اقبال افکار و احوال

(6) ڈاکٹر برج پریمی:

(۱) جموں وکشمیر میں اردو کی نشو ونما

(۲) سعادت حسن منٹو: حیات اور کارنامے

(7) پروفیسر ظہور الدین:

(۱) ڈیولپمنٹ آف اردو لینگویج اینڈ لٹریچر ان دی جموں ریجن

(۲) ریاست جموں وکشمیر میں اردو ڈرامے کی روایت

## حوالہ جات

1۔ تحقیق کا فن از گیان چند جین۔ص 16۔2005

2۔ایضاً

3۔رہگزر در رہگزر۔از پروفیسر حامدی کاشمیری،ص 99

4۔اقبالیات شمارہ 2، پروفیسر آل احمد سرور 1982 ص۔ب

5۔ادبی تحقیق: مسائل و تجزیہ۔از رشید حسن خاں ص 18۔یو پی اکادمی ایڈیشن 1990

6۔جامعہ کشمیر اور اقبالیات از ڈاکٹر بدرالدین بٹ ص 135.136

7۔اقبالیات گزشتہ دس سال،فروری 2004،ص 186,187

8۔انشااللہ خاں انشاؔ از عابد پیشاوری،ص۔9

☆☆☆

# باب سوم

# جموں وکشمیر کے اہم محققین

1950 کے بعد جموں وکشمیر کے حالات نے مجموعی طور پر کروٹ لی اور زندگی کے ہر پہلو میں تغیر وتبدیلی رونما ہوئی۔ ادب کی طرف خاص توجہ دی گئی جس کے نتیجے میں باقی اصناف کی طرح تحقیقی ادب کو بھی پیش رفت کا سنہرا موقع ملا۔ مغربی علم وفن کے زیر اثر آکر محققین کو تحقیق کے لیے نئے نئے طریقے اور سامان دستیاب ہوئے۔ اشیا کی کھوج سائنسی طرز پر ہونے لگی۔ ایسے موضوعات کی کثیر تعداد سامنے آئی جو تحقیق طلب تھے۔ تحقیق کو اچھا خاصا معیار نصیب ہوا اور نئے نئے اصول مرتب ہوئے۔ جموں وکشمیر میں تحقیقی کام کو ترقی کے منازل تک پہنچانے میں کئی اداروں نے نمایاں رول ادا کیا۔ کشمیر اور جموں یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو نے ادبی تحقیق کو وسعت اور تقویت بخشی۔ گونا گوں موضوعات پر ضخیم کتابیں لکھی گئیں۔ شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کی طرف سے شائع ہونے والے رسائل منظر عام پر آئے۔ نیا شعور اور بازیافت میں تحقیقی مضامین چھپتے رہے۔ ریاست کی کلچرل اکادمی نے بھی تحقیق کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے۔ درجنوں کتابیں ترتیب دی گئیں اور ان پر تحقیقی نوعیت کے مقدمے لکھوائے گئے۔ اکادمی سے شائع ہونے والے رسائل ''شیرازہ'' اور ''ہمارا ادب'' میں بھی تحقیقی مضامین چھپتے رہے۔ محکمہ اطلاعات سے جاری ہونے والے رسالے ''تعمیر'' میں بھی اس قسم کے مضامین کی بڑی تعداد ملتی ہے۔ 1950 کے بعد محققوں کی ایک خاص تعداد سامنے آئی۔ اس باب میں انھی محققوں پر سیر حاصل گفتگو کرنے کی جسارت کی جائے گی۔ ان میں سرفہرست پروفیسر اکبر حیدری کشمیری کا نام آتا ہے۔

## پروفیسر اکبر حیدری کشمیری

جموں وکشمیر ہمیشہ علم وادب کی آبیاری کرتا رہا ہے۔ اس سرزمین سے بہت سارے شعرا، ادبا، قلم کار اور مفکر ہوئے جنھوں نے علم وادب کو منور کیا۔ یہ وادی جس طرح حسین اور خوبصورت ہے ٹھیک اسی طرح یہاں کے ادیبوں کے قلم سے حسین اور دل کش تحریریں ابھرتی ہیں۔ برصغیر میں اردو کے محققین اور مفکرین میں شمار کیے جانے والے محقق پروفیسر اکبر حیدری کشمیری اسی خطے سے تعلق رکھتے تھے۔ جموں وکشمیر کے جن اردو ادیبوں کو بین الاقوامی سطح پر پذیرائی حاصل ہوئی ان میں پروفیسر اکبر حیدری کشمیری کئی لحاظ سے سرفہرست ہیں۔ وہ صرف محقق ہی

نہیں، بلکہ ادیب، قلم کار، تذکرہ نویس، نقاد، مؤلف، استاد اور ادبی صحافت میں اپنے ان گنت نقوش مرتسم کرنے والی ہمہ گیر شخصیت تھے۔

اکبر حیدری کشمیری کے کارناموں کی فہرست بڑی ہی طویل ہے جس کو جموں وکشمیر میں اردو ادب کی تاریخ میں سنہرے الفاظ میں رقم کیا جائے گا۔ انھوں نے اپنی مسلسل محنت اور لگن سے اردو کے کلاسیکی ادبی سرمائے کی تحقیق میں نمایاں اضافے کیے ہیں جن میں میر تقی میرؔ، میر ببر علی انیسؔ، مرزا سلامت علی دبیرؔ، مرزا اسداللہ خاں غالبؔ، علامہ اقبالؔ اور اسی پائے کی شخصیات کی حیات اور کارناموں کے نہ جانے کتنے ہی پوشیدہ گوشوں کو عالمِ وجود میں لایا۔ اکبر حیدری کشمیری کی کلاسیکی اردو ادب پر خاص نظر تھی۔ اور ان کی توجہ سے بہت سا ادبی سرمایہ وقت کی گرد کے نیچے دفن ہونے سے بچ گیا جس سے آنے والی نسلوں کے لیے انھوں نے فکر و تحقیق کا سامان فراہم کیا۔ تحقیق، تصنیف و تالیف میں وہ اعلا معیار کے قائل تھے۔ ہمیشہ جو بھی تحقیقی بات کرتے اسے ٹھوس شواہد سے ثابت کرتے۔

ادبی شخصیت کی قدر و قیمت کا تعین اس کی نگارشات کی خوبیوں اور خامیوں کی بنا پر کیا جاتا ہے لیکن اس ادبی قلم کار کے وجود کی مکمل شناخت و دریافت کے لیے اس کے سوانحی حالات و کیفیات، پیدائش و پرورش، تعلیمی ماحول اور معاشرے کی واقفیت بھی ضروری ہوتی ہے۔ خاص کر جب بات کسی مستند ادبی شخصیت اور تحقیقی کارناموں کے انبار لگانے والے کی ہو، تو ادبی شخصیت کو اس کی تحریروں کی روشنی میں ہی نہیں بلکہ اس کے ذاتی اور عصری حالات کے تناظر میں بھی دیکھنا ناگزیر ہو جاتا ہے کیوں کہ ادیب کی نگارشات میں جو تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں وہ ذاتی اور عصری حالات سے متاثر ہوتی ہیں۔ یہ بھی سچ ہے کہ ادیب کا مطالعہ و مشاہدہ، ذوق و شوق، خلوص و لگن و غیرہ ادب کے کسی مخصوص میدان میں کارہائے نمایاں انجام دینے میں اس کی مدد کرتے ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری کے آباواجداد، صدیوں سے کشمیر میں آباد تھے۔ ان کا خاندان متوسط طبقے کا تھا لیکن عزت واحترام میں کوئی کمی نہیں تھی۔ اکبر حیدری کشمیری کے والد گرچہ نواکدل میں درزی کا کام کرتے تھے لیکن اپنی شرافت اور عبادت و ریاضت کی بنا پر علاقے کے باعزت لوگوں میں شمار ہوتے تھے۔ اکبر حیدری کشمیری کا اصلی نام ایم اکبر حیدری اور قلمی نام اکبر حیدری کشمیری تھا۔ ان کی پیدائش 13 / اکتوبر 1929 میں سری نگر، کشمیر کے ایک قدیم محلّہ خانقاہ سوختہ میں ہوئی۔ اس محلّہ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہاں سلاطین چک کے مجتہد بابا خلیل اللہ کی بہت بڑی خانقاہ ہے۔ بچپن سے ہی انھیں علم حاصل کرنے کا بڑا شوق تھا۔ انھوں نے دس سال کی عمر میں پہلا نوحہ لکھا اور

اسے ایک محفل میں پیش کیا۔ ان کی یہ اولین تحریر فرقہ جعفری کے اس وقت کے جید عالم دین مولوی جواد صاحب مرحوم کی نظر سے گزری۔ مولوی جواد صاحب نے اس کمسن اکبر کو اپنے پاس بلا کر کہا کہ تم جعفری ہو؟ اکبر حیدری کشمیری نے جواباً سر ہلایا، مولوی جواد صاحب نے انھیں کہا ''آج سے تم حیدری ہو'' اس کے بعد اکبر، اکبر حیدری کے نام سے معروف و مشہور ہوئے اور سارا خاندان حیدری لقب سے ملقب ہوا۔

اکبر حیدری کشمیری کے والد کا نام ایم جعفر اور والدہ کا نام رحمت بیگم تھا۔ والد نے انھیں روایت کے مطابق پہلے مکتب میں دینی تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے داخل کیا۔ مکتب میں انھوں نے اردو کے ساتھ ساتھ فارسی اور عربی زبانوں اور ان کے ادب کا مطالعہ کیا۔ اردو کے ساتھ ساتھ فارسی اور عربی ادبیات کے مطالعے نے تحقیقی کاموں میں ان کی کافی مدد کی۔ اس کے بعد انھیں گورنمنٹ ہائی اسکول رنگہ ٹینگ، نواکدل میں داخل کیا گیا۔ وہاں سے انھوں نے 1944 میں اچھے نمبرات حاصل کر کے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ علم کی پیاس نے انھیں بی۔ اے آنرز کے لیے پنجاب یونی ورسٹی لاہور کا رخ کرنے پر مجبور کیا اور وہاں سے انھوں نے 1947 میں بی۔ اے آنرز پاس کیا۔ منشی فاضل کا امتحان 1949 میں جموں وکشمیر یونی ورسٹی سے پاس کیا۔ انھوں نے 1951 میں علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے ادیب کامل کا امتحان پاس کیا۔ اور اسی یونی ورسٹی سے 1952 میں امتیاز کے ساتھ ایم۔ اے اردو کی ڈگری پاس کی اور 1956 میں فارسی میں بھی ایم۔ اے کیا۔ یہ ڈگریاں انھوں نے پرائیوٹ موڈ میں کیں۔

علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے 1957 میں پی ایچ۔ ڈی کے لیے داخلہ لیا اور ڈاکٹر مسعود حسین خاں نے انھیں مقالے کا عنوان بھی دیا تھا لیکن یہ عنوان انھیں پسند نہیں آیا تھا، اس لیے اس پر کام کرنے سے گریز کر کے لکھنؤ چلے گئے۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''1957 میں ڈاکٹر مسعود حسین خان نے پی ایچ۔ ڈی کے لیے ایک مقالہ تجویز کیا۔ عنوان یہ تھا ''اردو اور کشمیری گرامر کا تقابلی مطالعہ'' یہ مقالہ میرے لیے مشکل تھا، اس لیے اسے ترک کر کے لکھنؤ یونی ورسٹی میں پروفیسر یوسف حسین کی زیر نگرانی ''میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر'' کے موضوع پر 1960 میں ڈگری حاصل کی۔'' [1]

لکھنؤ یونی ورسٹی سے انھوں نے پروفیسر سید یوسف حسین موسوی کی نگرانی میں پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری 1960 میں حاصل کی۔ پانچ سال کے بعد لکھنؤ یونی ورسٹی سے ہی ڈی۔ لٹ کے لیے مقالہ لکھنے لگے۔ جس کا عنوان ''اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا'' تھا۔ ڈی۔ لٹ میں ان کے نگراں شبیہ الحسن نونہروی تھے۔ یہ مقالہ انھوں

نے 1973 میں جمع کیا تھا۔

اکبر حیدری کشمیری نے اپنی ملازمت کا آغاز 1950 میں کیا تھا جب انھوں نے صرف ادیبِ کامل اور منشی فاضل کامیاب کیے تھے۔ ان کا یہ اقتباس اس حوالے سے ملاحظہ کیجیے:

> ''میرا تقرر بحیثیت اردو لکچرر محکمۂ تعلیم میں 1950 میں اس وقت ہوا جب میں بی۔اے (آنرز)، ادیب کامل اور منشی فاضل تھا۔ اس زمانے میں جموں وکشمیر کے تمام اعلیٰ تعلیمی ادارے پنجاب یونی ورسٹی لاہور سے ملحق تھے۔ ادیب کامل کی ڈگری اردو میں ایم۔اے کے برابر تسلیم کی جاتی تھی۔''2؎

اکبر حیدری کشمیری نے جموں وکشمیر کے مختلف تعلیمی اداروں میں اپنے فرائض بحیثیت استاد نہایت خوش اسلوبی اور ایمانداری سے انجام دیے۔ پہلے 1950 سے 1953 تک ایس۔ پی کالج سری نگر میں لکچرر کی حیثیت سے پڑھاتے تھے۔ پھر سوپور ڈگری کالج بارہمولہ میں 1954 سے 1957 تک اپنی خدمات انجام دیتے رہے اور پھر یہاں سے تبدیلی کے بعد 1958 سے 1961 تک اننت ناگ ڈگری کالج میں تعینات ہوئے۔ اس کے بعد جموں میں 1962 سے 1964 تک اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ 1965 میں انھیں پھر سے امر سنگھ کالج سری نگر میں 1983 تک ملازمت کرنی پڑی۔ امر سنگھ کالج میں انھیں پرنسپل شپ کی آفر دی گئی لیکن انھوں نے اپنی ادبی مصروفیات کے پیش نظر یہ عہدہ قبول نہیں کیا، البتہ سرکار نے ان کی ادبی خدمات کے پیش نظر انھیں پرنسپل کا گریڈ عطا کیا۔ 1975 میں ریاستی سرکار نے انھیں کیبنٹ آرڈر (Cabinet order) کے تحت ممتاز اسکالر، ہونہار اور محنتی استاد قرار دیا۔ (آرڈر نمبر۔ 365-C of 1975)

اکبر حیدری کشمیری 1982 میں شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں بحیثیت ریڈر مقرر ہوئے۔ سینٹرل یونی ورسٹی آف حیدرآباد کے شعبۂ اردو میں بحیثیت پروفیسر 1987 میں تعینات ہوئے اور وہیں سے 1990 میں اپنی طویل ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ 1990 میں تین سال کے لیے انھیں لکھنؤ یونی ورسٹی میں اعزازی پروفیسر (Emeritus Professor) کے طور پر تعینات کیا گیا۔ اکبر حیدری کشمیری نے تحقیق کے میدان میں آنے کے بعد تقریباً اپنی زندگی کا تہائی حصہ لکھنؤ میں گزارا۔ یہ قیام زیادہ تر لائبریریوں تک رسائی کے لیے ہوتا تھا۔ خود اکبر حیدری اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''میں لکھنؤ میں گزشتہ 45 برسوں سے ہر سال کم وبیش چار مہینے قیام کرتا ہوں۔ یہاں کے سبھی چھوٹے بڑے کتب خانے کھنگالے ہیں۔ ان میں راجہ صاحب محمودآباد، مولانا آزاد لائبریری

علی گڈھ اور خدا بخش لائبریری پٹنہ بھی متعدد بار کتابوں کی تلاش وجستجو میں گیا ہوں۔آج کل
کتب خانہ شبلی نعمانی (ندوہ) اور ٹیگور لائبریری لکھنؤ یونی ورسٹی جاتا ہوں۔''3

مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کو لکھنؤ سے اتنی محبت کیوں تھی اور تحقیق کے سلسلے میں انھوں نے تقریباً ہندستان کا ہر کتب خانہ کھنگالا۔ملازمت کے دوران جہاں بھی وہ گئے وہاں کوئی نہ کوئی تحقیقی مقالہ ضرور لکھا۔ یہ بات ضمنی طور پر لکھنؤ کے حوالے سے آئی تھی۔اب ہم اکبر حیدری کشمیری کے دیگر تقررات کا ذکر کرتے ہیں:

1۔ 1966 میں پبلک سروس کمیشن (اردو یونٹ) میں بحیثیت سنئیر ریسرچ آفیسر مقرر ہوئے۔

2۔1973 میں ڈائریکٹر لائبریری، ریسرچ، پبلی کیشنز اینڈ میوزیم جموں وکشمیر بھی رہے۔

3۔1990 میں فیلو یو جی سی (UGC) شعبۂ اردو، کشمیر یونی ورسٹی تھے۔

4۔1992 میں یو جی سی (UGC) ایکسپرٹ ممبر برائے کریئر ایوارڈس بھی تھے۔

اکبر حیدری کشمیری نے لگ بھگ اسّی (80) تصانیف قلم بند کی ہیں جن میں تقریباً نصف درجن تصنیف 1950 سے 1960 کے دوران نقل مکانی میں کھوگئی تھی۔ کچھ کتابیں جو پاکستان میں شائع ہوئیں وہ اس وقت کے ہندو پاک کے حالات کی نذر ہوکر مصنف تک نہیں پہنچ پائیں۔ان کی اولین تصانیف دستیاب نہ ہونے کے برابر ہے جو کہ خستہ حالت میں ہیں۔ان کی تصانیف کے تین ادوار ہیں۔ پہلے دور میں وہ کتابیں ہیں جو انھوں نے 1950 سے 1960 تک لکھیں۔اس دور کی پہلی تصنیف دیوان ذوقؔ ہے جو 1950 میں شائع ہوئی۔اس کتاب کو انھوں نے اپنے استاد کے نام منسوب کیا ہے جن کا نام پنڈت نند لعل کول طالبؔ کاشمیری تھا۔دوسرا دور 1961 سے 1990 تک کا ہے اور تیسرا دور 1991 سے 2012 تک کا۔

اکبر حیدری کشمیری کو ان کتابوں پر وقتاً فوقتاً انعامات واعزازات سے نوازا گیا ہے اور ساتھ ہی اردو کی ادبی خدمات کے اعتراف میں بھی ایوارڈز ملتے رہے جن کی تعداد تقریباً تیس (30) تک ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔یو، پی گورنمنٹ ایوارڈ 1966 میں، میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر

2۔جموں وکشمیر کلچرل اکادمی ایوارڈ 1970 میں، تحقیقی جائزے

3۔یو، پی گورنمنٹ ایوارڈ 1971 میں، منظومات میاں دلگیرؔ

4۔یو، پی گورنمنٹ ایوارڈ 1973 میں، میر ضمیرؔ

**5**۔ یو، پی گورنمنٹ ایوارڈ 1974 میں، دیوان ناسخؔ

6۔ اردو اکادمی لکھنؤ ایوارڈ 1974 میں، دیوان میرؔ

7۔ اردو اکادمی لکھنؤ ایوارڈ 1975 میں، دیوانِ ناسخؔ

8۔ جموں وکشمیر کلچرل اکادمی ایوارڈ 1974 میں، دیوانِ ناسخؔ

9۔ آل انڈیا اردو سبھا ایوارڈ 1976 میں، مرزا سلامت علی دبیرؔ

10۔ آل انڈیا اردو سبھا ایوارڈ 1980 میں، باقیاتِ انیسؔ

11۔ بہار اردو اکادمی ایوارڈ 1981 میں، باقیات انیسؔ

12۔ اردو اکادمی لکھنؤ ایوارڈ 1982 میں، اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا

13۔ مغربی بنگال اردو اکادمی ایوارڈ 1982 میں، اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا

14۔ جموں وکشمیر کلچرل اکادمی ایوارڈ 1983 میں، تذکرۂ شعرائے ہندی

15۔ بہار اردو اکادمی ایوارڈ 1983 میں، تذکرۂ شعرائے ہندی

16۔ اردو اکادمی لکھنؤ ایوارڈ 1984 میں، تذکرۂ شعرائے ہندی

17۔ اردو اکادمی لکھنؤ 1988 میں، مثنوی سحر البیان

18۔ جموں وکشمیر کلچرل اکادمی ایوارڈ 1988 میں، تحقیقی نوادر

19۔ اردو اکادمی لکھنؤ ایوارڈ 1995 میں، باقیات دبیرؔ

20۔ بہار اردو اکادمی ایوارڈ 1996 میں، باقیات دبیرؔ

21۔ اردو اکادمی لکھنؤ ایوارڈ 1997 میں، تذکرۂ قدیم شاعراتِ اردو

ادبی خدمات کے اعتراف میں دیگر ایوارڈز درج ذیل ہیں:

1۔ غالبؔ ایوارڈ لکھنؤ 1977

2۔ آل انڈیا اردو سبھا ایوارڈ لکھنؤ 1977

3۔ آل انڈیا اردو سنگم ایوارڈ لکھنؤ 1977

4۔ میرؔ ایوارڈ لکھنؤ (تین بار) 1982، 1984، 1986

5۔ نقوش ایوارڈ پاکستان 1996

6۔ بین الاقوامی ایوارڈ امریکہ 2000

7۔ بین الاقوامی ایوارڈ کینیڈا 2002

8۔ بین الاقوامی ایوارڈ دہلی 2007

اکبر حیدری کشمیری کا مطالعہ وسیع تھا۔ ان کی نظر گہری تھی۔ وہ چشم پوشی کے قائل نہیں تھے۔ جرأت اختلاف ان کی شخصیت میں سائے کی طرح تھی۔ ان کی عالمانہ زد میں مشاہیر وقت بھی آئے اور اہم علمی وادبی شخصیات بھی۔ لیکن انھوں نے غیر جانب داری اور استدلال سے ہمیشہ کام لیا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری ایک بے باک اور نڈر محقق تھے۔ وہ حق بات کہنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے بعض اوقات اپنے پیشرو اور بزرگ محققین کی آرا سے صاف لفظوں میں اختلاف کیا ہے۔ وہ اپنی بات کو آرائش گفتار کی نذر نہیں کرتے تھے۔ بلکہ کم سے کم الفاظ میں اپنا مافی الضمیر بیان کرتے۔ اسی حق گوئی اور بے باکی سے اردو دنیا میں ان کا ایک اہم نام ہے۔ انھوں نے تحقیقی میدان میں اپنی الگ پہچان قائم کی۔ اردو ادیبوں اور شاعروں کا جو کلام گوشۂ گمنامی میں چلا گیا تھا، اس کی اکبر حیدری کشمیری نے ایک نئی آن بان کے ساتھ بازیافت کی اور ان ادیبوں اور شاعروں کے ادبی کارناموں پر حائل پردہ ہٹایا۔ انھوں نے بالکل ایک جوہری کے مانند گمشدہ لعل و جواہرات ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالے ہیں اور گرد وغبار سے صاف کر کے انھیں زیب وزینت سے نوازا ہے، چاہے وہ میر تقی میرؔ خدائے سخن کی بات ہو یا انیسؔ و دبیرؔ مرثیہ گویانِ کربلا کی۔ غالبیات اور اقبالیات کے سلسلے میں بھی وہ ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ ان کے تئیں انھوں نے تحقیق کا حق ادا کرنے کی پوری کوشش کی ہے۔ ان کا یہ تحقیقی کام قابل ستائش ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق نگاری کی اہمیت ومعنویت کا اعتراف ہندو پاک کے کم وبیش تمام اردو محققین وناقدین نے کیا ہے۔ 1992 میں اکبر حیدری کشمیری کو ان کی تحقیقی کاوشوں کے صلے میں پاکستان کا بڑا ادبی اعزاز ''نقوش ایوارڈ'' ملا۔ اکبر حیدری نہ صرف جموں وکشمیر بلکہ ہندستان کے پہلے محقق ہیں جنھیں یہ اعزاز ملا۔ ان کی اس کامیابی کا راز تحقیق کے تئیں ان کی بے پناہ دلچسپی، لگن، محبت اور خلوص ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اکبر حیدری کشمیری نے تحقیق وجستجو کے ضمن میں جو مصیبتیں اور کسمپرسی برداشت کی ہیں وہ دوسرا کوئی برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لیے ان کی بے مثل محنت کے پیش نظر ہی نورالحسن ہاشمی نے ان کو ''تحقیق کا بھوت'' کہا ہے اور ڈاکٹر شبیہ الحسن اور ڈاکٹر نیر مسعود نے ''فنافی التحقیق'' کے نام سے موسوم کیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں:

''راجہ صاحب محمود آباد نادر الوجود کتب خانے میں صبح سات بجے سے رات کے دس بجے تک مسلسل روزانہ پندرہ گھنٹے کام کرتا رہا۔ گھر جا کر وہ کام درست کرتا تھا۔ مشکل سے تین چار گھنٹے سوتا تھا یعنی آنکھیں بند رہتی تھیں اور دل کتابوں کی تلاش میں رہتا تھا۔ مجھے کھانے پینے کی اتنی خواہش نہیں ہوئی ہے جتنی کہ مطالعہ کرنے کی فکر رہتی ہے۔ ایک دن چلّے کی سردی تھی۔ یعنی 15 جنوری 1972 کو جب راجہ صاحب مذکور کے کتب خانے میں گیا اور دیوانِ مکتوبہ 1203ھ (مطابق 1789) سے میر کی متعدد غزلیں اور بہت سے اشعار غیر مطبوعہ پہلی بار دریافت ہوئے تو میں خوشی کے مارے پھولے نہیں سمایا گھڑی جو دیکھی تو صبح کے دس بج رہے تھے۔''4

اکبر حیدری کشمیری نے اپنی زندگی کا آغاز تحقیق و تنقید نگاری سے ہی کیا۔ جن دنوں وہ علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں ایم۔اے کر رہے تھے، انھی دنوں انھیں اس دور کی عظیم ادبی شخصیتوں اور دانشوروں سے ملنے کا موقع ملا، جن سے انھوں نے بہت کچھ سیکھا۔ وہ 1974 سے 1975 تک ڈائریکٹر لائبریری بھی رہے۔ کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں بحیثیت ریڈر ہونے کے ساتھ ساتھ انھوں نے طلبا میں تحقیقی ذوق پیدا کرنے کی کوشش بھی کی اور کئی نادر تحقیقی مقالے بھی لکھے جو شعبۂ اردو کے تحقیقی مجلّے ''بازیافت'' اور ہندو پاک کے دیگر رسالوں میں شائع ہوئے ہیں۔ 15/ اکتوبر 1987 کو اکبر حیدری کشمیری کا تقرر یونی ورسٹی آف حیدر آباد میں پروفیسر کے عہدے پر ہوا۔ حیدر آباد میں اپنے قیام کے دوران اکبر حیدری کشمیری نے سینٹرل یونی ورسٹی آف حیدر آباد اور عثمانیہ یونی ورسٹی کی لائبریوں کے علاوہ سالار جنگ میوزیم اور دیگر چھوٹی بڑی لائبریریوں میں متعدد قلمی اور نادر و نایاب نسخوں کی بازیافت کی اور کئی تحقیقی مقالے لکھ کر شائع کروائے۔ ان میں سے بعض مقالے ایسے ہیں جنھیں اردو دنیا بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ یونی ورسٹی گرانٹس کمیشن (UGC) نے اکبر حیدری کشمیری کو ان کی عظیم الشان ادبی خدمات دیکھتے ہوئے لکھنؤ یونی ورسٹی کے تحت پروفیسر ایمرٹیس (فیلوشپ) کے اعزاز سے نوازا۔ یہ پہلے کشمیری ہیں جنھیں یہ اعزاز حاصل ہوا۔ لکھنؤ کے قیام کے دوران اکبر حیدری کشمیری نے دبیر اور اقبال کے حوالے سے متعدد نایاب تخلیقات اور اشعار کی بازیافت کی اور ان پر مقالے لکھ کر شائع کروائے۔

اکبر حیدری کشمیری ہمارے ممتاز محققوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان کی خدمات کا دائرہ بہت وسیع ہے اور مختلف اصناف پر پھیلا ہوا ہے۔ اکبر حیدری اصلاً محقق ہیں اور محققانہ مزاج کے دلدادہ بھی۔ ان کی شخصیت جتنی تربیت یافتہ اور روشن ہے اتنا ہی واضح مرتب اور مہذب ان کا اسلوب بھی ہے۔ وہ گہری سے گہری اور پیچیدہ سے

پیچیدہ بات صاف ستھرے طریقے سے پیش کرتے ہیں۔ وہ بحیثیت محقق اپنی تحقیق کے موضوعات کا انتخاب سوچ سمجھ کر کرتے تھے۔ ان کی تحقیق محض مردہ پروری نہیں ہوتی۔ کیوں کہ تحقیقی شعور رکھنے والا محقق اپنی آرا کے قیام میں محتاط ہوتا ہے اور اپنی ہر بات دلیل اور شہادت کی بنیاد پر رکھتا ہے۔ محقق کا کام جہاں ایک طرف کسی موضوع سے متعلق اصلیت کو پیش کرنا ہے وہیں اس موضوع سے متعلق غلط بیانیوں کو رد کرنا اور اصل حقیقت کو پیش کرنا بھی ہے۔ وہ نہ صرف موضوعات کی اصلیت کا پتہ لگا کر انھیں منظر عام پر لاتے ہیں بلکہ عام طور پر محققین کی غلطیوں کی تردید کر کے ان کا متبادل بھی پیش کرتے ہیں اور وہ بھی ٹھوس شواہد، دلائل اور حقائق کے ساتھ۔ اس ضمن میں عصرِ حاضر میں اردو کے ایسے محقق کم ہی ملیں گے۔

اکبر حیدری کشمیری نے اگر کسی صنف میں زیادہ تحقیقی کام کیا ہے تو وہ اردو مرثیہ ہے۔ مرثیہ نگاری میں انھوں نے بہت سارے مرثیہ نگاروں کا غیر مطبوعہ کلام منظر عام پر لایا ہے، اگر چہ مرثیے کی تحقیق کے ضمن میں یوں تو کئی محققین کے نام آتے ہیں جن میں مسعود حسن رضوی ادیب، پروفیسر شبیہ الحسن، ڈاکٹر نیر مسعود، محمد زماں آزردہ اور کاظم علی خاں وغیرہ شامل ہیں لیکن ان تمام محققوں کے ساتھ ساتھ مرثیہ اور مرثیہ نگاروں پر بہت اچھا کام اکبر حیدری کشمیری نے بھی کیا ہے۔ ان کی کئی تصنیفات ایسی ہیں جن میں مرثیہ، مرثیے کے ارتقا اور گمنام مرثیہ نگاروں کے بارے میں قیمتی خیالات اور نادر تحقیقی انکشافات ملتے ہیں۔ چند کتابیں درج ذیل ہیں:

1۔ میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر　　2۔ اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا　　3۔ باقیات انیسؔ
4۔ مراثی میر خلیقؔ　　5۔ منظومات دلگیرؔ　　6۔ انتخاب مراثی دبیرؔ
7۔ انیسؔ کی منظر نگاری　　8۔ باقیات دبیرؔ　　9۔ مرثیہ اصلاحی معنی میں
10۔ میر ضمیرؔ لکھنوی

اکبر حیدری کشمیری کا دوسرا خاص موضوع اقبالیات رہا ہے۔ اس میں بھی انھوں نے اہم کتابوں کا اضافہ کیا ہے جیسے

1۔ اقبال: نادر معلومات　　2۔ اقبالیات کے نئے گوشے　　3۔ اقبال اور علامہ شیخ زنجانی
3۔ اقبال کی صحت زبان　　4۔ کلام اقبال قدیم رسالوں کے آئینے میں　　5۔ زمانہ کانپور اور اقبالیات
6۔ اقبال: احباب و آثار

یہ کتابیں اقبالیات میں گراں قدر اضافہ ہیں اور علامہ اقبالؔ کے پوشیدہ خزانوں کا عکس بھی۔ انھوں نے رسالہ ''

حکیم الامت'' نکالا جس میں اقبالؔ پر زیادہ مضامین لکھے جاتے تھے۔ اس کے علاوہ انھوں نے مرزا غالبؔ پر بھی کچھ تحقیقی مقالے لکھے ہیں۔ ان کتابوں کو انعام کے ساتھ ساتھ قدر کی نگاہوں سے بھی دیکھا جاتا ہے۔ ان میں '' نوادرِ غالبؔ'' اور '' غالبیات'' کے نام اہم ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری نے دیوان، تذکرے اور شخصیتوں پر بہت اچھا کام کیا ہے۔ ان میں دیوان میر تقی میرؔ، دیوان ذوقؔ، دیوان قائمؔ، دیوان ترقیؔ وغیرہ ہیں۔ تذکروں میں تذکرۂ بہارِ بے خزاں، تذکرۂ شعرائے ہندی، تذکرۂ گردیزی، تذکرۂ ریختۂ گویاں، تذکرۂ قدیم شاعرات وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

شخصیتوں میں سر تیج بہادر سپروؔ، پنڈت رتن ناتھ در سرشار، پنڈت نند لعل کول طالب کاشمیری (یہ اکبر حیدری کشمیری کے استاد تھے)، جھاؤلال، اکبرالہ آبادی، ڈاکٹر محی الدین قادری زور، واجد علی شاہ، آصف الدولہ وغیرہ ان شخصیات پر بھی ان کی اچھی خاصی کتابیں ہیں۔ ان تصانیف میں زیادہ کتابیں تحقیقی زمرے میں آتی ہیں اور کچھ تنقیدی بھی ہیں لیکن ان کے مزاج میں بھی تحقیق جھلکتی ہے اس لیے تنقیدی تصانیف میں بھی تحقیقی آثار نظر آتے ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری کی شناخت اردو کے بین الاقوامی شہرت یافتہ اور مایہ ناز محقق، مدیر، مترجم اور مرتب کی حیثیت سے ہوتی ہے۔ انھوں نے 83 برس کی عمر پا کر اس دار فانی سے کوچ کیا یعنی 18 ر ستمبر 2012 مطابق 30 شوال 1433ھ میں علمی اور ادبی حلقوں کو صدمہ دے کر ہمیشہ کے لیے اس دنیا سے چلے گئے۔ ان کی وصیت کے مطابق ان کے لوح مزار پر اقبالؔ کا وہ شعر کندہ کیا گیا ہے جو انھیں بہت پسند تھا۔ ان کا مزار ہمدانیہ کالونی، بمنہ سری نگر میں واقع ہے۔ اس تناظر میں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> '' اقبال کے اشعار میں یہ شعر انھیں بہت پسند تھا غالباً اس لیے کہ اس سے ان کی شخصیت کی بھی خوب عکاسی ہوتی تھی۔
>
> اپنے بھی خفا مجھ سے، بے گانے بھی ناخوش
> میں زہرِ ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند
>
> قابل ذکر ہے کہ شاعرِ مشرق کے اس شعر کو حرزِ جاں بنانے والے اس عظیم محقق نے وصیت کی ہے کہ ان کے لوح مزار پر یہی شعر کندہ کیا جائے!!!''[5]

اکبر حیدری کشمیری گذشتہ نصف صدی سے زیادہ اردو ادبی تحقیق کے میدان میں ہمہ وقت مصروف کار

رہے۔ان کی موت اردو میں تحقیق کی موت سے کم نہیں ہے۔ان کا اکیسویں صدی کے سرفہرست محققین میں شمار کیا جا سکتا ہے اس حوالے سے پروفیسر قدوس جاوید کا اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''اکبر حیدری کی موت اردو میں تحقیق کی موت ہے۔قاضی عبدالودود، عرشی رام پوری، مالک رام، جعفر علی خان اثر اور مشفق خواجہ کے بعد اگر جمیل جالبی کا نام نامی الگ کر دیں تو اکبر حیدری کے سوا کس کا نام لیا جائے کہ جس نے اردو میں تحقیق کی آبرو بچائے رکھی ہو۔''6

اکبر حیدری کشمیری کی وفات سے اردو میں تحقیق و تلاش، دریافت و بازیافت اور تصنیف و تالیف کا ایک روشن باب مکمل ہوا۔کتب خانوں اور لائبریریوں میں نہ جانے کتنے ایسے مسودے اور کتنی ایسی کتابیں ہیں جنھیں صرف انھوں نے پڑھا تھا اور صرف وہ پڑھ سکتے تھے۔ان کی بدولت بہت سے ادبی مسودے از سرنو دریافت ہوئے اور اردو ادب کی تاریخ میں کئی اہم باب کا اضافہ ہوا۔

اکبر حیدری کشمیری کے کام سے قلم کے مسافروں کو تحریک ملتی رہے گی۔ان کے علمی و ادبی کارناموں کی قدر و منزلت عوام و خواص پر آشکار ہو جائے گی۔ان کی علمی و ادبی رفعتوں کا کھلے دل سے اعتراف کیا جائے گا کیوں کہ انھوں نے ہمیشہ کمیاب، نادر و نایاب، قلمی نسخوں، غیر مطبوعہ کلام اور اضافی والحاقی ادبی مواد کی تلاش وجستجو کی ہے۔کشمیر سے لے کر لکھنؤ اور حیدر آباد کے کتب خانوں کو کھنگالتے رہے۔اس کی گواہی وہ کتب خانے اور کتابوں کی کرم خوردہ الماریاں اور میزیں دیں گی یا پھر وہ لوگ جنھوں نے انھیں گرمیوں میں لکھنؤ اور سردیوں میں سری نگر میں کتابوں اور مسودوں کے ساتھ سوتے جاگتے دیکھا ہے۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''رام پور کی رضا لائبریری میں انھیں پتہ ہی نہ چلا کہ دن کب گزرا۔رات کب ادا ہوئی۔وہ مصروف مطالعہ رہے جب کہ چوکیدار نے لائبریری کو مقفل کیا تھا اور اگلے دن موصوف کو مصروف مطالعہ پا کر بتایا کہ جناب آپ رات بھر پڑھتے رہے ہیں!''7

مذکورہ بالا اقتباس سے پتہ چلتا ہے کہ اکبر حیدری کشمیری کتنی عرق ریزی سے کام کرتے تھے،اس لیے ان کی شہرت کا چرچا ہندستان اور پاکستان کے علاوہ کینیڈا، جرمنی اور امریکہ میں بھی ہوا۔

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیقی نظر نے بے شمار پوشیدہ ادبی خزانوں کی تلاش کی ہے جس کے نتیجے میں اردو کے کئی پوشیدہ حقائق منظرِ عام پر آئے۔ان کی خدمت یاد رکھے جانے کے لیے کافی ہے کیوں کہ انھوں نے پردہ خفا سے منظرِ عام پر لا کر کئی شعرا کا کلام اردو دنیا سے متعارف کرایا۔انھی تحقیقی کارناموں کا ذیل میں جائزہ لیا جائے گا۔

**(1) مقالات حیدری:۔**

یہ کتاب ''مقالات حیدری'' فروری 1977 میں شائع ہوئی ہے۔اس کتاب کو نظامی پریس لکھنؤ نے شائع کیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب کو مرحوم راجہ صاحب محمد امیر احمد خان سے منسوب کیا ہے۔ ''مقالات حیدری'' سات (7) تحقیقی مقالوں کا مجموعہ ہے۔اس تحقیقی کام کے لیے ان کو راجہ صاحب محمود آباد کے نادرالوجود کتب خانہ سے کئی برسوں تک استفادہ کرنا پڑا۔اس کتاب میں جو مقالات درج ہیں وہ اس طرح سے ہیں۔

## 1۔ دیوان میرؔ کا قدیم ترین مخطوطہ: (مع میرؔ کے گمشدہ غیر مطبوعہ اشعار)

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں دیوان میرؔ کے کئی نادر و نایاب اور کارآمد نسخے موجود ہیں۔ان ہی نسخوں میں سے ایک نسخہ قدیم ترین ہے جو 1213ھ مطابق 1786 میں میر سوزؔ کے شاگرد موتی لال حیفؔ کے ہاتھ کا مکتوبہ ہے۔ اس کے سن کتابت کے بعد میر تقی میرؔ 22 سال تک زندہ رہے۔اکبر حیدری کشمیری کے مطابق اس دیوان کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں سینکڑوں غیر مطبوعہ اشعار درج ہیں۔جس سے میرؔ کے حزن و یاس، درد و غم کا پتہ چلتا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے اس مقالے میں میر تقی میرؔ کا غیر مطبوعہ کلام بھی درج کیا ہے اور ساتھ ہی اس بات کی بھی جانکاری دی ہے کہ ان اشعار کو کلیات میرؔ میں کہاں درج ہونا چاہیے تھا۔اس نسخہ کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ اس میں میرؔ کی مشہور مثنوی ''مورنامہ'' بھی موجود ہے۔ یہ مثنوی نسخۂ کلکتہ (1811)،نسخۂ نول کشور (1868) اور نسخہ آسی (1940) کے نسخوں میں موجود نہیں ہے۔البتہ ڈاکٹر عبارت بریلوی نے ''کلیات میرؔ'' کو 1958 میں شائع کیا جس میں یہ مثنوی موجود ہے۔اکبر حیدری کشمیری کا دعوی ہے کہ یہ مثنوی پروفیسر گیان چند جین کو حیدرآباد میں کلیات میرؔ کے ایک نسخے میں ملی اور انھوں نے اسے 1957 میں رسالہ میں شائع کیا۔ڈاکٹر عبارت بریلوی نے اسی مثنوی کو ''کلیات میرؔ'' میں شامل کر کے شائع کیا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کا ماننا ہے کہ ان دونوں نے یہ مثنوی غلط متن کے ساتھ چھاپی ہے۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں میرؔ کے دیوان پنجم کا ایک نادر اور نایاب قلمی نسخہ ہے۔ یہ مطبوعہ دیوان پنجم سے مختلف ہے۔اس میں میرؔ کا غیر مطبوعہ کلام بھی درج ہے۔ دیوان میں مثنوی مورنامہ بھی ہے۔ یہ مثنوی نسخۂ کلکتہ،نسخہ نول کشور اور نسخہ آسی میں شامل نہیں ہے۔ ڈاکٹر جین صاحب کو یہ مثنوی حیدرآباد میں کلیات میرؔ کے ایک نسخے میں دستیاب ہوئی ہے۔

انھوں نے اس اردو ادب مطبوعہ، جون 1957 میں شائع کیا۔ اس کے ایک سال بعد ڈاکٹر عبادت بریلوی نے اسے کلیات میرؔ میں شامل کر کے شائع کیا۔ دونوں حضرات نے یہ مثنوی غلط چھاپی ہے۔ غالباً جین صاحب کے پیش نظر خط شکست میں کوئی ناقص نسخہ رہا ہوگا۔ راقم کو اس مثنوی کا بالکل صحیح اور خوشخط نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ کیوں کہ یہ مثنوی بہت عمدہ، سبق آموز اور مزاج میرؔ کا آئینہ دار ہے اس لیے یہ صحت کے ساتھ پہلی مرتبہ شائع کی جاتی ہے۔'' 8

مذکورہ اقتباس میں یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ میرؔ کی مثنوی ''مورنامہ'' صحیح متن کے ساتھ اکبر حیدری کشمیری کی ہی تحقیق کردہ ہے۔ لیکن اکبر حیدری کشمیری نے جو پروفیسر گیان چندجین کے حوالے سے کہا کہ انھیں یہ نسخہ حیدرآباد میں ملا ہوگا یہ غلط ہے کیوں کہ گیان چندجین نے اپنی کتاب ''اردو مثنوی شمالی ہند میں'' میں لکھا ہے کہ یہ مخطوطہ کلیات میرؔ اسٹیٹ لائبریری رام پور (صفحہ 229) میں موجود ہے۔ انھوں نے اس مقالے میں یہ بھی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ آسیؔ، ڈاکٹر عبادت بریلویؔ اور ظل عباس عباسیؔ نے یہ غلط کہا ہے کہ ان کے پیش نظر نسخۂ کلکتہ تھا کیوں کہ نسخۂ کلکتہ نایاب ہے۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی نے مقدمہ کلیات میرؔ میں جو غلط بیانی سے کام لیا ہے ان کا کہنا حقیقت سے کوسوں دور ہے کہ انھوں نے حیدرآباد، علی گڈھ، رام پور اور محمودآباد کے کتب خانوں سے استفادہ کیا ہے۔ ان دونوں نے کلیات میرؔ کو نسخۂ آسی کی بنیاد پر مرتبہ کیا ہے۔ عبارت ملاحظہ کیجیے:

''دراصل مرتبین نے کلیات میرؔ کو نسخۂ آسی کی بنیاد پر بغیر کسی محنت وتحقیق کے نقل راچہ عقل کے طور پر جوں کا توں شائع کیا ہے۔ ان کا دعویٰ بالکل بے بنیاد ہے کہ انھوں نے نسخۂ کلکتہ سے استفادہ کیا ہے۔ اگر ان لوگوں نے نسخۂ آسی کے علاوہ اور کوئی قلمی نسخہ دیکھنے کی زحمت کی ہوتی کم از کم فٹ نوٹ میں اختلافِ نسخ درج کرتے۔'' 9

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق، نسخۂ محمودآباد وہی دیوان ہے جس پر میرؔ کو بڑا فخر تھا اور جس کے بارے میں میرؔ نے پیشن گوئی کے طور پر یہ شعر کہا تھا۔

جانے کا نہیں شور سخن کا مرے ہرگز
تاحشر جہاں میں مرا دیوان رہے گا

اکبر حیدری کشمیری کے زیر نظر نسخۂ کلکتہ بھی رہا ہے۔ جس سے انھوں نے اس مقالے کے لیے بہت استفادہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نسخۂ کلکتہ میں میرؔ کا سارا کلام موجود نہیں ہے۔ جب انھوں نے نسخۂ کلکتہ کو نسخۂ محمودآباد کے نسخہ سے ملایا تو معلوم ہوا کہ بعض غزلوں میں اشعار کی تعداد میں نمایاں فرق ہے یعنی نسخۂ کلکتہ اور دیگر مطبوعہ نسخوں میں تعداد کم

اورنسخۂ محمود آباد میں زیادہ ہے۔ دوسری بات نسخۂ کلکتہ میں مثنوی ''جنگ نامہ'' بھی موجود نہیں ہے۔

میر تقی میرؔ کے کلام کے بارے میں عام مشہور ہے کہ ان کے کلام میں بہتّر (72) نشتر ہیں لیکن اکبر حیدری کشمیری کے مطابق کلیات میرؔ میں صرف بہتّر (72) نشتر کا تعین کرنا میرؔ کے ساتھ ناانصافی ہے کیوں کہ نسخۂ محمود آباد میں میرؔ کے سینکڑوں اشعار ایسے ہیں جن میں سے ایک ایک شعر نشتر سے تیز تر ہے اور یہ سب اشعار غیر مطبوعہ ہیں۔ انھوں نے مثال کے طور پر چند شعر بھی پیش کیے ہیں۔

نسخۂ محمود آباد میں بہت سارے اشعار غیر مطبوعہ موجود ہیں، جو میرؔ کے مزاج اور افتادِ طبع کے آئینہ دار ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری نے ہر غزل کے فٹ نوٹ میں اختلافِ نسخ کے علاوہ ان تمام غیر مطبوعہ اشعار کی نشاندہی کی جو پہلی مرتبہ دریافت کئے گئے ہیں۔ مطبوعہ نسخوں میں اگر کسی شعر کے متن میں اغلاط ہے تو فٹ نوٹ میں اس کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اکبر حیدری نے نسخۂ محمود آباد کو میرؔ کا قدیم نسخہ بھی دلائل سے ثابت کر دیا ہے جو میرؔ کی حیات میں لکھا گیا ہے۔

مختصراً اکبر حیدری کشمیری کی اس تحقیق سے ایک تو میر تقی میرؔ کا غیر مطبوعہ کلام سامنے آیا۔ دوسری بات جن مرتبین نے کلیات میرؔ کو شائع کیا ان کی غلط بیانی کا ازالہ ہوا اور مثنوی مور نامہ کا صحیح متن بھی سامنے آیا۔ یہ ساری باتیں انھوں نے شواہد و دلائل سے ثابت کر کے سامنے لائی ہیں۔

## 2۔ کلیات میر حسنؔ کا قدیم ترین مخطوطہ مکتوبہ بہ قبل 1192ھ اور میر حسنؔ کا غیر مطبوعہ کلام

کلیات میر حسنؔ کا قدیم ترین نسخہ موتی محل کو تسلیم کیا جاتا تھا۔ اس نسخہ کو فیض آباد میں 1192ھ میں کسی کاتب نے لکھا تھا۔ اکبر حیدری کشمیری نے جو مخطوطہ محمود آباد کتب خانے میں دیکھا ہے وہ موتی محل کے نسخہ سے بھی پہلے 1183ھ میں لکھا گیا ہے۔ انھوں نے نسخۂ موتی محل کے حوالے سے کہا ہے کہ اس میں جو تین مثنوی رموز العارفین (1188ھ)، گلزار ارم (1192ھ)، سحر البیان (1199ھ) ہیں وہ نسخۂ محمود آباد میں درج نہیں ہے۔ نسخۂ محمود آباد میں غزلوں اور قصیدوں کے علاوہ دو مثنویاں بھی ہیں۔ ایک مثنوی قصر جواہر اور دوسری مثنوی در کتخدائی (شادی) نواب آصف الدولہ بہادر ہے۔ قصر جواہر کا سال تصنیف معلوم نہیں ہو سکا۔ لیکن دوسری مثنوی آصف الدولہ بہادر کی شادی کے موقعہ پر 1183ھ میں تصنیف ہوئی ہے۔ آصف الدولہ بہادر کی شادی کی تاریخ اودھ کی تاریخوں سے بھی ثابت ہوتی ہے کہ آصف الدولہ کی شادی اسی سال ہوئی تھی۔

گلزار ارم اور سحر البیان میر حسنؔ کے بعض نسخوں میں درج ہیں۔ ان میں دیباچہ مصنف بھی شامل

ہے۔اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ کلیات میر حسن نسخہ محمود آباد 1192ھ سے قبل کا لکھا ہوا نسخہ ہے۔اس میں دیباچہ مصنف موجود نہیں ہے۔ان کے مطابق میر حسن نے مثنوی قصر جواہر 1192ھ سے پہلے ہی فیض آباد میں تصنیف کی تھی۔یعنی اس مثنوی (قصر جواہر ) کا زیر نظر نسخے میں شامل ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ مصنف نے اسے فیض آباد میں لکھنؤ جانے سے پہلے ہی تصنیف کیا تھا۔کلیات میر حسن کے کئی نسخے ہندستان اور باہر کے بڑے کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

کلیات میر حسن کا ایک نسخہ برٹش میوزیم لندن میں محفوظ ہے۔ایک نسخہ مسلم یونی ورسٹی علی گڈھ کے کتب خانے میں بھی محفوظ ہے۔یہ نسخہ پہلے نواب حبیب الرحمٰن خان شروانی صدر یار جنگ کی ملکیت میں تھا۔ایک نسخہ لکھنؤ میں خاندانِ انیس کے ایک فرد میر محمد ہادی لائق کے پاس موجود ہے۔پروفیسر سید مسعود حسن رضوی نے اسی نسخے سے استفادہ کیا اور کلیات میر حسن پر ایک مبسوط مقالہ لکھا ہے۔

جو نسخہ کلیات میر حسن کا محمود آباد کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔اس میں نہ کاتب کا نام ہے اور نہ ترقیمہ کہیں درج ہے۔اکبر حیدری کشمیری کے مطابق کلیات کا یہ نسخہ بہت پرانا ہے اور فیض آباد میں 1192ھ سے پہلے مصنف نے خود ہی مرتب کیا ہے۔انھوں نے اس سلسلے میں اپنے دلائل و شواہد پیش کیے ہیں۔

### 3۔کلیات انشا: دو نادر نسخے مع انشا کا غیر مطبوعہ کلام

کلیات انشا کے چند مخطوطے رام پور، علی گڑھ، پٹنہ اور حیدر آباد کے کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔ایک نسخہ انڈیا آفس لندن میں بھی ہے۔کلیات انشا کا قدیم ترین مطبوعہ نسخہ جو ہے وہ مولوی محمد حسین آزاد کے اہتمام سے 1671ھ مطابق 1855 میں دہلی اردو اخبار میں چھپا تھا۔اس کے بعد دوسرا ایڈیشن 1293ھ مطابق 1876 میں لکھنؤ نول کشور میں شائع ہوا۔پھر 1312ھ مطابق 1894 لکھنؤ میں، آخر میں مرزا محمد عسکری نے 1951 میں ''کلامِ انشا'' کے عنوان سے بڑی کاوش و محنت سے مختلف قلمی و مطبوعہ نسخوں کی مدد سے ترتیب دیا جسے ہندستانی اکادمی الہ آباد نے 1952 میں شائع کیا۔

اکبر حیدری کشمیری کا کہنا ہے کہ محمود آباد کتب خانے میں کلیات انشا کے دو قدیم اور نادر الوجود مخطوطے اچھی حالت میں موجود ہیں۔دونوں نسخے اہم اور مکمل ہے۔اہم اس لیے کہ ان میں انشا کا غیر مطبوعہ کلام بھی موجود ہے۔کتب خانہ محمود آباد میں کلیات انشا کا نسخۂ اول 1242ھ کا مکتوبہ ہے۔اس نسخہ میں پہلے انشا کا فارسی کلام ہے اور پھر ایک مثنوی ''شیر برنج'' کے نام سے درج ہے۔یہ مثنوی 1205ھ میں تصنیف کی گئی ہے۔پھر قصائد ہے اور

فارسی اور اردو میں کہی گئی رباعیاں بھی درج ہیں۔ رباعیوں کے بعد کچھ تاریخیں بھی موجود ہیں۔ نیز فارسی میں نواب سعادت علی خان کی تعریف میں مثنوی ''شکار نامہ'' بھی درج ہے جو 1220ھ میں تصنیف کی گئی تھی۔ نسخۂ ثانی کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ مصنف کے مسودہ سے نقل کیا گیا ہے۔ اس نسخہ میں ''مثنوی شیر برنج'' بھی ہے جو مصنف کے ہاتھ کی لکھی ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے دونوں نسخوں کا غیر مطبوعہ کلام انشاؔ زیر نظر کتاب میں نقل کیا ہے۔

کلیات انشاؔ کے قدیم نسخے میں مثنوی ''مرغ نامہ'' کے چھیالیس (46) شعر درج ہے۔ ''کلام انشاؔ'' میں مرزا عسکری نے بیالیس (42) شعر نقل کئے ہیں جب کہ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق نسخۂ محمود آباد میں دوسو انتالیس (239) شعر موجود ہیں۔ دوسری بات پروفیسر گیان چند جین کی رائے ہے کہ انشاؔ کی طویل ترین اور مفصل مثنوی ''فیل'' ہے۔ لیکن اکبر حیدری کا کہنا ہے کہ جو محمود آباد کے ''کلیات انشاؔ'' کا نسخہ ہے اس کے مطابق ''مرغ نامہ'' طویل ترین مثنوی ہے۔ جس میں 239 اشعار ہیں۔ اس کے لگ بھگ دوسو (200) شعر غیر مطبوعہ ہیں۔ لیکن عابد پیشاوری نے اپنی کتاب ''متعلقات انشاؔ'' (صفحہ 331) میں اس مثنوی کے 241 اشعار بتائے ہیں۔ بقول اسپرنگر یہ مثنوی 1210ھ میں تصنیف کی گئی ہے۔ اکبر حیدری کہتے ہیں کہ انشاؔ کی تمام مثنویوں میں صرف یہی ایک مثنوی ہے جو بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ پوری مثنوی انھوں نے اس کتاب میں نقل کی ہے۔

## 4۔ناسخؔ اور کلیات ناسخؔ: مع غیر مطبوعہ کلام

دیوانِ ناسخؔ کے تین مخطوطے لکھنؤ یونی ورسٹی میں موجود ہیں۔ کچھ محقق دیوانِ ناسخؔ کی پہلی اشاعت 1262ھ کہتے ہیں۔ دراصل پہلی مرتبہ دیوان ناسخؔ 404 صفحات پر مشتمل ناسخؔ کے مشہور شاگرد رشکؔ لکھنوی کی نگرانی میں 1258ھ میں شائع ہوا ہے۔ اس دیوان میں رشکؔ کا مرتب کیا ہوا غلط نامہ بھی موجود ہے۔ اس میں تین دیوان اور حاشیے میں ناسخؔ کے تینوں دیوان شامل ہیں۔ دیوان کے صفحہ 399 پر ناسخؔ کی وفات درج ہے۔ لیکن اکبر حیدری کشمیری کا دعوی ہے کہ جو نسخہ ان کو ملا ہے وہ اس سے پہلے کا لکھا ہوا ہے۔ انھوں نے اس مقالے میں ناسخؔ کے حالاتِ زندگی تفصیل سے معتبر ذرائعہ سے اخذ کر کے قلم بند کئے ہیں۔ ان کی نظروں سے بہت سے نسخے گزرے ہیں۔ جن میں سے نسخۂ محمود آباد سب سے پرانا اور مستند مخطوطہ ہے۔ جس کی کتابت 1239ھ سے پہلے کی گئی ہے۔ جس میں 1238ھ تک ناسخؔ کا کلام درج ہے۔ ان کے مطابق اس دیوان میں ناسخؔ کے مشہور شاگرد نواب حسین علی خان تخلص اثرؔ کی مہریں موجود ہیں۔ اور ان میں 1244ھ کی تاریخ نمایاں ہے۔ دیوان بڑا ہی دیدہ زیب اور شاندار خط میں لکھا گیا ہے۔ اس میں 1238ھ تک کی اہم تاریخیں بھی درج ہیں۔ جو مطبوعہ

نسخوں میں موجود نہیں ہیں۔ اس نسخہ میں ناسخ کا غیر مطبوعہ کلام بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ دیوان ناسخ کے مطبوعہ نسخہ 1258ھ پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ نسخۂ محمود آباد کا تیسرا مخطوطہ ناقص الطرفین ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے نسخوں کا سائز اور دوسری جانکاری بھی اس کتاب میں دی ہے۔

## 5۔ شاہ نامہ فردوسی کا قدیم ترین مخطوطہ: نسخۂ بائیسنقر مکتوبہ 868ھ

شاہ نامہ فردوسی پہلی مرتبہ کلکتہ سے قدیم اور مستند نسخوں سے مرتب کی گئی۔ یہ کپتان ترنرمکان نے 1245ھ مطابق 1829 میں مولوی سعید رام پوری کے اہتمام سے چار جلدوں میں شائع کی تھی۔ ابتدا میں دیباچہ بائیسنقر بھی شامل ہے۔ اس میں محمود غزنوی کے خلاف 105 ہجو یہ اشعار بھی درج ہیں۔ شاہ نامہ فردوسی دوسری مرتبہ 1275ھ مطابق 1858 میں بمبئی میں تین جلدوں میں چھپی تھی۔ اس میں دیباچہ بائیسنقر کے علاوہ دیباچہ مطبع محمد ابراہیم الطبا طبائی الاصفہائی بھی شامل ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کو کتب خانہ محمود آباد میں ''شاہ نامہ فردوسی'' کا قدیم ترین مخطوطہ نسخۂ بائیسنقر دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ یہ نسخہ مرزا شاہ رخ کے بیٹے اور صاحبِ قرآن امیر تیمور کے پوتے مرزا بائیسنقر نے 868ھ مطابق 1425 اپنے درباری شعرا سے متعدد نسخوں سے تصحیح کرا کے مرتب کرایا تھا۔ اور بائیسنقر نے اس پر ایک مبسوط اور معلوماتی دیباچہ بھی لکھوایا تھا۔ ابتدا میں شاہ نامہ کا دیباچۂ قدیم سالِ تصنیف 346ھ مطابق 957ء بھی درج ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے کل چار قلمی نسخے دیکھے۔ دو نسخے محمود آباد کتب خانے میں اور دو جموں وکشمیر کے محکمۂ ریسرچ سری نگر میں دیکھے ہیں۔ ان میں سے وہ مخطوطہ قدیم ترین ہے جو مرزا بائیسنقر 828ھ مطابق 1425ء کا ہے۔ یہ مخطوطہ جواب نسخۂ بائیسنقر کے نام سے راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ اس کتب خانے میں اس کا دوسرا نسخہ بھی 963ھ کا مکتوبہ موجود ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق نسخۂ دوم فردوسی کے شاہ نامہ کا قدیم ترین مخطوطہ ہے جو راجہ محمود آباد کے کتب خانے کی زینت بن چکا ہے۔ مخطوطہ کی جلد بڑی خوبصورت ہے اور اس پر کشمیری پیپر ماشی کا کام کیا ہوا ہے۔

شاہ نامہ کے کئی قلمی اور پرانے نسخے لندن، کیمبرج، پیرس اور برلن کے کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔ ان میں سب سے قدیم نسخہ برٹش میوزیم لندن میں ہے جس کا سالِ تصنیف 841ھ مطابق 1438 ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے پاکستان کے حکیم شمس اللہ قادری سے اختلاف رائے کیا ہے کہ انھوں نے ''شاہ نامہ فردوسی'' کے جس نسخہ سے استفادہ کیا وہ ہندستان کا واحد نسخہ نہیں ہے۔ دوسری بات پروفیسر شیرانی کہتے ہیں کہ

شاہ نامہ کا دیباچۂ قدیم کم وبیش دوصدی کے بعد تصنیف کیا گیا تھا۔جب کہ شمس اللہ قادری کی تحقیق ہے کہ یہ 306ھ میں لکھا گیا تھا۔نسخۂ بائیسنقر کے علاوہ نسخہ محمود آباد اور نسخہ سری نگر میں اس کا سال تصنیف 346ھ درج ہے۔اسے علامہ قزوینی نے بھی تسلیم کیا ہے۔دیباچہ قدیم کے شانِ نزول کے بارے میں نسخۂ بائیسنقر میں لکھا گیا ہے کہ 301ھ میں ابومنصور محمد بن عبدالرزاق طوسی نے اپنے وزیر ابومنصور المعمر ی سے 'شاہ نامہ' نثر میں لکھنے کی فرمایش کی تھی۔ابومنصور المعمر ی نے 346ھ میں اس سے مکمل کیا۔

## 6۔تذکرۂ مخزن الغرائب کا قدیم ترین نسخہ

تذکرۂ مخزن الغرائب شیخ احمد علی ہاشمی سندیلوی کا لکھا ہوا تذکرہ ہے۔اس میں فارسی کے شعرا کا ذکر کیا گیا ہے۔اس تذکرے کے کچھ نسخے پٹنہ، رام پور اور اعظم گڈھ کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔اس تذکرے کا سالِ تصنیف 1218ھ مطابق 1803 ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے محمود آباد کتب خانے میں اس تذکرے کے دو قدیم ترین نسخے دیکھے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ دونوں مکمل ہیں اور 1219ھ میں لکھے گئے ہیں۔یہ دونوں نسخے غیر مطبوعہ ہیں۔اس مقالے میں انھوں نے ان نسخوں کو قدیم ترین نسخے ثابت کیا ہے۔

تذکرۂ مخزن الغرائب کے دونوں نسخے کئی کاتبوں کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہیں۔لیکن دونوں کا ترقیمہ ایک ہی کاتب نے لکھا ہے ۔مخطوطوں میں بعض مقامات پر کاتب شاعر کا نام اور تخلص لکھنا بھول گئے ہیں۔اکبر حیدری لکھتے ہیں کہ اس تذکرے کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ غالباً شیخ احمد علی ہاشمی پہلے تذکرہ نویس ہیں جنھوں نے کشمیری فارسی شعرا کی اچھی خاصی تعداد میں ذکر کیا ہے۔ڈاکٹر اسپرنگر نے مخزن الغرائب کا نام ''مجمع الرلغرائب'' لکھا تھا لیکن دیباچہ میں مصنف نے کہیں اس کا ذکر نہیں کیا ہے۔قطعہ تاریخ میں مخزن الغرائب ہی لکھا ہے۔دوسرے جو بھی مخطوطے ہیں وہ سب نامکمل ہیں۔ڈاکٹر اسپرنگر نے اودھ کیٹلاگ میں مخطوطہ نمبر 27 کے تحت اس تذکرے کا ذکر کیا ہے۔اسپرنگر نے تذکرے کا سن تصنیف نہیں لکھا اور شعرا کی تعداد قیاساً 3061 بتائی ہے۔لیکن جو مخطوطہ محمود آباد کا ہے اس میں کل شعرا کی تعداد 3075 ہے۔بقول اکبر حیدری مخطوطہ میں خامی یہ بھی ہے کہ فہرست میں جن شعرا کے نام کے ساتھ صفحے درج ہیں وہ بھی غلط ہیں۔

## 7۔میر غلام علی آزاؔد بلگرامی اور غالبؔ آلہ آبادی کی بعض نایاب تحریریں بخط مصنفین

اکبر حیدری کشمیری نے محمود آباد کے کتب خانے میں ایک ''بیاض غالبؔ'' کا مخطوطہ، غالبؔ الہ آبادی کے ہاتھ کا لکھا دیکھا ہے۔یہ بیاض قدیم ترین ہے۔اس میں میر غلام علی آزاؔد بلگرامی اور غالبؔ الہ آبادی دونوں

بزرگوں کی تحریریں موجود ہیں جو 1147ھ میں لکھی گئی ہیں۔انھوں نے اپنے اس مقالے میں ان دونوں کی حالاتِ زندگی اوران کی تصنیفات پر روشنی ڈالی ہے۔مقالے میں ان کی تحریروں کا عکس بھی شامل ہے۔یہ ''بیاض غالبؔ'' اس لیے بھی اہم ہےاس میں مصنف نے غزلوں کے ساتھ تاریخیں بھی لکھی ہیں۔

**(2) تحقیقی جائزے:۔**

اکبر حیدری کشمیری کی یہ کتاب ''تحقیقی جائزے'' 1968ء میں سرفراز قومی پریس لکھنؤ سے شائع ہوئی ہے۔یہ کتاب سات تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے۔جس کے لیے انھوں نے ہندستان کے بڑے کتب خانوں کو کھنگالا اور استفادہ کیا ہے۔جن میں نمایاں یہ ہیں رام پور، دارالعلوم ندوہ ،لکھنؤ یونی ورسٹی ، امیر الدولہ پبلک لائبریری، بانکی پور پٹنہ،محکمۂ ریسرچ سری نگر کے کتب خانوں کے علاوہ پروفیسر مسعود حسن رضوی اور راجہ صاحب محمود آباد کے خانگی کتب خانوں سے استفادہ کیا ہے۔انھیں کچھ قلمی نسخے اور قدیم تذکرے ملے اور پھر ایک کتاب'' تحقیقی جائزے'' کے نام سے تیار کی۔ ہر لحاظ سے یہ ایک مفید اور مستند کتاب ہے اوران کی تحقیقی کاوشوں کا ایک اچھا نمونہ بھی ہے۔اس کتاب کے تحقیقی مقالے درج ذیل ہیں:

1۔شعرائے اردو کا ایک نایاب تذکرہ خوش معرکہ زیبا (قلمی وغیر مطبوعہ)

2۔ڈاکٹر اسپرنگر اوراودھ کٹیلاگ
3۔خواجہ احسن اللہ بیانؔ کشمیری
4۔مولوی کریم الدین اورطبقات شعرائے ہند
5۔خلیفہ محمد علی سکندر
6۔سراج الدین علی خاں آرزوؔ
7۔نواب آصف الدولہ اوران کی شاعری

اس کتاب میں اکبر حیدری کشمیری نے اردو ادب کی گمنام شخصیتوں اور گمشدہ کڑیوں کی نہ صرف بازیافت کی بلکہ ان کے فنی اورادبی محاسن کو بھی اجاگر کیا ہے۔

''تذکرہ خوش معرکہ زیبا'' کے حوالے سے اکبر حیدری لکھتے ہیں کہ یہ تذکرہ نایاب اور نادر ہے۔اس تذکرے سے انڈیا آفس ، برٹش میوزیم اور ڈاکٹر اسپرنگر بھی یکسر محروم ہیں۔یہ بیش بہا تذکرہ ہنوز غیر شائع شدہ ہے۔اس تذکرہ کے مولف سعادت خاں ناصر لکھنوی ہے۔تذکرہ گلشن ہند کے بعد خوش معرکہ زیبا دوسرا تذکرہ ہے جو اردو میں لکھا گیا ہے اور ناصرؔ نے اسے حروفِ تہجی میں نہیں لکھا۔اکبر حیدری کشمیری کا کہنا ہے کہ اس تذکرے میں کچھ باتیں بے بنیاد معلوم ہوتی ہیں جن کا ذکر ہمیں دوسرے تذکروں میں نہیں ملتا ہے۔جن شعرا کے بارے میں کچھ اغلاط بیان ہے انھوں نے اسے حاشیے میں دے کر اس پر بحث کی ہے۔ان میں افسوسؔ ، انیسؔ ،

سوداؔ، پنڈت کشمیریؔ، کاظم علی خان، ملولؔ وغیرہ شامل ہیں۔

''ڈاکٹر اسپرنگر اور اودھ کیٹلاگ'' میں اکبر حیدری کشمیری نے ڈاکٹر اسپرنگر کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی ہے۔اس کے بعد کیٹلاگ کے بارے میں تفصیل دی ہے۔اودھ کٹیلاگ میں جو بھی اغلاط پائے جاتے ہیں انھوں نے ان کو بحث میں لاکران کا ازالہ کرنے کی کوشش کی ہے۔اودھ کٹیلاگ تین ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں اردو و فارسی شعرا کا حال بیان کیا گیا ہے۔ دوسرے باب میں چند فارسی شعرا کی تصانیف کا ذکر کیا گیا ہے۔تیسرا باب نہایت ہی اہم ہے اس میں ہندستان کے شعرا کی نہایت ہی قابل قدر اور نایاب کتابوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق اودھ کٹیلاگ میں 732 مخطوطات کا ذکر کیا گیا ہے۔اس میں صفحات کی تعداد 655 ہے جس میں آٹھ (8) صفحے کا دیباچہ اور دو غلط نامے بھی شامل ہیں ۔اودھ کٹیلاگ کی یہ جلد 1854 میں کلکتہ سے شائع ہوئی تھی۔اس کے بعد آج تک اس کا کوئی دوسرا ایڈیشن نہیں چھپا۔اس ایڈیشن کی ایک کاپی امیر الدولہ پبلک لائبریری لکھنؤ میں موجود ہے۔اس میں اکبر حیدری کشمیری نے نصیر الدین حیدر بادشاہ کی تاج اللغت کی آٹھویں جلد کی دریافت کا انکشاف کیا ہے کیوں کہ ڈاکٹر اسپرنگر نے اودھ کٹیلاگ کے دیباچہ میں صرف سات جلدوں کی نشان دہی کی تھی اور لکھا تھا کہ تاج اللغت سات ہی جلدوں پر مشتمل ہے۔اکبر حیدری کشمیری کو آٹھویں جلد مسعود حسن رضوی کے کتب خانے میں ملی۔ یہ نایاب جلد اب کشمیر یونی ورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے۔اس کے تناظر میں اکبر حیدری کشمیری حاشیے میں لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''تعجب ہے کہ اسپرنگر کو تاج اللغات کی صرف سات ہی جلدیں دستیاب ہوئی تھیں جس کی بنا پر انھوں نے کہا کہ اس کی صرف سات جلدیں ہیں۔ان کا یہ کہنا درست نہیں ہے۔تاج اللغات آٹھ جلدوں میں ہے۔ یہ مکمل لغت سید مسعود حسن رضوی ادیب کے پاس تھی۔انھوں نے 1964 میں اسے کشمیر یونی ورسٹی کے کتب خانے کے لیے فروخت کر دیا اور اس کا نمبر 51871-78 ہے۔''[10]

اکبر حیدری کشمیری کا کہنا ہے کہ اس میں تاریخ کے حوالے سے کچھ خامیاں ہیں۔ جیسے محمد قیام الدین قائمؔ کے انتقال کو اسپرنگر نے 1207ھ یا 1210ھ لکھا ہے۔لیکن انھوں نے جرأتؔ کے قطعۂ وفات قائمؔ سے ثابت کیا ہے کہ ان کا انتقال 1208ھ میں ہوا ہے۔اسی طرح سے علی ابراہیم خان خلیلؔ، مصحفیؔ، شیخ آبروؔ وغیرہ کی تاریخ وفات اور پیدائش کے بارے میں ڈاکٹر اسپرنگر سے جو تسامح ہوا ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے بحث میں لاکران کا

ازالہ بھی کیا ہے اور جن تذکرہ نگاروں نے اسپرنگر کی اغلاط کو صحیح تسلیم کیا ہے ان کی نشان دہی بھی کی ہے۔اکبر حیدری کشمیری کا یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''اسپرنگر صفحہ 233

''میر حسنؔ کو نواب سردار جنگ اور ان کے بیٹے مرزا نوازش علی خان کی رفاقت حاصل تھی۔ان کا انتقال 1205ھ میں ہوا اور بقول عشقیؔ چار سال گزرے کہ ان کا انتقال ہو گیا۔''

اکبر حیدری

''یہاں اسپرنگر نے مرزا نوازش علی خان کو نواب سردار جنگ کا بیٹا قرار دیا ہے جو قطعی غلط ہے۔ مرزا نوازش علی خان اور نواب سردار جنگ دو علاحدہ اشخاص نہیں ہیں۔ بلکہ ایک ہی شخص کا نام اور خطاب ہے۔حقیقت یہ ہے کہ میر حسنؔ نواب سالار جنگ اور ان کے بیٹے مرزا نوازش علی خان خطاب سردار جنگ کی سرکار سے وابستہ تھے۔''[11]

اس کی مستند دلیل انھوں نے مرزا علی لطفؔ کے تذکرہ گلشن ہند اور دوسرے تذکرہ نگاروں سے دی ہے۔مرزا علی لطفؔ اس طرح لکھتے ہیں:۔

''میر حسن نواب سالار جنگ اور خلف ان کے میر نوازش علی خان سردار جنگ کی رفاقت میں بسر اوقات کرتے تھے۔''[12]

مذکورہ بالا بحث میں واضح ہو جاتا ہے کہ اکبر حیدری کشمیری نے اپنی تحقیق کس طرح مستند دلائل سے پیش کی ہے۔اس میں انھوں نے تذکرہ نگاروں کے نام اور جن تذکروں کا ذکر اودھ کٹیلاگ میں موجود ہے وہ بھی لکھا ہے۔

اس کتاب میں اکبر حیدری کشمیری نے مشہور شاعروں اور ادیبوں کے حالاتِ زندگی اور ادبی کارناموں پر تحقیق کی ہے۔ان میں خواجہ احسن اللہ بیاںؔ کشمیری، مولوی کریم الدین، محمد علی سکندر، سراج الدین علی خاں آرزوؔ اور نواب آصف الدولہ اور ان کی شاعری پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ان پر جو تحقیق اکبر حیدری کشمیری نے کی اور جن نئی باتوں کو انھوں نے دریافت کیا وہ لائق قدر ہے۔ان کی یہ کتاب ''تحقیقی جائزے'' اردو ادب میں ایک انوکھا کارآمد اضافہ ہے۔

اس کتاب میں اکبر حیدری کشمیری نے ''خواجہ احسن اللہ بیاںؔ کشمیری'' کی زندگی کے حالات پہلی بار منظر عام پر لائے۔ بیاںؔ کا ذکر بعض تذکروں میں ملتا ہے لیکن ان میں محض چند جملوں پر ہی اکتفا کیا گیا ہے۔انھوں نے بڑی لگن اور بڑی محنت سے ان کے حالات جمع کیے اور ساتھ ہی یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ بیاںؔ بعض

صورتوں میں میر تقی میؔر اور میر دردؔ سے کسی صورت میں کم نہیں تھے۔ وہ صاحب دیوان شاعر تھے چونکہ ان کا کلام چھپا نہیں ہے اسی وجہ سے لوگ ان کی شاعرانہ اہمیت سے واقف نہیں ہیں۔

''مولوی کریم الدین''، اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کا ایک نمائندہ پہلو رہا ہے۔ انھوں نے کریم الدین احمد کے حالاتِ زندگی، شعروشاعری، مشاعروں میں شرکت اور تصنیفات وتالیفات کا جو جائزہ لیا ہے۔ اس سے مولوی کریم الدین کو ایک خاص شہرت ومقبولیت حاصل ہوئی ہے کیوں کہ ان پر اردو ادب میں بہت کم کام ہوا ہے اور یہ گمنامی کے عالم میں تھے۔ اکبر حیدری کشمیری نے مولوی کریم الدین کی بہت ساری کتابوں کا ذکر بھی کیا ہے۔ جن میں تعلیم النسا، گلستان ہند، رسالہ فرائض، عجالتہ العلالہ، تذکرہ النسا، ترجمہ ابوالضدا، روض الاجرام، تاریخ شعرائے عرب وغیرہ شامل ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے مولوی کریم الدین احمد کا تذکرہ ''طبقات الشعرائے ہند'' کا بھی ذکر کیا ہے۔ یہ تذکرہ 1847 میں مرتب کیا گیا ہے اور 1848 میں دہلی سے چھپا۔ اس میں نوسو چونسٹھ (964) شعرا کا حال اور ان کا منتخبِ کلام موجود ہے۔ طبقات الشعرائے ہند کے متعلق اکبر حیدری کشمیری کی رائے ملاحظہ کیجیے:

> ''یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگرچہ انھوں نے دیباچے میں تذکرہ کو تاریخ کی شاخ ہونے پر کافی زور دیا ہے پھر بھی طبقات میں ان سے بڑی بڑی تاریخی غلطیاں سرزد ہوئی ہیں جنھیں ہر گز درگزر نہیں کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے ایک ہی شخص کو دو اشخاص تصور کر کے ایک طبقے میں دکھایا ہے اور دوسرے کو دوسرے میں۔ تذکرہ زیر بحث سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ انھوں نے بے بنیاد اور سنی سنائی باتوں کا سہارا لے کر طبقات کی زینت بڑھانے کی کوشش کی ہے۔ بہت سے شعرا کی جائے ولادت، تاریخ پیدائش اور سن وفات وغیرہ غلط دکھایا ہے۔ خود ان کے کہنے کے مطابق انھوں نے اس تذکرہ کے لیے مجموعہ نغز اور گلشن بے خار سے استفادہ کیا ہے مگر اس میں بھی صداقت کم نظر آتی ہے۔ اگر ان کے بیان میں اصلیت ہوتی تو طبقات اور گلشن بے خار میں مختلف واقعات درج نہ ہوتے۔ قصہ کوتاہ میں نے اس تذکرے کا بطور مطالعہ کیا اور اس نتیجہ پر پہنچا کہ طبقات الشعرائے سے بڑھ کر اور کوئی غیر مستند تذکرہ دیکھنے میں نہیں آیا ہے۔''[13]

مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اکبر حیدری کشمیری نے کس باریک بینی سے تذکرۂ طبقات شعرائے ہند کا تحقیقی روشنی میں جائزہ لیا ہے اور حقائق کو از سر نو دریافت کیا اور غلط بیانی کا بھی ازالہ کیا ہے۔

مولوی کریم الدین احمد نے تذکرے میں ظہور علی خلیقؔ دہلوی سے ایک مرثیہ منسوب کیا ہے جس کو بعد میں

لالہ شیری رام (خمخانۂ جاوید)، سید سفارش حسین رضوی (اردو مرثیہ)، ڈاکٹر سلیمان حسین (میر خلیق لکھنوی اور ان کا ایک غیر مطبوعہ مرثیہ)، اور قاضی عبدالودود (مرتبہ عبدالمان بیدلؔ) نے اس پورے مرثیہ کو مرزا ظہور علی خلیقؔ کے نام سے بحوالہ کریم الدین احمد از سر نو شائع کیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ سب لوگ مغالطے میں ہیں۔ یہ مرثیہ ظہور علی خلیقؔ کا نہیں بلکہ یہ مرثیہ میر مستحسن خلیقؔ ابن میر حسنؔ کا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق مولوی کریم الدین نے جو ماخذ اس مرثیہ کے بارے میں پیش کیا ہے وہ ڈاکٹر اسپرنگر کا ہے۔ لیکن ڈاکٹر اسپرنگر نے اس کا ذکر کہیں نہیں کیا ہے۔ دوسری بات یہ مرثیہ مسعود حسن رضوی کے کتب خانے میں میر مستحسن خلیقؔ کے مراثی کا جلد دوم میں موجود ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے جلد نمبر، مرثیہ نمبر اور مرثیہ کا بند نمبر بھی نقل کیا ہے۔

''خلیفہ محمد سکندر'' ایک مرثیہ گو شاعر تھے۔ جس کے بارے میں اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ ان کے نام سے آج تک زیادہ تر لوگ ناواقیف ہے۔ انھوں نے اس کتاب میں سکندرؔ کی حالات زندگی اور ان کی مرثیہ نگاری کا جائزہ پیش کیا ہے۔ اور ان کے قدیم و غیر مطبوعہ مرثیہ بھی دریافت کیے۔ اس کتاب میں انھوں نے سکندرؔ کا مرثیہ جو یورپی زبان میں ہے اس کو من وعن نقل کر دیا ہے جو انھیں راجہ محمود آباد کے کتب خانے میں ملا۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق یہ مرثیہ اور کہیں موجود نہیں ہے۔

سراج الدین خان آرزو کی کتاب ''سراج اللغت'' کی دوسری جلد ''چراغِ ہدایت'' کے بارے میں اکبر حیدری لکھتے ہیں کہ ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ نے اسے غلطی سے ''سراج اللغت'' کے عنوان کے تحت اپنی کتاب ''تذکرہ مخطوطات'' جلد سوم صفحہ 50 میں زیر مخطوطہ نمبر 527 میں دکھایا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق 'چراغِ ہدایت' کے مختلف نسخے انڈیا آفیس، برٹش میوزیم، ایشاٹک سوسائٹی بنگال اور امیر الدولہ پبلک لائبریری لکھنؤ میں محفوظ ہیں۔

کتاب ''تحقیقی جائزے'' کے آخری باب میں ''نواب آصف الدولہ'' اور ان کی شاعری کے بارے میں لکھا گیا ہے۔ اس مقالے میں اکبر حیدری کشمیری نے نواب آصف الدولہ اور ان کی شاعری کے بارے میں نئ باتوں کو منظر عام پر لایا ہے۔ اس میں آصف الدولہ کی پیدائش، یوم وفات اور ان کی شاعرانہ اہمیت کو بڑی عرق ریزی کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ انھوں نے نواب آصف الدولہ کو تذکرہ نویسوں کی نظر میں پیش کیا ہے یعنی یہ بتانے کی بھر پور کوشش کی ہے کہ تذکرہ نگار آصف الدولہ کے بارے میں کیا لکھتے ہیں۔ اس سلسلہ میں انھوں نے جن تذکرہ نویسوں کی رائے لکھی ہے۔ ان میں قاسمؔ (مجموعہ نغز)، مبتلاؔ (گلشن سخن)، عشقیؔ (تذکرۂ

عشقی)، سرورؔ (عمدۂ منتخبہ)، مولوی کریم الدین (طبقات الشعرائے ہند)، حکیم قطب الدین باطن (گلستان بے خزاں)، شیفتہؔ (گلشن بے خار)، مصحفیؔ (تذکرۂ ہندی) وغیرہ شامل ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری نے آصف الدولہ کے دیوان کے نسخوں کا ذکر بھی کیا ہے۔ ان کی نظر سے دیوان آصف الدولہ کے چار نسخے گزرے ہیں جن کی تفصیل اکبر حیدری کشمیری نے اس مقالے میں دی ہے۔

**(3) میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر:۔**

اکبر حیدری کشمیری کی تصنیف ''میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر'' 1961 میں سرفراز قومی پریس لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب ان کا پی ایچ۔ ڈی کا مقالہ ہے۔ اس کا انتساب خان بہادر نواب مرزا جعفر علی خان آثرؔ لکھنوی کے نام منسوب کیا گیا ہے۔ اس کتاب کو کل بارہ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے اور یہ کتاب 620 صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب سے متعلق غلام السیدین اور جوشؔ ملیح آبادی کی رائے بھی اس میں درج ہے۔ اس کا مقدمہ جعفر علی خان آثرؔ لکھنوی نے لکھا اور پیش لفظ مصنف نے لکھا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں میر انیسؔ کو رزمیہ شاعر ثابت کیا ہے۔ میر انیسؔ پر اب تک بہت کام ہوا ہے۔ میر انیسؔ بحیثیت مرثیہ گو اس موضوع پر بھی بہت سے ادیبوں نے قلم اٹھایا ہے۔ میر انیسؔ کی مرثیہ شاعری پر اب تک کئی کتابیں منظر عام پر آئی ہیں۔ اس کے علاوہ متعدد مضامین بھی لکھے گئے ہیں۔ ان تمام کتابوں میں علامہ شبلیؔ کی موازنہ انیسؔ و دبیرؔ کو تقدم حاصل ہے۔ میر انیسؔ کی مرثیہ نگاری کے ہر پہلو پر قلم اٹھایا گیا ہے۔ لیکن رزمیہ شاعری کا خیال عام تھا کہ ان کے مرثیوں میں رزمیہ شاعری کے تمام لوازمات اس طرح نمایاں نہیں ہیں جیسے قدیم یورپ اور ایشیا کے بعض ممتاز ترین رزمیہ شعرا کے کلام میں موجود ہیں۔ کئی تنقید نگاروں نے ان کو رزمیہ شاعر مانا ہے لیکن ثابت نہیں کیا۔ شبلیؔ انیسؔ کو رزمیہ شاعر تو قرار دیتے ہیں اور ان کے کلام کو رزمیہ شاعری سے تعبیر کیا ہے لیکن جس واضح ثبوت اور معقول دلیل کی ضرورت تھی وہ فراہم نہیں کی۔ اکبر حیدری کشمیری نے مراثی انیسؔ میں رزمیہ شاعری کے تمام پہلوؤں کو بڑی خوبیوں کے ساتھ نمایاں کیا ہے۔ انھوں نے جدید تنقیدی زاویوں سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے رزمیہ کے بارے میں ارسطو کے مقرر کردہ اصول وضبط اپنائے ہیں۔ اس میں یہ دکھانے کی کوشش کی گئی ہے کہ جن خصوصیات ولوازمات کو ''بوطیقا'' (Poetics) میں لازم وملزم قرار دیا گیا ہے وہ سب میر انیسؔ کی شاعری میں پائے جاتے ہیں کہ نہیں۔ انھوں نے مغربی اصول تنقید کے معیار پر انیسؔ کی رزمیہ شاعری کو پرکھا اور یہ ثابت کرنے کی مقدور بھر کوشش کی کہ ان

کے مرثیوں میں رزمیہ کی تمام خصوصیات موجود ہیں۔انھوں نے مغرب کے جن شعرا کی شاعری سے میر انیسؔ کی شاعری کا تقابل کیا ہے ان میں ہومرؔ، والمیکی اور ملٹن قابلِ ذکر ہیں۔اس کے علاوہ مشرق کی مشہور فارسی رزمیہ کتاب ''شاہ نامہ فردوسی'' کے ساتھ بھی تقابل کیا ہے۔ارسطو کے اصول مدنظر رکھ کر اور ہومرؔ، والمیکیؔ ،ملٹن اور فردوسیؔ کی تصانیف سے تقابل کر کے انھوں نے انیسؔ کو ان کے ہم کر دیا۔اکبر حیدری کشمیری نے وسیع مطالعے کے بعد بڑے سلیقے سے اس امر کو متعدد مثالوں سے ثابت کیا ہے۔انھوں نے بارہ عنوانات قائم کر کے ہر ایک کے تحت سیر حاصل بحث کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ مراثی انیسؔ میں رزمیہ شاعری کی تمام خصوصیات موجود ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری نے ہومرؔ کی کتاب ایلیڈ (Iliad) کی شاعری میں رزمیہ عنصر نکال کر انیسؔ کی شاعری سے رزمیہ پہلو نکال کر انیسؔ کو ان کے ہم پلہ کر دیا۔جس طرح ہومرؔ نے ٹرائے (Troy) کے جنگ میں ہیرو ہیکٹر ی کو دکھایا ہے اسی طرح سے میر انیسؔ نے امام حسینؑ اور ان کے دوسرے رفقا کو دکھایا ہے۔اس کتاب میں انھوں نے اپنے طور پر مغربی ادبیات میں رزمیہ کی روایت اور اقدار کی روشنی میں پہلے تو یہ واضح کیا ہے کہ رزمیہ کیا ہے۔اس ضمن میں انھوں نے ارسطو کی شعریات ''بوطیقا''(Poetics) سے لے کر دور جدید کے مغربی مصنفین تک کی تصنیفات کے حوالے دے ہیں۔اور پھر رزمیہ میں بحر کا استعمال وغیرہ نکات پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور عربی وفارسی کا ذکر کرتے ہوئے اردو میں رزمیہ نگاری کی صورتِ حال کا جائزہ لینے کے بعد میر انیسؔ کو ایک عظیم رزمیہ گو شاعر ثابت کیا ہے۔بقول اکبر حیدری:

> ''میر انیسؔ کے کلام میں رزمیہ شاعری کی جملہ خوبیاں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔انھوں نے اس صنفِ کلام کو وہ بلند درجہ دیا جہاں تک شاید ارسطوؔ کا تصور بھی نہ پہنچ سکا تھا وہ یقینی طور پر ارسطوؔ کی شعریات (Poetics) سے بالکل ناآشنا تھے۔بلکہ شاید اس کا نام بھی انھوں نے نہ سننا ہوگا۔لیکن تعجب اس بات پر ہوتا ہے کہ اس کے باوجود ان کا سارا کلام رزمیہ کے اصول وقواعد سے آراستہ ہے۔جو باتیں ارسطوؔ نے آج سے پہلے کئی ہزار برس رزمیہ شاعری کو پیش نظر رکھ کر ایپک کے لیے ضروری سمجھی تھی وہ سب کی سب میر انیسؔ کے کلام میں موجود ہیں۔انھوں نے زیادہ سے زیادہ فردوسیؔ کے شاہ نامہ اور مہابھارت اور رامائن کا مطالعہ کیا ہوگا۔لیکن اس پر کمال یہ ہے کہ انھوں نے بحیثیت رزم نگار شاعر کے دوسرے رزمیہ شاعروں کی محفل میں ایک بلند درجہ حاصل کر لیا۔''[14]

اس اقتباس میں راقم اس بات سے اختلاف رائے رکھتا ہے کہ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق میر انیسؔ بوطیقا سے

نا آشنا تھے اور انھوں نے اس کا نام بھی نہ سننا ہوگا۔ اردو مرثیہ کے اتنے بڑے شاعر جنھوں نے سارا کام شاعری پر کیا وہ شاعری کی شعریات کی پہلی کتاب سے نا آشنا ہو، ہضم ہونے والی بات نہیں ہے۔ یہ قیاساً غلط ہے۔ اکبر حیدری نے اس بات کو واضح طور بھی پیش نہیں کیا ہے۔

میر انیسؔ کو معلوم تھا کہ رزمیہ کے لیے مخصوص بحریں ہوتی ہیں اور جس بحر میں سب سے زیادہ رزمیہ نظمیں لکھی گیئں وہ مسدس (Hexametere) ہے جو کہ مغرب کی رجز یہ بحر ہے۔ فارسی اور اردو میں رجز یہ بحر میں رزمیہ نظمیں لکھنے کے لیے سب سے موزوں ہیئت ''مسدس'' سمجھی جاتی ہے۔ اردو میں مرثیہ کے لیے مسدس کی ہیئت کو موزوں ترین قرار دینے کا سہرا سوداؔ اور سکندرؔ کے سر ہے۔ لیکن میر انیسؔ نے مرثیہ کو مسدس کی شکل میں کمال فن تک پہنچایا۔ انیسؔ کی رزمیہ نگاری کی ایک نمایاں خصوصیت بقول اکبر حیدری کشمیری یہ سامنے آتی ہے کہ انھوں نے شروع سے آخر تک مرثیے ایک ہی بحر میں لکھے۔ یہ شرط ارسطوؔ نے بھی مقرر کی تھی اس کا کہنا ہے کہ رزم نگار ابتدا سے آخر تک ایک ہی بحر میں رزمیہ لکھتا ہے۔ ارسطوؔ کا کہنا ہے کہ رزمیہ میں مبالغہ بھی ضروری ہے۔ اس میں خلاف قیاس اور ناممکن واقعات کا صحیح اور موزوں استعمال جائز ہے۔ کیوں کہ اسے پڑھ کر سامعین کے ذوق تجسس کی تسکین ہوتی ہے۔ لہٰذا ارسطوؔ کہتا ہے کہ رزم نگار لازم بتاتا ہے کہ وہ اپنی نظم میں خلاف معمول واقعات کو ایسے دلچسپ انداز سے پیش کرے کہ پڑھنے والے کو یہ شبہ نہ ہو کہ یہ واقعات پیش نہ آسکے ہوں گے بلکہ یہ سمجھے کہ یہ سارے واقعات صحیح میں اور تمام واقعات حقیقت پرمبنی ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق میر انیسؔ نے واقعہ کربلا کے کرداروں کی سیرت اور ان سے متعلق احادیث کی بنیاد پر مرثیے لکھے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ میر انیسؔ نے کرداروں کی جرات مندی، صبر اور قربانیوں کو مبالغہ کے ساتھ بیان کیا ہے لیکن انیسؔ کی یہ مبالغہ آرائی کردار اور واقعات کے ساتھ اس طرح گل مل گئی ہے کہ یہ مبالغہ کے بجائے حقیقت نظر آتی ہے۔ ارسطوؔ کے قول کے مطابق ناممکن (Impossible) ممکن (Possible) بن جاتا ہے اسی طرح رزمیہ شاعری کے لیے ارسطو نے دونوں قسم کے کردار رکھے ہیں یعنی اچھے بھی اور برے بھی۔ ارسطوؔ کے مطابق اچھے کردار کی سیرت میں نیکی کا جذبہ پایا جاتا ہے اور برے کردار برے ہی ہوتے ہیں اور نظم میں کردار اپنے افعال واعمال اور گفتار سے پہچانے جاتے ہیں اور ان میں یک رنگی (Consistency) اور مناسبت (Propriety) ملتی ہے۔

بقول اکبر حیدری کشمیری میر انیسؔ کے مرثیوں میں بھی جو کردار آتے ہیں ان میں سے ایک جماعت نیک

کرداروں کی ہے اور دوسری بدکرداروں کی۔ امام حسینؓ اور ان کے عزیز و اقارب نیکی اور اچھائی کے پیکر ہیں جب کہ یزید اور اس کے فوجیوں کے کردار بدی اور برائی کے نمونے ہیں۔ میر انیسؔ کا کمال یہ ہے کہ انھوں نے نیک کرداروں کی اچھائیوں اور برے کرداروں کی برائیوں کو اپنے تمام مرثیوں میں پوری یک رنگی (Consistency) اور مناسبت (Propriety) کے ساتھ پیش کیا ہے لیکن چوں کہ انیسؔ تخلیقی قوت، اندازِ بیان، لفظوں کے انتخاب، لب ولہجہ کے اعتبار سے دوسرے تمام مرثیہ گویوں سے بلند اور برتر تھے اس لیے انھوں نے اپنی تمام تر شاعرانہ فنکاری کو بروئے کار لاتے ہوئے کرداروں کو اس طرح پیش کیا ہے کہ یہ رزمیہ کے اہم جزو کے طور پر سامنے آتے ہیں۔

میر انیسؔ کی رزمیہ نگاری کی ایک اور خوبی بقول اکبر حیدری کے یہ ہے کہ انیسؔ نے رزمیہ نظموں کے واقعات کو اتنا بڑھ کر نہیں لکھا کہ ایک آدمی ایک نشست میں نہ پڑھ سکے اور مختلف نشستوں میں پڑھنے کی وجہ سے اس کو تاریخ کہا جائے نہ کہ رزمیہ نظم۔ انھوں نے ہر مرثیہ میں جنگ کربلا کے کسی ایک واقعہ کو چنا اور اس کو اس طرح بیان کیا کہ اس کی ابتدا، وسط اور خاتمہ لکھ کر مرثیہ کو ایک ہی نشست میں مکمل کر دیا۔ اگر وہ شہادت حسینؓ کے تمام واقعات کو شامل کر دیتے تو ان کی رزم نگاری کا اتنا ہمہ گیر اثر نہ ہوتا۔ ہومؔر نے بھی ایلیڈ (Iliad) میں ٹرائے (Troy) کی جنگ کی ساری داستان کو شامل نہیں کیا بلکہ جنگ کا ایک حصّہ نظم کیا جس میں ابتدا، وسط اور انجام تینوں اجزا موجود ہیں۔

اکبر حیدری انیسؔ کے چہرے کے فن اور ہومر کے فن کا مقابلہ یوں کرتے ہیں کہ میر انیسؔ مرثیوں کے چہرے میں اپنے فن کا بہترین طور پر مظاہرہ کرتے ہیں۔ وہ مرثیوں میں جن کرداروں کا ذکر کرتے ہیں ان کے تعارف کے واسطے چہرے میں بھی اشارہ کرتے ہیں یا ان میں کسی اخلاقی خوبی کا ذکر کرتے ہیں۔ اس طرح سے وہ مرثیے کے اخلاقی یا المناک عنصر کا ابتدائی تعارف کرا دیتے ہیں جو نفس مرثیہ میں جلوہ گر ہوتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک عنصر رزمیہ کا جزو اعظم ہے۔ مغربی شعرا اور انیسؔ کے کلام میں یہ فرق ہے کہ انیسؔ چہروں میں بھی یہ پہلو نمایاں رکھتے ہیں اور نفس مرثیہ میں بھی۔ کیوں کہ مغربی شعرا کے یہاں چہرہ ہوتا ہی نہیں۔ اس لیے ان کے یہاں صرف نفس رزمیہ میں یہ پہلو نظر آتے ہیں۔ بہر حال ہومر اس صنف کا موجد اعلا ہے۔ ائیلیڈ اور اوڈیسی دو معرکتہ آرا نظمیں ،کلاسیکی ادب کی روح رواں ہیں۔ یہ صنفِ نظم زمانہ قدیم سے ہومؔر کے نام سے ہی زندہ ہے۔

ہندستان میں اردو رزمیہ کی بقا اور اس کے وجود کے لیے انیسؔ جیسے حساس، فطرت شناس اور پاکیزہ

خیالات شاعر کی سخت ضرورت تھی۔ اس سے میر انیسؔ کو وہ مقام اردو میں ملا جو دیگر رزم نگار شعرا کو دنیا کی مختلف زبانوں میں زمانۂ قدیم میں ملا تھا۔ یعنی رزمیہ تصانیف کے اور بھی کئی ہمہ گیر شہرت رکھنے والے شاعر ہوئے ہیں جنھوں نے یونانی، لاطینی، انگریزی، فارسی، سنسکرت زبان میں اپنا نام پیدا کیا ہے۔ ان شعرا کو نہ صرف اپنی زبان میں عظمت و بزرگی حاصل تھی بلکہ ان کو صنفِ رزمیہ میں تمام دنیائے شعرا کے مقابلہ میں پیغمبری کا درجہ حاصل ہے۔ میر انیسؔ ایک جدید زبان کے ارتقا کے لیے سب سے آخر میں آئے اور اپنی خداداد استعداد سے جو جوہر کمال اس نے رزمیہ میں دکھلایا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ رزمیہ کے آخری پیغمبر تھے۔ میر انیسؔ کی رزمیہ نگاری پہلے شعرا سے ذرا مختلف ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے اپنے مرثیوں میں نہ تو ہومرؔ اور فردوسیؔ کی طرح دیوی دیوتاؤں کے تذکروں اور ان کی مدد سے اپنے ہیرو کی فتح دکھلائی ہے اور نہ والمیکی یا بیاس کی طرح وحشی، جنگلی اور دنیا کے خیالی سورماؤں کا ہی ذکر کر کے کچھ فائدہ اٹھانا چاہا بلکہ ہم جیسے انسانوں کو بیان کر کے اپنے زورِ قلم کا نمونہ پیش کیا۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق میر انیسؔ کے کلام میں کم و بیش مکمل موضوع موجود ہے۔ ان کے مرثیے میں ارسطوؔ کے مقرر کردہ اصول انقلابات (Reversals)، سانحات (Incidents) اور دریافتیں (Recognition) موجود ہیں۔ ان کی رزم نگاری سے یہ بالکل واضح ہوتا ہے کہ وہ شاعر ہیں، مورخ نہیں۔ رزمیہ شاعر اور مورخ میں بڑا فرق یہ ہے کہ تاریخ ایک عہد کو بیان کرتی ہے۔ اور رزمیہ کسی پوری تاریخ کو بیان نہیں کرتا بلکہ یہ تاریخ کے کسی ایک اہم واقعہ کو پیش کرتا ہے جس میں ابتدا، درمیان، انجام موجود ہوں اور جو ایک ہی نشست میں ختم ہو جائے۔

میر انیسؔ کے تمام مرثیے انقلابات (Reversal of intention) اور سانحات (Incidents) سے بھرے ہیں۔ اور ان کی تمام رزمیہ شاعری اخلاقی نوعیت کی ہے جو رزمیہ کی ایک خاص شان ہوتی ہے۔ ان کے مرثیے کی ابتدا نفس مضمون کی مناسبت سے ہوتی ہے۔ اور بہت موزوں ہوتی ہے اور کم و بیش ان کے ہر مرثیے کا مطلع مہتم بالشان ہے جس کے پڑھنے سے دل و دماغ پر ایک وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ یعنی ابتدائی حصّے ہی اکثر موضوع مرثیہ سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری نے مسعود حسن ادیب لکھنوی کے اس مرثیہ کے انتخاب میں ایک بند کے تناظر میں لکھا ہے کہ مسعود حسن ادیب نے انیسؔ کی ہر بحر مرثیوں سے انتخاب کر کے ایک مکمل رزمیہ نظم ''رزم نامہ انیسؔ'' کے نام

سے مرتب کی۔ اس ''رزم نامہ انیسؔ'' کے پڑھنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بحریں اس قسم کے خیالات نظم کرنے کے واسطے تمام بحروں سے زیادہ موزوں تھیں۔ اس نظم میں صفحہ 222 پر ذیل کا شعر ملاحظہ کیجیے:

وہ بھائی وہ رفیق نہ وہ نورِعین تھے
نرغے میں دشمنوں کے اکیلے حسینؑ تھے

اکبر حیدری کشمیری نے یہ ٹیپ کا شعر اس طرح لکھا:

بھائی نہ وہ رفیق نہ وہ نورِعین تھے
دو بہنیں رونے والیاں تھیں اک حسینؑ تھے

15

اکبر حیدری کشمیری کا ٹیپ کا لکھا ہوا شعر اور مسعود حسن ادیب کا شعر، دونوں میں دوسرے مصرع میں واضح فرق ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق دوسرا مصرع اس موقعہ کے واسطے زیادہ موثر ہے۔ وہ دل میں نرمی پیدا کرتا ہے یعنی ایک تو امام حسینؑ کا اکیلا ہونا اور دوسرا یہ کہ دو بہنوں کی ذمہ داری کا بار گراں اور اس کو ادا کرنے کی مشکل پر تشویش، اس مصرعے سے واقعہ کربلا کی پوری تصویر آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کا یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''رزمیہ نظم میں شاعر کو خود کیا انجام دینا چاہیے، اور کن معاملات میں شاعر کی حیثیت سے سامنے آنا چاہیے اور کیا کام اپنے کرداروں کے ذریعہ پیش کرنا چاہئے۔ اس بات کو جس عمدگی سے میر انیسؔ سمجھ سکے اتنا نہ کوئی ان کا ہمعصر، نہ پیش رو، نہ اب تک بعد میں آنے والا کوئی شاعر سمجھ سکا۔ پرانے رزم نگاروں میں صرف ہومرؔ ہی اس خوبی سے متصف تھا۔'' 16

جو ارسطوؔ نے یک رنگی (Consistency) رزمیہ نظم کے لیے ضروری کہا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے میر انیسؔ کے ہر ایک کردار میں ثابت کیا کہ ان میں یہ یک رنگی موجود ہے۔ انھوں نے میر انیسؔ کے مرثیہ میں جو بھی شعر یک رنگی پر پورے اترتے ہیں انھیں مثالوں کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اس طرح کے کردار امام حسینؑ، حر اور عمر سعد کے انیسؔ نے پیش کیے ہیں۔ انھوں نے یہ ثابت کیا کہ میر انیسؔ کے کردار حقیقت کے مطابق ہیں۔ یعنی ارسطوؔ نے رزمیہ شاعری کے لیے ایک یہ بھی شرط رکھی ہے کہ شاعر جس کردار کو پیش کرے، وہ حقیقت کے مطابق یعنی True to life ہونا چاہیے۔ کیوں کہ اس سے نظم کی عظمت اور اس کا اثر بڑھ جاتا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کہتے ہیں کہ میر انیسؔ کی رزمیہ شاعری کا ہیرو بڑی سیرت اور عظیم الشان کارنامے کا

خالق ہے اور یہی بقول ارسطو رزمیہ شاعری کی تعریف ہے۔اس تناظر میں یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''امام حسینؑ کی فوج کے سپاہی دیندار، سرفروش، شجاع، سخی، مومن کامل، عاشق صادق، جانباز، حق وباطل میں تمیز کرنے والے، پاک دل، پاک سیرت، مے عرفان سے مست اور دنیاوی جاہ وجلال کو ٹھکرانے والے تھے۔انھیں نہ قانون کا خیال، نہ اپنے اہل وعیال کی فکر تھی، کوئی جھوم جھوم کر کلمہ پڑھتا تھا، اور کوئی اللہ اکبر کا نعرہ لگاتا تھا۔میر انیس نے جو امام حسینؑ کی فوج اپنی رزمیہ شاعری کے لیے قرار دی ہے ایسی فوج کی مثالیں اور کسی کی رزمیہ نظم میں نہیں ملتیں۔'' 17

اکبر حیدری کشمیری نے ہومر کے ایلیڈ (ILiad) کے کردار ہیکٹر اور میر انیس کے کرداروں سے تقابل کر کے واضح کیا ہے کہ میر انیس نے کس طرح ہومر سے بھی اچھے رزمیہ کردار پیش کیے ہیں۔اس کے لیے انھوں نے صفحہ 141 پر ایلیڈ سے ہومر کی شاعری میں کچھ اشعار مثال کے طور پر پیش کیے ہیں۔کردار کی بلندی کی پہچان (Recognition) کی بہترین مثال میر انیس نے ''ہند'' کے کردار سے پیش کی۔جس میں قدرتی واقعات کے ذریعہ سے خاص اثر نمایاں ہوگیا ہے۔ارسطو کے مطابق یہ پہچان (Recongition) کی بہترین مثال صنفِ رزمیہ میں سمجھی جاتی ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے میر انیس کی کردار نگاری میں تمیز اور مناسبت کے اشعار بھی نقل کیے ہیں۔ارسطو نے اپنی کتاب بوطیقا میں اس بات پر زور دیا ہے کہ کردار میں تمیز اور مناسبت (Propriety) کا خیال رکھا جائیے۔ارسطو لکھتے ہیں:

"The second thing to aim at is propriety. There is a type of manly valour; but valour in a woman, or unscruputous cleverness, is in approprite." 18

بقول اکبر حیدری کشمیری کردار کی یہ خوبی میر انیس کے ہر کردار میں پائی جاتی ہے۔انھوں نے ہر جگہ عورت کی بہادری اور شجاعت میں تمیز و مناسبت یعنی (Propriety) دکھلائی ہے۔انھوں نے اچھے مرد کرداروں میں بہادری اور شجاعت دکھلائی اور تمیز و مناسبت کردار بھی پیش کیے جن میں امام حسینؑ، حضرت عباسؓ، حضرت علی اکبر، حضرت قاسم، عمر سعد، شمر وغیرہ میں بدرجۂ کمال یہ خوبی موجود ہے۔

ارسطو نے پلاٹ کے لیے انقلاب (Reversal of intention) اور پہچان (Recognition) ضروری بتائے ہیں۔

ہومر یا اس کے قبل کے شعرا نے کسی اصول کے پیش نظر رزمیہ نہیں لکھا اور نہ ان کو یہ معلوم تھا کہ اس قسم کی شاعری رزمیہ کہلائی جائے گی۔ ان میں شاعری کا ملکہ خداداد تھا۔ انھوں نے نظمیں لکھیں، اور ارسطو نے ان کو رزمیہ کہا۔ میر انیس کا کلام بھی کسی قاعدے کو مدنظر رکھ کر وجود میں نہیں لایا گیا۔ بلکہ وہ ایک الہامی اثر تھا جو ان کے کلام میں ظاہر ہو رہا ہے اور اب ہم کو یہ طے کرنا ہے وہ ایپک (رزمیہ) ہے کہ نہیں۔ جہاں تک ارسطو کی بوطیقا کا تعلق ہے وہ اس قسم کی شاعری کو دو صنفوں میں تقسیم کرتا ہے۔ المیہ (Tragedy) اور رزمیہ (Epic) میں۔ میر انیس کا ہر مرثیہ ارسطو کی مقرر کی ہوئی شرائط کے مطابق ایپک ہے، اور ان کا کلام اس معیارِ سخن پر پورا اترتا ہے۔

بقول اکبر حیدری کشمیری پرانے رزمیہ شاعروں میں اگر کسی شاعر کو داخلی اور خارجی عناصر پر پوری قدرت حاصل تھی تو وہ ہومر ہے۔ اس لیے ایلیڈ سے اس کا پتہ چلتا ہے کہ جہاں ایلی لیز (Achilles) اور ہیکٹر (Hector) کی معرکہ آرائی اور فوج کشی کا منظر یا کسی فوجی کیمپ کی دیکھ بھال کا جائزہ پیش کرتا ہے۔ وہاں یہ بات ضرور ذہن میں آتی ہے کہ ہومر کو تمام داخلی و خارجی کیفیات پر عبور حاصل تھا۔ کلام میر انیس کے مطالعہ کے بعد کہہ سکتے ہیں کہ انھوں نے داخلی اور خارجی مضامین بندی ( Subjective and Objective episode) میں تخیل کی وہ جولانیاں دکھائی ہیں جو ان کو بعض حیثیتوں سے ہومر سے بھی آگے بڑھاتی ہیں۔ اس کی مثالیں ہومر اور انیس کے موازنہ میں نمایاں ہیں۔ میر انیس نے ہر مرثیہ میں داخلی اور خارجی واقعات کا فوٹو اپنے شاعرانہ تخیل کے موقلم سے اس ندرت سے کھینچا ہے کہ وہ معاملات اپنے تمام جزئیات کے ساتھ ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں۔

میر انیس کے رزمیہ مرثیوں میں اخلاقیات کا برتنے کا طریقہ ہے جو دوسرے شعرا سے مختلف ہے۔ ارسطو نے رزمیہ شاعری کی جو چار قسمیں بتائی ہیں ان میں میر انیس کی شاعری اخلاقی رزمیہ شاعری کے تحت آجاتی ہے۔ اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ دنیا کے رزم گو شعرا کے مقابلہ میں وہ ہمیشہ طرز نگارش کا سنجیدہ پہلو ہی اختیار کرتے ہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ان کے ہیرو خود خلق عظیم کے خالق تھے۔ میر انیس نے اپنے کلام میں جہاں بھی امام حسینؑ اور ان کے عزیزوں کا ذکر کیا ہے۔ وہاں یہ دکھلایا کہ وہ کیسے صاحبِ اخلاق تھے اور ان کے کریکٹر کی بلندی میں کس قدر استقلال تھا۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق اخلاق کے لحاظ سے جو بھی کردار ہومر کے ایلیڈ، مہابھارت، شاہ نامہ، اوڈیسی میں ہے۔ اس سے زیادہ اچھا اخلاقی کردار میر انیس کے کلام میں ملتا ہے۔ انھوں نے مثالوں سے باضابطہ طور پر ثابت کیا ہے۔ اس حوالے سے انھوں نے اثر لکھنوی کا اقتباس بھی نقل کیا ہے۔

کلیم الدین احمد نے میر انیسؔ پر یہ اعتراض کیا ہے کہ انھوں نے اپنے ہیرو کو روتا ہوا دکھلایا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری، کلیم الدین احمد کے اس اعتراض پر لکھتے ہیں کہ دنیا کی جس قدر بڑی رزمیہ تصنیفات ہیں ان میں یہ بات بالکل نمایاں ہے کہ ہیرو اپنے عزیز کی موت پر رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔ اوراس کے ساتھ اس کے تابعین یا متعلقین بھی اس قسم کا اظہار کرتے ہیں۔ کسی عزیز کی موت پر اظہار افسوس کرنا عین انسانی فطرت ہے۔ اور جو انسان اس قسم کے جذبات نہ رکھتا ہو وہ غیر فطری انسان ہوگا۔ رامائن میں رام پچھمن کی بے ہوشی پر اظہار افسوس اور بین کرتا ہے جس سے واضح ہوجاتا ہے کہ رونا انسان کی فطرت میں وجود کائنات سے چلا آ رہا ہے۔ اسی طرح امام حسینؑ بھی حضرت عباسؓ کی لاش پر بین کرتے ہیں۔

کلیم الدین احمد کے اعتراض کا دوسرا جواب اکبر حیدری کشمیری نے ہومرؔ کی رزمیہ شاعری سے دیا ہے کہ ہیکٹر کی ماں کو جب بیٹے کے قتل کی خبر پہنچتی ہے تو گریباں چاک کرتی ہے، زاروقطار روتی ہے اور وہ اپنے سر سے چادر اتار کر پھینک دیتی ہے۔ ہومرؔ ہیکٹر کے قتل کے بعد کے واقعات اور اثرات اس کے ماں پر ڈالتے ہیں۔ ہومرؔ نے ہیکٹر کے قتل پر زوجہ ہیکٹر کا بین اور اظہار تاسف جس طریقہ سے دکھلایا ہے۔ میر انیسؔ نے بھی حضرت عباسؓ کی شہادت پر زوجہ عباس کا اظہار رنج وغم ایسے ہی انداز میں بیان کیا ہے۔

ہومرؔ کے میدان جنگ اور انیسؔ کے میدان جنگ کے اشعار سے اکبر حیدری کشمیری نے باضابطہ طور پر دکھایا اور دونوں کے برابر رزمیہ انداز بھی پیش کیا ہے۔ ہومرؔ نے کس طرح کے استعارات وتشبیہات استعمال کیے ،ان کا بھی بیان بخوبی ملتا ہے۔ ملٹن کی نظم پیراڈائز لاسٹ کا میدان جنگ کے بارے میں یوں رقم طراز ہیں:

> ''ملٹن نے اپنی رزمیہ نظم پیراڈائز لاسٹ (Paridise last) میں دو تین جگہوں سے زیادہ جنگ وجدل کا ذکر نہیں کیا ہے۔ میر انیسؔ نے کم وبیش ہر مرثیہ میں لڑائی کے واقعات کو نظم کیا ہے۔ ان کی رزمیہ نظموں کا ایک ایک مصرعہ ایک ایک میدان جنگ کی تصویر پیش کرتا ہے اور یہ مصرعے ملٹن کے درجنوں اشعار پر فوقیت رکھتے ہیں۔'' 19؎

اکبر حیدری لکھتے ہیں کہ مولانا شبلی نے جو امور رزمیہ شاعری کے لیے تحریر کیے ہیں۔ اگر ان ہی امور کو رزمیہ شاعری کا کمال کہا جائے تو بلاخوف کہا جاسکتا ہے کہ میر انیسؔ سب سے بڑے رزمیہ شاعر ہیں۔ فردوسیؔ نے بے ثباتی دنیا کا نقشہ پیش کیا ہے۔ انیسؔ کی بے ثباتی دنیا کے مقابلے میں زیادہ عبرت ناک نہیں ہے۔ میر انیسؔ نے موت کا نقشہ ہو بہو کھینچا ہے۔ انھوں نے بے ثباتی دنیا کا ایسا منظر پیش کیا ہے کہ پڑھنے والا یا سننے والا دریائے

عبرت میں غرق ہو جاتا ہے اور اس کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ انھوں نے فردوسیؔ کی طرح اپنی زبان سے اس حصہ نظم کو پیش نہیں کیا ہے۔ بلکہ اپنے ہیرو کی زبان سے ادا کرایا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کلیم الدین احمد کے اس دوسرے اعتراض کا بھی جواب دیتے ہیں کہ میر انیسؔ کے یہاں جب دو حریف لڑتے نظر آتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امام یا امام کی طرف والے حضرات میں ہر طرح کا زور ہے اور دوسری طرف والوں میں کوئی زور ہی نہیں۔ اس کا جواب اکبر حیدری کشمیری یوں دیتے ہیں:

> ''پروفیسر موصوف بڑی غلط فہمی کا شکار ہو گئے ہیں۔ ان کی اس تنقید سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے میر انیسؔ کے مجموعہ کلام کا مطالعہ نہیں کیا ہے۔ میر انیسؔ نے جہاں امام حسینؑ اور ان کی فوج کو بہادر اور دلیر دکھلایا ہے۔ وہاں انھوں نے یزید کی فوجی طاقت کا بھی مظاہرہ کیا ہے انھوں نے دشمن کی فوج کی طاقت ایسی نمایاں دکھائی ہے کہ پڑھنے والے کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ میر انیسؔ بخوبی سمجھتے تھے۔ کہ ایک بہادر میں جو اخلاقی صفات ہونی چاہیے وہ دشمن میں یکسر مفقود تھیں۔ اسی واسطے انھوں نے کبھی بھی دشمن کے کسی بھی پہلوان کو بہادر نہیں کہا ہے۔ اس کے لیے انھوں نے الفاظ کا بہترین انتخاب کیا ہے جس سے پڑھنے والے کے دل میں دشمن کے خلاف نفرت کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر انیسؔ اپنے کلام میں صرف امام حسینؑ اور ان کی فوج کی طاقت کسی طرح کم دکھاتے تو رزمیہ کا اثر کم ہو جاتا۔'' 20؎

اکبر حیدری کشمیری نے میر انیسؔ کی رزمیہ شاعری کو اردو زبان کے مرثیہ گو شاعروں کی شاعری سے تقابل کیا۔ جن میں میر خلیق، فصیحؔ، میاں دلگیرؔ اور دبیرؔ قابل ذکر ہیں۔ ان میں سے دبیرؔ اور انیسؔ کے کلام میں فرق اور رزمیہ کے عنصر پر سیر حاصل بحث ملتی ہے۔ انھوں نے رزمیہ شاعری کے اصولوں کی روشنی میں مندرجہ بالا شعرا کے کلام کو پرکھا اور اس نتیجہ پر پہنچے کہ ان کے کلام میں رزمیہ عناصر نہیں پائے جاتے ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری نے ان کی شاعری کی تمام خامیاں رزمیہ کے حوالے سے واضح کی ہیں۔ چاہیے وہ کردار نگاری، واقعہ نگاری اور طرز بیان کے متعلق ہوں۔ ان شعرا نے کس طرح کے استعارات وتشبیہات کا استعمال کیا اور میر انیسؔ نے کس طرح ان کو برتا اس کا بھی بیان کیا ہے۔

اس کتاب میں مثنویوں کے حوالے سے بھی رزمیہ مثنوی کا ذکر ملتا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کا ماننا ہے کہ اردو میں رزمیہ مثنوی اب تک وجود میں نہیں آئی ہے۔ سب سے بڑی تحقیق اس میں میر ضمیرؔ کی مثنوی کا ایک نایاب اور قلمی نسخے کا ذکر ہے۔ اس نسخے میں میر ضمیرؔ کے حالات زندگی پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ دوسری اہم بات اس

میں میر ضمیرؔ کس طرح مرثیہ گوئی کی طرف راغب ہو گئے اس کی بھی جانکاری ملتی ہے۔اس مثنوی کے اشعار کی تعداد بقول اکبر حیدری کشمیری 34000 ہزار ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے آخر میں مرثیہ کے آغاز وارتقا پر بھی روشنی ڈالی ہے۔اس میں انھوں نے یونان، فارسی اوراردو زبانوں میں مرثیہ کے آغاز وارتقا پر بحث کی ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے ایک بڑا انکشاف اس کتاب میں علامہ شبلیؔ کے بارے میں کیا ہے ۔ بقول اکبر حیدری کشمیری شبلیؔ نے سید محمد تقی میرؔ کے کلام کو میر تقی میرؔ کا کلام سمجھ کر ان سے منسوب کیا ہے جو کہ غلط ہے۔ اس کی دلیل میں وہ لکھتے ہیں کہ سید محمد تقی میرؔ سوداؔ اور میر تقی میرؔ کے ہم عصر تھے جنھوں نے مرثیہ لکھا ہے۔جس مرثیہ کو علامہ شبلیؔ نے میر تقی میرؔ سے منسوب کیا ہے درا صل اس پر سوداؔ نے شرح لکھی ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے سوداؔ کی شرح سے ایک شعر دلیل کے طور پر نقل کیا ہے۔ملاحظہ کیجیے شعر:

آوارہ فقط تم سے سننے میں آیا　　　کسی میر و میرزا کو کہتے نہ پایا 21؎

اس کے بعد پوری دلیل کے ساتھ اس پر بحث کی گئی ہے کہ کس طرح سے یہ مرثیہ محمد تقی میرؔ کا ہے۔

اس کتاب میں انیسؔ کے اسلوبِ بیان اور زبان پر بحیثیت رزمیہ شاعر پر بھی بحث کی گئی ہے ۔آخر میں میر انیسؔ کی مرثیہ ''جب کربلا میں داخلہ شاہ دیں ہوا'' کو رزمیہ شاعری کے اصولوں پر جانچا گیا۔اس مرثیہ میں دوسو بیالیس بند ہیں جن میں صرف بیس بند ایسے ہیں جن پر بین کا اطلاق ہوتا ہے۔میر انیسؔ کے جملہ کلام میں یہ مرثیہ حجم کے لحاظ سے بہت بڑا ہے۔اس میں امام حسینؓ کے کربلا میں داخل ہونے اور بعد میں جنگ چھڑ جانے کے واقعات نظم کیے گئے ہیں ۔اس مرثیہ کا ہیرو عباسؓ ہے اور دیگر نمایاں کردار اس میں نظر آتے ہیں جن میں امام حسینؓ، حضرت زینبؓ، حضرت سکینہؓ اور زوجہ عباسؓ وغیرہ شامل ہیں۔دشمن کے دو نمایاں کردار ابن رکاب اور عمر سعد ہیں۔میر انیسؔ کی دیگر رزمیہ نظموں کی طرح اس میں رزم نگاری کی جملہ خوبیاں ملتی ہیں مثلاً سفر کی صعوبتیں، گرمی کی شدت، رات کی بھیانک تاریکی، دریا کے قریب خیمہ نصب کرنا، پانی کی تلاش کرنا وغیرہ۔اس مرثیہ میں اکبر حیدری کشمیری نے انیسؔ کی پلاٹ نگاری، کردار نگاری وغیرہ پر مفصل بحث کی اور ثابت کیا کہ یہ پورا کا پورا مرثیہ رزمیہ شاعری سے لیس ہے۔

**(4) تحقیق وانتقاد:۔**

اکبر حیدری کشمیری کی کتاب ''تحقیق وانتقاد'' دسمبر 1966 میں شائع ہوئی ۔ یہ کتاب تحقیقی وتنقیدی

مضامین پر مشتمل ہیں۔اس میں کل مضامین کی تعداد سات (7) ہیں۔جن کے عنوان یوں ہیں:

1۔اردو رزمیہ شاعری
2۔میر ضمیر کی نادر مثنویاں: مظہر العجائب و نسخہ محبت
3۔مثنوی معراج نامہ
4۔اردو انسائیکلو پیڈیا کا ناقدانہ جائزہ
5۔اردو ادب میں طنز و مزاح (سرشار اور اودھ پنچ)
6۔میر انیسؔ کے مرثیے۔رزمیہ، المیہ
7۔اردو لغات اور فرہنگ آثر (ایک جائزہ)

''اردو رزمیہ شاعری''ایک تنقیدی مضمون ہے اور اس میں وہی باتیں دہرائی گئی ہیں جو انھوں نے کتاب''میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر'' میں کہی ہیں۔اس مضمون میں رزمیہ کی وہی مثالیں درج ہیں جو انھوں نے اس کتاب میں دی ہیں۔

''میر ضمیرؔ کی نادر مثنویاں''میں اکبر حیدری کشمیری نے جن مثنویوں کا ذکر کیا ہے ان میں معجزات، مثنوی نسخہ محبت، مظہر العجائب اور مثنوی معراج نامہ ہیں۔انھوں نے ان مثنویوں کے تین مسودوں کو دیکھا ہے۔ان مثنویوں کا ذکر کسی تذکرے میں نہیں ملتا ہے۔میر ضمیرؔ کے استاد شیخ مصحفیؔ نے بھی اپنے تذکرے''ریاض الفصحا'' میں ان مثنویوں کا ذکر نہیں کیا ہے۔جب کہ یہ مصحفیؔ کے چہیتے شاگردوں میں سے تھے۔مثنوی نسخۂ محبت کا کوئی بھی نسخہ دستیاب نہیں ہے۔

مثنوی مظہر العجائب کے کئی قلمی نسخے دستیاب ہوئے ہیں۔اس کا ایک نسخہ رضا لائبریری رام پور میں ہے۔یہ 1273ھ میں تحریر ہوا ہے۔دوسرا نسخہ لکھنو یونی ورسٹی میں موجود ہے۔یہ بھی 1273ھ میں تحریر ہوا ہے۔یہ دونوں نسخے نامکمل ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق ان کو جو نسخہ ملا ہے وہ ہر لحاظ سے مکمل ہے۔اس کی کتابت 1274ھ میں شروع کی گئی تھی۔اس نسخہ میں ایک قطعہ ہے جس سے اس مثنوی کا سن تصنیف 1244ھ نکلتا ہے۔بقول اکبر حیدری کشمیری یہ مثنوی دیسی کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھی ہوئی ہے۔جلد اول اور عنوانات سرخ روشنائی میں ہیں۔اوراق کی تعداد 194 ہے۔ابتدا کا ایک ورق غائب ہے۔دوسرا ورق بعد میں لکھ کر لگایا گیا ہے۔خط نستعلیق معمولی مسطر 11 سطری، ناپ 75+55 سنٹی میٹر ہے۔اکبر حیدری کشمیری کے پاس جو نسخہ تھا اس کے آغاز میں مثنوی کے پہلے ہی صفحہ پر درج ذیل عبارت موجود ہے:

''شروع تحریر مثنوی میاں ضمیرؔ صاحب مرحوم مغفور بروز پنجشنبہ بتاریخ ششم ماہ جمادی الاول سنہ یک ہزار و دو صد و ہفتاد و چہار ہجری بنوی کردہ شد۔''[22]

اس عبارت کے مطابق میر ضمیر کے انتقال کے صرف دو سال کے بعد ہی اس کی کتابت شروع کر دی گئی تھی۔مثنوی کے خاتمہ پر ''تمام شد'' کے بعد ترقیمہ لکھا ہوا ہے۔اکبر حیدری کشمیری اس مثنوی کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

''یہ مثنوی بحر خفیف مسدس مجنون ،مخذوف الآخر یا مقصور الآخر میں لکھی گئی ہے۔وزن یہ ہے
،فاعلاتن،مفاعلن ،فعلن یا فعلان'' 23؎

اس مثنوی میں میر ضمیر نے رسول خداؐ اور علی مرتضیٰؓ کے اہم معجزات کو ایک سلسلے کے ساتھ مربوط کڑیوں میں نظم کیا ہے۔مظہر العجائب مثنوی میں معجزات نظم کیے گئے ہیں۔لوگ ان معجزات کو حقیقت سمجھیں یا انھیں افسانوں سے تعبیر کریں اور یہ کہہ کر اعتراض کریں کہ ان کی استنادی اور تاریخی حیثیت کمزور ہے۔بقول اکبر حیدری کشمیری ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ معجزات محض افسانے نہیں ہیں۔ بلکہ شاعر نے انھیں معتبر اور مستند ذرائع سے نظم کیا ہے۔مظہر العجائب کی ابتدا میں حمد ونعت نیز حضرت علیؓ ،حضرت فاطمہؓ،حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کی منقبت میں 154 شعر ہیں۔

''مثنوی معراج نامہ'' مذہبی مثنوی ہے یہ مثنوی نصرالدین حیدر بادشاہ اودھ 28 ربیع الاول 1243ھ مطابق 13/ اکتوبر 1827 کے حکم سے لکھی گئی تھی۔اور 1247ھ مطابق 1831 میں مکمل ہوئی۔اس مثنوی کے کئی نسخے موجود ہیں ۔ ایک نسخہ رام پور رضا لائبریری میں ہے دوسرا مسعود حسن رضوی ادیب کی ملکیت میں ہے۔اور ایک نسخہ ادبیات اردو حیدرآباد کے کتب خانے میں موجود ہے ۔لیکن یہ سب کے سب نامکمل ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق،ان کی ملکیت میں جو نسخہ ہے وہ مکمل نسخہ ہے۔اس مثنوی کے بارے میں اکبر حیدری کشمیری یوں لکھتے ہیں:

''میرے نسخے میں حمد باری تعالیٰ کے دس شعر ہیں۔درنعت جناب محمد مصطفیٰ نو شعر۔درمنقبت تاجدار اہل اتیٰ یعنی علی مرتضیٰ دس شعر،در مدح بنت رسول جناب بتول فاطمہ الزہرا سیدہ النساء نو شعر،اور در مدح پاک امام مسموم و امام مظلوم و ذکر باقی آتمہ 23 شعر۔اس طرح مثنوی میں حمد و نعت و مناقبت کے 61 شعر ہیں۔'' 24؎

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد کا نسخہ ناقص الاول ہے اس میں کسی بھی جگہ بادشاہ نصیرالدین کا نام صاف طور پر نہیں لکھا گیا ہے۔ابتدا میں اس کی بہت سے ادبیات تلف ہوگی ہیں۔رام پور کا نسخے میں اوراق کی کل تعداد 37 ہے اور اشعار کی تعداد 1690 ہے۔سن تصنیف بالکل غائب ہے۔انھوں نے اس نسخہ کی تفصیل یوں لکھی ہے:

''میرے نسخے میں اوراق کی تعداد 86 اور اشعار کی تعداد 1783 ہے۔ جہاں رضا لائبریری رام پور کے نسخے کا آخری شعر یہ ہے۔

دکھا خندۂ جام فرحت فزا  کہ خود ست ہو اور ہمیں بھی چھکا

میرے نسخہ میں اس شعر کے علاوہ اور بھی 86 شعر ہیں۔ 25؎

اکبر حیدری کشمیری میر ضمیرؔ کو اردو کے پہلے رزمیہ اور اخلاقی شاعر قرار دیتے ہیں۔ انھوں نے میر ضمیرؔ کے مثنوی کو فارسی مثنوی کے مد مقابل کھڑا کیا ہے۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''میر ضمیرؔ اردو کے سب سے پہلے شاعر ہیں جنھوں نے رزمیہ اور اخلاقی مضامین سے اردو مثنوی کا دامن وسیع کر دیا۔ اور اسے فارسی مثنوی کے مقابلہ میں لا کھڑا کیا۔'' 26؎

اردو میں میر ضمیرؔ کی معراج نامہ کے علاوہ اور بھی کئی معراج نامے تصنیف ہوئے ہیں، ان میں ''معراج نامہ'' از سید بلاقی یہ 1080ھ میں تصنیف ہوئی۔ ''معراج نامہ'' مصنف مختار، اس کی تاریخ تصنیف 1094ھ اور کتابت 1172ھ ہے۔ مختار عادل شاہی دور کے شاعر تھے۔ ''معراج نامہ'' ابوالحسن قربیؔ کی ہے اس کی تاریخ تصنیف 1140ھ ہے۔ لیکن ان تمام معراج ناموں میں میر ضمیرؔ کے معراج نامہ کو تقدم حاصل ہے۔ ان کے کلام میں سادگی، مضامین میں زورِ کلام فصاحت و بلاغت، تسلسل بیان، تشبیہات وغیرہ کی نمایاں خصوصیات ہیں۔

''مثنوی معجزات'' یہ مثنوی میر ضمیرؔ کی چھوٹی سی مثنوی ہے جو اکبر حیدری کشمیری کے پاس قلمی نسخہ کی صورت میں موجود تھی۔ ان کے مطابق اس کا دوسرا نسخہ (غالباً) کئی دستیاب نہیں ہے۔ اس مثنوی کے نسخہ کے حوالے سے اکبر حیدری کشمیری یوں رقمطراز ہیں:

''یہ مثنوی تقریباً 450 شعر پر مشتمل ہے۔ حمد و نعت بحر متقارب میں 28 شعر میں موجود ہیں۔ اس کے بعد ''در بیان بعض معجزات آنحضرت'' کے عنوان کے تحت 9 معجزات بحر رمل میں لکھے گئے ہیں۔ تعداد شعر 196 ہے۔ ان معجزات کے بعد حضرت علیؑ کی ولادت کے حال میں 64 شعر اور ان کی فضیلت میں 165 شعر بحر متقارب میں لکھے گئے ہیں۔ میری رائے میں یہ میر ضمیرؔ کی دو چھوٹی مثنویاں ہیں۔ جو دو مختلف بحروں میں یعنی متقارب اور رمل میں تحریر کی گئی ہیں۔ ان معجزات کی بنیاد حدیثوں پر رکھی گئی ہیں۔'' 27؎

اس اقتباس سے پتہ چلتا ہے کہ اس مثنوی کی بنیاد حدیثوں پر ہے اور اس کے بحروں کے بارے میں بھی جانکاری حاصل ہوتی ہے۔

**''اردو انسائیکلوپیڈیا کا ناقدانہ جائزہ''**

اردو انسائیکلوپیڈیا پہلی بار 1962 میں چھپی ہے۔اس کتاب کے 7 سات مولفین ہیں۔اس ضخیم تصنیف میں ادب ،تاریخ ،جغرافیہ،سوانح ، سیاسیات ، مذہب ، معاشیات ،علم وفن ،مطالعہ قدرت اور دیگر شعبہ ہائے کے متعلق چھ ہزار سے زائد موضوعات پر نہایت دلچسپ گفتگو کی گئی ہیں۔مولفین نے دیباچے میں جو بھی دعوے کیے ہیں ۔ اکبر حیدری کشمیری نے ان سارے دعوؤں کو سرے سے ہی رد کیا ہے۔جیسے مولفین لکھتے ہیں کہ اردو انسائیکلوپیڈیا ہماری زبان میں اپنی نوعیت کی پہلی حوالہ جاتی کتاب ہے لیکن اکبر حیدری کشمیری ان باتوں کا اعتراض اس طرح کرتے ہیں۔ملاحظہ کیجیے اقتباس:

> ''اول تو یہ ادعا کہ انسائیکلو پیڈیا میں ادب ،تاریخ ،جغرافیہ،سوانح مذاہب ،معاشیات ،معلومات عامہ اور دیگر شعبہ ہائے علم وفن کے متعلق چھ ہزار سے زائد موضوعات پر مستند اور مفید معلومات فراہم کی گئی ہیں۔مبالغہ آرائی پر مبنی ہے۔ان علوم وفنون کا عشر وعشیر بھی کتاب میں شامل نہیں ہے۔شعر وادب ،عروض وبیان ،فن موسیقی ،فنون حربہ اور علم جغرافیہ کے بارے میں کوئی بھی مواد فراہم نہیں کیا گیا ہے ۔ مثال کے طور پر اقسام شاعری جیسے رباعی ،مثنوی ،قصیدہ ، واسوخت ،ہجو اور طنز ومزاح پر ایک لفظ بھی نہیں لکھا گیا ہے۔اسی طرح نثر نگاری میں افسانہ ،تنقید ،خطوط اور مضمون نویسی کے بارے میں مولفین چپ سادھ بیٹھے ہیں۔ پوری کتاب میں غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ جو تاریخی واقعات بیان گئے گئے ہیں۔ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو حقیقت سے کوسوں دور ہیں۔غرض کہ جو کچھ بھی مولفین نے انسائیکلو پیڈیا میں بیان کیا ہے۔اس کی ایک ایک بات محتاج سند ہے۔اپنے بیانات کی تائید میں انھوں نے ایک کتاب کا بھی حوالہ نہیں دیا ہے۔اب یہ باور کیسے کیا جاسکے گا کہ جو کچھ اس کتاب میں درج کیا گیا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے۔'' 28ے

اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب کا جو جائزہ لیا ہے وہ قابل تعریف ہے۔کیوں کہ انسائیکلو پیڈیا سے مراد ایسی کتاب ہے جس میں ادبا ،علما ،شعرا ،ملوک وامرا اور دنیا بھر کی مختلف اشیا اور علوم وفنون کے متعلق معتبر ومستند شواہد پر مفصل بحث ہو۔کسی تصنیف کی اہلیت واہمیت کی اولین شرط یہ ہے کہ مصنف کو زبان وبیان پر پوری قدرت حاصل ہونی چاہئے۔اس کا مطالعہ بے حد وسیع ہو،اور تحقیق وتنقید کے میدان کا شاہ سوار ہونا بھی ضروری ہے۔ جو بھی وہ لکھے بڑی صداقت اور دیانتداری سے لکھے۔اس کا ایک ایک لفظ ،ایک معتبر اور صحت وسند کی کسوٹی پر

پورا اترے۔کسی بھی کتاب کو رقم کرنے کے لیے اصول وضوابط ہوتے ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کا اعتراض ہے کہ اس کتاب کے مولفین کا سرسری اور سطحی مطالعے سے جن نقائص کی طرف ہمارا ذہن ہوجاتا ہے۔اور جو باتیں اپنی طرف کھینچتی ہے۔اس تناظر میں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''ا۔اس کے اکثر تذکرے نامکمل اور تشنہ ہیں۔حسب ذیل اشخاص قابل ذکر ہیں۔ناصر خسرو، میر تقی میر، میر انیس، آزاد بلگرامی۔

۲۔بعض ادیبوں میں مشہور تصنیفات کا ذکر سرے سے ہی نہیں کیا گیا مثلاً امیر خسرو، ناصر خسرو، انشا، میر تقی میر، جلال لکھنوی، جوش ملیح آبادی، عبارت بریلوی، چیخوف، جنید بغدادی، گیسودراز۔

۳۔تمام اہم اور اعلیٰ پایہ کی کتابوں میں عام طور پر یہ طریقہ مروج ہے۔کہ جو شخص جس نام سے زیادہ مشہور ہوتا ہے۔عام سہولیت کے لیے اس کا نام یا تخلص اسی ردیف میں لکھ دیا جاتا ہے۔مگر اردو انسائیکلوپیڈیا میں معاملہ اس کے برعکس ہے۔

مثال کے طور پر ''س'' کی ردیف میں ص۔895 پر ابوالعباس سفاح کا تذکرہ کرنا چاہتے تھے۔یہاں نہیں کیا گیا ہے۔بلکہ لکھا ہے کہ ''دیکھو ابوالعباس سفاح''[29]

انسائیکلوپیڈیا میں بعض مقامات ایسے بھی ہیں جہاں کئی مرتبہ ایک ہی شخص کا تذکرہ کئی اشخاص کی حیثیت سے کیا گیا ہے۔حالاں کہ وہ ایک ہی شخص کے نام ہیں لیکن مولفین نے عدم واقفیت کی بنا پر مختلف اشخاص کے نام تصور کیے ہیں۔

مولفین انسائیکلوپیڈیا کا یہ کہنا کہ یہ کتاب اردو زبان میں اپنی نوعیت کی پہلی مستند مکمل حوالہ جاتی کتاب ہے۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق آج سے بہت پہلے 1922 میں مولوی نظام الدین حسین معروف بہ نظامی بدایوانی نے قاموس اعشاہیر کے نام سے مشاہیر مشرق کی ایک بیاگرفیکل ڈکشنری دو جلدوں میں مرتب کی تھی، جس میں مشہور شعرا، ادب، ملوک وامرا وغیرہ کے سانحات زندگی، قابل یادگار کارنامے اور تصنیفات و تالیفات وغیرہ کے تذکرے حروف تہجی کے لحاظ سے قلم بند کئے۔دونوں جلدوں میں کم وبیش چھ ہزار مشاہیر کے تذکرے ہیں۔یہ کتاب اپنی نوعیت کی پہلی کتاب حوالہ جاتی ہے۔جو ہر لحاظ سے زیر بحث اردو انسائیکلوپیڈیا کے مقابل میں بہتر ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے کس طرح اس کتاب کا ازالہ کیا ہے غلط بیانی کس طریقہ سے ثابت کی ہے۔اس حوالے سے ان کی دی گئی مثال درج ہے جو یوں ہیں:

''جہلم (دریا) صفحہ 583 دریائے جہلم یہ کوہ ہمالیہ سے نکل کر کشمیر کے علاقہ سے گزر کر پنجاب میں داخل ہوتا ہے۔

حیدری: یہ بیسویں صدی کی جدید تحقیق ہے کہ دریائے جہلم کوہ ہمالیہ سے نکلتا ہے۔'' ایسی تحقیق کا کیا کرے کوئی''

مولفین انسائیکلوپیڈیا کو یہ بھی معلوم ہے کہ دریائے جہلم کہاں سے نکلتا ہے اگر انھوں نے اس بارے میں ذرا سی تحقیق وتدقیق کرنے کی زحمت فرمائی ہوتی یا تیسری جماعت کے جغرافیہ کشمیر کا سرسری اور سطحی مطالعہ کیا ہوتا تو اس طرح بے بنیاد، لغو اور مضحکہ خیز باتیں ان کے زبانِ قلم سے نہ نکلتیں۔

دریائے جہلم کا منبع کشمیر میں چشمہ ویری ناگ ہے۔ یہاں قدیم زمانے میں ''ویر'' چشمہ کو اور ''ناگ'' سانپ کو کہتے تھے۔ ویری ناگ کے متعلق مختلف روایتیں ہیں۔'' 30

اکبر حیدری کشمیری کا کہنا بجا ہے کہ دریائے جہلم ضلع انت ناگ کے ''ویری ناگ'' کے دامن سے رواں ہوتا ہے۔ یہ ویری ناگ جنوبی کشمیر کے ضلع انت ناگ میں واقع ہے۔ ویری ناگ کے کوہ دامن سے برف پگل کر جہلم کی صورت اختیار کرتا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے اس مضمون میں فضل علی فضلی کی تصنیف ''کربل کتھا'' پر بحث کی ہے ان کا ماننا ہے کہ ''کربل کتھا'' کو دہ مجلس کہنا غلط ہے۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''فضلی کی تصنیف ''کربل کتھا'' ہے۔ نہ کہ دہ مجلس۔ انھوں نے دہ مجلس کہیں نہیں لکھا ہے۔ محمد حسین آزاؔد، فرزند احمد صغر بلگرامی، احسن مارہروی، شمس اللہ قادری، نصیر حسین خیاؔل، حامد حسن قادری، ڈاکٹر شجاعت علی، ڈاکٹر اعجاز حسین وغیرہ وغیرہ نے یہ غلط روایت قائم کی ہے کہ فضلی نے ''دہ مجلس'' لکھی تھی۔ کربل کتھا کو دہ مجلس کہنا قطعی غلط ہے۔ اس میں دس مجلس نہیں بلکہ بارہ ہیں۔'' 31

مختصراً ہم کہہ سکتے ہیں اکبر حیدری کشمیری نے غیر جانبداری سے کام لے کر اس کتاب پر تنقید کی ہے۔ انھوں نے جو بھی اختلاف مولفین کے ساتھ رکھا ہے۔ اس کو دلائل کے ذریعے ثابت بھی کیا، تا کہ آنے والے لوگ اس سے گمراہ نہ ہوسکیں۔ انھوں نے جن اغلاط کی نشان دہی کی وہ بالکل صحیح ہیں جن غلطیوں کی نشان دہی انھوں نے کی اس کا صفحہ نمبر دے کر اس کی تصحیح بھی کی ہے۔ انھوں نے اس مضمون میں پچاس 50 غلط بیانیوں کا ازالہ کیا ہے۔

**5۔تحقیقات حیدری:۔**

یہ کتاب 1984 میں نصرت پبلشرز لکھنو سے شائع ہوئی ۔یہ 600 صفحات پر مشتمل ہے۔اس کا انتساب پرنس انجم قدر کے نام سے ہے۔ان کی یہ کتاب پانچ مضامین کا مجموعہ ہے۔جن پر ایک ایک کر کے جائزہ لیا جائے گا۔

**1۔کلیات سوداؔ کے قدیم قلمی اور مطبوعہ نسخے:**

میر شیر علی افسوس اپنی کتاب ''آرائش محفل'' کے دیباچے میں کلیات سوداؔ کی اشاعت کے بارے میں لکھتے ہیں اقتباس یوں ہے:

> ''لیکن بے کار اپنا اس ناکارے کا جو شعار نہیں بنا بر اس کے چند اوقات سر منشۂ شعرا،مرزا رفیع السوداؔ کے کلیات کی صحت میں کاٹی۔از بس کہ وہ کاتبوں کے قلم جہل سے اغلاط (غلط) ہو گیا تھا ۔جیسا چاہیے ویسا صحیح نہ ہوسکا اور نسخہ بھی دوسرا کہ بہ مرثیہ صحیح ہو،بہم نہ پہنچا۔بہ سبب اس کے کہیں کہیں غلط رہ گیا۔بہر صورت اس سے جب فرانمت حاصل ہوئی تب صاحبانِ عالی شان عادل ذاں مسٹر ہارنگٹن بہادر دوم دوستہ نے ترجمہ کرنا خلاصۃ التواریخ کا تجویز کیا۔''32

میر شیر علی افسوس کی عبارت بالا سے ظاہر ہوتا ہے کہ 1805 میں کلیات سوداؔ کلکتہ میں زیر طبع تھا۔گارساں دتاسی کے قول کے مطابق 1803 میں کلکتہ میں اعلان ہوا تھا کہ کلیات سوداؔ تین جلدوں میں زیر طبع تھا۔بقول اکبر حیدری کشمیری اصل بات یہ ہے کہ کلیات سوداؔ مکمل طور سے کلکتہ میں کبھی نہیں چھپا تھا۔شیخ چاند کا یہ کہنا بھی درست نہیں ہے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''سوداؔ کا کلیات سب سے پہلے اس کی وفات کے بائیس سال بعد 1803 میں طبع ہوا۔یہ غالباً وہ نسخہ ہے جس کو شیر علی افسوس نے مرتب کیا تھا۔''33

بلوم ہارٹ کا کہنا بھی غلط ہے کہ کلیات سوداؔ فورٹ ولیم کالج کے اہتمام سے کلکتہ میں 1810 میں شائع ہوا تھا۔(فہرست مخطوطات،ص۔76)

انتخاب سوداؔ کا یہ نسخہ نادر و نایاب ہے لیکن اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق یہ نسخہ ان کی نظر سے گزرا ہے۔وہ اس نسخہ کی تفصیلات اس طرح لکھتے ہیں۔سائز 7″×10″، فی صفحہ 11 سطری،لیتھو ٹائپ،کل صفحات 179،کرم خوردہ۔آگے اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''اس میں غزلوں،مثنویوں اور قصیدوں کا انتخاب ہے۔مرثیہ کوئی نہیں ہے۔انتخاب ناقص اور

غلط ہے۔ پہلے صفحہ میں 5 شعر ہیں۔اسی صفحہ کی پیشانی پر ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' لکھا ہے پھر کوئی ڈھائی انچ خالی چھوڑ کے غزلوں کا انتخاب شروع ہوتا ہے۔نسخہ معتبر اور مستند نہیں ہے۔اس میں وافر مقدار میں الحاقی کلام شامل ہوا ہے۔ یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ سوؔدا کے اکثر و بیشتر نسخوں میں دوسروں کا کلام جگہ پا گیا ہے۔ذیل کی غزلیں جو نسخۂ کلکتہ میں موجود ہیں کلیات سوؔدا کے کسی معتبر نسخے میں نہیں ملتی ہیں۔ یہ سب کی سب میر سوؔز (متوفی 1798) کی ہیں اوران کے چھپے ہوئے دیوان ''اردوئے معلیٰ میر سوؔز نمبر'' مرتبہ خواجہ احمد فارقی مطبوعہ شعبۂ اردو دہلی یونی ورسٹی 1963 میں موجود ہیں۔''

| مطلع النسخۂ کلکتہ | صفحہ | کیفیت |
|---|---|---|
| 1۔جب خیال آتا ہے اس دل میں ترے اطوار کا | 7 شعر،ص۔3 | دیوان میر سوؔز،ص۔147 |
| 2۔نہ رستم اب جہاں میں ہے نہ سام رہ گیا | 3 شعر،ص۔5 | ایضاً، ص۔100 |
| 3۔دیکھ کر جو مر گئے ہیں تیری پوروں پر حنا | 5 شعر،ص۔5 | ایضاً، ص۔126 |
| 4۔کھول گرہ جو غنچے کی تو نے تو کیا عجیب | 5 شعر،ص۔36 | ایضاً، ص۔153 |
| 5۔آرام پھر کہاں ہے جو ہو دل میں جائے حرص | 6 شعر،ص۔36 | ایضاً، ص۔205 |
| 6۔تم جو ہو پاس تو ہے صبح طرب شام نشاط | 6 شعر،ص۔66 | ایضاً، ص213 |

34

آگے اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ نسخۂ کلکتہ میں کچھ غزلیں ایسی ہیں جو کسی اور مطبوعہ نسخے میں نہیں ہیں۔البتہ بعض قلمی نسخوں میں موجود ہیں۔ان کی نظر سے ایک غزل گزری جو اسی نسخے میں موجود ہے۔غزل کا مطلع اس طرح ہے۔

آپ جس کو چاہے اور وہ نہ چاہے دو جواب
دوست اس سے کوئی کیوں کر سنبھاتے دو جواب

خلیق انجم نے اپنی کتاب ''مرزا محمد رفیع سوؔدا'' میں کسی قلمی نسخے سے سوؔدا کے غیر مطبوعہ کلام کا استفادہ نہیں کیا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق اس نسخہ میں غزلوں کے بعد کچھ بیچ کے صفحے غائب ہیں۔ پھر مثنویاں شروع ہوتی ہیں۔پہلی مثنوی صفحہ 139 سے شروع ہوتی ہے۔اس کا کوئی عنوان نہیں ہے پہلا شعر اس طرح ہے:

پھر اس کو جو کوئی سمجھے سو جھومے

قدم آ، حضرتِ سوؔدا کے چومے

(درہجو قبل،ص۔18)

صفحہ 146 میں بغیر نام کا مثنوی ہے۔اس میں 71 شعر ہیں۔پہلا اور آخری شعر اکبر حیدری نے اس طرح لکھا ہے:

مطلع

کیا ہوا یاروہ نسق ہیات
لیموں کے چور کا کٹے بات

مقطع

یہ جو سوؔدا بکے ہے لایعنی
آپ کرتا ہے درزی معنی

(درہجو کوتوال)ص۔18)

کلیات سوؔدا پہلی بار مطبع مصطفائی دہلی سے 1272ھ مطابق 1856 میں چھپا تھا۔یہ نسخہ اب نایاب ہے۔شیخ چاند اور ڈاکٹر خلیق انجم جیسے محققین کو بھی اس کا کوئی نسخہ دستیاب نہیں ہوسکا تھا۔لیکن اکبر حیدری کشمیری کو اس کا ایک مکمل نسخہ اچھی حالت میں ندوۃ العما لکھنؤ کے کتاب خانے میں زیر نمبر 56 ملا تھا۔جس کا سائز 1/2 11 1/2x7 ہے اور اس میں 489 صفحات ہیں۔اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ صفحہ 2 اور 3 میں مطبع کی طرف سے ظہور علی ظہور کا دیباچہ موجود ہے۔اس نسخہ کی پوری تفصیل انھوں نے کتاب کے اس مضمون میں دی ہے۔

نسخۂ آسی بھی اب نایاب ہے۔اس میں شک نہیں کہ کلیات سوؔدا کا یہی نسخہ مروجہ ہے۔یہ نسخہ شدید غلطیوں کا شکار ہوگیا ہے۔اور اس میں وہ الحاقی کلام جوں کا توں موجود ہے جو نسخۂ مصطفائی اور نسخۂ نول کشوری کے قدیم نسخوں میں پایا جاتا ہے۔بہرحال نسخۂ آسی بھی نسخۂ مصطفائی اور نسخۂ نول کشوری کی طرح گمراہ کن ہے۔سب سے پہلے اگر کسی نے سوؔدا کے الحاقی کلام کی نشان دہی کی ہے وہ شیخ چاند تھے وہ لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''ہم نے بہت سا ایسا کلام معلوم کیا ہے جو سوؔز اور سوؔدا دونوں کے دیوانوں میں مشترک ہے یہ چونکہ مقدار میں بہت زیادہ ہے اس لیے اس کا یہاں نقل کرنا یا اس کی تفصیلات پیش کرنا طوالت سے خالی نہیں۔انجمن ترقی اردو کلیات سوؔدا خاص تحقیق سے مرتب کر رہی ہے اس سے یہ بحث بالکل صاف ہوجائے گی۔''[35]

شیخ چاند کی کتاب ''سوداؔ'' سوداؔ پر کیے گئے ہر کام میں اہمیت کا حامل ہے اور یہ سوداؔ پر پہلی مستند اور معیاری کتاب ہے۔ ڈاکٹر خورشید الاسلام نے 1965 میں کلیات سوداؔ کا مختصر انتخابِ کلام کے عنوان سے انجمن ترقی اردو علی گڑھ سے شائع کیا۔ وہ اپنی اس کتاب ''کلام سوداؔ'' میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''اس لیے چارونا چار انڈیا آفیس کے مخطوطہ کا عکس منگوایا یہ وہ نسخہ ہے جسے سوداؔ نے اپنے اہتمام میں لکھوا کر جونسن کو پیش کیا تھا۔ اس نسخہ میں سوداؔ کا سارا کلام نہیں ہے اور ہو بھی نہیں سکتا تھا لیکن عجیب بات یہ ہے کہ اس میں مرثیہ ایک بھی شامل نہیں ہے۔ بہر حال پیش نظر مجموعے کو اس نسخے کی مدد سے تیسری بار درست کیا۔ اور اب غالبًا یہ کہا جاسکتا ہے کہ کم از کم سوداؔ کا بہترین کلام پہلی بار صحت کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔''36

بقول اکبر حیدری کشمیری اگر چہ خورشید الاسلام نے اپنی طرف سے کلیات سوداؔ کے انتخاب کو نسخۂ جونسن اور نسخۂ آسی سے مقابلہ کر کے صحت وصفائی کے ساتھ ترتیب دے کر شائع کیا ہے لیکن اس کے باوجود اس میں الحاقی کلام رہ گیا ہے۔ مثال کے لیے اکبر حیدری کشمیری نے خورشید الاسلام کی کتاب ''کلام سوداؔ'' کے صفحہ نمبر 283 میں ذیل کے دو شعر پیش کیے ہیں:

عشرت سے دو جہاں کی یہ دل ہاتھ دھو سکے
تیرے قدم کو چھوڑ سکے یہ نہ ہو سکے
جس سرزمیں پہ جاکے رووٗں تیری یاد میں
دہقان کچھ اس زمین میں بنجر دل نہ بو سکے

37

یہ دونوں شعر نسخۂ آسی صفحہ 201 جلد اول میں موجود ہیں۔ نسخۂ جونسن یا کسی اور مستند قلمی نسخے میں موجود نہیں ہیں۔ چمنستان شعرا صفحہ 367 میں درج ہے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ عبارت بھی درج ہے۔ ''ایں بیت کہ مذکور شد در دیوان تاباں ہم بہ نظر در آمد''

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق ان اشعار کے علاوہ ''کلام سوداؔ'' میں بہت سے ایسے اشعار انتخاب کے طور پر دیے گئے ہیں جو نسخۂ جونسن اور کسی نسخے میں ان کی نظر سے نہیں گزرے ہیں۔ بعض اشعار آسی سے جوں کے توں غلط نقل کیے گئے ہیں۔

ڈاکٹر خورشید الاسلام کے بعد ڈاکٹر خلیق انجم نے سوداؔ پر ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' کے عنوان سے کتاب لکھی

ہے جو 1966 میں شائع ہوئی ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم نے بڑی جگر کاوی کے ساتھ سوداؔ کے الحاقی اور غیر مطبوعہ کلام کی نشان دہی کی۔ترتیب کتاب میں مرتب نے کئی مستند نسخوں سے استفادہ کیا ہے جن میں نسخۂ حبیب اور نسخۂ جونسن قابل ذکر ہیں۔لیکن پھر بھی ڈاکٹر خلیق انجم سے بعض سوداؔ کے ایسی غزلیں اور اشعار رہ گئے ہیں جو الحاقی کلام ہے۔ ان غزلوں کی تعداد اچھی خاصی ہے۔ان میں ایسی غزلیں بھی ہیں جو میر سوزؔ اور دوسرے ہم عصر شعرا کی ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری نے اس حوالے سے وہ شعر اس کتاب میں درج کیے ہیں جو درج ذیل یوں ہیں:

1۔مجلس سے جب ہو مست وہ اشک بتاں اٹھا 7 شعر
2۔ہوا ہے یار کو یہ اشتیاق آئینہ کا 7 شعر
3۔کب کسی دل سوختہ سے ساز کرتی ہے حنا 6 شعر
4۔مجھ ساتھ تری دوستی جب ہو گئی آخر 7 شعر
5۔اظہارِ سخن کیجئے کیا خاک زمین پر 10 شعر
6۔اٹھے نشہ میں محبت کے خط یار سے خط 9 شعر
7۔مرضی کو آئی چرخ کی بیداد کی طرف 5 شعر
8۔آپ کو تو گو سمجھتا ہے کہ وہ دانا نہیں 9 شعر
9۔خاک وخون میں صورتیں کیا کیا نہ رلیاں دیکھیاں 5 شعر
10۔گردوا کرنی ہے کراے یاروں دو چار میں 7 شعر
11۔آنکھیں بھی اس کی آنکھوں سے گر ٹک ملا کریں 7 شعر
12۔ٹکڑے تو ابھی لعل کے دل بیچ دھرے ہیں 5 شعر [38]

مندرج بالا اشعار ڈاکٹر خلیق انجم نے الحاقی نقل کیے ہیں۔یہ الحاقی اشعار باقی نسخوں میں بھی جوں کے توں موجود ہیں۔

ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی اس کتاب ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' میں صفحہ 529 میں '' تہنیت عید'' کے تحت 11 شعر کا ایک قطعہ غیر مطبوعہ کلام کے طور پر دیا ہے۔جس کا پہلا شعر اس طرح ہے:

صباح عید ہے دل ہیں خوشی سے مالا مال
مئے طرب سے ہیں سب مست اپنے اپنے مال

اکبر حیدری کشمیری اس قطعہ کا غیر مطبوعہ ہونے سے اختلاف رائے کرتے ہیں۔ان کی تحقیق کے مطابق یہ قطعہ مطبوعہ کلیات سوداؔ کے سبھی نسخوں میں موجود ہے۔نسخۂ آسی صفحہ 297 جلد اول میں یہ شعر دیکھے جاسکتے ہیں۔اسی طرح '' قصیدہ تاریخ تہائے مسجد در فارسی'' عنوان کے تحت ڈاکٹر خلیق انجم نے 55 شعر غیر مطبوعہ کلام سوداؔ کے طور پر نقل کیے ہیں۔یہ اشعار بھی مطبوعہ نسخوں میں ملتے ہیں۔اس سلسلے میں نسخۂ آسی صفحہ 327 جلد اول دیکھے سکتے ہیں۔ڈاکٹر خلیق انجم نے اسی طرح صفحہ 512 میں ایک شعر نسخۂ حبیب اور نسخۂ خدا بخش کے حوالے سے غیر مطبوعہ قرار دیا ہے۔شعر یوں ہے:

جب تک ہے جہاں میں گل و گلزار سلامت

یارب وہ رہے گوشۂ دستار سلامت

یہ شعر بھی کلیات سوؔدا کے سبھی مطبوعہ نسخوں میں دستیاب ہے۔نسخۂ آسی جلد اول صفحہ 49 میں بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی اس کتاب ''مرزا محمد رفیع سوؔدا'' میں صفحہ 511 میں ایک غزل کے 5 شعر 46 سے 50 تک نقل کیے ہیں۔غزل کا مطلع یوں ہے:

آہ سوزاں نے کیا داغِ جگر آخر

شمع کا تا بقدم پہنچے ہے سر آخر شب

اس غزل کے ساتھ یہ عبارت بھی درج ہے'' یہ غزل صرف نسخۂ نرائن میں ہے اور کسی نسخہ میں نہیں'' اس کے بعد ڈاکٹر خلیق انجم مقطع کے حاشیے میں لکھتے ہیں:

''اس زمین میں میر سوؔز کی بھی غزل ہے۔مقطع کا دوسرا مصرعہ سوؔز اور سوؔدا دونوں کے ہاں موجود ہے''39

اکبر حیدری کشمیری کا ماننا ہے کہ یہ غزل سوؔدا کے کسی بھی معتبر قلمی نسخے میں ان کی نظروں سے نہیں گزرا ہے۔لیکن اکبر حیدری کشمیری نے بھی کوئی واضح دلیل پیش نہیں کی جس سے ہم اس غزل کو سوؔدا کی نہیں مان سکتے ہیں۔

ڈاکٹر خلیق انجم اپنی اس کتاب کے صفحہ 497-496 میں سوؔدا کی ایک غزل کے تین شعر انعام اللہ خان یقیںؔ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔اکبر حیدری کشمیری اس سے اختلاف کر کے ثابت کرتے ہیں کہ یہ اشعار سوؔدا ہی کے ہیں۔ان کی تحقیق کے مطابق یہ غزل سوؔدا کے تمام مطبوعہ نسخوں اور نسخۂ آسی صفحہ 210 جلد اول میں 9 شعر پر مشتمل ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم نے اس کا تیسرا شعر (خلوت ہو اور شراب) کو ساتواں شعر دکھایا ہے اور مصرعہ اول اس طرح لکھا ہے:

گر ہو شراب و خلوت محبوب خوبرد

ڈاکٹر خلیق انجم کا ماننا ہے کہ یہ غزل نسخۂ جونسن میں موجود نہیں ہے۔اس ضمن میں اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''راقم الحروف کو یہ پوری غزل سوؔدا کے معتبر نسخوں میں نظر سے گزری ہے۔یہ نسخۂ حبیب کے علاوہ نسخۂ جونسن میں بھی 9 شعر میں موجود ہے۔غزل کے یہ تینوں شعر میر کے نکات الشعرا صفحہ 39،تذکرۂ گرویزی صفحہ 79،تذکرۂ میر حسنؔ صفحہ 55،گلشن سخن صفحہ 147،مسرت افزا صفحہ

123 اور طبقات الشعرا صفحہ 135 (شوق رامپوری) میں سوداؔ کے ترجمے میں درج ہیں۔ راقم ان تینوں اشعار بالا کو جنھیں خلیق صاحب الحاقی سمجھتے ہیں سوداؔ کے ہی تسلیم کرتا ہے۔''40

کلیات سوداؔ ''نسخۂ جونسن'' انڈیا آفس لندن میں محفوظ ہے۔ اس نسخہ کی تفصیلات بلوم ہارٹ نے فہرست مخطوطات صفحہ 76 مطبوعہ 1962 میں دی ہیں۔ شیخ چاند، ڈاکٹر خورشید الاسلام اور ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی تحقیقی کام میں اسی سے استفادہ کیا تھا۔ ڈاکٹر محمد حسن نے کلیات سوداؔ 1969 میں شائع کیا۔ ڈاکٹر محمد حسن پیش لفظ کے ابتدا میں لکھتے ہیں:

''کلیات سوداؔ کا وہ نسخہ جو انڈیا آفس میں موجود ہے۔ اسی املا اور رسم خط کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔''41

آگے پھر اس طرح لکھتے ہیں:

''یہ نسخہ چونکہ مطابق اصل شائع کیا جا رہا ہے۔ لہٰذا اس کے املا اور خط خصوصیات کی نشاندہی ضروری نہیں۔ اہل نظر خود مناسب نتیجے نکال لیں گے۔''42

اکبر حیدری کشمیری ڈاکٹر محمد حسن سے اختلاف رائے کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر ڈاکٹر محمد حسن دوسرے معتبر قلمی نسخوں کی مدد سے ترتیب دے کر شائع کرتے تو اردو میں ایک قابل قدر اضافہ ہو جاتا۔ اور پھر محمد حسن کا یہ کام ایک معتبر کام ثابت ہوتا۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''راقم الحروف کا یہ اعتراض بھی دور ہوتا کہ آج تک کسی یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو نے سوداؔ جیسے عظیم شاعر کا دیوان مرتب نہیں کیا۔ برعکس اس کے ڈاکٹر صاحب نے اس پر کام کیے بغیر ہی جوں کا توں شائع کر کے املا اور رسم خط کے اعتبار سے اردو طلبا کو اور بھی الجھن میں ڈال دیا۔ آج کل کے زمانے میں جب لوگ اردو کی سیدھی سادی عبارت کو پڑھ نہیں سکتے ہیں۔ وہ محمد حسن صاحب کے مطبوعہ نسخے کو دیکھ کر اور بھی مایوس ہو جائیں گے۔ راقم کو یقین ہے کہ جس خط اور املا میں یہ چھپا ہے اسے محمد حسن صاحب بھی پڑھ نہیں پائیں گے۔ نسخہ انڈیا آفس کی کتاب دو سو سال پہلے کی ہے یہ بات سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ اسی املا اور رسم خط میں شائع کر کے اس سے سوداؔ شناسی میں کون سا اضافہ ہو سکتا ہے۔ ہاں اگر یہ نسخہ بخط مصنّف ہوتا تو پھر اس کا عکس شائع کرنا چاہیے تھا۔''43

مزید اکبر حیدری کشمیری یہ بھی کہتے ہیں کہ ڈاکٹر محمد حسن کا یہ کہنا بھی غلط ہے کہ انھوں نے اسے ''اسی املا اور رسم خط

میں شائع کیا''

کتاب کے اس مضمون میں انھوں نے ان غلط بیانیوں کی طرف اشارکیا ہے۔انھوں نے دونوں یعنی اصل نسخۂ رچرڈ جونسن اور ڈاکٹر محمد حسن کے مطبوعہ نسخے میں جو قصیدہ شامل ہے ان دونوں سے کچھ مثالیں پیش کی ہے جس میں املااور رسم خط میں فرق پایا جاتا ہے۔ان کی نشان دہی کتاب کے صفحہ نمبر 49 میں اس طرح کی گئی ہے۔ملاحظہ کیجیے اقتباس:

| | | اصل نسخہ | نسخۂ محمد حسن |
|---|---|---|---|
| '' | | | |
| شعر نمبر8 | مصرعہ اول | ھہیں | ہیں |
| شعر نمبر10 | ایضاً | کسطرح | کس طرح |
| شعر نمبر17 | ایضاً | خونمیں | خون میں |
| شعر نمبر17 | مصرعہ دوم | اسطرح | اس طرح |
| شعر نمبر23 | ایضاً | جبتلک | جب تلک'' 44 |

ڈاکٹر محمد حسن کی رائے ہے کہ سوداؔ نے نسخۂ جونسن 1192ھ میں مرتب کر کے جونسن کو پیش کیا تھا۔ڈاکٹر محمد حسن اس طرح لکھتے ہیں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''انڈیا آفس کا مخطوطہ 1192 ہجری کا مرتب کردہ ہے جو اس نسخہ میں موجود مندرجہ ذیل قطعۂ تاریخ سے برآمد ہوتا ہے۔

تاج اقبال سر پہ ہے اس کے
کہہ کہ'' ہے فخر مادرِ ایام''

45

اس اقتباس سے اکبر حیدری کشمیری اختلاف رائے رکھتے ہوئے کہتے ہیں کہ محمد حسن نے جونسخۂ جونسن کی تاریخ اس قطعہ سے نکالی ہے وہ غلط ہے۔اس تناظر میں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''معلوم ہوتا ہے کہ محمد حسن صاحب تاریخ گوئی اور تحقیق کے فن سے ناواقف ہیں۔انھوں نے قطعہ تاریخ کو بغور نہیں پڑھا ہے۔یہ تاریخ سوداؔ نے نواب آصف الدولہ کے صاحبزادے کی ولادت کے سلسلے میں 1192ھ میں 13 شعر میں کہی تھی۔اس کے نیچے 1192 کے عداد

لکھے گئے ہیں اس لیے موصوف نے بغیر غور وفکر کے یہی اعداد اپنے مطبوعہ نسخے صفحہ 390 میں نقل کیے ہیں اور پھر قطعیت کے ساتھ یہ رائے قائم کی کہ زیر نظر نسخہ 1192 ہجری میں مرتب کیا گیا ہے۔'' 46

اکبر حیدری کشمیری کا ماننا ہے کہ نسخۂ جونسن 1193ھ یا اس کے بعد مرتب اور مکمل کیا گیا تھا کیوں کہ اس میں کئی تاریخیں ہیں جن سے 1193ھ کا سال ہجری برآمد ہوتا ہے۔ نواب آصف الدولہ بہادر نے صاحبزادے کی تاریخ ولادت کے پانچ شعر کہے تھے جو یوں ہے:

کہی تاریخ میں تولد کی　　　اعتقاد اپنے لائق انعام
لیک بعد از حساب کے اس میں　　　پایا ایک سال کی کمی کا قیام
لیا اندیشہ نے کہ کیونکہ اسے　　　پڑھے جا کر حضور میں یہ غلام
تھا اسی فکر و سوچ میں کہ مجھے　　　ہوا حق کی طرف سے یہ الہام
تاج اقبال سر پہ ہے اس کے　　　کہہ کہ ''ہے فخر مادر ایام　　　47

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق ''فخر مادر ایام'' مادۂ تاریخ ہے جس سے 1192ھ کے اعداد نکلتے ہیں۔ چوں کہ سوداؔ نے اوپر ایک سال کی کمی کا اظہار کیا لہٰذا ''تارج اقبال'' یعنی الف کا ایک اعداد بڑھایا جائے تو کمی پوری ہو جاتی ہے۔ اور اس طرح نواب زادے کی تاریخ ولادت 1192ھ کے بجائے 1193ھ صحیح نکلتی ہے۔ اسی طرح محمد حسن نے نسخۂ جونسن کا وہ تیاری عَلم کا قطعۂ تاریخ بھی نہیں دیکھا شاید جو سوداؔ نے نواب حسن رضا خان کے امام باڑے میں علم کی تیاری میں کہا تھا۔ کیوں کہ امام باڑے میں 1193 رقم کیا ہے:

سال تاریخ اس علم کی ہے یہ　　　سر تیرے سایہ اس علم کا ہے

بقول اکبر حیدری کشمیری نسخۂ جونسن میں مادۂ تاریخ کے نیچے اعداد لکھے گئے ہیں اس لیے محمد حسن نے اس پر غور کرنے کی زحمت ہی نہیں کی۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق جو تاریخ راجہ ٹکیٹ رائے کے باغ کی تعمیر کے سلسلے میں کہی گئی تھی۔ اس میں بھی 1193ھ ہی نکلتا ہے۔ انھوں نے وہ قطعہ تاریخ اپنی کتاب کے صفحہ 51 میں درج کی ہے جو یوں ہے:

ٹکیٹ رائے مہاراجہ ساخت بستانے　　　چنانکہ گلشن فردوس ہم بوے نرسد
چو امر گشت مرا بہر سال تاریخیں　　　خوش رسید کہ اورا سرورے مے نرسد
سر عددے بہارش بریدم و گفتم

بگلشن تو آ الٰہی گزید دے نرسد (1263ھ)

1263ھ کے اعداد میں ''سرعدد'' کے ''ع'' کے 70 عدد کم کیے جائیں تو صحیح تاریخ (1263-70)=1193ھ نکلتی ہے۔

راقم الحروف کی رائے میں یہ نسخہ 1193ھ اور 1195ھ کے درمیان رچرڈ جونسن کو پیش کیا گیا تھا۔'' 48

ڈاکٹر محمد حسن کے مطبوعہ نسخۂ جونسن سے اکبر حیدری کشمیری نے ایک مثنوی کے حوالے سے اختلافِ رائے پیش کیا ہے جو ''درہجو فدوی'' (بوم و بقال) 114 شعر پر مشتمل ہے۔ جس کو محمد حسن نے سوداؔ کے ساتھ منسوب کیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق یہ مثنوی میر سوداؔ کی نہیں ہوسکتی۔ ان کا کہنا ہے کہ مطلع اور مقطع سے بخوبی شبہ ہوتا ہے کہ یہ مثنوی سوداؔ کی نہیں ہوسکتی۔ اس کے لیے انھوں نے چند شعر وضاحت کے لیے نقل کیے۔ نسخۂ کلکتہ میں اس مثنوی میں غلطی سے سوداؔ کا تخلص ڈالا گیا ہے۔ اگر یہ واقعی سوداؔ کی ہی ہوتی تو پھر ''حضرت سوداؔ تلک جو میرے استاد ہیں'' سے کیا مطلب ہے؟ اور نسخۂ رچرڈسن اور دوسرے قلمی نسخوں میں مقطع شیداؔ تخلص درج نہیں ہوتا۔ مطبوعہ نسخوں میں بھی شیداؔ ہی درج ہے۔ میر حسنؔ (تذکرۂ شعرائے ہندی مرتب اکبر حیدری کشمیری، صفحہ 224)، علی ابراہیم خان خلیل (گلزار ابراہیم، صفحہ 190) اور ابوالحسن امیر الدین (مسرت افزا، صفحہ 137)، جیسے تذکرہ نگاروں نے اپنے تذکروں میں اس مثنوی کو میر فتح علی شیداؔ شاگرد سوداؔ کی تصنیف قرار دیا ہے اور موضوع کی مناسبت سے اس کا نام ''قصۂ بقال دوم'' بھی لکھا ہے۔ بقول قاسمؔ اقتباس:

''فدوی لاہوری ''بقال پسرے بود'' 49

اکبر حیدری کشمیری نے، میر حسنؔ، علی ابراہیم خان خلیلؔ، شیخ چاندؔ اور خلیق انجم کے ساتھ تسلیم کیا ہے کہ یہ مثنوی شیداؔ کی ہی ہے۔ لیکن قاضی عبدالودودؔ اسے سوداؔ کی ہی مانتے ہیں۔ اسی طرح سے مثنوی مرزا فیضو کو بیانؔ کی مثنوی قرار دیا ہے۔ جو کسی حد تک صحیح معلوم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر خلیل اپنے ایک مضمون میں نسخۂ جونسن کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

''یہ دیوان چونکہ خود سوداؔ کے ایما سے اور ان کی نگرانی میں تحریر ہوا تھا اور اس زمانے کے ممتاز رکنِ حکومت یعنی رچرڈ جونسن کو پیش کیا گیا تھا۔ اس وجہ سے اس کا امکان بالکل نہیں ہے کہ اس میں کسی دوسرے ہمعصر شاعر کا کلام شامل کرلیا گیا ہو یا ہوگیا ہو۔ چنانچہ الحاقی کلام اس میں یکسر موجود نہیں ہے اور جو کچھ ہے وہ سب ہر لحاظ سے قابل اعتماد ہے۔'' 50

مندرجہ بالا مضمون کے اس اقتباس کی کیا حقیقت ہے۔ اگر ہم مثنوی ''بوم و بقال'' (در ہجو فدوی) کی بات کریں جو نسخۂ جونسن میں شامل ہے اور جو الحاقی مثنوی ثابت ہوئی ہے۔ اس حوالے سے ہم نسخۂ جونسن کے بارے میں شیخ چاند کی رائے پر نظر ڈالتے ہیں۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''کاتب نے شروع میں دو جملے لکھے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ میر حسین نامی کسی شخص نے یہ دیوان جونسن کی نذر کیا تھا۔ وہ جملے یہ ہیں:
>
> ا۔ دیوان مرزا رفیع سوؔدا گزرائیندہ میر حسین صاحب در بلدۂ لکھنو داخل کتاب خانۂ سرکار شد۔
>
> ۲۔ دیوان سرکار نواب صاحب ممتاز الدولہ مفتخر الملک حسام جنگ مسٹر رچاڈ جانسن صاحب بہادر دام اقبالہ'' 51

اس اقتباس سے بات صاف طور سے واضح ہو جاتی ہے کہ نسخۂ جونسن الحاقی کلام سے یکسر خالی نہیں ہو سکتا ہے۔

کلیات سوؔدا نسخۂ مصطفائی کے علاوہ تمام مطبوعہ کلیات میں سوؔدا کے 13 سلام اور 91 مراثی شامل ہیں۔ ان میں سے 18 مرثیے ایسے ہیں جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ یہ مہربانؔ خان رند کے ہیں ان میں ''مہربان'' تخلص ہی درج ہے۔ تذکروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ مہربانؔ بھی مرثیہ کہتے تھے۔ مصحفیؔ نے بھی اپنے تذکرۂ ہندی میں اس کا ذکر کیا ہے۔

بقول اکبر حیدری کشمیری جس طرح سوؔدا کی غزلوں اور مثنویوں میں الحاقی کلام بکثرت شامل ہو گیا ہے اسی طرح مرثیوں میں بھی یہ عنصر آ گیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کے ساتھ ساتھ شیخ چاند بھی اس کا ذکر کر چکے ہیں کہ کلیات سوؔدا کے اکثر مرثیوں کا تخلص مہربانؔ کے نام سے ہے۔ میر حسنؔ نے اپنے تذکرے میں یہ لکھا ہے کہ مہربانؔ خان غزل میں رندؔ اور مرثیے میں مہربان تخلص کرتے تھے۔ اور مرثیہ گوئی میں ہم رنگ سوؔدا تھے۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''.....در مرثیہ گوئی ہمرنگ مرزا رفیع سوؔدا......در غزل رندؔ تخلص می کند و در مرثیہ مہربان'' 52

اکبر حیدری کشمیری نے غزل، مثنویوں اور مرثیوں پر روشنی ڈالی ہے۔ اس مضمون میں انھوں نے ان اشعاروں کو پیش کیا جو الحاقی کلام ہے۔ اس میں انھوں نے یہ بھی پیش کیا کہ کون کون سا الحاقی شعر ہے اور وہ کس شاعر کا کلام ہے۔ انھوں نے ان سب باتوں کا ذکر بڑی تحقیقی دعوؤں کے ساتھ ساتھ مستند حوالوں اور ثبوتوں سے پیش کیا ہے۔ انھوں نے ردیف وار الحاقی شعروں کی نشاندہی کی ہے۔ انھوں نے وہ اشعار بھی قیاساً الحاقی قرار دے ہیں جو قلمی نسخوں میں دستیاب نہیں ہیں بلکہ صرف مطبوعہ نسخوں میں ہی ملتے ہیں۔

### ''کلیاتِ ہوسؔ اور مثنوی گل وصنوبر (غیر مطبوعہ)''

نواب مرزا محمد تقی خان تخلص ہوسؔ ایک اچھے شاعر تھے ان کے بارے میں تذکرہ نگاروں نے بہت محدود لکھا ہے۔ مصحفی نے اور لوگوں کے مقابلے میں ان کا بارے میں قدرے تفصیل سے لکھا ہے (ریاض الفصحا)۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس مضمون میں ہوسؔ کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی اور اس کے بعد ان کے خاندان پر بھی گفتگو کی ہے۔

کلیاتِ ہوسؔ کا ایک مخطوطہ جو شاہان اودھ کے کتاب خانوں میں تھا جس کی تفصیل ڈاکٹر اسپرنگر نے دی۔ ابتدا میں بادشاہ غازی الدین حیدر کی مدح میں قصیدہ ہے۔ قصیدہ 24 صفحات پر ہے۔ ہر صفحہ میں 12 شعر ہیں۔ اس کے بعد 225 صفحوں میں غزلیں ہیں۔ ہر صفحہ میں 14 شعر درج ہیں۔ غزلوں کے بعد مثنوی لیلیٰ مجنوں 128 صفحوں میں ہیں۔ ہر صفحہ میں 16 شعر ہیں۔ اس کا ایک عمدہ نسخہ موتی محل میں بھی موجود تھا۔ اکبر حیدری کشمیری نے جن دوسرے نسخوں کا ذکر کیا ہے وہ یوں ہے:

1۔ قومی عجائب گھر، کراچی میں کلیات ہوسؔ کا ایک ناقص نسخہ 15x26 سنٹی میٹر کا 173 اوراق پر مشتمل ہے جس کی تاریخ کیابت 1288ھ درج ہے۔

2۔ نسخۂ کتب خانہ سالار جنگ حیدر آباد میں فہرست نمبر 552، لائبریری نمبر 550، سائز 1/2"8x1/2"5، سطور 11، خط نستعلیق۔ اس دیوان میں ردیف وار غزلیات موجود ہیں اور کوئی دوسری صنفِ کلام نہیں۔ تاریخ کتابت 25/ جمادی الاول 1244ھ ہے۔

3۔ نسخۂ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد میں فہرست نمبر 56، لائبریری ''دواوین 319'' دیوان سائز "9x"6، صفحات 250، سطور 12، خط نستعلیق۔ اس میں قصائد، غزلیات، مخمس، منظوم خطوط اور رباعیات شامل ہیں۔ اس نسخہ میں مثنوی لیلا مجنوں بھی شامل ہے۔

اس کے علاوہ انجمن ترقی اردو ہند اور رامپور کے کتب خانوں میں بھی دیوان ہوسؔ کے نسخے موجود ہیں۔ اور جائزہ مخطوطات اردو مرتبہ مشفق خواجہ کراچی میں نسخۂ محوی، نسخہ عشرت، نسخہ ڈاکٹر محمد حسین اور نسخۂ حسرت موہانی کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق کلیات ہوسؔ نسخۂ محمود آباد، مخطوطہ نمبر 74، سائز "1/2x6"9، اوراق 127، فی صفحہ 13 شعر خط نستعلیق۔ یہ نسخہ ناقص الآخر ہے۔ غزلیات ردیف 'ں' تک ہیں۔ غزلوں کے بعد چند

قصیدے بغیر عنوان کے ہیں۔کلیات ہوسؔ کے دومخطوطے لکھنؤ کے ندوۃ العلما کے کتاب خانے میں موجود ہیں۔نسخۂ ندوہ اول، یہ نسخہ مخطوطہ نمبر 12 کے تحت ہے، سائز "9x"6، اوراق 244، فی صفحہ 13 شعر، خط نستعلیق۔اس میں چند قصیدے بادشاہ غازی الدین حیدر اور بادشاہ نصیرالدین کی تعریف میں ہیں۔یہ قصیدے نسخۂ ثانی میں نہیں ہیں۔نسخۂ اول میں صرف غزلیں ہیں۔نسخۂ ندوہ دوم، یہ مخطوطہ نمبر 13 کے تحت درج ہے۔اور بڑی اہمیت کا حامل ہے۔اس میں ہوسؔ کا وہ کلام بھی شامل ہے جو دیگر نسخوں میں دستیاب نہیں ہے۔سائز "1/2x9"1/2"6، اوراق 44، فی صفحہ 12 اور 13 شعر ہے۔نسخۂ ندوہ کا نسخہ ثانی میں تاریخ کتابت درج نہیں ہے لیکن پرانا نسخہ معلوم ہوتا ہے۔ہوسؔ کے بارے میں جائزہ مخطوطات اردو کے مرتب مشفق خواجہ یوں رقمطراز ہیں:

''ہوسؔ کا مکمل کلام کبھی شائع نہیں ہوا۔سب سے پہلے عمادالملک سید حسین بلگرامی نے 1896 میں آگرے سے سلسلہ مختار اشعار کے تحت ہوسؔ کا انتخاب شائع کیا تھا۔یہی انتخاب بعد میں ایک مجموعے میں بھی شامل تھا جو 1907 میں مدراس سے طبع ہوا تھا۔اس مجموعہ میں ہوسؔ کا کلام صفحہ 80 سے صفحہ 98 تک ہے۔یہ دونوں کتابیں انجمن ترقی اردو کراچی میں موجود ہیں۔مولانا حسرت موہانی نے کانپور سے 1943 میں انتخاب ہوسؔ شائع کیا تھا۔'' 53

اس اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہوسؔ کا پورا کلام شائع ہونے سے رہ گیا تھا۔جن لوگوں نے ان کے کلام پر لکھنے کی کوشش کی وہ بھی پوری طرح سے احاطہ کلام نہیں کر سکے۔اکبر حیدری کشمیری کی رائے بھی ملاحظہ کیجیے:

''مصحفیؔ اور دیگر تذکرہ نویسوں نے ہوسؔ کو صاحب دیوان کہا ہے اور ان لوگوں نے متفقہ رائے میں ان کے کلام کو شاندار الفاظ میں سراہا ہے۔ان کا دیوان ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔راقم الحروف کو اس کے جتنے بھی نسخے دستیاب ہوئے ان میں نسخہ ثانی (ندوہ) مستند اور مکمل ہے۔''

54

نسخۂ ندوہ میں ہوسؔ کے 4 مسدس مرثیے بھی ہیں جن کو اکبر حیدری کشمیری نے (ص۔186) پر نقل کیا ہے۔کلیات ہوسؔ کے نسخۂ ندوہ میں کئی مثنویاں بھی موجود ہیں۔مثنوی لیلیٰ مجنون کا نسخے کا سائز "1/2x6"1/2"9، اوراق 76، تعداد شعر تقریباً 2225۔اس کا ایک نسخہ موتی محل میں بھی تھا۔اس مثنوی کا ذکر سب سے پہلے مصحفیؔ نے ''ریاض الصفحا'' میں کیا ہے۔یہ پہلی بار مطبع مصطفائی کی لکھنؤ میں 1261ھ مطابق 1845 میں متن اور حاشیے کے ساتھ چھپی تھی۔لیلیٰ مجنون کو ہوسؔ نے نواب سعادت علی خان کے زمانے میں 1212ھ مطابق 1797 سے 1221ھ مطابق 1806 تک تصنیف کی تھی۔اس مثنوی میں نواب سعادت علی کی تعریف میں 34 شعر درج

ہیں۔ وہ سب اشعار اکبر حیدری کشمیری کے اس مضمون میں درج ہیں۔نسخۂ ندوہ میں دو اور مثنویاں بھی موجود ہیں۔دونوں مثنویاں غیر مطبوعہ، بغیر نام کے اور خطوط کی شکل میں ہیں۔اکبر حیدری کشمیری نے دونوں مثنویوں کو اپنی کتاب میں رقم کیا ہے۔پہلی مثنوی کے اشعار کی تعداد 37 ہے۔اور دوسری مثنوی 21 اشعار پر مشتمل ہے۔ایک مثنوی کو گیان چند جین نے ''مثنوی شہزادہ گل'' نام رکھا ہے۔گیان چند جین اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''مثنوی شہزادہ گل۔اس مثنوی کا کائی عنوان نہیں۔راقم السطور نے دیوان ہوسؔ کے پانچ مخطوطے دیکھے ان میں سے محض ایک نسخے میں یہ مثنوی ہے لیکن افسوس وہاں بھی ناقص الآخر ہے۔نسخہ مذکور میں مثنوی کے 41 صفحے ہیں۔معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تقریباً نصف داستان باقی ہوگی۔اسپرنگر نے بھی ایک مثنوی مشمولہ دیوان ہوسؔ کا ذکر کیا ہے۔شاید یہی ہوگی۔چوں کہ اس مثنوی میں نصیرالدین حیدر کی مدح ہے اس لیے 1827 کے درمیان کی تصنیف ہے۔''55

گیان چند جین نے اس بے نام مثنوی کا نام ''مثنوی شہزادہ گل'' رکھا تھا۔یہ مثنوی انھیں محمد حسین محوی کے کتاب خانے سے ملی تھی۔اکبر حیدری کشمیری کو یہی مثنوی نسخۂ ندوہ میں ملی۔ان کی تحقیق کے مطابق یہ مثنوی اس نسخہ میں مکمل ہے۔انھوں نے اس کا نام ''مثنوی گل وصنوبر'' رکھا ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''نسخۂ ندوہ میں مثنوی مکمل ہے اور تقریباً ایک ہزار شعر پر مشتمل ہے مخطوطے میں مثنوی کا کوئی عنوان نہیں ہے۔ڈاکٹر جین نے اس کا نام ''شہزادہ گل'' رکھا ہے۔راقم الحروف نے اس کا نام نفس مضمون کے اعتبار سے ''گل وصنوبر'' رکھا ہے۔''56

بقول اکبر حیدری کشمیری مثنوی ''گل وصنوبر'' میر حسنؔ کی سحر البیان کے طرز پر لکھی گئی ہے۔اس کا پلاٹ بھی فرضی محبت پر قائم ہے۔یہ بادشاہ نصیرالدین حیدر کے عہد 1243ھ تا 1253ھ میں تصنیف کی گئی ہے اور ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔موصوف نے زیر نظر کتاب میں یہ مثنوی من وعن نقل کی ہے۔چوں کہ مثنوی خط شکست میں ہے اور بڑی مشکل سے پڑی جاسکتی ہے۔جو شعر آسانی سے نہیں پڑھے گئے یا جو مصرعے غیر موزوں نظر آگیے وہ جوں کے توں لکھے گئے ہیں۔انھوں نے اس مثنوی کو صفحہ 198 سے 245 تک نقل کیا ہے۔

**''واجد علی شاہ اوران کی نایاب تصانیف''**

اس مضمون میں اکبر حیدری کشمیری نے واجد علی شاہ کے حالات زندگی پر روشنی ڈالی ہے۔واجد علی شاہ اخترؔ تخلص کرتے تھے۔یہ ہندستان کے پہلے بادشاہ ہیں جو متعدد کتابوں کے مصنف اور اعلی درجے کے شاعر

تھے۔ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی واجد علی شاہ کی تصنیف و تالیف کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

''واجد علی شاہ کو تصنیف و تالیف کا فطری شوق تھا۔ انھوں نے دو دیوان اور تین مثنویاں اٹھارہ برس کے سن میں تصنیف کیں۔ اور ساری عمر تصنیف و تالیف کا شغل جاری رکھا۔ یہاں تک کہ اردو اور فارسی نظم و نثر میں ان کی کتابوں کی تعداد سو سے اوپر پہنچ گئی۔ لکھنؤ کے عالم شاعر سید علی کامل مصروف بہ مولوی علی میاں نے واجد علی شاہ کی وفات پر دس قطعات تاریخ کہہ.....''57

بقول اکبر حیدری کشمیری واجد علی شاہ نے اپنی کتاب ''بنی'' میں جو 1292ھ کی تصنیف ہے ایک جگہ اپنی چھیالیس کتابوں کے نام لکھے ہیں۔ موصوف نے ان کتابوں کے نام زیر نظر کتاب میں حروف تہجی سے صفحہ 250 پر قلم بند کیے ہیں۔

''نورالانوار'' یہ ہفتہ وار اخبار کانپور سے نکلتا تھا۔ اس اخبار میں واجد علی شاہ کے بارے میں وقتاً فوقتاً خبریں بھی شائع ہوتی تھیں جن سے بادشاہ کے اخلاق و کردار پر روشنی پڑتی ہے۔ اس اخبار کی فائلیں امر سنگھ کالج سری نگر کی لائبریری میں محفوظ ہیں۔ اس اخبار میں جو بھی واجد علی شاہ کے بارے میں لکھا گیا تھا۔ اکبر حیدری کشمیری نے وہ ساری عبارتیں اس کتاب میں شامل کی ہیں۔ اقتباس:

''مورخہ 6 جنوری 1873 نمبر 1 جلد 3 کے صفحہ 6 میں درج ہے

''حال روزہ داری شاہ اودھ''

حضرت محمد واجد علی شاہ اودھ کہ روزہ ماہ رمضان المبارک کا بدون عذر شرعی ترک نہیں فرماتے ہیں۔ بلکہ ترک خامہ فرما کر فقط دعوت ارا کین پر کہ وہ بھی ایک روپیہ سے زیادہ نہ ہو بوجہ کسب ثواب کے اکتفا کرتے ہیں.....''58

اس طرح اکبر حیدری کشمیری نے ان اخباروں کی عبارتیں رقم کی ہیں۔ جن میں واجد علی شاہ کے بارے میں اچھی خاصی جانکاری مہیا ہوتی ہے۔

واجد علی شاہ نے 1265ھ میں فارسی نثر میں ایک معرکے کی کتاب ''عشق نامہ'' کے نام سے لکھی تھی۔ مرزا فدا علی خنجر نے اس کا اردو ترجمہ ''محل خانہ شاہی'' کے نام سے 1914 میں کیا۔ اس کے بعد 1926 اور 1934 میں اس کے دو ایڈیشن نامی پریس لکھنؤ میں چھپے۔ پہلا ایڈیشن ڈاکٹر ذکی کاکوروی کی ملکیت میں ہے اور دوسرا ایڈیشن کتاب کار پبلی کیشنز رامپور نے 1965 میں چھاپا۔

اکبر حیدری کی نظروں سے جو نسخے گزرے وہ یوں ہیں۔

نسخۂ اول۔نمبر مخطوطہ 107 ،سائز"7"x10"1/2،اوراق 217،سطر 9،مکتوبہ 1265 ھ خط نستعلیق۔

نسخۂ دوم ۔ سائز "7"x8، اوراق 267، سطر 12، سال کتابت 21 شعبان 1364 ھ مطابق 29 جولائی 1945۔

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق ''عشق نامہ'' فارسی ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔صرف اس کا ترجمہ شائع ہوا ہے۔موصوف نے زیر نظر کتاب میں،اس تصنیف کی پہلی داستان کو بادشاہ کی تصحیح اور حواشی کے ساتھ من وعن نقل کیا ہے۔اور حاشیے میں بادشاہ کی تصحیح کی وضاحت بھی کی ہے۔

بقول اکبر حیدری کشمیری ''عشق نامہ'' اردو کا دوسرا مکمل نسخہ نہ معلوم جموں وکشمیر کلچرا کادمی سری نگر کے کتاب خانے میں کیسے پہنچا۔اس نسخہ سے معلوم ہوتا ہے کہ واجد علی شاہ نے پہلی مرتبہ جو ''عشق نامہ'' منظوم 1266 ھ میں اردو میں مرتب کیا تھا۔اس میں کئی سال تک اضافہ کرتے رہے۔ ۔مخطوطے کی تفصیل یوں ہے:

نمبر مخطوطہ 109 ،سائز"10"x6"1/2 ،اوراق 88،خط نستعلیق (اردو)،کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے جو اکبر حیدری کی کتاب میں صفحہ 297 سے 298 تک درج ہے۔

اس کتاب میں واجد علی شاہ کے خلاف جو سازش کی گئی تھی اس کو بے نقاب کیا گیا ہے۔جس کے تحت انگریزوں نے ان کو تخت سلطنت سے بے دخل کر دیا تھا۔انگریزوں نے جو عہد نامے نواب شجاع الدولہ کے زمانے سے واجد علی شاہ کے عہد تک کیے تھے اور جن کی انگریزوں نے خلاف ورزی کی تھی۔اس کتاب میں ان واقعات پر مفصل بحث ملتی ہے۔

مکتوبات واجد علی شاہ جو ہنوز غیر مطبوعہ ہیں کیوں کہ پروفیسر مسعود حسن رضوی نے اپنی کتاب'' سلطان عالم واجد علی شاہ'' میں ان مکتوبات کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے جس مخطوطہ کو دیکھا ہے وہ اس طرح ہے۔

''نمبر مخطوطہ 110،سائز"8"x12،صفحات 226،خط نستعلیق۔''

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق یہ واجد علی شاہ کے فارسی مکتوبات کا مجموعہ ہے۔یہ خط معزولی اور حق تلفی کے بعد انھوں نے گورنر جنرل کو وقتاً فوقتاً لکھے تھے۔ یہ سب خط 17 شعبان 1272 ھ مطابق 1856 سے 20 جمادی الاول 1304 ھ مطابق 1886 یعنی مرنے سے ایک سال قبل تک لکھے تھے۔مکتوبات واجد علی شاہ میں 106 خطوط شامل ہیں۔ان خطوط میں واجد علی شاہ نے اپنی خستہ حالی، حکام کے ناروا سلوک، مکانات اور جائیداد نیلامی کرنے

کی داستانیں، انگریزوں کی معاہدہ شکنی، بیگمات کی بے عزتی اور شاہی محلات سے زبردستی نکلوانے کی کاروائی وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

بقول اکبر حیدری کشمیری مکتوبات سرکاری کمپنی بنام واجد علی شاہ، یہ بھی غیر مطبوعہ ہے مخطوطہ نمبر 111، سائز "8"x13۔ یہ ان مکتوبات کا مجموعہ ہے جو وقتاً فوقتاً سرکار کمپنی کی طرف سے واجد علی شاہ کے خطوط کے جواب میں بھیجے گئے تھے۔

''جوہر عروض'' واجد علی شاہ اختر کی فن عروض پر ایک بہترین کتاب ہے۔ اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ کتاب کا نام تاریخی ہے جس سے 1290ھ کا سال برآمد ہوتا ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے 143 نئے اوزان ایجاد کیے ہیں۔ کل صفحات 35 ہیں۔ اس کا نسخہ اکبر حیدری کشمیری کو امر سنگھ کالج سری نگر کشمیر میں ملا۔

**''نکہتؔ دہلوی کی اندر سبھا امانت لکھنوی سے پہلے کی تصنیف''**

نکہت کے حالاتِ زندگی بہت ہی کم معلوم ہوتے ہیں۔ کچھ تذکرہ نگار اس کا اصلی نام نیاز علی بیگ لکھتے ہیں اور کچھ سید نذر علی، اور نثار علی بیگ بتاتے ہیں۔ ڈاکٹر اسپرنگر نے نکہتؔ کا نام نذر علی بیگ لکھا ہے۔ بقول اکبر حیدری کشمیری نیاز علی بیگ ہی درست نام ہے۔ ڈاکٹر گیان چند جین نکہتؔ دہلوی کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''اسٹیٹ لائبریری رامپور میں نکہتؔ دہلوی کی مثنوی فل ومن کا مخطوطہ ہے۔ مرتب فہرست نے ان کا نام نیاز علی بیگ نکہتؔ دہلوی متوفی 1267ھ لکھا ہے۔'' 59

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق رامپور کتاب خانے کی فہرست مخطوطات امتیاز علی عرشی نے مرتب کی ہے۔ ان کی نظر سے نکہتؔ کی تاریخ وفات گزری ہوگی۔ لیکن اکبر حیدری کشمیری گیان چند جین سے اس بات پر اختلاف رائے کرتے ہیں کہ گیان چند جین نے اپنی کتاب میں یوں فرمایا۔

> ''تذکرہ بہار بے خزاں میں اس تخلص کے دو آدمی ہیں۔ ایک نذر علی دوسرا نیاز علی'' 60

اکبر حیدری کشمیری کا کہنا ہے کہ جو مندرجہ بالا عبارت گیان چند جین کی لکھی ہے اس میں غلطی ہوئی ہے۔ کیوں کہ تذکرہ بہار بے خزاں میں نکہت نام کا کوئی تخلص موجود نہیں ہے۔ اگر چہ تذکرہ نویسوں نے نکہتؔ کو صاحب دیوان کہا ہے لیکن ان کا دیوان اور سکندر نامہ کا ترجمہ ریختہ کہیں دستیاب نہیں ہے۔

اندر سبھا کا ایک مخطوطہ راجہ صاحب محمود آباد کے نادر الوجود کتاب خانے میں موجود ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس مخطوطے کی تفصیل اس طرح پیش کی ہے۔

نمبر مخطوطہ 70، سائز 1/2"6"x9"، اوراق 22، سطر 12، خط نستعلیق، سرورق پر ذیل کی عبارت جلی حروف میں لکھی ہوئی ہے۔ ''اندر سبھا نکہت قلمی وغیر مطبوعہ'' اس کے بعد یہ عبارت بھی ملتی ہے۔

''خیال کیا جاتا ہے کہ اندر سبھا امانتؔ سے پہلے کی ہے۔ کیوں کہ نکہت شاہ نصیر کے شاگرد تھے۔'' 61

نکہتؔ کی اندر سبھا کا حوالہ کہیں نہیں گزرا ہے۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ نکہتؔ شاہ نصیر کے شاگرد تھے۔ عمدہ منتخبہ، گلشن بے خار اور خوش معرکہ زیبا وغیرہ میں اسی نکہت کا ترجمہ موجود ہے۔ نکہتؔ دہلوی کا سال ولادت معلوم نہیں ہے کسی تذکرہ نگار نے بھی سن ولادت کے بارے میں نہیں لکھا۔ اکبر حیدری کشمیری یوں رقمطراز ہیں۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''نکہتؔ دہلوی کا سال ولادت معلوم نہیں ہو سکا۔ امانتؔ لکھنوی 1231ھ مطابق 1816 میں پیدا ہوئے تھے اور ان کا انتقال 1275ھ مطابق 1858 میں ہوا۔ اس طرح انھوں نے 44 سال کی عمر پائی تھی۔ نکہتؔ کا ترجمہ تذکرہ نویسوں میں سے سب سے پہلے سرورؔ نے عمدہ منتخبہ میں کیا ہے۔ عمدہ منتخبہ کا سال آغاز 1216ھ مطابق 1800 اور سال اختتام 1224ھ مطابق 1809 قرار دیا گیا ہے۔ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ سرورؔ نے نکہتؔ کا ترجمہ 1224ھ میں لکھا تو اس حساب سے وہ عمدہ منتخبہ کے اختتام کے بعد 43 سال تک زندہ رہے اگر ان کا سال وفات 1267ھ قرار دیا جائے۔ یہ لازمی بات ہے کہ نکہتؔ عمدہ منتخبہ کے سال آغاز سے پہلے پیدا ہوئے تھے۔'' 62

اس اقتباس سے واضح ہو جاتا ہے کہ نکہتؔ نے جو اندر سبھا لکھی وہ امانتؔ لکھنوی سے پہلے کی ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں مسعود حسن رضوی کی وہ فہرست بھی دی ہے جس میں امانتؔ کے شاگردوں کی کتابیں سبھا کے نام سے مشہور ہیں۔ ان میں بھی نکہتؔ کا نام نہیں ہے۔ جو ڈراموں کی فہرست مسعود حسن رضوی نے دی ہے اس میں بھی نکہت کی اندر سبھا کا ذکر نہیں ہے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ نکہتؔ کی اندر سبھا امانت کی اندر سبھا سے پرانی ہے۔ اور یہ نسخہ آج تک لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل رہی ہے۔ اگر یہ ڈراما اسٹیج کیا جاتا تو بڑا کامیاب رہتا۔ اس کا پلاٹ امانت کے مقابلے میں بڑا دلچسپ اور مربوط ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے زیر نظر کتاب میں یہ ڈراما 'اندر سبھا' صفحہ 315 سے 343 تک نقل کیا ہے۔ اس ڈراما کے کردار اس طرح سے ہیں۔ دلبر پری، فرخ پری زاد، صنوبر پری، آسماں پری، اختر پری، خورشید پری، شاہزاد دلآرام، شہزادی دلآرم، شاہ خوش بخت، نور عالم بادشاہ جن، شمشاد دیو اور جوگن وغیرہ ہے۔

''خطوط غالبؔ تحقیق کے آئینے میں''

اکبر حیدری کشمیری نے خطوط غالبؔ پر تحقیقی مضمون قلم بند کیا ہے۔اس سے پہلے خطوط غالبؔ پر بہت سارا کام ہوا ہے۔یہ مضمون ان سے کچھ ہٹ کر ہے۔اس میں انھوں نے پہلی بات مرزا غالبؔ کے خطوط نگاری کے آغاز پر کی۔ کیوں کہ ماہرین غالبیات جیسے قاضی عبدالودود، امتیاز عرشی اور مالک رام وغیرہ نے اس بارے میں کوئی تشفی بخش روشنی نہیں ڈالی۔جس طرح حالیؔ کہتے ہیں:

''مرزا ۱۸۵۰تک ہمیشہ فارسی میں خط وکتابت کیا کرتے تھے۔مگر سنہ مذکورہ میں جب کہ وہ تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کئے گئے اور ہمہ تن مہر نیمروز کے لکھنے میں مصروف ہوگئے اس وقت بہ ضرورت ان کو اردو میں خط وکتابت کرنی پڑی ہوگی۔......انھوں نے غالباً ۵۰ کے بعد سے اردو زبان میں خط لکھنے شروع کئے ہیں۔'' 63

حالیؔ نے غالباً یہ رائے اس لیے قائم کی کہ انھوں نے اردوئے معلیٰ کا جو اڈیشن 1899 میں مرتب کیا اس میں مرزا غالبؔ کا سب سے پرانا خط 6رجنوری 1852 کا مرزا تفتہؔ کے نام لکھا ہوا ہے۔

مولوی مہیش پرشاد کی کتاب ''خطوط غالبؔ'' سے پتہ چلتا ہے کہ مرزا غالبؔ نے 1850 سے قبل اردو میں خط وکتابت شروع کی تھی۔مہیش پرشاد نے اس کتاب میں غالبؔ کا سب سے پرانا خط مرزا تفتہؔ کے نام اگست ر 1849 کا ترتیب دے کر شائع کیا ہے۔بقول مہیش پرشاد اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''مثلاً منشی ھر گوپال ''تفتہ'' کے نام کے پہلے خط کا وقت ''اسعد الاخبار'' آگرہ کے ۲۰راگست ۱۸۴۹کے پرچے سے متعین کیا جاسکا،''اس لیے کہ اس میں منشی صاحب کے دیوان پر مرزا'' غالبؔ'' کی لکھی ہوئی تقریظ کا ذکر ہے۔'' 64

اکبر حیدری کشمیری نے مالک رام کا ایک قول نقل کیا ہے جو یوں ہے:

''گمان غالبؔ ہے کہ انھوں نے (غالبؔ نے) تفتہؔ کو پہلا اردو خط ۱۰رفروری ۱۸۴۹اور جولائی ۱۸۵۰کے درمیان کی تاریخ کو لکھا ہوگا۔لیکن میرا خیال ہے کہ وہ ۱۸۴۹میں اردو میں لکھنا شروع کر چکے تھے۔'' 65

اس اقتباس میں مالک رام 10رفروری 1849 تا جولائی 1850 کے درمیان غالبؔ کی خطوط نگاری کا آغاز بتاتے ہیں لیکن جب مالک رام ''خطوط غالبؔ'' صفحہ 101 کا مطالعہ کیا جاتا ہے تو ظاہر ہوتا ہے کہ اس کتاب کا پہلا خط جو غالبؔ نے منشی نبی بخش حقیرؔ کو لکھا تھا اس خط کا تاریخ 9 مارچ سنہ 1848 لکھا ہوا ہے۔اسی حوالے

سے اکبر حیدری کشمیری نے ''نادرات غالبؔ'' کا ذکر کیا کہ اس میں بھی 9/ مارچ 1848 کی تاریخ درج ہے۔

بہر حال اس بحث سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ مرزا غالبؔ نے خط و کتابت کا آغاز 1848 میں کیا ہے۔لیکن اس معاملہ پر تحقیق کی گنجائش اور بھی ہے کہ انھوں نے باضابطہ اردو میں خط لکھنا کب شروع کیا تھا۔

اکبر حیدری کشمیری نے اس مضمون میں ''مہر غالبؔ'' کے بارے میں بھی بحث کی کہ 1278ھ مطابق 1861 میں چودھری عبدالغفور اور ممتاز علی خان میرٹھی نے مرزا غالبؔ سے اجازت حاصل کیے بغیر ان کے خطوط کو چھاپنے کا ارادہ کیا تھا۔ یہ وہ خطوط تھے جو مرزا غالبؔ نے سرورؔ کے نام لکھے تھے۔سرورؔ نے اپنے خطوط کے ساتھ ساتھ وہ خط بھی ترتیب دیے جو غالبؔ نے صاحب عالم اور شاہ عالم کو لکھے تھے ان سب کی تعداد 31 تھی۔ کیوں کہ سرورؔ کو ترتیب کا کام دیا گیا۔انھوں نے خطوط کے ابتدا میں ایک دیباچہ بھی لکھا اور مجموعہ کا نام ''مہر غالبؔ'' جو تاریخی نام ہے رکھا گیا ہے۔

اس کے بعد ممتاز علی خان نے مسودہ مہر غالبؔ طباعت کے لیے اپنے ساتھ میرٹھ لائے۔طباعت سے پہلے انھیں خیال آیا کہ دوسرے اشخاص کے خطوط غالبؔ تلاش کر کے جمع کیا جائے اور پھر شائع کیا جائے۔اس طرح انھوں نے طباعت کو ملتوی کیا۔خواجہ غلام غوث بے خبر کی وساطت سے مزید خط جمع کیے۔ان کے علاوہ انھوں نے کچھ تقریظیں اور تحریریں بھی حاصل کیں۔غوث بے خبر نے مکاتیب کی جمع و ترتیب کا کام 1861 میں شروع کیا۔ پہلے مرزا غالبؔ خطوط کی اشاعت کے خلاف تھے اب بار بار ان کے چھاپنے کا تقاضا کر رہے تھے۔ کیوں کہ انھوں نے اس ناراضی کا اظہار غوث بے خبر کے نام ایک خط میں کہا تھا۔

اس طرح منشی ممتاز علی خان نے سرورؔ اور غوث بے خبر کے خطوط غالبؔ کے مجموعہ کو ''عود ہندی'' کے نام سے پہلی مرتبہ مطبع مجتبائی میرٹھ سے 10/ رجب 1285ھ مطابق 27/ اکتوبر 1868 کو یعنی غالبؔ کی وفات سے پونے چار ماہ پہلے شائع کیا۔بقول اکبر حیدری کشمیری'' عود ہندی'' 21 مکتوب الیہیوں کے نام اور 162 خطوط پر مشتمل کتاب ہے۔ان مکتوب الیہیوں کے نام زیر نظر کتاب کے صفحہ 353 پر دیے ہیں۔اس کے علاوہ انھوں نے ان لوگوں کے نام بھی گنائیے جنھوں نے خطوط غالبؔ کو مرتب کیا ہے۔ان مرتبین کی کتابوں پر روشنی بھی ڈالی ہے۔جن میں غلام رسول مہرؔ نے عود ہندی اور اردوئے معلٰی کے تمام خطوط دو جلدوں میں مرتب کر کے 1951 میں ''خطوط غالب'' کے نام سے شائع کیے ہیں۔لیکن اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق انھوں نے اس میں رسا ہمدانیؔ کی کتاب'' نادر خطوط غالبؔ'' کے جعلی خطوط بھی شامل کیے ہیں۔جن کی تفصیل اس طرح ہے:

| | |
|---|---|
| نادر خطوط غالبؔ مرتبہ رسا ہمدانیؔ | خطوط غالبؔ مرتبہ غلام رسول مہرؔ کتاب منزل |
| لاہور 1968 | |
| 1۔خط نمبر 6 صفحہ 31 بنام کرامت ہمدانی | صفحہ 580 |
| 2۔خط نمبر 22 صفحہ 54 | صفحہ 526 |
| 3۔خط نمبر 23 صفحہ 55 | صفحہ 526 |
| 4۔خط نمبر 7 صفحہ 35 | صفحہ 369 حصہ دوم کتاب منزل 1951 |

**(6) اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا:۔**

اکبر حیدری کشمیری کا ڈی۔لٹ کا مقالہ ''اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا'' ہے۔انھوں نے اس میں اودھ کی مرثیے نگاری کی تاریخ درج کی ہے۔اس کتاب میں کل آٹھ باب قائم کیے گئے ہیں۔پہلے باب میں مرثیہ کی صنفی تعریف اور عصری حکومت کے بارے میں روشنی ڈالی گئی ہے۔باب دوم سے آٹھواں باب تک اودھ مرثیہ نگاروں پر الگ الگ دور کے حساب سے تقسیم کیا گیا ہے جیسے دوسرے باب میں اودھ کے ابتدائی مرثیہ نگار یعنی پہلا دور،سوداؔ،مہربانؔ،میرؔ،جراتؔ،مصحفیؔ،ضاحکؔ،میر حسنؔ اور میر شیر علی افسوسؔ۔تیسرے باب (دوسرے دور) میں سکندرؔ،حیدریؔ،افسردہؔ،گداؔ،احسانؔ،ناظمؔ اور مقبلؔ۔چوتھے باب میں صرف میر خلیقؔ کا ذکر ملتا ہے۔پانچویں باب میں میر ضمیرؔ اور چھٹے باب میں میاں دلگیرؔ،مرزا فصیحؔ کا ذکر ملتا ہے۔اس طرح ساتویں باب اور آٹھویں باب میں مرزا دبیرؔ اور میر انیسؔ کی رزم نگاری پر بحث کی گئی ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے ان سب مرثیہ نگاروں پر مفصل بحث کی اور ان کے غیر مطبوعہ اور الحاقی مرثیوں کی بھی نشان دہی کی ہے۔یہاں ان مرثیہ نگاروں پر ایک ایک کر کے ان کے غیر مطبوعہ اور منسوبِ کلام پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی جائے گی۔سب سے پہلے مرزا رفیع سوداؔ،کلیات سوداؔ کے مطبوعہ نسخوں میں 91 مراثی اور 12 سلام ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق ان میں 18 مراثی ایسے ہیں جن میں مہربانؔ کا تخلص درج ہے۔جن کو سوداؔ کے ساتھ منسوب کیا جاتا ہے۔جن کی تفصیل یوں ہیں۔

| کلیات سوداؔ جلد دوم مرتبہ آسی | | کلیات سوداؔ جلد دوم مرتب ڈاکٹر محمد حسن |
|---|---|---|
| ا۔کہتا ہے غم ہمیں نہ کسی دم سے پوچھتے | 109۔ص | 195۔ص |
| ۲۔لگا وطن سے جو ہونے رواں حسین غریب | 209۔ص | 501۔ص |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۔کرتی ہیں بانو یہ زاری یا رسول | 222۔ص | 515۔ص |
| ۴۔غم ہے مجنوں حسن و دل عالم وادی | 223۔ص | 517۔ص |
| ۵۔گیا گودی میں جب مرجھائے اصغر | 225۔ص | 519۔ص |
| ۶۔مقبول حق ہے جس کو کچھ غم حسن کا ہے | 227۔ص | 520۔ص |
| ۷۔ہائے دے حیدر کے پیارے کیا ہوئے | 230۔ص | 524۔ص |
| ۸۔سن اے گردوں اگر تو دوں نہ ہوتا | 232۔ص | 526۔ص |
| ۹۔ہے ایک روایت زادایات پر از غم | 238۔ص | 534۔ص |
| ۱۰۔کافراں آل محمد پر تم کیا کہتا | 248۔ص | 541۔ص |
| ۱۱۔اے قوم ٹک سوتو بھلا ہائے ہائے ہائے | 248۔ص | 545۔ص |
| ۱۲۔بانو یوں کہتی ہیں سر در کیا ہوا | 250۔ص | 548۔ص |
| ۱۳۔ماں اصغر کی کہتی ہے رو رو بچے کے سو جانے کو | 254۔ص | 552۔ص |
| ۱۴۔کیوں مضطراب الحال نسیم سحری ہے | 275۔ص | 574۔ص |
| ۱۵۔بنت نبی فاطمہ کہتی ہیں اے ذوالجلال | 280۔ص | 574۔ص |
| ۱۶۔رودے وہ آل نبی سے جسے محبت ہی | 282۔ص | 582۔ص |
| ۱۷۔دل خیر النساء جس دم کراہا | 308۔ص | 605۔ص |
| ۱۸۔دل سے جو پوچھا میں اپنے کیوں نہیں ہے تجھ کو چین | 310۔ص | 607۔ص |

حیرت کی بات یہ ہے کہ بعض محققوں نے ان مرثیوں کو سودؔا کے مراثی میں شمار کیا ہے اور بعض مقامات پر مختلف رائیں بھی قائم کی گئی ہیں۔شیخ چاندؔ ایک ایسے محقق سودؔا ہیں جنھوں نے سودؔا پر ایک مستند تحقیقی کام کیا ہے۔وہ سودؔا کے الحاقی کلام کے بارے میں یوں فرماتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:۔

”...بعض بیاضوں میں ایسے مرثیے ملتے ہیں جو مہربانؔ شاگرد سودؔا کی تصنیف سے بتائے جاتے ہیں۔ان سے بھی ہمارے کلام کی پوری تصدیق ہوتی ہے لیکن عجیب بات ہے کہ بیاضوں میں جو مرثیے ہیں ان میں مہربانؔ تخلص ہے اور سودؔا کے کلیات میں بقید تخلص سودؔا موجود ہیں۔یہ مرثیے ان اٹھارہ مرثیوں کے سوا ہیں یہ بھی الحاقی ہیں۔مرتب نے غلطی سے کلیات سودؔا میں

شامل کردئے ہیں ۔ان مرثیوں کے الحاقی ہونے کی بھی وہی صورت ہے جو اوپر بیان ہوئی ہے۔ یہ الحاقی مرثیے دیوان سوؔدا کے قلمی نسخوں میں موجود نہیں ہیں۔ یہ اٹھارہ مرثیے سوؔدا کے مطبوعہ دیوان مراثی میں بقید تخلص ''مہربان'' موجود ہیں اور بعض میں سوؔدا ہی کا تخلص درج ہے لیکن بیاضوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ الحاقی ہیں۔'' 66

شیخ چاند کی رائے اور اکبر حیدری کشمیری کی رائے یکساں معلوم ہوتی ہے۔ دونوں کا ماننا ہے کہ جو اٹھارہ مرثیے ہیں وہ سوؔدا کے ساتھ منسوب کیے گئے ہیں۔ بیاضوں میں جو مرثیے ملتے ہیں اس میں مہربان تخلص ہے اور کلیات سوؔدا میں سوؔدا کا تخلص ملتا ہے لیکن یہ بھی لکھتے ہیں کہ مرتب نے غلطی سے ان کو سوؔدا سے منسوب کیا ہے۔ قاضی عبدالودود ان دونوں سے اختلاف رائے کرتے ہوئے سوؔدا کی مرثیہ گوئی کے بارے میں کیا لکھتے ہیں ملاحظہ ہو اقتباس:

''دیوان ہفتم ( کلیات سوؔدا مطبوعہ مصطفائی 1272ھ ) دیوان مرثیہ ہے جس کا آغاز ایک فارسی دیباچے سے ہوتا ہے۔ جو عجیب نہیں اصلح دین کا لکھا ہوا ہے۔اس کے بعد فارسی کی مثنوی ''سبیل ہدایت'' ہے جس میں سید محمد تقی اکبرآبادی پر اعتراضات ہیں۔مثنوی کے بعد اسی شاعر کے ایک مرثیہ کی تنقید مربعات کی شکل میں ہے جس سے بیشتر سوؔدا کی اردو نثر بطور تمہید ہے۔خود سوؔدا کے مرثیہ اور سلام اس کے بعد آتے ہیں۔کلیات سوؔدا کے بہت کم مخطوطات میں مراثی اور سلام شامل ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کا ایک الگ مجموعہ تھا جس کا ایک نسخہ بقول دتاسی سراج الدولہ کے کتب خانے میں تھا۔ وہ مراثی جن میں مہربان یا مہربان خان بطور قافیہ آیا ہے یقیناً جس نے بھی لکھے ان ( مہربان ) کی طرف سے لکھے۔ وہ بھی جن میں نام بطور قافیہ نہیں۔ممکن ہے کہ انہی کے نام سے کئے گئے ہوں۔شواہد اس پر دال ہیں کہ مہربان خود شعر نہیں کہتے تھے۔ دوسروں کے اشعار اپنی طرف منسوب کرلیا کرتے تھے یہ مراثی سوؔدا کے ہیں یا کسی اور شاعر کے۔ان کے متعلق کوئی فیصلہ کن بات اس وقت نہیں کہی جاسکتی۔'' 67

مندرجہ بالا اقتباس میں قاضی عبدالودود صاف صاف ماننے سے انکار کرتے ہیں کہ مہربان خان شاعر تھے اور جو مرثیے مہربان کے کہے جاتے ہیں ان کو ماننا دور کی بات ہے۔ قاضی عبدالودود اس بات کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ یہ مراثی سوؔدا کے بھی نہیں ہیں لیکن کوئی فیصلہ بھی صادر نہیں کر پاتے۔اس سے انداز ہوتا ہے شیخ چاند اور اکبر حیدری کشمیری کی رائیں اور قاضی عبدالودود کی رائے میں اختلاف ہیں۔

خلیق انجم نے بھی ''مرزا محمد رفیع سوؔدا'' کے نام سے کتاب قلم بند کی ہے۔جس میں وہ سوؔدا کی مرثیہ کے

بارے میں یوں رقمطراز ہیں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''کلیات سوداؔ آسی میں ۱۸ مرثیے ایسے ہیں جن میں مہربان خان کا نام بطور مصنف آیا ہے۔ بہ ظاہر یہ مہربان خاں رندؔ ہیں۔ان کے متعلق مشہور ہے کہ میر سوزؔ ان کو اشعار کہہ دیا کرتے تھے ایشاٹک سوسائٹی کلکتہ کے دیوان رندؔ کا ایک نسخہ ہے جس میں وہ تمام اشعار ہیں جو دیوان میر سوزؔ میں موجود ہیں۔اس لئے ممکن ہے کہ سوداؔ نے مہربان خاں کے نام سے مرثیے کہے ہوں اور بعد میں اپنے دیوان میں شامل کر لئے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کسی اور نے کہے ہوں اور غلطی سے کلیات سوداؔ میں شامل کئے گئے۔ بہرحال مزید تحقیق کے بغیر یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ یہ مرثیے کس کے زائیدہ فکر ہیں۔''68

خلیق انجم قاضی عبدالودود کے ہم پلہ لگتے ہیں۔وہ بھی مانتے ہیں کہ مہربان خاں رندؔ شاعر نہیں تھے بلکہ میر سوزؔ ان کو اشعار کہہ کر دیا کرتے تھے۔ پھر لکھتے ہیں کہ شاید سوداؔ نے بھی ان کے نام مرثیہ کہے ہوں اور بعد میں اپنے دیوان میں شامل کر لیے۔خلیق انجم کا مطلب صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ جو اٹھارہ مراثی ہیں وہ سوداؔ کے ہی ہیں یا کسی دوسرے کے۔یعنی شیخ چاند اور اکبر حیدری کشمیری کی رائیں سے اختلاف ہے۔خلیق انجم نے تیسرے فرد کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ڈاکٹر محمد حسن نے سوداؔ کا کلیات مرتب کیا ہے۔ان کی رائے بھی اہمیت کی حامل ہے۔اس تناظر میں ان کی بھی رائے ملاحظہ کیجیے:

''سوداؔ کی مرثیہ نگاری کے سلسلے میں سب سے پہلی بحث لازمی طور پر یہ اٹھتی ہے کہ ان میں سے کتنے مرثیے سوداؔ کی تصنیف ہیں۔ مروجہ کلیات میں چھوٹے بڑے ملا کر کوئی نوے مرثیے سوداؔ کی طرف منسوب ہیں۔ان میں سے بعض میں مہربان کا تخلص بھی موجود ہے جس سے یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ مرثیے سوداؔ کے بجائے مہربان خاں کی تصنیف ہوں گے لیکن یہ بات بھی پیش نظر رکھنی چاہئے کہ امراء کے نام سے مراثی اور غزلیں کہنا قدما کے ہاں عیب میں داخل نہیں تھا۔اس کے علاوہ یہ بھی قابل توجہ ہے کہ سوداؔ کی زندگی میں مرتب کئے ہوئے اکثر کلیات مراثی سے خالی ہیں ۔بعض لوگوں نے اس خیال کا بھی اظہار کیا ہے کہ کلیات سوداؔ کے کسی معتبر اور مستند مخطوطے میں ان کے مراثی شامل نہیں ہیں مگر یہ خیال صحیح نہیں۔کئی مخطوطے ایسے ہیں جن میں ان کے مراثی موجود ہیں۔ گو ان مراثی کی تعداد مختلف ہے۔اس سے یہ نتیجہ نکالنا بے جا نہ ہوگا کہ سوداؔ کی مرثیہ نگاری مسلم ہے اور اس میں شک کی گنجائش نہیں۔ البتہ ان کی غزلیات کی طرف ان کے مراثی میں بھی الحاقی کلام موجود ہے۔جس کی چھان بین اب دشوار ہے۔''69

مندرجہ بالا اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سوؔدا کے کلیات میں الحاقی کلام موجود ہے۔جس میں مہربان کا تخلص درج ہے۔ڈاکٹر محمد حسن کا یہ بھی کہنا ہے کہ اب اس کو الگ کرنا مشکل کام ہے۔انھوں نے کسی تیسرے فرد کی طرف اشارہ نہیں کیا۔ان کی رائے شیخ چاند اور اکبر حیدری کشمیری کے نزدیک جا ملتی ہیں۔اکبر حیدری اس طرح اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''....محققین نے اصولی طور پر تسلیم کیا ہے کہ غزلوں اور مثنویوں کی طرح سوؔدا کے مراثی میں بھی الحاقی کلام موجود ہے۔اور یہ فیصلہ صادر کرنا مشکل ہے کہ یہ مرثیے انہی کے ہیں یا اور کسی کی تصنیف ہیں پھر بھی ان لوگوں نے یہ مراثی سوؔدا کی تصنیف قرار دیتے ہیں۔ان لوگوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ مہربان خاں شاعر ہی نہیں تھے۔راقم الحروف کی نظر سے کوئی ایسا تذکرہ نہیں گزرا ہے جس سے یہ واضح ہوتا کہ سوؔدا یا میر سوؔز انہیں شعر لکھ دیا کرتے تھے۔کم و بیش سبھی تذکرے ان کے شاعر ہونے پر دال ہیں۔'' 70

اکبر حیدری کشمیری کو جو تین نسخے کتب خانہ راجہ صاحب محمود آباد میں کلیات سوؔدا کے سلسلے میں ملے جو زیر مخطوطات نمبر 20,21,22 درج ہیں۔ان تینوں نسخوں میں مخطوط نمبر 20 غالباً قدیم ترین اور مکمل ہے جس کی تفصیل اکبر حیدری کشمیری نے زیر بحث کتاب میں دی ہے۔

اس کے بعد اکبر حیدری کشمیری نے لکھا ہے کہ ان مراثی میں سوؔدا کے نام صرف 14 مرثیے ہیں۔باقی مرثیے مہربان کے ہیں۔اور جن مرثیوں میں سوؔدا کا تخلص موجود ہے ان کی فہرست بھی لکھی ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے شیخ چاند سے اختلافِ رائے کیا کہ سوؔدا کے مرثیوں میں درد و کرب نہیں ہیں۔اور دوسری بات شیخ چاند نے اعتراض کیا ہے کہ سوؔدا کے مرثیوں میں ہندستانی رسموں کی بدعت پائی جاتی ہے۔اس کا جواب بھی اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں دیا ہے۔جو صفحہ 180 پر درج ہیں۔

مختصراً ان سب محققین نے کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا ہے۔صرف تحقیق کی اور گنجائش باقی رکھی ہے۔اس ساری بحث کا نتیجہ یہ ہے کہ جن مرثیوں میں مہربان کا تخلص ہیں اس سلسلے میں ہمیں بنا جھجک شیخ چاند اور اکبر حیدری کشمیری کی رائے سے اتفاق کرنا چاہیے۔کیوں کہ تذکرے گواہ ہیں کہ مہربان خاں رندؔ شاعر تھے اور شیخ چاند نے جن بیاضوں کا ذکر کیا ہے وہ بھی صحیح معلوم ہوتے ہیں۔''تذکرہ مسرت'' میں ابوالحسن امیر الدین اور شوق رامپوری نے صفحہ 115 پر مہربان کو صاحب دیوان شاعر کہا ہے۔مصحفیؔ نے بھی ''تذکرہ ہندی'' میں مہربان کو مرثیہ گو کہا ہے۔بعض لوگوں کا کہنا ہیں کہ ان کے دیوان میں میر سوؔز اور سوؔدا کے شعر پائے جاتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ

نہیں کہ وہ شاعر ہی نہیں تھے۔ جس طرح سوداؔ کے کلیات میں الحاقی کلام شامل ہے اس طرح ان کے کلام میں بھی الحاقی کلام آ گیا ہوگا۔ اس بحث میں خلیق انجم نے جو رائے مہربانؔ کے بارے میں قائم کی راقم السطور کے مطابق صرف مبالغہ آرائی ہے اور لکیر کے فقیر کے مترادف ہے اور کچھ نہیں بنا تحقیق کی باتیں ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں ایک خط کا ذکر بھی کیا ہے جو ڈاکٹر شمس الدین صدیقی استاد شعبۂ اردو پیشاور یونی ورسٹی، پاکستان نے سید مسعود حسن رضوی ادیب کے نام لکھا تھا خط مورخہ 15/مارچ 1966 کا لندن سے ہے۔ جس کی تفصیل اکبر حیدری کشمیری نے صفحہ 173 سے 174 تک دی ہے۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ واقعی یہ مرثیے مہربانؔ کے ہیں اور دوسرے لوگوں کے مرثیے بھی کلیات سوداؔ میں شامل ہیں۔ جس کی نشان دہی کرنا تحقیق طلب ہے۔

مہربانؔ خان غزل میں رندؔ اور مرثیہ میں مہربانؔ تخلص کرتے تھے۔ اکبر حیدری کشمیری نے مہربانؔ کے حالاتِ زندگی اور جو ان کے مرثیے سوداؔ کے ساتھ منسوب کے گئے ہیں ان کی بھی نشان دہی کی ہے۔ جو آج تک سوداؔ کے نام سے مشہور ہیں ان کو اس کتاب میں نقل کیا گیا ہے۔

## میر تقی میرؔ

اکبر حیدری کشمیری نے اودھ کے ارتقا میں میر تقی میرؔ کے ''مراثی میرؔ'' میں جو مرثیہ درج کیا ہے۔ اس میں میرؔ کا مرثیہ ''حیدر کا جگر پارہ فاطمہ کا پیارا'' اس مرثیہ میں صرف 16 بند درج ہیں لیکن اکبر حیدری کشمیری نے دیوان میرؔ نسخہ محمود آباد میں اس کے 17 بند والا نسخہ ملا۔ اس طرح ذیل کا آٹھواں بند ہنوز غیر مطبوعہ ہے مسیح الزماں کے مرتبہ مراثی میرؔ میں یہ بند موجود نہیں ہے۔ یہ غیر مطبوعہ بند صفحہ 197 پر نقل کیا گیا ہے

جرأتؔ کے بھی غیر مطبوعہ مراثی اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں نقل کیے ہیں۔ ان کی ہیئت مسدس، مخمس اور مربع میں دستیاب ہیں۔ جن کی تعداد نو (9) تک ہیں جس میں چھ 6 مسدس، دو 2 مربع اور ایک مخمس ہے۔ جن کی تفصیل صفحہ 203 پر ہے۔ اس کے مزید انھوں نے میر تقی میرؔ کے سلام جن کی تعداد بھی نو 9 ہیں درج کیے ہیں۔ جو صفحے 203 سے 204 میں موجود ہیں۔

## مصحفیؔ

مصحفیؔ کی مرثیہ گوئی کے بارے میں تمام تذکرہ نگار خاموش ہیں۔ حالاں کہ مصحفیؔ نے اپنے تذکروں میں بھی اپنی مرثیہ نگاری کے بارے میں کچھ نہیں کہا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق کتب خانہ راجہ صاحب محمود آباد میں دیوان مصحفیؔ کے کئی نادر اور مستند مخطوطات موجود ہیں۔ ان میں سے ایک دیوان مصحفیؔ کے شاگرد شیخ پیر

بخش مسرورؔ کے ہاتھ کا 1240ھ مطابق 1824 کا مکتوبہ ہے۔اس میں کوئی مرثیہ نہیں ہے۔کتب خانے میں مصحفیؔ کے دیوان ششم کا ایک نسخہ بھی ہے یہ مصنف کے مرتب کردہ دیوان مکتوبہ 1224ھ مطابق 1809 کے مسودہ سے نقل کیا گیا ہے۔دیوان کی ابتدا میں مصحفیؔ کا لکھا ہوا دیباچہ بھی شامل ہے۔اس کے بعد ان کی تصانیف درج ہیں جن کی تعداد انیس 19 ہے۔یہ نسخہ مصحفیؔ کی زندگی میں 1231ھ میں لکھا گیا۔دیوان ششم کے آخر میں ایک مربع مرثیہ بھی ہے جو غالباً اہل لکھنؤ کے ماحول وتمدن سے متاثر ہو کر لکھا گیا ہے۔

**میر ضاحکؔ**

میر ضاحکؔ کی مرثیہ گوئی کسی تذکرہ سے ثابت نہیں ہے۔حتیٰ کہ ان کے بیٹے میر حسنؔ بھی اس سلسلے میں خاموش ہیں۔ان کا کوئی مرثیہ ہم تک نہیں پہنچا ہے۔لیکن انیسؔ کا دعوی ہے کہ ''پانچویں پشت ہے شبیر کی مداحی میں'' یہ مرثیہ انھوں نے اپنے بیٹے میر عسکری رئیس کے لیے لکھا تھا۔اس مرثیے سے ثابت ہوتا ہے کہ رئیسؔ ابن انیسؔ ابن خلیقؔ ابن میر حسنؔ ابن میر ضاحک بھی مرثیہ گو تھے۔سوداؔ نے ضاحک کی ہجو میں ایک مخمس کہا تھا جو قابل توجہ ہے۔جو اکبر حیدری کشمیری نے نقل کیا ہے۔پھر انھوں نے یہ شعر نقل کیا ہے۔

جو ہر نظر آئے۔۔۔گیا کس بل شمشیر فصاحت یہ ہے
پانچویں صیقل

''پانچویں صیقل'' سے مراد ''پانچویں پشت'' اس مصرع میں بھی میر ضاحکؔ سے مرثیہ گوئی شروع ہونے کا ذکر ملتا ہے۔اس ساری بحث ومباحث سے یہی بات سامنے آتی ہے کہ میر ضاحکؔ مرثیہ شاعر تھے اگر چہ تذکرہ نگاروں نے ان کی مرثیہ نگاری کی طرف کوئی بھی اشارہ نہیں کیا۔میر انیسؔ کا مصرع اور سید مسعود حسن رضوی کی کتاب سے مثبت اشارہ ان کی مرثیہ نگاری کی طرف ملتا ہے۔

**میر حسنؔ**

کلیات میر حسنؔ میں کوئی مرثیہ درج نہیں ہے۔لیکن میر حسنؔ مرثیہ بھی کہتے تھے۔بقول میر شیر علی افسوس دیباچہ ''سحر البیاں''میں، میر حسنؔ نہایت ہی سلیقے سے مرثیہ کہتے تھے۔اکبر حیدری کشمیری کے مطابق سید مسعود حسن رضوی کے ذخیرہ مراثی میں میر حسنؔ کے صرف تین مرثیہ موجود ہیں جن میں دو مربع کی شکل میں ہیں۔ان میں ایک سینتیس 37 بند کا مرثیہ ہے، دوسرا چوالیس 44 بند کا ہے اور ایک مرثیہ مسدس کی شکل میں ہے جس مرثیہ میں چھبیس 26 بند ہیں۔ان تینوں مرثیوں کے کچھ بند اکبر حیدری کشمیری نے زیر نظر کتاب میں نقل کیے ہیں۔

## میر شیر علی افسوؔس

دیوان افسوؔس کے کئی مخطوطات برٹش میوزیم لندن، ایشاٹک سوسائٹی کلکتہ، خدابخش لائبریری پٹنہ، آنڈیا آفیس اور کتب خانہ آصفیہ میں محفوظ ہیں۔کلیات افسوؔس نسخہ برٹش میوزیم میں افسوؔس کے سلام اور مرثیے شامل ہیں۔مطبوعہ کلیات میں ایک مسدس، پانچ مرقع مرثیے، ایک نوحہ اور پانچ سلام موجود ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کا کہنا ہے کہ ان کی نظر سے جو نسخہ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں گزرا وہ معتبر اور مستند نسخہ ہے۔اس میں افسوؔس کا غیر مطبوعہ کلام موجود ہے۔انھوں نے اس پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

## سکندؔر

سکندؔر کی مدفن کے بارے میں مولوی کریم الدین اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں:

> ”یہ معلوم نہیں کون سے سال میں سکندؔر فوت ہوا۔اپنے وطن سے آکر دہلی میں رہنے لگا۔دہلی میں فوت ہوا۔بعد اس کے مرنے کے باشندگان دہلی نے اس کی ہڈیاں کربلا معلیٰ بھجوادیں۔“ 71

مولف خمخانہ جاوید اس طرح لکھتے ہیں:

> ”۱۸۰۰ء میں وفات ہوئی۔ساٹھ برس کی عمر پائی۔شاہ مرداں دہلی میں دفن ہوئے۔“ 72

اکبر حیدری کشمیری ان دونوں کے بیان کی تردید کرکے یوں رقمطراز ہیں:

> ”مولوی کریم الدین کا یہ کہنا غلط ہے کہ سکندؔر کا انتقال دلی میں ہوا تھا اس کی تصدیق کسی اور مستند تذکرے سے نہیں ہوتی ہے۔دراصل ان کا انتقال حیدرآباد میں ہی ہوا تھا۔“ 73

اکبر حیدری کشمیری نے یہ دعوا کیا ہے کہ سکندؔر کا انتقال حیدرآباد میں ہوا تھا لیکن کوئی دلیل پیش نہیں کی ہے۔البتہ یہ ضرور بتایا کہ مستند تذکروں میں اس کا ذکر نہیں ملتا ہے۔کہا جاسکتا ہے کہ مولوی کریم الدین نے کہاں سے لکھا اور خمخانہ جاوید کے مصنف نے کہاں سے نقل کیا اور اکبر حیدری کشمیری نے حیدرآباد کی جو رائے قائم کی انھوں نے بھی کوئی مستند دلیل پیش نہیں کی ہے۔ان تینوں لوگوں نے کوئی مستند دلیل یا ثبوت پیش نہیں کیے اگرچہ اور تذکروں میں اس کا ذکر نہیں ملتا۔لیکن ہم قیاساً مولوی کریم الدین اور خمخانہ جاوید کے مصنف کے رائے کو تقویت دیں گے۔

سکندؔر پہلے مرثیہ گو ہیں جنھوں نے اردو کے علاوہ یورپی، پنجابی، بنگالی اور مارواڑی زبان میں بہت ہی مربوط مرثیے کہے ہیں۔سکندؔر کا کلام نایاب ہے۔بقول اکبر حیدری کشمیری سید مسعود حسن رضوی اور راجہ صاحب محمود آباد میں سکندؔر کا ایک بہت ہی پرانا قلمی اور غیر مطبوعہ مرثیہ یورپی زبان میں دستیاب ہے مرثیہ 30 بند پر

مشتمل ہے۔

میر حیدری

میر حیدری کو مولوی کریم الدین، نصیر حسین خیال، ثابت لکھنوی اور ڈاکٹر مسیح الزماں وغیرہ نے غلطی سے قدیم دکنی حیدر یا حیدر شاہ سمجھ لیا ہے حالاں کہ کسی تذکرے سے یہ ثابت نہیں ہوتا ہے کہ حیدر یا حیدر شاہ دکنی مرثیے بھی کہتے تھے۔ مسیح الزماں کی دوسری غلطی یہ ہے کہ انھوں نے حیدر یا حیدر شاہ دکنی کو اودھ کا پہلا مرثیہ گو شاعر قرار دیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق مسیح الزماں ثابت نہیں کر سکے کہ شاعر کا نام حیدر تھا یا حیدر شاہ اور پھر انھوں نے غلط فہمی کے عالم میں حیدر یا حیدر شاہ دکنی کو بیک وقت اودھ کا میر حیدری تسلیم کیا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق ثابت لکھنوی کی غلط فہمی نصیر حسین خیال کی کتاب سے ہوئی ہے اور نصیر حسین خیال کو مولوی کریم الدین کے تذکرہ طبقات شعرائے ہند سے ہوئی ہے۔ کیوں کہ مولوی کریم الدین نے حیدر یا حیدر شاہ دکنی کو حیدری تسلیم کیا ہے یہی غلطی بعد کے لکھنے والوں سے بھی ہوئی ہے۔ جس مرثیہ کو مولوی کریم الدین نے کسی اور حیدری کا تصور کر کے درج کیا ہے دراصل یہ ایک ہی مرثیے کا انتخاب ہے جو اودھ کے شاعر میر حیدری کے مرثیے کا ہے۔ میر حیدری کا یہ مرثیہ 34 بند پر مشتمل ہے اور اس کا ایک قلمی اور غیر مطبوعہ نسخہ جناب سید مسعود حسن رضوی ادیب کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ جو 1267ھ مطابق 1812 کا مکتوبہ ہے۔

یہاں پر یہ بات قابل ذکر ہے جو مرثیہ مولوی کریم الدین نے طبقہ اول اور پھر طبقہ سوم میں حیدری کے متعلق لکھی۔ ان کو خود بھی معلوم نہیں تھا یہ کس کا مرثیہ ہے اول حیدر کا ہے یا میر حیدر شاہ یا حیدری کا۔ انھوں نے حیدر یا حیدر شاہ کے بارے میں جو کچھ بھی لکھا اس کی بنیاد علی ابراہیم خان خلیل (گلزار ابراہیم) کے تذکرے پر ہے لیکن خلیل نے یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ حیدر دکنی مرثیہ بھی کہتے تھے۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق ڈاکٹر مسیح الزماں نے بھی اپنے تحقیقی مقالے میں مولوی کریم الدین کی بنیاد پر حیدر شاہ دکنی کو شمالی ہند کا میر حیدری سمجھ کر انھیں پہلا مسدس مرثیہ گو شاعر مانا ہے۔ نادر دہلوی نے ''خزینۃ العلوم''، ص۔ 157، نصیر حسین خیال نے دربار حسین ص۔ 304، شجاعت علی سندیلوی نے تعارف مرثیہ اور علی جواد زیدی نے نیا دور مطبوعہ جنوری 1964 نے بھی بغیر کسی تحقیق کے مولوی کریم الدین کی تقلید میں حیدر یا حیدری (1067 تا 1167) کو اردو کا پہلا مسدس مرثیہ گو تسلیم کیا ہے۔ علی ابراہیم خان خلیل نے گلزار ابراہیم میں صفحہ 106، سرور نے عمدۂ منتخبہ صفحہ 112، 224، عشقی نے تذکرہ عشقی اور قاسم نے مجموعہ نغز صفحہ 282 جلد اول

میں جس حیدر یا حیدری کا ذکر کیا ہے۔اس سے یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا ہے کہ وہ مرثیہ گو تھے۔

اکبر حیدری کشمیری نے مسیح الزماں کی دوسری غلط فہمی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انھوں نے نواب شجاع الدولہ المعروف بہ شجاع الدولہ کو نواب شجاالدولہ وزیر اودھ قرار دیا ہے۔اسی طرح انھوں نے شجاع الدولہ کے بیٹے سرفراز خان سمجھنے میں غلطی کی ہے۔ بقول اکبر حیدری کشمیری، حیدریؔ کے مرثیے ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔سید مسعود حسن رضوی کے کتب خانے میں ان کے اکیس (21 ) مرثیے ہیں۔بیس (20) مسدس اور ایک مربع کی شکل میں ہے۔ان کے علاوہ سلام بھی موجود ہیں۔ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں دو مسدس مرثیے ہیں ان میں سے ایک مسعود حسن رضوی کے ہاں بھی ہے۔اس طرح ان کے کل مرثیوں کی تعداد اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق بائیس (22) ہے۔ڈاکٹر مسیح الزماں نے صرف چار مرثیوں کا ذکر کیا ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے کتاب میں سترہ (17) مرثیوں کے نام لکھے ہیں۔

**مرزا پناہ علی بیگ افسردؔہ**

افسردؔہ بہو بیگم زوجہ نواب شجاع الدولہ کے وکیل تھے۔ان کا سال ولادت اور سنہ وفات معلوم نہیں ہوسکا ہیں۔لیکن ڈاکٹر مسیح الزماں نے تاریخ ولادت 1164ھ مطابق 1750 اور تاریخ وفات 1250ھ مطابق 1834 بتائی ہیں۔ یہ تاریخیں حوالے کے بغیر لکھی گئی ہیں۔اس لیے انہیں قابل قبول نہیں مانا جاسکتا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق افسردؔہ کے مرثیے سید مسعود حسن رضوی ادیب کے کتب خانے میں بڑی تعداد میں موجود ہیں۔اس کے علاہ اکبر حیدری کشمیری کو راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں افسردؔہ کے دیوان کا ایک نادر الوجود اور ضخیم نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ یہ واحد مخطوطہ غیر مطبوعہ ہے۔اور اس کا کوئی دوسرا نسخہ کہیں نہیں موجود ہے۔سید مسعود حسن رضوی ادیب کے پاس جو مراثی افسردؔہ کے محفوظ ہیں وہ اس طرح ہیں جلد اول 103، جلد دوم 67، جلد سوم 50 مراثی ہیں۔

جلد اول ایک ہی کاتب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے اور باقی دو جلدیں مختلف کاتبوں نے لکھی ہیں۔ان تینوں جلدوں میں دوسو بیس 220 مرثیے ہیں جن میں مکررات بھی شامل ہیں۔ بقول اکبر حیدری ان میں اکثر مرثیوں میں بندوں کی تعداد چالیس 40 اور پچاس 50 کے درمیان ہے ایک مرثیہ ساٹھ 60 بند کا ہے۔

**مرزا گدا علی گدا**

مرزا گدا علی گداؔ کی تاریخ ولادت معلوم نہیں ہوسکی ہے۔البتہ وہ سوؔدا، میر حسنؔ، افسردؔہ، سکندؔر اور حیدریؔ

کے ہم عصر تھے۔ان کی وفات تاریخ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق 1234 مطابق 1818 ہے۔یہ تاریخ وفات دیوان ناسخ کے ایک قدیم مخطوطے میں درج ہے۔اس کے برعکس ڈاکٹر مسیح الزماں نے گدا کا سال وفات 1233 مطابق 1816 بتایا ہے۔اکبر حیدری کشمیری اس تاریخ کو غلط قرار دیتے ہیں۔وہ کہتے ہیں کہ انھوں نے ناسخ کے قطعے کا دوسرا شعر (مادۂ تاریخ) بھی غلط لکھا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کے مطابق حساب سے مادۂ تاریخ کے اعداد 1268ھ نکلتے ہیں۔اسپر نگر نے بھی کلیات ناسخ کے حوالے سے گدا کا سال وفات 1233ھ لکھا ہے جو غلط ہے۔اکبر حیدری کشمیری اس حوالے سے یوں رقمطراز ہیں:

> ''گدا کے مرثیے ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔مسیح الزماں صاحب کو ان کے کل چھ مرثیے ملے جن میں ایک مربع اور پانچ مسدس میں ہیں۔راقم الحروف کو جناب سید مسعود حسن رضوی کے کتب خانے میں مراثی گدا کی ایک جلد ملی جس میں 27 مرثیے ہیں اور یہ تمام مرثیے مسدس میں ہیں۔اس جلد کے علاوہ دو اور جلدیں دیکھنے کا بھی اتفاق ہوا ان میں بعض پرانے مرثیہ گو شعرا کا کلام درج ہے۔ان میں بھی گدا کے متعدد مرثیے موجود ہیں ذیل کے مرثیوں پر تاریخ کتابت بھی درج ہے۔74

## میر احسان علی احسان

احسان علی احسان کے حالاتِ زندگی دستیاب نہیں ہو پائے ہیں۔ان کا صرف تخلص اکثر تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کا دعوی ہے کہ انھوں نے پہلی مرتبہ ان کا نام دریافت کیا ہے۔ڈاکٹر مسیح الزماں کے مطالعہ کے مطابق ان کا ذکر صرف یادگار شعرا اور گلشن بے خار کے علاوہ کسی اور پرانے تذکرے میں نہیں ملتا ہے۔اکبر حیدری کشمیری ڈاکٹر مسیح الزماں کی یہ بات غلط ٹھہراتے ہیں۔کیوں کہ شیفتہ نے ''گلشن بے خار'' میں اور اسپر نگر نے ''اودھ کیٹلاگ'' میں صفحہ 199 میں ان کا ذکر کیا ہے اس کے علاوہ سرور اور باطن نے بھی ان کا ذکر کیا ہے۔سرور اپنے تذکرے عمدۂ منتخبہ میں یوں رقمطراز ہیں اقتباس:

> ''متوطن سرکار لکھنو شخصے است از ناش اطلاع.......مرثیہ گوی مشہور است۔آشنائے مطلع طبع زادش خوانده بود، مرقوم نموده شد۔''75

بقول اکبر حیدری سرور نے احسان کا جو ترجمہ پیش کیا ہے وہ ناقص المعنی ہے۔انھوں نے انشاء اور امین کے درمیان ان کا ذکر کیا ہے اور وہ مطلع بھی نقل کیا ہے۔یہی مطلع شیفتہ اور باطن نے بھی پیش کیا ہے۔مولف خمخانہ جاوید کے مطابق احسان نواب سعادت علی خان اور بادشاہ غازی الدین حیدر کے زمانے میں مرثیہ گوئی میں مشہور

تھے۔( جلداول،ص۔156 )ان تذکروں کے علاوہ رجب علی بیگ سرورؔ نے احسانؔ کا ذکراپنی کتاب میں دلگیر کی مرثیہ گوئی کے ساتھ کیا ہے۔

ڈاکٹر مسیح الزماں کے مطابق احسانؔ کا زمانہ 1158 تا1236 مطابق1745 تا1820 ہے لیکن اکبر حیدری کشمیری اس زمانے کو قابل قبول نہیں مانتے۔ان کی تحقیق کے مطابق شیفتہؔ نے ان کا ذکراس طرح کیا ہے جس کا معنی نکلتے ہیں کہ وہ 1248 تا 1250 مطابق 1832 تا 1834 ( سال تصنیف گلشن بے خار ) کے درمیان حیات تھے۔اکبرحیدری کشمیری کے مطابق مولف خوش معرکۂ زیبا،گلستان بےخزاں اوراودھ کٹیلاگ نے ان کا ذکر صیفہ مانی میں کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ احسانؔ کا انتقال 1250 مطابق 1834 اور 1261 مطابق1845 کے درمیان ہوا ہوگا۔ یہ انھوں نے برقؔ کی تاریخ وفات کہنے کے مطابق کہی ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے سید مسعود حسن رضوی ادیب کے کتب خانے میں احسانؔ کے ایک سو دو102 مرثیے دیکھے۔ان کے علاوہ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں بھی احسانؔ کے متعدد مرثیے دستیاب ہیں۔ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد میں بھی دو مرثیے اکبرحیدری کشمیری کی نظروں سے گزرے ہیں۔اس طرح احسانؔ کی مرثیوں کی تعداد سواسو کے قریب ہے۔اکبرحیدری کشمیری نے ان مرثیوں کو زیرنظر کتاب میں صفحہ نمبر303 سے 304 تک تاریخ کتابت، بندوں کے شمار کے ساتھ نقل کیا ہے۔اس کتاب میں غلطی سے صفحہ نمبر 301 میں صفحہ 302 کا متن آیا ہے۔

**ناظم**

رجب علی بیگ سرورؔ نے دلگیر کے سلسلے میں ناظم کا ذکراس طرح کیا ہے۔"اللہ کے کرم سے ناظم خوب"( فسانہ عجائب،ص۔20 ) شیفتہؔ ( ص۔03 )اورنساخؔ سخن شعرا،ص۔ 499 میں لکھتے ہیں"سوائے اس کے کہ یہ صاحب لکھنو کے ہیں اور کچھ معلوم نہیں ہوسکا"

بقول اکبرحیدری کشمیری ناظم ،افسردہ، گداؔ،حیدریؔ اوراحسانؔ کے ہم عصر تھے۔ڈاکٹر مسیح الزماں نے اپنی کتاب"اردو مرثیہ کا ارتقا"میں اس ناموراورمشہور مرثیہ گوشاعر کا سرے سے ہی ذکرنہیں کیا ہے۔اس کی وجہ شاید یہ ہوسکتی ہے کہ انھیں ان کے مراثی دستیاب نہیں ہوئے ہوں گے۔اکبرحیدری کے مطابق انھوں نے ناظم کے پچاس50 مرثیے دیکھے ہیں۔جن میں 42 مرثیے سید مسعود حسن رضوی کے کتاب خانے میں،دو2 سالار جنگ میوزیم اور کچھ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں محفوظ ہیں۔ناظم کے مراثی ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔انھوں نے

وہ مرثیے جو مسعود حسن رضوی کی ملکیت میں ہیں ان کو اپنی کتاب میں نقل کیا ہے جن پر تاریخ کتابت بھی موجود ہے۔

### مرزا اکبر علی خاں مقبلؔ

مرزا اکبر علی خاں مقبلؔ اپنے عہد کے مشہور مرثیہ نگاروں میں سے تھے۔تذکروں میں ان کے نام کے سوا کچھ اور معلوم نہیں ہوتا۔ان کا کلام اب ناپید ہے۔اکبر حیدری کشمیری کے مطابق ان کا ایک نایاب اور نادر دیوان جو ضخیم ہے راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں موجود ہے۔دیوان سلاموں کا مجموعہ ہے اور ردیف وار حروف تہجی کے اعتبار سے بڑے اہتمام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے۔سلاموں کے علاوہ دیوان میں متعدد مرثیے بھی موجود ہیں۔دیوان کا پہلا ورق غائب ہے۔دیوان میں بادشاہ نصیر الدین حیدر اور محمد علی شاہ کی تعریف میں بکثرت اشعار ملتے ہیں۔مقبلؔ کے مرثیے تیس 30 اور پینتالیس 45 بند کے ہیں۔انھوں نے تمہید کے بجائے رخصت، آمد اور شہادت کے مضامین پر زیادہ زور دیا ہے۔مقبلؔ کا مرثیہ ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔

### میر محسن خلیقؔ

میر خلیقؔ کے 75 شعر ''مجمع الانتخاب'' میں درج ہیں اور ان میں سے ستر 70 شعر ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔اس طرح مختلف تذکروں سے میر خلیقؔ کے جو اشعار دستیاب ہوئے ہیں ان کی تعداد ایک سو نو 109 ہے لیکن اکبر حیدری کشمیری نے میر خلیقؔ کی پانچ اور غزلیں دریافت کی ہیں۔یہ غزلیں نایاب ہیں اور ''مجمع الاشعار'' میں درج ہیں۔مجمع اشعار کا ایک نسخہ مطبوعہ نول کشور 1877 دارالعلوم ندوہ لکھنو میں محفوظ ہے۔اس طرح میر خلیقؔ کی غزلوں کے اشعار کی تعداد ایک سو چھتیس 136 ہو گئی ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں صفحہ 341 سے 342 تک ان غزلوں کو نقل کیا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق مسیح الزماں کو میر نواب صاحب ''نامی'' کا مرتب کیا ہوا مجموعہ مراثی کہیں نہیں مل سکا۔اس کا ایک نادرالوجود نسخہ اکبر حیدری کشمیری کو کتب خانہ دارالعلوم ندوہ لکھنؤ میں دستیاب ہوا ہے۔چوں کہ یہ نسخہ بہت ہی کمیاب ہے اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کتاب کی افادیت بھی اچھی ہے۔اس حوالے سے شبلی کی غلط فہمیوں کی نشان دہی بھی اکبر حیدری کشمیری نے کی ہے۔شبلی نے مجموعہ مراثی کا نام کہیں نہیں لکھا ہے۔حالاں کہ کتاب کے سرورق پر اس کا نام جلی حروف میں ''ذخیرۂ ثواب'' درج ہے۔اس حوالے سے اکبر حیدری کشمیری یوں رقمطراز ہیں:

''ذخیرۂ ثواب میں جو مراثی اور سلام ہیں ان کا انتخاب مولوی غلام علی صاحب فیض آبادی نے کیا اور اسے 1297 میں سید اسد اللہ میر نواب نے سید سجاب حسین کے اہتمام سے شائع کیا۔ شبلی کا یہ کہنا دوست نہیں ہے کہ میر نواب صاحب میر خلیقؔ کے بیک واسط شاگرد تھے اور انھوں نے ہی ان مرثیوں کا انتخاب کیا تھا۔ کتاب میں اس بارے میں کچھ نہیں کہا گیا ہے۔ ہاں کتاب کے صفحہ 4 پر یہ لکھا ہوا ہے کہ میر غلام علی فیض آبادی میر خلیقؔ کے شاگرد تھے۔ دیباچہ کے صفحہ پر میر غلام علی کی تاریخ وفات درج ہے۔''76ے

کتاب ''ذخیرۂ ثواب'' 1296 مطابق 1878 میں مرتب کی گئی تھی اور قبل از محرم 1297 میں شائع ہوئی۔ اس کتاب کے کل دوسو 200 صفحات ہیں۔ دیباچے کے صفحہ 6 سے 8 تک امام حسینؓ کی مظلومی کا مختصر سا تذکرہ ہے۔ دیباچہ کے بعد صفحہ 1 سے مرثیے شروع ہوتے ہیں۔ اس کتاب میں کل سات 7 مرثیے اور سولہ 16 سلام موجودہ ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق شبلی نے جو باتیں اس کتاب کے بارے میں بتائی تھیں وہ غلط فہمی پر مبنی تھیں۔ وہ خلیق کے نہیں بلکہ میر انیسؔ کے مرثیہ اور سلام ہیں۔ ڈاکٹر مسیح الزماں نے بھی میر خلیقؔ کے دو مرثیوں کا دعوی اپنی کتاب ''اردو مرثیے کا ارتقا'' میں کیا ہے۔ وہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ ''اشک غم'' کے نام سے کچھ مرثیے شائع ہوئے جن میں میر خلیقؔ کے دو مرثیے بھی موجود ہیں۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''مطبع اثنا عشری دہلی سے ''اشک غم'' کے نام سے کچھ مرثیے شائع ہوئے تھے جن میں خلیقؔ کے دو مرثیے فرمائے ہیں کہ

۱۔ پھری جو مومنو زن سے سواری اکبر کی

۲۔ گھر سے جب بہر سفر سید عالم نکلے

یہ مجموعہ کمیاب ہے۔''77ے

اکبر حیدری کشمیری مسیح الزماں کے اس دعوی کی تردید یوں کرتے ہیں:

'' راقم الحروف کو کتاب ''اشک غم'' دستیاب نہیں ہوسکی۔ اوپر کے جو دو مرثیے مسیح الزماں صاحب نے میر خلیقؔ کی طرف منسوب کئے ہیں وہ خلیقؔ کے نہیں ہیں۔ راقم نے خلیقؔ کے کوئی تین سو مرثیے دیکھے ہیں ان میں پہلا مرثیہ نہیں ہے اب رہا دوسرا مرثیہ ''گھر سے جب بہر سفر سید عالم نکلے'' اس مسیح الزماں کے علاوہ مولف جواہر سخن اور محمود فاروقی نے بھی میر خلیقؔ کی تصنیف تسلیم کیا ہے یہ مرثیہ بھی میر خلیقؔ کا نہیں ہے اور اسے خلیقؔ کی تصنیف ٹھہرانا غلطی ہے یہ دراصل میر مونسؔ کا ہے لیکن ان کے مرثیوں کی مطبوعہ چھ جلدوں میں شامل نہیں ہے بلکہ ہنوز

غیر مطبوعہ ہے۔اس کے کئی نسخے راقم کو دستیاب ہوئے ہیں ۔ پروفیسر مسعود حسن رضوی کے ذخیرہ مراثی میں اسکے تین قلمی نسخے ہیں۔ان تینوں نسخوں میں مرثیے میں 34 بند ہیں راقم کے پاس یہ 39 بند کا مرثیہ ہے۔'' 78ؔ

اس اقتباس کے بعد اکبر حیدری کشمیری نے اس مرثیہ کا پہلا بند اور آخری بند نقل کیا ہے۔

مولوی کریم الدین نے اپنے تذکرے ''طبقات شعرائے ہند'' میں میر خلیقؔ کا ایک مرثیہ مرزا ظہور علی خلیق دہلوی سے منسوب کیا ہے۔کریم الدین کے بعد مولف خمخانہ جاوید (لالہ سری رام )،سید سفارش حسین رضوی اور ڈاکٹر سید سلمان حسین نے مولوی کریم الدین کی غلط بیانی کو معتبر سمجھ کر اسے مرزا ظہور علی خلیق کا ہی مرثیہ تسلیم کیا ہے۔قاضی عبدالودود نے بھی ''معاصر پٹنہ حصہ چہارم ،ص۔114 '' پر پوری مرثیہ من وعن نقل کر کے ظہور علی خلیق کے نام سے منسوب کیا ہے۔مولوی کریم الدین نے اس مرثیہ کو اسپرنگر کے یہاں دیکھنے کا دعوی کیا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق اگر اسپرنگر نے اس مرثیے کے بارے میں کہیں کچھ لکھا ہوتا تو وہ اودھ کیٹلاگ میں ہوتا لیکن اس میں کہیں کچھ بھی نہیں لکھا ہے۔وہ ان سارے ثبوتوں کے ساتھ اس مرثیہ کو میر محسن خلیقؔ کا قرار دیتے ہیں جو صحیح بھی معلوم ہوتا ہے ۔آگے اکبر حیدری لکھتے ہیں کہ یہ مرثیہ میر خلیقؔ کے مراثی میں بھی موجود ہے۔مسعود حسن رضوی ادیب کے کتب خانے میں مرثیے کی چار ضخیم جلدیں قلمی اور غیر مطبوعہ موجود ہیں ۔ یہ مرثیہ کئی قلمی نسخوں میں میر خلیقؔ کے نام سے موجود ہیں اور اس کے اکتالیس 41 بند ہیں۔اکبر حیدری کشمیری نے اس مرثیہ کا آخری بند بھی اپنی کتاب میں نقل کیا ہے۔

آخر میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ عام لوگوں کی رائے میں میر خلیقؔ کے مراثی نہ ملنے کے برابر ہیں ۔جو بھی اکادوکا مرثیے آج تک نمونے کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں وہ ان کے نہیں بلکہ انیسؔ اور مونسؔ کے ہیں۔لیکن اکبر حیدری کشمیری نے جو فہرست مراثی خلیقؔ پیش کی ہے وہ سب کے سب ہنوز غیر مطبوعہ ہیں بعض مرثیے ایسے ہیں جن کے کئی نسخے ہیں اور ان کے اشعار کی تعداد بھی مختلف ہے ۔ یہ سب مراثی سید مسعود حسن رضوی ادیب اور راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانوں میں موجود ہیں ۔ان اکثر مرثیوں کی ابتدا یا اختتام پر تاریخیں بھی درج ہیں ۔ یہ فہرست زیر نظر کتاب کے صفحہ 379 سے 395 تک درج ہیں ۔انھوں نے ان کو تاریخ کتابت، کتب خانے کا نام اور بند کے شمار کے ساتھ لکھا ہے۔جیسے مراثی جلد اوّل ( قلمی وغیر مطبوعہ ) کتب خانہ مسعود حسن رضوی میں تیس30 مرثیے ہیں۔جلد دوم میں نوے90 مرثیے موجود ہیں ۔اسی طرح جلد سوم میں سڑسٹھ 67 مرثیے

موجود ہیں۔اور جلد چہارم میں اکھتر 71 مرثیے ہیں۔فہرست مراثی میر خلیقؔ (قلمی و غیر مطبوعہ) کتب خانہ راجہ صاحب محمود آباد سٹرسٹھ 67 مرثیے موجود ہیں۔فہرست اکبر حیدری کشمیری کے کتب خانے میں نو 9 مرثیے موجود ہیں۔فہرست دیوان سلام میر خلیقؔ (قلمی و غیر مطبوعہ) انیاسی 79 سلام میں موجود ہیں۔

## میر ضمیرؔ

میر ضمیرؔ کی ولادت کسی تذکرے یا تاریخ میں موجود نہیں ہے۔ثابت لکھنویؔ کے یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ میر ضمیرؔ کی ولادت دارالخلافہ کی منتقل کے موقعہ پر یعنی 1186 مطابق 1775 میں ہو چکی تھی۔لیکن انھوں نے یہ نہیں بتایا کہ اس وقت میر ضمیرؔ کی ولادت کا کیا سن تھا۔مسیح الزماں نے 1197 مطابق 1782 بتائی ہے۔وہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ مصحفی نے ریاض الفصحا میں میر ضمیرؔ کا ترجمہ 1227 کے قریب لکھا اور انھوں نے ان کی عمر تیس 30 سال کی بتائی ہے۔لہٰذا اس حساب سے میر ضمیرؔ کی پیدائش 1197 مطابق 1782 کے قریب ہوئی ہوگئی۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق میر ضمیرؔ کی ولادت 1187 مطابق 1773 میں ہوئی ہے۔انھوں نے میر ضمیرؔ کی ولادت پر پوری بحث چھیڑی ہے۔اور یہ تاریخ ثابت کی۔

### نسخہ محمود آباد:۔

راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں مثنوی ''مظہر العجائب'' کے تین نسخے محفوظ ہیں۔ایک نسخہ مخطوطہ نمبر 102 میں صفحہ 490 میں ناسخؔ کی مثنوی کے درمیان میں ولادت حضرت علی شروع ہوتی ہے۔بقول اکبر حیدری کشمیری مسیح الزماں کے ماخذ کی بنیاد علی جواد زیدی کے بیان پر ہے۔علی جواد زیدی کی غلط فہمی یوں پیدا ہوگئی ہے کہ انھوں نے ایک دفعہ نسخہ سُری نگر اکبر حیدری کشمیری سے مستعار لیا تھا۔اس میں جیسا کہ کہا گیا ہے کہ آخر میں ناسخؔ کی یہ مثنوی بھی ایک ہی کاتب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی شامل ہے۔انھوں نے بغیر کسی مزید تحقیق و جستجو کے اسے میر ضمیرؔ کی تصنیف قرار دیا۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق اس مثنوی کو میر ضمیرؔ کی تصنیف ٹھہرانا درست نہیں ہے۔اس حوالے سے ان کا اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''لکھنؤ یونی ورسٹی کے کتب خانے میں دیوان ناسخؔ کا ایک نادر اور نایاب مخطوطہ ہے۔اس میں ناسخؔ کا غیر مطبوعہ کلام بھی موجود ہے۔اس کے آخری صفحے پر نور و علی نقوی کی مہر ہے۔اور اس پر 1263 مطابق 1846 ہجری کی تاریخ درج ہے اس نسخے میں بھی ناسخؔ کی یہ مثنوی شامل ہے ۔کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد میں دیوان ناسخؔ کے دو نسخے محفوظ ہیں ۔ یہ دونوں نسخے

1266 مطابق 1849 ہجری کے لکھے ہوئے ہیں۔ان نسخوں میں بھی ناسخ کی یہ مثنوی موجود ہے۔79

ڈاکٹر اسپرنگر نے اودھ کٹیلاگ کے صفحہ 605 پر اور گیان چند جین نے اردو مثنوی شمالی ہند کے صفحہ 429 پر ''معراج نامہ'' کی تاریخ تصنیف 1667 مطابق 1812 بتائی ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے اس تاریخ کو غلط ثابت کیا۔دوسری بات گیان چند جین نے یہ بھی غلطی سے کہہ دیا ہے کہ ''معراج نامہ'' بادشاہ غازی الدین حیدر کے حکم سے لکھی گئی ہے اور اس کے تقریباً سولہ سو 1600 اشعار ہیں۔اکبر حیدری کا کہنا ہے کہ گیان چند جین نے شاید یہ مثنوی دیکھی ہی نہیں ہے۔انھوں نے راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں جو نسخہ دیکھا ہے اس کی تفصیل اس طرح ہے۔کتب خانے میں مخطوطہ نمبر 101 نسخہ معراج نامہ محفوظ ہے اور اس کے ساتھ ایک چھوٹی سی مثنوی شامل ہے جس کا نام ''معجزہ امام حسینؑ'' ہے۔اس میں 312 شعر ہیں۔اکبر حیدری کشمیری نے حمد کے چند شعر اور مناجات کے کچھ اشعار بھی نقل کیے ہیں۔اور انھوں نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ مثنوی ان کی ہی دریافت شدہ ہے۔اس حوالے سے یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''میر ضمیرؔ کی یہ مثنوی راقم الحراف کی دریافت ہے۔اس کا کوئی اور نسخہ غالباً کسی اور کتب خانے میں نہیں ہے۔افسوس اس بات پر ہو رہا ہے کی کاتب سے شاعر کے حالات لکھنے سے رہ گئے ہیں ورنہ مثنوی کی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ ہو جاتا اور میر ضمیرؔ کے مزید حالات معلوم ہو جاتے۔''80

سید مسعود حسن رضوی کے ذخیرۂ مراثی میں میر ضمیرؔ کے مراثی کی دو ضخیم جلدیں ہیں۔ان میں 104 مراثی موجود ہیں۔ان میں سے کوئی 26 مرثیے مطبوعہ جلد میں شامل ہیں۔بقول اکبر حیدری کشمیری ان مرثیوں میں بعضوں کے قلمی نسخے راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں محفوظ ہیں۔اس میں مطبوعہ مراثی کے علاوہ جو قلمی اور غیر مطبوعہ مرثیے اکبر حیدری کشمیری کو ملی ان کو انھوں نے اس کتاب میں صفحہ 463 سے 467 تک نقل کیا ہے۔اس میں مرثیہ کا نام، تعداد بند اور موجودہ کیفیت کے علاوہ جو 26 مطبوعہ مرثیہ ہیں ان کی بھی نشان دہی کی ہے۔

مختصراً جو اکبر حیدری کشمیری نے دعوے کیے ہیں قیاساً ان کو صحیح مانا جاسکتا ہے کیوں کہ انھوں نے جو دلائل پیش کیے وہ کافی حد تک مستند ہیں۔

**میاں دلگیر**

لالہ چھنولال نام اور طربؔ تخلص، مسلمان ہونے کے بعد دلگیرؔ تخلص کرتے تھے۔ڈاکٹر اسپرنگر نے''

اودھ کٹیلاگ''، شفیتہ ''گلشن بے خار'' میں اور قطب الدین باطن ''گلستان بے خزاں'' میں دلگیر کا نام چھنولال لکھا ہے۔ نصر اللہ خویشگی ''گلشن ہمیشہ بہار'' نے جھبولعل اور محسن لکھنوی نے ''سراپا سخن'' میں چھنگو لال لکھا ہے۔ ان سارے تذکروں کو چھوڑ کر قدامت کے لحاظ سے مصحفی کا ''ریاض الفصحا'' کو تقدم حاصل ہے۔ انھوں نے دلگیر کا جو نام بتایا وہ لالہ چھنولال ہے۔ اسی کو صحیح مانا جاسکتا ہے۔ دلگیر کی ولادت کے بارے میں بھی صحیح معلومات نہیں ہیں۔ مصحفی نے ریاض الفصحا کی تالیف کے وقت (1221 سے 1236) ان کی عمر قیاساً تئیس 23 سال لکھی ہے۔ ڈاکٹر مسیح الزماں نے مصحفی کی بنیاد پر دلگیر کا سنہ ولادت 1198 مطابق 1783 قرار دیا ہے۔ اس کے بر خلاف اکبر حیدری کشمیری اپنی تحقیق کے مطابق دلگیر کی پیدائش 1195 مطابق 1780 قرار دیتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں اقتباس:

> ''راقم کی دریافت کے مطابق دلگیر کا سنہ پیدائش 1195ھ ہے۔ کیونکہ 1255 مطابق 1841 میں ان کی عمر ساٹھ سال کی تھی اور ریاض الفصحا کے آغاز ترتیب یعنی 1221 میں ان کی عمر تئیس 23 برس کی نہیں بلکہ پچیس 25 سال تھی۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ 1255 ہجری میں دلگیر نے حسین آباد کے بازار کی تعریف میں ایک مثنوی لکھی جس کے آخر میں یہ قطعہ تاریخ درج ہے۔''81

اقتباس میں جس قطعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ انھوں نے کتاب کے صفحہ 469 پر نقل کیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق دلگیر نے مسلمان ہونے کے بعد اپنا نام غلام حسین رکھا تھا۔ یہ ذکر تذکرے ''خوش معرکہ زیبا'' نسخہ پٹنہ کے حاشیے میں لکھا ہوا ہے عبارت اس طرح ہے''سابق میں حسب بیان میاں دلگیر ہنوز تھے........جب سے مسلمان ہوئے اپنا نام غلام حسین مقرر کیا۔ (خوش معرکہ زیبا نسخہ پٹنہ)

دلگیر کو آج تقریباً ڈیڑھ سو سال سے اوپر گزر گئے ہیں لیکن آج تک وہ بحیثیت مثنوی نگار محققین اور ناقدین کی نظر سے پوشیدہ رہے ہیں اور کسی تذکرہ نویس نے بھی ان کی مثنویوں کا ذکر نہیں کیا ہے۔ سید محمد عقیل اور پروفیسر گیان چند جین نے شمالی ہند کی اردو مثنویوں پر کام بھی کیا۔ لیکن کسی بھی ایک نے دلگیر کی مثنویوں کے بارے میں نہیں لکھا۔ اکبر حیدری کشمیری کے ہاتھ جو نسخہ دیوان دلگیر لگا وہ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں موجود ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی دریافت کے مطابق اس مخطوطہ کے سرورق پر'' دیوان دلگیر'' لکھا ہوا ہے۔ اس میں دلگیر کی کوئی غزل یا مرثیہ نہیں ہے بلکہ چند دلچسپ مثنویاں موجود ہیں۔ دلگیر کے مطبوعہ مرثیوں کی تعداد کوئی چار سو

400 کے قریب ہیں۔ان کے علاوہ اب بھی ان کے غیر مطبوعہ مرثیے مخطوطات کی شکل میں کافی مقدار میں محفوظ ہیں ۔اکبر حیدری کشمیری کو جو قلمی اور غیر مطبوعہ مرثیے راجہ صاحب محمود آباد اور دیگر ذرائع سے فراہم ہوئے ہیں۔ان کی تعداد چوبیس 24 ہیں جو زیر نظر کتاب میں صفحہ 480 سے 481 تک مکتوبہ اور تعداد بند کے ساتھ نقل کیے گئے ہیں۔

## مرزا جعفر علی فصیح

مرزا جعفر علی فصیح کا ایک طویل مرثیہ سید مسعود حسن رضوی کے کتب خانے میں اکبر حیدری کشمیری کو ملا۔یہ مرثیہ حُر کے حال میں لکھا گیا ہے۔یہ مرثیہ ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔اس میں ایک سو بیالیس 142 بند ہیں اور اس کا مکتوبہ 1287 مطابق 1870 میں ہوا ہے۔اس مرثیہ کے آخر میں محمد حسین اور سید علی کاتبوں کے نام بھی درج ہیں۔مرثیہ کے بارے میں اکبر حیدری کشمیری کہتے ہیں کہ یہ مرثیہ فصیح کا ایک ادبی شہکار ہے۔اور انھوں نے اس مرثیہ کے چند بند بھی نقل کیے ہیں۔

فصیح کا قدیم ترین قلمی اور غیر مطبوعہ نسخہ اکبر حیدری کشمیری کو حاصل ہوا ہے۔جس کا مکتوبہ 1222 مطابق 1807 ہے۔اس کے آخری بند سے پتہ چلتا ہے کہ فصیح 1222 مطابق 1807 سے قبل کربلائے معلیٰ کی زیارت سے فیض یاب ہوئے تھے۔یہ مرثیہ انھوں نے کربلا میں تحریر کیا تھا۔اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ مرثیہ اسی سال لکھا گیا ہوگا۔یہ مرثیہ 46 بند پر مشتمل ہے۔اکبر حیدری کشمیری نے یہ پورا مرثیہ کتاب میں نقل کیا ہے۔انھوں نے مسعود حسن رضوی کے ذخیرہ مراثی میں فصیح کے جو قلمی اور غیر مطبوعہ مراثی دیکھے ہیں اور جو ان کے مطالعہ سے گزری ہے ان مرثیوں کی تاریخ وار ترتیب انھوں نے اس کتاب میں دی ہے۔اس میں کچھ مرثیے راجہ صاحب محمود آباد اور ادارہ ادبیات اردو حیدر آباد کے یہاں بھی ہیں۔ان سب کی تعداد 122 ہیں جو صفحہ 527 سے 532 تک ہیں بندوں کی تعداد بھی لکھی گئی ہے۔

## مرزا دبیرؔ

اکبر حیدری کشمیری نے مرزا دبیرؔ کے غیر مطبوعہ مراثی کی فہرست اپنی کتاب میں شامل کی ہے جن کی تعداد 63 تریسٹھ ہے۔یہ مراثی نسخہ رشید اور نسخہ امیر میں موجود ہیں۔اور اب اکبر حیدری کشمیری کے کتب خانے میں موجود ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ یہ مرثیے ضمیر اختر نقوی کے اشاریہ مرزا دبیرؔ مطبوعہ اردو پبلشرز لکھنؤ اور کاظم علی خان مطبوعہ ماہنامہ کتاب نما مکتبہ جامعہ دہلی دبیر نمبر میں بھی نہیں ملتے ہیں۔اس میں اکبر حیدری کشمیری نے مرثیہ کے

بند کی تعداد، مکتوبہ تاریخ وغیرہ درج کی ہے یہ صفحہ 341 سے 544 میں موجود ہیں۔ ذیلی باب میں اکبر حیدری کشمیری نے ان تمام مرثیوں کو جو غیر مطبوعہ ہیں ایک ایک کر کے ان پر تفصیل سے نسخوں اور تاریخ مکتوبہ پر روشنی ڈالی ہے۔

### میر انیسؔ

میر انیسؔ کے دادا میر حسنؔ نے اپنے اسلاف کا ذکر ''تذکرۂ شعرائے ہندی'' اور کلیات میر حسنؔ کے دیباچہ میں کیا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ ان دونوں کتابوں میں سہو کاتب سے ان کے جد اعلیٰ کا نام میر برات اللہ لکھا گیا جس کا ازالہ آج تک کسی نے نہیں کیا ہے۔ ان کا اصلی نام ہدایت اللہ تھا۔ اکبر حیدری کشمیری اس کی تردید میر حسنؔ کے تذکرۂ شعرائے ہندی کے ایک قدیم ترین مخطوطے جو 1188ھ کا مکتوبہ ہے، جو غالباً مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے میر انیسؔ کے غیر مطبوعہ اور نایاب مرثیے بھی دریافت کیے ہیں جن کی پوری تفصیل انھوں نے ''باقیات انیس'' میں دی۔ لیکن اس کتاب ''اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا'' میں انھوں نے 23 مرثیے نقل کیے ہیں جن کے بندوں کی تعداد اور کیفیت بھی لکھی گئی ہے۔ انھوں نے ''تحقیقی نوادر'' میں میر انیسؔ کا غیر مطبوعہ کلام بھی درج کیا ہے۔ لیکن جو بھی ان کو کچھ نئے غیر مطبوعہ سلام ملے ان کو انھوں نے صفحہ 595 پر نقل کیا ہے جن کی تعداد چار 4 ہے۔

مرثیوں اور سلام کے علاوہ اکبر حیدری کشمیری کو میر انیسؔ کے چند غیر مطبوعہ مخمس اور متعدد رباعیاں بھی دستیاب ہوئی ہیں۔ یہ غیر مطبوعہ کلام انھیں سید محمد رشید صاحب کے ذخیرۂ مراثی سے ملے ہیں۔ انھوں نے اس کتاب میں ایک مخمس کا مقطع اور کچھ رباعیاں نقل کی ہیں۔ مزید گفتگو ''باقیات انیسؔ'' میں ہوگئی جو کہ یہاں دوہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

### (7) باقیات انیسؔ:۔

''باقیات انیسؔ''، جون 1979 میں اردو پبلی شرز نظیر آباد، لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب کا انتساب راجہ سید محمد مہدی کے نام لکھا ہے۔ اس کتاب میں پہلے دو صفحوں پر راجہ سید محمد مہدی اور راجہ سید احمد مہدی کی تصوریں دی گئی ہیں۔ اس کے بعد تیسرے صفحہ پر تین تصوریں دی گئی ہیں جو اکبر حیدری کشمیری پھر سید محمد رشید اور مرزا میر علی بیگ جونپوری کی تصویریں ہیں۔ اس کے بعد چار صفحوں پر 36 تصویریں دی گئی

ہیں۔اس کے علاوہ ’عرض ناشر‘ جو مرزا میر علی جونپوری نے لکھا ہے۔دیباچہ مصنف بھی شامل کتاب ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے ’’باقیاتِ انیسؔ‘‘ لکھ کر ایک بڑا ادبی کارنامہ انجام دیا ہے۔میر انیسؔ کی مطبوعہ جلدوں میں غلطیوں کی نشان دہی کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ایک ایک مرثیہ کے کئی کئی مخطوطوں کے ساتھ مقابلہ کرنے کے بعد ہی یہ صبر آزما کام انھوں نے بڑی عرق ریزی سے پائے تکمیل تک پہنچایا ہے اوران ہی کی ہمت تھی کہ ہر مرثیہ کے ایک ایک بند کا مقابلہ کر کے اختلاف نسخ اور الحاقی کلام جیسی فاش غلطیوں کو نمایاں کریں۔انھوں نے باقیات انیس لکھ کر تحقیق کا نیا راستہ کھولا ہے۔

باقیات انیسؔ میں انیسؔ کے 26 چھبیس نایاب اور غیر مطبوعہ مرثیوں کا ذکر ملتا ہے۔زیر نظر کتاب میں ذیل کے مرثیے میں متعدد بند ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔یارب چمن نظم کو گلزار ارم کر | مطبوعہ 182 بند | قلمی 221 بند |
| ۲۔کیا زخم ہے وہ زخم کہ مرہم نہیں جس کا | مطبوعہ 168 بند | قلمی 188 بند |
| ۳۔جب لاشہ قاسم کو علمدار نے دیکھا | مطبوعہ 103 | قلمی 156 بند |
| ۴۔عباس علی شیر نیستان نجف ہے | مطبوعہ 59 بند | قلمی 108 بند |

مذکورہ بالا مرثیے کے بند ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔اب ان مرثیوں کا ذکر کرتے ہیں جو غیر مطبوعہ یا غلط منسوب ہوئے ہیں اور جن کا پتہ اکبر حیدری کشمیری نے لگایا ہے۔

مرثیہ 1: کھولا علم جو خسروِ زریں کلاہ نے 181 بند

اس مرثیہ کے بعض قلمی نسخوں پر مونسؔ اور انسؔ کا نام درج ہے۔ضمیر اختر نقوی کے مطابق یہ مرثیہ پاکستان میں 1971 میں چھپا۔اس کے بعد نائب حسین نقوی نے رسالہ ’’آج کل‘‘ میر انیسؔ نمبر میں جون 1975 میں میر انیس کے نام شائع کیا تھا۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق انہیں اس مرثیہ کے پانچ قلمی نسخے میر انیسؔ کے نام سے مل گئے ہیں۔جس میں تین نسخے مسعود اور دو رشید (قلمی مراثی جلد چہارم مرثیہ نمبر 27 اور قلمی مراثی جلد ہشتم میں مرثیہ نمبر 1) کے پاس ہیں۔ڈاکٹر صفدر حسین بھی اس مرثیہ کو میر انیسؔ کا ہی تسلیم کرتے ہیں۔

مرثیہ 2: ہند آئی ہے زنداں میں بڑے جاہ و حشم سے 103 بند

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق یہ مرثیہ میر انیسؔ کی جلدوں میں چھپا ہے اور آج تک ان ہی کے نام سے مشہور تھا دراصل یہ میر انسؔ کا ہے۔اس کے کئی قلمی اور مطبوعہ نسخے رشید کے پاس موجود ہیں۔قلمی نسخوں میں 96 اور مطبوعہ

میں 103 بند ہیں۔ مطبوعہ مرثیہ کے سرورق ''از تصنیفات جناب میر مہر علی صاحب انس سلمہ'' درج ہے۔

مرثیہ 3: سب سے جدا روش مرے باغ سخن کی ہے 163 بند

یہ مرثیہ بغیر مقطع جلد پنجم قدیم اور جلد پنجم جدید از عبدالحسین میں 162 بند میں چھپا تھا۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق اس کے متعدد قلمی اور مطبوعہ نسخے میر انسؔ کے نام جناب رشید کی جلد دوم (مراثی قلمی، مطبوعہ میر انسؔ) میں موجود ہیں۔

مرثیہ 4: خورشید فلک عکس در تاج علی ہے 140 بند

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق انہیں اس مرثیہ کے تین قلمی اور دو مطبوعہ نسخے ملے ہیں۔ اور بھی نسخے میر انیسؔ کے تخلص سے موجود ہیں۔ یہ مرثیہ غلطی سے انسؔ کے نام ''ریحان غم'' میں چھاپا ہے۔ لیکن یہ مرثیہ انیسؔ کا ہی ہے۔

مرثیہ 5: تاج سر سخن ہے شہ لافتی کی مدح 117 بند

اس مرثیہ کا مقدمے میں تبصرہ کیا گیا ہے۔ اس کا ایک نسخہ مسعود کی ملکیت میں انیسؔ کے نام سے ہی موجود ہے۔ ان کی ایک خطی تحریر سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ مرثیہ میر انیسؔ کا ہی ہے۔ بقول اکبر حیدری کشمیری غلطی سے اس کو مونسؔ کی جلد دوم میں چھپا گیا ہے۔

مرثیہ 6: جب طوق و سلاسل میں مسلسل ہوئے عابد 97 بند

اکبر حیدری کشمیری کے مطابق یہ مرثیہ انیسؔ کی مطبوعہ جلدوں میں 89 بند میں ہے۔ لیکن مسعود حسن رضوی کے پاس اس کا جو قلمی نسخہ تھا اس میں 97 بند ہیں۔ آخری بند یعنی مقطع دو طرح سے لکھا گیا ہے ان دونوں پر 97 کا ہندسہ لکھا گیا ہے۔

یہ مرثیہ 21 شوال 1255ھ مطابق 1839 کو نقل کیا گیا تھا۔ مطبوعہ جلدوں میں دوسرا مقطع درج ہے پہلا مقطع کہیں نہیں ملتا ہے۔

مرثیہ 7: جب قصد کیا نہر کا سقائے حرم نے 51 بند

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق مسعود حسن رضوی کے پاس اس مرثیے کا آخری بند مقطع دو طرح سے لکھا گیا ہے۔ یہ مرثیہ ربیع الاول 1255 مطابق 1839 کو نقل کیا گیا تھا۔ مطبوعہ جلدوں میں پہلی صورت درج ہے اور اس میں 22 بند ہیں۔ دوسرا مقطع کہیں نہیں ملتا ہے۔

مرثیہ 8: جب رفیقان حسین ابن علی کام آئے (قلمی)

اکبر حیدری کشمیری لکھتے ہیں کہ اس مرثیہ کے دو مطلع یکے بعد دیگرے ہیں۔ پہلا مطلع متن میں اور دوسرا حاشیے میں ہے۔ دونوں کو نقل کیا گیا ہے۔ یہ مرثیہ یکم جمادی الثانی 1254ھ مطابق 1883 کا نقل کیا ہوا ہے اور پہلی مرتبہ مطبع اودھ اخبار (مطبع نول کشور) جلد سوم میں 43 بند میں ناقص چھپا تھا۔ پھر اسے ایک عبارت کے ساتھ عبدالحسین نے مطبع دبدبۂ احمدی کی جلد ششم قدیم میں صفحہ 37 میں 74 بند میں شائع کیا تھا۔ اکبر حیدری کی تحقیق کے مطابق یہ مرثیہ غلط اور ناقص 35 بند کا مطبوعہ جلد سوم مطبع اودھ اخبار میں چھپا تھا اب کامل اور صیح 74 بند کا چھاپا گیا ہے۔ اس مرثیہ میں 73 بند ہیں۔ پورا مرثیہ ترتیب دے کر باقیات انیسؔ کی جلد دوم میں شامل ہے۔

مرثیہ 9: یارب عروس فکر کو حسن جمال دے

اس مرثیہ کے بعض قلمی نسخوں میں یہ میر انیسؔ کے صاحبزادے میر رئیسؔ سے منسوب ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس کے دو نسخے رشید کے کتاب خانے میں دیکھے ہیں۔ نسخہ اول ناقص الآخر بتائی ہے۔ جس میں مقطع موجود ہی نہیں ہے۔ ابتدا کے سادہ ورق پر ''من تصنیف رئیسؔ'' درج ہے۔ دوسرے نسخے میں رئیسؔ اور مونسؔ دونوں کے مقطع نمایاں ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس مرثیہ کو پاکستان میں شائع کرایا تھا۔ ضمیر اختر نقوی مرحوم کے مطابق یہ مرثیہ مفتی محمد عباس کے پاس مرزا نوشاہ کے لیے انیسؔ نے بھیجا تھا۔

اکبر حیدری کشمیری نے نائب حسین نقوی مرحوم کے زیر نظر مرتب کردہ مرثیے میں بعض جگہ اختلاف نسخہ اور غلطیوں کی نشان دہی کی ہے۔ طوالت کی وجہ سے یہاں ہم سب بندوں اور مصرعوں کو پیش نہیں کرسکیں گے البتہ مطالعہ کے لیے زیر نظر کتاب کا صفحہ نمبر 32 سے 34 تک موجود ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے اختلاف نسخہ میں جگہ جگہ شواہد اور دلائل سے ثابت کیا ہے کہ نائب حسین نقوی مرحوم کی اکثر مرثیہ غیر مطبوعہ نہیں ہے بلکہ مطبوعہ ہے۔

اکبر حیدری کشمیری نے جو بھی نسخے اس کتاب کی تیاری میں دیکھے ہیں ان کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ رشید صاحب کے کتاب خانے میں انھوں نے 151 نسخے دیکھے ہیں۔ مہاراج کمار کے کتاب خانے میں 229 اور امیر علی کے کتب خانے سے 30 نسخے دیکھے جن کی کل تعداد 410 ہوتی ہیں۔ اس کتاب میں انھوں نے قلمی مراثی کا اشاریہ حروف تہجی کے طور پر دیا ہے۔ اس میں انھوں نے بند کی تعداد، نسخوں کی تعداد، کتاب خانے کا نام اور نسخے کی کیفیت درج کی ہے۔ یہ صفحہ 90 سے لے کر 103 تک جن کی نمبر شمار کی تعداد 188 ہے۔ اس کے علاوہ مسعود حسن رضوی کے کتاب خانے میں انیسؔ کے ہی تقریباً تین سو قلمی نسخے ان کی نظر سے گزرے ہیں۔ ان میں

سے اکثر و بیشتر ان کے شاگرد میر سلامت علی رضوی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری نے کتاب خانہ مسعود حسن رضوی کے قلمی مراثی کی فہرست بھی اس کتاب میں نقل کی ہے۔ انھیں ان نسخوں میں میر انیسؔ کے جو قلمی مرثیہ دستیاب ہوئے ان کی تعداد چھ سو 600 سے زائد ہے۔

اس کے علاوہ اکبر حیدری کشمیری نے میر انیسؔ کے سلام کی بھی بازیافت کی ہے۔ جو غیر مطبوعہ ہیں۔ جن کو حاشیے میں دلائل کے ساتھ غیر مطبوعہ ثابت کیا گیا ہے۔ انھوں نے ندوۃ العلوم لکھنو کے کتاب خانے سے میر انیسؔ کی ایک غزل دریافت کی ہے یہ پوری غزل کتاب کے صفحہ 140 پر نقل کی گئی ہے۔ یہ غزل دس 10 اشعار پر مشتمل ہے۔

مختصراً اس کتاب کا مطالعہ کرنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اکبر حیدری کشمیری نے اس کتاب میں میر انیسؔ کے حوالے سے بہت ہی دیدہ ریزی سے کام کیا ہے اور انیسؔ کے باب میں ایک اہم اضافہ بھی کیا۔ اس تصنیف میں تحقیق و جستجو کی برمار ہے۔ انھوں نے 25 پچیس مرثیوں کے پورے بندوں کو اس کتاب میں قلم بند کیا ہے۔ پہلا مرثیہ ''یارب! چمن نظم کو گلزار ارم کر'' سے شروع کر کے آخری مرثیہ ''جب کہ خاموش ہوئی شمع امامت رن میں'' پر ختم کیا۔ اس کے علاوہ انھوں نے غیر شائع شدہ سلاموں کی بھی بازیافت کی۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ انھوں نے میر انیسؔ کی ایک غزل کی دریافت بھی کی ہے اور ان کا دعوی ہے کہ یہ میری ہی دریافت ہے۔ اس بحث کا ماحصل یہ ہے کہ ان نسخوں اور کتابوں کو پڑھنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس کے لیے صبرِ حلیمہ اور قوتِ برداشت کی ضرورت ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے یہ کام بخوبی کے ساتھ انجام دیا ہے۔ یہ صرف ایک محققانہ ذہن رکھنے والا ہی کر سکتا ہے۔ اس کتاب سے انھوں نے تحقیق کے کچھ باب بند تو کر لیے لیکن کچھ اور ابواب کا راستہ ہموار کیا ہے جن پر آگے تحقیق کرنے کی ضرورت ہے۔

**(8) باقیات دبیرؔ:۔**

یہ کتاب اکبر حیدری کشمیری نے 1994 میں لکھی ہے اس کی اشاعت نسیم بک ڈپو، لاٹوش روڈ لکھنو نے کی ہے۔ اس کتاب میں مرزا دبیرؔ کے 26 چھبیس غیر مطبوعہ اور نادر و نایاب مرثیے شامل ہیں۔ بعض ناقدین اور محققین نے غلط فہمی کی بنا پر کچھ مرثیے مرزا دبیرؔ کے شاگردوں کے ساتھ منسوب کیے ہیں۔ ایک دو مرثیوں کے صرف مطلع ہی ماہر دبیریات سید افضل حسین ثابتؔ لکھنوی نے حیات دبیرؔ میں لکھے ہیں۔ ان مرثیوں کے کئی نسخے اکبر حیدری کشمیری کے ہاتھ لگے ہیں۔ ایک دو مرثیے بہت ہی خستہ حالت میں دبیرؔ کے نام سے مطبوعہ صورت میں

ہیں۔

اس کتاب ''باقیات دبیرؔ'' میں جن مرثیوں کو شامل کیا گیا ہے ان کے مطبوعہ یا غیر مطبوعہ ہونے کے بارے میں اکبر حیدری نے ''العلم'' بمبئی کے مرثیے نمبر بابت اگست 1992 اور اپنے مضمون ''مرزا دبیرؔ کے غیر مطبوعہ مرثیے'' مطبوعہ ''نیا دور'' لکھنو بابت جولائی 1993 صفحہ 35 میں اپیل کی تھی۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ہم مندرجہ بالا مراثی کو اپنی نئی تصنیف ''باقیات دبیر'' میں پہلی مرتبہ شامل کیا ہے کتاب زیر ترتیب ہے۔ اگر کسی صاحب کو ان کے مطبوعہ یا غیر مطبوعہ یا قلمی نسخوں کے بارے میں کوئی بھی علم ہو تو برائے مہربانی اطلاع فراہم کریں۔''82

یہاں ہم چند الحاقی، املا کی غلطی اور غیر مطبوعہ مرثیوں کو پیش کرنے کی کوشش کریں گے جن کی تحقیق یا نشان دہی اکبر حیدری کشمیری نے اس اپنی اس کتاب میں کی ہے۔

سبع متانی کا دسواں مرثیہ: جب شاہوں میں صبح کی نوبت کا غل ہوا

اس مرثیہ کے 131 بند ہیں۔ بقول اکبر حیدری کشمیری اس کے 8 آٹھ نسخے دستیاب ہوئے ہیں۔ جس میں پانچ قلمی اور تین مطبوعہ ہیں۔ دو قلمی نسخے مرزا دبیرؔ کی زندگی میں نقل کیے گئے ہیں۔ دبیر کے نام کے ساتھ ''سلم اللہ تعالیٰ'' بھی درج ہے۔ یہ مرثیہ دفتر ماتم جلد ہشتم مطبع جعفری 1886 اور مطبع نول کشور میں چھپا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری نے اس مرثیہ کے 8 آٹھ غیر مطبوعہ بند دریافت کیے ہیں یہاں ہم صرف بند نمبر پر ہی اکتفا کریں گے۔ جو یوں ہیں:

بند نمبر 8، بند نمبر 9، بند نمبر 54، بند نمبر 55، بند نمبر 56، بند نمبر 116 بند نمبر 121 بند نمبر 124

ان بندوں کا متن دیکھنے کے لیے اکبر حیدری کشمیری کی زیر نظر کتاب کا صفحہ نمبر 62 سے 63 کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ جہاں انہوں نے ان کی تفصیل بیان کی ہے۔

ڈاکٹر صفدر حسین نے پاکستان سے ''نادرات دبیرؔ'' کے عنوان سے 1975 میں پانچ مرثیے شائع کیے ہیں۔ ان کے مطابق یہ مرثیے غیر مطبوعہ ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق مرثیہ ''سبطین علی رونق میدان دغا تھے'' اور ''مہر علم سرور اکرم ہوا طالع'' نادرات دبیرؔ سے بہت پہلے چھپ چکے تھے۔ ان کا تیسرا اور چوتھا مرثیہ جناب مختار ثقفی کے حال میں ہیں۔

اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق دفتر ماتم کی ابتدائی پندرہ جلدیں جو مطبع سطبیہ (1300ھ)، مطبع علوی (1300ھ)، مطبع جعفری (1304ھ) اور مطبع شمس العلوم لکھنؤ (1314ھ) سے چھپی تھیں اور جواب نادرونایاب ہیں معتبر اور مستند ہیں۔ان جلدوں کے بعد جو بیس جلدیں سید عبدالحسین نے شائع کی تھیں ان کو غیر معتبر ٹھہراتے ہیں۔کیوں کہ قلمی اور مطبوعہ نسخوں کے مقابلے میں بندوں کی تعداد زیادہ ہے۔مثال کے طور پر ایک مرثیہ ہے۔''جب پریشان ہوئی مولا کی جماعت رن میں'' یہ مرثیہ کاظم علی خان کے مطابق ''تلاش دبیرؔ'' میں صفحہ 290 میں 35 بند کا درج ہے۔امیر علی (اردو پبلشز لکھنو) کے پاس اس کا ایک قلمی نسخہ ہے۔اس میں 37 بند ہیں۔اور یہ 1289ھ کا مکتوبہ ہے۔اسی طرح مرثیہ ''جب ہوگیا تباہ سفینہ نجات کا'' تلاش دبیرؔ صفحہ 297 میں اس کے 34 بند ملتے ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق راجہ صاحب محمود آباد کے کتب
خانے میں اس کے 65 بند ہیں۔اور یہ مرثیہ 1261ھ کا لکھا ہوا ہے ادارۂ ادبیات اردو حیدر آباد کے نسخے میں 79 بند ہیں۔دبیرؔ کے قلمی نسخوں اور مطبوعہ نسخوں میں بڑا فرق پایا جاتا ہے۔بقول اکبر حیدری کشمیری دفتر ماتم کی جلدوں کی ترتیب میں کئی نقائص ہیں۔یہ مرثیے مربوط نہیں ہیں۔

اس کتاب میں اکبر حیدری کشمیری نے جو تحقیقی کام کیا ہے وہ لائق تعریف ہے۔کاظم علی خاں نے ''تلاش دبیر'' میں دو مقامات پر صفحہ 44۔45 اور صفحہ 279۔281 میں کچھ مراثی الحاقی قرار دیے ہیں۔اکبر حیدری کشمیری نے ان میں کچھ مراثی پر اختلاف کیا ہے کہ وہ الحاقی نہیں ہوسکتے ہیں۔جن پر اکبر حیدری کشمیری نے اختلاف رائے کیا ہے ان کی تعداد ستائیس 27 ہے جو زیر نظر کتاب میں نقل کیے گئے ہیں۔اس فہرست میں مرثیہ نمبر 14 (گلگونہ رخسا فلک گرد ہے ان کی) دوبار یعنی مرثیہ نمبر 23 میں بھی لکھا گیا ہے اور مرثیہ نمبر 24 کو نمبر دینا رہ گیا تھا۔ان ساری مراثی کی مفصل بحث انھوں نے زیر نظر کتاب میں دی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ سبھی مرثیے مرزا دبیر کے ہی ہیں جن کو محدود مطالعے کی بنا پر الحاقی قرار دیا گیا تھا۔

اس کتاب کی تحقیقی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ اکبر حیدری کشمیری نے سید محمد رشید کے کتب خانے سے مراثی دبیرؔ کی ایک ضخیم جلد پائی ہے جو ناقص الطرفین ہے۔اس جلد پر تاریخ اشاعت اور کتاب کا نام وغیرہ معلوم نہیں ہوسکا ہے۔اکبر حیدری کشمیری کے اندازے کے مطابق یہ جلد ایک سو سال سے زیادہ پرانا لگتا ہے۔کاغذ انتہائی خستہ اور بوسیدہ ہے۔ان کی تحقیق کے مطابق اس جلد میں بعض نادرونایاب مرثیے موجود ہیں جو دفتر ماتم یا مطبع اودھ اخبار وغیرہ جلدوں میں نہیں ہیں۔ہر صفحے میں ''مجلس'' کا نمبر، مرثیہ درحال اور دبیرؔ تخلص موجود ہے۔اکبر

حیدری کشمیری اس سلسلے یوں رقمطراز ہیں:

''اس کا کوئی دوسرا نسخہ ہماری نظر سے نہیں گزرا ہے غالباً واحد نسخہ ہے بعض مرثیے قلمی نسخوں میں بھی موجود ہیں۔ دبیریات کے سلسلے میں یہ کتاب انتہائی مفید ہے......... جو ہنوز غیر مطبوعہ اور نادر و نایاب ہیں اور پہلی مرتبہ ''باقیاتِ دبیؔر'' میں شامل کرنے کا فخر محسوس کرتے ہیں۔'' 83

مذکورہ بالا اقتباس سے کتاب کی اہمیت اور مراثی دبیؔر کی قدر بھی سامنے آتی ہے۔ اس کتاب میں اکبر حیدری کشمیری نے جن غیر مطبوعہ مرثیوں کی بات کی ہے ان کی تعداد 26 ہے جن پر انھوں نے صحت افزا بحث کی ہے۔ مرثیوں کے متن صحت اور دیگر چیزوں پر بھی بحث کی گئی ہے۔ فہرست مرثیے بھی نقل کی گئی ہے۔ اس فہرست مرثیوں میں مرثیہ نمبر 13 ''مفتاح قفل باب سخن ہے زباں میری'' کو اکبر حیدری کشمیری نے خارج کیا ہے۔ یعنی ''باقیاتِ دبیؔر'' میں صرف پچیس 25 غیر مطبوعہ مرثیوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ مرثیہ نمبر 13 کو خارج کرنے کی وجہ اکبر حیدری کشمیری نے یوں بیان کیا ہے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''اس ضمن میں جناب علی احمد دانشؔ کا زیر نظر مرثیہ کے بارے میں ایک مضمون بعنوان ''کلام دبیؔر میں تحریف'' مورخہ 6/ فروری 1994 ''قومی آواز'' لکھنؤ کے ضمیمہ میں نظر سے گزرا کہ یہ مرثیہ میر نفیسؔ کا ہے۔ انھوں نے اس کا مطلع اور مقطع بھی پیش کئے۔ مقطع کا خط کی دوسرے کاتب کے ہاتھ کا ہے۔ اور اس پر کوئی تاریخ کتابت نہیں ہے۔....'' 84

اس عبارت سے ایک بات تو صاف ہو جاتی ہے کہ اکبر حیدری کشمیری نے جن مرثیوں کو دریافت کیا وہ خالص غیر مطبوعہ ہیں۔ کیوں کہ اگر کسی کا بھی کسی نے اعتراض کیا ہوتا تو اکبر حیدری کشمیری اس کو نظر انداز نہیں کرتے۔ وہ خارج کرنے سے بھی نہیں کتراتے۔

الغرض اس کتاب کی دبیریات میں ایک الگ ہی شان اور مان ہے۔ اس میں دبیؔر کا وہ کلام دستیاب ہوا ہے جو محققوں کی نظر سے اجل ہوا تھا۔ اکبر حیدری کشمیری نے اپنی محنت اور لگن سے ان ٹوٹی کڑیوں کو ملانے کی کوشش کی اور جس میں کسی حد تک کامیاب بھی ہو گئے ہیں۔ یہ 25 پچیس مرثیے اور الحاقی کلام کی جو غلط بنیاد بنائی گئی تھی اس کو اکبر حیدری کشمیری نے مسمار کیا ہے۔ اپنی تحقیقی ذوق سے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کیا۔ انھوں نے ان مراثی پر ایک مفصل اور مدلل بحث چھیڑی اور پھر ثابت کیا کہ یہ مرثیہ ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔ دبیر کے جو مرثیہ الحاقی قرار دیے گئے تھے ان کی بھی تصحیح کی ہے۔ یہ کتاب دبیریات میں ایک مستند کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ کاظم علی خاں نے اپنی کتاب ''تلاش دبیؔر'' میں جن مراثیے کو دبیر کے ساتھ الحاقی قرار دیا ان میں 27 ستائیس ایسے مرثیے

ہیں جن پر اکبر حیدری کشمیری نے اختلاف رائے کر کے اپنے دالائل سے ثابت کیا کہ یہ الحاقی نہیں بلکہ مرزا دبیر ہی کے مرثیے ہیں۔ جن کی تفصیل راقم نے اوپر بیان کی ہے۔ ان کی بحث اور ثبوت ایسے ٹھوس ہے کہ ان پر اختلاف کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

**(9) نوادرِ غالبؔ:۔**

اکبر حیدری کشمیری کی کتاب ''نوادرِ غالبؔ'' آٹھ 8 مضامین پر مشتمل ہے۔ جو 264 صفحات پر مبنی ہے۔ ادارۂ یادگار غالبؔ کی طرف سے اکبر حیدری کشمیری سے گذارش کی گئی کہ وہ اپنے مقالات کو کتابی شکل میں شائع کریں۔ اس کے جواب میں انھوں نے یہ کتاب ''نوادرِ غالب'' اور دوسری ''غالبیات کے چند فراموش شدہ گوشے'' پیش کیے ہیں۔ ان کی اس کتاب میں حیات آثارِ غالبؔ اور معاصرین و متعلقین غالبؔ کے بارے میں جو معلومات ملتی ہیں۔ وہ شاید ہی کسی دوسری جگہ دستیاب ہوں۔ اس کتاب کے مضامین کا عنوان درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| ا۔ نوادرِ غالبؔ | ۲۔ غالبؔ اور ''اودھ اخبار'' |
| ۳۔ قاطع برہان اور قاطع القاطع | ۴۔ غالبؔ اور رسالہ ''مرقع عالم'' |
| ۵۔ غالبؔ اور رسالہ ''العصر'' لکھنؤ | ۶۔ غالبؔ اور رسالہ ''ادیب'' الہ آبادی |
| ۷۔ غالبؔ اور رسالہ ''معارف'' | ۸۔ مرزا تفتہ اور اودھ اخبار |

نوادرِ غالبؔ کے حصے میں گیارہ 11 باتوں کا ذکر ملتا ہے۔ منشی بال گوبند ماتھر کا ماہوار رسالہ ''ذخیرۂ بال گوبند'' میں غالبؔ کے انتقال کے کچھ دن بعد مارچ 1869 میں غالبؔ پر ایک مضمون چھپا تھا۔ مضمون کے آخر میں ایک قطعۂ تاریخ بھی تھا جو اس عنوان کے تحت درج تھا۔ بقول اکبر حیدری کشمیری، پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیبؔ ''ذخیرۂ بال گوبند'' کے حوالے سے غالبؔ کی وفات پر آزاد کا قطعۂ تاریخ کے عنوان سے ایک مضمون لکھا تھا۔ جو رسالہ ''آج کل'' بابت 15/ فروری 1947 میں شائع ہوا تھا۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق اس قطعہ میں طرز تحریر نامانوس ہونے کی وجہ سے دوسرا مصرع پڑھا نہیں گیا اور اس مصرع پر ذرا غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ مصرع یوں پڑھا جانا چاہیے تھا ''نظمِ مضمون شانست آوارہ''، لیکن اصل تحریر میں ''شانت'' کو پیش نظر رکھیے تو معلوم ہوگا کہ یہ قیاس درست نہیں۔ ''شانت کی کوئی شکل بھی ''شدہ است''، نہیں بن سکتی۔ اس لیے صحیح یہی ہے کہ ''شانت'' شانست ہوسکتا ہے نہ کہ ''شدہ است''۔ اس کے بارے میں ایک لمبی بحث کی گئی ہے۔

اس کتاب میں غالبؔ کے ایک شعر کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔ سید کاظم علی شوکت بلگرامیؔ نے

غالب کے ایک شعر کے بارے میں ''اردو معلّٰی''، نمبر 9، جلد 11 صفحہ 13 بابت ستمبر 1910 میں لکھا ہے۔ کہ یہ شعر غالبؔ کا ہے۔ شعر یوں ہے:

چند تصویر بتاں ، چند حسینوں کے خطوط
بعد مرنے کے مرے گھر سے یہ ساماں نکلا

ان کا کہنا ہے کہ یہ شعر غالبؔ کی اس غزل کی زمین میں ہے۔ مصرع یوں ہے:

قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

آگے لکھتے ہیں کہ یہ شعر نظام الدین حسین کے مرتب ''دیوان غالبؔ مع شرح نظامی'' مطبوعہ نظامی پریس بدایون 1923 کے صفحہ 272 میں بھی موجود ہے۔ اسی طرح یہ شعر ''دیوان غالبؔ'' تاج ایڈیشن، تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور، میں بھی صفحہ 312 میں موجود ہے۔ کاظم علی کا دعوی ہے کہ یہ شعر انھوں نے اپنے بزرگ سے سنا ہے۔ اکبر حیدری کشمیری کی تحقیق کے مطابق یہ شعر کسی مستند دیوان میں کہیں موجود نہیں ہے۔ اس کے لیے انھوں نے بہت ساری دلیلیں بھی پیش کی ہے۔

غالبؔ اور حلوا سوہن:

حمید احمد خان نے ''آج کل'' دہلی بابت 15/فروری 1947 میں ایک مضمون ''غالبؔ کی خانگی زندگی کی ایک جھلک'' شائع کیا۔ حمید احمد خان صفحہ 17 میں فرماتے ہیں:

''غالبؔ ایک وقت کھانا کھاتے تھے۔ دوسرے وقت کباب تلے ہوئے، دال، موبہ ، پسے ہوئے بادام، اور حلوا سوہن۔''

اکبر حیدری کشمیری نے مذکورہ بالا عبارت پر بحث کرتے ہوئے، ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کا جواب جو مندرجہ بالا اقتباس دیکھ کر لکھا گیا تھا جو ''آج کل'' دہلی صفحہ 26 بابت 15/ مارچ 1947 میں شائع ہوا اور پھر ''حلوا سوہن'' کے بارے میں نامور شاعر مرزا یاس یگانہ چنگیزی کا مضمون ''لفظ سوہن کی تحقیق'' جو ''آج کل'' دہلی صفحہ 20-21 بابت 15/ جولائی 1947 میں شائع ہوا۔ یعنی ان دونوں کے مضمون کو زیر نظر رکھ کر اکبر حیدری کشمیری اس نتیجے پر پہنچے کہ سوہن بمعنی شراب نہ غالبؔ کے شعر سے ثابت ہے نہ بگا بیگم کے حلوا سوہن سے۔ یعنی جس طرح عام ہے کہ غالبؔ شرابی تھا اور انھوں نے خود اپنے کلام میں شراب کا ذکر کیا ہے۔ اس بحث سے صاف ہو جاتا ہے کہ یہ سب بے بنیاد ہے کہ غالبؔ شراب پیتے تھے۔

''غالبؔ اور رسالہ ''مرقعِ عالم'':

حکیم محمد علی حبیب کے زیرِ نگراں رسالہ ''مرقعِ عالم'' لکھنؤ سے نکلتا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ جس طرح عبدالحلیم شررؔ کا دلگداز پڑھا جاتا تھا۔ اسی طرح حبیبؔ کا یہ رسالہ بڑی دلچسپی سے پڑھا جاتا تھا۔ اکبر حیدری کشمیری اس رسالے میں مرزا غالبؔ پر شائع ہوئے مضمون پر لکھتے ہیں۔ یہ مضمون اگست 1896 کے شمارے میں صفحہ 73 سے 88 تک شامل رسالہ ہے۔ جس کا عنوان ''مرزا اسداللہ خاں غالبؔ'' ہے۔ مضمون نگار فرید آباد ضلع دہلی کے نواب سید احمد شفیع خان بہادر جن کا تخلص نیرؔ تھا۔ نواب سید احمد شفیع خان بہادر کا تعلق ہز ہائنس نواب امین الدین خان بہادر والیِ لوہارو کے داماد اور مرزا غالبؔ کے رشتہ دار تھے۔ اکبر حیدری کشمیری کے مطابق غالبیات میں اس مضمون کا کوئی ذکر نہیں ملتا اس لیے یہ ایک نئے مضمون کے طور پر سامنے آیا ہے۔ یہ مضمون پورا کا پورا اکبر حیدری کشمیری نے زیرِ نظر کتاب میں نقل کیا ہے۔ اس مضمون میں مرزا غالبؔ کی زندگی کی کسم پرسی اور دیگر حالات پر بحث کی گئی ہے انھوں نے اپنی زندگی نہایت تنگدستی میں گزاری ہے اور اس دور کے لوگوں نے ان کی کوئی خاص قدردانی نہیں کی۔

مختصراً اس کتاب میں غالبؔ کی کچھ ایسی باتوں کا پردہ چاک ہوا ہے جس کو عام لوگوں نے ایسے ہی سنی سنائی باتوں سے تسلیم کیا تھا۔ اس کتاب میں جن رسالوں کے مضامین کی بات کی گئی ہے۔ اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ غالبؔ پر جو باتیں تھوپی گئی ہیں وہ سب غلط ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری نے ان مضامین کی لغوی باتوں کو غلط ٹھہرا کر ثابت کیا کہ یہ من گھڑت ہیں۔ ان کو ہمیں ماننا پڑے گا جب تک نہ اس سلسلے میں نئی تحقیق کی جائے۔ ان چیزوں کو مدِنظر رکھ کر اس کتاب ''نوادرِ غالبؔ'' کی ایک الگ ہی انفرادیت ہے۔

## محمد یوسف ٹینگ

جموں و کشمیر کے اہم محققین میں دوسرا نام محمد یوسف ٹینگ کا آتا ہے۔ جموں و کشمیر میں ان کی شخصیت نمایاں حیثیت اس ضمن میں بھی ہے کہ انھوں نے کشمیری اور اردو زبانوں میں یک بار لکھنا شروع کیا تھا۔ محمد یوسف ٹینگ اپنے زورِ قلم کا اظہار مورخ اور محقق کی حیثیت سے کر رہے ہیں۔ انھوں نے جن چیزوں کا انکشاف کیا ہے وہ بالکل قابلِ قدر ہیں۔

محمد یوسف ٹینگ کا اصلی نام محمد یوسف ہے اور ٹینگ ان کی ذات ہے۔ ان کی ذات کا وجہ تسمیہ یہ ہے کہ وہ شوپیان میں ایک ایسی جگہ پر رہتے ہیں جو قصبے کی عام سطح سے ذرا اونچی ہے ایسی جگہ کو کشمیری میں ''ٹینگ'' کہتے

ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ''ٹینگ'' ان کی ذات کے طور پر لکھا جاتا ہے۔محمد یوسف ٹینگ کی ولادت 12/مارچ 1935 میں جنوبی کشمیر کے کوہستانی قصبہ شوپیان میں ہوئی۔ان کے والد کا نام عبدالرزاق ٹینگ تھا جو سیب کی تجارت کرتے تھے۔یہ وہ زمانہ تھا جب جموں وکشمیر میں حکام کی ستم گری،غریبوں اور کمزوروں پر ستم گری، اقتصادی بدحالی اور خوف ودہشت کی گرم بازاری کا دوردورہ تھا۔محمد یوسف ٹینگ کی ماں مروجہ تعلیم سے بے بہرہ سہی لیکن قرآن مجید پڑھنے کی اہلیت رکھتی تھیں۔ان کی والدہ کے اثرات محمد یوسف ٹینگ کی زندگی پر نمایاں نظر آتے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ کی تین بہنیں اور دو بھائی ہیں۔بہنیں معمولی پڑھی لکھی ہیں البتہ ان کے دو بھائی محکمہ تعلیم میں ملازم ہیں۔محمد یوسف ٹینگ کی زوجہ راجہ خاتون بھی نوخواندہ تھیں جس کے بطن سے محمد یوسف ٹینگ کی تین اولادیں ہوئی، دو بیٹے اور ایک بیٹی،جس کا نام شہناز ہے جو بحیثیت ڈاکٹر کام کررہی ہے۔بڑا بیٹا شاہنواز جو اسسٹنٹ رجسٹرار محکمہ کواپریٹیوں میں کام انجام دیں رہے ہیں۔دوسرا بیٹا شکیل محکمہ اطلاعات میں اسسٹنٹ انفارمیشن آفیسر کی حیثیت سے کام کررہے ہیں۔

محمد یوسف ٹینگ نے بچپن سے لےکر نوجوانی تک مصیبت اور تنگ دستی کا دور دیکھا ہے۔ان کی ابتدائی زندگی میں تقریباً ویسے ہی آلام ومصائب کا غلبہ رہا جیسے عام ادیبوں کو رہتے ہیں۔ان کی غربت اور تنگ دستی کا نقشہ ان کے ہی ایک دوست نے اس طرح کھینچا ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''وہ غالباً چھٹی جماعت میں پڑھتا تھا اور میں ساتویں جماعت میں۔اس کے والد میرے والد کے دوست تھے اور ایک دن انھوں نے یوسف کا تعارف کراتے ہوئے مجھ سے کہا ''یہ میرا بیٹا ہے یوسف۔اس کو اپنے ساتھ رکھو۔'' ''مگر یہ تو چھٹی میں پڑھتا اور میں ساتویں میں'' میں ٹالنے کی غرض سے کہا۔دراصل یوسف کا حلیہ دیکھ کر مجھے وحشت ہورہی تھی اور میں اس سے دوستی پر قطعاً آمادہ نہ تھا۔پٹو کا فرن، بے حد میلی قمیض، نائٹ سوٹ کا پاجامہ، سر پر کنٹوپ، گلے میں ایک غلیظ سا مفلر اور ناک بہتا ہوا۔ایسے لونڈے کے ساتھ کوئی کیا دوستی کرتا۔لیکن میرے نہ چاہنے کے باوجود ہم ایک دوسرے کے دوست بن گئے۔''85

مندرجہ بالا عبارت سے محمد یوسف ٹینگ کی قسم پرسی اور غریبی کا حال معلوم ہوتا ہے۔

محمد یوسف ٹینگ نے ابتدائی تعلیم شوپیان کے ہی مڈل اسکول میں حاصل کی۔وہ پڑھائی میں ہمیشہ قابل ترین شاگردوں میں شمار کیے جاتے تھے۔ہمیشہ اپنی کلاس میں اول یا دوسرے درجے پر آتے تھے۔چوں کہ اس دوران میں اسکول میں ادبی محفلوں کا رواج عام نہیں تھا لیکن جب بھی ادبی محفل کا انعقاد ہوتا تھا تو وہ حصہ لینے

والوں میں سرفہرست ہوتے تھے۔ وہ ہمیشہ مباحثوں اور تقاریر میں نمایاں حصہ لیتے تھے۔ان کے استاتذہ میں پنڈت دینا ناتھ ہانجورہ اور قاری سیف الدین قابل ذکر ہیں۔لیکن ان کی پوری زندگی پر گہرا اثر پنڈت دینا ناتھ ہانجورہ کا رہاہے۔ان کے ہم جماعت دوستوں میں عبدالغفار ڈار اور شمیم احمد شمیم رہے ہیں۔ پڑھائی کے دوران انھیں کھیل کود کے ساتھ کوئی خاص دلچسپی نہیں تھی البتہ وہ اخبار بینی کے بڑے شوقین تھے۔ان دنوں لاہور سے شائع ہونے والے تین اخبار''نوائے وقت''،''زمیندار''اور''احسان'' کشمیر میں خصوصاً پڑھے جاتے تھے۔شوپیان کا ایک دوکاندار یہ تینوں اخبار منگواتا تھا۔ جہاں محمد یوسف ٹینگ اور ان کا دوست شمیم احمد شمیم اخبارات کا مطالعہ کرتے تھے۔

ہائی اسکول پاس کرنے کے بعد محمد یوسف ٹینگ نے ڈاکٹر بننے کے لیے سائنس کا مضمون لیا اور ایس۔پی کالج سری نگر میں داخلہ لیا۔لیکن طبیعت اس طرف مائل نہیں ہوئی جس کے نتیجہ میں اس میدان میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔اس وجہ سے وہ ایف ایس سی (FSC) میں ہی اٹک گئے۔اس کے بعد انھوں نے بی اے آنرز پاس کیا۔کشمیر یونی ورسٹی سے ادیب فاضل کا امتحان امتیاز کے ساتھ پاس کیا اور ریاست میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ پھر انگریزی میں بی اے پاس کیا۔انھوں نے بچپن میں قرآن مجید کی تعلیم آخون غلام محمد سے حاصل کی جو مقامی مسجد میں امامت کرتے تھے۔

محمد یوسف ٹینگ کو پہلے ہی سے سیاست کے ساتھ دلچسپی تھی۔ وہ اکثر سیاسی جلسوں اور میٹنگوں میں شرکت کرتے تھے۔اور اخباروں میں سیاسی خبریں ڈھونڈ ڈھونڈ کر پڑھتے تھے۔1944 میں محمد یوسف ٹینگ اور شمیم احمد شمیم نے شوپیان میں مشترکہ طور پر young boys Association کا قیام عمل میں لایا۔اس جماعت کا صدر محمد یوسف ٹینگ کو چن لیا گیا تھا۔اس طرح سے ان کا باقاعدہ سیاست سے وابستگی ہوگئی۔اس جماعت کے صدر کی حیثیت سے انھوں نے ایک وفد کے ہمراہ جواہر لعل نہرو اور خان عبدالغفار خان جیسے قومی رہنماؤں کے ساتھ ملاقات کی۔چناں چہ یہ جماعت نیشنل کانفرنس کی ہی ایک شاخ تھی۔ پھر 1945 میں انھوں نے نہرو سے شوپیان کے دورہ کے دوران ملاقات کی۔محمد یوسف ٹینگ کے انتظامات دیکھ کر پنڈت جواہر لعل نہرو بہت متاثر ہوئے۔1955 میں محمد یوسف ٹینگ کو تحصیل نیشنل کانفرنس شوپیان کا صدر منتخب کیا گیا۔انہوں نے اس جماعت کو مضبوط بنانے میں قابل قدر کام کیا۔صدر کے دوران ان کو کئی بار مخالفین کی طرف سے انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جس میں ایک بار زخمی بھی ہوئے تھے۔اس کے بعد عملی طور پر انھوں نے سیاست سے

کنارہ کشی کی، لیکن سیاسی شخصیات سے برابر وابستگی رہی۔

محمد یوسف ٹینگ نے صحافی زندگی بھی گزاری۔جس میں وہ کامیاب بھی نظر آتے ہیں لیکن کچھ وجوہات کے بھینٹ چڑھنے سے انھیں صحافت چھوڑنی پڑی۔1953 میں انھوں نے اخبار''اپنا سنسار'' میں کام کرنا شروع کیا۔پھر سیاسی رساکشی میں انھیں یہ ملازمت چھوڑنی پڑی اور سری نگر میں ریڈیو کشمیر میں نیوز ریڈر کی حیثیت سے ملازم ہوگئے لیکن یہاں بھی زیادہ دیر نہ رہ سکے۔اس وقت کے وزیر اعلی بخشی غلام محمد نے ان کی صلاحیت کو دیکھ کر انھیں سرکاری ماہنامہ''تعمیر'' کے ایڈیٹر شمیم احمد شمیم کے ساتھ کام کرنے پر مامور کیا۔کئی سال تک''تعمیر'' میں قلمی طاقت کا مظاہرہ کر کے اس ماہنامہ کے ایڈیٹر بنائے گئے۔ان کی محنت و کاوش سے اس ماہنامہ کا شمار ملک کے اعلا ترین اردو جرائد میں ہونے لگا اور خود ان کو صحافتی حلقے میں اعلا مقام حاصل ہوا۔انھوں نے اخبار''آفتاب'' اور'' زمیندار'' میں بھی قابل قدر کام انجام دیا۔1961 میں محمد یوسف ٹینگ کی تقرری بحیثیت ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر اننت ناگ ہوئی اور 1962 میں انھیں کلچرل اکادمی سری نگر کے مشہور ادبی جریدہ''شیرازہ'' کا ایڈیٹر بنایا گیا۔ان کی خدمات اور لگن سے، انھیں کلچرل اکادمی سری نگر کا ڈپٹی سیکریٹری بنایا گیا۔1973 میں ریاست کے وزیر اعلا سید قاسم نے انھیں کلچرل اکادمی کا سکرٹیری تعینات کیا۔ان کی سرپرستی میں کلچرل اکادمی نے مختلف علاقائی زبانوں کی لغات شائع کیں، مثلاً کشمیری ڈکشنری، اردو کشمیری فرہنگ، ڈوگری کشمیری اور گوجری ڈکشنری۔ وہ کشمیری انسائیکلوپیڈیا کے چیف ایڈیٹر بھی رہے۔اس کے علاوہ وہ''اطلاعات''،''تعمیر''،''مکتوب'' اور''کشمیر ٹوڈے'' جیسے اخباروں اور جرائد کی نگرانی کرتے رہے۔محمد یوسف ٹینگ نے صحافت کے میدان میں جو بہترین رول ادا کیا ہے اس سے جموں وکشمیر کے فن صحافت میں بڑی حد تک وسعت آگئی۔انھوں نے بحیثیت صحافی اپنا لوہا بہت خوب منوایا۔صحافت کے میدان میں ایک بار انھیں کشمیر ویلی نیوز ایڈیٹرس ایوسی ایشن نے کلین چٹ دے کر انھیں فن صحافت سے بے دخل کرنے کی کوشش کی لیکن محمد یوسف ٹینگ نے ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

محمد یوسف ٹینگ نے محکمہ اطلاعات اور محکمہ آثار قدیم میں بحیثیت ڈائریکٹر بھی کام کیا ہے۔ وہ ساہتیہ اکادمی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں۔اور پھر''صدف'' نامی ادبی تنظیم کے بانی ممبر اور شیر کشمیر میموریل کمیٹی کے سیکرٹری بھی رہ چکے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ کا نام ہمہ جہت شخصیت کے طور پر جموں وکشمیر میں لیا جاتا ہے۔انھوں نے ادبی زندگی میں بہت خدمات انجام دیں جن کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔

محقق اور نقاد کی حیثیت سے محمد یوسف ٹینگ کا شمار جموں وکشمیر کے چوٹی کے ادیبوں میں ہوتا ہے۔انھوں

نے کشمیری، اردو اور انگریزی میں کئی تحقیقی اور تنقیدی مضامین قلم بند کیے ہیں۔انھوں نے عبدالاحد آزاد کی کتاب ''کشمیری زبان اور شاعری'' ترتیب دی اور اس کی تمہید لکھی جو مقدمہ سے کم نہیں ہے، جس سے ان کی تحقیقی ذہن کا پتہ چلتا ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے عبدالقادر سروری کی کتاب ''کشمیر میں اردو'' بھی ترتیب دی ہے جس میں انھوں نے مقدمہ اور کچھ حاشے کا کام انجام دیا ہے جو ان کی تحقیقی دیدہ وری کا ثبوت ہے۔محمد یوسف ٹینگ کے تحقیقی وتنقیدی مضامین ملک اور ریاست کے جرائد اور اخبارات میں شائع ہوتے رہے ہیں۔انھوں نے مرحوم شیخ محمد عبداللہ کی سوانح عمری'' آتش چنار'' بھی لکھی ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے اردو، کشمیری اور انگریزی زبانوں میں بھی کتابیں لکھی ہیں۔جن میں ''مہجور شناس'' (کشمیری)، اقبال نئی جہت نئے رائے، دیوان خاص، قلمی چہرے ، منظر پس منظر، تسبیح اور ناگن (کشمیری، اردو)، کشمیر کی تمدنی تواریخ، تیونگل بال (کشمیری)، گھوڑا اور گاڑی والی (کشمیری، اردو)، حرم کی راہ نہ لے اور Kashmir Dream and dilening جیسی کتابوں میں ان کے تحقیقی اور تنقیدی سرمایہ کے بڑے خزانے موجود ہیں۔ برج پریمی محمد یوسف ٹینگ کے تحقیقی کام کو سراہتے ہوئے لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:۔

> ''وہ ہمارے بالغ نظر نقاد ہیں، اردو اور کشمیری ادب پر گہری نظر رکھتے ہیں۔اور بہت عالمانہ تنقیدی اور تحقیقی مکالمے لکھ چکے ہیں۔جو ایک نئی سوچ وفکر کا آئینہ ہیں۔''86

محمد یوسف ٹینگ ملک سے باہر کئی قومی اور بین الاقوامی سمیناروں میں شرکت کر چکے ہیں یہ سمینار ہندستان، پاکستان، سوویت روس اور لاطینی امریکہ کے ممالک میں منعقد ہوئے۔

محمد یوسف ٹینگ ایک مورخ ، صحافی ، کامیاب منتظم اور نقاد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک محقق بھی ہیں۔انھوں نے بیسویں صدی کے آخر میں تحقیقی کام کا آغاز کیا۔ وہ نہ صرف چیزوں کو گوشہ گمنامی سے نکال کر قارئین کے سامنے پیش کرنے کی سعی کرتے ہیں بلکہ جھوٹ سے پردہ اٹھا کر اصلی حقیقت کو ٹھوس شکل میں سامنے لاتے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ کو جن شخصیات کے کاموں نے متاثر کیا ان میں سب سے پہلے مولانا شبلی نعمانی کی تحقیقی کاوش، دو عظیم تحقیقی کارنامے'' الفاروق'' اور'' شعرالعجم'' ہیں۔ان دونوں کتابوں کے مطالعہ نے ان کے ذہن پر گہرے اثرات ڈالے اور ان کی معلومات کی کثرت، علم کی گہرائی، طرز استدلال اور ان کی طرز تحریر کی دل آویزی نے محمد یوسف ٹینگ کو بڑی حد تک متاثر کیا۔اس کے علاوہ جن تحقیقی کارناموں کے مطالعہ سے ان کی تحقیقی ذہنیت کو نشوونما کے ساتھ ایک خاص پختگی حاصل ہوئی ان میں سے حالی کی'' حیات جاوید''، امتیاز علی عرشی کا نسخہ''

دیوان غالبؔ''، شیخ اکرام کے ''غالبؔ نامہ''، ''رودکوثر'' اور ''موجِ کوثر'' کا اہم رول رہا ہے۔ مالک رام، قاضی عبدالودود، عبدالستار صدیقی اور غلام رسول مہر کی تحقیقات نے بھی ان کی طبیعت کو تحقیقی کاوش کی طرف مائل کرنے میں اہم حصہ ادا کیا۔ کشمیر کے تحقیقی مورخ حسن کھویہامی نے بھی ان کے ذہنی دریچوں کو کشادہ کیا۔ انھوں نے خالص مشرقی علم کی مدد سے آج سے کوئی ایک سوسال پہلے کشمیر کا تقریباً ایک قاموس تیار کیا ہے، جس میں سیاسی تواریخ، سماجی تواریخ، جغرافیہ، ادبِ مذاہبیات، شخصیات، پھول، پتے، نباتات، پیداوار، عجائبات غرض تقریباً سارے علوم کا احاطہ کیا گیا ہے۔ ان سے بھی محمد یوسف ٹینگ متاثر ہوئے۔ مذکورہ ادیبوں کے اثر سے محمد یوسف ٹینگ کو اردو زبان پر مکمل دسترس حاصل ہوئی۔ ان کی زبان پر دسترس کے بارے میں شمیم احمد شمیم لکھتے ہیں۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''میں پوری ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ یہ دعویٰ کرسکتا ہوں کہ اردو زبان وبیان پر جو قدرت ٹینگ صاحب کو حاصل ہے۔ وہ کم ازکم اس ریاست میں کسی دوسرے ادیب اور صحافی کو حاصل نہیں۔ میں اس بات کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے اپنی زبان کی اصلاح اور اپنے اسلوب کو بہتر بنانے کے لیے کئی بار ان سے رجوع کیا ہے اور تو نہ سہی تحریر میں ان کی قابلیت برتری اور رہبری کا قائل ہوں۔''87؎

مندرجہ بالا عبارت میں شمیم احمد شمیم نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جس قدر اردو زبان پر ٹینگ کو دسترس تھی اتنی ریاست میں کسی دوسرے ادیب اور صحافی کو حاصل نہیں ہے۔ اس جملے سے راقم اتفاق نہیں کرتا ہے۔ ہمارے جموں وکشمیر میں اچھے اردو دان تب بھی موجود تھے اور آج بھی موجود ہے۔ جن میں شورش کاشمیریؔ، حامدی کاشمیریؔ اور فرید پربتیؔ وغیرہ۔

محمد یوسف ٹینگ کی تحقیق کا دائرہ کسی خاص موضوع تک محدود نہیں ہے بلکہ وہ ہر قسم کے موضوع پر مضامین تراشنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے تحقیقی مضامین طرح طرح کے روپ دھارے ہوئے ہیں۔ کشمیری ہونے کی وجہ سے انھیں کشمیر اور کشمیریت کے ساتھ والہانہ محبت ہے اور یہاں کی ثقافت ،تہذیب وتمدن، کلچر، ادب اور روایات کو برقرار رکھنے کی انتہائی کوشش کرتے ہیں۔ انھوں نے کشمیر کی سیاسی شخصیتوں، ادیبوں اور ادبی کارناموں کے علاوہ پھلوں، پھولوں اور درختوں پر تحقیقی مضامین قلم بند کیے ہیں۔ انھوں نے صبر وتحمل اور بردباری کے ساتھ راہِ خاردار پر چل کر دامن بھی بچایا، الجھنیں بھی سلجھائیں اور منزل

بھی پائی، بال کی کھال اتارنے کی عادت ان کی جبلت میں ہے۔یہی وجہ ہے کہ سنی سنائی یا کم قلیل ثبوت رکھنے والی بات پر اکتفا نہیں کرتے ہیں بلکہ بات کی تہہ تک پہنچنے میں سب کچھ سہنے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔ وہ کسی بھی موضوع پر لکھتے وقت لسانیات ،تاریخ ،لغت ،سماجی علوم اور روایات کو مدنظر رکھتے ہیں اور ماضی کے گوشے ٹٹول کر اپنی بات کو پتھر کی لکیر بنانے کے لیے مستند ثبوت حاصل کرنے کی سعی کرتے ہیں۔وہ حقائق کی تلاش شہادتوں کی نوعیت ،حقائق کی اہمیت، تجزیہ، مختلف علوم اور متعلقہ مسائل سے اخذ شدہ نتائج کا مکمل شعور رکھتے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ تحقیق کے معاملے میں ذاتی پسند، جانبداری یا جذباتیت کے سمندر میں بہہ جانے والی شے نہیں ہے بلکہ ایک راست گو محقق کی حیثیت سے محض حقائق اور ٹھوس مواد کی بنیاد پر ہی نتائج حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ایک حقیقت پسند محقق کی حیثیت سے انھوں نے تحقیق کے کسی بھی زاویے کو نیم وا کر کے نہیں چھوڑا بلکہ ہر سختی کو برداشت کر کے کام کو مکمل کرنے پر ہی دم لیتے ہیں۔اس طرح انھوں نے قابل قدر کارناموں کو ماضی کی دھندلکوں سے نکال کر کشمیری قوم پر ایک بڑا احسان کیا۔محمد یوسف ٹینگ ایک محقق ہونے کے ساتھ ساتھ فن شناس بھی ہیں۔ذاتی تجسس، گہرے مشاہدے اور وسیع مطالعے نے ان کے تحقیقی مضامین کو جلا بخشی ہے چناں چہ ایک کشمیری مضمون میں موتی لال ساقیؔ لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''ٹینگ صابس چھے معتبر محقق، نقاد تہ فن شناس آسنہ ہر یمانہ تہذیب، تمدن تہ تواریخہ کین سودرن وونس ہون تگان......ذاتی تجسس، سنہ مشاہدن تہ وسیع مطالعن چھ یہندی تحقیقی کیو تنقیدی مضمون زنتہ لالو تہ جواہر وستی جرتہ''
>
> ترجمہ
>
> ''ٹینگ صاحب کو معتبر محقق ،نقاد اور فن شناس ہونے کے علاوہ تہذیب ،تمدن اور تواریخ کی گہرائیوں کا پتہ لگانا آتا ہے۔ذاتی تجسس، گہرے مشاہدے اور وسیع مطالع نے ان کے تحقیقی اور تنقیدی مضامین گویا ہیرے اور جواہرات سے بھر پڑے ہیں۔''88

موتی لال ساقیؔ ایک اور جگہ اپنی انگریزی کتاب ''Tang Mohammad Yousuf'' میں تحقیقی صلاحیت کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> "He is a research scholar of high order and has established himself as a reseacher also some of his research articles have been translated in regional

language."89

محمد یوسف ٹینگ کی تحقیقی زندگی کا آغاز اس وقت ہوا جب انہیں شاعر کشمیر عبدالاحد آزاد کی کتاب '' کشمیری زبان اور شاعری '' کی ترتیب دینے کا کام سونپ دیا گیا۔انھوں نے اس کتاب کا دیباچہ تحریر کیا اور ساتھ ہی حواشی بھی لکھا۔ان کا لکھا ہوا دیباچہ بذات خود ایک تحقیقی کاوش کی حیثیت رکھتا ہے۔اس دیباچے میں ان حالات اور واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا جو عبدالاحد آزاد کی علمیت میں نہ تھیں۔انھوں نے دیباچہ میں ان چند اہم شاعروں کا ذکر کیا جن کی غیر موجودگی سے عبدالاحد آزاد کی کتاب کا مطالعہ کرنے والوں کو کتاب کے غیر مسلسل ہونے کا احساس ہوتا تھا۔جہاں تک کتاب کے حواشی کا تعلق ہے وہ بھی اپنی جگہ تحقیقی اہمیت کا حامل ہے۔کیوں کہ جہاں بھی قاری کے الجھن کا احتمال نظر آتا ہے وہاں انھوں نے حواشی میں وضاحت کر کے آسانی لائی ہے۔مصنف اصل ماخذ دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے جہاں اصل تاریخ، جگہ یا واقعہ پیش نہ کر سکا وہاں محمد یوسف ٹینگ نے ان چیزوں کو حقیقی روپ میں پیش کر کے اپنی محققانہ بصیرت اور مہارت کا ثبوت دیا ہے۔مثلاً مصنف لل عارفہ کی پیدائش کے بارے میں خاموش ہیں۔جب کہ محمد یوسف ٹینگ نے 1351 کو ان کی سن پیدائش بتایا ہے۔محمد یوسف ٹینگ عبدالاحد آزاد سے اختلافِ رائے کرتے ہوئے، اپنی تحقیق کے مطابق 773ھ کے بجائے 725ھ کو کشمیر میں ورودِ اسلام کا تاریخی سال قرار دیتے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ کے مطابق شیخ نورالدین ولیؒ کی پیدائش جوگی پورہ میں ہوئی نہ کہ کیموہ میں۔اسی طرح سا گام کے بجائے ڈاڈہ سرہ ترال کو حضرت شیخ نورالدین ولیؒ کی زوجہ لل دید کا آبائی گاؤں قرار دیتے ہیں۔مقبول شاہ کرالہ واری اور غلام احمد مہجور کی تاریخ وفات کے علاوہ چند اور حالات واقعات سے متعلق محمد یوسف ٹینگ نے کتاب کے حواشی میں جن ذاتی معلومات کا اضافہ کیا ہے۔ان سے کتاب کی تحقیقی وقعت بڑھ جاتی ہے۔اس طرح کی بہت سی غلطیوں کا ازالہ ترتیب کے دوران محمد یوسف ٹینگ نے کی، جو کہ سب تحقیق پر مبنی ہیں۔

جموں وکشمیر کے اردو کے حوالے سے لکھی گئی کتاب '' کشمیر میں اردو '' جس کے مصنف قابل فخر نقاد اور محقق عبدالقادر سروری ہیں۔اس کتاب کو مرتب کرنے کا شرف بھی محمد یوسف ٹینگ کو ہی ہے۔اس کتاب کے مسودے کو ترتیب دینے میں انھوں نے بڑی محققانہ مشقت کو بروئے کار لا کر بڑی خدمت انجام دی ہے۔محمد یوسف ٹینگ نے اس کتاب کا مقدمہ لکھا، جو ایک تحقیقی مقالے کی اہمیت رکھتا ہے۔مقدمہ میں انھوں نے بڑے ربط اور تسلسل کے ساتھ کشمیر میں اردو زبان کے تاریخی سفر پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔اس مقدمہ کو ایک ٹھوس شکل دینے

کے لیے انھوں نے معتبر اور قابل اعتماد اسناد کا سہارا لیا ہے جو ان کی محققانہ ذہنیت اور دقیق بینی کو ظاہر کرتا ہے۔مثلاً فیض احمد فیضؔ کی بیوی ایلس کے ساتھ ان کا نکاح کشمیر میں پڑھا گیا اور شیخ محمد عبداللہ نے قاضی کے فرائض انجام دیے۔اس بات کو محمد یوسف ٹینگ نے دریافت کیا۔کتاب کے حواشی بھی معلوماتی ہیں۔چند اہم اور نامعلوم حقائق کو حواشی میں درج کیا گیا ہے۔اور وضاحت طلب معاملات کو آسان بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔اس کتاب میں واقعاتی غلطیوں کی نشان دہی بھی کی گئی۔جس سے کتاب کی وقعت اور بھی بڑھ گئی ہے۔انھوں نے عبدالقادر سروری کے اصل مسودے کے متن کو چھیڑے بغیر صرف واقعاتی غلطیوں کو حواشی کی صورت میں پیش کیا ہے۔محمد یوسف ٹینگ کے اس کتاب کے مقدمہ کے بارے میں ڈاکٹر برج پریمی اپنی رائے اس طرح ظاہر کرتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''کتاب کے آغاز میں محمد یوسف ٹینگ کا بصیرت افروز مقدمہ اپنی ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے جس سے بہت سی دشواریاں دور ہوجاتی ہیں۔حواشی قابلِ قدر ہیں جس سے کتاب کے وقار اور اعتبار میں اضافہ ہوا ہے۔''90

اس کے علاوہ انھوں نے چنار رنگ ،دیوان غنیؔ ،جان محمد آزاد کی ''ادبی صحافت''،ڈاکٹر برج پریمی کی ''جلوۂ صدرنگ'' پر بھی مقدمات تحریر کیے اور ڈاکٹر آر کے پارمو کی کتاب ''کشمیر میں مسلمان حکومت کی تواریخ'' کا تحقیقی جائزہ قلم بند کیا ہے، جو تحقیقی ادب اردو میں خاصہ اہمیت رکھتے ہیں۔

محمد یوسف ٹینگ نے دو درختوں کے بارے میں،دو تحقیقی مضمون قلم بند کیے ہیں۔ان کی جائے ابتدا کے بارے میں انھوں نے بحث کی ہے۔''بیدالرزاق''اور''عنبری سیب'' یہ مضمون کلچرل اکادمی کے شیرزاہ کے کشمیری عجائبات نمبر میں شائع ہو چکے ہیں۔''بیدالرازق''ایک تاریخی درخت ہے۔انگریزی تاریخ دان آرسٹائن اور بیورج نے بھی اس درخت کا ذکر کیا ہے۔ابوالفضل کی ''آئین اکبری''اور''اکبرنامہ''، جہاں گیر کے ''تزک جہاں گیری''اور مرزا حیدر دوغلات کی ''تاریخ رشیدی'' میں بھی اس درخت کا ذکر ملتا ہے۔مورخوں نے اس کے محل و قوع پر متضاد آرا پیش کی ہیں۔وہ اس سلسلے میں ہل تھل،ناگام اور چاڈورہ کا حوالے دیتے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ ان مورخوں کی متضاد آرا سے مطمئن ہے۔انھوں نے حقیقت کو سامنے لانے کی کوشش کی اور اس نتیجے پر پہنچے ہے کہ اس درخت کا محل وقوع چرار شریف کے ''زینۃ گجن'' علاقے کو قرار دیا ہے۔اس کا وجہ تسمیہ معلوم کرنے میں علم لسانیات کا بھرپور سہارا بھی لیا گیا ہے۔انھوں نے مذکورہ درخت کے رنگ اور حلیے کی کھوج لگانے میں نہ صرف

ایک محقق کا کام کیا بلکہ ماہر نباتات کے فرائض بھی نبھائے ہیں۔

''عنبری سیب'' کا وجہ تسمیہ اور وردو کشمیر پر انھوں نے معلوماتی مضمون لکھا ہے۔ اور مختلف تواریخ اور ماخذ کو ٹٹول کر اس کے رنگ، ذائقہ، لطافت، حسن اور پیدائش سے متعلق آرا جمع کی ہیں۔ اس عنبری درخت کی عمر اور اس کی ساخت کے ساتھ ساتھ اس کی پیوند کاری اور موسمی اثرات کا پتہ بھی لگایا ہے۔ مذکورہ سیب کی ادبی اہمیت اور طبعی فوائد کا پتہ دے کر قارئین کے سامنے معلومات کا بڑا ڈھیر رکھ دیا۔ ان کے مطابق حضرت آدم کو جنت سے نکالنے کا سبب گندم کا دانہ نہیں بلکہ یہی عنبری سیب بن گیا تھا۔ لیکن اس بات سے راقم اختلاف رائے کرتا ہے کیوں کہ اگر محمد یوسف ٹینگ نے قرآن مجید کا بغور مطالعہ کیا ہوتا تو وہ اس طرح کی بات نہیں کرتے۔ کیوں کہ جس بات کو اللہ نے خود مخفی رکھا اور مفسرین قرآن (تفسیر عثمان تقی، تفسیر محمودی، تفسیر ڈاکٹر اسرار) نے بھی کوئی واضح نام نہیں لیا۔ تو ہم کیا دعوا کر سکتے ہیں یہ عنبری سیب کا درخت تھا۔

محمد یوسف ٹینگ کے دو اور مضامین ایک کشمیر کے مشہور بادشاہ ''یوسف شاہ چک'' کے نام اور دوسرا مورخ ''لارن صاحب'' کے نام سے ہے۔ انھوں نے کشمیر کی اس تاریخ ساز شخصیت یوسف شاہ چک کی زندگی کے کچھ اہم پہلو کو تحقیق کے آئینے میں دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ انھوں نے ان کا سال تختِ نشینی 1580 اور یوم وفات 22/ستمبر 1592 بتایا ہے۔ محمد یوسف ٹینگ نے یوسف شاہ چک کو ایک ماہر موسیقار، خوش نویس اور شاعر ثابت کرنے کے لیے جن اہم اور مستند تواریخ کا حوالے دیے ہیں۔ ان میں بامزلی کی History of Kashmir، ڈاکٹر محبّ الحسن کی ''کشمیر عہد سلاطین میں'' اور ونسنٹ سمیتھ کی ''کیمرج ہسٹری آف انڈیا'' شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بابا داؤد خاکیؒ اور عبدالوہاب شائق کے کچھ اشعار بھی تصدیق کے طور پر شامل کیے ہیں۔ محمد یوسف ٹینگ کے مطابق یوسف شاہ چک بسوک میں مدفون ہے اور ان کا مقبرہ وسنگ مزار سری نگر کے مزار کلاہ اور مزار سلاطین کے تصویروں سے مشابہ ہیں۔

''لارن صاحب'' کے مضمون میں محمد یوسف ٹینگ نے سر والٹر لارنس کی پہلو دار شخصیت سے متعلق کچھ انکشافات کیے ہیں۔ اس سلسلے میں برٹش کونسل نئی دہلی اور M/S Cassel & Co Ita. لندن سے رجوع کرنا اور لندن سے شائع ہونے والے ''ٹائمز'' کے اوراق الٹانا ٹینگ کی محققانہ جستجو اور تلاش کا زندہ ثبوت ہے۔ چناں چہ عام کشمیریوں کو لارن کی کچھ موٹی موٹی باتیں یاد ہیں۔ لیکن محمد یوسف ٹینگ نے اس کی تاریخ جائے پیدائش اور دیگر حالات کی نشان دہی کر کے اس کے بارے میں کشمیریوں کی معلومات میں شاندار اضافہ

کیا ہے۔ان کی تحقیق کے مطابق وہ پہلا شخص تھا جس نے کشمیریوں کے خوابیدہ ذہنوں کو جھنجھوڑ کر انھیں ذلت کا احساس دلایا اور ڈوگرہ شاہی ظلم و جبر کے خلاف بغاوت کا پرچم اٹھانا سکھایا۔ان کو کشمیر کے تاریخ ساز مورخ حسن کھوہامیؔ کے ساتھ مراسم تھے۔اور ان کی استادی کو تسلیم کرتا تھا۔مسیح نامہ امرتسری پر پہلی ضرب لگانے والا اولین شخص لارن کے نظریات کی تصدیق اسی کی تصنیف The valley of Kashmir سے ماخذ شہادتوں سے کیا ہے۔ پریم ناتھ بزاز، بامزلی صاحب، بھولا بسرا مہم جو، رسول گلون، گاندھی اور نہرو، اقبالؔ اور محمد الدین فوق اسی نوعیت کے تحقیقی مضامین ہیں۔

**شناخت:**

محمد یوسف ٹینگ کی کتاب ''شناخت'' جو مضامین کا مجموعہ ہے۔یہ کتاب 1988 میں شائع ہوئی۔جس میں کل انیس 19 مضمون شامل ہیں ۔ یہ مضامین پہلے سے ہی مختلف رسائل اور اخبارات میں شائع ہو چکے تھے۔اس کتاب میں درج مضامین تقریباً سبھی بڑی اہمیت کے حامل ہیں ۔جن کی نوعیت تحقیقی ،تنقیدی ،تبصرہ اور رپوتاژ کی ہے۔فی الحال یہاں صرف تحقیقی نوعیت کے مضامین کی بات کرنے کی سعی کی جائے گی ۔اس کتاب کا پہلا مضمون بعنوان ''قرانیات کی نادر دریافت نسخۂ فتح اللہ کشمیری'' ہے یہ ایک اہم تحقیقی کام ہے۔اس میں محمد یوسف ٹینگ نے ان تمام اعتراضات کا جواب تحقیقی روشنی میں دیا ہے جو عالمی سطح پر اس کے بارے میں اٹھائے گئے تھے۔انھوں نے بڑی کھوج اور جستجو کے بعد تواریخی شہادتوں ،مستند ماخذوں اور دیگر دستاویزات کی بنیاد پر اپنے جوابات کو معتبر بنایا ہے۔ان کی محققانہ نظر کے مطابق فتح اللہ کشمیری نے یہ کارنامہ 1237ء میں انجام دیا ہے۔جب کشمیر پر راجہ سنگرام دیو کی حکومت تھی ۔اس طرح کشمیر میں اسلام کی تاریخ 83 سال پیچھے جاتی ہے۔انھوں نے مذکورہ نسخہ میں مستعمل کاغذ ،خط اور سیاہی ،سنہری اور لال روشنائی کا تاریخی پس منظر میں تجزیہ کر کے اپنے دعوے کی تصدیق میں تعجب کن شواہد پیش کیے ہیں۔ان کی تحقیق کے مطابق کشمیر میں مسلم حکومت سے پہلے کاغذ سازی کا رواج تھا۔کشمیری، سنسکرت شاعر کلہنؔ نے دکن جا کر وطن کی یاد میں آنسو بہائے اور مدح کی۔

محمد یوسف ٹینگ نسخۂ فتح اللہ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے ذاتی طور پر چیف لائبریرین کو ساتھ اٹھا کر نیشنل میوزیم کے متعلقہ حکام کے ساتھ تبادلہ خیال کرنے کے لیے گئے تھے۔جو ان کے محققانہ ذوق وشوق کا زندہ ثبوت ہے۔انھوں نے ایک قدیم اور نایاب قرآنی نسخے کو منظر عام پر لایا۔اس نسخے کی خاص خوبی اس کا ترقیمہ ہے جو نسخے کے آخر میں ہونے کے بجائے اس کے درمیان کے ذیلی حاشیے پر درج ہے۔اس مضمون میں

محمد یوسف ٹینگ نے بحث سے ثابت کیا کہ یہ نادرونایاب نسخہ ہے۔

دوسرا مضمون ''ایک ادبی سرقے کا سنسنی خیز انکشاف'' یہ مضمون محمد یوسف ٹینگ کی مسلسل تلاش اورخون پسینے کی محنت کا ماحصل ہے۔انھوں نے اس مضمون میں مقبول شاہ کرالہ واری کی سب سے مقبول مثنوی ''منصورنامہ'' کے اصل مصنف کی نشان دہی کی اوراس کے اصل خالق کواپنی تخلیق کے ساتھ زندہ کیا۔اس مضمون میں انھوں نے مقبول کرالہ واری کی تصنیف ''منصورنامہ'' کی چوری کو بے نقاب کرنے کا دعوا کیا ہے۔مقبول شاہ کرالہ واری کشمیری زبان کے مشہور ومقبول شاعر ہیں۔مقبول شاہ کرالہ واری کے مسودات کی چھان بین کے دوران محمد یوسف ٹینگ کوان کی تصنیف ''منصورنامہ'' کا ذکر کا شک ہوا۔اور شک کے بنیاد پر انھوں نے تحقیق شروع کی۔اور اسی شک نے محمد یوسف ٹینگ کو کتب فروشوں، کتب خانوں اور دیگر جگہوں پر تلاش کرنے کے لیے آمادہ کیا۔اس سلسلے میں انھوں نے اپنے دوستوں کے ساتھ بھی رابطے قائم کیے۔بالآخر وہ سری نگر کی ریسرچ لائبریری میں قلمی مخطوطات کھنگالتے ہوئے''منصورنامہ'' کے دوقلمی نسخے پانے میں کامیاب ہوگئے۔ادھر یہ تصنیف تقریباً تیس 30 سال سے غلام حسن مگر کے نام شائع ہوکر بازار میں بک چکی تھی۔جس کا کسی کوعلم بھی نہ تھا کہ یہ سرقہ ہے۔جب محمد یوسف ٹینگ نے قلمی نسخہ اور غلام حسن مگر کی شائع کردہ تصنیف کا تقابل کیا۔تو وہ چوری عیاں ہوگئی۔محمد یوسف ٹینگ کے مطابق غلام حسن مگر نے کچھ اہم اشعار میں معمولی لفظی الٹ پلٹ کر کے''منصورنامہ'' اپنے نام سے شائع کیا۔
مثلاً: غلام حسن ماگر نے مقبول کرالہ واری کے شعر کی اس طرح ہیرا پھیری کی۔

یاالٰہی چھے حسن مگر ملول
دادِ ینہ یخ اکھ ذراہ کرتس وصول

اصلی شعراس طرح سے ہے جو مقبول شاہ کرالہ واری نے لکھا ہے:

یا الٰہی بخش مقبولس خطا
دادینہ یخ اکھ ذراہ کرتس عطا

اس طرح محمد یوسف ٹینگ تحریری اور دستاویزی ثبوت کا سہارا لے کر غلام حسن مگر کی ادبی بددیانتی کا پردہ چاک کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ان کے تحقیقی تعاقب سے نجات پانے کے لیے غلام حسن مگر نے خود محمد یوسف ٹینگ کے ایک دوست پروفیسر شآد کے سامنے اعتراف بھی کیا۔بقول محمد یوسف ٹینگ انھوں نے بچپن میں ''منصورنامہ'' کا ایک قلمی نسخہ 30 روپیے میں خرید کر اپنے نام سے چھاپ دیا تھا۔غلام حسن مگر کا یہ اعتراف بذات خود محمد یوسف

ٹینگ کی محققانہ کامیابی ہے۔اس تحقیق سے مقبول شاہ کرالہ واری کی تصنیف کو گوشہ گمنامی سے نکال کر اس کے ساتھ بڑا انصاف کیا اور کشمیری ادب کا بے بہا سرمایہ ضائع ہونے سے بچایا۔

ایک اور تحقیقی کارنامہ، مضمون ''گل ریز.....ترجمہ جو تخلیق بن گیا'' کے نام سے اس کتاب میں موجود ہے۔مقبول شاہ کرالہ واری کا ترجمہ ''گریسی نامہ'' جو''گل ریز'' کا ترجمہ ہے، جس کو تخلیق بنایا گیا تھا۔ یہ مثنوی ''گریسی نامہ''، تخلیق نہیں بلکہ ترجمہ ہے اس کو محمد یوسف ٹینگ نے ثبوت کے ساتھ ثابت کیا ہے۔ جب ان دونوں مثنویوں ''گریسی نامہ'' اور ''گل ریز'' کا تقابلی مطالعہ کیا گیا۔تو محمد یوسف ٹینگ کے ان شبہات کو مضبوطی ملی کہ شہد بھری اور لطافت آمیز ''گل ریز'' اُس شاعر کی طبع زاد مثنوی نہیں ہوسکتی ہے جس نے اپنی تخلیق ''گریسی نامہ'' میں گالیوں کی بوچھاڑ اور دُرُشت کلامی سے اختلاف کی حدیں توڑ کر رکھ دی ہوں۔ حالاں کہ اس مثنوی کو کشمیر میں اس قدر مقبولیت حاصل ہے کہ مقبولؔ اور مثنوی دونوں لازم وملزوم بن گئے۔لیکن اس کے باوجود محمد یوسف ٹینگ اصل بات تک پہنچنے کے لیے کوشاں رہے۔انھوں نے ان تواریخی شہادتوں، اسناد اور ماخذوں کو اکٹھا کیا جن سے ان کی شبہات کی تصدیق ہوئی۔ کہ ''گریسی نامہ'' مقبول کرالہ واری کی طبع زاد مثنوی نہیں بلکہ فارسی شاعر ضیاالدین بخشی کی فارسی مثنوی ''گل ریز'' کا ترجمہ ہے۔

جستہ جستہ:

یہ کتاب محمد یوسف ٹینگ کے 16 مضامین پر مشتمل ہے جو 2001 میں شائع ہوئی۔اس کتاب میں تحقیقی مضامین یوں ہیں، ''نہرو کیوں ...... بڑا منہ، چھوٹی بات''، ''مغل مصوری کے دو نادر نمونے .....پہلی اطلاع''، ''مرزا غالبؔ اور کشمیری ادب'' اور ''ایک اہم درسی'' ہیں۔ یہ سبھی مضامین تحقیقی نوعیت کے ہیں۔ پہلے مضمون ''نہرو کیوں ......بڑا منہ، چھوٹی بات'' میں محمد یوسف ٹینگ نے بعض حقائق کو سامنے لانے کی کوشش کی ہے جیسا کہ جواہر لال نہرو نے اپنی لکھی ہوئی آپ بیتی میں اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اصل میں ان کی ذات ''نہرو'' دلی کی دین ہے۔محمد یوسف ٹینگ نے اس بات کی تردید کرتے ہوئے دلائل سے ثابت کیا کہ اصل میں ''نہرو'' کشمیر کی دین ہے۔ جواہر لال نہرو کا خاندان کشمیری پنڈت تھا جو بعد میں ہجرت کر کے دہلی چلے گئے۔ عام رائے یہی ہے کہ نہرو انھیں دہلی کی دی ہوئی شناخت ہے لیکن محمد یوسف ٹینگ نے ان باتوں پر پورے غور وفکر کے ساتھ تحقیقی کام شروع کیا اور ان پر کچھ اعتراضات اس مضمون میں درج کئے اور ثابت کیا کہ یہ من گھڑت کہانی کے سوا کچھ نہیں ہے۔انھوں نے ثابت کیا کہ لسانی اعتبار سے ''نہرو'' کے لفظ کی لسانی ساخت خاص کشمیری ہے اور کشمیر سے ہجرت

کرتے وقت اس خاندان نے ''نہرو'' کو اپنے ساتھ دلی لایا ہوگا۔ کیوں کہ کشمیر میں اس نام کے بہت سے گاؤں آباد ہیں۔ خاص کر کشمیری پنڈتوں کی ذاتیں اسی مناسبت سے وجود میں آئیں۔ جیسے کنزر سے کنزو، سیرے سے سیرو وغیرہ، اس حوالے سے محمد یوسف ٹینگ یوں رقمطراز ہیں، اقتباس ملاحظہ کیجیے:۔

> ''نہرو کی لسانی ساخت خاص کشمیری ہے اور لسانی قواعد اس زبان کے دائرہ اثر میں ہی اپنا وجود منوا سکتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ ترکیب نہرو خاندان کے بزرگ (معلوم نہیں ان میں راج کول تھا بھی یا بعد میں اسے نہرو کے تحت الشعور کی راج ہٹ نے اختراع کیا) کشمیر سے باہر جاتے وقت اپنے ساتھ لے گئے تھے۔'' 91

مذکورہ بالا اقتباس میں محمد یوسف ٹینگ نے اس مضمون میں لسانی طور سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ جس سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ ''وٗ'' کی اضافت کشمیری زبان میں ہی ہوتی ہے۔

اس کتاب میں محمد یوسف ٹینگ نے مغل مصوری کے دو نادر مرقعوں کو دریافت کیا ہے۔ جو اس وقت جموں کی آرٹ گیلری میں موجود ہے۔ ان مرقعوں میں مغل پہاڑی، جموں اور بسوہلی قلم کی سیکڑوں تصاویر اور جموں کے آثار قدیمہ کے کچھ نمونے مورتیاں اور تصاویر بھی موجود ہیں۔ ان دونوں میں سے ایک اکبر بادشاہ کے دور کا ہے اس میں نظامی گنجوی کی مخزن اسرار، خسرو شریں، لیلیٰ مجنوں ہفت پیکر، نامہ سکندر (اول اور دوم) مثنویاں شامل ہیں۔ دوسرا نسخہ فردوسی طوسی کے شاہ نامہ کا ہے جو شاہ جہاں کے وقت میں تیار ہوا تھا۔ اس کتاب کے ایک مضمون میں شیخ محمد عبداللہ کی ولادت جو 5/ستمبر 1905 کو منائی جاتی ہے۔ جس حوالے سے تحقیقی بحث خوب کی گئی ہے۔ محمد یوسف ٹینگ نے تحقیق کر کے ان کی تاریخ پیدائش کو درست نہیں پایا اور شواہد اور ثبوتوں کے ذریعے ان کی اصل تاریخ پیدائش 5 دسمبر 1903 بتایا ہے۔

مجموعی طور پر یہ کتاب ایسی کاوش ہے جس کی وجہ سے ان کا نام ریاست کے نقادوں اور محققوں کے صف میں شامل ہوتا ہے۔ اس میں انھوں نے استدلال کے ساتھ نئے چیزوں کو دریافت کیا ہے۔ اس کتاب میں ثقافتی طور پر زیادہ تحقیقی مضامین ملتے ہیں۔ اگر ان کو ادبی نہ ہونے کی صورت میں پیش نہیں کرتے تو ہمارا ادب یک طرف ادب بن سکتا ہے اس لیے ہمیں ادبی ثقافت اور دوسرے چیزوں کو بھی ادب کے دائرہ میں لانا چاہیئے تا کہ ہماری ادبی وسعت اور بھی بڑھ جائے۔ جو بھی مضامین اس کتاب میں شامل ہیں وہ سب کے سب لائق قدر ہیں اور ہمارے اردو ادب کے سرمایہ میں اضافت بھی ہیں۔

**کشمیر قلم:**

یہ کتاب تحقیقی اور تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے، جس کی اشاعت 2009 میں، میزان پبلی کیشنز سری نگر نے کی۔ یہ کتاب 386 صفحات پر مشتمل ہے، اس میں 21 مضامین کے علاوہ جگن ناتھ آزاد کا خط، پنڈت جوہرلال نہرو کے سفرنامۂ کشمیر کا اردو ترجمہ اور ایک طویل تحریری انٹریو بھی شامل ہے۔ اس مجموعے میں کشمیر کی تاریخ، یہاں کے شعرا اور ادبا اور ایسے تخلیق کار جنھوں نے کشمیر کے متعلق اظہار خیال کیا ہے ان سب لوگوں کا ذکر ملتا ہے۔

تحقیق کے حوالے سے اس کتاب میں محمد یوسف ٹینگ نے مغلیہ عہد کے ایک نسخے کو اجاگر کرنے کی کوشش کی۔ یہ نسخہ خیر الزماں نے تحریر کیا تھا۔ اس نسخے کا ذیلی عنوان ''تذکرۂ اولیائے کشمیر'' ہے لیکن موصوف نے اسے ''خیر النظر'' کے نام سے عیاں کیا ہے۔ نیز ان کی حیات و شخصیت کے بعض پہلوؤں کو بھی روشن کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ اگرچہ اس نسخے کا سراغ سب سے پہلے پروفیسر عبدالقادر سروری نے ''کشمیر میں فارسی تاریخ'' میں دیا ہے، لیکن باوجود اس کے اس کی طرف کسی کی توجہ نہیں گئی تھی۔ محمد یوسف ٹینگ نے اس نسخے کو تلنگانہ اورینٹل مونوسکرپٹس لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ حیدرآباد سے حاصل کیا ہے۔ اس کتاب میں شامل ایک تحقیقی مضمون ''بڈشاہ کا کتب خانہ......ایک نادر دریافت'' کے نام سے ہے۔ اس میں محمد یوسف ٹینگ نے بڈشاہ کے کتب خانے کی ایک تازہ دریافت شدہ کتاب کے متعلق بھی گفتگو کی ہے۔ انھوں نے اس کتب خانہ کی ایک کتاب کو دریافت کیا ہے جو تحقیق کے میدان میں ان کا ایک اہم کارنامہ ہے۔ اس کتاب کا نام ''حاشیہ مفید فی النور'' ہے۔ اس کی سن تصنیف محمد یوسف ٹینگ نے اندرونی شہادت کی بنا پر پتہ کی ہے جس کا ذکر اس کتاب میں موجود ہے۔

**بین السطور:**

محمد یوسف ٹینگ کی یہ کتاب 2018 میں شائع ہوئی اس کتاب میں 22 مضامین ہیں۔ اس کتاب کا پہلا مضمون تحقیقی نوعیت کا ہے۔ جس کا عنوان ''قرآنیات اور کشمیر......ایک عجوبہ روزگار اور قدیم ترین نسخہ'' ہے۔ اس مضمون میں مصنف نے قرآن کے قدیم نسخے کے بارے میں سیر حاصل بحث کی ہے۔ اس نسخے کو محمد یوسف ٹینگ نے سب سے قدیم نسخہ قرار دیا ہے۔ جس کے ترقیمہ میں اس کی تاریخ تصنیف 28 رمحرم الحرام 730 لکھی ہوئی ہے۔ یہ نسخہ آستانہ باب اطوائج سجاد آباد دیپلی پورہ چھتہ بل سری نگر میں موجود ہے۔ جس کو حضرت امام موسیٰ کاظم نے تحریر کیا ہے۔ قرآن مجید کے اس نسخے کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے فولیو (72) پر چودھویں

پارہ کے اختتام کے ذیلی حاشیے پر یہ ترقمیہ Colophone درج ہے۔

''فی ستہ سبتمایۃً وخمس وثلیثن علی یر فتح اللہ الکشمیر ی''

ترجمہ: سن 635 میں فتح اللہ الکشمیر ی کے ہاتھ سے لکھا گیا۔

محمد یوسف ٹینگ کی اس قرآنیات کی دریافت ''نسخہ فتح اللہ الکشمیر ی'' پر کچھ لوگوں نے اعتراض بھی کیا ہے۔جن میں پہلا اعتراض....

1۔اس وقت کشمیر میں کاغذ کی روایت نہیں تھی۔کاغذ تو کشمیر میں سلطان زین العابدین کے وقت سے آیا اس لیے یہ تو یا غلط بیانی ہے یا باہر سے کشمیر آیا۔

اس اعتراض کا محمد یوسف ٹینگ نے اس طرح جواب دیا ہے۔

> ''تحقیق میں کوئی بات مقدس نہیں ہوتی۔تاریخ مورخ کے نظریات اور تعصّبات کے پیچھے نہیں چلتی بلکہ مورخ کو اس کی الٹی سیدھی چال کو سمجھ کے اپنی سمت متعین کرنا پڑتی ہے۔چینیوں نے کاغذ سن عیسوی کے آغاز میں ہی بنالیا تھا۔اور جب مشرقی ترکستان کے خیابانوں میں ان کا سامنا مسلمانوں سے ہوا جہاں وہ پہلی صدی ہجری ( آٹھویں صدی ) میں ہی پہنچ گئے تھے تو انھوں نے کاغذ سازی کا یہ فن سیکھ کر ساری دنیا بلکہ باہر مغرب تک پہنچا دیا۔اس بات کی شہادت بھی موجود ہے کہ کاغذ سازی کا فن طلوع اسلام سے پہلے یعنی چوتھی صدی عیسوی میں ہی ختن اور اقصائے تبت تک پہنچ گیا تھا جو کشمیر کے تجارتی ہمسائے ہیں۔''92

دوسرا اعتراض:۔

ترقیمہ آخر میں ہوتا ہے کاتب نے کیوں اسے بیچ و بیچ لکھا؟ آخر کا ترقیمہ کہاں ہے؟

اس اعتراض کا جواب محمد یوسف ٹینگ نے اس طرح دیا۔

> ''کہ ترقیمہ آخر میں ہونا کوئی قید نہیں ہے خود اکیڈیمی لائبریری میں ایسے قلمی نسخے ہیں جن میں آخر کے بدلے ان کے اندر بلکہ کبھی کبھار آغاز میں ترقیمہ کی عبارت درج ہوتی ہے۔''

تیسرا اعتراض:

اس وقت کشمیر میں بھوج پتر کا رواج تھا یہ کاغذ پہ کیوں لکھا گیا؟

اس کا جواب محمد یوسف ٹینگ کے مطابق، یہ صحیح ہے کہ اس وقت کشمیر میں بھوج پتر کا ہی زیادہ رواج تھا۔مگر بھوج

پتر کی یہ روایت انیسویں صدی عیسوی کے اختتام تک جاری تھی۔ ہماری اور دوسری کتب خانوں میں انیسویں صدی عیسوی رقم کئے گئے، بھوج پتر کے نسخے موجود ہیں۔لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ اس کے پہلو بہ پہلو کاغذ کی روایت چلتی رہی۔ یہ بات دلچسپ ہے کہ جب کشمیر میں بھوج پتر کا رواج جاری تھا سارے شمالی ہنداور ایران تک کشمیر کے کاغذ کی دھوم تھی اور ہمیں اس کاغذ پر لکھے ہزاروں عالیشان دیسی اور غیر ملکی نسخے ملتے ہیں۔

مختصراً محمد یوسف ٹینگ نے ان تمام اعتراضات کے جوابات تاریخی شہادتوں کی بنیاد پر مدلل انداز میں دیا ہے جو کافی حد تک تسلی بخش ہیں۔ جس طرح انھوں نے اپنی بات منوانے کی کوشش اور ساتھ میں کچھ ثبوت بھی پیش کیے اس سے ان کی بات مستند کی حیثیت رکھتی ہے۔ محمد یوسف ٹینگ نے جو بھی تحقیقی کام کیا ہے وہ قابل تعریف ہے گرچہ کچھ خامیاں بھی ہیں لیکن ہمیں خوبیوں کی طرف دیکھنا چاہیے۔ ایسے مضامین بھی ہیں جن کے حق میں وہ مضبوط دلائل پیش نہ کر سکے۔ لیکن اس طرف ضرور ہمارے ذہن کو کھینچا ہے۔ جس پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے کیوں کہ تحقیق میں کوئی بھی بات حرفِ آخر نہیں ہوتی۔

## پروفیسر حامدی کاشمیری

پروفیسر حامدی کاشمیری اردو دنیا کے قد آور اور معروف شاعر، محقق، نقاد، فکشن نگار اور ماہر تعلیم ہیں۔ ہر ایک جانتا ہے کہ حامدی کاشمیری نے اپنی ساری زندگی اردو ادب کی خدمت اور درس وتدریس میں گزاری ہے۔ ان کا جتنا قد لمبا تھا اتنے ہی بڑے عہدوں پر فائز بھی رہے ہیں۔ ان کو ادبی دنیا میں اکتشافی نقاد کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔ ان کا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے مروجہ تنقیدات میں ایک نئے تجزیاتی نظریہ تنقید کو متعارف کیا ہے۔ یعنی انھوں نے اپنی تنقیدی تھیوری ''اکتشافی تنقیدی شعریات'' کی بنیاد ڈالی۔

حامدی کاشمیری کا اصلی نام حبیب اللہ تھا اور قلمی نام حامدی کاشمیری تھا۔ ان کے والد کا نام خواجہ محمد صدیق بٹ اور والدہ کا نام خورشید بیگم تھا۔ حامدی کاشمیری کی ولادت 29/جنوری 1932 میں بہوری کدل، بازار مسجد، سری نگر کشمیر میں ہوئی۔ انھوں نے میٹرک کا امتحان 1948 میں ایم پی ہائی اسکول سری نگر سے فرسٹ ڈویژن کے ساتھ پاس کیا۔ بی اے آنرس فارسی 1952 میں سری پرتاب کالج سری نگر سے کیا ہے۔ 1954 میں ایم اے انگریزی کشمیر یونی ورسٹی سے پاس کیا۔ ایم اے اردو 1958 میں پنجاب یونی ورسٹی سے کیا ہے۔ 1959 میں سینٹرل انسٹی چیوٹ آف انگلش حیدرآباد (اِفلو) سے انگریزی تدریس میں ڈگری حاصل کی۔ 1966 میں کشمیر یونی ورسٹی سے اردو میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری بعنوان ''جدید اردو نظم اور یورپی اثرات'' کے نا

م سے حاصل کی۔ حامدی کاشمیری کی شادی 29 / اکتوبر 1963 میں مصرہ مریم دختر خواجہ غلام قادر لون کی بیٹی سے ہوئی۔ ان کے بطن سے دو اولادیں ہوئیں، بیٹے کا نام مسعود عالم، جو کمپوٹر انجینئر ہے اور بیٹی کا نام ڈاکٹر صبا حامدی ہے۔ حامدی کاشمیری 27 / دسمبر 2018 میں اس دنیا سے رحلت کر گئے۔

حامدی کاشمیری نے ملازمت کی ابتدا ایس پی کالج سے بحثییت انگریزی لیکچرر 1954 میں کی۔ پھر کلچرل اکادمی سری نگر کے اسسٹنٹ سیکرٹری 1959 سے 1960 تک رہے۔ اس کے بعد وہ 1961 سے 1973 تک شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں بحثییت لکچرر اپنی خدمات انجام دیتے رہے۔ پھر ترقی کرتے کرتے 1974 سے 1978 تک بحثییت ریڈر اور 1979 میں پروفیسر ہو گئے۔ 1978 سے 1980 اور 1984 سے 1990 تک صدر شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کے عہدے پر فائز رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 1980 سے 1990 تک کوارڈی نیٹر ڈیپارٹمنٹ آف سپیشل اسٹڈیز شعبۂ اردو اور ڈین فیکلٹی آف آرٹس کے عہدے پر بھی فائز رہے۔ وہ ستمبر 1990 سے ستمبر 1993 تک کشمیر یونی ورسٹی کے سب سے بڑے عہدے یعنی وائس چانسلر بھی رہے۔ چیرمین شیخ العالم چیر کشمیر یونی ورسٹی ستمبر 1998 سے ستمبر 2000 تک رہے۔ اس کے علاوہ حامدی کاشمیری بہت سے علمی وادبی اداروں سے بھی وابستہ رہے۔ انھوں نے اپنی حیات میں جن اداروں کی رہنمائی اور رہبری بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دی ہے۔ وہ ادارے یوں ہیں:

رکن بنیاد گزار، انجمن سیمابیہ، سری نگر

رکن بنیاد گزار، بزم اردو، سری نگر

سیکرٹری انجمن ترقی اردو، سری نگر

رکن و بنیاد گزار، ادبی انجمن، احتساب، سری نگر

رکن سینٹرل کونسل کشمیر یونی ورسٹی

رکن سنڈیکیٹ کشمیر یونی ورسٹی

رکن مرکزی کمیٹی ترقی اردو بورڈ کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی (دوبار)

رکن شعبۂ جاتی ترقی کمیٹی کلچرل اکادمی جموں وکشمیر

رکن ریڈ پٹوریل بورڈ اردو، کشمیری ڈکشنری کلچرل اکادمی جموں وکشمیر

رکن سروس ریکروٹمنٹ رولز (Serivce Recriutment Rules) کمیٹی کلچرل اکادمی جموں وکشمیر

رکن ایگزیکٹو کونسل مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی، حیدرآباد

1986 میں کل ہند ادیبوں کے اعلا سطحی وفد کے ممبر کی حیثیت سے اپنی بیگم مصرہ مریم کے ساتھ دورہ کیا۔

ستمبر 2003 میں قطر کا دورہ، ادیبوں کی دعوت پر۔

دسمبر 2004 اور نومبر 2006 میں ریاض سعودعربیہ کے نجی دورے پر گئے۔

انعامات واعزازات:

حامدی کاشمیری کو بہت سے اعلا ادبی انعامات واعزازات سے نوازا گیا ہے۔ کلچرل اکادمی جموں وکشمیر نے ''عروس تمنا''، ''بلندیوں کے خواب'' اور ''غالبؔ کے تخلیقی سرچشمے'' پر انعام دیے ہیں۔ اتر پردیش اردو اکادمی نے شیخ العالم: حیات اور شاعری کی کتاب پر انعام سے نوازا ہے۔ ساہتیہ اکادمی نئی دہلی نے 2006 میں ''تنقید وتحقیق'' کی کتاب پر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ دیا ہے۔ اس کے علاوہ بنگال اردو اکادمی اور بہار اردو اکادمی نے بھی مختلف کتابوں پر انعامات سے نوازا ہے۔ میرؔ اکادمی لکھنو نے امتیاز میرؔ کے انعام سے، ان کی کتاب ''میرؔ کا مطالعہ، کارگہہ شیشہ گری'' پر نوازا ہے۔

حامدی کاشمیری کی تحقیقی وتنقیدی کتابیں تقریباً ستائیس ہیں۔ شاعری پر دس کتابیں اور فکشن میں آٹھ نیز ایک سفرنامہ انجمن آرزو (سفرنامہ پاکستان) کے نام 1987 میں لکھا ہے۔ ان کی تصانیف یوں ہیں:

1۔ دلسوز کشمیری (انگریزی) 1955، اردو ترجمہ 1958
2۔ مقبول شاہ کرالہ واری حیات اور شاعری 1960
3۔ غالبؔ کے تخلیقی سرچشمے 1962
4۔ جدید اردو نظم اور یورپی اثرات 1968
5۔ اقبالؔ اور غالبؔ 1971
6۔ نئی حسیت اور عصری اردو شاعری 1974
7۔ ناصر کاظمی کی شاعری 1982
8۔ کارگہہ شیشہ گری، میرؔ کا مطالعہ 1982
9۔ جدید کاشر شاعری 1983 (کشمیری)
10۔ حرفِ راز، اقبال کا مطالعہ 1983
11۔ امکانات 1987
12۔ انتخابِ غزلیات میرؔ 1988
13۔ تفہیم وتنقید 1988
14۔ جدید شعری منظرنامہ 1990
15۔ ریاست جموں وکشمیر میں اردو ادب 1991
16۔ انتخابِ کلام میرؔ 1992
17۔ معاصر تنقید 1992
18۔ منتخب تنقیدی، مقالات (مرتبہ) 1992
19۔ آئینہ ادراک، اقبال کا مطالعہ 1994
20۔ شیخ العالم، حیات اور شاعری 1997

21۔اکتشافی تنقید کی شعریات 1999
22۔اقبال کا تحقیقی شعور 2001
23۔تجزیہ اور معنی 2003
24۔غالبؔ جہاں دیگر 2003
25۔اردو نظم کی دریافت 2004
26۔کاشر شاعری ہند انتخاب (مرتبہ) کشمیری 2006
27۔افسانہ تجزیہ 2006

شعری مجموعے:

1۔عروسِ تمنا 1961
2۔نایافت 1976
3۔لاحرف 1984
4۔شاخ زعفران 1991
5۔نارس اتھ واس (کشمیری) 1999
6۔وادیٔ امکان 2000
7۔خوابِ رواں 2003
8۔یتھ میانہ جوئیہ (کشمیری) 2003
9۔یک شہر گماں 2005
10۔آوازوأژی نو (کشمیری) 2007

فکشن کی کتابیں:

1۔وادی کے پھول (افسانے) 1957
2۔سراب (افسانے) 1959
3۔برف میں آگ (افسانے) 1961
4۔بہاروں میں شعلے (ناول) 1956
5۔پگھلتے خواب (ناول) 1957
6۔اجنبی راستے (ناول) 1958
7۔بلندیوں کے خواب (ناول) 1961
8۔پرچھائیوں کا شہر (ناولٹ)

حامدی کاشمیری نہ صرف شاعر و نقاد ہیں بلکہ انھوں نے اپنی زندگی کی شروعات ہی افسانہ نگاری سے کی۔ان کا پہلا افسانہ 1951 میں ''ٹھوکریں'' کے نام سے ماہنامہ ''شعاعیں'' دہلی میں شائع ہوا جب کہ پہلا افسانوی مجموعہ ''وادی کے پھول'' 1957 میں منظر عام پر آیا ہے۔اس کے بعد دوسرا مجموعہ ''سراب'' کے نام سے شائع ہوا ہے۔حامدی کاشمیری اپنی ادبی سفر کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''1950 کے آس پاس میں نے لکھنا شروع کیا تو بیک وقت شاعری اور افسانہ نگاری کی جانب متوجہ رہا۔ یہ سلسلہ تقریباً 1960 تک جاری رہا۔1961 میں میرا پہلا شعری مجموعہ ''عروسِ تمنا'' منظر عام پر آیا۔اس سے پہلے میرا ایک افسانوی مجموعہ اور تین ناول چھپ چکے تھے۔اس دوران میں تنقیدی مضامین بھی لکھتا رہا دس گیارہ برسوں پر محیط یہ دور میری ادبی

زندگی کا ابتدائی دور کہلایا جاسکتا ہے۔ دراصل میں اپنے تخلیقی وجود کی شناخت کی پیہم جدوجہد میں مصروف رہا۔ فکشن کی روایتی اقدار کی پاسداری کرتے ہوئے میں دراصل دو باتوں کو زیادہ اہمیت دیتا رہا۔ اول حقیقی زندگی کی الجھنوں کی تخلیی تشکیل ۔ یہ گویا خارجیت اور مقصدیت کا رجحان تھا جسے میں اپنے ذہن وفکر پر حاوی محسوس کرتا رہا اور افسانے ناول لکھتا رہا۔ دوم ،شاعری کے حوالے سے ذاتی جذبات کی مصوری ۔ میں اس مانوس راستے پر چلتے ہوئے مقبولیت اور شہرت کے فاصلے طے کرتا گیا لیکن 1960 میں مجھے شدت سے محسوس ہونے لگا کہ روایت پرستی میرا راستہ نہیں ہے۔ مجھے تو منزل طلبی کے لیے دشوار گزار اور پر پیچ راہوں سے گزرنا ہے۔ چناچہ 1960 کے بعد میں فکشن سے قطعی طور دست بردار ہو گیا اور افسانہ نگاری کے لیے بھی بے مصروف ہو گیا۔''93

مذکورہ عبارت سے حامدی کاشمیری کی ادبی زندگی پر بخوبی روشنی پڑھتی ہے۔ انھوں نے مختلف اصناف میں طبع آزمائی کی ہیں۔ وہ بنیادی طور پر نقاد اور شاعر ہیں لیکن ان کی تنقیدی تحریروں میں جہاں ضروری ہوتا ہے وہاں ایک محقق کے نقوش بھی جا بجا دیکھے جاسکتے ہیں۔ ان کی کتابوں میں جدید اردو نظم اور یورپی اثرات، اقبالؔ اور غالبؔ، ناصر کاظمی کی شاعری، میر کا مطالعہ۔ کارگہہ شیشہ گری، غالبؔ جہاں دیگر، حرفِ راز اور شیخ العالم: حیات اور شاعری میں تحقیقی عناصر ملتے ہیں۔ خاص کر ''جدید اردو نظم اور یورپی اثرات'' ان کا شہکار تحقیقی اور تنقیدی کارنامہ ہے۔

**جدید اردو نظم اور یورپی اثرات:**

حامدی کاشمیری کی کتاب ''جدید اردو نظم اور یورپی اثرات'' 1968 میں پہلی بار شائع ہوئی ہے۔ جو خواجہ پریس دہلی نے چھاپی ۔ اس کتاب کا انتساب انھوں نے اپنی بیوی محترمہ مصرہ مریم کے نام لکھا ہے۔ اس تحقیقی مقالے کو حامدی کاشمیری نے دس ابواب میں منقسم کیا ہے۔ اس کتاب میں نظم کے معنی ومفہوم اور آغاز وارتقا کا تفصیل سے تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ یعنی صنف نظم کی روایت، اس کی ماہیئت اور اہمیت، اس کے عہد بہ عہد ارتقا اور اس میں رونما اہم تبدیلیوں، تجربوں اور رجحانات کا تاریخی اور تجزیاتی مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ محمد قلی قطب شاہ سے لے کر تقسیم ہند 1947 تک کے تقریباً تمام اردو نظم نگاروں کا تحقیقی جائزہ، ان کی نظموں کے حوالے سے لینے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ کلاسیکی دور میں اردو نظم کے نمونے، مثنوی، مرثیہ اور قصیدہ وغیرہ میں ملتے ہیں اس کے علاوہ ان نظموں میں مثلاً ''صورت'' (ولی دکنیؔ)، ''گھر کا حال'' (میر تقی میرؔ) جو علاحدہ طور لکھی گئی ہیں ان کا محاکمہ لکھا گیا ہے۔ اسی طرح انیسویں صدی میں ہندستان پر انگریزوں کے قابض ہونے کے بعد انگریزی

شاعری کے جونمونے اردو شاعری تک پہنچے،ان سے متاثر ہوکر آزادؔ اور حالیؔ نے نظم جدید کا تصور پیش کیا۔حامدی کاشمیری نے آزادؔ اور حالیؔ کی نظم جدید کی تحریک کا مفصل اور تجزیاتی مطالعہ پیش کیا ہے۔حالیؔ اور آزادؔ کی نظم نگاری کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار یوں کرتے ہیں۔اقتباس:

''حالیؔ نے آزادؔ کے مقابلے میں اپنی نظموں میں موضوعات کے دائرے کو وسیع تر کیا،اور پہلی بار انسان دوستی اور قومی دردمندی کے مقدس جذبات کو داخلی سوز وگداز اور آرزومندی کے ساتھ پیش کیا ،اور آنے والے شاعروں کے لیے قومی شاعری کے خیالات ورثہ میں چھوڑے۔ان موضوعات کے علاوہ حالیؔ نے پرانی صنفوں میں بھی نیا پن پیدا کیا۔'' 94؎

حامدی کاشمیری نے آزادؔ اور حالیؔ کی نظم جدید کی تحریک سے فوری طور متاثر ہونے والے دوسرے نظم نگاروں مثلاً اسماعیل میرٹھیؔ، شررؔ، چکبستؔ ، اکبرالہ آبادیؔ، نظم طباطبائیؔ ،شوق قدوائیؔ، وحیدالدین سلیمؔ ،سرور جہاں آبادیؔ اور بادر کاکوریؔ وغیرہ کی نظم نگاری کا بڑا مفصل و مدلل اور تجزیاتی مطالعہ بھی پیش کیا ہے۔ان تمام مذکورہ بالا نظم نگاروں میں نادر کاکوریؔ کی شاعرانہ انفرادیت کو قبول کرتے ہوئے لکھتے ہیں،اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''نادرؔ نے اپنے معاصرین کے خلاف،خارجی موضوعات کی صورت گری کے بجائے داخلی دنیا میں قدم رکھا،اور غالباً پہلی بار داخلی زندگی کے اضطراب اور بے چینی سے اردو نظم کا ہیولا تیار ہونے لگا،نادرؔ نے اپنے دور کے بدلتے ہوئے معاشرتی حالات کے ردعمل کے طور پر اپنی شخصیت میں پیدا ہونے والی مایوسیوں اور کرب انگیز خیالات کا اپنی نظموں میں اظہار کیا۔یہی ان کی نظموں کا معنوی دائرہ ہے اور اسی دائرے میں ان کی شخصیت اسیر ہے۔'' 95؎

مذکورہ بالا اقتباس میں نادر کاکوریؔ کی جن نظموں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ان میں 'رات کے بے چین گھنٹے'، 'فنا'، 'کہاں میں جا کر رہوں'، 'ایک مرحوم دوست کی تصویر'، 'آہ یہ ہوگا' خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

بیسویں صدی میں جدید نظم کی تحریک کو اور زیادہ فروغ اس وقت حاصل ہوا جب علامہ اقبالؔ، مجید امجدؔ، ن م راشدؔ ،میراجیؔ ،اختر شیرانیؔ، جوشؔ ،مجازؔ، فیضؔ ،اختر الایمانؔ ،یوسف ظفرؔ، قیوم نظرؔ، ساحرلدھیانویؔ ،جان نثار اخترؔ، سردار جعفریؔ، احسان دانشؔ، مخدوم محی الدینؔ، قتیل شفائیؔ اور احمد ندیم قاسمیؔ جیسے شعرا نے اس صنف کی مزید تشکیل وتعمیر میں دلچسپی لی۔خاص طور سے علامہ اقبالؔ نے یورپی ادب کا غائر مطالعہ کیا تھا۔انھوں نے کئی انگریزی نظموں کا اثر قبول کرکے اسے اردو میں برتا اور اردو نظم کو نئی فنی وفکر سے روشناس کرایا۔نظم نگاری میں ان کی منفرد حیثیت کے بارے میں حامدی کاشمیری لکھتے ہیں:

''اقبال کے فنکارانہ ہاتھوں جدید نظم میں جوفنی حسن پیدا ہوا وہ نہ صرف انیسویں صدی کے نظم نگاروں کے حسن سے مالا مال تھا، بلکہ جدید یورپی شعری اور فکری تصورات اور تحریکات کی تابناکی، توانائی اور جدت سے بھی ہم کنار تھا۔ اقبال کی نظم ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔'' 96

لیکن جہاں حامدی کاشمیری اقبالؔ کی فنی خوبیوں سے متاثر ہیں اور ان کی شاعرانہ عظمت کے قائل نظر آتے ہیں وہیں انھوں نے ان کی خامیوں کی نشان دہی بھی کی ہے۔ اور یہی بات ایک محقق اور نقاد کی صحیح پہچان ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے جہاں اقبال کی شاعرانہ عظمت کو تسلیم کیا ہے وہی خامیوں سے متعلق بھی لکھتے ہیں۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''اقبالؔ کی عظمت کو تسلیم کرتے ہوئے اس حقیقت کو بھی نظر میں رکھنا چاہیے کہ وہ تخلیق فن میں ہمیشہ فن کے آداب کو برتنے میں کامیاب نہیں ہوئے اور ان کی بہت سی نظمیں ایسی بھی ہیں جن میں خیالات وافکار کی بلندی اور عمق سے توانکار کی مجال نہیں، لیکن ان نظموں میں فکری عنصر، شخصیت کے داخل سوز وگداز میں رچ بس نہیں گئے ہیں اور ان کے خدوخال سوز تخلیق سے نکھر نہیں اٹھتے ہیں۔ ایسی نظموں پر نثریت اور بے کیفی غالب ہے۔' 97

حامدی کاشمیری نے اقبالؔ کے ساتھ ساتھ ان تمام نظم نگاروں کا تجزیاتی جائزہ لیا، جنھوں نے یا تو اقبالؔ کے زیر اثر یا مغرب کے زیر اثر اپنی اپنی نظمیہ تخلیقات میں جدید امکانات ورجحانات اپنا کر اسے یورپی نظم سے آنکھ ملانے کے قابل بنایا۔ ان میں ن۔م راشدؔ، میراجیؔ اور فیضؔ کی نظموں سے زیادہ ہی متاثر نظر آتے ہیں کیوں کہ یہ نظم نگار اپنی نظموں میں ایسے سنگین، ٹھوس اور حقیقی زندگی کا تصور پیش کرتے ہیں جو موجودہ دور کا مقدر بن چکا ہے۔ عہد حاضر کے انسان کو ناکامی، ناامیدی، حسرت، شکست خواب، قدروں کی پامالی کے نتیجے میں تنہائی، بچارگی اور شکست خوردگی کا سامنا کرنا پڑا۔

اس کتاب کے آخر میں تقسیم ہند کے بعد جدیدیت کے تحت ابھرنے والے شعری رجحانات کا جائزہ لیتے ہوئے اس خیال کا اظہار کرتے ہیں کہ روایتی اسالیب بدلتے عہد کے تقاضوں کا ساتھ نہیں دے سکے۔ اردو نظم شروع سے ہی روایت پرستی کی شکار رہ چکی تھی اس لیے اس میں کچھ فنی تبدیلیوں کی اشد ضرورت ناگزیر بن گئی تھی۔ حالاں کہ اس صدی میں وجود پذیر تحریکات ورجحانات کا اثر اصناف ادب پر پہلے ہی پڑ چکا تھا۔ اردو نظم نگاروں نے اس میں زیادہ دلچسپی نہ دکھائی بلکہ اپنی ہی قائم کردہ راہوں پر چلتے رہے۔ اب رفتہ رفتہ ان میں بھی ادبی شعور بڑھنے لگا ہے اور وہ بھی اس صنف میں تبدیلی کی ضرورت کو محسوس کرنے لگے ہیں۔ اس میں کسی حد تک

کامیاب بھی رہے ہیں۔اس تبدیلی سے متعلق حامدی کاشمیری لکھتے ہیں:

''نئی نظم کے علمبردار اس حقیقت سے آگاہ معلوم ہوتے ہیں کہ اردو شاعری اظہار و بیان کے روایتی سانچوں اور سماجی اداروں یا ادبی تحریکوں کی طرف سے عائد کئے گئے افکار و خیالات کے ہاتھوں بہت نقصان اٹھا چکی ہے،اس لیے وہ روایتی اسالیب بیان کو فرسودہ قرار دیتے ہیں۔وہ اس بات کا شدید احساس رکھتے ہیں کہ اردو شاعری کا پرانا ذخیرہ ،اظہار اس کی تشبیہیں،استعارے اور علامتیں کثرت استعمال سے اپنی معنویت اور جاذبیت کھو بیٹھی ہیں۔ اس لیے نئے عہد میں شاعر اپنے نئے اور انوکھے شعری تجربات کے اظہار کے لیے نئی زبان،نئی استعارے اور نئی علامتیں تخلیق کرنے کی فطری ضرورت سے دوچار ہے۔''98

اس کتاب کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ حامدی کاشمیری صنف نظم کی اہمیت سے بخوبی آگاہ تھے،اس لیے انھوں نے اردو نظم کو سب سے زیادہ موثر وسیلۂ اظہار قرار دیا ہے۔

تیسرا باب جدید اردو نظم پر اولین مغربی اثرات کے عنوان سے ہے۔جو یورپی قوموں کی ہندستان سے تجارتی اور سیاحتی روابط قائم کرنے کے ساتھ ساتھ ہی مرتسم ہونا شروع ہوئے تھے۔تحقیق کی گئی ہے کہ یہ اثرات 1857 کے انقلاب کے بعد ہندستان پر انگریزوں کے مسلط ہونے کے زمانے سے انیسویں صدی کے اختتام تک پھیلے ہوئے ہیں۔چوتھے باب میں جدید نظم کے اولین علمبرداروں یعنی آزادؔ اور حالیؔ کی نظموں کا مغربی اثرات کے تحت جائزہ لیا گیا ہے۔اور ان کے ادبی مرتبے کا تعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔دور حاضر کی اردو نظم میں یورپی پس منظر کے بیان پر مفصل گفتگو ملتی ہے۔اس کے بعد اقبالؔ کی نظم نگاری اور ان کے ہم عصر نظم نگاروں کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔جدید اردو نظم پر نئے رجحانات کے اثرات کس طرح مرتسم ہوئے ہیں اور اردو نظم جدیدیت کے بعد کے حوالے سے اس تصنیف میں پُرمغز تفصیل ملتی ہے۔کتاب کے آخر میں نئی اردو نظم آٹھویں دہائی کی دہلیز پر، کے عنوان سے سیر حاصل بحث ملتی ہے۔مجموعی طور پر حامدی کاشمیری نے جدید اردو نظم کا پوری طرح سے تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے جس کو تشفی بخش مانا جاسکتا ہے۔

الغرض حامدی کاشمیری کی یہ کتاب جدید اردو نظم پر ایک انمول نگارش ہے۔انھوں نے اس میں نظم کا معنی ومفہوم اور ہیئت پر بحث کی۔جدید نظم سے پہلے کس طرح نظم لکھی جاتی تھی اس پر گفتگو کی ہے۔اس کتاب میں جدید اردو نظم کے صوری اور معنوی پہلوؤں کا یورپی اثرات کے تحت ادبی اور تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔یعنی 1857 سے ہندستان پر انگریزی اقتدار کے مستحکم ہونے کے بعد آزاد اور حالیؔ کی نظموں سے کیا اثر پڑا ہے۔ساتھ

ہی قدیم دور سے بھی جہاں نظم کی روایت ملی یا جہاں قدیم اصناف میں نظم پارے ہیں ان کو بھی اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔ تقسیم ہند 1947 تک کی نظمیہ شاعری پر یہ کتاب محیط ہے۔لیکن 1980 تک کی نظم نگاری کا بھی جائزہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔یعنی 1857 سے 1980 تک کے شاعروں کے نظموں کا یورپی اثرات کے تحت مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔دوسرے باب میں آزادؔ اور حالیؔ سے پہلے اردو شاعری کے قدیم دور میں جو قلی قطب شاہؔ سے لے کر غدر پر لکھی گئی نظموں تک محیط ہے،نظم کے ابتدائی نقوش کی چھان بین اس نقطہ نظر سے کی گئی ہے کہ ہر نئے تجربے کی عمارت ماضی کی روایات کی بنیادوں پر ہی استوار ہوتی ہے۔

حامدی کاشمیری کی دوسری کتاب ''ریاست جموں وکشمیر میں اردو ادب'' کے نام سے 2010 میں شائع ہوئی ہے۔ یہ کتاب ایم اے اردو کے نصاب کے حوالے سے لکھی گئی ہے۔اس کتاب میں انھوں نے کشمیر کی تاریخ اور کشمیر کی اردو تاریخ پر روشنی ڈالی ہے۔دوسرے حصہ میں ریاست جموں وکشمیر میں اردو شاعری اور ریاست جموں وکشمیر میں اردو نثر کے ذیل میں سیر حاصل بحث ملتی ہے۔اس کے بعد اس کتاب میں جموں وکشمیر کے نوشعرا پر تحقیقی بحث ملتی ہے ۔ان شعرا کی ادبی زندگی کی شروعات ،پہلی ادبی کاوش اور ساتھ ہی نمونے کلام بھی پیش کیے گئے ہیں۔ان شعرا پر اکثر و بیشتر پہلے بھی لکھا جا چکا ہے لیکن کچھ شاعر ہیں جن کے بارے میں حامدی کاشمیری نے نئ باتوں کا انکشاف کیا ہے ۔اس کتاب میں جن نوشعرا کا ذکر ملتا ہے وہ یوں ہیں ،طالب کشمیریؔ ،کشن سمیل پوریؔ،رسا جاودانیؔ،میر غلام رسول نازکیؔ ،شہ زور کاشمیریؔ ،غ م طاوسؔ ،تنہا انصاریؔ، شیخ غلام نبی بلبل کاشمیریؔ اور پردیسیؔ قابل ذکر ہیں۔ان میں اکثر شاعر حامدی کاشمیری کے ہم جماعت رہے ہیں۔

مختصراً حامدی کاشمیری کی اس کتاب میں شعرا کے تعلق سے تحقیقی نمونے ملتے ہیں ۔جیسے شیخ غلام علی بلبل کاشمیریؔ اور غ۔م طاوسؔ کے متعلق وجہ تخلص بتاتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کا تخلص علامہ اقبالؔ کے ایک شعر کے سبب پڑا ہے جس کی تفصیل ان کی اس کتاب میں پوری موجود ہے۔اسی طرح کی بہت ساری چھوڑی چھوڑی باتوں کا اس کتاب میں انکشاف ہوا ہے۔

## ڈاکٹر برج پریمی ایمہ

1950 کے بعد جموں وکشمیر کے ادبی منظر نامہ پر نمایاں ہونے والوں میں ڈاکٹر برج پریمی ایمہ ایک ایسے منفرد ادیب ہیں جنھوں نے بڑی سنجیدگی کے ساتھ اردو تحقیق وتنقید کے سرمائے میں اضافہ کیا۔وہ اردو کے ان ناقدین میں سے تھے جو کسی بھی ادبی تخلیق ،ادبی شخصیت یا ادبی مسئلے پر اظہار خیال کرتے تھے اور موضوع کا ہر پہلو

سے جائزہ لیتے تھے غور وفکر وموازنہ اور تقابل سے کام لیتے تھے اور پھر موضوع سے متعلق اپنے تحقیقی وتنقیدی خیالات کا اظہار کرتے تھے۔ان کا ذہن سوالات اور دریافت کرنے کا عادی تھا۔ ہر شے میں نئی بات نکالنے کے روگ نے انھیں تحقیقی نوعیت کا انسان بنایا۔ برج پریمی کا تعلق کشمیر کے ان ادیبوں اور شاعروں میں ہے جنھوں نے اپنی پوری زندگی اردو ادب کے سرہنے گزاری ہے۔ برج پریمی ایک کشمیر شناس ،منٹو شناس،نقاد،استاد،محقق اور بہتر انسان تھے۔ان کا اردو دنیا میں اپنا نام ہے، چاہیے ان کی تنقیدی تصانیف ہوں یا ان کی تحقیقی نگارشات ہوں ان کی ادب نوازی سے ہر کوئی واقف ہے۔

ڈاکٹر برج پریمی کا اصلی نام برج کش ایمہ تھا۔ برج پریمی کے نام سے ادبی دنیا میں متعارف ہوئے۔ان کی ولادت 24 ستمبر 1935 میں حبہ کدل سری نگر کے علاقے کے اہل علم کشمیری پنڈت گھرانے میں ہوئی ہے۔ان کے والد کا نام پنڈت شام لال ایمہ تھا۔ جو فارسی اور اردو کے معروف قلم کار و عالم تھے۔ چودہ سال کی عمر میں والد کی شفقت سے محروم ہوگئے اور پھر ان کی تعلیمی تربیت پریم ناتھ پردیسی نے کی۔ابتدائی تعلیم ،مقامی اسکول میں حاصل کی۔اس کے بعد 1948 میں اے وی ہائی اسکول مہاراج گنج سری نگر سے دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا۔ سری پرتاب کالج میں ایف ایس سی میں داخلہ لیا ہی تھا کہ والد کی وفات ہونے پر، انھیں والد کی خالی اسامی پر ماڈل اسکول امیرا کدل سری نگر میں استاد کی حیثیت سے تعینات کیا گیا تھا۔اسکول کی ملازمت سے ماہانہ تنخواہ ملنے والے تیس روپے سے گھر کا خرچہ چلانے کے ساتھ ساتھ تعلیم کا سفر بھی جاری رکھا۔انھوں نے پرائیویٹ طور پر بی اے سی ادیب کامل،ادیب فاضل اور بی اے کی ڈگریاں حاصل کیں۔1959 میں بی۔ایڈ کی ڈگری بھی حاصل کی ۔جموں وکشمیر یونی ورسٹی سے 62-1961 میں ایم اے اردو بھی کیا۔انھوں نے پروفیسر حامدی کاشمیری کی نگرانی میں 1976 میں شعبۂ اردو سے ''سعادت حسن منٹو کی حیات اور کارنامے'' کے موضوع پر پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری مکمل کی۔ڈاکٹریٹ کرنے کے ساتھ ساتھ، وہ ماسٹر سے ہیڈ ماسٹر،اور پھر ڈسٹرک سروے آفیسر اور ڈسٹرک پلانگ آفیسر جیسے عہدوں پر فائز رہے۔

برج پریمی 1977 میں اسکولی ملازمت سے برطرف ہوکر کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کے درس وتدریس کے عملے سے وابستہ ہوگئے۔شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں ان کی نگرانی میں چھ ایم فل مقالات اور تین پی ایچ۔ ڈی مقالات لکھے گئے ہیں۔ یہ تحقیقی مقالات فکشن نگاری کے مختلف موضوع کے حوالے سے ہیں۔ان کے درجنوں مقالات مضامین ''بازیافت'' کے مختلف شماروں میں بھی ملتے ہیں۔1990 میں کشمیر کے حالات خراب

ہونے کے سبب برج پریمی اپنے خاندان کے ساتھ جموں ہجرت کر گئے ۔اس المناک واقعے نے ان کی زندگی کو داغ دار کیا۔اس مفارقت کے صدمے سے چور ہو کر دل کا دورہ پڑنے سے ان کا انتقال 20/اپریل 1990 میں ہوا۔ڈاکٹر قمر رئیس نے ان کی شخصیت کا تذکرہ یوں کیا ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ’’برج پریمی مرحوم بہت سادہ طبیعت ،مرنجان مرنج اور منکسرالمزاج انسان تھے۔جوڑتوڑ،سیاست اور نمائش پسندی سے کوسوں دور۔نہایت خاموشی لیکن پورے انہاک اور سنجیدگی سے اپنے کام میں مشغول رہتے تھے۔‘‘99

برج پریمی نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز افسانہ نگاری سے شروع کی۔ان کی پہلی کہانی ’’آقا‘‘ کے نام سے 1949 میں امر جیوتی سری نگر میں شائع ہوئی۔ان کے خاص افسانوں میں پھٹی پھٹی آنکھیں ،مانسبل ،ہنسی کی موت،زاوئے ،یہ گیت یا مزار،خوابوں کے دریچے،سپنوں کا شام وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ان کا پہلا افسانوی ،مجموعہ ’’سپنوں کا شام‘‘ سولہ افسانوں پر مشتمل 1995 میں شائع ہوا تھا۔وہ روایتی اور ترقی پسند افسانے پر گہری نگاہ رکھتے تھے۔ان کے افسانوں میں داخلی کرب،خارجی دنیا کے حالات وواقعات کی جلوہ گری،کشمیر کے حسن وجمال ،یہاں کی بدحالی،غربت،افلاس اور ناداری کا تذکرہ ملتا ہے۔

برج پریمی کا تعلق رسائل وجرائد کے ساتھ بطور ایک ادبی صحافی کا بھی رہا ہے۔اور کچھ رسائل وجرائد میں ان کے مضامین اور کہانیاں اور بطور مدیر،معاون مدیر بھی رہ چکے ہیں۔ان میں ماہنامہ دیش (سری نگر) ہفتہ وار ہمارا استاد (سری نگر)،آگہی (شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کا ترجمان)،ماہنامہ سہیل (گیا بہار،مشاورتی بوڈ میں)،سالنامہ بازیافت (شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی)اور کشمیری زبان کا رسالہ ’’گاشیہ آگر‘‘ (سری نگر) شامل ہیں۔

برج پریمی کی ابتدائی زندگی کا بیشتر حصہ افسانوی ادب اور افسانے تحریر کرنے کے ساتھ وابستہ رہا۔جس کی وجہ سے وہ جب بھی تحقیق وتنقید کی جانب متوجہ ہوئے تو ان تحریروں میں بھی کہیں کہیں افسانوی رنگ بکھرتے رہے۔لیکن اس کے باوجود انھوں نے ایک محقق ونقاد کی حیثیت سے اپنا منصب فراموش نہیں کیا اور اپنی تحریروں میں ہمیشہ توازن واعتدال قائم رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے تاکہ قاری کو کسی قسم کا بوجھل پن محسوس نہ ہو۔ان کا خاص میدان افسانہ نگاری کے بعد تحقیق وتنقید رہا ہے۔اور اس میں انھوں نے ایسا ادب پارہ تخلیق کیا ہے جو نئی نسل کے لیے ادب آموز فن پاروں کی حیثیت رکھتا ہے۔ان کی نمائندہ تصانیف میں حرف جستجو 1982 اس میں بارہ مضامین ہیں۔،جلوہ صدرنگ 1985 ،سعادت حسن منٹو: حیات اور کارنامے 1986 ،ذوق نظر 1987 دوسرا

ایڈیشن 2000، چند تحریریں 1988، 23 مضامین ،کشمیر کے مضامین 1989، 12 مضامین کا مجموعہ، جموں وکشمیر میں اردو ادب کی نشوونما 1992، صد میرؔ 1992، منٹو کتھا 1994، سپنوں کی شام (افسانوی مجموعہ )1995، مباحث 1997، 23 مضامین کا مجموعہ (پریمی رومانی نے ترتیب دیا)، پریم ناتھ پردیسی۔عہد شخص اور فنکار 2011 (مرتب پریمی رومانی)، مشاہیر ادب خطوط۔ برج پریمی کے نام (مکاتیب مجموعہ، مرتب پریمی رومانی)، پریم چند۔ چند نئے مباحث 2013 (مرتب پریمی رومانی)۔

برج پریمی کی تصانیف کی ادبی قدر و قیمت کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف اداروں نے انھیں انعام واعزاز سے نوازا۔جن میں ان کی ادبی خدمات کے سلسلے میں ان کو 1976 میں آل انڈیا اردو ہندی سنگم کی طرف سے اردو ریسرچ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یوپی اردو اکادمی ایوارڈ 1982، جموں وکشمیر کلچرل اکادمی ایوارڈ 1986 اور مغربی بنگال اردو اکادمی ایوارڈ 1987 وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

برج پریمی کو افسانے کی ڈگر سے ہٹا کر تحقیق وتنقید کی راہ پر ان کا تحقیقی مقالہ ’’سعادت حسن منٹو۔حیات اور کارنامے‘‘ لے آیا۔تحقیقی وتنقیدی صلاحیتوں کو جلا بخشنے والوں میں عبدالقادر سروری، حامدی کاشمیری اور شکیل الرحمٰن کا اہم رول رہا ہے۔ان میں عبدالقادر سروری سے ان کا تعلق سب سے زیادہ رہا کیوں کہ عبدالقادر سروری ’’کشمیر میں اردو‘‘ کی کتاب لکھ رہے تھے برج پریمی شب و روز مواد کی تلاش کے لیے کشمیر کے ہر کونے میں ان کے ساتھ رہے۔مواد کی تلاش وجستجو میں برج پریمی نے پروفیسر عبدالقادر سروری کے ساتھ ایک معاون کی حیثیت سے کام کیا۔ پروفیسر سروری کسی بھی ادیب ،شاعر اور صحافی سے گفتگو کرتے اور برج پریمی کے ذمہ گفتگو کا نوٹ لینا تھا۔جنھیں وہ بعد میں عبدالقادر سروری کے حوالے کرتے تھے۔تاکہ ضرورت پڑھنے پر کتاب میں شامل کیا جائے۔اس کتاب پر کام کرنے کے دوران برج پریمی کو کشمیر کے سبھی ادبا، مشاہیر سے ملنے، قریب سے دیکھنے اور عبدالقادر سروری کی صحبت میں رہ کر تحقیق وتنقید کے اسرار و رموز سیکھنے کا موقع ملا۔جس سے ان کی تحقیقی تحریک کو جلا ملی۔ان باتوں کا ذکر انھوں نے خود اپنی کتاب ’’ذوق نظر‘‘ کے ایک مضمون ’’عبدالقادر سروری‘‘ میں تفصیل سے کیا ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ’’سروری صاحب نے استاد نہ ہوتے ہوئے بھی بہت قلیل عرصہ تک ہی سہی میری استادی کا حق ادا کیا اور تحقیق کے رموز سکھائے جن سے میں آج تک روشنی حاصل کر رہا ہوں۔اس کتاب کے لیے مواد کی تلاش میں خاکسار کو بھی برصغیر کے معتبر محقق کے ساتھ جگہ جگہ گھومنے کا

شرف حاصل رہا ہے۔''100؎

برج پریمی کو تحقیق کا ماحول مل گیا تھا۔انھوں نے اس کو بڑی اچھی طرح استعمال کرکے،اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا۔اتنے بڑے محقق کے ساتھ کام کرنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ برج پریمی کو تحقیق وجستجو کا شوق پیدا ہوا اور آخری دم تک اسی پر قائم رہے۔گھر میں ہو یا باہر،خلوت میں ہو یا پھر جلوت میں ہر وقت ادب و تحقیق کی باتیں ہوتی رہتی تھیں۔اردو ادب ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔عبدالقادر سروری کو بھی ان کی قابلیت اور محنت کا احساس تھا جس کا اندازہ ان کے ایک خط سے ہوتا ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''.......میں نے ایک پوسٹ کارڈ لکھا تھا خدا کرئے آپ کو مل گیا ہو۔آپ جو دلچسپی اس کام سے لے رہے ہیں۔اس کے لیے مشکور ہوں۔اصل میں یہ آپ ہی کا کام ہے اب کوئی چیز ملے تو اسے اپنے یہاں محفوظ رکھیے۔میں انشااللہ 28 فروری کو سرینگر لوٹوں گا اور سب حاصل کرلوں گا۔''101؎

برج پریمی ایک سنجیدہ،محنتی،ذمہ دار محقق،ایماندار اور پرُخلوص استاد تھے۔ان کی تخلیقات خواہ تنقید سے متعلق ہوں یا تحقیق سے،اردو زبان وادب سے متعلق ہوں یا تاریخ وتمدن سے یا پھر تہذیب وثقافت سے متعلق ہوں،غرض کوئی بھی پہلو کیوں نہ ہو تمام مضامین موضوعات کی بوقلمونی اور خشکی کے باوجود ان کے اسلوب،طرز اظہار اور طریقہ استدالال کی بدولت ایسے صاف وسلیس ہیں کہ قاری بوجھل یا گراباری کا شکار نہیں ہوتا۔انھوں نے تحقیق وتنقید میں کسی قسم کی جانبداری سے کام نہیں لیا ہے بلکہ ہمیشہ غیر جانبداری کا اظہار کیا ہے۔یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریروں میں توازن واعتدال پایا جاتا ہے۔پروفیسر حامدی کاشمیری ان کی تحقیقی خصوصیت یوں بیان کرتے ہیں:

''.....برج پریمی کی نگارشات کی اہم خصوصیات یہ ہے کہ وہ کسی تحقیقی موضوع پر قلم اٹھاتے ہوئے صرف معلومات اور اعداد وشمار جمع کرنے پر ہی اکتفا نہیں کرتے،بلکہ ان کو نقد واحتساب کی کسوٹی پر بھی رکھتے ہیں۔اس طرح سے ان کی تحقیق بعض نام نہاد محققین کی طرح 'بے فیض بار برداری' ہو کر نہیں رہ جاتی،بلکہ ایک بامعنی اور ترسیل کار گزاری بن جاتی ہے...''102؎

**پریم ناتھ پردیسی۔عہد،شخص اور افکار:**

برج پریمی کی تصنیف ''پریم ناتھ پردیسی۔عہد،شخص اور فنکار'' کے نام سے ہے یہ کتاب جموں وکشمیر کے پہلے افسانہ نگار کی شخصیت اور فکر وفن کا مکمل احاطہ کرتی ہے۔زیر نظر کتاب 224 صفحات پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں ''میری بات'' کے عنوان سے مرتب کتاب نے پریم ناتھ پردیسی کو نہ صرف کشمیر کا سب سے بڑا کہانی کار قرار

دیا ہے بلکہ ساتھ ہی انھیں موضوع اور ہیئت کے اعتبار سے کشمیر کا پریم چند بھی کہا ہے۔

اس کتاب کو تین حصوں میں منقسم کیا گیا ہے۔حصہ اول میں پانچ ابواب ہیں۔حصہ اول کے پہلے باب میں حیات ،شخصیت اور فکری وادبی پس منظر پیش کیا گیا ہے۔اس باب میں پردیسی کے آباواجداد کا ذکر کرتے ہوئے ،انھیں کشمیری پنڈتوں کے ایک معزز خاندان ''سادھو'' کا وارث بتایا گیا ہے۔جو دلائل وشواہد سے برج پریمی نے ثابت کیا اور ساتھ ہی تحقیقی نقطۂ نگاہ بھی رکھی گئی۔حصہ اول کا دوسرا باب ''پریم ناتھ پردیسی کی شاعری'' کے نام سے ہے۔اس میں برج پریمی نے اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ پریم ناتھ پردیسی کا تخلص رونق تھا اور ساتھ ہی اس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ پریم ناتھ پردیسی نے ابتدا میں ہی شاعری سے منہ موڑ کر افسانے کی طرف رخ کیا تھا۔اس حصہ کا پانچویں باب ''پردیسی کا ادب'' کے نام سے ہے جس میں پردیسی کے شائع شدہ تین افسانوی مجموعوں میں شامل افسانوں کے علاوہ ان کے غیر مطبوعہ افسانے ،ادب پارے ،شاعری اور دیگر ادبی کاوشوں کو ایک مکمل فہرست کی صورت میں بازیافت کیا گیا ہے۔ان غیر مطبوعہ ادب پاروں کو زیرنظر کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔

کتاب کا حصہ دوم ''مکتوبات'' دو ذیلی ابواب پر مشتمل ہے ۔پہلے باب میں دس خطوط شامل ہیں ۔دوسرے باب میں چھ خطوط ہیں۔اس کتاب کا آخری حصّہ ''پردیسی کی غیر مطبوعہ تحریریں'' کے عنوان سے ہے جو بہت ہی دلچسپ اور تحقیقی نوعیت کا ہے۔یہ حصہ بھی دو ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول میں پردیسی کے ان افسانوں کو شامل کیا گیا ہے جو اس دور کے مختلف رسائل وجرائد میں شائع ہوکر دادِ تحسین حاصل کر چکے ہیں۔اس حصہ کا دوسرا باب پردیسی کا منتخب کلام ہے جس میں چھ غزلیں اور ایک نظم بعنوان ''کرشن کی یاد'' شامل ہے۔پہلے حصے کے باب پنجم میں جو افسانے غیر مطبوعہ ہیں ان کا بھی ذکر اس آخری حصہ میں ملتا ہے۔

مختصراً برج پریمی نے پریم ناتھ پردیسی کے کچھ افسانے، چھ غزلیں اور ایک نظم کو بازیافت کر کے ایک محقق کے فرائض انجام دیے ہیں۔اس کتاب کے مطالعے سے پریم ناتھ پردیسی کے ان ادب پاروں کا بخوبی احساس ہوتا ہے جن سے ہم دور ہوئے تھے اور ان کو برج پریمی نے نئے سرے سے بازیافت کیا ہے۔چند ادب پاروں کی فہرست ذیل میں پیش کرتے ہیں۔یہ ادب پارے وقت کی دھول میں کھو گئے تھے۔جنھیں برج پریمی نے دریافت کیا۔

| عنوان | قلمی نام | تاریخ/سن اشاعت | رسالہ/اخبار |
|---|---|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔اندھا(افسانہ) | رونق کاشمیری | 1رجنوری1933 | وتستا سرینگر |
| 2۔اماں(افسانہ) | پریم ناتھ سادھو رونق کاشمیری | 5فروری1933 | وتستا سرینگر |
| 3۔لاگنی کے گیت(ایضاً) | پریم ناتھ رونق کاشمیری | فروری1934 | کرم ویر لاہور |
| 4۔پنرِوواہ(ایضاً) | (ایضاً) | مارچ1934 | (ایضاً) |
| 5۔بن مالا(ایضاً) | پردیسی | جون1936 | ملاپ لاہور |
| 6۔سندھیا کا شراپ(ایضاً) | پریم ناتھ سادھو رونق | 19اپریل1938 | شہکار لاہور |
| 7۔سازش(ادب لطیف) | پریم ناتھ سادھو رونق | جنوری1939 | (ایضاً) |
| 8۔نابینا(ایضاً) | (ایضاً) | ستمبر1939 | (ایضاً) |
| 9۔روندی ہوئی کلیاں(ایضاً) | پردیسی | جولائی1942 | بہار کشمیر لاہور |

مذکورہ بالا تخلیقات کے بارے میں برج پریمی نے اپنی اس کتاب میں نشان دہی کی ہے۔ان کو برج پریمی نے مختلف رسالوں اور اخباروں سے نکال کر جمع کیا ہے۔ان کی بازیافت کا سہرہ برج پریمی کے سر ہی جاتا ہے جو ایک کامیاب اور اہم کام ہے۔

**سعادت حسن منٹو: حیات اور کارنامے:**

برج پریمی کا اصل تحقیقی کارنامہ ان کا پی ایچ۔ڈی مقالہ ''سعادت حسن منٹو: حیات اور کارنامے'' ہے۔یہ مقالہ 1986 میں شائع ہوا۔برج پریمی نے پرانے اور بوسیدہ تصورات ترک کر کے سعادت حسن منٹو کی زندگی اور ان کے کارناموں کے بارے میں نئے اور اہم حقائق سامنے لائے ہیں۔انھوں نے منٹو کے ہر گوشے پر اپنی محققانہ نظر معروضی انداز میں ڈالی ہے۔پروفیسر محمد حسن اپنی رائے اس کتاب کے بارے میں یوں لکھتے ہیں:

> ''برج پریمی نے سعادت حسن منٹو حیات اور کارنامے کے عنوان سے تحقیقی مقالہ لکھا ہے جو ابھی تک منٹو پر شائع ہونے والی سبھی مضامین اور کتابوں پر بھاری ہے۔منٹو کے خاندان ،اسلاف اور ان کی اپنی شخصیت کے بارے میں بڑی محنت اور دیدہ ریزی سے برج پریمی نے دلچسپ معلومات فراہم کی ہیں جو عام طور پر لوگوں کے علم میں نہیں ہیں۔بایں ہمہ برج پریمی کی یہ کتاب ابھی تک منٹو پر حرفِ آخر کا درجہ رکھتی ہے اور اردو کے افسانوی ادب کے ہر طالب علم کے لیے لائق مطالعہ ہے۔''103

پروفیسر خواجہ احمد فاروقی:

''آپ کی کتاب منٹو۔حیات اور کارنامے بہت خوب ہے آپ کی متانت میں دورمندی اس طرح آمیز ہے کہ منٹو کی شخصیت خوب ابھر کر سامنے آتی ہے۔انداز بیان ایسا سلجھا ہوا ہے کہ یہ تحقیق منٹو کے افسانہ سے کم دلچسپ نہیں۔'' 104؎

مذکورہ بالا اقتباس میں جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ برج پریمی کا یہ تحقیقی مقالہ کس حد تک قابل قدر ہے۔ان کی یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول منٹو کی سوانح حیات اور ان کی شخصیت کے ترکیبی عناصر سے متعلق ہے۔اس باب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے حصے میں منٹو کے بچپن،خاندانی حالات،ان کا شجرہ نسب،تعلیم وغیرہ پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔حصہ دوم میں ان کی شخصیت کے دوسرے پہلوؤں پر بات کی گئی ہے۔جیسے ان کی گھریلوں زندگی،مذہبی اور سیاسی اعتقادات،خصائل،مقدموں کی تفصیل وغیرہ پیش کیے گئے ہیں۔دوسرے باب میں سعادت حسن منٹو کے دور تک پورے اردو افسانے کی تاریخ اور تدریجی ارتقا کو ایک نئے ڈھنگ سے مرتب کیا گیا ہے اور یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ منٹو تک پہنچتے پہنچتے اردو افسانے کی ہیئت کیا تھی تاکہ یہ ثابت کیا جائے کہ منٹو نے اس میراث کی توسیع کیسے اور کس طرح کی۔اس باب میں تاریخ وار منٹو کے افسانوں پر نظر ڈالی گئی ہے۔تیسرا باب منٹو کے افسانوں کے تجزیاتی مطالعہ پر مشتمل ہے۔ان کی افسانہ نگاری کو مختلف ادوار میں منقسم کر کے ہر دور کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔اور ہر دور کے نمائندہ افسانوں کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔اور مختلف ہئتی پہلوؤں سے بھی بحث کی گئی ہے۔

اس کتاب کا چوتھا باب منٹو کے مضامین اور انشائیوں پر محیط ہے۔اس میں منٹو کے ادبی،غیر ادبی،علمی اور مزاحیہ مضامین کا تجزیہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے اردو انشاپردازی کے ارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے مضمون نگاری میں منٹو کا مقام متعین کیا گیا ہے۔ان کے مضامین کو یکجا کر کے اور پھر منٹو کی انشاپردازی پر بہت اچھی بحث ملتی ہے۔پانچواں باب منٹو کے مکتوبات کے حوالے سے ہے۔منٹو کے خطوط بھی ان کے دوسرے کارناموں کی طرح ان کی جدت اور ندرت کا نادر نمونہ ہیں۔اس باب میں ان کے خطوط کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔چھٹے باب میں منٹو کے ایسے دوسرے کارناموں کا جائزہ لیا گیا ہے جن کا ذکر پہلے کے ابواب میں نہیں ہوسکا ہے۔اس باب میں ان کے ترجموں،ریڈیائی ڈراموں،ناول،صحافت وغیرہ کے بارے میں تفصیلی جائزہ لے کر ہر صنف میں ان کی فنکاری کے نمونوں سے ان کے کارناموں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

مختصراً برج پریمی کی یہ کتاب ایک کل کی حیثیت رکھتی ہے۔انھوں نے سعادت حسن منٹو کے سارے ادبی

ذخیرے کو اس کتاب میں بند کیا ہے۔کسی ادیب کا سارا ادب پارہ ایک ہی کتاب میں قلم بند کرنا معمولی بات نہیں ہے اور یہ اپنے آپ میں ہمت اور دلیری کا کام ہے۔اس لیے پروفیسر گیان چند جین نے اس کتاب کے تناظر میں ''دریا کو کوزے میں بھرنا'' کے مترادف کہا ہے۔پروفیسر جگن ناتھ آزاد نے اس کتاب کو انسائیکلوپیڈیا کا لقب دیا ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''آپ کی بیش بہا کتاب سعادت حسن منٹو ملی۔شکریہ۔کتاب خوب تر ہے۔بہت مفصل، جامع اور تحقیقی....آخری جزو ''سعادت حسن منٹو ایک نظر میں'' بیت الغزل ہے۔کوزے میں دریا بھرنا اسی کو کہتے ہیں۔کتنی زیادہ معلومات کتنے تھوڑے صفحات میں سمادی ہیں۔ان کی تصانیف کی مفصل فہرست تیار کرنے میں آپ نے بہت محنت کی ہے۔''
>
> ''آپ نے منٹو مرحوم کے بارے میں ایک انسائیکلوپیڈیا تیار کردی ہے۔مجھے یقین ہے کہ منٹو پر کام کرنے والا کوئی طالب علم، کوئی اہل قلم اس صحیفے کو نظر انداز نہیں کر سکے گا۔یہ خاکسار آپ کا نقادانہ اور محققانہ صلاحیتوں کا پہلے ہی قائل تھا اور اب تو اس کتاب کے بعد ان پر ایمان لانا پڑے گا۔خدا آپ کو خوش رکھے۔بہت بڑا کام آپ نے کیا ہے۔''105ؔ

مذکورہ عبارتوں سے انداز ہوتا ہے کہ برج پریمی کی اس کتاب کا کیا مقام و مرتبہ ہے۔جس طرح سے انھوں نے کتاب میں منٹو کی ذاتی زندگی سے لے کر منٹو کے مقدمے کے بارے میں جانکاری دی ہے کہ انھیں کوٹ کچہرے کے چکر سے بہت نفرت تھی اور وہ سستی شہرت کے قائل نہیں تھے لیکن وقت کے تقاضوں کے ہاتھوں بھینٹ چڑھے۔منٹو کے دوسرے ادب پاروں کا ذکر بھی ایک معنی خیز اور عرق ریزی کا ثبوت دیتا ہے۔منٹو کی افسانہ نگاری کو سب جانتے ہیں۔لیکن ان کے خطوط اور انشائیہ کا پتہ شاید ہی کسی کو ہو۔ان نقطوں سے پتہ چلتا ہے کہ برج پریمی نے خاصی تحقیق دیدہ ریزی اور جانفشانی سے کام کیا ہے۔جس کی وجہ سے ان کا نام جموں وکشمیر کے تحقیقی منظر نامہ میں ایک فعل ومتحرک رہا ہے۔ان کی یہ کتاب اردو ادب میں ایک تحقیقی اضافہ ہے جس کو تاریخ کے اوراق میں لکھا جائے گا۔

## پروفیسر محمد زماں آزردہ

پروفیسر محمد زماں آزردہ جموں وکشمیر میں اردو ادب کا ایک اہم نام ہے۔انھوں نے اردو دنیا میں انشائیہ نگار کی حیثیت سے اپنا لوہا منوایا ہے لیکن وہ جموں وکشمیر میں سلسلۂ تحقیق کی ایک اہم کڑی بھی ہیں۔انھوں نے اپنی

زندگی کے تیس 30 سال درس وتدریس میں صرف کیے ہیں۔زماں آزردہ کا اصلی نام مرزا محمد زماں ہے۔ان کی والادت 17/مارچ 1945 میں امرتسر میں ہوئی ہے۔ان کے والد کا نام مرزا عباس تھا اور دادا کا نام مرزا احسن تھا۔ ان کے والد پیشے سے تاجر تھے۔اسی سلسلے میں ان کا رہن سہن ،نو مہینے امرتسر اور گرمی کے تین مہینے کشمیر میں ہوتے تھے۔ان کی والدہ کا نام صغریٰ بیگم تھا۔وہ ایک گھریلو خاتون تھیں اور کاظمی خاندان سے تعلق رکھتی تھیں۔محمد زماں آزردہ کی شادی ان کی خالہ زاد بہن حلیمہ بیگم سے ہوئی ہے۔زماں آزردہ کے آباواجدا کا سلسلہ نسب شیراز ( ایران ) سے ملتا ہے۔ان کے اجداد شیراز سے کشمیر آکر مختلف جگہوں پر رہنے لگے جن میں کچھ لوگ نقاشی کے کاروبار سے وابستہ ہوئے اور کچھ لوگ خطاطی کے پیشے سے منسلک ہوئے۔

محمد زماں آزردہ چار سال کے ہی تھے کہ ان کے والد نے انھیں اسلامیہ پرائمری اسکول میں داخل کیا۔چناں چہ کہ محمد زماں آزردہ کے والد ایک متوسط طبقے کے تاجر اور اثر ورسوخ رکھتے تھے اس لیے ان کو ہاتھوں ہاتھ داخلہ دیا گیا۔اس کے بعد انھوں نے ہری سنگھ ہائی اسکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔انھیں بچپن میں ڈاکٹر بننے کا شوق تھا۔اسی لیے انھوں نے ایس پی کالج سری نگر میں ایف ایس سی کے لیے میڈیکل میں داخلے کے لیے فارم بھر دیا تھا اور لسٹ میں بھی نام آیا تھا۔لیکن گھریلو تنگ دستی اور ذمہ داری کی وجہ سے انھوں نے داخلہ نہیں لیا ، بلکہ ملازمت اختیار کی۔ملازمت کے ساتھ ساتھ انھوں نے فاصلاتی نظام تعلیم سے ایم اے اردو پاس کیا۔نوکری کا سلسلہ بھی جاری رکھا اور پی ایچ۔ڈی میں داخلہ، شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی سے 1971 میں لیا۔ان کے پی ایچ۔ڈی کا موضوع ''مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے'' کے نام سے تھا۔ان کے نگراں پہلے پروفیسر محمد حسن اور بعد میں پروفیسر شکیل الرحمٰن رہے۔انھیں 1977 میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی گئی۔

محمد زماں آزردہ نے 1973 میں کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں بحیثیت لکچرر جوئن کیا۔اس کے بعد یکم جنوری 1983 میں بحیثیت ریڈر منتخب ہوئے۔پھر 1991 میں شعبۂ اردو کے پروفیسر مقرر ہو گئے۔انھیں دو مرتبہ صدر شعبہ بھی بنایا گیا ہے۔پہلی مرتبہ 1991 تا 1997 ،اور دوسری مرتبہ 2000 تا 2003 اپنی خدمات انجام دیتے رہے۔1991 سے 1994 تک اور 1999 سے 2002 تک کشمیر یونی ورسٹی کے ڈین فیکلٹی آف آرٹس کے عہدہ پر بھی فائز رہے۔1994 سے 1997 کے دوران ڈین فیکلٹی آف اورنیٹل لرننگ رہے، تین سال تک کشمیر یونی ورسٹی کی اقبال لائبریری کے لائبیرین بھی رہے۔اس کے علاوہ وہ بورڈ آف ریسرچ اسٹڈیز آرٹس کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیتے رہے۔علاوہ ازیں دوسرے اہم کمیٹیوں کے رکن بھی رہے ہیں۔مثلاً یونی

ورسٹی کی Establisment committe and alloment Committe کے چیر مین رہ کر اپنی خدمات انجام دیتے رہے۔

محمد زماں آزردہ نے دوران ملازمت کشمیر یونی ورسٹی کے کئی اہم شعبوں میں اپنی ذہانت اور محنت سے اپنا ایک مقام قائم کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ کشمیر یونی ورسٹی کی مقبول ومعروف شخصیتوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔اس طرح سے یونی ورسٹی سے وابستہ ہوکر پورے اکتالیس سال اس یونی ورسٹی کی خدمات پر خلوص انجام دے کر 2014 میں اپنی ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔

محمد زماں آزردہ کے ادبی سفر کا آغاز خطوط نگاری سے ہوا،لیکن باقاعدگی سے انھوں نے ادبی زندگی کی شروعات انشائیہ نگاری سے کی ہے۔انھوں نے ابتدا سے ہی تین زبانوں میں لکھنے کی شروعات کی ۔جس میں انگریزی ،اردو اور کشمیری ہے۔وہ اردو ادب میں بحثیت انشائیہ نگار اپنی پہنچان رکھتے ہیں ۔لیکن تحقیق وتنقید کی طرف بھی توجہ کی ہے اور افسانہ نگاری کی طرف بھی۔انھوں نے ترجمہ کے علاوہ بچوں کے ادب پر بہت کام کیا ہے۔محمد زماں آزردہ کے انشائیہ کا پہلا مجموعہ ''غبارِخیال'' کے نام سے 1973 میں اور دوسری بار 1979 میں شائع ہوا۔1975 میں افسانوی مجموعہ ''اور وہ ٹاپ کرگئی'' کے نام سے شائع ہوا۔اس کا دوسرا ایڈیشن 1979 میں منظر عام پر آیا ہے۔ان کی تیسری کتاب ''شیرین کے خطوط'' کے نام سے 1975 میں منظر عام پر آئی ہے جوکہ انشائیوں کا مجموعہ ہے۔اس کے بعد ان کی تحقیقی کتاب ''مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے'' کے عنوان سے 1981 میں اور دوسری بار ترمیم واضافے کے ساتھ 1985 میں،اور تیسری بار 2005 میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان سے شائع ہوئی ۔انشائیوں کا تیسرا مجموعہ ''غبار کارواں'' کے عنوان سے 1984 میں چھپ گیا ۔1989 میں انشائیوں کا چوتھا مجموعہ ''کانٹے'' شائع ہوا ہے۔انھوں نے ایس ۔ایل سادھوکی انگریزی تصنیف کا اردو ترجمہ ''حبہ خاتون'' کے نام سے کیا ہے۔یہ کتاب دوبار 1993 اور 1999 میں شائع ہوئی ہے۔

محمد زماں آزردہ کشمیری زبان میں بھی لکھتے ہیں ۔کشمیری زبان میں ان کا پہلا انشائیوں کا مجموعہ ''فکر ہنز ٹکر'' کے عنوان سے 1980 میں شائع ہوا ہے۔یہ کشمیری زبان میں انشائیوں کا پہلا مجموعہ ہے جو بہت مشہور ہوا ہے۔کشمیری زبان میں انشائیوں کا دوسرا مجموعہ ''ایسے'' (Essay) کے نام سے 1983 میں شائع ہوا ہے۔اس مجموعہ پر محمد زماں آزردہ کو ساہیتہ اکاڈمی ایوارڈ بھی ملا ہے۔کشمیری زبان میں انشائیوں کا تیسرا مجموعہ

''ننہ پوش''(Nuna Posh)کے عنوان سے 1986 میں منظر عام پر آیا ہے۔قمر رئیس کا سرشار پر لکھا گیا مونوگراف ''رتن ناتھ سرشار''، جسے محمد زماں آزردہ نے کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ہے۔انھوں نے رتن لال شانت کی کتاب ''افسانہ کیا ہے'' کو بھی مرتب کیا ہے۔''ناول کیا گئے''(کشمیری) محمد زماں آزردہ کی ادارت میں شعبۂ کشمیری نے 1985 میں شائع کی ہے۔اس کے علاوہ ''ساختیات پس ساختیات اور مشرقی شعریات'' کو اردو سے کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ہے۔علاوہ ازیں وہ اردو کمیٹی کے چیرمین کی حیثیت سے جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کے لیے پہلی جماعت سے لے کر دسویں جماعت تک اردو نصابی کتابیں بھی ترتیب دیتے رہے۔

محمد زماں آزردہ ٹیلی ویژن اور ریڈیو سے بھی وابستہ رہے ہیں۔انھیں ٹی وی سیریلوں میں بھی دلچسپی ہیں ۔انھوں نے ایک ڈاکومنٹری فلم ''مہجور'' کے نام سے لکھی ہے۔مہجور کشمیری زبان کے ایک بڑے شاعر گزرے ہیں۔ انہوں نے''آہنگ'' کے نام سے سیریل بنایا ہے جس کے لیے انھوں نے ستائیس 27 قسط تحریر کیے ہیں۔اسی طرح سیریل ''گل ریز'' کے پانچ قسطیں لکھے ہیں ۔سیریل ''حبہ خاتون''(زون) کے پانچ قسطیں تیار کیے۔''امنگ'' سیریل کے تیرہ قسطیں لکھے ہیں ۔''رِندان رِندان''(گیم شو) کے لیے انھوں نے بیس قسطوں پر مشتمل سیریل لکھا ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے ریڈیو کے لیے ایک کشمیری ڈراما'' یہہ کُس بتھ''(یہ کیسا چہرہ) کے نام سے کشمیری زبان میں تحریر کیا ہے۔ایک سیریل ''بیربل'' کے نام سے تحریر کیا جو ریڈیو کشمیر پر نشر بھی ہو چکا ہے۔

محمد زماں آزردہ کو دوران تعلیم اور دوران ملازمت ادبی خدمات کے سلسلے میں بہت سارے انعامات واعزازات سے نوازا گیا ہے۔انہیں یوپی اردو اکادمی کی جانب سے ایوارڈ ملا۔مغربی بنگال اردو اکادمی کی جانب سے 1981 اور 1984 میں ایوارڈ سے انہیں نوازا گیا ہے۔اس کے علاوہ انہیں آندھرا پردیش اردو اکادمی کی جانب سے 1981 میں،''ایسے'' انشائیوں کا مجموعہ (کشمیری) پر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ 1984، state indian languague کی جانب سے 1987 میں ،۔آل انڈیا میر اکادمی لکھنو کی طرف سے 1985 اور 1992 میں جیسے اداروں نے ایوارڈز سے نوازا گیا ہے۔علاوہ ازیں ادبی خدمات کے سلسلے میں ادبی مرکز کمراز کی طرف سے شرفِ کامراز کا''خلت حاجنی'' ایوارڈ سے بھی سرفراز کیا گیا ہے۔نیز Outstanding contribution to urdu Reseach & Criticism پر غالب انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے 2011ء میں غالب ایوارڈ بھی ملا ہے۔محمد زماں آزردہ نے بیرون سفر پاکستان ،عرب،موریشس،لندن اور

ملکِ شام جیسے بیرون ملک کا سفر ادبی کاموں کے سلسلے میں کیا ہے۔

محمد زماں آزردہ انشائیہ نگاری کے ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ تحقیق وتنقید میں بھی اپنا لوہا منوا چکے ہیں۔تحقیق کے زمرے میں اگرچہ ان کی باضابطہ طور ایک ہی کتاب ''مرزا سلامت علی دبیر؛ حیات اور کارنامے'' کے عنوان سے ہے لیکن اس کے باوجود انھوں نے شہرت اور مقبولیت حاصل کی ۔ یہ کتاب مرزا دبیر کے حالاتِ زندگی اور کارناموں کے غیر جانبدارانہ مطالعہ پر مبنی ہے۔اس کتاب میں محمد زماں آزردہ نے شواہد اور مواد کے ذریعے نتائج اخذ کیے ہیں۔مرزا دبیرؔ پر جتنی بھی کتابیں میسر ہیں ان میں مشہور زمانہ کتاب علامہ شبلی کی ''موازنہ انیسؔ و دبیرؔ'' ہے۔اس میں یکسوئی کے ساتھ میر انیسؔ کی شخصیت اور شاعرانہ عظمت کا بیان جانبداری سے کیا گیا ہے۔اس کتاب میں دبیرؔ کی ان کمزورں کا جواب دینے کی کوشش کی گئی ہے جو شبلی نے اپنی کتاب میں بتائی ہیں۔محمد زماں آزردہ اپنی اس کتاب کے عرض حال میں لکھتے ہیں:

> ''البتہ مولانا شبلی کی تصنیف ''موازنہ انیسؔ و دبیرؔ'' دستیاب ہے۔ یہ کتاب سب سے زیادہ چھپی بلکہ بار بار چھپی رہی ۔موازنہ کی اہمیت سے انکار نہیں کیونکہ اسے اردو کے دو اہم ترین مرثیہ نگاروں پر پہلی کتاب ہونے کی خصوصیت حاصل ہے لیکن اس حقیقت سے چشم پوشی نہیں کی جاسکتی کہ مولانا شبلی نے مرزا دبیرؔ کا مطالعہ ہمدوری وشفف سے نہیں کیا تھا،مخذ المضامین کلام کی مثالیں پیش کرنے میں موصوف نے جانب داری کا رویہ اختیار کیا۔میر انیس سے اپنی ذاتی دلچسپی کی بنا پر وسیع النظر ناقد ومحقق کے بجائے میر انیس کا وکیل بن کر جائز وناجائز طرح کے حربے استعمال کر کے اپنے موکل کی کامیابی کے لیے جدوجہد کی ، یہاں تک کہ اکثر وبیشتر ایسا کلام مرزا دبیر کی طرف منسوب کر دیا جو سراسر الحاقی ہے۔مرزا دبیر کے دماغ کی کوشش انفرادی نوعیت کی حامل تھیں۔ان کے پس پشت ادارے نہیں تھے اس لیے ایک بار شائع ہوئیں۔اور کچھ وقت کے بعد کم یاب ہوگئیں اوراب تقریباً نایاب ہیں۔''[106]

مذکورہ عبارت سے بخوبی اندازہ ہوجاتا ہے کہ مرزا دبیرؔ کے بارے میں جو غلط فہمیاں وجود میں آئی تھیں ان کو دور کرنے میں اور مرزا دبیرؔ کی شاعرانہ عظمت کو منظر عام پر لانے کے لیے محمد زماں آزردہ نے اپنے اس مقالے کا سہارا لے کر ان غلط فہمیوں کا ازالہ پیش کیا ہے۔اس تحقیقی تصنیف کی اہمیت یہ بھی ہے کہ محمد زماں آزردہ نے نہ صرف پہلے موجود مواد سے استفادہ کیا ہے بلکہ بہت ساری غیر مطبوعہ تحریروں کا مطالعہ بھی کیا ہے اور مختلف چیزوں کا تقابلی مطالعہ کرنے کے بعد نتائج بھی اخذ کیے ہیں۔انھوں نے مرزا دبیرؔ سے متعلق واقعات اور حالات کو حاصل

کرنے اوران کی شخصیت کو جانچنے میں کافی محنت سے کام لیا ہے۔کتاب کے متن کے علاوہ حواشی میں بھی کافی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔محققین کی نظر جن ذرائع تک نہیں پہنچی تھی ان کا بغور مطالعہ کر کے مرزا دبیرؔ کی حالتِ زندگی اور غیر مطبوعہ کلام تک رسائی حاصل کی گئی ہے۔محمد زماں آزردہ کی اس سچی لگن،جستجو اور محنت شاقہ نے ممکنہ حد تک موضوع سے متعلق تمام گوشوں تک رسائی حاصل کر کے اپنے نتائج پیش کیے۔

**مرزا سلامت علی دبیرؔ:حیات اور کارنامے:**

محمد زماں آزردہ کی یہ کتاب ''مرزا سلامت علی دبیر:حیات اور کارنامے'' تین بار شائع ہوئی ہے۔یہ کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے۔پہلا باب مرزا دبیرؔ:حیات زمانہ اور ذہنی پس منظر کے عنوان کے تحت ہے۔جس میں مرزا دبیرؔ کی زندگی مختلف شواہد کی روشنی میں پیش کی گئی ہے۔اس باب میں مرزا دبیرؔ کے سلسلۂ نسب اور بزرگوں کے حالات پیش کرتے ہوئے،ان کی ولادت،گھریلو ماحول،مذہب،ان کا حلیہ،لباس،غذا،علمی استعداد اور سلسلہ تلمذ کا ذکر کرتے ہوئے شخصی خوبیوں مثلاً دبیرؔ کی قوتِ حفظ،ان کی خیرت ومروت،خودداری،محبت،انصاف پسندی وغیرہ کا تذکرہ کرتے ہوئے مختلف دلائل کی روشنی میں جائزہ پیش کیا گیا ہے۔اسی باب میں آگے شادی اور اولاد،لکھنو کی تہذیبی فضا،دبیرؔ کی شہرت اور ترقی،مرزا دبیر اور مرزا غالبؔ،مرزا دبیرؔ اور مرزا ناسخؔ،مرزا دبیرؔ اور خواجہ آتشؔ،مرزا ضمیرؔ کی قدردانی،استاد سے اختلاف،استاد عقیدت،استاد سے صلح صفائی،اندازِ خواندگی وغیرہ عنوانات کے تحت تفصیلی بحث بھی پیش کی گئی ہے۔اس کے علاوہ مرزا دبیرؔ کی مرثیہ خوانی کے سلسلہ میں لکھنو اور دیگر مقامات کی مجلسوں میں شرکت کا تذکرہ بھی ملتا ہے۔اس باب میں انھوں نے مرزا دبیرؔ کے سفروں کا تفصیلی ذکر کیا ہے جیسے سفر کانپور،سفر بنارس،سفر آلہ آباد،سفر فیض آباد،سفر عظیم آباد،سفر کلکتہ وغیرہ۔آخر میں سفر آخرت کے عنوان سے مرزا دبیرؔ کی وفات کا ذکر بڑی وضاحت کے ساتھ کیا گیا ہے۔اس میں انھوں نے مرزا دبیرؔ کی سوانح حیات اور شخصیت کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی ہے اور ان معلومات کو دلائل اور شواہد کے ساتھ پیش کرنے کی سعی کی۔ان کی آرا بڑی معتدل اور متوازن معلوم ہوتی ہے۔

اس کتاب کا باب دوم مرزا سلامت علی دبیرؔ کے شعری کارنامے کے عنوان سے ہے۔اس باب میں محمد زماں آزردہ نے دبیرؔ کی شعر گوئی کی ابتدا کا ذکر کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی،رباعی گوئی،سلام گوئی،قصیدہ گوئی،مثنوی گوئی اور تاریخ گوئی سے متعلق بحث ملتی ہے۔اس میں ان کی شعری خصوصیت کا تجزیہ بھی پیش کیا گیا ہے۔انہوں نے لکھا ہے کہ مرزا دبیرؔ پہلے غزل گوئی کی طرف راغب ہوئے اور بعد میں مرثیہ کی طرف رجوع کیا۔

اس تناظر میں اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''غزلیں بھی ابتدا میں مرزا صاحب نے کہیں اور کثرت سے کہیں مگر خود ہی ان کے عدم شہرت کی کوشش کی اور اس کوشش میں وہ کامیاب ہوئے......مرزا صاحب کی غزلوں کے تین دیوان تھے۔ان میں سے ایک دو دیوان میر بادشاہ علی بقا مرحوم اس زمانہ میں مانگ لائے تھے جب وہ مشق سخن کرتے تھے باقی ایک یا دونوں دیوان مرزا صاحب نے تلف کر دیے وہ دو یا ایک دیوان بھی میر بادشاہ علی صاحب کے یہاں مکان لکھنو شاہ گنج میں جب آگ لگی تو اور اسباب کے ساتھ جل گیا۔آج تک مجھ کو ایک غزل بھی معتبر ذرائع سے نہیں ملی جو میں بالیقین کلام دبیر مرحوم کہہ کر ناظرین کے سامنے پیش کروں۔ان کا دل نہیں چاہتا تھا کہ ان کی غزلیں گائی جائیں۔'' 107ے

مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہوجاتا ہے کہ مرزا دبیرؔ کا غزلیہ کلام تین دیوانوں پر مشتمل تھا۔جو کسی سبب برباد ہوگئے۔دوسری بات اس اقتباس سے پتا چلتی ہے کہ مرزا دبیر خود ہی نہیں چاہتے تھے کہ ان کی غزلیں گائی جائیں۔محمد زماں آزردہ ایک جگہ لکھتے ہیں (صفحہ 169) کہ مرزا دبیر نے ایک طوائف کو پانچ سو روپے دیے تاکہ وہ ان کی غزل کا کوئی شعر کبھی نہ گائے۔اس واقعہ سے لگتا ہے کہ مرزا دبیر خود ہی نہیں چاہتے تھے کہ ان کی غزلیہ شاعری منظر عام پر آئے۔جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مرزا دبیرؔ نے غزلیں لکھی اور دوسری بات خود ہی انھوں نے ان کو ترجیح نہیں دی۔

محمد زماں آزردہ نے اس باب میں سات غیر مطبوعہ غزلوں کی نشان دہی کی ہے۔ان کا کہنا ہے کہ ان کو ایک ایسا مخطوطہ ملا ہے جس میں قصائد وغزلیات وقطعات وغیرہ موجود ہیں۔جس میں مرزا دبیرؔ کی ایسی غزلیں موجود ہیں جن کا مقطع نہیں ہے یا مقطع ہی نہیں لکھا گیا ہے۔اس مخطوطہ میں جن غزلوں پر مقطع ہے۔ان غزلوں کو محمد زماں آزردہ نے زیرِ نظر کتاب میں نقل کیا جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔اس مخطوطہ کے بارے میں محمد زماں آزردہ کیا لکھتے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''راقم کو مرزا محمد صادق صاحب (جانشین مرزا محمد طاہر رفیع ابن مرزا محمد جعفر اوج ابن مرزا سلامت علی دبیر) کے پاس ایک ایسا مخطوطہ ملا جس میں قصائد وغزلیات وقطعات وغیرہ ہیں،اس میں مرزا دبیر کی بہت ساری غزلیات موجود ہیں مگر مقطع بہت کم غزلوں میں ملتا ہے اور اکثر غزلوں میں مقطع کہا ہی نہیں ہے۔بعض غزلیں ایسی ہیں جن کے مقطعوں میں تخلص کی جگہ

خالی چھوڑ دی ہے اگر اس جگہ تخلص ''دبیرؔ'' لکھا جائے تو مقطع موزوں بھی ہوتا ہے اور بامعنی بھی
۔مگر انھوں نے ایسا جان بوجھ کر کیا ہے۔جس کی وجہ یا تو یہ ہو سکتی ہے کہ فرصت پا کر نمایاں طور پر یا
سرخی سے تخلص لکھا دیا جائے یا یہ کہ ان کے ساتھ وہ غزلیں منسوب نہ ہوں۔''108

اس طرح سے محمد زماں آزردہ نے اس مخطوطہ سے سات غیر مطبوعہ غزلیں نکالی ہیں۔ یہ سات غزلیں کتاب کے صفحہ 173 سے 175 تک (ایڈیشن 2005) نقل کی گئی ہیں۔لیکن محمد زماں آزردہ نے اس مخطوطہ کا سائز اور ہیولا نہیں بتایا ہے۔

اس باب میں مرزا دبیرؔ کی قصیدہ گوئی پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔کہا جاتا ہے کہ دبیرؔ نے ابتدائی زندگی میں ہی دوسری اصناف سخن سے ہاتھ کھینچ لیا تھا اور مرثیہ گوئی کی طرف اپنی توجہ کو پوری طرح مرکوز کیا۔جس کی وجہ سے مرزا دبیرؔ کے قصیدے نہیں ملتے۔دفتر ماتم کی بیس 20 جلدوں میں ان کا کوئی قصیدہ نہیں چھپا ہے۔البتہ مرزا اوج نے علم عروض پر اپنی کتاب ''مقیاس الاشعار'' میں قصیدہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال کے طور پر مرزا دبیر کا ایک قصیدہ لکھا ہے۔وہ قصیدہ مرزا دبیر نے قصیدہ رشید وطواط کے جواب میں لکھا تھا۔محمد زماں آزردہ نے مرزا دبیرؔ کے دو قصیدوں کی بازیافت کی ہے۔یہ مخطوطہ بھی انھیں مرزا صادق کے سبب ہی ملا جس میں دو غیر مطبوعہ قصیدے موجود تھے۔اس مخطوطے حوالے سے یوں رقمراز ہیں:

''راقم کو مرزا صادق (جانشین مرزا محمد طاہر رفیع ابن مرزا محمد جعفر اوج ابن مرزا سلامت علی
دبیر) کے پاس مرزا دبیر کا ایک ایسا قصیدہ ملا جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے اور اب تک،مرزا دبیر کے
محقق اور تذکرہ نگاروں کی دسترس سے باہر تھا۔نہ تو اس کا کہیں حوالہ ملتا ہے اور نہ کلام کے ساتھ
کہیں چھپا ہے۔یہ قصیدہ فارسی میں ہے اور منتظم الدولہ کی مدح میں کہا گیا ہے۔''109

مذکورہ اقتباس سے پتا چلتا ہے کہ یہ قصیدے ہنوز غیر مطبوعہ ہے اور یہ فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں۔یہ قصیدہ حکیم مہدی علی خان منتظم الدولہ وزیر اعظم کی مدح میں لکھا گیا ہے۔محمد زماں آزردہ کی تحقیق کے مطابق یہ مخطوطہ 16 صفحات پر مشتمل ہے۔اسے اچھے خط میں مزین حاشیوں کے ساتھ لکھا گیا ہے۔حاشیوں پر سبزی کا کام کیا گیا ہے۔اس مخطوطہ میں نقل ہونے کی تاریخ نہیں لکھی گئی ہے۔لیکن منتظم الدولہ کی مدح ہونے کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ یہ ان کے ہی عہد کا مخطوطہ ہے۔مخطوطہ کا سائز 8,7x5,5 ہے۔یہ قصیدہ 670 اشعار پر مشتمل ہے۔زیر نظر کتاب میں اس قصیدے کے چند اشعار صفحہ 192 پر نقل کیے گئے ہیں۔

مرزا دبیرؔ کا دوسرا غیر مطبوعہ قصیدہ محمد زماں آزردہ کی تحقیق کے مطابق 52 اشعار پر مشتمل ہے۔اس میں

مہاراج چندولعل کی مدح کی گئی ہے۔ یہ قصیدہ چھ صفحات کے ایک مخطوطہ کی شکل میں مرزا صادق کے پاس ہی موجود ہے۔مخطوطہ کا سائز 9,2x6,2 ہے ۔مخطوطہ کچھ اور مخطوطات کے ساتھ ایک ہی جگہ میں محفوظ ہے ۔ اس قصیدہ کے بارے میں معلوم نہیں ہوسکا ہے کہ مرزا دبیؔر نے یہ قصیدہ مہاراج چندولعل کے پاس بھیجا تھا یا یوں ہی کہہ کر رکھ دیا تھا۔محمد زماں آزردہ نے کچھ اشعار اس دوسرے قصیدے کے بھی صفحہ 193 پر نقل کیے ہیں۔

اس طرح سے محمد زماں آزردہ نے قصائد کے حوالے سے مرزا دبیؔر کی قصیدہ نگاری کی جملہ خصوصیت کا تجزیہ بھی پیش کیا ہے۔اس باب میں مرزا دبیؔر کو مثنوی نگار کی حیثیت سے بھی بیان کیا گیا ہے۔محمد زماں آزردہ کے مطابق مرزا دبیؔر کی دو مثنویاں طبع ہوئی ہیں جو دفتر ماتم کی پندرھویں جلد میں شامل ہیں۔جن کے نام ''احسن القصص'' اور مثنوی ''معراج نامہ'' ہے۔افضل حسین ثابت اور ذاکر حسین فاروقی کے اقتباس سے یہی بات ثابت ہوتی ہے۔لیکن دبستان دبیر میں ذاکر حسین فاروقی مثنوی ''احسن القصص'' کے چار ہزار سے زائد اشعار نقل کئے گئے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''مرزا صاحب نے چار ہزار سے زیادہ اشعار پر مشتمل مثنوی احسن القصص تیار کی.....''110

جب کہ محمد زماں آزردہ کی تحقیق کے مطابق 3345 ہی اشعار پر مشتمل ہے۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''3345 اشعار پر مشتمل یہ مثنوی 195 صفحات پر چھپی ہے۔''111

اس کے بعد محمد زماں آزردہ نے چند اشعار نقل کیے ہیں اور پھر ان کے عنوانات سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔اس کے علاوہ محمد زماں آزردہ نے ''معراج نامہ'' کا ذکر کیا ہے۔یہ مثنوی محمد زماں آزردہ کی دریافت شدہ ہے۔اس مثنوی کے حوالے سے وہ لکھتے ہیں:

> ''راقم کو مرزا صادق صاحب (ابن مرزا طاہر رفیع ابن مرزا اوج ابن مرزا دبیر) کے پاس ایک ایسی غیر مطبوعہ مثنوی ملی جس پر کوئی عنوان نہیں دیا ہے ۔ یہ مخطوطہ 32 صفحات پر مشتمل ہے۔جس کا پہلا صفحہ خالی ہے۔مخطوطہ کا سائز 9x6 ہے۔اشعار کی تعداد 530 ہے۔''112

یہ مثنوی بغیر تھی۔محمد زماں آزردہ نے اس مثنوی کے سلسلے میں یہ بھی وضاحت کی ہے کہ مرزا دبیؔر کو تاریخ سے خاص دلچسپی تھی۔اس سلسلے میں آگے انھوں نے چند اشعار بطور مثال بھی نقل کیے ہیں۔جس میں سلطنت دہلی کا حال اور نادر شاہ کی تعریف کے اشعار بھی درج کیے گئے ہیں۔نادر شاہ کے حملے کے بعد دہلی کی صورت حال کا جو نقشہ کھینچا گیا ہے اس کی مثالیں بھی اس مثنوی میں ملتی ہیں۔اس طرح سے انھوں نے مرزا دبیؔر کی ایک غیر مطبوعہ مثنوی کو

دریافت کیا ہے اور دبیرؔ کی مثنوی نگاری کا تفصیلی تجزیہ بھی پیش کیا ہے۔ محمد زماں آزردہ قرین قیاس کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ کسی نثری قصہ کو نظم کی صورت میں، یا کسی منظوم مثنوی کا ترجمہ ہے جو کسی فارسی کتاب کو زیر نظر رکھ کر کیا گیا ہے۔

اس کتاب کا باب سوم دبیرؔ کی مرثیہ اور اس کی روایت سے متعلق ہے۔ اس باب میں جنوبی ہند اور شمالی ہند میں اردو مرثیہ کی روایت اور اودھ میں اردو مرثیہ کے فروغ پر گفتگو ملتی ہے۔ دوسرے حصہ میں مرزا دبیرؔ کی مرثیہ گوئی پر بحث کی گئی ہے۔ جس میں مرزا دبیرؔ کی مرثیہ گوئی کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں مرزا دبیرؔ کے موضوعات زبان، جذبات نگاری، واقعہ نگاری، منظر نگاری، کردار نگاری، مکالمہ نگاری، بین، شہادت اور رزمیہ عناصر وغیرہ کو مثالوں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ اس باب میں شمالی ہند کے پہلے مرثیہ نگار اور جنوبی ہند کے پہلے مرثیہ نگار کی نشان دہی کی گئی ہے۔

کتاب کا باب چہارم چند دیگر خصوصیات کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں محمد زماں آزردہ نے دبیرؔ کے یہاں صنائع لفظی ومعنوی کا استعمال، مراثی میں دبیرؔ کی جدت اور دبیرؔ کی زود گوئی کا ذکر بھی کیا ہے۔ کتاب کا باب پنجم مراثی کی تفصیل کے تحت لکھا گیا ہے۔ اس باب میں مرزا دبیرؔ کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مرثیوں سے متعلق اہم تفصیلات موجود ہیں۔ اس باب میں محمد زماں آزردہ نے پہلے مرزا دبیرؔ کی مرثیوں کی صحیح تعداد کے بارے میں جانکاری دی ہے۔ انھوں نے ہر محقق وتذکرہ نگار کی بات سامنے رکھی اور پھر اپنی تحقیق کے بل پر ثابت کیا ہے کہ ان کی مرثیوں کی جو تعداد بتائی گئی ہے وہ بہت زیادہ ہے۔ کیوں کہ کسی نے تین ہزار بتائی اور کسی نے دس ہزار، اس لیے انھوں نے اس تعداد کو مبالغہ آمیز معلومات بتایا ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ مرثیہ کی تعداد کے تعین کے بارے میں ایک عام سی پریشانی یہ ہے کہ مرثیہ گویوں نے ایک ایک مرثیہ میں کئی کئی مطلع لکھ دیے ہیں۔ اور مرزا دبیرؔ کے یہاں تو یہ خصوصیت خاص طور سے پائی جاتی ہے۔ اس سے ان کا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ مرثیہ کے کسی بھی ایک ٹکڑے کو مناسب وقت میں پڑھتے تھے۔ اور ایک مرثیہ کو کئی مجلسوں میں پڑھتے تھے۔ مگر اہل ذوق حضرات مجلسوں میں نقل بھی کر لیتے تھے اور یہ نقلیں بعد کے لوگوں تک بھی پہنچیں، پورا پورا مرثیہ تو لوگوں تک نہیں پہنچتا تھا۔ مطلع سامنے آیا اور اس کو پورا مرثیہ سمجھ کر تعداد کا تخمینہ لگایا گیا۔ اس طرح ایک مرثیہ بہت سارے بندوں میں بٹ گیا اور مرثیہ کی تعداد میں بندوں کی ہونے لگی۔ غرض اس طرح صحیح تعداد کا اندازہ لگانا دشوار ہوتا ہے۔ دوسرا مسئلہ یہ ہوا کہ اگر کوئی مرثیہ چھپ گیا ہے اور اسی مرثیہ کا دوسرا حصہ دوسرے مطلع سے کسی صاحب کے پاس ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ وہ غیر

مطبوعہ مرثیہ ہے۔اس لیے بعض مراثی کے غیر مطبوعہ ہونے میں بھی قطعی فیصلہ دینے سے پہلے ان کو مطبوعہ مراثی کے ایک ایک بند ملانے کی ضرورت ہے۔

محمد زماں آزردہ نے اس باب میں مرزا دبیرؔ کی پوری مراثی، جن میں مطبوعہ مراثی اور غیر مطبوعہ مراثی پر بحث کی گئی ہے، دلائل اور شواہد سے ثابت کیا کہ مرزا دبیرؔ کے کتنے مطبوعہ مرثیہ اور کتنے غیر مطبوعہ مرثیہ ہیں۔ان کی تحقیق کے مطابق مرزا دبیرؔ کے کل مطبوعہ مراثی کی تعداد 411 تک ہے۔جس میں 388 مراثی کی نشان دہی دفتر ماتم میں ہوتی ہے اور اس کے علاوہ 23 مطبوعہ مرثیہ کی نشان دہی پروفیسر اکبر حیدری کشمیری نے کی ہے۔اس طرح مرزا دبیر کے مطبوعہ مراثی کی کل تعداد 411 تک پہنچتی ہے۔اور غیر مطبوعہ میں پروفیسر اکبر حیدری کشمیری کے 27 مرثیہ، ثابت لکھنویؔ کے 6 مرثیہ، محمد زماں آزردہ کے 3 مرثیہ (اس میں ''برق الامع'' مخطوطہ مرشد آباد میں دیے ہوئے مرثیے کو شامل نہیں کیا گیا) اور منیر شکوہ آبادی، ذاکر حسین فاروقی، سید مرتضیٰ فاضل کے ایک ایک مرثیہ، جن کی تعداد 39 تک پہنچتی ہے۔اس طرح مطبوعہ مراثی کی کل تعداد 411 اور غیر مطبوعہ مراثی کی کل تعداد 39 تک پہنچتی ہے۔جس سے مراثی دبیرؔ کی کل میزان 450=39+411 ہوگی۔

محمد زماں آزردہ نے جن مراثی کا غیر مطبوعہ ہونے کا گمان ظاہر کیا ہے ان کے قلمی نسخے کے بارے میں وہ لکھتے ہیں:

''راقم کو بھی مرزا صادق کے پاس بیسیوں قلمی مرثیے دیکھنے کا اتفاق ہوا اور کافی تلاش وجستجو اور مطبوعہ مراثی سے ملانے کے بعد جن کے غیر مطبوعہ ہونے کا امکان قوی ہے'' 113

ان مرثیوں کے مطلعے اور ان کے چند بند بھی انھوں نے نقل کیے ہیں۔محمد زماں آزردہ کو مرشد آباد پبلیس لائبریری میں مخطوطہ نمبر 93 جو 'برق الامع' کے نام سے ملا ہے۔اس مخطوطہ میں محمد زماں آزدہ کو کچھ ایسے مرثیے ملے جن پر غیر مطبوعہ ہونے کا گمان ہوتا ہے۔ان مرثیے کا متن بھی انھوں نے نقل کیا ہے۔ان مرثیے کے بارے میں وہ لکھتے ہیں کہ اس میں ایسے مرثیے بھی ہیں جو دفتر ماتم میں طبع ہوئے ہیں مگر یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ وہ مرثیہ مکمل ہیں یا غیر مطبوعہ ہے۔کیوں کہ بندوں کی تعداد بہت کم ہے۔محمد زماں آزردہ نے غیر مطبوعہ مراثی کی تعداد میں اپنے صرف تین مرثیے گنوائے ہیں۔لیکن مخطوطہ مرشد آباد کو چھوڑ کر، انھوں نے صفحہ 389 سے 390 تک پانچ غیر مطبوعہ مراثی کا ذکر کیا ہے۔اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ محمد زماں آزردہ نے پانچ غیر مطبوعہ مراثی کا ذکر کیا ہے جو ان کی دریافت ہے۔یہ مرثیے انھوں نے مرزا صادق سے حاصل کیے ہیں۔جیسے انھوں نے بتایا ہے کہ مرزا صادق مرزا

طاہر رفیع کے بیٹے تھے اور مرزا طاہر رفیع مرزا اوج کے بیٹے اور مرزا اوج مرزا دبیر کے بیٹے تھے۔اس حسبِ نسب سے ان کا یہ مخطوطہ سند کی حیثیت رکھتا ہے۔دوسرا مخطوطہ انھیں مرشد آباد پیلیس لائبریری میں قلمی نسخے کی صورت میں ملا ہے۔

اس باب کے آخر میں دفتر ماتم کے مرثیوں کا حرف تہجی کے حساب سے فہرست دی گئی ہے۔اس میں نمبر شمار، مرثیہ کا مطلع (حروف تہجی کی ترتیب سے)،تعداد بند اور پھر حال مرثیہ لکھا ہوا ہے۔انھوں نے اس کام کو بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیا ہے۔

اس کتاب کا باب ششم مرزا دبیر کی نثر نگاری کے عنوان سے ہے۔اس باب میں نثر فارسی، دبیر کے فارسی مراسلات کی تفصیلات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔یہ مرزا دبیر کی غیر مطبوعہ فارسی کے نثر رسائل،''رسالہ دبیر''،''معجزہ جناب امیر المومنین'' سے متعلق ہے۔ان فارسی نثری رسائل کا عکس بھی اس کتاب میں موجود ہے۔اس کے علاوہ نثر اردو کے عنوان سے، دبیر کی اردو نثر میں ایک مستقل تصنیف ''ابواب المصائب'' کا ذکر کیا گیا ہے۔اس کتاب کو چھ ابواب کے تحت بحث میں لایا گیا ہے۔اس کے بعد ''نخل ماتم'' کی سنہ تصنیف اور دوسری اہم باتوں پر سیر حاصل گفتگو ملتی ہے۔ان سب مخطوطات کا ذکر محمد زماں آزردہ نے زیر نظر کتاب میں کیا ہے۔

بقول محمد زماں آزردہ ''رسالہ دبیر'' کی تصنیف کے دو مخطوطے ملے۔اس میں ایک مخطوطہ پندرہ صفحات پر مشتمل ہے۔جس کا سائز 6,6x8,8 کا ہے۔اس مخطوطے پر نام درج نہیں تھے۔پھر محمد زماں آزردہ نے اس کا نام رسالہ دبیر رکھا ہے۔اس سے پہلے کسی نے بھی اس مخطوطے کا ذکر نہیں کیا ہے۔انھوں نے اس باب میں اس تصنیف پر مفصل گفتگو کی ہے۔دوسرا مخطوطہ معجزۂ جناب امیر المومنین کے متعلق ہے۔اس مخطوطہ کے بارے میں وہ لکھتے ہیں:

> ''یہ مخطوطہ 6.2x6.1 کے 22 صفحات پر مشتمل ہے۔مسطر 13 سطری ہے ۔ترقیمہ کے مطابق 1247ھ میں نقل ہوا ہے۔ابتدا سرخی میں ''معجزۂ جناب امیر المومنین علیہ السلام'' درج ہونے کے بعد دوسری سطر میں حسب ذیل سرخی ہے۔'زرگر رازندہ فرمودند ونیز قاتلش راقتل نمودند''[114]

اس کے بعد انھوں نے اس مخطوطے کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔یہ ان کی دریافت شدہ دوسری فارسی نثری تصنیف ہے۔انھوں نے اپنی اس کتاب میں صفحہ 431 سے 440 تک عکس مخطوطہ رسالہ دبیر اور عکس مخطوطہ

معجزۂ امیر المومنین بھی پیش کیے ہیں۔

محمد زماں آزردہ نے باب کے دوسرے حصہ میں نثر اردو کے عنوان سے مرزا دبیؔر کی اردو نثری کتابوں کا انکشاف کیا ہے۔اس میں پہلی تصنیف ''ابواب المصائب'' کا نام ہے۔محمد زماں آزردہ کے مطابق یہ تصنیف پہلی بار مطبع یوسفی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔لیکن اس طبع اول پر سن اشاعت درج نہیں تھا۔محمد زماں آزردہ نے قطعہ سے اس تصنیف کی تاریخ تصنیف نکالی ہے جو 1245ھ/1829 نکلتی ہے۔اس تصنیف کے بارے میں ان سے پہلے افضل حسین ثابت نے لکھا ہے لیکن انھیں کوئی مخطوطہ یا نسخہ دستیاب نہیں ہوا تھا۔خاندان دبیؔر کے پاس بھی اس تصنیف کا کوئی نسخہ موجود نہیں ہے۔ یہ بات غور طلب ہے کہ محمد زماں آزردہ کو یہ مخطوطہ کہاں سے ملا کیوں کہ انھوں نے اس کے ملنے کی جگہ کا نام نہیں بتایا ہے۔اس میں صرف اشاعت اول کے صفحات اور اس کے موضوع کے بارے میں جانکاری دی ہے کہ اس میں سورہ یوسف اور کربلا کے واقعات کا ذکر تاریخی ترتیب وار کیا گیا ہے۔یعنی اس کتاب میں حضرت یوسفؑ اور حضرت امام حسنؓ و حسینؓ کے مصائب کا موازنہ کیا گیا ہے۔دوسری تصنیف ''نخل ماتم'' کی تفصیل اس لیے دی گئی ہے کہ یہ تصنیف اب تقریباً نایاب ہے۔یہ کتاب مرزا جعفر علی فصیح کی ہے۔

مختصراً اس باب میں دو فارسی کتابوں کو غیر مطبوعہ ثابت کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ اردو نثر میں ''ابواب المصائب'' کو بھی دریافت کیا گیا ہے۔لیکن اس کا نسخہ انہیں کہاں سے ملا اس پر محمد زماں آزردہ خاموش ہیں۔ان کتابوں کے مخطوطے محمد زماں آزردہ نے دریافت کیے ہیں جو ان کے تحقیقی ذوق کا ثبوت دیتے ہیں۔

مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری کے حوالے سے جو بھی خامیاں بتائی گئی ہیں ان کا جواب محمد زماں آزردہ نے دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں اگر دو شعرا کا تقابلی مطالعہ یا موازنہ کرنا ہے تو دونوں کا ایک جیسا کلام سامنے رکھ کر کرنا چاہیے۔اس حوالے سے ان اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''سلاست اور روانی دونوں میں پائی جاتی ہے۔البتہ مرزا دبیر کا کلام چونکہ ہر رنگ میں ملتا ہے اس لیے ان کے ہاں ایسے مرثیے بھی ملتے ہیں جن کی زبان میر انیسؔ کے مقابلے میں ادق ہے مگر یہ وہ خصوصیت ہے جس کا جواب ہی نہیں۔دونوں کے کلام کا تقابلی مطالعہ کرنا ہو تو دونوں کا یکساں کلام سامنے رکھا جانا چاہئے۔''115

محمد زماں آزردہ نے دونوں میں کسی کو برتر نہیں کہا بلکہ ان کا ماننا ہے کہ بعض خصوصیات ایسی ضرور ہیں جو میر انیسؔ کے ہاں ہیں اور مرزا دبیؔر کے یہاں نہیں۔اور بعض مرزا دبیؔر کے ہاں ہیں تو میر انیسؔ کے ہاں نہیں ملتیں۔جب

تقابل یا موازنہ ہو تو مثالوں کے سب بند ایک ہی مرثیہ سے ہوں۔ یہ نہیں کہ ایک چست یا حسب ضرورت بند ایک مرثیہ سے انتخاب کیا اور دوسرا بند دوسرے مرثیہ سے۔ محمد زماں آزردہ آگے یوں لکھتے ہیں:

''دونوں کا مضمون ایک ہے مگر دبیرؔ تخیل کی دنیا اور رعایت لفظی سے کام لے کر اس مضمون کو اچھوتا بناتے ہیں اور میر انیسؔ عملی زندگی سے ثبوت فراہم کر کے مضمون میں جان پیدا کر دیتے ہیں بلکہ یہاں میر انیسؔ نے بھی رعایت لفظی سے کام لیا ہے۔ مگر دونوں اپنے اپنے رنگ میں جواب نہیں رکھتے۔ ایسے موقعوں پر کوئی موازنہ کرنے کی کوشش کرے تو کوئی نتیجہ حاصل نہ ہوگا۔''116

محمد زماں آزردہ کی تحقیق کے مطابق شبلیؔ نے موازنہ انیس و دبیر میں انیسؔ کے یہاں فصاحت اور دبیرؔ کے یہاں بلاغت کی نشان دہی کی ہے۔ لیکن دبیرؔ کے یہاں دونوں فصاحت و بلاغت ملتی ہے۔ وہ اس بات سے شبلیؔ سے اختلاف کرتے ہیں۔ اس کی دلیل وہ نجم الغنی کی بحر الفصاحت کے ایک اقتباس سے دیتے ہیں کہ بلاغت اس وقت تک آ ہی نہیں سکتی جب تک کہ فصاحت نہ ہو۔ اسی لیے اگر شبلیؔ کے مطابق مرزا دبیرؔ میں بلاغت ہے تو فصاحت بھی ضرور ہوگی۔ انھوں نے دوسری بات شبلیؔ کی یہ بتائی کہ انھوں نے دبیرؔ کا جو کلام موازنہ کے لیے انتخاب کیا اس میں اکثر شعر الحاقی ہیں۔

الغرض محمد زماں آزردہ کی تصنیف ''مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے'' تحقیق کے سلسلے میں ایک بہترین کام ہے۔ یہ مقالہ دبیرستان میں ایک اہم مقام کا حامل ہے۔ مرزا دبیرؔ پر جو بھی تحقیقی کام ہوا ہے ان میں یہ مقالہ بہتر مقام رکھتا ہے۔ اس تحقیقی کام سے محقق کی تحقیقی لگن اور جستجو کا پتا چلتا ہے۔ انھوں نے اس کتاب میں تحقیقی کاوش کا ثبوت دیا ہے۔ انھوں نے نہ صرف سنی سنائی باتوں پر بھروسہ کیا بلکہ مطلوبہ ذرائع تک رسائی حاصل کر کے ہی مثالوں اور دلائل کے ذریعے اپنی رائے کو پیش کرنے کی سعی کی ہے۔ وہ تعصب کے شکار نہیں ہوتے بلکہ اپنی بات مضبوطی کے ساتھ رکھتے ہیں۔ ان کی زبان سادہ سلیس اور رواں ہے اور بیان مدلل اور متوازن ہے۔ ان کا رویہ منصفانہ اور غیر جانب دارانہ ہے۔ کتاب کا حاشیہ بہت ہی اہم ہے اور بہت ہی تحقیق آموز ہے۔ حاشیہ میں انھوں نے بہت ساری تاریخی اور ادبی باتوں کا ذکر کیا ہے جن کی واقفیت قاری کے لیے ضروری ہے۔ انھوں نے مرزا دبیر کے غیر مطبوعہ کلام کی بازیافت کی جس کی وجہ سے انھیں اردو تحقیق میں ہمیشہ یاد کیا جائے گا اور یہ تصنیف بلاشبہ تحقیق کے زمرے میں اہم حیثیت رکھتی ہے۔

# پروفیسر بشیر احمد نحوی

پروفیسر بشیر احمد نحوی اقبال شناس کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ان کا دوسرا لقب حافظِ اقبال بھی ہے۔بشیر احمد نحوی کی ولادت 16 / فروری 1955 میں قصبہ بجبہاڑہ میں ہوئی۔ان کے والد کا نام غلام حسن نحوی تھا۔بشیر احمد نحوی کے والد کشمیر کے جید علمائے دین میں شمار کیے جاتے تھے۔ان کو عربی ،فارسی ،اردو اور کشمیری زبانوں پر خاصا عبور حاصل تھا۔بشیر احمد نحوی کے دادا غلام مصطفیٰ مصفا ایک معتبر عالم دین ہونے کے علاوہ ایک قادرالکلام شاعر بھی تھے۔بشیر احمد نحوی اسی علمی خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔روایت کے مطابق ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔ابتدائی اسکولی تعلیم مقامی اسکول سے ہی حاصل کی۔اس کے بعد گورنمنٹ ڈگری کالج اسلام آباد میں 1973 میں داخلہ لیا۔انھوں نے دوران کالج ہی اپنی ذہانت اور سوجھ بوجھ کا مظاہر کیا ہے، چناں چہ کالج میگزین کی ادارت کے ساتھ ساتھ ان کے بعض مضامین روزنامہ ''آفتاب'' میں شائع ہوتے رہے۔وہ طالب علم کے زمانے ہی میں ادبی مذاکروں اور مباحثوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔

1975 میں انھوں نے بی اے کا امتحان پاس کیا۔اور اعلا تعلیم کے لیے کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ انگریزی میں داخلہ لیا۔لیکن بیچ میں انگریزی ادبیات سے خاطر خواہ دلچسپی نہ ہونے کے باعث ،انگریزی مضمون چھوڑ کر اردو مضمون میں داخلہ لیا۔اس طرح انھوں نے ایم اے اردو امتیاز کے ساتھ پاس کیا اور تین سال تک اسلامیہ حنفیہ کالج ،اسلام آباد میں بحیثیت استاد کام کرتے رہے۔اس کے بعد کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اقبالیات میں ایم فل میں داخلہ لیا۔ایم فل مکمل کرنے کے بعد ان کا تقرر دوردرشن سری نگر میں اسسٹنٹ پرڈیوسر کے عہدے پر ہوا۔انھوں نے دوردرشن سری نگر میں کئی سال تک کام کیا اور اپنی علمی لیاقت سے لوہا منوایا۔اس کے باوجود علم وتحقیق کے ساتھ والہانہ ذوق وشوق اور بالخصوص اقبالیاتی ادب کے ساتھ والہانہ وابستگی وعقیدت کی وجہ سے انھوں نے دوردرشن کی ملازمت کو خیر باد کہا۔پھر شعبۂ اقبالیات میں پروفیسر آل احمد سرور اور ضیاء الحسن فاروقی کی مشترکہ نگرانی میں ''اقبال اور مسائل تصوف'' کے موضوع پر مقالہ لکھ کر 1988 میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

جموں وکشمیر میں 1986 میں اقبال اکادمی کا قیام عمل لایا گیا۔جس کے پہلے سیکرٹری بشیر احمد نحوی ہی منتخب ہوئے۔اس اکادمی نے اقبالیاتی مشن پر 9 /نومبر 1986 سے کام کرنا شروع کیا ہے۔جس کے تحت اشاعت کتب ،سمیناروں ،مباحثوں کے ذریعے تعلیمات اقبال کو ان کے صحیح تناظر میں عام کرنا تھا۔بشیر احمد نحوی پی ایچ۔ڈی کرنے کے بعد ہی شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں لیکچر منتخب ہوئے۔اس شعبۂ میں سات سال تک کام

کرنے کے بعد 1996 میں کشمیر یونی ورسٹی کے اقبال انسٹی ٹیوٹ میں ریڈر منتخب ہوئے اور پھر 1999 میں اسی انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر کے منصب پر فائز ہوئے۔اس کے علاوہ انھیں پروفیسر کے عہدہ سے بھی سرفراز کیا گیا۔2013 میں انھیں صدر شعبۂ اردو ہونے کے علاوہ ڈین فیکلٹی آف آرٹس کشمیر یونی ورسٹی بنایا گیا ہے۔علاوہ ازیں کشمیر یونی ورسٹی کے جنوبی کیمپس میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام بھی کیا۔کشمیر یونی ورسٹی کے جنوبی کیمپس میں شعبۂ اردو قائم کرنے کا سہرا بھی ان ہی کے سر جاتا ہے۔مارچ/2015 میں دوبارہ بشیر احمد نحوی کو اقبال انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز کیا گیا ہے۔ان کی نگرانی میں لگ بھگ 24 ایم فل اور پی ایچ۔ڈی کے مقالات لکھے گئے ہیں جن میں اقبالیات کے مختلف گوشوں پر سیر حاصل معلومات فراہم ہوتی ہے۔

بشیر احمد نحوی کی مطالعات اقبال سے وابستگی کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ بچپن سے ہی علامہ اقبالؔ کے دلدادہ ہوگئے تھے۔اس حوالے سے وہ یوں رقمطراز ہیں:

> ’’مجھے بچپن کا واقعہ یاد آرہا ہے،شاید میں چھٹی یا ساتویں جماعت کا طالب علم تھا۔والد صاحب بخار کی وجہ سے چند دن بستر علالت پر رہے۔ان کے ہاتھ میں تکلیف کے ایام میں صرف کلیات اقبال (فارسی) کتب خانہ نذیریہ دہلی سے شائع شدہ ایڈیشن رہتا تھا۔والد مرحوم یہ کتاب پڑھتے زاروقطار رورہے تھے۔میں نے رونے کا سبب دریافت کیا۔اس وقت میں نے ابھی تک اقبال کا نام تک نہیں سنا تھا سوائے اسکول میں ان کی لکھی ہوئی دعا ’’لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری‘‘ سے میں آشنا تھا۔والد صاحب نے بتایا کہ میں یہ کلام روتے روتے اس لیے پڑھ رہا ہوں کہ اس کی تاثیر سے جسم میں درد کی شدت کم ہوجاتی ہے اور افاقہ محسوس کررہا ہوں۔شاید یہی وہ ایام تھے جب میرے کانوں میں حضرت اقبال کا نام اس انداز میں پڑا اور ایسا اثر آفرین تعارف ہوا کہ بعد میں کلام اقبال میرا اوڑھنا بچھونا بن گیا۔‘‘ 117

جموں وکشمیر میں بشیر احمد نحوی اقبالؔ شناسی کے ایک محترک رکن کی حیثیت سے سرفہرست ہیں۔جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے اپنی ساری زندگی شعبہ اقبالیات کے لیے وقف کردی۔اقبالیاتی سرمائے میں اپنی تصانیف،تالیف،مضامین اور اس کے علاوہ سمیناروں،مباحثوں اور توسیعی لیکچروں سے اضافہ کرتے رہے۔انھیں اس بات کا احساس ہے کہ ہمارے ادب میں اقبالؔ اپنے قدردانوں کے ہاتھوں غلط انداز میں پیش ہوئے ہیں،جس سے عوام الناس میں اقبالؔ کے متعلق غلط فہمیوں کی خلیج وسیع سے وسیع تر ہوتی چلی گئی۔اس ضمن میں وہ یوں راقمطراز ہیں:

''اقبال کے بہت سارے ناقدوں نے ذاتی اغراض کی تکمیل کے لیے اقبال کی روح کے ساتھ زیادتی کرنے میں کوئی کمی روانہیں رکھی ۔ان کے افکار ونظریات کو اپنے مادی افکار کی روشنی میں پیش کرنے کی کوشش کی۔''118؎

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ بشیر احمد نحوی ایک سچے،نڈر حق گو ماہر اقبال ہیں ۔یہ خوبیاں بہت کم ادبیوں کے حصے میں آتی ہیں ۔جن میں اپنے محبوب شاعر کے لیے سچی تڑپ ہو۔انھوں نے اپنی زندگی کو اسی کام کے لیے وقف رکھا ہے ۔ان کی تصانیف میں'' تصوف اور اقبال''،''اقبال عرفان کی آواز''،''اقبال ایک تجزیہ''،''وحدت الوجود اور اقبال''،''اقبال افکار واحوال''،''محسوسات''،''احساس وادراک'' ہے۔

**تصوف اور اقبال:**

یہ تصنیف بشیر احمد نحوی کا پی ایچ ۔ڈی کا مقالہ ہے ۔یہ تصنیف گیارہ ابواب پر مشتمل ہے ۔اس میں تصوف سے متعلق مختلف نظریات بالخصوص وجود وشہود کے نظریہ پر ایک تسلی بخش گفتگو ملتی ہے ۔دوسرا پہلو اس کتاب میں اقبالؔ کی ذہنی مناسبت کس گروہ اور تصوف کی کس شاخ سے وہ زیادہ وابستہ تھے اس کے اسباب ومحرکات کیا تھے ،اس نقطے پر بھی اس کتاب میں سیر حاصل گفتگو ملتی ہے ۔اسی کتاب کو پہلے ایڈیشن میں ''مسائل تصوف اور اقبال'' کے عنوان سے 2001 میں میزان پبلی شیرز سری نگر نے شائع کیا ہے ۔اس کتاب کے حرف آغاز میں موصوف یوں رقمطراز ہیں:

''تصوف اور اقبال'' کی اشاعت پر اس بات کی وضاحت ضروری محسوس ہوئی ہے ۔کہ ہمہ پہلو شخصیت اور اس شخصیت سے وابستہ افکار وتصورات میں نظریہ تصوف اپنی انفرادیت کا حامل موضوع ہے متعدد اصحاب علم وقلم نے اس موضوع پر اپنے اپنے منفرد انداز میں وضاحت کی ہے لیکن موضوع اس قدر سنجیدہ اور ہمہ گیر ہے کہ اس پر مزید غور وفکر کرنے کے امکانات موجود ہیں ۔اقبال خالص اسلامی تصوف کے حامی تھے اور تصوف میں تمام غیر اسلامی عناصر کو زائل کرنے میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں ۔راقم نے اس کتاب میں ان تمام امور کو زیر بحث لانے کی کوشش کی ہے اور اس سلسلے میں اقبال کا ردعمل کیا رہا ہے اس پر اظہار رائے کیا گیا ہے۔''119؎

مذکورہ اقتباس سے اس کتاب کی نویت کا اندازہ ہوتا ہے کہ بشیر احمد نحوی نے کن موضوع کا ذکر کیا ہے ۔اس کتاب میں پہلے تصوف کی تعریف میں مختلف علما وفضلا کی آرا سے مدد لی گئی ہے ۔اس کے تاریخی پس منظر میں جائزہ پیش کرتے ہوئے صوفیا کرام کے مختلف گروہوں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے ۔تحریک تصوف نے کن کن حالات اور کن

منزلوں سے گزر کر نشو ونما پائی اور ساتھ ہی ساتھ اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ تحریک تصوف کس طرح اپنی اصلیت کو مسخ کر کے نقطہ انحراف میں پڑ جاتی ہے۔ اس کتاب میں سلاسل تصوف کا تعارف کرواتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''سلاسل جو معرض وجود میں آ گئے ان میں پانچ سلسلوں کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہوگئی۔ وہ پانچ سلسلے حسب ذیل ہیں: سلسلہ نقشبندیہ، سلسلہ قادریہ، سلسلہ چستیہ، سلسلہ سہروردیہ، سلسلہ کرویہ۔''120؎

اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے بشیر احمد نحوی تصوف سے متعلق غلط فہمیوں اور شبہات کے سلسلے میں اکابرین کی آرا اور مباحث اور اس سے جڑی غلط فہمیوں کے ضمن میں ایک سیر حاصل گفتگو پیش کرتے ہوئے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ اسلامی نظریہ توحید کے مطابق بھی حق تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے اور کائنات کی ہر چیز میں ذات شامل ہے اور اسلامی نظریہ وحدت الوجود کی رو سے بھی ذات حق ہر جگہ موجود ہے اور کوئی چیز اس سے علاحدہ نہیں ہے۔ اس لیے نظریہ وحدت الوجود اور اسلامی نظریہ توحید کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے۔

اقبال اور نظریہ وحدت الوجود کے ذیل میں موصوف تصوف کے روایتی نمونے پیش کرتے ہوئے اقبالؔ کے اجتہادی نظریہ تصوف تک پہنچتے ہیں۔ چناں چہ اقبالؔ نے جو وحدت الوجود کا نظریہ پیش کیا ہے، اس کا اکثر علمانے اختلاف ہی ظاہر کیا ہے۔ اس حوالے سے بشیر احمد نحوی لکھتے ہیں:

> ''الغرض علامہ کے یہاں کہیں وحدت الوجود کا انتہائی نظریہ نہیں ملتا۔ ان کے کلام میں اگر کہیں کہیں وحدت الوجودی رنگ نظر آتا ہے تو اس میں ایک اعتدال ہے اور یہ توحید خالص یا وحدتِ شہودی کے منافی نہیں، بلکہ موافق ہے''121؎

بشیر احمد نحوی نے اپنی تصنیف تصوف اور اقبال میں مستند اور معتبر حوالوں سے اقبال کے اس شدید ردعمل کو ظاہر کیا ہے۔ جس کا کھلا اظہار انھوں نے نظم ''شمع اور شاعر'' میں اور بعد میں ''اسرار خودی'' میں واضح طور پر کیا ہے۔ اقبالؔ فطری طور پر ملت اسلامیہ اور مشرق کے جدوجہد اور عمل پر زور دیتے تھے۔ اور یہی وجہ ہے کہ انھوں نے وحدت الوجود کی مخالفت کی اور وحدت الشہود کی حمایت کی۔ دراصل وحدت الوجودی نظریہ میں رہبانیت اور بے عملی ہے۔ ان باتوں پر اس تصنیف میں مفصل بحث ملتی ہے۔ ان کی اس تصنیف کے بارے میں سید رسول پونپر یوں رقمطراز ہیں:

> ''بشیر احمد نحوی نے مثالی دقت نظری اور عرق ریزی سے تصوف کے مسائل کو ممکنہ اور مختلف ماخذ کو کھنگال کر اجاگر کیا ہے۔ وحدت الوجود اور وحدت الشہود یا ہمہ اوست اور ہمہ از اوست کو

تاریخی شواہد کی روشنی میں اس طرح بحث کا موضوع بنایا گیا کہ شکوک وشبہات کے بادل ازخود چھٹ جاتے ہیں اور طمانیت وتیقن کا سورج ظلمات کے اندھیروں پرضوفگن ہوتا ہے۔بشیر احمد نحوی نے شائستگی ، باسلیقہ، ہنرمندی اور سرفراز نیازمندی سے قرآن وحدیث کی روشنی میں تصوف کے موضوع سے مربوط بنیادی اصطلاحات کے چہرے سے نقاب الٹ کر اصلی حقائق سے شائقین محترم کا رشتہ باندھا ہے۔یہ بہت بڑی بات ہے جس کے لیے وہ لائق صد تحسین و آفرین ہیں''۔122

بہر حال بشیر احمد نحوی نے اس کتاب میں اپنی محنت اور تحقیقی وتنقیدی سوجھ بوجھ کا مظاہرہ کیا ہے۔انھوں نے اس کتاب کے مندرجہ باب قائم کیے ہیں لفظ تصوف۔مشتقات اور وجہ تسمیہ،صوفیائے متقدمین،کشف المحجوب اور صوفیائے کرام کے مختلف فرقے،سلاسل تصوف اجمائی تعارف،تصوف سے متعلق غلط فہمیوں اور شبہات کے سلسلے میں اکابرین کی آرا کا خلاصہ،وحدت الوجود کے متعلق مولانا جامی کی تشریح۔مکمل ضابطہ حیات،کیا وحدت الوجود اور وحدت الشہو دنزاع لفظی ہے؟،نظریہ تصوف قرآن وسنت کے میزان پر،نظریہ وجود شہود اور اقبال۔نتائج واثرات۔انھوں نے نظریہ تصوف اور اقبال مستند حوالوں سے ہمارے سامنے پیش کیا۔

**اقبال افکار واحوال:**

بشیر احمد نحوی کی یہ دوسری کتاب جنوری 1989 میں جے کے آفسیٹ پرنٹرس دہلی سے شائع ہوئی ہے۔یہ کتاب سات مضامین پر مشتمل ہے۔اس کے دو مضمون طویل اور پانچ مضمون مختصر ہیں۔جو وقتاً فوقتاً انھوں نے روزنامہ ''آفتاب'' سری نگر کے لیے لکھے ہیں۔اس کتاب کا انتساب پروفیسر آل احمد سرور کے نام لکھا گیا ہے۔اس کتاب میں بشیر احمد نحوی نے اقبال کے کلام کی وساطت سے عوام الناس میں ذہنی بیداری،روشن ضمیری اور صالح قدروں کی آبیاری کرنی چاہی ہے۔کتاب میں شامل پہلے دو مضمون تصوف کیا ہے اور نظریہ تصوف اور اقبال پر ہے۔

اس کتاب میں شامل مضمون ''وادیٔ گل اور شعر اقبال'' میں بشیر احمد نحوی کشمیر اور کشمیریوں کے تئیں اقبالؔ کے دل میں محبت اور ہمدردی کا نقشہ کھینچا ہے۔جس نے اقبالؔ کے دل کو ہمیشہ مضطرب اور بے چین کیا تھا۔اقبالؔ کی اردو،فارسی شاعری میں کشمیر کو ایک اہم مقام حاصل ہے۔اقبالؔ نے جس طرح ہسپانیہ اور اندلس کے زوال پر غم کیا وہی کشمیر کی مظلومیت پر بھی اپنا اظہارِ غم کیا ہے۔اس کتاب کا دوسرا مضمون اقبالؔ کے شعر سے رکھا گیا

ہے۔ ''حکیم مشرق کہ نام ہے جس کا.... ہر ایک پیر وجوان کا امام ہے ساقی'' کے عنوان سے ہے۔اس میں بشیر احمد نحوی نے اقبالؔ کی شاعرانہ انفرادیت اور انقلابی آہنگ و پیغام کو نوع انسانی کے لیے کامل شمار کیا ہے۔ان کا ماننا ہے کہ یہ لوگوں کو خوابیدہ ایوانوں سے جگا کر حیات وکائنات کی مسلمہ قدروں سے آگاہ کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔

اس کتاب کا ایک اور مضمون ''اقبال اور امیر کبیرؒ'' کے نام سے ہے۔اس مضمون میں موصوف نے حضرت امیر کبیرؒ کے تئیں اقبال کی عقیدت مندی کو ثابت کیا ہے۔شاعر مشرق نے اپنی فارسی تصنیف ''جاوید نامہ'' میں انتالیس عظیم الشان شخصیات کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کی شخصی ،فکری اور دینی خصوصیات اور احساسات کو بڑے خوب صورت پیرائے میں سراہا ہے۔جس میں حضرت امیر کبیرؒ کا بھی ذکر خیر شامل ہے۔حضرت امیر کبیرؒ نے کشمیر کے اندر اسلامی تبلیغ کا بڑا پرچار کیا ہے۔بشیر احمد نحوی نے اقبالؔ کے کلام سے ان اشعاروں کو چن چن کر نکالا ہے جن میں حضرت امیر کبیرؒ کا ذکر ملتا ہے۔جو ایک تحقیق طلب کام ہے۔علاوہ ازیں اس کتاب کا ایک اور مضمون ''اقبال پر چند مشاہیر کی آرا'' کے عنوان سے ہے۔یہ مضمون یوم اقبالؔ مورخہ 9رنومبر 1986 میں ایک مختصر رپوٹ کا چربہ ہے۔

الغرض اس کتاب کے اکثر مضمون افروز آموز ہیں۔ان سے بشیر احمد نحوی اپنی قوم کو اپنے ماضی کی روایت کو دہراتے ہوئے یقین محکم اور عمل پیہم کی دعوت دیتے ہیں۔انھیں اس دعوت میں کلام اور پیام اقبالؔ ہی کا سب سے موثر اور آسان ذریعہ نظر آتا ہے۔انھوں نے جو بھی مضامین اس کتاب میں لکھے، وہ کام صرف شوق وذوق کے ساتھ تحقیقی ذہانت رکھنے والے ہی کے بس کی بات ہے۔اقبالؔ کے کلام پر الگ الگ موضوع پر لکھنا بہت تحقیق طلب کام ہے جو انھوں نے کر کے دکھایا۔

**وحدت الوجود اور اقبال:**

بشیر احمد نحوی کی تیسری کتاب ''وحدت الوجود اور اقبال'' جنوری 1992 میں جے کے آفیسٹ دہلی سے ہی طبع ہوکر منظر عام پر آئی ہے۔انھوں نے اس کتاب میں ایک مقدمہ لکھا ہے جو اس کتاب کا ماحصل ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے اس میں اقبال کے تصورات وحدت الوجود اور وحدت الشہود کا ایک جامع خاکہ پیش کیا ہے ۔کتاب کے پیش لفظ میں حکیم منظور یوں رقمطراز ہیں:

> ڈاکٹر بشیر احمد نحوی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اپنے بھرپور، تجربہ علمی،صدق تجسس اور خلوص تحقیق سے کام لے کر اس پیچیدہ مسئلے کو آسان بنا کر پیش کیا ہے۔اور علامہ اقبال کے نظر

یے کو قرآن و حدیث کے رموز کے سمندروں کی غواصی کے ساتھ ساتھ قدیم اور معاصر علماء دانشوروں اور فلسفیوں کی آرا کو بے پناہ کوشش و کاوش کے ساتھ فراہم کر کے واضح کیا ہے۔اور برحق ثابت کیا ہے۔ یہ کتاب نہ صرف اس بات کا ثبوت پیش کرتی ہے کہ علامہ اقبال کو علم قرآن اور علم حدیث پر بے پناہ عبور حاصل تھا بلکہ اس امر کی بھی شہادت دیتی ہے کہ خود ڈاکٹر نحوی اس باب میں کچھ کم نہیں۔اس کتاب کا ایک قابل ذکر وصف یہ ہے کہ یہ علماء اور طالبان علم دونوں کے لیے کارآمد بھی ہے اور قابل توجہ بھی۔"123

مذکورہ اقتباس سے کتاب کے پورے تانے بانے پر نظر پڑھتی ہے کہ بشیر احمد نحوی نے توحید اور وجودیہ وشہودیہ پر تسلی بخش روشنی ڈالی ہے۔انھوں نے قرآن وحدیث کی روشنی میں اقبالؔ کے کلام سے ان چیزوں کو غور وفکر سے نکالا ہے

۔

بشیر احمد نحوی نے کتاب میں مدلل حوالوں سے بحث کی ہے کہ کلام اقبالؔ میں توحید وجودیہ وشہودیہ بھرا پڑا ہے۔انھوں نے مبسوط عالمانہ انداز میں وحدت الوجود اور وحدت الشہو د پر گفتگو کی ہے۔انھوں نے اس نازک موضوع کے متعلق اقبالؔ کا رویہ اور ان کے ردوقبول پر بحث کرتے ہوئے ان کے کلام کو بطور حوالہ پیش کیا ہے۔اس بحث میں غور وفکر کے بیشتر حوالے ابن العربی،مجدالف ثانی،امام غزالی،مولانا رومی،حافظ شیرازی سے لیے گئے ہیں۔

## پروفیسر ظہورالدین

ظہورالدین کے آباداجداد شہر کنعان (مصر) کے رہنے والے تھے۔ وہاں سے ہجرت کر کے کشمیر کے ضلع اننت ناگ کے شاہ آباد ڈورو کے علاقے میں سکونت اختیار کی تھی۔ یہ خاندان عرصہ دراز تک وہاں معروف کار رہا بعد میں جب وادیِ کشمیر میں قحط پڑا تو لوگ روٹی کی تلاش میں اِدھر اُدھر جانے لگے۔اکثر لوگوں نے شہر کے دوسرے علاقوں میں ہجرت کی۔اسی دوران ظہورالدین کے خاندان نے بھی کشمیر سے ہجرت کی اور جموں ضلع ادھم پور کے علاقے بسنت گڑھ کے ایک گاؤں کھنیڈ میں آکر بس گئے۔ظہورالدین کی ولادت اسی گاؤں میں 27 مئی 1942 میں ہوئی۔ان کے والد کا نام خضرالدین تھا جو پولیس محکمہ میں ملازمت کرتے تھے۔ظہورالدین کی والدہ کا م نام تاجہ بیگم تھا۔ان کے والد کو ملازمت کے سلسلے میں مختلف جگہوں پر تبادلہ ہوتا رہا جس کی وجہ سے ظہورالدین نے اپنی تعلیم مختلف اسکولوں میں حاصل کی۔ظہورالدین کے دادا کا نام احد جو تھا۔ظہورالدین کے والد کا ایک

دلچسپ واقعہ یہ ہے کہ 1947 میں خضر الدین بھمبر چوکی پہ تعینات تھے۔ بٹوارے میں اتفاقاً یہ علاقہ پاکستان کے حصہ میں آیا۔ خضر الدین کو ان کے ساتھیوں سمیت پاکستانی فوجیوں نے گرفتار کر کے تقریباً دو سال کے بعد رہا کیا۔ ان دنوں آر پار کا فتنہ فساد برپا ہوا تھا۔ حالات بہت خراب تھے۔ جس کی وجہ سے ظہور الدین کی والدہ کی اپنے گھر اور اپنے بچوں کی ذمہ داریاں دوگنی ہوگئی۔ اس طرح ظہور الدین کی ابتدائی تعلیم اور پرورش والدہ کے ہاتھوں ہی ہوئی۔ ظہور الدین کے دو بیٹے ہیں۔ بڑے بیٹے کا نام سہیل ظہور اور چھوٹے کا نام اسیر ظہور ہے۔

ظہور الدین کی ابتدائی تعلیم اپنے ہی گاؤں کے ایک پرائمری اسکول میں ہوئی ہے۔ اسکول میں تعلیمی صورت حال بہتر نہیں تھی اس کے باوجود گھر کے دینی ماحول اور تعلیم یافتہ خاندان کے زیر اثر ان کی تعلیم و تربیت اچھی طرح ہوئی۔ ان کے خاندان کے لوگ پڑھے لکھے اور ذی شعور تھے اس لیے اسکولی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کو گھریلوی زندگی کی تربیت اور آداب، اخلاق و اطوار ورثے میں ملے تھے۔ انھوں نے دوسری اور چوتھی جماعت تک کی تعلیم بسوہلی سے حاصل کی۔ اس کے بعد گورنمنٹ پرائمری اسکول امپھلہ جموں سے پانچویں جماعت کا امتحان پاس کرنے کے بعد چھٹی جماعت سے دسویں جماعت تک کی تعلیم رام نگر جموں سے حاصل کی۔ 1958 میں میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد جموں آگئے اور گاندھی میموریل آرٹس کالج (جو آج مولانا آزاد میموریل کالج کے نام سے جانا جاتا ہے) میں انٹرمیڈیٹ کا سال اول میں داخلہ لیا۔ 1960 میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے کے بعد انھوں نے اسی کالج میں بی اے سال اول میں داخلہ لیا۔ ابھی بی اے فائنل ہی میں زیر تعلیم تھے کہ محکمہ پولیس میں ان کی تقرری بحیثیت اسسٹنٹ سب انسپکٹر ہوگئی۔ ملازمت ملنے کے باوجود انھوں نے اپنی تعلیم جاری رکھی اور کشمیر یونی ورسٹی سے پرائیوٹ میں گریجویشن مکمل کرلی۔ 1965 میں جب جموں وکشمیر یونی ورسٹی نے جموں ڈویژن میں شعبۂ اردو قائم کیا تو انھوں نے ایم اے اردو میں داخلہ لیا۔ ایم اے اردو کی جماعت میں وہ واحد طالب علم تھے۔ حالاں کہ شعبے کے قیام کے بعد وہاں داخلہ لینے والا پہلا شخص ڈاکٹر وی پی سوری تھے۔ لیکن داخلہ لینے کے کچھ ہی عرصہ بعد ڈاکٹر وی پی سوری نے کنارہ کشی اختیار کی۔ اس طرح ظہور الدین اکیلے طالب علم رہ گئے تھے۔ اور پروفیسر گیان چند جین واحد استاد اور صدر شعبہ تھے۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''آپ سے پہلی ملاقات آج سے بتیس برس پہلے نومبر 1965 میں ہوئی تھی بڑی تگ و دو کے بعد جب جموں یونیورسٹی میں شعبۂ اردو قائم کروانے میں کامیاب ہوئے فوراً میں نے

ایم۔اے اردو میں داخلہ لے لیا۔ان دنوں میں اکیلا طالب علم تھا اور ڈاکٹر گیان چند جین واحد استاد اور صدر شعبہ تھے۔یعنی پورا شعبہ دو افراد پر مشتمل تھا۔مجھے کلاس روم میں جاتے ہوئے کوئی مہینہ بھر ہی ہوا تھا تو ایک دن کیا دیکھتا ہوں کہ کلاس روم میں مجھ سے پہلے ایک صاحب تشریف فرما ئیں۔میں کلاس روم میں داخل ہوا تو ڈاکٹر گیان چند جین صاحب نے موصوف کا تعارف کراتے ہوئے کہا یہ ظہور ہیں۔پولیس میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر تھے۔تعلیمی شوق کی وجہ سے ملازمت چھوڑ کر ایم اے میں داخلہ لے لیا ہے آج سے تم ہم مکتب ہو۔''124؎

مذکورہ اقتباس میں جموں یونی ورسٹی کے قائم کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔جو غلط ہے کیوں کہ جموں یونی ورسٹی 1969 میں وجود میں آئی۔اس کے بارے میں راقم نے باب دوم میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد 1967 میں ظہورالدین نے ایم اے اردو کا امتحان پاس کیا۔اسی سال انھوں نے شعبۂ انگریزی میں داخلہ لے لیا اور 1969 میں ایم اے انگریزی کی ڈگری مکمل کرلی۔

ظہورالدین نے چوں کہ دو زبانوں میں ایم اے کیا تھا اب ان کا مسئلہ تھا کہ کس زبان میں پی ایچ۔ڈی کرلی جائے۔چناں چہ اس سلسلے میں انھوں نے گیان چند جین کے مشورے پر اردو میں پی ایچ۔ڈی میں داخلہ لیا۔ان کے پی ایچ۔ڈی مقالہ کا موضوع ''بیسویں صدی کے اردو ادب میں انگریزی کے ادبی رجحانات'' تھا۔دوران تحقیق انھوں نے بڑی محنت اور ریاضت سے کام کیا جس کا اندازہ ان کے مقالے سے بخوبی ہوتا ہے۔اردو ادب میں انگریزی کے ادبی رجحانات کا احاطہ کرنے کے لیے انھیں یورپی ادبی رجحانات کا نظر غائر مطالعہ کرنا پڑا۔جس میں وہ کامیاب بھی نظر آتے ہیں۔1972 میں ان کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی گئی اور اس طرح وہ جموں یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کے پہلے ڈاکٹر آف فلاسفی ہوئے۔ان کا یہ پی ایچ۔ڈی مقالہ 1978 میں جموں وکشمیر کلچرل اکادمی کے تعاون سے شائع ہوا۔اس کے بعد انھوں نے ڈی لٹ کے لیے مقالہ لکھا جو 1984 میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ان کے ڈی لٹ کے مقالے کا موضوع ''ڈولپمنٹ آف اردو لینگوئج اینڈ لٹریچر ان دی جموں ریجن (Development of Urdu Language & Litereture in the Jammu Region) تھا۔یہ مقالہ انگریزی زبان میں لکھا گیا ہے۔

ظہورالدین کی ملازمت کا سلسلہ بی اے فائنل سال سے ہوگیا تھا۔جب وہ پولیس میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدے پر معمور ہوگئے۔انھیں یہ ملازمت راس نہیں آئی اور کنارہ کش ہوگئے۔پھر پی ایچ۔ڈی کے دوران وہ ایک کالج میں عارضی طور پر انگریزی ادب پڑھاتے تھے۔اس کے بعد 1972 میں شعبۂ اردو جموں

یونی ورسٹی میں لیکچرار کی حیثیت سے مقرر ہوئے۔ پھر اسی طرح ترقی کرتے کرتے ریڈر، پروفیسر اور صدر شعبۂ اردو کے عہدوں پر فائز ہوئے۔ 1996 میں انھیں صدر شعبہ کے ساتھ ناظمِ امتحانات (Controller of Examination) بھی بنایا گیا۔ یہ خدمات وہ جولائی 1998 تک دیتے رہے۔ پھر 1998 سے دسمبر 2001 تک جموں یونی ورسٹی کے رجسٹرار مقرر ہوئے۔ اس کے علاوہ اور مختلف عہدوں پر بھی فائز ہوئے۔ جن میں سیکرٹری جموں یونی ورسٹی کونسل، معتمد جموں یونی ورسٹی سنڈیکیٹ، معتمد اکیڈمک کونسل جموں یونی وسٹی، معتمد فائنانس کمیٹی جموں یونی ورسٹی، ڈائریکٹر اسپورٹس جموں یونی ورسٹی، چیف ایڈیٹر جموں یونی ورسٹی نیوز بلٹن، اردو ریسرچ جرنل ''تسلسل'' کے مدیر اعلا، کل ہند کالج و یونی ورسٹی اردو ٹیچر ایسوسی ایشن کے معتمد اعلا، انجمن ترقی اردو کی شاخ جموں کے معتمد اعلا، رسا جاودانی میموریل لٹریری سوسائٹی جموں کے سرپرست اعلا، جموں مسلم ایجوکیشن سوسائٹی جموں کے چیرمین، بورڈ آف اسٹڈیز (اردو) جموں یونی ورسٹی کے کنوینر، مسلم کوآرڈینیشن کمیٹی کے صدر، آل انڈیا کالج اور یونی ورسٹی اردو ٹیچرس اسوسی ایشن کے صدر رہے۔

ظہورالدین کو بچپن ہی سے پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ انھوں نے اپنے اسکول کے دور ہی میں مختلف پروگراموں میں حصہ لینا شروع کر دیا تھا۔ اسکول میں کھیلے جانے والے ڈراموں میں ہمیشہ مرکزی کردار کا رول ادا کرتے رہے۔ اپنی ادبی زندگی کے آغاز کے بارے میں ایک انٹریوں میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''میری ادبی زندگی کا آغاز کالج کے زمانے میں اس وقت ہوا جب میں کالج میں بی اے سال اول کا طالب علم تھا اس زمانے میں ہمارے کالج (گاندھی میموریل آرٹس کالج) کے پرنسپل شری پنا لال جی تھا۔ یہ علمی اور ادبی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ایسی تقاریب کا اہتمام بھی کرواتے تھے جن سے طلبا کی صلاحیتیں کھل کر سامنے آجاتیں۔ چناں چہ اسی زمانے میں میری وہ صلاحیتیں کھل کر سامنے آگئیں جنھیں اس وقت تک سامنے آنے کا بہت کم موقع ملا تھا۔''[125]

اس طرح کالج کے دوران ہی ان کے ادبی ذوق کو نکھار ملا اور وہیں ان کے مطالعہ میں بھی وسعت پیدا ہوگئی۔ ظہورالدین پہلے ساحؔر لدھیانوی کی شاعری سے متاثر ہوئے۔ ساحؔر لدھیانوی کی شاعری پڑھ کر انھوں نے بھی نظمیں تخلیق کیں۔ ان کی نظمیں اس وقت جموں کے مشہور اخبار ''سندیش'' میں گم نام سے شائع ہوئی تھیں۔ اس کے بعد ظہورالدین نے افسانے لکھنے شروع کیے۔ انھوں نے اپنا پہلا افسانہ 1961 کے اوائل میں ''تلافی'' کے نام سے لکھا۔ 1965 میں ان کے افسانے کا پہلا مجموعہ اسی کہانی کی مناسبت سے ''تلافی'' کے نام سے شائع

ہوا۔1976 میں ان کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ''تفکرات'' کے نام سے منظر عام پر آیا۔پھر 1976 میں ہی تنقیدی کتاب ''محروم کی شاعری'' شائع ہوئی یہ ان کا ایم اے کا مقالہ تھا۔اس کے بعد ان کی کتاب ''بیسویں صدی کے اردو ادب میں انگریزی کے ادبی رجحانات'' منظر عام پر آئی۔ان کا افسانوی مجموعہ ''کینی بلز'' 1981 میں شائع ہوا۔ڈرامے پر ان کی تصنیف ''حقیقت نگاری اور اردو ڈرامہ'' 1984 میں شائع ہوئی۔1985 میں ان کی تاریخ وتنقید پر مبنی کتاب ''ڈیولپمنٹ آف اردو لینگوتیج اینڈ لٹریچر ان دی جموں ریجن'' منظر عام پر آ گئی۔''جدید اردو ڈرامہ'' 1988 میں شائع ہوئی۔1991 میں تنقیدی مضامین کا مجموعہ ''تعلیل وتاویل'' منظر عام پر آیا۔''ارمغان آزاد'' کتاب کو انھوں نے 1993 میں مرتب کیا ہے۔2005 میں جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کے لیے ماحولیات پر ایک کتاب انگریزی سے اردو میں ترجمہ کی۔''جدید ادبی وتنقیدی نظریات'' پر مشتمل کتاب 2006 میں شائع ہوئی۔اسی سال ''فن ترجمہ نگاری'' اور ''فن صحافت'' جیسی کتابیں بھی منظر عام پر آ گئیں۔سال 2009 میں تنقیدی وتحقیقی مضامین کا مجموعہ شائع ہوا۔

ان کتابوں کے علاوہ یو جی سی کے ایک پروجیکٹ کے لیے انھوں نے ڈرامے پر تقریباً چالیس لیکچر لکھ کر دیے۔علاوہ ازیں ان کے بیس کے قریب افسانے اور چھ ڈرامے غیر مطبوعہ ہیں۔علامہ اقبال پر انگریزی میں ایک کتاب بعنوان Revisiting Iqbal ادھوری ہی رہ گئی۔ادبی زندگی میں انھوں نے اخبارات اور رسائل میں بھی کام کیا اور ان میں روزمرہ کے سیاسی،سماجی،اقتصادی موضوعات پر کالم لکھتے رہے۔

ظہور الدین نے ادبی اعزازات وانعامات بھی حاصل کیے جن کی تفصیل یوں ہے۔

1976 میں یوپی اکادمی اردو سے ''تفکرات'' پر یوارڈ سے نوازا۔ 1986 میں ''کینی بلز'' پر ۔ایضاً

1977 میں ''محروم کی شاعری'' پر یوپی اردو اکادمی نے ایوارڈ دیا۔1988 میں ''جدید اردو ڈرامہ'' ایضاً

1985 میں ''حقیقت نگاری اور اردو ڈرامہ'' ایضاً 1990 میں ''تعلیل وتاویل'' ایضاً

محکمہ اطلاعات ونشریات حکومت ہند نے 1975 میں اعزاز سے نوازا۔

ڈائریکٹر یوتھ ویلفیر جموں یونی ورسٹی نے 1993 میں اعزاز سے نوازا۔

دھارمک یووک منڈل جموں نے 1994 میں اعزازا سے نوازا۔

این ایس ایس جموں نے 1994 میں اعزازا سے نوازا۔

انجمن ادب ملیر کوٹلہ،پنجاب نے 1995 میں اعزازا سے نوازا۔

یونی ورسٹی اردو ٹیچرس ایسوسی ایشن، لکھنو نے 1996 میں اعزاز سے نوازا۔

رسا جاودانی میموریل لٹریری سوسائٹی جموں یونی ورسٹی نے 1996 میں اعزاز سے نوازا۔

سروری کسانہ ایوارڈ سے 1997 میں ملا۔

دھارمک یووک منڈل جموں نے 1998 میں ایوارڈ دیا۔

ڈیپارٹمنٹ آف جیالوجی جموں یونی ورسٹی نے 1999 میں ایوارڈ سے نوازا۔

موڈرن کلچر کلب راجوری کی طرف سے 2000 میں ایوارڈ دیا گیا۔

گورنمنٹ کالج فار ویمن، ادھم پور نے 2000 میں ایوارڈ دیا۔

آٹمن ہائی اسکول جموں نے 2000 میں ایوارڈ سے نوازا۔

ویژن انڈیا، نئی دہلی نے 2001 میں ایوارڈ سے نوازا۔

ظہورالدین کی کتاب ''ڈیولپمنٹ آف اردو لینگویج اینڈ لٹریچر ان دی جموں ریجن'' انگریزی زبان میں لکھی گئی ہے۔اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1985 میں شائع ہوا۔ یہ کتاب جموں کی اردو زبان وادب کے ارتقا کے بارے میں ایک اہم مقام رکھتی ہے۔ یہ کتاب 490 صفحات پر مشتمل ہے۔اس میں جموں خطہ کے اردو زبان کی ترقی وترویج کے تناظر میں مفصل بحث ملتی ہے۔ یہ کتاب نو ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب جموں کے رقبے اور دوسری جغرافیائی معلومات کے متعلق ہے۔دوسرا باب علاقہ جموں میں اردو کے آغاز وارتقا کے عنوان سے متعلق ہے۔اس باب میں جموں میں اردو زبان وادب کا آغاز کس طرح ہوا اور کن کن حالات کو طے کر کے اردو زبان نے داغ بیل ڈالی اور ترویج کے مرحلے کس طرح طے کیے ان سب کا بیان ملتا ہے۔تیسرا باب اردو زبان کی ترقی میں سرکاری اداروں کے رول پر منحصر ہے۔اس باب میں جموں کے سرکاری اداروں نے اردو زبان وادب کی ترقی کے لیے کیا کچھ کیا اور اردو کے فروغ کے لیے کس طرح یہ سرکاری ادارے اور کون کون ادارہ اردو کی بقا کے لیے کوشاں رہا اسی پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ چوتھے باب میں اردو کے ارتقا میں خودمختار اداروں کے کردار پر بحث کی گئی ہے۔یعنی اس باب میں غیر سرکاری اداروں نے اردو زبان وادب کی ترویج کے لیے جموں میں کیا کیا۔اور ان اداروں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔ پانچواں اور چھٹا باب بالترتیب اردو زبان کے ارتقا میں ادبی انجمنوں اور اردو صحافت کے حصہ کا بغور مطالعہ کیا گیا ہے۔ جموں میں جو بھی ادبی ادارے یا انجمن ہیں ان ابواب میں ان کے بارے میں اردو کے تئیں رول پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ساتواں باب اردو ادب کے ارتقا سے متعلق ہے۔ آٹھویں

باب میں اردو کے ادیبوں کی انفرادی خدمات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ نواں باب مجموعی جائزہ کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔

اس کتاب میں ظہورالدین نے جموں کی اردو زبان کے ارتقا کے بارے میں بہت ساری معلومات دی ہے۔ اگر چہ یہ کتاب تاریخی ہے، لیکن تاریخ لکھنے کے لیے تحقیقی عمل سے گزرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس تاریخی کتاب میں تحقیقی نمونے ملتے ہیں۔ اردو ادب میں اس کتاب کی کم شہرت کی وجہ اس لیے بھی ہے کہ یہ انگریزی میں لکھی گئی ہے۔ ظہورالدین کا ماننا تھا کہ انگریزی زبان کے لوگوں کو جموں کے اردو زبان و ادب کے بارے متعارف کرنا ضروری ہے تا کہ وہ اردو کے بارے میں صحیح جانکاری حاصل کر سکیں۔ اس میں انھوں نے اپنی ذہانت سے کام لیا اور دوسری زبان والوں کو بھی جموں کے اردو کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں۔ یعنی اردو کو گلوبل کرنے کی کوشش کی ہے۔

جموں علاقہ کے بارے میں اردو زبان کے آغاز کے متعلق کچھ وثوق سے نہیں کہا جاسکتا تاہم جموں باقی ملک میں ہونے والی تبدیلیوں سے متاثر ہوتا رہا ہے۔ دہلی اور پنجاب سے جموں کا سیاسی، سماجی اور مذہبی اعتبار سے قریبی تعلق رہا ہے اس لیے پنجاب میں ہونے والی ثقافتی اور لسانی تبدیلی کے اثرات اس خطہ جموں پر پڑھنے کی کوئی حیرت کن بات نہیں۔ اس بات کی وضاحت ظہورالدین نے اس کتاب میں کی ہے۔ ظہورالدین لکھتے ہیں کہ جموں میں اردو زبان کو متعارف کرانے میں صوفیا کرام کا اہم رول رہا ہے۔ جموں میں اردو زبان اگر چہ بہت پہلے متعارف ہوئی تھی لیکن اس کی ترقی اور ترویج کا دور ڈوگرہ حکمرانوں کے دورِ حکومت سے ہوا۔ زبان کی ترویج و ترقی میں سرکاری اداروں کے علاوہ یہاں کے ادیبوں نے جو کردار ادا کیا وہ بھی ناقابل فراموش ہے۔ ظہورالدین نے اس کتاب میں اردو زبان کے آغاز و ارتقا میں جن اداروں نے فعل کردار ادا کیا ان کا تفصیلی ذکر کیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعے سے جموں میں اردو زبان کے آغاز و ارتقا کے متعلق مکمل جانکاری فراہم ہوتی ہے۔

ظہورالدین کی دوسری کتاب ''بیسویں صدی کے اردو میں انگریزی کے ادبی رجحانات'' کے عنوان سے ہے۔ یہ کتاب 1978 میں ہندستان آرٹ پریس جموں سے شائع ہوئی ہے۔ 365 صفحات پر مشتمل اس کتاب میں انگریزی کے ادبی رجحانات کا تفصیلی تعارف پیش کرتے ہوئے بیسویں صدی کے اردو ادب پر اس کے اثرات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ کتاب کے آغاز میں 'ادب کی غایت' کے عنوان سے ایک مضمون لکھا گیا ہے۔ پھر جن انگریزی رجحانات کا ذکر کیا گیا ہے ان میں کلاسیکیت، رومانیت، ادب برائے اخلاق، ادب برائے ادب، ادب و

جمالیات، مارکسیت، تحلیل نفسی ،شعور کی رو، تاثریت، اظہاریت، اشاریت ،وجودیت، ملکعیت، ڈاڈازم ،سرویلزم وغیرہ شامل ہیں۔ یہ سارے رجحانات انگریزی سے اردو میں منتقل ہوگئے اور یہاں انھیں یا اسی نام سے مستعار لیا گیا یا کوئی دوسرا نام دیا گیا ہے۔

ظہورالدین کی تیسری کتاب ''تفکرات'' 1976 میں چاند پریس جموں سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب 107 صفحات پر مشتمل ہے۔کتاب میں دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں وہ مضامین ہیں جو وقتاً فوقتاً اردو کے رسائل و جرائد میں شائع ہو چکے ہیں۔دوسرا حصہ ریڈیائی تقاریر پر مشتمل ہے۔ یہ تقاریر ریڈیو کشمیر جموں سے نشر ہوتے رہے ہیں جنھیں بعد میں اس کتاب میں چھاپا گیا ہے۔ریڈیائی تقریروں میں تحقیقی عنصر موجود ہے۔ان کے بارے میں ظہورالدین یوں عتراف کرتے ہیں:

> ''دوسرا حصہ ریڈیائی تقاریر سے متعلق رکھتا ہے۔ان میں وہ ریڈیائی تقاریر شامل ہیں جو وقتاً فوقتاً ریڈیو کشمیر جموں سے نشر ہوتی رہیں۔ریڈیائی تقاضوں کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ میں نے ان کے تحقیقی معیار کو برقرار رکھنے کی بھی کوشش کی ہے۔یہی وجہ ہے کہ یہاں انھیں شامل کیا جا رہا ہے۔''126

اس اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کتاب میں تحقیقی عناصر موجود ہیں۔دوسرے حصہ کا پہلا مضمون ''اردو میں برج بھاشا کے موتی'' کے عنوان سے ہے۔اس میں اردو زبان کے آغاز وارتقا کے بارے میں بحث کر کے برج بھاشا کے بارے میں گفتگو کی گئی ہے۔انھوں نے اس مضمون میں محمد حسین آزاد سے لے کر مسعود حسن خان تک کے سب آراوؤں کو قلم بند کر کے اپنی رائے بھی رکھی ہے۔

دوسرا مضمون ''جناب رتن ناتھ سرشار ۔کلاسیکی مزاح نگار'' کے عنوان سے ہے۔اس مضمون میں ظہور الدین نے رنگین، انشاء کے مزاحیہ شعر پیش کر کے غالب کی مزاح نگاری تک پہنچے ہیں۔اسی طرح اردو میں طنز و مزاح نگاری کا ارتقا پر پہنچتے پہنچتے رتن ناتھ سرشار کی مزاح نگاری پر مفصل بحث کی۔مثالوں سے ان کی کلاسیکی مزاح نگاری پیش کی۔تیسرا مضمون ''مجاز کی برجستہ لطیفہ گوئی'' کے نام سے ہے۔مجاز کے بارے میں ڈاکٹر عبارت بریلوی کا اقتباس نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مجاز کی باتیں مزہ دیتی تھیں ان پر بے اختیار ہنسی آجاتی ہے۔اسی طرح فرحت اللہ انصاری کے مضمون کا حوالہ پیش کرتے ہیں کہ کس طرح کے لطیفہ گو تھے۔اس طرح ایک اور مضمون ''غالب خستہ کی لطیفہ گوئی'' میں غالب کی مزاح نگاری پر سیر حاصل گفتگو کی۔

مختصراً اس کتاب میں ظہورالدین نے ان ادیبوں کے بارے میں ایسی باتوں کا ذکر کیا ہے جو عام لوگوں تک نہیں پہنچی تھیں۔خاص کر مجآز کی لطیفہ گوئی کے باب میں جو معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

## پروفیسر نذیر احمد ملک

پروفیسر نذیر احمد ملک جموں وکشمیر میں اردو لسانیات کے اکیلے مردمومن ہیں۔پچھلے تیس چالیس برسوں میں ان کا ثانی نظر نہیں آتا۔نذیر احمد ملک کی ولادت 31/دسمبر 1952 میں واصورہ پلوامہ میں ہوئی ۔انھوں نے سری پرتاب کالج سے 1973 میں بی اے کی ڈگری حاصل کی ۔1977 میں لسانیات میں ایم اے کی ڈگری پاس کی ۔1982 میں کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو سے پی ایچ ۔ڈی کی ڈگری بعنوان ''اردو رسم الخط :ارتقاء وجائزہ'' پر حاصل کی۔اس کے بعد وہ شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی میں لیکچرار کی حیثیت سے تعینات ہوئے۔اسی شعبہ میں ترقی کر کے صدر شعبہ تک پہنچ کر 2015 میں سبکدوش ہوئے۔اس طرح انھوں نے کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں تینتیس سال تک اپنی خدمات انجام دی ہیں۔پھر 2015 میں انھیں سنٹرل یونی ورسٹی آف کشمیر کے شعبۂ اردو کے صدر مقرر کیا گیا ہے۔پوری تدریسی زندگی کے دوران ان کی نگرانی میں بیس ریسرچ اسکالروں نے ایم فل اور چودہ نے پی ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

نذیر احمد ملک نے شعبۂ اردو کے لگ بھگ تمام سیمناروں اور دیگر ادبی نشستوں میں شرکت کی۔وہ زیادہ پڑھتے اور کم لکھنے کے عادی تھے۔انھوں نے اب تک صرف چار کتابیں لکھیں۔جن میں دو کی نوعیت تحقیقی ہے۔ان کی پہلی کتاب ''کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے'' کے نام سے 1993 منظر عام پر آئی۔دوسری کتاب ان کا پی ایچ۔ڈی مقالہ ''اردو رسم خط :ارتقا و جائزہ'' کے عنوان سے شائع ہوئی۔تیسری کتاب ''ادب،ادبی تھوری اور اسلوبیات'' پر 2021 میں کتابی دنیا دہلی سے شائع ہوئی اور ان کی چوتھی کتاب ''موج رنگ'' بھی 2021 میں ہی کتابی دنیا دہلی سے منظر عام پر آئی ہے۔یہ کتابیں درجنوں کتابوں پر بھاری نظر آتی ہے۔نذیر احمد ملک جموں وکشمیر کے نئے ادیبوں اور محققوں ونقادوں میں اپنی لسانیاتی تحقیق وتلاش کی بدولت ایک منفرد حیثیت رکھتے ہیں۔ان خدمات کے عوض کلچرل اکادمی سری نگر نے انھیں بیسٹ بک ایوارڈ سے نوازا اور کشمیر یونی ورسٹی نے ان کو 2007 میں Pride of Performance کے اعزاز سے نوازا ہے۔ایک ماہر لسانیات کی حیثیت سے ان کو جموں وکشمیر میں کافی مقبولیت حاصل ہے۔وہ اردو اور کشمیری زبان کے پیچ وخم کا ادارک رکھتے ہیں۔وہ یونی ورسٹی میں سنڈیکیٹ کے ممبر،شعبۂ صدر لسانیات ڈین فیکلٹی آف آرٹس ،ڈین فیکلٹی آف لسانیات یونی ورسٹی آف

کشمیر کے عہدوں پر بھی رہ چکے ہیں۔

**کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے:**

نذیر احمد ملک کی کتاب ''کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے'' اکتوبر 1993 میں شائع ہوئی۔ یہ کتاب 127 صفحات پر منحصر ہے۔اس کا پیش لفظ پروفیسر حامدی کاشمیری نے لکھا ہے۔پھر مصنف کا لکھا ہوا غرض مصنف کے نام سے مختصر سا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔اس کتاب کے عنوانات اس طرح ہیں۔کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے، کشمیری لفظیات آج اور کل، کشمیری زبان پر مطبوعہ وغیر مطبوعہ تحقیقی مضامین وکتب جیسے موضوعات قلم بند کیے گئے ہیں۔حامدی کاشمیری اس کتاب کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''ڈاکٹر نذیر احمد ملک نئی نسل کے ایک نمائندہ لسانیاتی محقق ہیں، جنھوں نے اپنے بعض مضامین میں زبان شناسی ،نکتہ سنجی اور دقت نظر سے کام لے کر اردو اور کشمیری زبانوں کے تقابلی مطالعات پیش کئے ہیں ،اور اب ایک مبسوط کتاب ''کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے'' لکھ کر لسانیاتی تحقیق میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔''126؎

مذکورہ اقتباس سے نذیر احمد ملک کی کتاب کا اندازہ ہوتا ہے کہ اس کی کیا اہمیت ہے لسانی تحقیق میں۔اگر چہ اس کتاب میں کشمیری زبان کے الفاظ کی بحث ملتی ہیں۔لیکن نذیر احمد ملک نے یہ کتاب اردو زبان میں لکھی ہے جس سے اردو جاننے والوں کے لیے کشمیری زبان جاننے کا موقع ملتا ہے۔اس کتاب میں اردو، فارسی ،عربی ،انگریزی اور سنسکرت الفاظ کو کشمیری زبان نے کس طرح مستعار لیا ہے اور اپنے تلفظ میں کس طرح منتقل کیا ان ساری باتوں پر گفتگو ملتی ہے۔

نذیر احمد ملک نے پہلے کشمیری زبان کے آغاز وارتقا کے پس منظر میں اس کے اصلی اور مستعار الفاظ کے صوتی قواعدی تغیرات کے ساتھ ساتھ ان کے تہذیبی اور معاشرتی رابطوں کا بھی تجزیہ پیش کیا ہے۔کشمیری میں مروجہ الفاظ کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس میں شاید ہی کوئی لفظ ہوگا جو اپنی ابتدائی صوتی، مارفیمی یا معیناتی حیثیت کو برقرار رکھ سکا ہو لیکن اس کے باوجود زبان کے بنیادی ڈھانچے میں کوئی بڑی تبدیلی وجود میں نہیں آسکی ہے۔جس کی وجہ اس زبان میں بھی فطری طور پہ تخلیقیت اور تشکیلیت کے بے پناہ امکانات پوشیدہ ہیں۔نذیر احمد ملک یوں رقمطراز ہیں:

> ''یہ بات ذہن نشین ہونی چاہئے کہ زبان ایک جمہوری ادارہ ہے اس میں انفرادی کوششوں کی

گنجائش بھی ہے اور اہمیت بھی لیکن جب تک ان کوششوں پر اکثریت اپنی مہر تصدیق ثبت نہیں کرتی، ان کا چلن نہیں ہوسکتا، ایک لفظ جب زبان زدعام ہوجاتا ہے تو وہ زبان کی لفظیات کا حصہ بن جاتا ہے، چاہیے یہ لفظ اختراعی کوششوں کا نتیجہ ہو، کسی زبان سے مستعار ہو، ترکیبی، تعریفی یا اشتقاقی اصولوں پر مبنی ہو یا توسیع لفظی یا تقلیل معنی سے بنا ہو۔''127؎

مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زبان کی ارتقائی منزلوں میں زبان دوسری زبان سے لفظی سرمائے مستعار لیتی ہے۔یعنی یوں تو تبدیلیاں کم یا زیادہ زبان کی سطح پر ہوتی ہے۔نذیر احمد ملک کے مطابق ایک زبان کے لفظی سرمائے کو ہم دوحصوں میں منقسم کر سکتے ہیں ایک مقامی اور دوسرا غیر مقامی الفاظ کے نام رکھ سکتے ہیں۔مقامی الفاظ ،وہ الفاظ ہیں جو ایک زبان کے اپنے الفاظ ہوتے ہیں اور اس زبان کی تاریخ اور ارتقا کا پتہ دیتے ہیں۔غیر مقامی وہ الفاظ ہوتے ہیں جو دوسری زبانوں یا سرچشموں سے براہ راست یا بالواسطہ سے در آئے ہوں۔نذیر احمد ملک نے کشمیری زبان میں عبرانی زبان کے کچھ الفاظ کا ذکر یوں کیا ہے:

| عبرانی | کشمیری | اردو معنی |
|---|---|---|
| آشاہ | آشنِ | عورت |
| اَک | اَکھ | ایک |
| باک | باکھ | رونے کی آواز |
| برہ | بر | دروازہ |

صفحہ نمبر 23

اس طرح ان عبرانی الفاظ کی صورت اور مارفیمی حیثیت بھی بدل گئی ہے۔اسی طرح گریرسن نے جوشنا زبان کے مشترکہ الفاظ بتائے ان کی بھی ہیئت بدل گئی ہے۔جیسے

| شنا | کشمیری | اردو معنی |
|---|---|---|
| دور | دور | دور |
| اچ | اچھ | آنکھ |
| راتی | راتھ | رات |
| شاں | شاہ | سانس |

| | | |
|---|---|---|
| پُتہ | پُھٹہ | ٹوٹا |

صفحہ 28

نذیر احمد ملک لکھتے ہیں کہ کشمیری صوتیاتی نظام میں مسموع منفوس بندشی مصمتوں کا پورا سیٹ غائب ہے۔اس لیے کشمیری زبان اپنے صوتیاتی نظام کے مطابق ایسے تمام الفاظ کو مسموع غیر منفوس مصمتوں میں تبدیل کرتی ہے۔انھوں نے سنسکرت زبان کے الفاظ، جو کشمیری زبان نے مستعار لیے مثال کے طور پر پیش کیے۔جیسے

| سنسکرت | کشمیری | اردو معنی |
|---|---|---|
| بھار | بور | بوجھ |
| دھن | دَن | دولت |
| دھار | دار | دھار |
| دھتو | دَتُر | ایک قسم کی زہریلی گھاس |
| گھوٹک | گُر | گھوڑا صفحہ 32 |

اسی طرح معکوس دنتی ،انفی مصمتہ ر ن ر بھی کشمیری صوتیاتی نظام میں شامل نہیں ہے اس لیے کشمیری نے ایسے الفاظ کو انفی دنتی مصمتے میں تبدیل کیا ہے مثلاً نوٹ: (سنسکرت میں ’ن‘ پر ’ط‘ ہوتا ہے، اردو کی بورڈ میں نا ہونے کے سبب نہیں لکھ سکتا ہوں)

| | | |
|---|---|---|
| کرشن (ن پر ط ہے) | کرشن | شو کے اوتار کرشن |
| پرن (ن پر ط ہے) | پان | پان |
| کرن (ن پر ط ہے) | کَن | کان |
| دوگن (ن پر ط ہے) | دُوگُن | دوہرا |

اس طرح سے بعض الفاظ میں رچ ر اور ر چھ ر ایفریکیٹ رژ ر ts ر میں تبدیل ہوتی ہے۔جیسے

| | | |
|---|---|---|
| پنچک | پنژاہ | پچاس |
| چتوار | ژور | چار |
| چھایا | ژھاے | سایہ |

رج ر، رز ر میں تبدیل ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| پوجا | پوزا | پوجا |

| | | |
|---|---|---|
| جیو | زوٗ | جان |
| راجیہ | رازء | بادشاہ |

سنسکرت کے طویل مصوتوں والے بعض الفاظ کشمیری میں خفیف مصوتوں کے ساتھ مستعمل ہیں یا پھر طویل مصوتوں کو گرادیا جاتا ہے۔جس طرح نذیر احمد ملک نے یہ مثالیں لکھی ہیں:

| سنسکرت | کشمیری | اردو معنی |
|---|---|---|
| کتھا /katha/ | کتھ /kath/ | بات |
| مالا /ma:la:/ | مال /ma:l/ | مالا |
| کدا /kada/ | کر /kar/ | کب |

اس طرح سے کشمیری میں سنسکرت کے مستعار الفاظ کی صوتی ہیئت اس قدر تبدیل ہوئی ہے کہ ان کی پہچان کرنا ناممکن ہے۔ یہاں تک کہ لغت سے بھی کسی قسم کی مدد حاصل نہیں ہوسکتی ہے۔اس طرح عربی اور فارسی الفاظ بھی صوتی اور ساختیاتی اعتبار سے بدل گئے ہیں۔

نذیر احمد ملک کا کشمیری زبان کے بارے میں کہنا ہے کہ کشمیری زبان نے الفاظ کی کثیر تعداد قبول کرنے کے باوجود عربی، فارسی کی کسی آواز کو اپنے صوتیاتی نظام میں جگہ نہیں دی ہے بلکہ اپنے صوتیاتی مزاج کے مطابق مختلف تبدیلیوں سے روشناس کیا ہے۔جس میں ق، خ، غ، ف ایسے الفاظ ہیں جن کو کشمیری زبان میں 'ق' کو 'ک' کی آواز میں تبدیل کرتے ہیں، جیسے قد سے کد بولا جاتا ہے۔'خ' کو 'کھ' سے، جیسے خاموش سے کھاموش، شوخ سے شوکھ۔'غ' کو 'گ' سے جیسے غم کو گم، باغ کو باگ۔اسی طرح 'ف' کو پھ کی آواز میں تبدیل کرتے ہیں۔جیسے فدا کو پھدا، دفتر کو دپھتر۔اس طرح کی مثالوں کے ساتھ نذیر احمد ملک نے اس کتاب میں کشمیری زبان کے لسانی رشتے اور صوتی آواز کے تبدیل ہونے پر بحث کی ہے۔

صوتی تبدیلی کے ذیل میں نذیر احمد ملک نے لکھا ہے کہ کشمیری زبان کا ایک منفرد مصوتی نظام ہے۔جس کی وجہ سے ارتقائی منزلوں کو طے کرتے ہوئے اس نے دوسری زبان کا کوئی مصوتہ قبول نہیں کیا ہے، بلکہ ان تمام زبانوں کے الفاظوں کو اپنے مصوتی نظام میں تبدیل کیا ہے۔جیسے انتظار سے ینتظار، ابلیس سے یبلیس بنا گئے ہیں۔اسی طرح عربی الفاظ کے تغیر معنی کی مثالیں بھی دی ہیں۔جیسے عربی کا لفظ 'رقم' جس کا معنی لکھنا ہے کشمیری میں 'رقم' پیسہ سے مراد ہے۔اسی طرح سنسکرت میں لفظ 'سوز' کا مطلب جلن، لیکن کشمیری میں اس کو موسیقی کے معنی لیتے

ہے۔

اس کے بعد نذیر احمد ملک سابقہ اور لاحقے کی طرف آ کر عربی، فارسی سابقہ اور لاحقوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ کشمیری زبان میں 'بے' اور 'نا' فارسی کے دو سابقے ہیں جو کشمیری میں فارسی ہی کی طرح نفی کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ یہ دونوں اسم وصف سے پہلے جوڑے جاتے ہیں اور ان کے استعمال سے صفت کی نفی کرنا مقصود ہوتا ہے۔لیکن کشمیری زبان میں 'بے' کی صورت تھوڑی بدلی ہوئی ہوتی 'بیہ' کے ساتھ جیسے بے غم / بیہ غم، بے وفا / بیہ وفا ہے۔

بہر حال بہت سے مروجہ الفاظ و مراکیب میں مستعار لسانی اکائی شامل ہوئی اسی طرح بہت سے الفاظ جہاں اپنے اصل مفہوم کے ساتھ استعمال کیے گئے وہاں الفاظ کی ایک بڑی تعداد کو نئے مفہوم دیے گئے ہیں یا ان کے معنی و مفہوم میں توسیع کی گئی ہے۔مستعاریت اور مقامیت ہر دور میں باہم شیر وشکر ہو گئے۔ایک دور کا مستعار لسانی سرمایہ دوسرے دور میں مقامی قرار پایا اور یہ لسانی کھیل چلتا رہا اور ہر موڑ پر توسیعی امکانات تلاش کرتا رہا۔ایک زبان اپنی مضبوطی بناتی رہی، نئی چاشنی اور وسعت کے ساتھ بلکہ اس کا لب ولہجہ بدلتے ہوئے جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا رہا۔زندگی کی اس بدلی صورت حال کا ساتھ دینے کے لیے زبان میں تبدیلی کا عمل ضروری ہے۔یہی وجہ ہے کہ نئے اور مستعار الفاظ کی ضرورت کا احساس بڑھ جاتا ہے اور لفظیات کا ذخیرہ وسیع سے وسیع تر ہو جاتا ہے۔کشمیری زبان ایک زندہ دل زبان ہونے کی وجہ سے اس میں کیسے پیچھے رہتی۔اس میں آئے دن نئے الفاظ وتراکیب کا بڑی سرعت کے ساتھ اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔عصر حاضر میں کشمیری زبان مستعار الفاظ کے سلسلے میں انگریزی، عربی، فارسی اور اردو کی طرف مائل ہوئی ہے۔عربی، فارسی کو چھوڑ کر آج کل انگریزی کا دائرہ کشمیری زبان میں زیادہ ہے۔ایٹم، نائلان، ٹیلی فون وغیرہ جیسے نئے الفاظ آہستہ آہستہ اپنی جگہ بنا رہے ہیں لیکن ان میں کشمیری تلفظ ملے گا۔

نذیر احمد ملک نے اس کتاب میں ان الفاظوں کی نشاندہی کی جو دوسری زبانوں سے کشمیری زبان نے مستعار لیے اور بعض الفاظ کی ان غلط فہمیوں کو دور کیا جن کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ ان کی بنیاد کشمیری ہے کیوں کہ ان کی ساخت اور صوتی نظام تبدیل ہو گیا تھا۔لیکن نذیر احمد ملک نے اپنے تحقیقی زاویے سے ثابت کیا کہ وہ مستعار الفاظ ہیں۔اسی طرح انھوں نے اصل کشمیری الفاظوں کا ذکر بھی کیا ہے۔دلائل اور لسانی رشتہ سے منوانے کی کوشش کی کہ وہ مقامی الفاظ ہیں۔یہ کتاب کشمیری زبان کے لسانی باب کے متعلق ایک اہم مقام رکھتی ہے۔

**اردو رسم خط۔ارتقا اور جائزہ:**

نذیر احمد ملک کی کتاب ''اردو رسم خط۔ارتقا اور جائزہ (تاریخی ،تہذیبی اور لسانیاتی تناظر میں ) پہلی بار 2004 میں شائع ہوئی۔اور دوسری بار 2015 میں منظر عام پر آ گئی۔ یہ کتاب پاکستان سے بھی دو بار ال وقار پبلی کیشیز لاہور سے شائع ہوئی ۔ یہ کتاب 246 صفحات پر مشتمل ہے۔اس کتاب کے ذیلی عنوانات تحریر کی لسانیات، نظام تحریر۔تاریخ اور نوعیات ،عربی رسم خط کا ارتقا ،اردو رسم خط کا ارتقا ،احسن رسم خط ،اردو رسم خط کا جائزہ،تقلیب حروف اور پس لفظ ہیں۔اس کتاب میں اردو رسم الخط پر جو وقتاً فو قتاً اعتراضات کئے گئے ہیں ان کا جواب کسی حد تک اس کتاب میں ملتے ہیں۔اور جو گزشتہ برسوں میں اردو املا سے متعلق مسائل اٹھائے گئے ہیں اس کتاب کے مطالعے سے ان کی وقعت کم ہو جاتی ہے۔تحریری لسانیات کے تناظر میں نذیر احمد ملک کا ماننا ہے کہ تکلم اور تحریر اظہار زبان کے دو اہم وسیلے ہیں۔تکلم جہاں سماعی علامتوں کا سہارا لیتا ہے وہیں تحریر بصری صورتوں پر انحصار رکھتی ہے اسی لیے لسانیاتی تجزیئے میں تحریر کو یکسر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔انھوں نے عربی رسم الخط کے تحریری نظام پر تاریخی جائزہ کے ساتھ سیر حاصل گفتگو کی ہے۔

اردو رسم خط کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ہندستان میں عربی ،فارسی خط کی باضابطہ شروعات کے بارے میں وثوق کے ساتھ کچھ نہیں کہہ سکتے ہیں۔لیکن عام خیال میں قرآن شریف اور دوسری طرح کی تحریروں کے قلمی نسخے وافر تعداد میں دستیاب ہوتے ہیں۔مجتمع رائے ہے کہ اس کی ابتدا چودھویں صدی عیسوی میں ہوئی۔نذیر احمد ملک نے اس کتاب میں عربی اور فارسی کی پہلی کتابوں کی نشان دہی کر کے رسم خط کی تاریخ بیان کی ہے۔اس کے بعد اردو رسم خط کے حوالے سے جو پہلی کتابیں اردو رسم خط میں لکھی گئی ان کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔یعنی انھوں نے تاریخ وار اردو کی پہلی کتابوں کے رسم خط کی تبدیلیوں پر مفصل بحث کی۔جیسے جنوبی ہند دکن میں کس طرح کا رسم خط پہلے تھا پھر آہستہ آہستہ اس میں کس طرح کی تبدیلیاں ہوئیں۔اسی طرح جنوبی ہند میں اردو رسم خط کس طرح تغیر پذیر ہوا۔انھوں نے جنوبی ہند کے رسم خط کے سلسلے میں قدیم ترین نسخہ'' مکتوبات صدی'' کو قرار دیا ہے۔ یہ نسخہ سلسلہ فردوسی کے صوفی شریف الدین میتری کا ہے جو کہ خدا بخش لائبریری پٹنہ میں محفوظ ہے۔ جو 746ھ مطابق 1325 میں لکھا گیا ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے جنوبی ہند کے اولین مثنویوں کے مخطوطات سے لے کر شمالی ہند کے مخطوطوں کے رسم الخط کے بارے میں روشنی ڈالی ہے۔احسن رسم خط کی تعریف اس طرح سے کی ہے کہ جو لکھنے پڑھنے میں آسان ہوں اور جس میں قاری اور راقم کے لیے سہولیات موجود ہوں۔اس لحاظ سے دیکھا جائے تو پھر

ابجدی رسم الخط لکھنے کے لیے بہتر ہے اس کے برعکس لفظی تحریر پڑھنے کے لیے زیادہ عمدہ ہے۔ غرض یہ کتاب پوری تحقیق پر مبنی ہے۔اس میں نذیر احمد ملک نے ہر بات تحقیقی تناظر میں پرکھی ہے اور دلائل سے ثابت بھی کیا ہے۔

نذیر احمد ملک کی یہ دونوں کتابیں اردو تحقیق میں ایک اضافہ ہیں۔ یہ کتابیں لسانیاتی زمرے میں آتی ہیں لیکن لسانی تحقیق سے بھری پڑھی ہیں۔ یہ ان کا لسانی شوق اور قابلیت کی جیتی جاگتی نشانیاں ہیں جن کو اردو ادب میں ہمیشہ اضافے کی صورت میں دیکھا جائے گا۔

☆☆☆

## حوالہ جات

1۔ شیرازہ، گوشۂ اکبر حیدری، مضمون ''میرا تحقیقی سفر۔'' اکبر حیدری، ص 13
2۔ایضاً،ص۔13
3۔الضاً،ص14
4۔ایضاً،ص۔15,14
5۔ایضاً،ص۔43
6۔ایضاً،ص۔30
7۔ایضاً،ص۔43
8۔مقالات حیدری ازا کبر حیدری کشمیری،ص۔22
9۔ایضاً،ص14-15
10۔تحقیقی جائزے ازا کبر حیدر کشمیری،ص،65(حاشیہ)
11۔ایضاً،ص۔69
12۔بحوالہ تحقیقی جائزے ازا کبر حیدر کشمیری،ص۔70 ( گلشن ہند،ص۔118)
13۔ایضاً،ص۔113
14۔میر انیس بحثیت رزمیہ شاعر ازا کبر حیدری کشمیری،ص۔45
15۔ایضاً،ص۔222
16۔ایضاً،ص۔52
17۔ایضاً،ص۔106
18۔(the great critics, sec.xv, line7,page 43)
19۔میر انیس بحثیت رزمیہ شاعر ازا کبر حیدری کشمیری،ص۔228
20۔ایضاً،ص۔268-269
21۔ایضاً،ص۔464
22۔تحقیق وانتقاد ازا کبر حیدری،ص۔40
23۔ایضاً،ص۔41
24۔ایضاً،ص۔115
25۔ایضاً،ص۔33-132
26۔ایضاً،ص۔38-137
27۔ایضاً،ص۔146
28۔ایضاً،ص۔150

29۔ایضاً،ص۔153-154
30۔ایضاً،ص۔175
31۔ایضاً،ص۔186
32۔آرائش محفل از میر شیر علی افسوس،ص۔4-3،1945
33۔سوداؔ از شیخ چاند،ص۔105،طبع اول 1936
34۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔12
35۔سوداؔ از شیخ چاند،ص 117،مطبوعہ انجمن ترقی اردو
36۔کلام سوداؔ از ڈاکٹر خورشید الاسلام،ص۔31
37۔ایضاً،ص۔283
38۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔45-44
39۔مرزا محمد رفیع سوداؔ از ڈاکٹر خلیق انجم،ص۔512
40۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔47
41۔کلیات سوداؔ از ڈاکٹر محمد حسن،ص۔25
42۔ایضاً،ص۔44
43۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔48
44۔ایضاً،ص۔49
45۔کلیات سوداؔ از ڈاکٹر محمد حسن،ص۔42
46۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔49
47۔ایضاً،ص۔49
48۔ایضاً،ص۔51
49۔مجموعۂ نغز مرتب محمود شیرانی،ص۔39
50۔نیا دور لکھنؤ،ص۔10،بابت اپریل 1973
51۔سوداؔ از شیخ چاند،ص۔105
52۔تذکرۂ شعرائے ہندی از میر حسن،مرتب از اکبر حیدری،ص۔153
53۔جائزہ مخطوطات اردو از مشفق خواجہ،جلد اول،ص۔776
54۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔179
55۔شمالی ہند میں اردو مثنوی از گیان جین،ص۔421،1969
56۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔196
57۔نذر مقبول از پروفیسر سید مسعود حسن رضوی،ص۔33
58۔تحقیقات حیدری از کبر حیدری،ص۔254-253

59۔اردو مثنوی شمالی ہند میں از گیان چند جین،ص۔586-587،1969

60۔ایضاً،ص۔587

61۔تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔312

62۔ایضاً،ص۔313

63۔یادگار غالب از الطاف حسین حالی،ص۔206

64۔خطوط غالب از مہیش پرشاد، دیباچہ،ص۔ح ی،1941

65۔بحوالہ تحقیقات حیدری از اکبر حیدری،ص۔347،غالب کے اردو خطوط نویسی کی تاریخ،مطبوعہ جامعہ،ص۔95،فروری 1942

66۔سودا از شیخ چاند،ص۔117،1963

67۔سویرا خاص نمبر 29،ص۔55،1921 لاہور۔بحوالہ اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا از اکبر حیدری،ص۔69-168 68۔مرزا محمد رفیع سودا از خلیق انجم،ص۔504-505،1966

69۔کلیات سودا از محمد حسن، جلد دوم،ص۔17

70۔اودھ میں اردو مرثیہ کا ارتقا از اکبر حیدری،ص۔170

71۔طبقات شعرائے ہند از مولوی کریم الدین،ص۔181

72۔خمخانہ جاوید از لالہ سری رام،ص۔232

73۔اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا از اکبر حیدری،ص۔235

74۔ایضاً،ص۔291,92

75۔عمدۂ منتخبہ از سرور،مرتب خواجہ احمد فارقی،ص۔47

76۔اوردھ میں اردو مرثیے کا ارتقا از اکبر حیدری،ص۔348

77۔اردو مرثیے کا ارتقا از ڈاکٹر مسیح الزماں،ص۔189

78۔اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا از اکبر حیدری،ص۔352

79۔ایضاً،ص۔409

80۔ایضاً،ص۔425

81۔ایضاً،ص۔469

82۔باقیات دبیر از اکبر حیدری،ص۔ 07

83۔ایضاً،ص۔170

84۔ایضاً،ص۔183

85۔ہفتہ روزہ آئینہ،شمیم احمد شمیم،صفحہ 59،سالنامہ 1969

86۔بازیافت،شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی،سلور جوبلی نمبر ا

87۔ہفت روزہ آئینہ،ص۔8،7/جون 1975

88۔تلاش،آ گرے گریزن،موتی لال ساقی،ص،12

89۔Tang Mohammad Yousuf by Motilal Shake,pagno.4

90۔کشمیر کے مضامین از ڈاکٹر برج پریمی،ص۔184

91۔جستہ جستہ از محمد یوسف ٹینگ،میکاف پرنٹرز،بلبلی خانہ دلی،2001،ص۔2

92۔بین السطور از محمد یوسف ٹینگ،ص۔4

93۔جموں وکشمیر کے اردو مصنفین از جان محمد آزاد،مضمون از حامدی کاشمیری،ص49

94۔جدید اردو نظم اور یورپی اثرات از حامدی کاشمیری،ایڈیشن 2010،ص136

95۔ایضاً،ص۔205

96۔ایضاً،ص۔332

97۔ایضاً،ص۔350

98۔ایضاً،ص۔496

99۔منٹو کتھا از ڈاکٹر برج پریمی،1994،ص۔8

100۔ذوق نظر از برج پریمی،ص125

101۔ایضاً،ص۔136

102۔کشمیر کے مضامین از برج پریمی،پیش لفظ،ص۔12

103۔سہ ماہی عالمی میراث،2017,مشاہیر ادب کے تاثرات۔ڈاکٹر پریمی رومانی،ص14-13

104۔ایضاً،ص12

105۔ایضاً،ص۔12

106۔مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے از حامدی کاشمیری،1981،ص۔8

107۔بحوالہ مرزا سلامت علی دبیر: حیات اور کارنامے از محمد زماں آزردہ ،2005،ص۔169-168)(حیات دبیر از ثابت لکھنوی ،ص۔86-85

108۔مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے از محمد زماں آزردہ،2005،ص۔173

109۔ایضاً،ص۔191

110۔دبستان دبیر از ذاکر حسین فاروقی،1966،ص۔165

111۔مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے از محمد زماں آزردہ،2005،ص۔195

112۔ایضاً،ص۔205-204

113۔ایضاً،ص۔389

114۔ایضاً،ص۔429

115۔ایضاً،ص۔517

116۔ایضاً،ص۔516

117۔ارمغان نحوی از بشیر احمد نحوی،ص۔370

118۔اقبال کی تجلیات مرتبہ بشیر احمد نحوی، پیش لفظ

119۔تصوف اور اقبال از بشیر احمد نحوی،حروف آغاز طبع اول 2011

120۔ایضاً،ص۔34

121۔ایضاً،ص۔167

122۔پیش آہنگ از رسول پونپری،ص126

123۔وحدت الوجود اور اقبال از بشیر احمد نحوی،ص۔13-12

124۔مشمولہ دریا بہ دریا جو بہ جو از مرتب ڈاکٹر عبدالحق نعیمی، مضمون نگار ڈاکٹر وی پی سوری،ص104-103

125۔ایضاً،(پروفیسر ظہور الدین سے ایک ملاقات)ص۔174

126۔تفکرات از ظہور الدین،تعارف،ص۔5

127۔کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے از نذیر احمد ملک، پیش لفظ،ص۔7

128۔ایضاً،ص۔14

☆☆☆

# باب چہارم

# جموں وکشمیر میں غیر ریاستی اردو محققین

جموں وکشمیر ابتدا ہی سے علم وادب کا گہوارہ رہا ہے۔مختلف ادوار میں مختلف زبانوں میں یہاں ادب دوستوں نے علم وحکمت اور شعر وادب کی بڑی سرپرستی کی۔ یوسف شاہ چک کے بعد سکھوں نے یہاں حکومت کی جسے فارسی اور پنجابی ادب کا خاصا اثر یہاں پڑا۔اس کے بعد ڈوگرا حکومت آئی۔انہوں نے ڈوگری سے زیادہ اردو وادب کی آبیاری کی۔ تقسیم ہند کے بعد یہاں اردو وادب کا رجحان تیزی سے بڑھنے لگا۔اور یہاں علمی اورتہذیبی اعتبار سے بے مثال ترقی ہوئی۔اس دور میں یہاں بڑے شاعر وادیب پیدا ہوئے۔

جموں وکشمیر شروع سے ہی سیر وتفریح کا مرکز ومسکن رہا ہے۔ملک کے کچھ ادب نواز یہاں کی آب وہوا سے متاثر ہوکر،یہیں ادبی خدمات انجام دیتے رہے اور کچھ سرکاری نوکری اور کاروبار کے سلسلے میں وادی کشمیر میں مقیم رہے۔لیکن ان غیر ریاستی ادیبوں نے یہاں کے ادیبوں کے کندے سے کندا ملا کرادبی خدمات انجام دیں۔ ان غیر ریاستی شخصیتوں نے اپنا لوہا پہلے سے ہی اردو وادب میں منوایا تھا اور پھر جموں وکشمیر کی اس حسین وادی میں اردو وادب کی آبیاری کرنے کے لیے آئے۔اس باب میں ان غیر ریاستی محققین اوران کی تحقیقی تصانیف کا ذکر کیا جائے گا جوانھوں نے یہاں رہ کر تخلیق کیا ہے صرف ان ہی کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

جموں وکشمیر میں جن غیر ریاستی اردو ادیبوں کو رہنے کا موقع ملا انھوں نے اپنی صلاحیتوں کا بھر پور مظاہرہ کیا ہے۔اگر چہ ان اہل قلم ادیبوں نے غم روزگار کے لیے کشمیر میں قیام کیا تھا۔لیکن پھر بھی اس بات میں کوئی شک نہیں کہ انھوں نے اپنے فرضِ منصب کو نبھاتے ہوئے بڑی عرق ریزی سے علم وادب کے خزینے کھنگالے اوران میں سے جواہر آب دار نکال کر اردو دنیا میں متعارف کرایا۔

## پروفیسر محی الدین قادری زوؔر

پروفیسر محی الدین قادری زوؔر شاعر،ادیب،افسانہ نگار،سوانح نگار اور نقاد ہونے کے ساتھ ساتھ ماہر لسانیات بھی ہیں لیکن اردو زبان وادب کی تاریخ میں ایک بڑے محقق کی حیثیت رکھتے تھے۔مولوی عبدالحق کے بعد

محی الدین قادری زورؔ کی کوششوں کا ہی ثمرہ ہے کہ آج ہم اردو ادب کی باضابطہ اور مربوط تاریخ کا آغاز پندرھویں صدی عیسوی سے کرتے ہیں۔ اردو زبان کی ابتدا اس کی قدیم ترین ادبی تاریخ بالخصوص دکنی ادب کا ارتقا ان کی دلچسپی کے خاص موضوع رہے ہیں۔ اردو شہ پارے، کلیات محمد قلی قطب شاہ، داستان ادب حیدر آباد اور دکنی ادب کی تاریخ دکنیات پر ان کی ایسی کتابیں ہیں جو نہ صرف اردو زبان و ادب کی نشو ونما کی مستند تاریخ فراہم کرتی ہیں بلکہ اردو زبان کے ارتقا سے متعلق مختلف گوشوں پر محققین کے لیے مستند حوالوں کا درجہ بھی رکھتی ہیں۔ اکبر حیدری کشمیری محی الدین قادری زورؔ کے بارے میں لکھتے ہیں:

> ''ڈاکٹر زورؔ اپنے وقت کے جیتے جاگتے انسائیکلو پیڈیا تھے۔ وہ قدیم و جدید اردو ادب کے خزانے تھے۔ ان کی فطرت میں قلی قطب شاہ کی رنگینی، سر سید احمد خاں کا جوش و ولولہ، غالبؔ کی متانت، حالیؔ کی سنجیدگی، شبلی کی گہرائی، اکبرؔ کی ظرافت، اقبالؔ کی باریک بینی اور جوشؔ ملیح آبادی کا اکھڑ پن تھا۔ وہ عہد حاضر کے عجیب و غریب انسان تھے۔ زورؔ اردو زبان و ادب کے عظیم و ترین محسن، قدیم و جدید دکنی ادب کے بانی، براعظم ہندوستان و پاکستان کے مسلم الثبوت انشا پرداز، بہت بڑے نقاد، اعلیٰ پایہ کے سوانح نگار، بہترین افسانہ نویس، میدان تحقیق کے شہسوار، ماہر لسانیات و صوتیات اور قابل قدر مضمون نگار تھے۔ اگر چہ انہیں اردو ادب کا آثار قدیمہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔''[1]

محی الدین قادری زورؔ کی ولادت 25 ستمبر 1905 میں حیدر آباد کے محلّہ شاہ گنج میں ہوئی۔ ان کے والد کا نام سید غلام محمد شاہ قادری الرفاعی زعمؔ تھا۔ جو حیدر آباد کے نامور شاعر گزرے ہیں۔ محی الدین قادری زورؔ کی والدہ کا نام شبیر النسا بیگم تھا جو ایک نیک خاتون تھیں۔ ان کی ابتدائی تعلیم مدرسہ دارالعلوم حیدر آباد میں ہوئی۔ مدرسہ الا نام سے مڈل کا امتحان پاس کیا۔ سٹی ہائی اسکول سے میٹرک پاس کیا۔ سٹی کالج سے انٹرمیڈیٹ اور جامعہ عثمانیہ سے 1925 میں بی۔ اے اور 1927 میں ایم۔ اے کا امتحان پاس کیا۔ حکومت آصفیہ کی جانب سے انھیں اعلا تعلیم کے لیے وظیفہ ملنے پر برطانیہ جانے کا موقع ملا۔ لندن یونی ورسٹی سے ''آریائی زبانوں کی لسانی تحقیقات'' کے موضوع پر مقالہ لکھ کر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل ہوئی۔ 1930 میں پیرس گئے تھے اور وہاں سے ''ہندوستانی لسانیات'' کا مقالہ قلم بند کیا۔ یہ مقالہ انھوں نے پروفیسر لائیڈ جیمس کی نگرانی میں تحریر کیا۔ 1931 میں واپس حیدر آباد آئے اور شعبۂ اردو جامعہ عثمانیہ میں ان کا تقرر بہ حیثیت ریڈر ہوا۔ اسی سال ان کی شادی حیدر آباد کے ایک

ممتاز گھرانے کی خاتون تہنیت النسا بیگم سے ہوئی۔ جو ایک تعلیم یافتہ اور نیک خاتون تھیں۔ ان کے بطن سے محی الدین قادری زورؔ کی نو اولادیں ہوئیں۔ جن میں پانچ لڑکے اور چار لڑکیاں تھیں۔ 1945 میں انھیں پروفیسر کے عہدے پر ترقی ملی۔ بعد میں ان کی چادرگھاٹ کالج میں بہ حیثیت پرنسپل ترقی ہوئی۔ دسمبر 1960 میں وہ اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔ تو کشمیر کے وزیر اعلا بخشی غلام محمد نے انھیں کشمیر بلایا اور شعبۂ اردو جموں وکشمیر یونی ورسٹی کی صدارت پیش کی۔ یہاں رہ کر انھوں نے اردو کے فروغ اور ترقی و ترویج کے کام انجام دیے۔

محی الدین قادری زورؔ ایک زندہ دل شخص تھے۔ اپنے دوستوں میں بے حد مقبول تھے۔ انھوں نے حیدر آباد میں دکنی زبان کے علمی و ادبی سرمایے کے فروغ و تحفظ اور اردو زبان و تہذیب کے فروغ کے لیے ادارہ ادبیات اردو قائم کیا۔ ادارے کا ترجمان رسالہ ''سب رس'' جاری کیا۔ مولانا ابوالکلام آزادؔ اورینٹل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کیا۔ خانقاہ عنایت الٰہی کی بنیاد رکھی۔ یوم محمد قلی قطب شاہ کا اہتمام کیا۔ تحقیق، تنقید، لسانیات، سوانح، تدوین و ترتیب، افسانہ نگاری اور شاعری میں اپنی بیش بہا تخلیقات چھوڑیں۔ کشمیر میں ان کا قیام ایک سال چار مہینے رہا۔ جس کے دوران انھوں نے کوئی مکمل تحقیقی کتاب نہیں لکھی۔ مختصر سی علالت کے بعد ان کا انتقال 24 ستمبر 1962 میں ہوا اور دکن کی سرزمین سے اٹھنے والا یہ کوہ نور کشمیر میں خانیار کی مٹی میں دفن ہو گیا۔ ان کی علمی و ادبی خدمات رہتی دنیا تک اردو دنیا کے لیے مشعل راہ رہیں گی۔

محی الدین قادری زورؔ 30 مئی 1961 میں جموں وکشمیر یونی ورسٹی میں بہ حیثیت صدر شعبۂ اردو اور فارسی کے عہدے پر فائز ہوئے۔ کشمیر کی ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کو بڑھاوا دینے نیز یہاں کے ادیبوں کو تربیت کرنے کے مشن کے ساتھ آئے تھے۔ کشمیر آنے کی وجہ شاید یہاں کی اردو دوستی تھی۔ وہ یہاں کے ادیبوں کو گوشہ گمنامی سے نکال کر منظر عام پر لانے کا ارادہ کر چکے تھے۔ کچھ عرصہ بعد انھوں نے مخمور حسین بدخشی کے افسانوں کا مجموعہ ''تیم کمل مسکاتے'' اور شاعر قاضی غلام محمد کا مجموعہ کلام ادارہ ادبیات اردو سے چھپوایا۔ ''تیل کمل مسکاتے'' کا دیباچہ خود محی الدین قادری زورؔ نے تحریر کیا۔ وہ چاہتے تھے کہ کشمیر کے قابل قدر شعرا اور ادبا کی کتابوں کو ادارے کی طرف سے شائع کرایا جائے۔

قیام کشمیر کے دوران ہی ادب کے فروغ کے لیے ایک جامع اسکیم بنائی اور اسے ''اردو اکادمی'' کا نام دیا۔ لیکن یہاں پہلے ہی سے ''کلچرل اکادمی'' کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ جس کے اغراض و مقاصد کے دائرے میں ''اردو اکادمی'' کے مقاصد بھی تھے۔ اس بنا پر یہ اسکیم آگے نہ بڑھ سکی۔ کچھ عرصہ بعد انھیں کلچرل اکادمی کی مرکزی

کمیٹی کا ممبر بنایا گیا۔انھوں نے کشمیر کی ادبی اور تمدنی تاریخ کا مطالعہ کیا۔کئی مضامین لکھے۔شاعری کی اور سری نگر کے اطراف واکناف میں فارسی اور اردو کے شعرا کے مزاروں کی کھوج لگاتے رہے۔''قصہ شعرائے سری نگر'' کے موضوع پر ایک مضمون لکھا جو اخبار ''تعمیر'' میں چھپا تھا۔اسی دوران انھیں کشمیری زبان سے لگاؤ پیدا ہوا۔اس لیے کشمیری ادبا،شعرا،ناقدین کی حوصلہ افزائی بھی کرتے رہے۔انھیں کشمیر کی ہر چیز میں ایک بے پناہ حسن نظر آتا تھا۔ وہ کشمیر کے باغات اور وادیوں میں گھومتے اور محظوظ ہوتے تھےلیکن عمر نے بہت دیر تک وفا نہ کی۔

محی الدین قادری زورؔ ایک محقق کی حیثیت سے اردو تحقیق کے میدان میں بلند مقام رکھتے ہیں۔اپنی زندگی کا بیشتر حصہ انھوں نے تحقیقی کاموں میں صرف کیا اور تحقیقی میدان کو وسعت دے کر آنے والی نسل کے لیے راہ ہموار کی۔ان کی تحقیق کے مختلف میدان ہیں۔لیکن انھوں نے دکنی ادب کی تحقیق کو اپنے اوپر لازم کرلیا تھا۔ان کی تحقیقی کاوشوں میں اردو شہ پارے،حیات محمد قلی قطب شاہ،حیات مومن،دکنی ادب کی تاریخ،کلیات محمد قلی کی تدوین،داستان ادب حیدرآباد،حیدرآباد فرخندہ بنیاد اور دکنی مخطوطات کی توضیحاتی فہرستوں کی ترتیب وغیرہ خالص تحقیقاتی کام ہیں۔انھوں نے خصوصی طور پر دکنی ادب پر توجہ کی۔بہت سارے مخطوطات جمع کر کے اپنی تحقیق کے ذریعے دکنی تہذیب وتمدن کے گوشوں کو منور کیا اور دکنی شعرا اور ادیبوں کو گوشہ گمنامی سے نکال کر ان کی عظمت کا سکہ سارے ہندستان پر بٹھا دیا۔

پروفیسر محی الدین قادری زورؔ ایک کثیر الجہات شخصیت کے مالک تھے۔ان کے قلمی فتوحات ادب کی تمام اصناف میں رہیں۔تحقیق،تنقید،سوانح،تدوین،لسانیات،دکنیات،غالبیات،اقبالیات،صحافت،شاعری اور افسانہ نگاری غرض کہ ان کی ذہنی وفکری کاوشیں ہمہ رنگ کی ہیں۔لیکن واقعہ یہ ہے کہ ان کی اصل شناخت تو دکنی زبان وادب کے محقق کی حیثیت سے ہے۔دکنیات کی تحقیق میں ان کے کارنامے سمت ساز کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تب ہی انہیں دکنی تحقیق کا سالار کارواں بھی کہا گیا۔ان کی تحقیقات کی بدولت اردو زبان کے دامن میں گراں مایہ تحقیقی سرمایے کا اضافہ ہوا اور بے شمار تحقیق کے سراغ دستیاب ہوئے اور کئی نئے باب سامنے آئے۔

محی الدین قادری زورؔ نہ صرف علمی وادبی کارناموں کے پابند رہے تھے بلکہ سینکڑوں طلبا نے ان کی شاگردی میں اپنی علم کی پیاس بجھائی تھی۔دوسری طرف وہ کئی علمی وادبی تحقیقی اداروں کے سرگرم کارکن تھے۔وہ اردو کے ایسے عاشق تھے جو ہر طرح سے اردو زبان وادب کی ترقی کے لیے ساری زندگی سرگرداں رہے۔اردو زبان وادب خصوصاً دکنیات سے ان کے عشق کی یادگار ادارہ ادبیات اردو کا قیام ہے جو دکنی زبان اور تہذیب کا

ایک اہم مرکز ہے۔ سید فرحت الاکرام محی الدین قادری زورؔ کی شخصیت کے بارے میں لکھتے ہیں:

''انہوں نے (ڈاکٹر زورؔ) اپنی منصبی مصروفیات کے متوازی مضامین اور کتابیں لکھتے دکنی ادب پر تحقیق کرنے، مخطوطات حاصل کرنے، انہیں مرتب کرنے دوسروں سے مضامین اور کتابیں لکھوانے، ادارہ ادبیات اردو کی بنیاد ڈالنے اور سب رس کو فروغ دے کر ایک ادبی اور علمی جریدے کے سانچے میں ڈھالنے نیز پے در پے مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ کر کے ''ایوان اردو'' کا سنگ رکھنے اور اس کی تعمیر کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے جو کارنامے انجام دیے ان کے پیش نظر یہ تسلیم کرنا اور کہنا پڑتا ہے کہ زورؔ نے اردو کے لیے صرف شاعرانہ الفاظ میں نہیں بلکہ حقیقی معنوں میں اپنا لوہا منوا دیا ہے۔''2؎

محی الدین قادری زورؔ پہلی بار کشمیر مئی 1958 میں جشن کشمیر کے سلسلے میں سری نگر آئے تھے۔ انھوں نے ایس۔ پی کالج ہال میں ایک بصیرت افروز مقالہ ابوالکلام آزادؔ سمینار میں پڑا تھا۔ ان کی کثیر التصانیف ہیں۔ ذیل میں ان کی تصانیف کا ذکر کیا جائے گا۔

1۔تنقیدی تصانیف

روح تنقید (1925)ء، تنقیدی مقالات (1927)، تین شاعر، روح غالب، ادبی تاثرات۔

2۔تاریخ ادب پر تصانیف

اردو شہ پارے، اردو کے اسالیب بیان، عہد عثمانی میں اردو کی ترقی، فن انشا پردازی، داستان ادب حیدر آباد، حیدر آباد فرخندہ بنیاد، محمود غزنوی کی بزم ادب۔

3۔سوانح عمریاں

حیات سلطان قلی قطب شاہ، میر محمد مومن، سرگزشت غالبؔ، سرگزشت حاتمؔ، گارستاں دتاسی

4۔ادبی تحقیقی تصانیف

تذکرہ گلزار ابراہیم، دیوان زادہ حاتمؔ، وقعِ محسن جلد اول و دوم، متاع سخن، بادہ سخن، فیض سخن، رمز سخن، مکتوبات شاد عظیم آبادی، شادؔ و اقبالؔ، ابراہیم نامہ، ارشاد نامہ، کلیات محمد قلی قطب شاہ، نذر محمد قلی قطب شاہ، معانی سخن، تذکرہ نوادر، ایوان اردو، سوغات ایوان اردو، تذکرہ مخطوطات اردو حصہ اول تا جلد پنجم، مثنوی طالبؔ و موہنیؔ۔

5۔لسانیات کے متعلق کتابیں

ہندوستانی لسانیات، ہندوستانی صورت (انگریزی)، لسانیاتی مضامین، مجموعہ

6۔ ناول اور افسانے

طلسم تقدیر، تازیانہ، سیر گولکنڈہ، گولکنڈے کے ہیرے، باغ بہار

محی الدین قادری زورؔ کو اپنی گراں قدر تصانیف کی وجہ سے جو شہرت ملی اس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔ اگر وہ صرف روح تنقید یا اردو شہ پارے کے مصنف ہی ہوتے تب بھی ان کا نام اردو کے اچھے ادیبوں کی فہرست میں لکھنے کے قابل تھا۔ کشمیر کے چودہ مہینوں میں انھوں نے کوئی مکمل تحقیقی تصنیف نہیں لکھی۔

## پروفیسر عبدالقادر سروری

پروفیسر عبدالقادر سروریؔ ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ وہ بیک وقت محقق، نقاد، مورخ، ماہر لسانیات، ماہر دکنیات، ماہر زبان، ماہر فن افسانہ نگار، مترجم اور ایک بہترین استاد رہ چکے ہیں۔ انھوں نے اردو زبان و ادب کا کوئی گوشہ تشنہ نہیں رکھا۔ اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر زبان و ادب کے ہر گوشے میں اپنے نقش چھوڑے ہیں۔

عبدالقادر سروریؔ کی ولادت 29/اگست 1906 کو حیدر آباد میں ہوئی۔ ان کے والد حاجی سرور اور دادا محمد جعفر تھے۔ ان کے اجداد کا تعلق کشمیر سے ہی تھا۔ ان کا خاندان عرب سے کشمیر، کشمیر سے دہلی، دہلی سے دکن آ کر بس گیا تھا۔ اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے عبدالقادر سروری لکھتے ہیں:

> ''دادا حضرت محمد جعفر قبلہ قدہ سرہ ایک تارک الدنیا باخدا بزرگ تھے، جن کے اجداد میں ایک بزرگ حضرت سرسر سلطان قدس کشمیر سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے اسلاف عرب سے کشمیر ہوتے ہوئے دہلی آ گئے تھے، بعد میں ان کی اولاد عالمگیر کے عہد میں دکن آئی۔ عالمگیر کے عہد سے اس خاندان کے افراد دکن ہی میں رہ گئے۔''[3]

عبدالقادر سروری نے عربی و فارسی کی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ ابتدائی تعلیم مدرسہ مفید اران میں ہوئی۔ بعد میں مدرسہ مفید الانام میں شریک ہوئے اور انگریزی تعلیم حاصل کی اور 1920ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ 1923ء میں جامعہ عثمانیہ سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔ پھر 1925 میں بی۔ اے اور ایم اے 1927 میں امتیازی نمبروں سے کامیاب کرلیا۔ ساتھ ہی ایل۔ ایل۔ بی کی تعلیم بھی جاری رکھی اور قانون کی ڈگری بھی درجہ اول میں حاصل کی۔ ''پوسٹ گریجویشن اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ'' سے لسانیات پر تحقیق اور ڈپلومہ

حاصل کیا۔ فارسی کے لیکچرر کی حیثیت سے 1927 میں تعینات ہوئے۔ اس کے فوراً بعد اردو کے لیکچرر کی حیثیت سے جامعہ عثمانیہ شعبۂ اردو سے منسلک ہوئے۔ 1942 سے 1948 تک مہاراجہ کالج میسور یونی ورسٹی میں بہ حیثیت صدر شعبۂ اردو، فارسی، ہندی اور عربی کے کارگزار رہے۔ یہاں سے 1948 میں واپس آکر جامعہ عثمانیہ میں شعبۂ اردو سے جڑے رہے اور 1952 میں پروفیسر کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اسی عہدے سے 1961 میں سبکدوش ہوئے۔ لیکن یو۔ جی۔ سی کی اسکیم کے تحت اعزازی پروفیسر کی حیثیت سے پھر سے تقرری عمل میں آئی۔ چناں چہ جولائی 1962 تا جنوری 1963 اعزازی پروفیسر کی خدمات انجام دیتے رہے۔ 1963 میں یو۔ جی۔ سی نے ہی جموں وکشمیر یونی ورسٹی میں صدر شعبۂ اردو و فارسی کی حیثیت سے فائز کیا۔ اس طرح 1963 میں کشمیر منتقل ہوئے اور وہیں صدر شعبۂ اردو و فارسی اور ڈین فیکلٹی آف اورینٹل لینگویجز کی حیثیتوں سے خدمت کرتے رہے۔ 1971 میں ان کا انتقال سری نگر کشمیر میں ہی ہوا اور جواہر نگر میں پیوند خاک کر دیے گئے۔

عبدالقادر سروری کا شمار دکن کی ان ممتاز اور باعمل شخصیتوں میں ہوتا ہے جنھوں نے ساری زندگی درس و تدریس کے ساتھ ساتھ اس زبان وادب کی بے انتہا خدمت کی۔ یہ خدمت نہ صرف علمی وادبی حیثیتوں کی رہی بلکہ ان کی شخصیت کی پہچان تنظیمی صلاحیتوں میں بھی ابھر کر سامنے آتی ہے۔ وہ کئی ایک انجمنوں واداروں سے منسلک تھے۔ جن میں مکتبہ ابراہیمیہ، ادارہ ادبیات اردو، تحقیقات اردو قابل ذکر ہیں۔ مکتبہ ابراہیمیہ کی کارگزاریاں عبدالقادر سروری کی رہین منت ہیں۔ اس ادارے کا اہم آرگن ''مکتبہ'' کا اجرا تھا۔ جو عبدالقادر سرورؔی کی ادارت میں نکلتا تھا۔ اس انجمن اور اس رسالے نے حیدرآباد میں نہ صرف افسانہ نگاری اور تحقیق کا ذوق پیدا کیا تھا بلکہ ان کو ایک تحریک کی شکل بھی دی تھی۔

ادارہ ادبیات اردو کے قیام اور اس کی بہترین کارکردگی میں عبدالقادر سرورؔی کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ''ادارہ تحقیقات'' کو انھوں نے ہی شروع کیا تھا۔ وہ ہی اس کے صدر بھی تھے۔ یہ ادارہ ان کی قیام گاہ میں قائم ہوا تھا۔ انھیں کتابوں کے مطالعہ کا بہت شوق تھا۔ ان کے پاس کئی ایک کتاب جمع ہوگئیں تھیں۔ اس لیے انھوں نے ان کتابوں کو دوسروں کے استفادہ کے لیے ایک کتب خانے کی شکل دے دی تھی۔ جو بعد میں تحقیقاتی ذوق کی آبیاری کے لیے ایک تحقیقاتی ادارے میں تبدیل ہوگیا۔ کیوں کہ اس کتب خانے میں ڈھیروں مخطوطات جمع ہوگئے تھے۔ عبدالقادر سرورؔی چاہتے تھے کہ ان مخطوطات کی فہرست بھی مرتب کر دی جائے تاکہ اس فہرست سے استفادہ کر کے قدیم ادب پر کام کرنے والوں کو سہولیت ہو سکے۔

عبدالقادر سروری نے ابتدا میں افسانے کے موضوع پر قلم اٹھایا۔ دوران تعلیم ہی انھوں نے اِفسانہ نگاری کے فن اور اصول وضوابط پر ایک کتاب تخلیق کی۔ جو ''دنیائے افسانہ'' کے نام سے 1927 میں منظر عام پر آئی۔ اردو میں فن افسانہ نگاری پر یہ پہلی کتاب ہے۔ اس سے پہلے اس موضوع پر کوئی جامع کتاب نہیں لکھی گئی تھیں۔ افسانہ نگاری پر ان کی دوسری کتاب ''کردار اور افسانہ'' 1929 میں شائع ہوئی۔ اس کتاب میں کردار نگاری اور مشہور افسانوں کے کرداروں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ عبدالقادر سروری نے ''دنیا کے شہکار افسانے'' کے نام سے ایک سلسلہ شروع کیا تھا۔ جس میں چودہ زبانوں کے افسانوں کا ترجمہ شامل تھا۔ لیکن صرف چار زبانوں کا ترجمہ عمل میں آیا۔ جن میں قدیم چینی افسانے 1930، جاپانی افسانے 1930، انگریزی افسانے 1931ء اور فرانسیسی افسانے 1932 شامل ہیں۔ ان افسانوں کو ان کے شاگردوں نے ترجمہ کیا تھا۔ اور عبدالقادر سروری نے اپنی نگرانی میں انھیں ''مکتبہ ابراہیمیہ'' سے شائع کیا۔ انھوں نے 1958 میں اردو کی ادبی تاریخ، شاہ سراج کی اردو شاعری، سراج اور ان کی شاعری، پھول بن مرتب 1940، قصہ بے نظیر مرتب 1940، مراۃ الاسرار مرتب 1944، مہتاب سخن مرتب 1945 اور بوستان خیال 1969 جیسی کتابوں سے اردو ادب کے خزینے میں اضافہ کیا۔

عبدالقادر سروری کا تدوین متن کے سلسلے میں ایک بڑا کارنامہ مثنوی ''بوستان خیال'' کی تدوین ہے۔ قیام کشمیر کے دوران انھوں نے ''کشمیر کے دو ادیب' منشی ہر گوپال خستہ اور پنڈت سالک رام کول'' اور ''مہاراجہ رنبیر سنگھ اور ان کا دارالترجمہ'' کے نام سے مزید دو کتابیں لکھی ہیں۔ ان کا قلم ادبی تحقیق کے میدان سے ہٹ کر دوسرے میدانوں میں بھی جولانیاں دکھائی ہیں۔ انھوں نے لسانیات کو بھی اپنی تحقیق کا موضوع بنایا۔ ''زبان اور علم زبان'' لسانیاتی تحقیق کی شہکار کتاب مانی جاتی ہے۔ مبادیات لسانیات پر یہ پہلی کتاب تھی۔ اس کے علاوہ لسانیات پر ان کے کئی اہم مضامین بھی رسالوں میں چھپ چکے ہیں۔ ان کی ایک اور اہم کتاب ''جدید اردو شاعری'' ہے جو تنقید کے اعتبار سے اہمیت رکھتی ہے۔ اردو زبان میں وضاحتی فہرست لکھنے کی باقاعدہ کوشش عبدالقادر سروری ہی نے کی۔ انھوں نے جامعہ عثمانیہ میں موجود مخطوطات کو وضاحتوں کے ساتھ مرتب کیا۔ انھوں نے بڑی کوشش اور اس وقت کے دستیاب مواد اور حوالوں کی مدد سے یہ فہرست مرتب کی تھی۔ بعد کی تحقیق نے اس کی بہت ساری معلومات کو مسترد بھی کیا۔ اس لیے کہ بعد میں مختلف کتب خانوں کی فہرستیں شائع ہوئیں اور بے شمار قدیم ادبی شہ پارے منظر عام پر آئے۔ چوں کہ اردو میں فہرست سازی کی یہ بالکل پہلی کوشش تھی جس میں یقیناً

کافی محنت اور بصیرت کی ضرورت در آئی ہوگئی۔اس لیے عبدالقادر سروری کی یہ کوشش قابل ستائش ہے۔کیوں کہ انھوں نے ہی اردو میں وضاحتی فہرست کی داغ بیل ڈالی جس نے بعد میں ایک فن کی شکل اختیار کی۔

عبدالقادر سرورؔی نے اردو زبان و ادب کے ہر گوشے کو ضبط تحریر میں لایا۔تحقیق،تنقید،تاریخ،ادب،ترجمہ،افسانہ نگاری یا فن افسانہ،لسانیات،دکنیات،تدوین غرض کہ اردو زبان وادب کا ہر گوشہ ان کی تحریروں سے منور ہے۔ان کے لیے ہم کسی ایک گوشے کو مختص نہیں کر سکتے ہیں۔ان کی اس ادب نواز شخصیت کا اندازہ ہمیں درج ذیل اقتباس سے ہوسکتا ہے:

> ’’اردو ادب اور اردو زبان کا کوئی گوشہ ایسا نہ تھا۔جہاں ان کی نظر نہ گئی ہو اور جس پر ان کا قلم نہ اٹھا ہو۔ان کی پوری علمی وادبی زندگی سعی پیہم کی ایک زندہ مثال تھی۔مرتے دم تک انھوں نے اپنی علمی مصروفیات کو بہتر طور پر جاری رکھا اور ان کے سارے علمی ادبی کارنامے تحقیق و تلخیص و ترتیب ہر اعتبار سے اپنے اندر ایک انفرادیت رکھتے ہیں۔‘‘[4]

کشمیر کے دو ادیب_ دو بھائی:

عبدالقادر سرورؔی کی مذکورہ کتاب 1965 میں مجلس تحقیقات اردو حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی۔یہ کتاب انھوں نے سری نگر میں تحریر کی ہے۔اس میں کشمیر کے مشہور ادیب پنڈت ہر گوپال کول خستہؔ اور پنڈت سالک رام کول سالک کے بارے میں معلومات پہنچائی گئی ہے۔انھوں نے اس میں ان دونوں بھائیوں کے عہد اور اجداد کے بارے میں لکھا ہے۔اس کتاب کے عنوانات یوں ہیں۔عہد،اجداد،پنڈت ہر گوپال کول خستہؔ کی حیات اور ان کی تصانیف کا جائزہ،پنڈت سالک رام کول سالکؔ کی حیات اور ان کی تصانیف اور شاعری ہیں۔ان دونوں بھائیوں نے کشمیر کی سیاسی،سماجی،تعلیمی اور ادبی زندگی میں ایک نمایاں مقام پیدا کر دیا تھا۔نیز پنڈت ہر گوپال کول خستہؔ کی کچھ تصانیف چھپ چکی ہیں۔لیکن اب سوائے ’’گلدستۂ کشمیر‘‘ کے کسی اور تصنیف کے نسخے نہیں ملتے۔ان کی صرف ایک تصنیف ’’گلزار فوائد‘‘ کا ایک مخطوطہ ریسرچ لائبریری سری نگر میں محفوظ ہے۔عبدالقادر سرورؔی نے پنڈت خستہؔ کی دو منظوم کتابیں ’’گوپال نامہ‘‘ اور ’’نرسنگھ اوتار‘‘ کو دریافت کیا۔’’گوپال نامہ‘‘ کے بارے میں عبدالقادر سرورؔی لکھتے ہیں کہ یہ مثنوی دو سو پچاس صفحات پر مشتمل تھی اور اس کی تکمیل قلعہ باہو میں نظر بندی کے زمانے میں ہوئی تھی۔انھوں نے ان کی حیات اور منظوم کلام کے بارے میں بھی معلومات پہنچائی ہے۔ان کی تحقیق

کے مطابق پنڈت خستہؔ نے اپنا تخلص غالبؔ کے چہیتے شاگرد ہرگوپال تفتہؔ کے بمقابل اختیار کیا ہوگا۔ کیوں کہ پنڈت ہرگوپال کول خستہؔ حالیؔ اور شبلیؔ کے معاصر تھے۔

پنڈت سالک رام سالکؔ کے بارے میں مواد تو ہے لیکن وہ سارا بکھرا پڑا ہے۔ عبدالقادر سروریؔ نے پنڈت سالک رام سالکؔ کے پوتے پنڈت پُشکر ناتھ وکیل سے پنڈت سالک رام سالکؔ کا بہت سارا مواد حاصل کیا۔ عبدالقادر سروریؔ لکھتے ہیں:

> ''ان کاغذات میں پنڈت سالک رام کی وکالت کی ڈائریاں تھیں۔ جن میں جگہ جگہ نہایت پھیکی روشنائی میں اشعار درج تھے، جن کا پڑھنا نہایت دقت طلب تھا، بعض اشعار پنسل سے لکھے گئے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اندھیرے میں لکھے گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے حروف پر حروف، لفظوں پر لفظ اور سطروں پر سطریں چڑھ گئی ہیں۔ ان میں غزلوں اور نظموں کا دیوان تھا۔ ''مثنوی سندر بون''، تھی، جس کے کم سے کم ڈیڑھ سو اشعار قطعاً پڑھے نہیں جاسکتے تھے، ان کی نامکمل داستان اور نثری انشائیوں کا مجموعہ اور ان کی مراسلت کی فائلیں شامل تھیں۔''5

مذکورہ اقتباس کے مواد سے ہی عبدالقادر سروریؔ نے پنڈت سالک رام سالکؔ کی حیات اور ان کے خاندان کے بارے میں تفصیلات فراہم کی ہیں۔ اس کے علاوہ انھوں نے پنڈت سالکؔ کے دوسرے فرزند پنڈت شمبھوناتھ کول ناظرؔ کی کچھ تصانیف کا بھی ذکر کیا ہے اور پھر ان کے اور دو فرزندوں پنڈت پوشکر ناتھ کول وکیل اور پنڈت پیارے لال کول وکیل کے بارے میں بھی تفصیلات اس کتاب میں شامل کردی گئی ہیں۔ عبدالقادر سروریؔ نے اس کتاب میں پنڈت سالکؔ کی دو تصانیف ''مثنوی سندر بون'' اور ان کے انشائیوں ''مناظر کشمیر'' یا (گنجینۂ فطرت) کو بھی سر عام کردیا ہے، جو گرد آلودہ ہوگئی تھی۔ ان کی یہ کتاب اردو ادب میں خاص کر جموں و کشمیر کے اردو ادب میں اضافہ سے کم نہیں ہے۔ انھوں نے سالک رام سالک کے رسالوں کی نشان دہی بھی کی جو انھوں نے سماجی اور سیاسی بیداری کے لیے نکالے تھے۔ اس کتاب میں عبدالقادر سروریؔ نے سالک رام سالک کے خطوط کا بھی ذکر کرتے ہوئے ان کے بعض اقتباس بھی نقل کئے ہیں۔ عبدالقادر سروریؔ کے مطابق پنڈت سالک رام سالک نے تین مثنویوں کے علاوہ اشعار، قطعے، تاریخیں اور غزلیں منتشر اوراق پر لکھی اور بعض اوقات نہایت بے ترتیبی سے لکھی۔ ان کے پیشہ کی ڈائریوں میں دعوت ناموں یا اشتہاروں کی پشت پر اور دوسرے

کاغذات پر درج اتنی تعداد میں ملتی ہیں کہ ان کا پڑھنا اوران کو کسی ترتیب سے جمع کرنا ایک نہایت صبر آزما کام ہے۔

**کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ:**

عبدالقادر سرورؔی کی یہ کتاب 1968 میں مجلس تحقیقات اردو سری نگر کشمیر سے شائع ہوئی ہے۔ جہاں تک فارسی زبان کی بات ہے یہ کشمیر سے خاص ربط رکھتی ہے۔ یہاں کی علمی وادبی زندگی پر فارسی کا اثر بہت پرانا اور پر اثر بھی ہے۔ عبدالقادر سرورؔی نے اس کتاب میں فارسی زبان کی تاریخ وترویج اور کشمیر کا جائزہ پیش کیا ہے۔ عبدالقادر سرورؔی لکھتے ہیں کہ شہ میری سلاطین کے دور سے ہی صوفیائے کرام اور علمانے یہاں عربی وفارسی زبانوں میں لکھنا شروع کیا۔ تاہم کچھ شاعر بھی منظر عام پر آئے جن میں قطب الدین اور زین العابدین قابل ذکر ہیں۔ اسی طرح چک سلاطین میں یوسف شاہ چک بھی فارسی کے اچھا شاعر تھے۔ اسی طرح مغلیہ عہد میں فارسی ادب سے مذہب اور تصوف کے اثرات بڑھنے لگے۔ لیکن شعروسخن کا ذوق بڑھنے لگا جس سے فاؔنی، غنؔی، خوش دلؔ جیسے سخن ور وجود میں آئے۔ افغان حکومت اور سرداروں کے زمانے اور سکھوں کے ظلم وتشدد کے اطوار کے باوجود فارسی علم و ادب کو فروغ حاصل ہوتا رہا۔ پھر لکھتے ہیں کہ سکھوں کے عہد میں فارسی داں پنڈتوں کی سرپرستی کی جانے لگی، اسی لیے کشمیری پنڈت ذوق وشوق سے فارسی کی طرف بڑھنے لگے۔ یہ سلسلہ ڈوگرہ حکومت تک جاری رہا۔ عہد حاضر میں بھی کشمیر میں چند سربرآوردہ شعرا سے خالی نہیں ہے۔

عبدالقادر سرورؔی نے آغاز سے لے کر دور حاضر تک کشمیر کے فارسی ادب پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ کشمیر میں فارسی ادب کی ترقی وترویج، آغاز وارتقا اور علمائے شعروسخن کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی ہیں۔ زیر بحث کتاب میں انھوں نے کشمیر کا تاریخی پس منظر، آغاز سخن، شہ میری سلاطین کا ابتدائی عہد، سید زین العابدین تا حبیب شاہ کے عہد تک، چک سلاطین کا عہد، کشمیر کا مغل عہد، عہد شاہ جہاں کا عروج، اورنگ زیب اور اس کے بعد افغان عہد سلاطین، سکھوں کا دور، ڈوگرا عہد، موجودہ دور جیسے عنوانات پر مفصل روشنی ڈالی ہے۔

**بوستان خیال (سید شاہ سراج الدین اورنگ آبادی):**

''مثنوی بوستان خیال'' کو عبدالقادر سرورؔی نے 1969 میں مرتب کیا ہے۔ یہ کتاب 118 صفحات پر مشتمل ہے۔ موصوف نے اسے اپنے مقدمے کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ یہ ان کا تدوینی کام ہے۔ مقدمہ میں انھوں نے دکن کی تاریخ کے آغاز پر روشنی ڈالی ہے۔ اس کے بعد انھوں نے شمال وجنوب کے شعرا کے بارے میں

سرسری گفتگو کی ہے۔مقدمہ میں انھوں نے سراؔج اورنگ آبادی اوران کے معاصرین کی سخن سنجیوں کی نشان دہی بھی کی ہے۔اس کے بعد سراؔج اورنگ آبادی کی حیات اورادبی زندگی پر روشنی ڈالی ہے۔سراؔج کے شاگردوں کے نام بھی عبدالقادر سروریؔ نے مقدمے میں تحریر کیے ہیں اور پھر مثنوی بوستان خیال کے بارے میں گفتگو کی ہے۔ انھوں نے اس مثنوی کا خلاصہ بھی بیان کیا ہے۔وجہ تصنیف کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ ان کا اپنی زندگی کا قصہ ہے جوانھوں نے قلم بند کیا ہے۔اس مثنوی کے نسخوں کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ان نسخوں میں اشعار کی تعداد میں کمی یا زیادتی ملتی ہے۔جن نسخوں کی مدد سے عبدالقادر سروریؔ نے مثنوی ''بوستان خیال'' مرتب کی۔ان میں نسخہ پروفیسر حسین علی خاں مرحوم، جس کو حاشیہ میں (ح) کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔دوسرا نسخہ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ ہے جس کو نسخہ (ب) سے موسوم کیا گیا ہے۔تیسرا نسخہ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد ہے اس کو نسخہ (و) کا نام دیا گیا ہے۔ چوتھا نسخہ مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کے کتب خانے کا ہے اس کو (د) کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ان چار مخطوطوں سے عبدالقادر سروریؔ نے استفادہ کر کے اس کتاب کو مرتب کیا ہے۔

**اردو کی ادبی تاریخ:**

عبدالقادر سروریؔ کی یہ کتاب پہلی بار 1958 میں شائع ہوئی ہے۔اس کتاب پر انھوں نے 1970 میں نظر ثانی کی تھی اور پھر یہ کتاب دوبارہ شیخ محمد عثمان اینڈ سنز تاجران کتب فتح کدل، سری نگر کشمیر سے 1975 میں ان کے انتقال کے چار سال بعد شائع ہوئی۔

**اردو مثنوی کا ارتقا:**

عبدالقادر سروریؔ کی یہ کتاب پہلی بار 1939 میں شائع ہوئی ہے۔اس کا دوسرا ایڈیشن انھوں نے نظر ثانی اور مزید اضافوں کے ساتھ 1968 میں شائع کیا۔اس کتاب میں دستیاب طبع اول اور دیباچہ طبع دوم دونوں موجود ہیں۔اس کتاب میں اردو مثنوی کی ابتدا سے لے کر ترقی وترویج اوراس کی تبدیلیوں کی مختصر تنقیدی تاریخ پیش کی گئی ہے۔ہر عہد کے عام رجحانوں اور خصوصیتوں پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔اس کتاب میں مثنوی کے اولین نمونے سے لے کر جدید مثنویوں تک کا ذکر کیا گیا ہے۔ابتدا سے لے کر دور جدید تک اردو مثنوی کی زبان اور انداز بیان کی جو تبدیلیاں ہوئی ہیں ان کی پوری تفصیل اس کتاب میں بیان کی گئی ہے۔

**کشمیر میں اردو:**

عبدالقادر سروری کی یہ کتاب تین بار شائع ہوئی ہیں۔ یہ کتاب تین جلدوں پر مشتمل ہے۔اس کے تقریباً

بارہ سو صفحات ہیں۔ اس کتاب کو کلچرل اکادمی سری نگر نے تینوں بار شائع کیا ہے۔ اس کتاب کی پہلی جلد کی اشاعت 1981 میں، دوسری جلد کی اشاعت 1982 میں اور تیسری جلد کی اشاعت 1984 میں ہوئی ہے۔ یہ کتاب دوسری بار 1993 میں شائع ہوئی ہے۔ 2014 کا سیلابی طوفان اسے بھی لے ڈوبا جس کی وجہ سے یہ کتاب نایاب ہوگئی اور پھر اس کی ضرورت کے پیش نظر 2016 میں کلچرل اکادمی نے اسے تیسری بار شائع کیا۔ عبدالقادر سروری کی یہ کتاب جموں وکشمیر کے حوالے سے بڑی اہمیت وافادیت کی حامل ہے۔ انھوں نے کئی سال صرف کرکے اس کتاب کے لیے مواد جمع کرکے 1970 میں اس کا مکمل مسودہ تیار کیا تھا۔ لیکن جب مسودے کو کتابی شکل دینے کی نوبت آئی تو ان کا انتقال ہوگیا۔ جس کے باعث مسودے کی اشاعت تاخیر کی شکار ہوگئی۔ کتاب کی نظر ثانی کے متعلق کتاب کے حرف آغاز میں محمد یوسف ٹینگ لکھتے ہیں:

> ''چناں چہ اس جلد کے مختلف حصوں کی نظر ثانی کے سلسلے میں پروفیسر محی الدین حاجنی، ڈاکٹر شمس الدین احمد، ڈاکٹر حامدی کاشمیری، قاضی غلام محمد صاحب، پروفیسر سیوا سنگھ، راقم الحروف اور شری جتندر شرما سے رجوع کیا اور جہاں جہاں واقعاتی غلطیاں نظر آئیں یا جن مقامات پر بہتر معلومات حاصل ہوئیں۔ انہیں سروری صاحب کے اصل مسودے کے متن سے چھیڑ چھاڑ کرنے کے بغیر حاشیوں کی صورت میں پیش کردیا۔'' 6

اس کتاب کی تدوین وترتیب کی ذمہ داری محمد یوسف ٹینگ نے نبھائی ہے۔ انھوں نے حواشی میں غلط بیانی کا ازالہ بھی کیا ہے۔ جو باتیں وضاحت طلب تھیں ان کی وضاحت بھی کی ہے۔ عبدالقادر سروری کی یہ تصنیف جموں وکشمیر میں اردو ادب کے آغاز وارتقا کی تاریخ بھی ہے اور ادیبوں اور شاعروں کا تذکرہ بھی۔ جموں وکشمیر کے شاعروں ونثر نگاروں، عالموں اور صحافیوں کے کارناموں کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ بھی ہے۔ اس کتاب کی اہمیت و افادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جموں وکشمیر میں اردو زبان وادب کے آغاز وارتقا کے موضوع پر آج بھی اس سے بہتر اور جامع تحقیقی تصنیف کوئی دوسری نہیں ملتی۔ اگرچہ حبیب کیفوی نے بھی ایک کتاب ''کشمیر میں اردو'' کے نام سے لکھی تھی۔ جو لاہور سے 1979 میں شائع ہوئی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ حبیب کیفوی کی مذکورہ تصنیف بھی بے حد اہم ہے لیکن اس کتاب کو عبدالقادر سروری کی کتاب پر فوقیت نہیں دی جاسکتی۔ کیوں کہ حبیب کیفوی کی کتاب میں وہ تحقیقی گہرائی نہیں ہے جو عبدالقادر سروری کی کتاب میں ملتی ہے۔ حبیب کیفوی کی

کتاب میں پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کے ادیبوں کے بارے میں معلومات درج کی گئی ہیں۔ جب کہ ہندستان کے زیر انتظام کشمیر کے ادیبوں اور شاعروں کی حالات زندگی، تصنیفات وغیرہ کا سرسری جائزہ لیا گیا ہے۔ جس کا اندازہ محمد یوسف ٹینگ کی درج ذیل عبارت سے لگایا جاسکتا ہے:

> ''۔۔۔کتاب کے مطالعے کے بعد یہ بات روشن ہو جاتی ہے کہ اصل کنٹرول لکیر کے اس پار اردو کے کوائف کے متعلق کیفوی صاحب کے بیانات محل نظر اور بہت سی صورتوں میں تسامح سے بھرپور ہیں۔ مثلاً ہماری کلچرل اکاڈمی سے ہی متعلق ان کا یہ بیان کہ یہ اکاڈمی جواہر لال یونی ورسٹی کی ایک ذیلی شاخ کس قدر بعید از حقیقت ہے۔'' 7

مذکورہ اقتباس سے عبدالقادر سروری کی کتاب کی ادبی اہمیت کا اندازہ بخوبی ہوسکتا ہے۔ اس طرح کی اور بھی غلطیاں حبیب کیفوی کی کتاب میں موجود ہیں۔ عبدالقادر سروری کی یہ کتاب موضوع اور تحقیق کے اعتبار سے سب سے بہتر کتاب ہے اور کشمیر میں اردو زبان وادب کے ابتدائی آثار سے لے کر بیسویں صدی کے وسط تک کشمیر میں اردو شاعری، صحافت، افسانہ، ناول، انشائیہ وغیرہ کی صورت حال کا نہ صرف تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ بلکہ 1947 کے بعد کشمیر میں قائم ہونے والے ادبی وعلمی اداروں اور اردو میں مختلف ادبی تحریکات و رجحانات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ عبدالقادر سروری کی یہ تصنیف آج بھی جموں وکشمیر میں اردو زبان وادب کی ایک مستند تاریخ اور تذکرہ ہونے کے ساتھ ساتھ تحقیق کی اعلا نمونے کی ایک عمدہ مثال ہے۔

عبدالقادر سروری کی زیر بحث کتاب تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ پہلی جلد میں جموں وکشمیر کا پس منظر بیان کیا گیا ہے۔ راقم نے 2016 کے ایڈیشن کا مطالعہ کیا ہے۔ اس میں یہاں کی سماجی، تہذیبی اور لسانی پس منظر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ اختصار کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ یہ جلد 235 صفحات پر محیط ہے۔ اس میں جموں وکشمیر کی مختلف زبانوں اور بولیوں کا ایک قابل قدر تحقیقی وتاریخی جائزہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ اس جلد میں ''حرف آغاز'' کے نام سے محمد یوسف ٹینگ کا ایک مختصر لیکن جامع دیباچہ شامل ہے۔ اس دیباچہ میں کتاب کی تکمیل، اہمیت وافادیت اور اشاعت وغیرہ کے بارے میں محمد یوسف ٹینگ نے جو معلومات دی ہیں اس سے اس کتاب کے نقش اول کی اہمیت کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ ''کشمیر میں اردو'' کی جلد اول میں گیارہ ابواب ہیں۔ جن کی تفصیل یوں ہیں: طبعی سماجی اور تہذیبی، تاریخی، سنسکرت زبان اور ادب، عربی زبان اور ادب، فارسی زبان اور ادب، انگریزی،

کشمیری زبان اور ادب، ڈوگری زبان و ادب، جدید ادب، پنجابی زبان اور ادب اور گوجری زبان اور ادب۔ مذکورہ تمام ابواب پر عبدالقادر سروری نے سیر حاصل گفتگو کی ہے۔اس پہلے حصے میں جموں وکشمیر کے قدرتی مناظر، جغرافیائی، سماجی اور تہذیبی حالات کا ایک اہم جائزہ تو ہے ہی ساتھ میں مختلف مقامی اور غیر مقامی زبانوں اور بولیوں اور ان کے ادب، لسانی ادب کا مطالعہ بھی ہے۔اگر چہ عبدالقادر سروری کا یہ تحقیقی جائزہ بیسویں صدی کی چھٹی ساتویں دہائیوں تک ہی محدود ہے لیکن پھر بھی اس کی دستاویزی حیثیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔

''کشمیر میں اردو'' کی جلد دوم راقم کے ہاتھ میں 2018 کا ایڈیشن ہے۔کشمیر میں اردو کی پہلی جلد کے برعکس جلد دوم یا دوسرا حصہ ضخیم ہے اور یہ حصہ 635 صفحات پر مشتمل ہے۔اس حصے میں پہلے ''ذات نامہ سروری'' کا تعارفی خاکہ شامل ہے۔ اس میں انھوں نے اپنے خاندان، تعلیم و تربیت، ملازمت اور تصانیف وغیرہ کے بارے میں اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔اس کے بعد ناشر کے دو مضمون ایک سکریٹری عزیز حاجنی کا لکھا ہوا ہے اور دوسرا محمد یوسف ٹینگ کا۔اس کے بعد ''پیش گفتار'' کے عنوان سے محمد یوسف ٹینگ کا عمدہ مضمون ہے۔اس پیش گفتار کی تاریخ 31 دسمبر 1982 لکھی ہوئی ہے۔اس جلد کی ادبی و تحقیقی اہمیت کے بارے میں محمد یوسف ٹینگ لکھتے ہیں:

> ''اس کتاب میں کچھ ایسے اردو ادیبوں اور شاعروں کے نام اور ان کے کلام کے نمونے مل جاتے ہیں کہ ان ادیبوں اور شاعروں کا نام اب اسی کتاب کی وجہ سے تاریخ ادب کے حافظے میں رہ سکے گا۔اس طرح سے یہ کتاب ایک سفینۂ نوح سا بن گئی ہے کہ جو بھی اس میں سوار ہو قصہ گمنامی میں ڈوب جانے سے بچ گیا۔'' 8

کشمیر میں اردو کی جلد دوم جلد اول سے کہیں زیادہ بہتر تحقیقی کارنامہ ہے۔اس جلد کے عنوانات اس طرح ہیں۔ابتدائی آثار، استقلال، عروج، نیا عہد نئی تحریکیں، نیا عہد اور نثری ادب۔عبدالقادر سروری اردو کے ایسے مستند اور معتبر ماہر لسانیات، نقاد اور محقق ہیں۔جنھوں نے مختلف ادبی، لسانی اور علمی موضوعات پر یادگار کتابیں اردو کو دی ہیں۔ان کا ہر کام تحقیق کا اعلا نمونہ ہے۔کشمیر میں اردو کی جلد دوم کی تخلیق بھی انھوں نے منصوبہ بنا کر تحقیق کے تقاضوں اور اصولوں کے مطابق کی ہے۔اس کتاب کے پہلے باب میں ''ابتدائی آثار'' کے تحت کشمیر میں اردو زبان وادب کے آغاز وارتقا کے اسباب کا جائزہ لیتے ہوئے اس کی جڑوں تک تلاش کی سعی کی گئی ہے۔اس جلد

میں عبدالقادر سروری نے جموں وکشمیر میں اردو شاعری کے باضابطہ آغاز کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ اور شاعروں کی حالات زندگی، تصنیفات اور نمونہ کلام کی مفصل بحث کی ہے۔یعنی یہ جلد جموں وکشمیر کے اردو ادب میں ایک اہم اور معتبر تحقیقی اضافہ ہے۔اس سے عبدالقادر سروری کی تحقیقی کاوشوں اور ان کے ادبی ذوق کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔

سروری کی اس معرکے کی تصنیف کی تیسری اور آخری جلد کی پہلی اشاعت 1984 میں ہوئی ہے۔جس کے بارے میں محمد یوسف ٹینگ لکھتے ہیں:

''سروری نے اس جلد میں بھی اپنی دقت نظر ورتحقیقی ریزہ کاری کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ اس جلد میں ایسے گمنام ادیبوں کے نام بھی ملیں گے۔ جو زمانے کے کہرے میں چھپنے لگے تھے۔لیکن سروری نے ان کے چہرے بشرے جانکاری کی کرنوں سے جلا دیے۔ اسی طرح معروف اشخاص اور ادیبوں کے بارے میں بھی انہوں نے گہری تحقیق وتفتیش سے نئے واقعات سامنے لائے ہیں۔جن سے ان کے رول کو سمجھنا نسبتاً آسان ہو جاتا ہے۔''9

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

''پروفیسر عبدالقادر سروری مرحوم کی ضخیم کتاب ''کشمیر میں اردو'' کا تیسرا اور آخری حصہ شائع کر کے اکادمی اس بارِ امانت سے سبکدوشی ہو رہی ہے۔ جو سروری صاحب کے انتقال کے بعد اس نے قبول کیا تھا۔اس جلد کے سمیت اب پوری کتاب کی ضخامت ڈیڑھ ہزار صفحات کے قریب ہو جاتی ہے اور اس میں ریاست میں اردو کی آمد اور عروج کی داستان اردو کے اولین لمس سے اس صدی کی ساتویں دہائی تک مکمل ہو جاتی ہے۔ یہ ایک بہت بڑا کام تھا اور اس کی بخیر وخوبی انجام دینے سے ایک تھکن آمیز سرور کا احساس ہونا فطری ہے۔ ۔۔ یہ مرحوم کی آخری تصنیف بھی ہے اور اس لحاظ سے سروری پر کام کرنے والوں کے لیے بھی ایک اہم چیز بن جاتی ہے۔''10

مذکورہ اقتباس کی اس تصنیف کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ اس کے ذریعے پہلے تحقیق وتنقید کے مرحلوں سے گذر کر انھوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ جموں وکشمیر میں اردو زبان وادب کا ایک اہم مرکز ہے۔ڈیڑھ سو سال کی مختصر تاریخ میں ہی اردو زبان وادب نے جس طرح اس غیر اردو ریاست میں عوامی، درباری اور سرکاری زبان کا

درجہ حاصل کیا وہ کسی معجزے سے کم نہیں۔عبدالقادر سروری نے اپنی تصنیف میں اردو زبان وادب کے ابتدائی آثار کی تحقیق مغل دور سے شروع کر کے بیسویں صدی کے وسط تک کی تھی۔جلد سوم میں عبدالقادر سروری نے 1970 سے قبل تک کے شاعروں اور ادیبوں کا ہی ذکر کیا ہے۔یہ اپنے آپ میں بھی ایک بڑا کارنامہ ہے اور انھوں نے تیسری جلد میں بھی نثر ونظم کی مختلف تصنیفات کے حوالے سے قلم کاروں اور ان کی خدمات کا جو تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے اس کی اہمیت وافادیت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا۔

اس جلد میں پہلے محمد یوسف ٹینگ کا لکھا ہوا عرض ناشر اور پھر ''پیش گفتار'' کے عنوان سے انھوں نے اس کتاب پر روشنی ڈالی ہے۔محمد یوسف ٹینگ کا یہ لکھا ہوا ''پیش گفتار'' مقدمے سے کم نہیں ہے۔اس جلد کے عنوان کی فہرست اس طرح ہیں۔شاعری،افسانہ،ناول،ڈراما،مضمون اور انشائیے اور اداریے صحافت۔آخر میں ضمیمہ ہے۔

کشمیر میں اردو کی جلد سوم 376 صفحات پر محیط ہے۔عبدالقادر سروری نے پہلے باب میں اردو شاعری کا جائزہ اس طرح لیا ہے کہ آزادی اور مابعد، ثقافتی اور ادبی تحریکیں، ادب کی نئی راہیں اور وطنی شاعری کی صدائے بازگشت کے عنوانات دیے ہیں۔اس میں عبدالقادر سروری نے جموں وکشمیر میں اردو شاعری پر تحقیقی جائزہ بیان کرنے سے پہلے ان پرانے اور نئے شاعروں کے نام درج کیے ہیں جو آزادی کے آس پاس اردو میں شاعری کررہے تھے۔ان میں مقامی غیر مقامی اور کشمیر سے باہر پاکستان پار کسی اور علاقے میں بس جانے والے شاعروں کے نام بھی شامل کیے ہیں۔اس جلد میں جموں وکشمیر میں اردو افسانہ، ناول، ڈراما، انشائیہ اور صحافت وغیرہ کے آغاز وارتقا کا بھی جائزہ پیش کیا گیا ہے اور یہ بھی ایک سچائی ہے کہ عبدالقادر سروری نے ان اصناف کے بارے میں جو معلومات فراہم کی ہے بعد میں انھی کو بنیاد بنا کر کئی کتابیں اور مضامین بھی لکھے گئے ہیں۔انھوں نے جلد سوم میں جموں وکشمیر کے علمی وادبی اداروں کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی ہیں۔

مختصراً آج دور حاضر میں جموں وکشمیر میں اگر کسی کو بھی مضمون یا کتاب اور تحقیقی مقالات لکھنے ہوں یا جموں وکشمیر کے حوالے سے اردو نظم ونثر یا کسی اور صنف پر لکھنا ہو تو اس کا بنیادی ماخذ اور مستند حوالے عبدالقادر سروری کی تصنیف ''کشمیر میں اردو'' کو ہی بنایا جاتا ہے۔کیوں کہ انھوں نے اپنی تصنیف میں نہ صرف اردو زبان کے آغاز وارتقا کے لسانی اور تہذیبی اسباب بتائے ہیں بلکہ سینکڑوں شاعروں اور ادیبوں اور ان کی تصنیفات کے معیار ومزاج کا جائزہ بھی پیش کیا ہے۔نیز عصر حاضر کے اردو محققین اور ناقدین کے لیے 1970 کے بعد جموں وکشمیر میں

اردو شعر و ادب کے مزاج و معیار اور رفتار کا جائزہ پیش کرنے کے لیے وہ راستے بھی ہموار کیے ہیں جن کو بنیاد بنا کر بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے۔

## پروفیسر شکیل الرحمٰن

شکیل الرحمٰن کا تعلق یوں تو صوبہ بہار سے ہے لیکن اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ کشمیر میں گزارا۔ انھوں نے اپنی باقاعدہ ملازمت کشمیر میں لکچرر کی حیثیت سے شروع کی اور وہیں پہلے پروفیسر، پھر صدر شعبہ اردو اور بالآخر وائس چانسلر بھی ہوئے۔ کشمیر سے ہی ریٹائر ہونے کے بعد دلی میں سکونت اختیار کی۔ شکیل الرحمٰن نے اپنی اکثر و بیشتر کتابیں کشمیر میں ہی لکھیں۔ وہ اصل میں نقاد ہے۔ جنھوں نے جمالیات تنقید میں اپنا لوہا منوایا۔

شکیل الرحمٰن کا اصلی نام محمد شکیل الرحمٰن تھا عرفیت بابا سائیں۔ ان کی ولادت 18 رفروری 1931 میں موتی ہاری مشرقی چمپارن، بہار میں ہوئی۔ ان کے والد کا نام خان بہادر مولوی محمد جان اور والدہ بیگم امتہ الفاطمہ تھیں۔ پٹنہ سے ایم۔اے کرنے کے بعد 1953 میں ڈگری کالج بھدرک، اڈیسہ میں لکچرار مقرر ہوئے اور پھر اسی سال شری پرتاب کالج سری نگر کشمیر میں لکچرار ہوئے۔ اس کے بعد لکچرر شعبۂ اردو جموں وکشمیر یونی ورسٹی سری نگر، ریڈر، پروفیسر، صدر شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی، ڈین فکلٹی آف آرٹس کشمیر یونی ورسٹی، ڈائریکٹر سینٹر آف سینٹرل ایشین اسٹڈیز کشمیر یونی ورسٹی وغیرہ کے عہدوں پر فائز رہے۔ وہ بحیثیت وائس چانسلر آف کشمیر یونی ورسٹی، متھلا یونی ورسٹی دربھنگا اور بہار یونی ورسٹی رہ چکے ہیں۔ انھیں پاکستان سے احمد ندیم قاسمی ایوارڈ ملا، اس کے علاوہ حالی ایوارڈ، ادبی ایوارڈ اور بہار اردو اکادمی سے سید سلیمان ندوی ایوارڈ بھی ملا۔ ان کا انتقال 9 رمئی 2016 دہلی میں ہوا جب ان کی عمر 85 برس کی تھی۔

شکیل الرحمٰن 1953 میں کشمیر آئے۔ وہ شعبۂ اردو جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے بانی بھی ہیں۔ ان ہی کے ہاتھ سے شعبہ کی پہلی اینٹ 1958 میں لگائی گئی ہے۔ ان کا ساتھ شعبۂ اردو اور کشمیر یونی ورسٹی سے بہت دور تک رہا۔ انھوں نے اس شعبہ کی تحقیقی رفتار کو آگے لے جانے میں بہت ہی اہم رول ادا کیا ہے۔ ان کی ادبی اور علمی فراوانی بے حد وسیع اور دوسروں سے مختلف تھی۔

شکیل الرحمٰن نے اپنی ادبی زندگی کی ابتدا تنقید سے کی لیکن شروع میں ان کی شہرت اور مقبولیت افسانوں کی بدولت ہوئی۔ ان کے مقبول افسانے سالندی کے کنارے، کون گلی گیو شام اور لینڈ سلائڈ ہیں۔ انھوں نے تین ناول بھی لکھے مگر بعد میں وہ صرف تحقیق و تنقید کے ہو کر رہ گئے۔ ان کی آپ بیتی ''آشرم'' میں ان کے احباب

اور اساتذہ کی تصویریں بھی ہیں اور یہ ایک عہد کا البم بھی ہے۔ ''آشرم'' میں انھوں نے ساری باتیں سچائی سے لکھی ہے۔انھوں نے طالب علمی کے زمانے میں ''ادب اور نفسیات'' کے نام سے کتاب شائع کی۔اس کے علاوہ انھوں نے مختلف موضوعات پر بھی قلم اٹھایا۔جیسے پریم چند،منٹو،اختر الایمان اور جمالیات وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہے۔انھیں شروع میں مذہب سے بھی لگاؤ تھا۔انھیں ''قرآن حکیم جمالیات سرچشمہ'' لکھنے کی سعادت بھی حاصل ہے۔

1961 میں پریم چند کی افسانہ نگاری پر انھوں نے ڈی۔لٹ کی ڈگری حاصل کی۔انھوں نے اقبالؔ کی شاعری،اقبالؔ روشنی کی جمالیات کے عنوان سے علامہ اقبالؔ پر دو اچھی کتابیں لکھی ہیں۔ان کے خیال میں اقبالؔ کی شاعری کا کلیدی تعارف ''روشنی'' سے ہوتا ہے۔پھر انھوں نے اسے ایک بنا کر ذہن اقبالؔ کے نہال خانوں میں جھانکنے کی کوشش کی ہے۔

شکیل الرحمٰن عصر حاضر کے ایک ایسے ادیب اور نقاد ہیں جو گذشتہ نصف صدی سے زائد عرصے سے تحقیقی اور تنقیدی ادب کے سرمایہ میں لگاتار اضافے کر رہے ہیں۔افسانہ،ناول،سفر نامہ،سوانح عمری اور تحقیق وتنقید کے حوالے سے شکیل الرحمٰن کی تصنیفات کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ ان سب کا ذکر ایک ساتھ کر پانا مشکل ہے۔لیکن وہ آج خاص طور پر ایک جمالیاتی نقاد کی حیثیت سے پوری دنیا میں مشہور ہیں۔انھوں نے جمالیاتی زاویے سے اردو وادب کا تنقیدی جائزہ لیا ہیں۔اس کا اندازہ ان کی جمالیاتی کتابوں کو دیکھ کر ہوتا ہے۔ان کی کتابوں کی فہرست یوں ہیں۔

1۔مرزا غالبؔ اور ہند مغل جمالیات 2۔ہندوستانی جمالیات 3۔اساطیر کی جمالیات
4۔تصوف کی جمالیات 5۔نظیر اکبر آبادیؔ کی جمالیات 6۔بارہ ماسہ کی جمالیات
7۔کلاسیکی مثنویوں کی جمالیات 8۔فراقؔ کی جمالیات 9۔فیضؔ کی جمالیات
10۔منٹوٹریجڈی کی جمالیات 11۔اختر الایمانؔ جمالیاتی 12۔امیر خسروؔ کی جمالیات
13۔بابا سائیں کی کہانیاں 14۔فیض احمد فیضؔ اور اس کی شاعری

اس کے علاوہ امیر خسرو،اقبال اور دیگر شاعروں اور ادیبوں کے تنقیدی جائزے شکیل الرحمٰن نے جمالیاتی زاویے سے ہی پیش کیے ہیں۔چناں چہ جمالیات پر گفتگو کرتے ہوئے شکیل الرحمٰن نے افلاطون سے کروچے تک کا ذہنی اور علمی سفر طے کیا ہے۔اس سفر میں کئی الجھنیں پیدا ہوتی ہیں۔لیکن انھوں نے ان کو سلجھایا۔جمالیات اور وہ بھی

غالبؔ کی جمالیات کا جائزہ لینا، دشوار ضرور ہے مگر انھوں نے اپنی قوت تخیل اور حکمت و دانائی سے ان کی تشریح کی اور تنقید کے تجزیاتی عمل کے ذریعے اپنے مقاصد تک پہنچے۔

شکیل الرحمٰن ایک ایسے محقق اور نقاد ہیں جن کی تحریروں میں انسانی نفسیات و جنسیات ، ہندستانی تہذیب، ہندو دیومالا اور ہنداسلامی ثقافت ،فلسفہ اور فنون لطیفہ وغیرہ کے حوالے سے فارسی ،سنسکرت اور اردو شعریات کے تناظر میں امیر خسروؔ ،ولیؔ ،میرؔ، غالبؔ، سے لے کر اقبالؔ ،فرقؔ، اور فیضؔ تک کم وبیش تمام اہم شاعروں کے جمالیاتی امتیازات کی تہوں اور طرفوں کو کریدہ گیا ہے۔ دوسرے محققین اور ناقدین کی طرح شکیل الرحمٰن کی تنقید میں اردو شاعری اور فکشن کے جیسے تنقیدی مطالعات پیش کئے گئے ہیں۔ ان کی جمالیاتی تنقید کی قدر و قیمت کا اعتراف تو کیا گیا لیکن اردو تنقید کے بڑے لوگوں نے ان کو نظر انداز کیا۔ پھر بھی اردو میں ایسے غیر جانبدار ناقدین ہیں جنھوں نے ان کی جمالیاتی طریق کار کی حمایت کی۔ وہ اردو کے ایک ایسے منفرد نقاد ہیں جن کی تنقید نمایاں طور پر ''جمالیات مرکز'' (Aesthetic Based) تنقید ہے۔ بلکہ وہ برصغیر کے واحد ایسے نقاد ہیں جن کے بارے میں وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ جمالیاتی زاوئے سے اردو شعر و ادب کا تنقیدی جائزہ ہی ان کی شناخت ہے۔ ان کی تنقید میں شعریت اور مٹھاس پڑھنے کو ملتی ہے۔ ان کا یہ منفرد اسلوب ہی ان کی تحریروں کے تنقیدی پہلو کو تحقیق کا درجہ عطا کرتا ہے۔

شکیل الرحمٰن اردو ادب میں فنون لطیفہ اور جمالیات کے بڑے ناقد ہیں۔ ہندستانی جمالیات کی دوجلد، راگ راگنیوں کی تصویریں وغیرہ میں فنون لطیفہ پر ان کی گفتگو اردو تنقید میں ایک بہت بڑا اضافہ ہے۔ انھوں نے رقص ،موسیقی ،فن تعمیر ،مصوری اور ادبیات کو اپنے خاص مطالعے کا موضوع بنا کر ہمیں قیمتی اور قابل قدر نعمتیں عطا کی ہیں۔ انھوں نے امیر خسروؔ، بیدلؔ، حافظؔ اور غالبؔ کی روایات کا مطالعہ غیر معمولی نوعیت کا کیا ہے۔ کبیرؔ ، بابا نانک ،میرا بائی لل عارفہ پر ان کی گفتگو ذہن کے دریچے کو وا کرتی ہے۔ مغربی اور مشرقی ادبیات کا مطالعہ کتنا وسیع اور گہرا ہے اس کا اندازہ ان کی تحریروں سے ہوجاتا ہے۔ ان کے ہم عصروں اور نئی نسل کے نقادوں نے ان کی تصنیفات اور ان کی تنقیدی بصیرت پر جس طرح اظہارِ خیال کیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اردو تنقید کی تاریخ میں ان کا قد کتنا بڑا اور اونچا ہے۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''ڈاکٹر شکیل الرحمٰن صرف ''ماہر جمالیات'' نہیں بلکہ وہ فنون لطیفہ کے ایک جڑے جمالیات شناس ہیں وہ جمالیات شناس کو فنون کی روح سمجھتے ہیں جمالیات کے شکیل الرحمٰن نے غالبؔ

،میرؔ، اقبالؔ، ابوالکلام آزاد، سعادت حسن منٹو، امیر خسروؔ، اخترالایمانؔ، کبیرؔ اور داستان امیر حمزہ اور طلسم ہوشربا وغیرہ کا جس طرح تجزیہ کیا ہے اس سے اردو تنقید کی تاریخ میں ایک داستان کی تشکیل ہوئی ہے حکیم جمالیات نے ایک منفرد دبستان قائم کر دیا ہے۔'' 11

شکیل الرحمٰن کی تحریروں کا بغور مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت واضح طور پر سامنے آئے گی کہ انھوں نے فنون لطیفہ اور خصوصاً ادبیات کی بعض بنیادی باتوں کی وضاحت انتہائی سلیقے سے کی ہے۔ بعض بنیادی حقیقتوں کو اپنے طور سے سمجھانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ فنون لطیفہ اور ادبیات میں روایت، تجربہ، ڈکشن، اسلوب کی جمالیاتی صورت اور آرچ ٹائپ وغیرہ پر ان کے قیمتی مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ فارسی روایات کے پیش نظر عام نقادوں کی طرح مجموعی اثرات کا ذکر کر کے بات ختم نہیں کر دیتے بلکہ ان کی روشن اور تابناک روایات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ ان کا ماننا ہے کہ حافظ کی تابندہ روایت نے اردو شعریات کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔

**غالبؔ اور جمالیات:**

یہ کتاب 1969 میں عصمت پبلی کیشنز، سری نگر سے شائع ہوئی۔ اس کے بارہ باب ہیں جن کی موضوعی فہرست بہت لمبی ہے۔ جو یوں ہے رنگ اور لہو، ٹریجڈی کی جمالیات، آریائی لاشعور، آتش۔ بنیادی جمالیاتی علامیہ، آتش۔ بنیادی جمالیاتی علامیہ کا مطالعہ، حیاتی آتشیں پیکر۔ ہرمزد، محبوب، پرچھائیں، آفتاب، برق پیکر، پیکر نقش۔ اس کتاب میں 'آتش' کو مرکزی علامت، استعارہ اور آرچ ٹائپ قرار دے کر انھوں نے کلام غالبؔ کا تجزیاتی مطالعہ اس طرح کیا ہے کہ ایک انتہائی پرکشش جمالیاتی پہلو ظاہر ہوا ہے۔ اس کتاب میں غالبؔ کے جن پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے کسی دوسری کتاب میں نہیں ملتی۔ جیسے رنگ اور لہو کی جمالیات، ٹریجڈی کی جمالیات، ایک حیاتی آتشین پیکر۔ ہرمزر، محبوب، پرچھائیں، برق پیکر، پیکر نقش، غالبؔ کے مطالعے میں یہ موضوعات نئے اور تازہ ہے اور ایک نئی تحقیقی رو رکھی ہے۔ شکیل الرحمٰن غالبؔ کے ٹریجڈی جمالیات کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں:

''غالبیات میں ٹریجیڈی کا حسن ایک نہایت ہی فکر انگیز موضوع ہے۔ غالبؔ کی شاعری کا یہ پہلو ہے جس سے تہہ دار جمالیاتی شعور کی پُر اسرار شعاعیں نکل کر دوسرے بہت سے پہلوؤں تک جاتی ہیں اور تجربوں اور علامتوں کو نئی صورتیں عطا کرتی ہیں۔'' 13

شکیل الرحمٰن نے غالبؔ کے کئی اشعار پیش کر کے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ غالبؔ حسن کے المیہ اور المیہ کے حسن کو شدت سے ابھارتے ہیں۔ رنگ، آواز اور حرکت اس خوبصورت دنیا کے عشق کے تجربے ہیں۔ جو المیہ

رجحان حسرت، خواہش، تمنا، شوق اور جنون کا معنی خیز رجحان ہے۔ اس کتاب میں شکیل الرحمٰن نے غالبؔ کے لاشعور اور ذہنی کیفیات کا ایسا تجزیہ کیا ہے جو کسی نے نہیں کیا ہے۔ اس کتاب میں غالبؔ کے استاد عبدالصمد کے بارے میں شکیل الرحمٰن نے نفسیات کی مدد سے کہا کہ عبدالصمد دراصل غالبؔ کی نفسیاتی ضرورت تھی اور خود اس کے وجود کا ایک حصۂ نفسیات کی اصطلاح میں اسے ''آرکی ٹائپ'' کیا گیا ہے۔ یہ کتاب بلاشبہ اردو تحقیق وتنقید میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔

### اقبالؔ روشنی کی جمالیات:

شکیل الرحمٰن کی یہ کتاب 1977 میں پنجابی پستک بھنڈار، دریبہ کلاں، دہلی سے شائع ہوئی۔ کتاب کے کل صفحات 129 ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے کئی اہم باتوں کی جانب اشارہ کیا ہے ساتھ ہی علامہ اقبالؔ کی شاعری کے حسن و جمال پر مدلل روشنی ڈالی ہے۔ انھوں نے پہلی بار ایک فن کار 'اقبال' کو دریافت کرنے کی سعی کی ہے۔ انھوں نے اقبالؔ کی شاعری کے ایسے پہلو پر اظہار خیال کیا جو اب تک نگاہوں سے پوشیدہ تھے۔ اس کتاب میں وہ لکھتے ہیں کہ روشنی، اقبال کا بنیادی حسی جمالیاتی پیکر ہے جو ان کے کلام کا جوہر ہے اور ان کی جمالیات کا مطالعہ اس کے بغیر نامکمل ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ اردو شاعری میں اقبالؔ روشنی کے احساس کے سب سے بڑے شاعر ہیں۔ انھوں نے اقبالؔ کے پیکروں اور استعاروں کو کس طرح ڈھونڈا ہے۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''اقبال' نگاہ اور نظر کی تیزی، شوخی اور اس کی لطیف چھبن کو حرکت اور بیداری' قلب کے لئے ضروری سمجھتے ہیں، ''نگاہ شوق'' اور 'نظر' کے پیچھے روشنی کا آرچ ٹائپ (Archetype) حد درجہ متحرک ہے یہ اقبال کے کلیدی پیکر اور استعارے ہیں،''14؎

شکیل الرحمٰن نے یہ واضح کر دیا ہے کہ رنگ کے مقابلے میں روشنی کے تجربے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اقبالؔ روشنی کے پیکروں کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ جیسے ''چاند، تارے، آسماں، آفتاب، صبح برق، دریا، چشمہ اور سمندر وغیرہ گرچہ انھوں نے سرخ رنگ، خون جگر، بہوتر نگ اور لالے کی سرخی وغیرہ کا ذکر بھی کیا ہے۔ لیکن اقبالؔ کی جمالیات میں کوئی نمایاں جگہ حاصل نہیں۔ بلکہ ان کی جمالیات میں باربار روشنی کا شدید احساس ملتا ہے۔ شکیل الرحمٰن لکھتے ہیں اقتباس:

> ''اقبال کی شاعری میں کوئی بھی رنگ استعارہ بن کر اس طرح توجہ کا مرکز نہیں بنتا کہ جس طرح غالبؔ کی شاعری میں سرخ رنگ بن جاتا ہے لالہ ایک خوبصورت معنی خیز پیکر ضرور ہے لیکن اس سے بحث محض رنگ کی وجہ سے نہیں ہے۔ اقبال' لالہ کے کئی رنگوں کا ذکر کرتے

ہیں۔حقیقت تو یہ ہے کہ نظر اور وژن کی روشنی کو دنیا کے تمام رنگوں پر فوقیت دیتے ہیں ،غالباً انہیں خود اس سچائی کا احساس تھا۔''15؎

شکیل الرحمٰن نے اقبالیات میں ایک بڑا جمالیاتی انکشاف کیا ہے۔اس کتاب میں انھوں نے تقریباً دوسو ترکیبوں اور پیکروں کی ایک فہرست پیش کی ہے۔جس سے اقبالؔ کے بنیادی جمالیاتی رجحان کی بہترین پہنچان ہوتی ہے اوران کی تخلیقی فکر کی صورت ظاہر ہوتی ہے۔یہ کتاب بھی کشمیر میں لکھی گئی ایک عمدہ اور نئے زاویئوں کو اجاگر کرنے میں اہم ہے۔

**مرزا غالبؔ اور ہند مغل جمالیات:**

شکیل الرحمٰن کی یہ کتاب پہلی بار فروری 1987 میں معصوم پبلی کیشنز سری نگر سے شائع ہوئی۔اس کتاب میں انھوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ غالبؔ کی 72 سال کی عمر نے ماضی کی جمالیات کو اپنے باطن میں کھینچ لیا تھا۔اس نقطہ نظر سے انھوں نے غالبؔ کا انوکھا مطالعہ پیش کیا۔اس کتاب کے چار باب ہیں۔پہلا باب فسون طلسم ،نظارہ تحیر کے عنوان سے ہے ۔اس باب کے چار ذیلی باب ،روایت اور غالبؔ ،داستانی روایت اور غالبؔ کی بصیرت،علامت استعارہ اور پیکر،صحرا نوردی کے جمالیاتی تجزبے۔نئی ایپک ہیں۔باب دوم فن صدرنگ گلستان ہے،اس کے ذیلی باب ، ہند مغل مصوری کا عرفان : جلوۂ صدرنگ ،رنگ اور روشنی : جلوۂ تمثال ذات ہے۔باب سوم رقص اور تحرک ،نور اور روشنی ہے۔باب چہارم تخلیقی تخیل اور جمالیاتی بصیرت کے عنوان سے ہے۔شکیل الرحمٰن نے اس کتاب میں شاعرانہ اسلوب کی تہذیبی قوت کی گرفت کی نشان دہی کی ہے۔انھوں نے دیوان غالبؔ سے تقریباً دوسو ساٹھ لفظی پیکروں اور ترکیبوں کو منتخب کیا ہے اوران کے ذریعے غالبؔ کے نصابِ فکر ،نظام جمالیات اور احساس و بشریت کا مکمل تجزیاتی مطالعہ پیش کیا ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے غالبؔ کے متعدد اشعار کے حوالے سے ان کی ذوقی اور جمالیاتی تجربوں کی تفصیل پیش کی ہے۔اس کتاب میں اکیس نادر ونایاب مغل مصوروں کی شاہکار تصاویر شامل کی گئی ہیں۔جو غالبیات کے باب میں اضافے سے کم نہیں ہے۔اس کتاب میں شکیل الرحمٰن نے آرکی ٹائپ علامتوں کے ذریعے غالبؔ کے ایک خاص نظامِ فکر کا تنقیدی مطالعہ اور تجزیہ کیا ہے۔ان کی تحقیق کے مطابق غالبؔ نے ہند مغل جمالیات کو شدت سے جذب کیا اوران کی جمالیاتی قدریں پگھل کر تجربوں میں جذب ہوگئیں، جسے وہ جمالیات کے عظیم فن کار بن گئے۔

اس تصنیف میں شکیل الرحمٰن نے غالبؔ اور مصوری کی روایت کے تعلق سے اپنے بنیادی خیالات سامنے

رکھ دیے ہیں۔ان کی تحقیق یہ ہے کہ غالب ہند مغل مصوری کی آمیزش کا ایک اعلا تخلیقی شعور رکھتے تھے۔اور ہند مغل مصوری نے انھیں براہ راست بھی متاثر کیا تھا۔ ہند مغل جمالیات کے امیجز کے جوہر سے اپنے امیجز خلق کئے ہیں۔شکیل الرحمٰن غالب کی داستان اور مصوری دونوں کی روایات کا گہرا مطالعہ کرتے ہوئے غالب کے اشعار کی گہرائیوں میں اترے ہیں۔غالب کے سیکڑوں اشعار کی تشریحوں سے کتاب بھری پڑی ہے اور ہر تشریح کے بعد غالب کا شعر اور پر کشش بن گیا ہے۔ان دو روایتوں کی اہمیت کے بعد شکیل الرحمٰن نے ان کی روایت رقص کا ذکر بھی کیا ہے جس کی طرف ماہر غالبیات کی نظر شاید نہیں گئی تھیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''اسی مٹی پر غالب کا جنم ہوا تھا،اسی آب وہوا میں انھوں نے سانس لی تھی! یہ بھی غالب کی محترک روایت تھی،لہٰذا یہ کہا جائے کہ رقص بھی ان کے فعال لاشعور کا ایک بڑا سر چشمہ ہے تو یقیناً غلط نہ ہوگا۔''
>
> ''غور فرمائیے تو محسوس ہوگا کہ رقص کی روایت سے ان کے تجربوں کا ایک انتہائی خوبصورت پُر اسرار رشتہ ہے ان کا تخلیقی تخیل اس سر چشمے سے فیضیاب ہو کر نغمہ ریز ہروں کی تخلیق کرتا ہے اور ان کی تخلیقی بصیرت کا حسن نکھر جاتا ہے۔''[12]

مذکورہ اقتباس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ شکیل الرحمٰن غالب کو رقص کے ساتھ کس خوبصورتی سے جوڑتے ہیں اور اشعاروں کو بھی اس حوالے سے نقل کیا ہے۔جو رقص کے رس سے بھرے پڑے ہیں۔جس سے غالب کا تخلیقی تخیل حد درجہ بلند ہو جاتا ہے۔انھوں نے غالب کے جن روشن روایات کی نشان دہی کی ان کی جانب خاص توجہ نہیں کی گئی ہے۔مثلاً ہند مغل جمالیات کے داستانی طلسمات اور قدیم قصوں، حکایتوں،افسانوں اور داستانوں کے ذخائر اور ان کی سحر انگیزیوں کی روایت، ہند مغل جمالیات کی مصوری، ثقافتی صورت گری،موسیقی رقص اور فن تعمیر کی جمالیاتی روایت کو تحریر کیا ہے۔

مختصراً شکیل الرحمٰن نے اردو کے مطالعے کے دائرے کو وسیع سے وسیع تر کیا ہے اور مختلف علوم کی روشنی حاصل کر کے فن وادب کا مطالعہ پیش کیا ہے۔پہلی بار تہذیب وتمدن اور تاریخ کے پس منظر کو وسعت ملی۔خصوصاً اردو کے پس منظر میں ہندستانی تہذیب کا اقدار اور ہند اسلامی تمدن کی قدر و قیمت کو ہر ممکن بہتر طور سمجھانے کی سعی کی ہے۔ان کے جمالیاتی احساس اور ان کے شعور کی خصوصیات کا نتیجہ ہے جس کی وجہ سے وہ ہر شاعر اور ادیب کے کلام میں موجود جمالیاتی احساسات کو منظر عام پر لانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔انھوں نے جمالیاتی تجربوں سے شاعروں اور ادیبوں کی تخلیقات میں جمالیاتی نقش کی نشان دہی ایک بالغ محقق کی طرح پیش کی

ہے۔انھوں نے جمالیات کے ہر عکس کا انکشاف بڑی خوش اسلوبی اور محتاط طریقہ سے انجام دی ہے۔

## پروفیسر گیان چند جین

پروفیسر گیان چند جین کا شمار اردو کے اہم محققین میں ہوتا ہے۔ان کی لسانیات اور غالبیات سے بھی دلچسپی ہے۔اقبالیات کے حوالے سے بھی کئی نمایاں کارنامے انجام دیے ہیں اور عروض میں بھی اپنا نام پیدا کیا۔لیکن ان سب میدانوں سے گزرتے ہوئے ان کی جو شخصیت ابھر کر سامنے آئی ہے وہ ایک منفرد اور ممتاز محقق ہی کی رہی ہے۔وہ ایک سنجیدہ اور باصلاحیت ادیب، باذوق اور صاحب نظر نقاد، ایک محنتی اور ذمہ دار محقق اور ایک پُر خلوص استاد تھے۔گیان چند جین اردو ادب میں تب متنازعہ کے شکار ہوئے جب ،انھوں نے 2005 میں ''ایک بھاشا، دولکھاوٹ ،دوادب'' کے نام سے ایک کتاب لکھی۔اس کتاب کے بعد گیان چندجین Controversy میں رہے۔اس کتاب میں اردو زبان کے خلاف حوصلہ شکن اور متنازعہ باتیں لکھی گئی ہیں جس کے نتیجہ میں انھیں، مرزا خلیل احمد بیگ نے تنگ نظر اور متعصب ذہن کے فرقہ پرست کا نام دیا اور شمس الرحمٰن فاروقی نے اسے وشو ہندو پریشد اور آر ایس ایس کا منشور کہا ہے۔خیر جو بھی ہے، گیان چند جین اردو ادب میں اپنا مقام ومرتبہ متعین کر چکے ہیں۔وہ بحیثیت محقق کسی تعارف کے محتاج نہیں ہے۔ان کی کئی تصانیف کو آج حوالے کی کتابوں کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

گیان چند جین کی ولادت 19 ستمبر 1923 میں یو پی ضلع بجنور کے قصبے سیوہارہ میں ہوئی۔ان کے والد کا نام بحال سنگھ تھا، جو ایک ادب نواز انسان تھے اور صوفیانہ مزاج رکھتے تھے۔گیان چند جین کی والدہ کا نام پروتی تھا۔جو ہندی میں ایم اے کر چکی تھیں۔گیان چند جین کی ابتدائی تعلیمی تربیت ان کے والد بحال سنگھ نے کی۔بحال سنگھ شاعری اور نثر کے ساتھ ساتھ مضمون نگاری میں بھی شوق رکھتے تھے۔جس کے نتیجہ میں گیان چند جین کو بچپن سے ہی ادبی اور مذہبی کاموں میں دلچسپی بڑھ گئی۔ان کی شادی تیس سال کی عمر میں ارمیلا جین سے ہوئی۔جن کے ہاں ایک بیٹی اور دو بیٹے ہوئے۔

گیان چند جین کی ابتدائی تعلیم ورنیکولر پرائمری اسکول سیوہار بجنور میں ہوئی۔پانچویں اور ساتویں جماعت کی تعلیم قدرت اسکول سیوہار میں پائی۔آٹھویں اور نویں جماعت کا امتحان مسلم ندرت ہائی اسکول سیوہار سے 1937 میں پاس کیا۔میٹرک کا امتحان 1939 میں پارکر ہائی اسکول مرادآباد سے پاس کیا۔1941 میں گورنمنٹ انٹر کالج مرادآباد سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔1943 میں بی اے اور 1945 میں اردو میں ایم

اے الہ آباد یونی ورسٹی سے پاس کیا۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''میں جولائی ۱۹۴۱ میں الہ آباد یونی ورسٹی میں بی اے میں داخل ہوا۔اس سال شعبۂ انگریزی میں ایک نئے لیکچرار کا تقرر ہوا۔یہ تھے 'ہری دانش رائے بچن' جو بعد کو امیتابھ بچن جیسے فنکار کے والد ہوئے انہوں نے دوسال تک مجھے جنرل انگلش پڑھائی۔''16

اس کے بعد انھوں نے 1948 میں ڈی فل کی ڈگری حاصل کی۔ڈی فل کی ڈگری اس زمانے میں پی ایچ۔ڈی کی ڈگری کے مساوی تھی۔گیان چند جین کے ڈی فل کے تحقیقی مقالے کا موضوع ''اردو کی نثری داستانیں'' تھا۔ان کے اس مقالے کے نگراں پروفیسر سید ضامن علی تھے۔گیان چند جین کے مطابق اس موضوع پر انھیں مجتبیٰ حسین نے راغب کیا۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''میں نے ۱۹۴۵ میں الہ آباد یونی ورسٹی سے ایم اے اردو کیا۔ایم اے میں میرے ذہین ہم جماعت مجتبیٰ حسین تھے جو اب بلوچستان یونی ورسٹی کوئٹہ میں صدر شعبۂ اردو ہیں۔میں نے ذکر کیا تھا کہ ایم اے کرنے کے بعد میں ریسرچ میں داخلہ لوں گا۔انہوں نے مجھے اردو داستانوں کے موضوع پر کام کرنے کا مشورہ دیا۔اپنے ہم جماعتوں میں سے صرف میں نے ڈی فل (پی ایچ ڈی) میں داخلے کی درخواست دی اور نثری داستانوں کا موضوع لیا۔نگراں مقرر ہوئے پروفیسر سید ضامن علی صدر شعبۂ اردو ،اس وقت تک شعبے میں تمام ریسرچ اسکالروں کے وہیں نگراں ہوتے۔مجھے کہا گیا کہ موضوع کو 1857 تک محدود رکھوں۔''17

یہ مقالہ چار بار شائع ہوا ہے۔ان کا یہ مقالہ پہلی بار 1954 میں انجمن ترقی اردو کراچی، پاکستان، دوسری بار ترمیم و اضافے کے ساتھ 1965 میں کراچی سے ہی۔تیسری بار 1987 میں یوپی اردو اکادمی لکھنو نے اس کی اشاعت کی اور چوتھی بار 2002 میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی نے اسے شائع کیا۔1954 میں آگرہ یونی ورسٹی سے سوشیالوجی کے مضمون میں پرائیوٹ طور ایم اے کیا۔1960 میں ڈی لٹ کی ڈگری آگرہ یونی ورسٹی سے حاصل کی۔جس کا موضوع ''شمالی ہند میں اردو مثنوی کا ارتقا'' تھا۔

اگر چہ گیان چند جین کی تعلیم کا سلسلہ 1960 تک چلتا رہا۔لیکن 1950 میں ہی وہ گورنمنٹ حمیدیہ کالج بھوپال میں بحیثیت اردو لیکچرار مقرر ہوگئے تھے۔1953 تک سینئر لیکچرار بننے کے بعد 1956 میں پروفیسر کے عہد پر فائز ہوگئے۔15/اکتوبر 1965 میں جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے جموں ڈویژن کے شعبۂ اردو میں پروفیسر اور صدر شعبہ بنائے گئے۔اس شعبہ کی داغ بیل گیان چند جین ہی کے ہاتھوں ہوئی۔اسی دور میں گیان چند جین

جموں وکشمیر کے ساتھ وابستہ رہے۔ اکتوبر 1976 میں الہ آباد یونی ورسٹی کے پروفیسر مقرر ہوئے۔اس کے تین سال بعد 1979 میں سینٹرل یونی ورسٹی آف حیدرآباد میں شعبۂ اردو کے پہلے صدر کی حیثیت سے شعبہ کی داغ بیل ڈالی۔ ریٹائرمنٹ کے بعد انھیں دوسال ،دوماہ کی اضافی سروس دی گئی اور اپریل 1989 میں سبکدوش ہوئے۔ 1992 میں وزرات فلاح و بہبود ترقی حکومت ہند نے قومی تعلیمی پالیسی کے تحت ایک تیرہ رکنی کمیٹی تشکیل دی جن کے ذمہ یہ کام دیا گیا کہ ''اردو یونی ورسٹی'' کے قیام اور تعلیم کے متعلق اپنی سفارشات پیش کریں۔ان تیرہ اراکین میں گیان چند جین کو بھی شامل کیا گیا تھا۔لیکن انھوں نے اس کمیٹی کا رکن بننا قبول نہیں کیا۔اس کمیٹی کا پہلا اجلاس 16؍اکتوبر 1992 میں منعقد ہوا تھا۔

گیان چند جین نے 1950 سے 1989 تک تقریباً چالیس سال تک بحیثیت استاد و تدریس اور تحقیق و تنقید کے فرائض انجام دینے کے بعد تاریخی شہر لکھنو میں سکونت اختیار کی۔لکھنو میں ان کا مکان اندرا نگر کے مشہور کالونی میں تھا جہاں مشہور افسانہ نگار رتن سنگھ اور رام لعل رہتے تھے۔لیکن جب ان کے بیٹے امریکہ میں جا بسے تو پھر بیٹے کے اصرار پر گیان چند جین بھی اپنی اہلیہ کے ہمراہ امریکہ چلے گئے ۔جہاں ان کا انتقال 18؍اگست 2007 کو ہوا۔ابرار رحمانی ان کی وفات پر یوں رقمطراز ہیں:

> ''2007 کا سال اردو کے دو انتہائی اعلیٰ مرتبت ادیب و محقق یعنی گیان چند جین اور قرۃ العین حیدر کے سانحہ ارتحال کے لئے یاد رہے گا۔گیان چند جین کا انتقال تنازعہ اور ردعمل کے درمیان انتہائی بے کسی کے عالم میں 18؍اگست 2007 کو سات سمندر پار ہزاروں میل کی دوری پر دیارِ غیر کے ایک شہر کیلی فورنیا میں ہوا۔''18

اس طرح اردو تحقیق کا ایک باب بند ہو گیا۔گیان چند جین ایک خوش اخلاق انسان دوست تھے۔ان کی زندگی محنت، لگن اور صلاحیت سے بھری ہوئی تھی۔آخری عمر میں کرب، الجھن اور بے چینی کا شکار رہوئے تھے۔

گیان چند جین نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز شاعری سے کیا ہے۔انھوں نے اپنی پہلی غزل 1937 میں عاصؔل کے قلمی نام سے لکھی تھی۔یہ زمانہ ترقی پسند تحریک کے عروج کا زمانہ تھا۔انھوں نے اپنی ادبی زندگی کی شروعات شاعری سے کی لیکن پھر لسانیات اور شعر و ادب کی تحقیق و تنقید ہی اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا۔ان کی تصانیف جو نظم و نثر، تحقیقی، لسانیات وعروض، تاریخ اور سوانح پر لکھی گئی ہے یوں ہیں:

1۔اردو مثنوی شمالی ہند 1969 | 2۔تفسیر غالب 1971

3۔ عام لسانیات 1985
4۔اردو کی نثری داستانیں 1987
5۔ابتدائی کلام اقبال (بہ ترتیب ماہ وسال) 1988
6۔ادبی اصناف 1989
7۔اردو کا اپنا عروض 1990
8۔غالب شناس مالک رام 1996
9۔اردو ادب کی تاریخ 1700 تک بااشتراک سیدہ جعفر، جلد اول، دوم، سوم، چہارم، پنجم 1998
10۔اردو کی ادبی تاریخیں 2000
11۔اپندر ناتھ اشک 2000
12۔قاضی عبدالودود: بحیثیت مرتب متن 2000
13۔ایک بھاشا: دو لکھاوٹ: دو ادب 2005

ان تصانیف کے علاوہ ان کے مضامین کے مجموعے بھی منظر عام پر آ چکے ہیں جن کی فہرست یوں ہے۔

1۔تحریریں 1964
2۔تجزیے 1973
3۔رموز غالب 1976
4۔حقائق 1978
5۔لسانی مطالعے 1973
6۔ذکر وفکر 1980
7۔کھوج 1990
8۔پرکھ اور پہچان 1990
9۔لسانی رشتے 2003

مذکورہ تصانیف گیان چند جین کی ادبی وتحقیقی اور لسانی شناخت بن چکی ہے۔

گیان چند جین جموں وکشمیر میں اس وقت آئے جب جموں وکشمیر یونی ورسٹی نے جموں ڈویژن میں شعبہ اردو قائم کیا تھا۔جیسے میں پہلے ہی لکھ چکا ہوں کہ اس شعبہ کے بنیاد گزار گیان چند جین ہی تھے۔اس کے بعد 1969 میں جموں یونی ورسٹی کا قیام الگ سے عملایا گیا۔انھوں نے جموں میں زبان وادب کے فروغ کے لیے یادگار کارنامے انجام دے۔چوں کہ گیان چند جین خود ایک محقق تھے اس لیے انھوں نے شعبۂ اردو جموں میں تحقیق کی اعلا روایت قائم کی۔ان کی نگرانی میں کئی بے حد اہم مقالے لکھے گئے ہیں۔گیان چند جین 1976 میں شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی چھوڑ کر الہ آباد چلے گئے۔انھوں نے تحقیقی کام میں خاصی دلچسپی اور اس کے مختلف جہات میں سمت وکیفیت کے اعتبار سے قابل قدر کام کیا۔انھوں نے زندگی کا بیشتر حصہ اس مشکل کام کے لیے وقف کر دیا۔ان کے تحقیقی کام سے نہ صرف مطلع ادب روشن ہوا بلکہ گم شدہ نوادر کی بازیافت بھی ہوئی۔ان کی کتب حوالے کے علاوہ موضوعاتی فہرستوں میں بھی استعمال کی جاتی ہیں۔یہاں گیان چند جین کی ان تحقیقی تصانیف کا جائزہ لیا جائے گا جو انھوں نے دوران جموں میں رہ کر لکھی ہیں۔

**تفسیر غالبؔ:**

یہ کتاب 1971 میں کلچرل اکادمی سری نگر سے شائع ہوئی۔اس کتاب میں غالبؔ کے منسوخ کلام کی

تشریح کی گئی ہے۔انھوں نے اس میں 1956 اشعار کی تشریح کی ہے۔جس میں 143 اشعار قصیدے کے ہے، 1508 اشعار غزل کے ساتھ ساتھ 12 شعر رباعی کے بھی شامل ہیں۔اس کے علاوہ یادگار نالہ سے 118 اشعار ،خودنوشت دیوان سے 169 اشعار اور ضمیمہ نسخۂ عرشی سے 6 شعر ہیں ۔یہ سب کل مل کر 1956 اشعار بنتے ہیں۔اسی تفصیل اور تعداد کا ذکر انھوں نے اپنے دیباچے میں بھی کیا ہے۔اس تفسیر کے لیے انھوں نے نسخۂ عرشی کو پیش نظر رکھا ہے۔البتہ 175 اشعار ایسے ہیں جس کے لیے انھوں نے خودنوشت دیوان اور ضمیمہ نسخۂ عرشی کی مدد لی ہے۔گیان چند جین نے جن اشعاروں کی پہلی بار شرح لکھی ہے ان میں قصیدہ کے 145 اشعار،غزل کے 288، رباعی کے 531، یادگارِنالہ کے 118 ،خودنوشت دیوان کے 169 اور ضمیمہ نسخۂ عرشی کے 6 شعر قابل ذکر ہیں۔ان اشعار کے کل اوزان 1355 ہوتے ہیں۔

''تفسیر غالبؔ'' کا عرض ناشر محمد یوسف ٹینگ نے لکھا ہے جو اس وقت کلچرا کادمی سری نگر کشمیر کے ڈپٹی سیکرٹری تھے۔محمد یوسف ٹینگ نے اس میں لکھا ہے کہ اس کتاب کو گیان چند جین نے 1968 میں ہی مکمل کیا تھا اور اس کتاب کو غالبؔ صدی کے موقع پر شائع ہونا تھا،لیکن نہیں ہوسکی۔اس کتاب کے دیباچہ کا فہرست اس طرح سے ہے۔گنجینۂ معنی (نسخۂ عرشی) کے قصائد، گنجینۂ معنی (نسخۂ عرشی) کی غزلیات، گنجینۂ معنی (نسخۂ عرشی) کی رباعیات، یادگار نالہ (نسخۂ عرشی) کے منتخب اشعار، غالب کے خودنوشت دیوان کے نئے اشعار اور ضمیمہ (نسخۂ عرشی) کے چند اشعار۔

غالبؔ نے اپنی زندگی میں جس کلام کو قلم زد کر کے منظر عام پر لانے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔چوں کہ غالبؔ نے چوبیس سال تک کے کلام میں زائد اشعار کو منسوخ کیا اور لکھ دیا کہ 'میرے منتخب دیوان کے علاوہ کوئی شعر میرے نام سے منسوب نہ کیا جائے'،لیکن ڈھونڈنے والوں نے بھوپال کے دفینے سے یہ صحیفہ منسوخ برآمد کرلیا جو پہلے 1921 میں ''نسخۂ حمیدیہ'' کے نام سے ظاہر ہوا اور دوسری بار ''نسخۂ عرشی'' کے حصہ اول ''گنجینہ معنی'' کے روپ میں پیش کیا گیا۔گیان چند جین نے نسخۂ عرشی کو مدنظر رکھ کر اس کلام سے ادب نوازوں کو روشناس کرانے کی کوشش کی۔انھوں نے غالبؔ کے منسوخ کلام کے شعر اکٹھا کر کے ان کی شرح لکھی۔

گیان چند جین نے اس منسوخ کلام کی شرح لکھتے ہوئے ہر شعر پر غور وخوض کرتے ہوئے اس کی طلسم کشائی کی ہے۔انھوں نے اپنی اس کتاب میں ''نسخۂ عرشی'' کے تیسرے حصے ''یادگار نالہ'' اور ''ضمیمہ نسخۂ عرشی'' کے مشکل اشعار کے معنی بھی لکھے۔گیان چند جین کی تحقیق کے مطابق ''گنجینہ معنی'' کے اشعار میں تقریباً دوسوا اشعار

ایسے ہیں جنھیں منتخب دیوان کے دوسو اشعاروں سے بدل لینا چاہیے۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''اس نے ان اشعار پر قلم پھیر دیا کیوں کہ ان میں بیشتر واقعی قلم پھیر دینے کے لائق تھے۔ ہاں ،افسوس یہ ہے کہ انتخاب کی کلہاڑی بعض شاخ ہائے گل پر بھی چلا دی گئی ہے۔'' 19

یہ وہ اشعار ہیں جن میں معنوی خوبیاں بھی ہیں اور پیرایۂ اظہار بھی نسبتاً سلیس ہے۔

نوٹ: (گنجینۂ معنی: اس میں غالب کا منسوخ کلام شامل ہے۔)

(یادگار نالہ: یہ مختلف ماخذ سے لیا ہوا متفرق کلام ہے۔ اس کلام کو نہ غالبؔ نے مسترد کیا ہے نہ اپنے مرتبہ دیوان میں شامل کیا ہے۔ جس سے واضح نہیں ہوتا کہ وہ اسے قابل اشاعت سمجھتے تھے یا قلم زدنی۔)

(نسخۂ عرشی: میں ڈیڑھ ہزار سے زائد اشعار کے فقروں اور اجزا میں عرشی نے اوقاف اور اعراب کا استعمال کیا ہے)

(نوائے سروش: یہ غالبؔ کا متداول دیوان ہے)

**لسانی مطالعے:**

گیان چند جین کی 'لسانی مطالعے' پہلی لسانی تصنیف ہے۔ جو 1973 میں ترقی بیورونئی دہلی سے شائع ہو کر منظر عام پر آئی۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن 1991 میں شائع ہوا۔ گیان چند جین نے اس کتاب کو پانچ حصوں میں منقسم کیا ہے۔ پہلے حصہ میں عام لسانیات، لسانیات کے مطالعے کی افادیت، زبان اور علم زبان، زبان کا آغاز اور زبان و بول کے متعلق سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ گیان چند جین کے مطابق لسانیات اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ یہ نہ صرف ہمیں زبانوں سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے بلکہ صوتیات اور اردو کے موضوع سے بھی واقفیت کراتا ہے۔ الفاظ آوازوں کے مجموعے ہیں جنھیں رسم خط کا لباس دے کر کاغذ پر لکھا جاتا ہے۔ دوسرا حصہ صوتیات کے عنوان سے قائم کیا گیا ہے۔ اس باب میں اردو مصوتے، اس کے جڑوں، صور رکن، اردو میں بل اور زور، اردو عروض اور لفظ کا بل وغیرہ موضوع پر بحث کی گئی ہے۔

کتاب کا تیسرا حصہ فن تحریر کے نام سے ہے۔ اس حصے میں اردو الفاظ کا رومن املا، اردو رسم خط کی اصلاح اور مشترک رسم خط کے عنوانات کے متعلق گفتگو کی گئی ہے۔ چوتھا حصہ زبان اور بولی کے عنوان پر محیط ہے۔ اس میں اردو اور ہندی کا لسانیاتی رشتہ، اردو اور ہندی، زبان کا مسئلہ، مہاتما گاندھی اور بھاشا کا سوال اور بھوپالی اردو کے عنوانات پر بحث ملتی ہے۔ اس کتاب کا آخری حصہ تبصرہ کے نام سے قائم کیا گیا ہے۔ جس میں پروفیسر محی الدین قادری زور کی لسانی خدمات کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

گیان چند جین کی ''لسانی مطالعے'' اردو لسانیات کی تاریخ میں اہم درجہ رکھتی ہے۔ اس کتاب میں زبان

و بیان پر خاص دھیان دیا گیا ہے۔اور یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ کتاب لسانی اعتبار سے اردو زبان وادب میں اہم کتاب ہی نہیں بلکہ تحقیقی نقطۂ نظر سے بھی اردو تاریخ میں بے پناہ اضافے کی حیثیت رکھتی ہے۔

تجزیے:

یہ کتاب 1973 میں مکتبہ جامعہ لمیٹڈ نئی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصے اول تحقیقی مضامین پر محیط ہے اور دوسرا حصہ ادبی وتنقیدی مضامین پر مشتمل ہے۔ حصہ اول میں سات مضمون ہے جن کا عنوان یوں ہے۔ تحقیق کے مسائل، اردو اساتذہ کے مسائل، ہندستان میں اردو تحقیق کی رفتار، کلاسیکی متن کی ترتیب، فضلی کی کربل کتھا، عظمت اللہ خان کے عروضی اجتہادات اور اردو عروض کی تشکیل جدید ہے۔ یہ مضامین گیان چند جین نے کانفرنسوں، رسالوں اور ریڈیو نشریے کے لیے لکھے تھے۔

گیان چند جین کی تحقیق کے مطابق اردو کے پہلے پی ایچ۔ڈی اسکالر محی الدین قادری زور ہیں جنھوں نے 1929 میں لندن یونی ورسٹی سے ہندستانی لسانیات اور ہندستانی صوتیات پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور ہندستانی یونی ورسٹیوں میں اردو کے پہلے ڈاکٹر سید رفیق حسین ہیں، جنھوں نے 1942 میں الہ آباد یونی ورسٹی سے اردو غزل کی نشو ونما پر ڈی فل کی ڈگری حاصل کی۔اسی طرح اردو کے پہلے ڈی لٹ کرنے والے اسکالر سید اعجاز حسین ہیں، جنھیں الہ آباد یونی ورسٹی سے مذہب اور شاعری پر ڈگری حاصل ہوئی ہے۔

اس کتاب میں گیان چند جین کا ایک نہایت اہم مضمون 'فضلی کی کربل کتھا' کے عنوان سے ہے۔اس میں گیان چند جین نے واضح کیا کہ کربل کتھا کو پہلی بار ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی نے شائع کیا لیکن ان کا نسخہ صرف دو ایک افراد تک پہنچا تھا۔اور اس کے مطالعے سے بیشتر قارئین محروم رہ گئے۔لیکن دنیا کے سامنے کربل کتھا کا تعارف پہلی بار مولوی کریم الدین نے اپنے تذکرے طبقات شعرا ہند 1848 کے ذریعے کیا۔اس کے بعد گیان چند جین نے کربل کتھا کے دیگر ایڈیشنوں کو مع تاریخ درج کیا ہے۔

کتاب میں ادبی وتنقیدی مضامین کی فہرست اس طرح ہے۔ حاتم کی مثنوی 'حسن ودل'، اردو شاعری کے مجدد حالی، غیر مسلم رہنمایان دین۔اقبال کی نظر میں، مولانا ابوالکلام آزاد بحیثیت ادیب، شاد عارفی، عہد حاضر کا نقاد شاعر، جوش ملیح آبادی اور 'یادوں کی برات'، جگن ناتھ آزاد کی مثنوی جمہور نامہ، اعجاز صاحب' میرے استاد، اردو شاعری میں ہولی کا رنگ، مرقع بھوپال، اردو ادب میں جدیدیت کے رجحانات، واقعات اور شخصیات جنھوں نے مجھے متاثر کیا۔

گیان چند جین کی کتاب کے دیگر مضامین بھی تحقیقی اور ادبی معلومات سے لبریز ہیں۔ یہ کتاب صرف تحقیقی وتنقیدی لحاظ سے ہی اہم نہیں بلکہ ادبی، علمی اور فنی اعتبار سے بھی اردو میں اضافہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

رموزِ غالبؔ:

یہ کتاب 1976 میں مکتبہ جامعہ دہلی سے پہلی بار شائع ہوئی۔ دوسرا ایڈیشن 1999 میں صدر ادارہ یادگار غالبؔ، کراچی سے شائع ہوا۔ یہ کتاب تحقیقی وتنقیدی مضامین پر مشتمل ہے۔ گیان چند جین نے اس کتاب کے چار حصے الف، ب، ج، د کے نام سے رکھے ہیں۔ اس کتاب میں کل سترہ مضامین ہیں۔ حصہ الف تحقیق کے نام سے ہے جس میں گیارہ مضامین ہیں جن کا عنوان یوں ہے۔

1۔ غالبؔ کی زبان، ابتدائی کلام کی روشنی میں
2۔ غالب کا خودنوشت دیوان
3۔ خودنوشت مخطوطہ دیوان غالبؔ اور اس کی اصلاحیں
4۔ نسخۂ عرشی زادہ، ایک جائزہ
5۔ دیوانِ غالبؔ کا متنازعہ مخطوطہ
6۔ دیوان غالبؔ کے متنازعہ مخطوطے پر مزید مشاہدات
7۔ ''بیاضِ غالبؔ تحقیقی جائزہ'' کا تحقیقی جائزہ
8۔ نسخۂ بھوپال کی اصلاحیں اور اضافے
9۔ نسخۂ عرشی، طبع ثانی کے لیے کچھ معروضات
10۔ نسخۂ عرشیؔ کچھ اشعار کی قراتیں
11۔ مالک رام بحیثیت ماہر غالبیات

حصہ 'ب' تنقید کے نام سے ہے جس میں تین مضمون ہے

1۔ غالبؔ کے صحیفۂ منسوخ　　2۔ غالبؔ کے نقاد　　3۔ غالبؔ کے طرف دار نہیں

''غالب کا صحیفۂ منسوخ'' میں گیان چند جین نے غالبؔ کے قلم زد منسوخ کلام کے انسٹھ 59 اشعار کا جائزہ لیا ہے۔ انھوں نے غالبؔ کے منسوخ کلام میں ایسے اشعار کا انتخاب کیا ہے جن میں معنوی خوبیوں کے ساتھ پیرایہ اظہار بھی نسبتاً صاف وسلیس ہے۔ دیگر قلم زد کلام کے بارے میں گیان چند جین لکھتے ہیں:

> ''میری رائے میں قلم زد کلام کے بیشتر اشعار ذہنی ورزش ہیں۔ اہل سرکس کا تار پر سائیکل چلانا اور ایک جھولے سے دوسرے جھولے پر پھاندنا ہیں۔ تعقل کے ان شعبدوں میں روح شاعری مفقود ہے۔ معمول طالب علم تو درکنار، اساتذہ ادب کے لیے بھی یہ کلام نئی شاعری کی طرح چیستاں زار ہے۔''20؎

گیان چند جین نے دوسرے مضمون ''غالبؔ کے نقاد'' میں صرف دو تنقیدی کتابیوں کو متوازن تنقید غالبؔ قرار دیا

ہے۔ایک شیخ اکرام کی تصنیف ''آثارِ غالب'' ان کے مطابق یہ ایسی تصنیف ہے جو سوانح کی تحقیق کے لیے اہم اور تصانیف کی تنقید کے لیے بھی موثر ہے۔دوسری کتاب ''نقد غالب'' ہے جو علی گڑھ میگزین کا غالب نمبر کے تنقیدی مضامین کا نقش ثانی ہے، جو 1956 میں سامنے آیا۔محمد اکرام کی تصنیف ''آثار غالب'' کے ذیل میں گیان چند جین یوں رقمطراز ہیں:

''بحیثیت مجموعی اکرام کے جائزے سے ہر جگہ تشفی ہوتی ہے'' 21؎

آگے لکھتے ہیں کہ اکثر نقادوں نے سخن فہمی سے زیادہ غالب کی طرف داری کا معاملہ کیا لیکن ان دو کتابیوں سے راہِ سخن فہمی میں خوف گم راہی نہیں رہتا۔

تیسرا مضمون ''غالب کے طرف دار نہیں'' ہے اس میں گیان چند جین نے غالب کے کلام کے محسن و مصائب پر بات کی ہے۔محاسن کی نسبت ان کے کلام کے مصائب کا ناقدانہ جائزہ پیش کیا ہے۔گیان چند جین لکھتے ہیں:

''انھیں معترض ملے یا معتقد، نقاد کم ملے۔ان کی شاعری کی تنقیص ہوئی یا پرشش متوازن تنقید کم ہوئی۔'' 22؎

اس لحاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ گیان چند جین کی یہ کتاب تحقیق و تنقید میں کتنی اہمیت رکھتی ہے۔گیان چند جین نے ماہر غالبیات کے ذیل میں نمایاں کام انجام دیا ہے۔انھوں نے اس کتاب کے ذریعے اپنی تحقیقی رائے کو اجاگر کر کے یہ دکھانے کی سعی کی ہے کہ ایک محقق کو تعصب کا شکار نہیں ہونا چاہیے، چاہیے ان کا قلم بڑے ادیب یا شاعر پر کیوں نہ اٹھا ہو۔انھیں غیر جانبداری سے اپنی رائے رکھنی چاہیے۔جس سے مطالعے کا توازن برقرار رہے۔

حصہ 'ج' تبصر کے عنوان سے ہے جس میں ایک مضمون ''کالی داس گپتا رضا'' کی تین کتابیں، دیوان کامل ،غالب درون خانہ، غالب کی بعض تصانیف کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔دوسرا مضمون ''تاثر غالب'' مولفۂ قاضی عبدالودود کی نئی تدوین از حنیف نقوی'' کے نام سے ہے۔حصہ 'د' متن کے عنوان سے ہے جس میں ایک ہی مضمون بعنوان ''منسوخ کلام غالب'' میں سے سو منتخب اشعار ہے۔

گیان چند جین کی کتاب ''رموزِ غالب'' میں غالب کے کلام بالخصوص منسوخ کلام کے نسائخ کے متعلق مضامین شامل ہیں جس میں کلام غالب کے حوالے سے تفصیلی بحث ملتی ہے۔انھوں نے غالب کے لسانی مزاج کو سمجھنے اور ان کی مخصوص زبان کا مطالعہ کرنے کے لیے ان کے ابتدائی کلام پر مفصل تبصرہ کیا ہے جو غالب نے منسوخ کر دیا تھا۔غالب کا منسوخ کلام ''نسخہ حمیدیہ'' کے عنوان سے چھپ چکا ہے اور دیوان غالب ''نسخۂ عرشی میں

''گنجینہ معنی'' کے نام سے اکٹھا کیا گیا ہے۔گیان چند جین نے ان تمام مضامین میں غالبؔ کی شاعری کو فکری وفنی حوالوں سے مختلف حصوں میں تقسیم کر کے جائزہ پیش کیا ہے۔اس سلسلے میں انھوں نے غالبؔ کے منسوخ کلام کے لیے کچھ اصلاحات اور مفروضات بھی پیش کئے ہیں۔اس تصنیف نے غالبؔ کو پڑھنے اور سمجھنے والوں کے لیے آسانی پیدا کر دی ہے۔گیان چند جین اس تصنیف میں نہ صرف ایک محقق و نقاد بلکہ ماہر غالبیات بھی نظر آتے ہیں۔اور ساتھ ہی تبصرہ نگار اور مرتب متن کے روپ میں بھی ظاہر ہوتے ہیں۔

حقائق:

گیان چند جین کی یہ کتاب 1978 میں مکتب جامعہ دہلی سے شائع ہوئی۔انھوں نے اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ایک حصہ تحقیقی وتنقیدی مضامین پر منحصر ہے۔دوسرا حصہ زبان کے تعلق سے مضامین ہے۔تحقیق وتنقید کے حصے میں سولہ مضامین ہیں۔اور زبان کے حصے میں سات مضامین درج ہیں۔پہلے حصے میں چار مضامین تنقیدی نوعیت کے ہیں اور باقی تحقیقی نوعیت کے ہیں۔اس کتاب کے اکثر مضامین رسالوں ،کانفرنسوں ،سیمناروں وغیرہ کے لیے لکھے گئے ہیں۔اس لیے کتاب کے موضوع کی یک رنگی نہیں ملتی ہے۔یہ کتاب گیان چند جین نے جموں سے نکلنے کے بعد شائع کراوئی لیکن اس کے اکثر مضامین جموں کے قیام کے دوران ہی لکھے گئے تھے۔اس حوالے سے حرف اول کا بیان ملاحظہ کیجیے:

> ''کلام ناسخ کے بعض بہت اچھے خطی نسخے جموں یونی ورسٹی کی لائبریری میں آ گئے ہیں۔جن کی وجہ سے میں نے ناسخ پر کئی مضمون لکھے ہیں دو پیش کئے جا رہے ہیں.........زریں کا فارسی چہار درویش اور داستان ہفت سیاح دونوں کے مخطوطے جموں کی لائبریری میں ہیں۔اس مجموعے کے جملہ مضامین جموں کے قیام میں لکھے گئے۔''23؎

اس کتاب کے ایک دو مضمون کا جائزہ یہاں پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

''ناسخ کا ایک غیر مردف دیوان'' کے مضمون کے بارے میں گیان چند جین لکھتے ہیں کہ غیر مردف نسخۂ جموں شعرالعجم کے سائز کے دیسی کاغذ پر ہے۔صفحات پر ترک کے سوا کوئی نمبر نہیں تھا۔گیان چند جین کے مطابق اس نسخے میں کل 418 صفحات ہیں۔آخر میں کوئی ترقیمہ نہیں لیکن یہاں متن کے کاغذ ہی کے چند سادہ اوراق ملتے ہیں۔پہلے صفحہ پر امیر علی خاں ہلال کی 1275 کی مہر لگی ہے اور صفحہ 2 سے غزلیات شروع ہو جاتی ہے۔(صفحہ 290)

''ناسخ کے غیر مطبوعہ قصیدے'' میں گیان چند جین نے ناسخ کے چار ایسے قصیدوں کی نشان دہی کی ہے جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے یہ قصیدے فارسی میں لکھے گئے ہیں۔ گیان چند جین کے مطابق ناسخ کے مخطوطات (جو جموں لائبریری میں موجود ہیں) میں کل چار فارسی قصیدے ہیں۔ یہ چاروں قصیدے معتمدالدولہ آغا میر کی مدح میں ہیں۔ سب سے اہم قصیدہ قطعۂ تاریخ والے نسخے میں ہے۔ ان چاروں قصیدوں کو گیان چند جین نے نام کے ساتھ نقل کیا ہے۔

مختصراً گیان چند جین نے اردو تحقیق کے میدان میں بالعموم اور لسانیاتی تحقیق میں بالخصوص کارہائے نمایاں کام سرانجام دیے ہیں۔ جموں وکشمیر میں ان کی تصنیف سے تحقیقی شعور اور رہبری کی مشعل مل گئی۔ جو آج تک رواں دواں ہے۔ انھوں نے اس تحقیقی فکر سے جموں میں نئے پودے لگائے۔ جس سے جموں وکشمیر میں بہت سے محقق سامنے آ گئے۔ تحقیق اور لسانیات میں انھوں نے وہ گراں قدر سرمایہ چھوڑا ہے جس کو مشعل راہ بنا کر آئندہ کی نسلیں اس میدان میں کئی فتوحات سے ہمکنار ہوں گے۔

## پروفیسر عابد پیشاوری

جموں وکشمیر کے غیر ریاستی محققین میں عابد پیشاوری کا نام اس لیے خاص ہے کہ ان کی پیدائش پیشاور میں ہوئی ہے۔ عابد پیشاوری محقق، نقاد، شاعر اور استاد تھے۔ انھوں نے اپنی کم عمری میں اردو ادب میں جو نام کمایا، وہ ہر کسی کے نصیب میں نہیں ہوتا۔ انھوں نے اپنی چند تصانیف کے بل بوتے پر ہی اردو ادب کی تحقیق میں اپنا لوہا منوایا۔ وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں، اردو تحقیق میں ان کا تعارف ہر کس وناکس کو ہے۔ انھوں نے اپنی زندگی کا آخری حصہ جموں میں گزارا ہے۔ یہ بھی ان غیر ریاستی محققین میں ہیں جن کا جسم خاکی اسی سرزمین میں پیوست ہوا۔

عابد پیشاوری کا اصلی نام شیام لال کالڑا ہے۔ کئی جگہ پر ان کا نام 'شام لال کالرا' لکھا ہوا ہے جو غلط معلوم ہوتا ہے۔ کیوں کہ راقم نے عابد پیشاوری کی کتاب ''انشا اللہ خان انشا'' کا مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ اس کے 'حرفِ آغاز' کے آخری صفحہ 26 پر شیام لال کالڑا ہی لکھا ہوا ہے۔ کالڑا ان کی ذات، عابدؔ تخلص اور پیشاوری وطن کی مناسبت سے استعمال کرتے ہیں۔ عابد پیشاوری کی ولادت 22/ دسمبر 1937 میں ڈیرہ اسماعیل خان (پاکستان) میں ہوئی۔ ان کے والد ایشورداس کالڑا، ڈاک خانے میں ہیڈ پوسٹ ماسٹر تھے اور والدہ منگو بائی تھیں۔ دادا کا نام مہر چند اور دادی پرمیشوری بائی تھیں۔ ان کے پُر دادا جویا رام کے نام سے جانے جاتے تھے۔ بچپن میں ہی والدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا تھا۔ جس کی وجہ سے پھوپھی (تھارئی بائی) کے گھر پیشاور میں ان کی پرورش ہوئی۔ عابد پیشاوری کی بڑی بہن کا نام شیاد یوی تھا، بڑے بھائی اشونی کمار کالڑا اور منجھلے بھائی گوپال

داس کالڑا تھے۔ان کی شادی 1970 کیلاش سے ہوئی لیکن ان کی اپنی کوئی اولاد نہیں ہو سکی۔اس لیے انھوں نے سالے کی بیٹی کو گود لیا جس کا نام گوڑی رکھا گیا۔

تقسیم ہند کی افراتفری کی وجہ سے،ان کے بڑے بھائی اشونی کمار کالڑا نے وہاں سے ہجرت کر کے عابد پیشاوری سمیت دلی چلے آئے۔جو کہ ان کی زندگی کے بہت مشکل دن گزرے۔ان کے بڑے بھائی اشونی کمار کو آگرہ میں میڈیکل آفیسر کی ملازمت ملنے پر،انھیں بھی آگرہ جانا پڑا۔ایک سال کے بعد پھر ان کے بھائی کی تبدیلی دلی کے صفدر جنگ ہسپتال میں ہوئی اور عابد پیشاوری بھی واپس آ گئے۔عابد پیشاوری اس وقت ساتویں جماعت میں زیر تعلیم تھے۔چوں کہ اس وقت گھر میں مالی حالت بے حد کمزور تھی جس کی وجہ سے عارضی طور پر بسکوٹ فیکٹری میں ملازمت اختیار کی۔اور ساتھ ساتھ اپنی تعلیم کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہے۔

عابد پیشاوری کی ابتدائی تعلیم خالصہ ہائی اسکول پیشاور سے ہوئی۔1955 میں میٹرک کا امتحان پنجاب یونی ورسٹی سے پاس کیا۔اور پھر انٹرمیڈیٹ 1957 میں کامیاب کیا۔اس کے بعد بی اے 1959 میں اول درجے سے پاس کیا۔1958 میں ادیب فاضل،آنرز اردو کے امتحان میں بھی اولیت حاصل کی۔1960 میں دلی یونی ورسٹی کی ایم اے ایونگ کلاسیز میں داخلہ لیا اور 1962 میں فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔1962 کے وسط میں دلی یونی ورسٹی میں ہی پی ایچ۔ڈی میں داخلہ لیا۔جہاں مقالے کا عنوان ''انشاءاللہ خان انشا دہلوی۔حیات اور کارنامے'' اور نگراں ڈاکٹر ظہیر احمد صدیقی طے ہوئے تھے۔لیکن عابد پیشاوری وہاں یہ مقالہ مکمل نہ کر سکے۔انھوں نے جموں یونی ورسٹی سے 1975 میں اسی موضوع کو تھوڑا تبدیل کر کے، پروفیسر گیان چند جین کی نگرانی میں پی ایچ۔ڈی کی ڈگری مکمل کر دی۔اس مقالے کو پورا کرنے میں انھیں تیرہ سال لگ گئے۔اس حوالے سے وہ لکھتے ہیں:

> ''یہ مقالہ 1962 کے وسط میں شروع ہوا اور 1975 کے آغاز میں اختتام پذیر ہو رہا ہے۔ہندو دیو مالا میں دو بڑے بن باسوں کا ذکر ملتا ہے۔پانڈوؤں کو 13 برس اور شری رام کو 14 برس کا بن باس بھگتنا پڑا۔زیر نظر مقالہ تیرا بن باس ہے جس کی مدت ان تاریخی بن باسوں کے بیَن بیَن ہے۔''24؎

عابد پیشاوری کی پہلی ملازمت بسکوٹ فیکٹری سے شروع ہوئی۔اس کے کچھ عرصے بعد 1957 میں انٹرمیڈیٹ پاس کرنے کے بعد ہی پنجاب نیشنل بنک میں ملازمت کی۔1962 میں ریزرو بنک آف انڈیا میں

ملازم ہوگئے۔عابد پیشاوری شاید بنک کی نوکری کے لیے بنے ہی نہیں تھےاسی لیےانھوں نے یہ ملازمت ترک کردی ۔پھر 1966 سے 1967 تک وہ ایس۔ پی۔ایم۔آر کامرس کالج،جموں میں اردو کے لیکچرر رہے۔اس طرح سے عابد پیشاوری دلی سے جموں منتقل ہوگئے۔جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے جموں ڈویژن شعبۂ اردو میں بحیثیت لیکچرر 1967 میں ان کی تقرری عمل میں آئی۔1969 میں جموں یونی ورسٹی الگ سے وجود میں آئی اور عابد پیشاوری تاحیات اسی یونی ورسٹی سے منسلک رہے۔شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی میں اکتیس 31 سالہ ملازمت میں،وہ دس سال لیکچرر، 1977 سے نو9 برس تک ریڈر اور 1986 سے بارہ12 برس پروفیسر کے عہدے پر فائز رہے۔

جموں یونی ورسٹی کے عرصہ وابستگی کے دوران میں وہ تین برس تک فیکلٹی آف اورینٹل لرننگ کے ڈین اور پندرہ 15 برس تک بورڈ آف اسٹڈیز کے کنوینز بھی رہے۔یہ ان کی قابلیت اور شہرت کا اعتراف ہی تھا کہ 1985 سے لے کر 1995 تک وہ گورکھپور یونی ورسٹی کے ممبر بورڈ آف اسٹڈیز رہے۔اسی طرح وہ کم وبیش اتنا ہی عرصہ بنارس ہندو یونی ورسٹی کے بھی ممبر بورڈ آف اسٹڈیز بھی رہے۔علی گڑھ یونی ورسٹی کی جنزل باڈی اور تعلیمی کمیٹی،نیز ملک کی متعدد یونی ورسٹیوں کی سلیکشن کمیٹیوں کے ممبر رہنے کا شرف بھی انھیں حاصل رہا ہے۔یو.جی.سی ریویو کمیٹی اور آل انڈیا یونی ورسٹی اردو ٹیچرز کانفرنس کے بھی رکن رہے۔اس کے علاوہ دوران ریسرچ ایم فل، پی ایچ۔ڈی کے اسکالروں کی نگرانی بھی انجام دی۔1998 میں جموں یونی ورسٹی سے سبکدوش ہوگئے۔

عابد پیشاوری بیک وقت کئی زبانوں پر قدرت رکھتے تھے۔انھیں دس زبانوں پر دسترس تھی۔جن میں اردو ،انگریزی،ہندی،فارسی،سنسکرت،پنجاب،ترکی،پشتو،ڈوگری اور عربی شامل ہیں۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ’’وہ دس زبانیں جانتے تھے،جن میں اردو کے علاوہ انگریزی،ہندی،فارسی،سنسکرت،پنجابی ،ترکی پشتو،ڈوگری اور عربی شامل ہیں۔اول الذکر پانچ زبانیں وہ باسانی لکھ لیتے تھے اور آخر الذکر پانچ زبانیں بڑے آرام سے بول لیتے تھے۔ظاہر ہے ان زبانوں سے ان کے اٹوٹ رشتوں نے انھیں اپنے تحقیقی وتنقیدی کاموں میں کافی مدد بہم پہنچائی‘‘25

مذکورہ اقتباس سے عابد پیشاوری کی علمی صلاحیت کا انداز ہوتا ہے۔ان کی شخصیت میں اردو ادب کے علاوہ اور ایک اہم پہلو طبابت ہومیوپیتھی (Homeopathy)،کیوموپیتھی (cheomopathy) نیز ایکوپریشر تھریپی (Acupressure therapy) میں دلچسپی اور حاجت مندوں کی بے لوث خدمت کرتے تھے۔وہ

اپنی تیار شدہ دواؤں کا استعمال کرتے تھے اور دیگر ضرورت مندوں کا علاج مفت میں کرتے تھے۔ان کے علاج معالجہ سے بہت سے لوگ شفایاب بھی ہو جاتے تھے اور کچھ پر اثر نہیں ہوتا تھا۔اس حوالے سے گیان چند جین کا اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''ان کی انتہا پسندی ان کے نظام معالجہ میں بھی تھی ۔ وہ ہومیو پیتھی پر اعتقاد رکھتے تھے۔جموں میں محلے کے ایک ہومیو پیتھ ڈاکٹر سے دوستی تھی ۔اس کی دکان پر جا بیٹھتے تھے۔اس سے بہت کچھ سیکھا۔ ہر ہومیو پیتھ کی طرح عابدؔ بھی اپنے علاج کردہ مریضوں کے قصے بیان کرتے تھے جنھیں انھوں نے معجزاتی طور پر شفائے کامل دی تھی ۔ کامرس کالج جموں کے جس پرنسپل سنگھ کو پیٹنے کا منصوبہ بنا رہے تھے، بہت بعد میں اس کے پاؤں میں کسی سخت مرض کا ایسا علاج کیا کہ وہ ان کا مرید ہو گیا۔ جموں چھوڑنے کے بعد ایک بار میرا وہاں جانا ہوا۔ مجھے شدید کھانسی تھی ۔ان کی ہومیو پیتھی کی دوا تیر بہ ہدف ثابت ہوئی لیکن بعد میں کبھی اس دوا سے میری کھانسی کو کوئی فائدہ نہ ہوا۔ایک بار میری بیوی کو ٹانگوں میں درد کی دوا دی۔ اس کو تو کوئی فائدہ نہ ہوا لیکن ان کا پرانا قبض دور ہو گیا۔...........دانت کے درد میں ان کی دوا ضرور مفید ثابت ہوئی.........شاید آخری بار لکھنوآئے تو Acupressre کے گن گانے لگے''26؎

اسی طرح سے ان کے اور بھی دوستوں اور پڑوسیوں نے ان کے علاج و معالجہ سے فائدہ اٹھایا ہے۔جس میں دونوں باتیں سامنے آتی تھیں کسی پر کارگر ثابت ہوتی کسی پر نہیں۔

چناں کہ عابد پیشاوری کو بچپن سے لکھنے پڑھنے کا شوق تھا۔تحقیق و تنقید سے ان کی خاصی دلچسپی تھی۔ جو آخری دم تک قائم رہی۔ان کی ادبی زندگی کا آغاز شاعری سے ہوا۔انھوں نے اردو شاعری میں دوہوں کے ساتھ اپنا تعارف کرایا ہے۔ان کے دوہوں کا مجموعہ ''رحمٰن رنگ'' کے نام سے،ان کے انتقال کے بعد 2009 میں عابد سہیل نے مرتب کر کے شائع کیا۔اس مجموعے میں دوہوں کی تعداد 344 ہے۔اس مجموعے میں اکثر دوہوں میں شعریت کا فقدان ہے۔زبان نہایت صاف ستھری اور بامحاورہ ہے لیکن مجموعے میں بہت سے ایسے دوہے ہیں جو قاری کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں ۔اس کے علاوہ ان کی شاعری سے متعلق ایک کتاب '' انتخاب کلام عابد پیشاوری'' جس کو جمیل اختر نے مرتب کر کے اردو اکادمی دہلی سے 2008 میں شائع کیا۔خیر ان کی شاعری اپنی زندگی کا آئینہ ہے۔زندگی نے ان کے ساتھ نت نرالے کھیل کھیلے تھے۔دوستوں کی سرد مہری اور بے وفائی اور خود پر ہونے والے مظالم مسکراتے ہوئے جھیلتے رہے۔انھوں نے میر تقی میرؔ اور امیر مینائیؔ کے پیرایۂ بیان میں اپنے دل

کی بھڑاس نکالی۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''موصوف کے کلام میں میر تقی میؔر کے درد وغم ،رنج ومحن کی پرچھائیاں سایہ فگن ہیں البتہ موصوف کے کلام کی سادگی وپرکاری دل کے نہاں خانے میں اتر کر ایک خاص کیفیت پیدا کرتی ہے۔''27؎

قمر رئیس ''انتخاب کلام عابد پیشاوری'' کے پیش لفظ میں یوں رقمطراز ہیں:

''سخن گوئی میں وہ کلاسیکی شعرا کے پیرو تھے۔اکثر استادوں کی زمینوں میں غزلیں کہتے۔''28؎

مذکورہ اقتباس سے اندازہ ہوتا ہے کہ عابد پیشاوری شاعری میں بھی اچھی خاصی دلچسپی رکھتے تھے۔اپنی زندگی میں انھوں نے کوئی کلام شائع نہیں کیا،ہاں کبھی کبھی مشاعروں میں شرکت کرتے تھے۔علم عروض پر بھی ان کی خاص نگاہ تھی۔

ان کی ادبی زندگی کا دوسرا رخ تحقیق وتنقید ہے۔زندگی کے آخری تین دہائی سے انھوں نے اپنی ساری توجہ تحقیق پر مرکوز کی ہے۔وہ جس موضوع کو بھی ہاتھ میں لیتے تھے جب تک اس کے باریک سے باریک نقطے کو کھنگال نہ لیتے تھے،چین سے نہیں بیٹھتے تھے وہ اپنی بات کو منوانے کے لیے مدلل اور معتبر حوالوں سے کام لیتے تھے۔اگرچہ ان کی تصانیف کی تعداد کم ہے لیکن ان کا معیار انتہائی بلند اور اعلا ہے ان کی تصانیف یوں ہیں۔

1۔''انشؔا کے حریف وحلیف''1979،اردو رائٹرس گلڈ الہ آباد سے شائع ہوئی۔

2۔''نقطےاور شوشے''،1980 میں انجمن اسلام ریسرچ انسٹی ٹیوٹ،بمبئی سے منظر عام پر آئی۔

3۔''انشا اللہ خان انشؔا''، 1985 میں یوپی اردو اکادمی،لکھنو سے شائع ہوئی۔

4۔''متعلقات انشؔا''، 1985 میں نصرت بک ڈپو،لکھنو سے شائع ہوئی۔

5۔''ذوقؔ اور محمد حسین آزاؔد''، 1987 میں ادارۂ فکر جدید،دریا گنج،نئی دہلی سے شائع ہوئی۔

6۔'' گاہے گاہے بازخواں''،1994 میں سیمانت پرکاش،دریا گنج،نئی دہلی سے شائع ہوئی۔

ان تصانیف کے علاوہ انھوں نے وقتاً فوقتاً رسالوں اور اخباروں میں مضامین بھی لکھے ہیں جو ابھی تک شاید بکھرے پڑے ہے۔ریڈیو کشمیر جموں سے نشر ہونے والے ہفتہ وار ادبی پروگرام ''آبشار'' سے بھی ان کے بیشتر مضامین نشر ہوتے رہے۔ڈاکٹر کرن سنگھ کے مطابق ان کی زیر طبع اور چار کتابیں ہے جن کا عنوان یوں ہے۔

1۔رانی کیتکی کی کہانی (زیرترتیب)

2۔مرغ نامہ (زیرترتیب)

3۔افسونِ غزل (غزلوں کا مجموعہ)

4۔ بے موسم کی رانی راگنی (نظموں کا مجموعہ) (عابد پیشاوری شخصیت اور فن از ڈاکٹر ٹی آر رینا، ص۔173)

عابد پیشاوری کی ادبی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے حکومتِ ہند کی مختلف اکادمیوں نے انھیں وقتاً فوقتاً مختلف انعامات سے نوازا ہے۔ انھیں میرا کادمی لکھنو نے ''امتیاز میر'' اور ''نوائے میر'' جیسے اعزازات سے نوازا ہے۔ انھیں تین کتابوں پر یو پی اردو اکادمی نے انعامات دیے ہیں۔ نیز ان کی مجموعی ادبی خدمات کے اعتراف میں ایوان غالب، نئی دہلی نے ''اٹلس غالبؔ'' کے انعام سے نوازا ہے۔

عابد پیشاوری نے سبک دوش ہونے کے بعد تصنیف و تالیف اور مکان کی تعمیر کے بڑے منصوبے بنا رکھے تھے لیکن خدا نے کچھ اور ہی لکھا تھا۔ کچھ دنوں کی علالت ہونے کے بعد یہ بے باک، نڈر، پٹھان مزاج کا انسان، اچانک 26/جنوری 1999 کی دوپہر کی ساڑھے گیارہ بجے حرکت قلب بند ہوجانے سے 61 سال کی عمر پاکر اس دارِفانی کو ہمیشہ کے لیے خیر باد کہہ دیا۔ ان کی بے وقت وفات سے نہ صرف ان کے اہل خانہ کو صدمہ پہنچا بلکہ اردو ادب کی دنیا ایک عظیم شخصیت سے محروم ہوگئی۔ ان کی اچانک وفات کے سلسلے میں عابد سہیل یوں رقمطراز ہیں:

> ''.....رات میں جموں فون کیا تو بھابھی نے کہا:
> ''آپ کو نہیں معلوم''؟
> گلے میں کانٹا پھر اٹک گیا اور میں ایک لفظ بھی نہ بول سکا۔
> ''طبعیت تو کئی دن سے خراب تھی لیکن نہ انھوں نے اسے کوئی اہمیت دی نہ ہم لوگوں نے اور........ان کی آواز گلو گیر ہوگئی۔
> ''کب۔؟'' میں نے پوچھا۔
> ''26/جنوری کو، دن میں ساڑھے گیارہ بجے۔'''' 29ے

عابد پیشاوری نے کلاسیکی ادب پر تحقیقی کام کیا ہے۔ ان کی تمام تصنیفات کلاسیکی ادب کے تحقیقی زمرے میں آتی ہیں۔ ان کا شمار تحقیق اور تحقیقی طریقہ کار کے ماہرین میں ہوتا ہے۔ کلاسیکی اور عہد وسط کے ادب پر انھوں نے خوب کام کیا ہے۔ اب عابد پیشاوری کی تحقیقی تصانیف کا جائزہ پیش کرنے کی کوشش کریں گے۔

**انشا کے حریف وحلیف:**

عابد پیشاوری کی یہ پہلی کتاب 1979 میں اردو رائٹرس گلڈ، آلہ آباد سے شائع ہوئی اس میں انشاؔ اور مصحفیؔ کے ادبی معرکوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ جس طرح شبلیؔ نے ''موزانہ انیسؔ و دبیرؔ'' لکھ کر دونوں شعرا کو حیاتِ جاوید عطا

کیا، ٹھیک اسی طرح عابد پیشاوری نے انشؔا اور مصحفؔی کی خوبیوں اور خامیوں کو عوام سے روشناس کرایا۔ اس کتاب کی ضخامت 200 صفحات ہیں۔ اس میں پانچ باب ہے، جس کے چار باب حریفوں کے اور ایک باب میں حیلف کے ساتھ انشؔا کے معرکوں کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ عابد پیشاوری کے مطابق زیرِ نظر کتاب، ان کے پی ایچ۔ ڈی مقالے کے ایک باب کا تیسرا حصہ ہے۔ جس کو انھوں نے الگ سے کتابی شکل دی ہے۔ انشؔا کے حریفوں میں مرزا عظیم بیگ تورانی، مصحفؔی، فائقؔ اور قتیلؔ ہیں اور حلیف میں محمد حسین آزادؔ ہیں۔

کتاب کے پہلے باب میں عابد پیشاوری انشؔا اور عظیمؔ کے معرکوں پر بحث کرتے ہیں۔ عابد پیشاوری کے مطابق انشؔا کے خلاف پہلے لکھنے والے، تذکرہ نگار اعظم الدولہ میر محمد بہادر خان سرورؔ ہے جن کا تذکرہ ''عمدۂ منتخبہ'' ہے۔ جو ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی نے مرتب کیا۔ اس تذکرے میں سرورؔ نے انشؔا کے باب میں، انشؔا پر یہ الزام لگایا ہے کہ انھوں نے چار سخن فہم معاصرین پر اعتراضات کیے ہیں۔ جن میں میر قدرت اللہ قاسمؔ، حکیم ثنااللہ خاں فراقؔ، مرزا عظیم بیگ عظیمؔ اور شیخ ولی اللہ محبؔ ہیں۔ عابد پیشاوری ان کے اس الزام کو مسترد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ انشؔا نے صرف عظیمؔ کی غلطی پر انگلی اٹھائی تھی اور سرِ مشاعرہ تقطیع کی فرمائش کی تھی۔ چناں چہ یہ لوگ عظیمؔ کے قریبی تھے اس لیے انھوں نے عظیمؔ سے مل کر انشؔا کے خلاف محاذ شروع کیا تھا۔ سرورؔ ان بزرگوں کے دوست تھے جس کی وجہ سے سرورؔ نے عظیمؔ کی غلطی کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا، جو
معرکے کا بنیادی سبب تھا، بلکہ ان سے اپنے تعلقات کی بنا پر انشؔا کا قصور ثابت کیا۔ عابد پیشاوری کتاب کے حواشی میں یوں رقمطراز ہیں:

> ''سرورؔ نے اپنا تذکرہ اس معرکے کے کم بیش بیس ۲۰ سال بعد ترتیب دیا۔ وہ اس واقعے کے عینی شاہد بھی نہیں تھے۔ مرزا میڈھو کے مشاعرے میں ان کی شرکت کا بھی کوئی ثبوت نہیں ملتا ہے چناں چہ ان کا بیان کچھ زیادہ موثر نہیں۔ انھیں انشؔا کا اعتراض کرنا یاد رہ گیا لیکن ان کا یہ بیان دوست نہیں کہ انشؔا نے اپنے چار ہم عصروں: قاسمؔ، فراقؔ، عظیمؔ اور محبؔ پر اعتراض کیے تھے۔ قاسمؔ نے جو خود ایک فریق تھے اپنے تذکرے میں سرورؔ سے مختلف نام لیے ہیں یعنی انشؔا کے دوسرے ساتھیوں کا نام بھی لیا ہے۔ البتہ یہ حقیقت ہے کہ ان سب بزرگوں نے انشؔا کے خلاف محاذ قائم کرلیا تھا۔ مصحفؔی نے قاسمؔ کے مبینہ ناموں کے علاوہ ان کے استاد ہدایتؔ اور میر محمد جواد ہادی کا نام بھی لیا ہے۔''30؎

مذکورہ اقتباس کی روشنی سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ معرکہ آرائی دو گروہوں کے درمیان تھی نہ کہ صرف انشؔا اور عظیمؔ کے

درمیان۔عابد پیشاوری نے اس معرکے کے حوالے سے قاسم کے تذکرے ''مجموعہ نغز'' میں لکھا ہوا ایک واقعہ نقل کیا ہے۔جس میں قاسم کی غلط بیانی کی نشان دہی کی گئی ہے۔جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قاسم اس معرکے میں خود شریک تھے۔عابد پیشاوری نے مصحفی کے تذکرے (تذکرۂ ہندی) سے بھی ایک بیان نقل کیا،جس سے ثابت ہوتا ہے کہ دلی کے معرکے کی پہل انشا نے شروع نہیں کی تھی۔بلکہ اتفاقاً عظیم اس معرکے کی زد میں آ گئے۔اصل میں معرکہ قاسم نے چھیڑا تھا۔جس میں عظیم کو مہرہ بنا کر پیش کیا گیا ہے۔عابد پیشاوری نے 19 صفحات پر محیط،اس باب میں مفصل شواہد ودلائل سے صحیح بات ثابت کی ہیں۔اس میں ''مجموعہ نغز''،''تذکرۂ ہندی''،''آب حیات'' اور ''عمدہ منتخبہ'' کے تذکروں سے استفادہ حاصل کیا گیا ہے۔

کتاب کا دوسرا باب ''انشا اور مصحفی'' کے عنوان سے ہے۔یہ مقالہ 103 صفحات پر مشتمل ہے۔اس میں عابد پیشاوری نے پہلے مصحفی کے پس منظر پر روشنی ڈالی ہے۔مصحفی کی شخصیت اور دیگر ادبی معرکوں پر سرسری نظر ڈالی گئی ہے۔عابد پیشاوری کے مطابق مصحفی ہر ایک کے مرتبہ ومقام سے جلتے تھے اس لیے پہلے جرآت سے،اس کے بعد انشا سے معرکہ کیے۔حتیٰ کہ مصحفی میر،درد اور مرزا سودا پر بھی ایمان نہیں لاتے تھے۔انھوں نے اس باب میں بحث وشواہد سے ثابت کیا کہ مصحفی کی انا اور تکبر ضرورت سے زیادہ تھا جس کی وجہ سے وہ ہر ایک سے معرکہ مول لیتے تھے۔انھوں نے صرف لکھنوہی میں نہیں بلکہ دلّی میں بھی اسی طرح کے معرکے کیے ہیں۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''دلی کے کچھ تذکرہ نگار اگر مصحفی کی تعریف کرتے ہیں تو اس کا سبب پیچھے بیان ہو چکا ہے۔مصحفی دلی میں بھی خاموش نہیں بیٹھے بلکہ وہاں بھی انھوں نے کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھا اور وہاں بھی بہ قول خود سب چھوٹے بڑے ان سے دبتے رہے۔لیکن ان کی دلّی کی ہنگامہ آرائیاں پردۂ خفا میں ہیں۔شاید کسی نے انھیں قابل اعتنا ہی نہیں سمجھا ورنہ ان کی سیرت پر کچھ اور روشنی پڑتی،یہ حقیقت بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ''مصحفی کو جہاں کہیں زک ہوئی ہے'' اور جب بھی انھوں نے خفتیں اٹھائیں ہیں تو پہل انھیں کی طرف سے ہوتی ہے۔''
>
> ''....ان کے مزاج میں بغض وحسد کو کس قدر دخل تھا اور معمولی معمولی باتوں پر کس طرح بے گناہوں سے بگڑ جاتے اور ہجوگوئی پر آمادہ ہوجاتے تھے اس کا حال شاہِ حقیقت کے ترجمے سے کھلتا ہے۔''31

مذکورہ اقتباس سے مصحفی کی شخصیت اوران کے مزاج کی تلخی عیاں ہوجاتی ہے جو دلی اور لکھنو میں تھی۔

عابد پیشاوری نے محمد حسین آزاد کا یہ بیان بھی غلط ٹھہرایا ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ مصحفی اور انشا کی معرکہ آرائی، اس لیے ہوئی کہ مصحفی پہلے مرزا سلیمان شکوہ کے استاد تھے انشا کے آنے سے وہ انشا کے شاگرد ہوگئے۔ جس کی وجہ سے، ان دونوں میں معرکہ آرائی نے جنم لیا۔ عابد پیشاوری اس بیان سے اختلاف رائے کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر مرزا سلیمان شکوہ، مصحفی کے شاگرد ہوتے تو مصحفی اپنے تذکروں میں ضرور ذکر کرتے، بلکہ انھوں نے خود لکھا ہے کہ میری مرزا سلیمان شکوہ کے دربار تک رسائی انشا کے ذریعے ہوئی۔ اس حوالے سے عابد پیشاوری نے زیر نظر کتاب کے صفحہ 84 پر مصحفی کا وہ اقتباس نقل کیا ہے۔ جس سے محمد حسین آزاد کی اس غلط بیانی کی تصدیق ہوتی ہے۔

عابد پیشاوری کے مطابق انشا کی طبیعت کا جو عالم تھا وہ ان کے کلیات سے عیاں ہوتا ہے۔ اس حوالے سے عابد پیشاوری نے ان کے چند اشعار نقل کیے ہیں۔ جن سے انشا کی طبیعت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس اگر مصحفی کی بے حیائی کے اشعار سارے دیوان سے جمع کیے جائیں تو ان کی تعداد کئی ہزار تک پہنچ سکتی ہے۔ لیکن کلیات انشا میں دیوان غزلیات اردو کے اشعار کی مجموعی تعداد بھی غالباً اتنی نہ ہوگی، جتنی مصحفی کے فاحشیہ اشعار کی ہے۔

عابد پیشاوری نے انشا اور مصحفی کے باب میں زیادہ تر قاضی عبدالودود کے بیانات پر اتفاق رائے قائم کیا ہے۔ اس کے باوجود انھوں نے حواشی میں نئی تحقیقی باتوں کا انکشاف بھی کیا۔ ان کے مطابق قیاساً اس معرکے کی بنیاد مصحفی کی وہ غزل جس کی ردیف ''انگلی'' ہے۔ اور انشا پر اس غزل کو الٹانے کا الزام آ گیا تھا۔ جو فساد کی جڑ بن گئی۔ یہی خیال مصحفی کا بھی

ہے اور ناصر کا بھی۔ عابد پیشاوری اور محمد حسین آزاد کے مطابق یہ غزل انشا نے نہیں الٹی بلکہ قیاس ہوتا ہے کہ یہ غزل رنگین نے الٹی ہوگی۔ کیوں کہ اعتراضات کی نوعیت بھی اور فحش کلامی بھی، دونوں رنگین کی ذہانت اور مزاج سے مطابقت رکھتے ہیں۔ تاہم اس غزل میں دو ایک شعر انشا کے انداز پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ غزل الٹنے سے ہجو میں تبدیل ہوگئی جس سے مرزا سلیمان شکوہ ناراض ہوگئے اور انشا پر وار شروع کیا۔

کتاب کا تیسرا باب ''فائق اور انشا'' کے نام سے ہے۔ اس باب میں عابد پیشاوری نے زیادہ نہیں لکھا صرف چار صفحوں میں دو صفحے پر قتیل کا رقعہ نقل کیا ہے اور یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ہجو کی پہل انشا نے نہیں کی، بلکہ انشا نے فائق کو غلطی کی طرف توجہ دلائی لیکن فائق سے یہ برداشت نہ ہوسکا اور انھوں نے ہجو کہہ دی۔ اس کے باوجود انشا

نے اپنے ہجو لکھنے والے فائق کو پانچ روپے کا انعام دیا تھا۔

کتاب کا چوتھا باب ''قتیل اور انشا'' کے عنوان سے ہے۔ یہ باب 19 صفحات کا ہے۔ عابد پیشاوری اس باب میں لکھتے ہیں کہ قتیل، انشا کے دوستوں میں شمار ہوتے تھے۔ قتیل، انشا کی نیک طبیعت اور پاک دامنی کی قسمیں کھاتے تھے۔ لیکن انشا کے دربار سے برطرف ہونے کے ساتھ ہی قتیل نے نہ صرف ان سے آنکھیں پھیر لی۔ بلکہ انشا کے خلاف زہر اگلنے لگے اور 40 چالیس سال کی دوستی کو بالائے طاق رکھ دیا۔ انشا اور قتیل کی دوستی کے بارے میں عابد پیشاوری نے بہت سے رقعات کے اقتباس نقل کیے۔ ان کے مطابق معرکہ ''ہجر'' اور ''ہَجر'' کے لفظ پر 1225ھ میں پیش آیا۔ جس میں قتیل کا تعلق انشا کے ساتھ مرزا جعفر سے بھی قطع ہو گیا تھا۔ مرزا جعفر کے ساتھ قتیل کا تعلق کچھ مدت تک کٹ گیا تھا لیکن قتیل نے انشا سے ہمیشہ کے لیے قطع تعلق کر لیا جو ان کے خلوص پر دھبا رہا۔

عابد پیشاوری کی اس کتاب کا آخری باب ''محمد حسین آزاد اور انشا'' کے عنوان سے ہے۔ یہ باب انشا کے حلیف کے طور پر ہے۔ اس میں پہلے محمد حسین آزاد کی کتاب ''آب حیات'' کی ذیل میں تمہید بندہ گیا ہے۔ پھر اس باب کو تین حصوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ حصہ اول ''خلافِ واقعہ بیانات''، حصہ دوم ''قول شیفتہ کے زیر اثر دیے گئے بیانات'' پر مبنی ہے۔ تیسرا حصہ ''بھانڈ اور پھکڑ پن وغیرہ'' کے عنوان سے ہے۔

پہلا حصہ عابد پیشاوری نے آب حیات کے اس اقتباس سے شروع کیا ہے۔ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''الغرض جب ہندوستان میں تباہی عام ہوئی تو سید انشا مرشد آباد سے دلی آئے۔ اس وقت دلی کا دربار ایک ٹوٹی پھوٹی درگا راور سجادہ نشین اس کے شاہ عالم تھے۔ دلی میں اسوقت سودا اور میر جیسے لوگ نہ تھے مگر بڈھے شوقین تھے کہ انھیں بزگوں کے نام لینے والے تھے مثلاً...... فراق شاگرد میر درد.... قائم شاگرد خواجہ میر درد....''[32]

عابد پیشاوری مذکورہ پورے اقتباس سے اختلاف رائے کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ انشا مرشد آباد سے دلی نہیں آئے بلکہ فیض آباد آئے۔ پھر شجاع الدولہ کے انتقال کے چھ سال بعد 1194ھ میں دلی آئے تھے۔ اس حوالے سے ان کا اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''یہ بیان تاریخی اعتبار سے درست نہیں۔ پہلے بیان میں آزاد کو صحیح واقعات کا علم نہیں، دوسرا میں انھیں حقائق کا علم ہے لیکن کسی مصلحت کے تحت وہ ان سے صرفِ نظر کرتے ہیں۔ انشا مرشد آباد سے دلی نہیں بلکہ فیض آباد لائے گئے تھے۔ تعلیم و تربیت کے بعد کچھ وقت شجاع الدولہ

سے وابستہ رہے۔ ان کے انتقال کے چھ سال بعد 1194ھ میں دلی کا رخ کیا۔ شاہ عالم کو درگاہِ حکومت دہلی کی سجادہ نشینی سات سال بعد نصیب ہوئی۔ انشاؔ 1178ھ کے قریب فیض آباد پہنچے۔ شاہ عالم اس وقت الہ آباد میں تھے۔ 1185ھ میں دلی گئے۔''33

اقتباس کے دوسرے حصے میں محمد حسین آزادؔ نے کہا کہ میر دردؔ اس وقت موجود نہیں تھے جس کا مطلب ہوا ان کا انتقال ہو چکا تھا۔ لیکن محمد حسین آزادؔ نے خود میر دردؔ کی تاریخ وفات 1199 بتائی ہے۔ جب کہ انشاؔ 1194 میں دلی گئے تھے۔ عابد پیشاوری کی تحقیق کے مطابق میر دردؔ 1196-1197 تک دلی میں ہی تھے اور انشاؔ اور میر دردؔ نے تقریباً ایک ہی زمانے میں دلی چھوڑ دی تھی۔ اس کے علاوہ محمد حسین آزادؔ کے اقتباس کے مطابق قاسمؔ اور فراقؔ، میر دردؔ کے شاگرد تھے۔ جب کہ عابد پیشاوری کی شواہد اور دلائل کے مطابق قاسمؔ، ہدایتؔ کے شاگرد تھے اور بقول مصحفیؔ، فراقؔ، قاسمؔ کے شاگرد تھے۔

دوسرے حصے میں عابد پیشاوری نے شیفتہؔ کے ان بیانات کی نشان دہی کی جو محمد حسین آزادؔ نے جوں کے توں لکھے۔ انھوں نے شیفتہؔ کے تذکرے ''گلشن بے خار'' کی غلط بیانیوں کی نشان دہی کر کے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ محمد حسین آزادؔ نے انشاؔ کے بارے میں جو لکھا ہے وہ انھوں نے سب شیفتہؔ کے تذکرے ''گلشن بے خار'' سے لیا ہے۔ جو قابل قبول نہیں ہے۔ انھوں نے انشاؔ کے متعلق بھانڈ، بھڑوا، بہروپیا، سینہ زور، سب بیانات ''گلشن بے خار'' کے جادوئی اثر سے لکھے ہیں۔ اس حوالے سے عابد پیشاوری نے نہ صرف مع ثبوت وشواہد اصل حقیقت پیش کی ہے بلکہ اس ضمن میں محمد حسین آزادؔ کے ممکنہ ماخذ کی نشان دہی بھی کی ہے۔

نقطے اور شوشے:

عابد پیشاوری کی یہ کتاب 1980 میں نوائے ادب سے شائع ہوئی۔ اس کتاب کے مضامین، انھوں نے رسالہ

''نوائے ادب'' بمبئی کے لیے لکھے تھے۔ اس کتاب میں ڈاکٹر عبدالحق کی مرتبہ کتاب ''دیوان حاتمؔ'' کا بہت مفصل جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں عابد پیشاوری نے املا سے متعلق بحث کی ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ کسی لفظ کا ایک نقطہ اپنی جگہ سے ذرا سا اِدھر اُدھر ہو جائے یا شوشے کی کمی بیشی ہو جائے تو لفظ کا تلفظ کہاں سے کہاں پہنچ جاتا ہے۔ اور تلفظ کے بدلتے ہی اس کے معنی بھی بدل جاتی ہے۔

**انشا اللہ خان انشاؔ:**

عابد پیشاوری کی یہ تیسری کتاب ہے۔یہ ان کا پی ایچ۔ڈی کا مقالہ تھا۔جو 1985 میں اتر پردیش اردو اکادمی سے شائع ہوا۔اور پھر 2009 میں اس کا دوسرا ایڈیشن اسی اکادمی نے شائع کیا۔کتاب کی کل ضخامت 690 صفحات ہیں۔کتاب میں فہرست مضامین موجود نہیں ہے جو کہ قاری کو کھٹکتا ہے۔کتاب کے پہلے باب میں عابد پیشاوری نے سیاسی وسماجی پس منظر کو بیان کیا ہے۔اس میں اختصار کے ساتھ انشاؔ کے نجی خاندانی حالات اور شخصیت کا جائزہ پیش کیا ہے۔دوسرے باب میں انشاؔ کے آباواجداد کا تذکرہ کیا گیا ہے۔اس باب میں عابد پیشاوری نے انشاؔ کی خاندانی حیثیت پر اچھی بحث کی ہے۔جس میں ان کی مالی حیثیت کے بارے میں جانکاری ملتی ہے۔اس باب میں انشاؔ کے آجداد کے ساتھ ہی ساتھ ان کے خاندان اور دوسرے متعلقہ امور سے بھی بحث کی گئی ہے۔عابد پیشاوری یہاں نہ صرف مستند مآخذ سے مواد حاصل کرتے ہیں بلکہ دوسرے شواہد کی روشنی میں ان کی چھان بین بھی کرتے ہیں۔وہ بیان کی شہادت اس وقت تک قبول نہیں کرتے ہیں جب تک اس کی تصدیق دوسرے حوالوں سے بھی نہیں ہوتی ہے۔اس باب کے آغاز میں لکھتے ہیں اقتباس:

''بعض کہتے ہیں کہ خطۂ کشمیر کے سادات صحیح النسب سے ہیں وہ کسی زمانے میں سمرقند سے آئے تھے۔''34؎

مذکورہ اقتباس کا جواب عابد پیشاوری کتاب کے حواشی میں یوں لکھتے ہیں:

''....اس ضمن میں نصراللہ خان خویشگی کا تذکرہ گلشن ہمیشہ بہار، تالیف ۱۲۵۷ھ(۱۸۴۱)، آزاؔد کا ماخذ معلوم ہوتا ہے۔خویشگی نے لکھا ہے کہ ''مولدِ برزگارش خطۂ کشمیر ونژادش از مرشد آباداست۔''
(گلشن ہمیشہ بہار۔ص ۵۷،کلیات انشا مملوکہ نواب مصطفٰی خاں شیفتہؔ مخذونہ شیفتہ کلکشن، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ، میں ایک ہجو''ہجوکشامرہ'' کی موجودگی اس خیال کی تردید کرتی ہے)البتہ سمرقند کا ذکر کسی دوسرے تذکرے میں نظر سے نہیں گزرا۔آزاؔد کا ماخذ کیا ہے معلوم نہیں۔''35؎

مذکورہ حاشیے سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ ایک سچے محقق کی طرح عابد پیشاوری کسی بھی بات کو من وعن قبول نہیں کرتے۔چاہے کوئی کتنا بڑا محقق یا دانش ور ہی کیوں نہ ہو۔

کتاب کا تیسرا باب انشاؔ کی سوانح عمری پر محیط ہے۔اس کا اہم حصہ انشاؔ کی تاریخ ولادت سے متعلق ہے۔انشاؔ کی ولادت کے سلسلے میں جو بیانات تذکروں میں محفوظ ہیں،وہ سب بیانات عابد پیشاوری نے غلط ٹھہرائے ہیں۔تاریخی حوالوں سے اپنی دلیل کو مستند بنا کر انشاؔ کی صحیح تاریخ ولادت کا انکشاف کیا۔اس باب میں

رسالہ ''تحریر'' میں مالک رام کے مضمون ''انشا کی تاریخ ولادت وفات'' جس کی بنیاد سید عبدالمسیح نامی شخص کے قلمی نسخے پر رکھی گئی ہے۔اس ذیل میں عابد پیشاوری کتاب کے حاشیے میں لکھتے ہیں اقتباس:

''اس مختصر تحریر میں لفظاً اور معناً کئی غلطیاں ہیں۔راوی بھی مجہول الاحول ہے۔راوی معتبر نہ ہو روایت کا کیا اعتبار'' 36؎

مذکورہ اقتباس میں عابد پیشاوری راوی کو مجہول قرار دیتے ہیں۔پھر مواد کی تلاش اور چھان بین کر کے انشا کی تاریخ ولادت طے کرتے ہیں۔وہ کن کن شواہد سے مدد حاصل کرتے ہیں یہ سارے دلائل انھوں نے اس کتاب کے باب میں شامل کیے ہیں۔عابد پیشاوری آگے تاریخ ولادت کے بارے میں لکھتے ہیں کہ بعض تذکرہ نگاروں نے صرف ان کی تاریخ پیدائش کے بارے میں اشارے کیے ہیں۔لیکن ان کی کوئی قطعی تاریخ ولادت کسی تذکرے میں نہیں ملتی۔اس ضمن میں انھوں نے قاسم،ڈاکٹر ابواللیث صدیقی وغیرہ کے بیانات کو گیارہ صفحات میں زیر بحث لا کر،اس نتیجے پر پہنچے کہ انشا کی ولادت 1752 سے 1754 کے درمیان کسی بھی سال میں ہوئی ہوگی۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''لہٰذا دوسری صورت زیادہ قرین قیاس ہے۔یعنی انشا کی ولادت سراج الدولہ کے مسند نشین ہونے سے پہلے ہوئی ہو۔یہ زمانہ ۱۷۵۲-۱۷۵۴ میں کوئی سال ہوسکتا ہے۔'' 37؎

اس باب میں عابد پیشاوری نے انشا کی تعلیم و تربیت کے ضمن میں ان کی زبان دانی کے بارے میں جو مشہور ہے کہ انشا نے ایک قصیدے میں چودہ 14 زبانیں استعمال میں لائی ہیں،اس سے عابد پیشاوری متفق نہیں ہے۔انھوں نے متعلقہ زبانوں اور اشعار کا تجزیہ کر کے ثابت کیا ہے کہ انشا ان زبانوں کے دو چار الفاظ یا محض لہجہ جانتے تھے،زبان سے واقف نہیں تھے۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''لیکن انشا کے کلام نظم و نثر کے بالاستیعاب مطالعے سے معلوم ہوتا ہے۔وہ اتنی زبانوں پر قادر نہیں جتنی پر قادر ہونے کا اظہار کرتے ہیں۔کئی بولیوں میں ان کی صرف شُد بُد ہے لیکن وہ ان کے لہجوں کی نقل آتارتے ہیں۔اس نقل گری میں الفاظ کی صورت اس قدر مسخ ہوجاتی ہے کہ آپ لاکھ نقل کے نقاب چاک کریں شاہد حقیقت کا جلوہ مستور ہی رہے گا۔'' 38؎

چوتھا باب انشا کی شخصیت پر مبنی ہے۔انشا کی شخصیت پر عابد پیشاوری نے پہلے بھی لکھا ہے لیکن اس باب میں مختلف پہلو زیر بحث لائے گئے ہیں۔اس باب میں محمد حسین آزاد کے بیانات کا بھرپور تجزیہ کر کے انشا کی شخصیت کے صحیح پہلوؤں کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

کتاب کے پانچویں باب میں ''رانی کیتکی کہانی'' کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔عابد پیشاوری نے حواشی میں رانی کیتکی کی کہانی کے مختلف ہندی اردو،اڈیشنوں کے حوالے دیے ہیں۔یعنی اس کہانی کے مختلف ایڈیشنز لکھے گئے ہیں مگران میں کوئی بھی تسلی بخش نہیں ہے۔غالباًاسی کمی کے پیش نظر ڈاکٹر عبدالستار دہلوی نے اس سے ازسرنو 1974 میں مرتب کیا۔اسی ایڈیش کو عابد پیشاوری نے مدنظر رکھ کر،ان کی اغلاط کا ازالہ کیا ہے۔اس مقالے میں انھوں نے نہ صرف ان کے مقدمے اور فرہنگ کی اغلاط کی نشان دہی کی ہے بلکہ متن کے بارے میں بھی تفصیل سے گفتگو کی گئی ہے۔ اس باب میں انھوں نے رانی کیتکی کی کہانی کا سن تصنیف 1788 سے 1790 قرار دیا ہے۔اس کی دلیل انھوں نے اس تصنیف میں کسی بادشاہ کی مدح نہ ہونا اور انؔشا کی بے روزگاری سے جوڑا ہے اور انؔشا کا ابتدائی جملے میں اپنے ہونٹوں کو پھول کی پنکھڑی جیسے لکھنا۔

چھٹے باب میں ''سلک گوہر'' پر مفصل بحث ملتی ہے۔یہ انؔشا کی وہ کتاب ہے جو بے نقطہ ہے۔ساتویں باب میں ''دریائے لطافت'' کو زیر بحث لایا گیا ہے۔اس کی خوبی یہ ہے کہ یہ اردو کی پہلی قواعد کی کتاب کے تناظر میں لکھی گئی ہے۔اس میں دریائے لطافت اور یکتا کی دستورالفصاحت کی اولیت کی بہت مفصل اور باریک بحث کی گئی ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ دریائے لطافت کو اس میں اولیت ہے۔آٹھویں باب میں ''لطائف السعادت'' کا تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔اورنویں باب میں مختصر اُتر کی روزنامچے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔اس روزنامچے کا اردو ترجمہ اب تک نہیں ہوا ہے۔انھوں نے حواشی میں مختصر روداد اس روزنامچے کا لکھا ہے۔اور اس ترکی روزنامچے کا تجزیاتی تعارف پیش کیا ہے۔

الغرض عابد پیشاوری کی اس تصنیف میں انؔشا کے متعلق بہت ساری تحقیقی معلومات کو سامنے لایا گیا ہے۔اس کتاب کے ماخذ ومواد تذکروں اور مستند نسخوں سے لیا گیا ہے۔جس پر حرف رکھنا قیاساً ٹھیک نہیں۔لیکن اس کے باوجود تحقیق حرف آخر نہیں ہوتا۔

**متعلقات انشا:**

عابد پیشاوری کی یہ کتاب 1985 میں منظرعام پر آ گئی۔اس کتاب کو نصرت پبلشرز لکھنو نے شائع کیا اور کلچرل اکادمی سری نگر نے مالی معانت کی۔کتاب کا انتساب گیان چند جین کے نام ہے۔اس کتاب میں سات مقالات ہیں۔جن کا ذکر اس طرح سے ہے۔

پہلا مقالہ ''کلام انؔشا کا ایک نادر مخطوطہ'' کے نام سے ہے۔یہ پورے 100 سو صفحوں پر محیط ہے۔انجمن

ترقی اردو کراچی میں کلام انشا کا ایک اہم نسخہ ہے جس کا عکس مشفق خواجہ نے عابد پیشاوری کو فراہم کیا تھا۔ عابد پیشاوری کے مطابق اسے کم از کم تین کاتبوں نے لکھا ہے۔ یہ قدیم مخطوطہ بہت الجھنوں سے بھرا پڑا ہے۔ اس کے علاوہ یہ نسخہ اول و آخر ناقص ہے اور اس کی ضخامت 456 صفحات ہیں۔ ان کے مطابق اس نسخے کو کلیات بھی کہا جاسکتا ہے اور دیوان بھی۔ کیوں کہ اس میں قصیدے، غزلیں، رباعیاں، قطعے، مثنوی اور نثر کا بھی کچھ حصہ شامل ہے۔ اس میں غیر مطبوعہ قصیدے اور اشعار و غزلیں بھی ہیں۔ عابد پیشاوری نے اس نسخہ کی پوری تفصیل دے کر اس کا جائزہ پیش کیا اور الجھنوں کو حل کرنے کی سعی بھی کی۔

دوسرا مقالہ ''خاندان انشا۔ کچھ نئی معلومات'' کے عنوان سے ہے۔ یہ مقالہ 26 صفحات پر محیط ہے۔ یہ مقالہ بہت ہی مفصل اور قابل قدر ہے۔ یہ عنوان ان کی کتاب ''انشا اللہ خان انشا'' میں بھی ہے۔ اس میں عابد پیشاوری نے انشا کے تیسرے بیٹے کے بارے میں معلومات دستیاب کی ہیں۔ کیوں کہ انشا کے تیسرے بیٹے کا نام اور تاریخ پیدائش ہنوز نا معلوم تھا۔ عابد پیشاوری کی تحقیق کے مطابق انشا کے تیسرے بیٹے کا نام سید محمد تھا اور ان کی ولادت 1217ھ میں ہوئی تھی۔ اس کی پوری تفصیل اس مقالے میں درج ہے۔

کتاب کا تیسرا مضمون ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے عنوان سے ہے۔ عابد پیشاوری کے مطابق یہ کہانی داستان اور افسانے کی درمیانی کڑی ہے کیوں کہ پچاس یا ساٹھ صفحات پر لکھی گئی کہانی کو داستان نہیں کہہ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں رانی کیتکی کی کہانی کے سن تصنیف پر بحث کی گئی ہے۔ اس مقالے کا موضوع بھی ''انشا اللہ خان انشا'' والی کتاب میں ملتا ہے۔ اس پر ہم نے اس کتاب کے ذیل میں گفتگو کی ہے۔

چوتھا مقالہ ''سلک گوہر کا دوسرا اور رانی کیتکی کا تیسرا مخطوطہ'' کے نام سے ہے۔ انھیں سلکِ گوہر کے مخطوطے جموں یونی ورسٹی لائبریری سے حاصل ہوئے۔ اس میں انھوں نے زمانہ کتابت نسخہ کی کیفیت کے بارے میں جانکاری دی۔ اور سلکِ گوہر پر گفتگو کی۔ رانی کیتکی کی کہانی کا تیسرا مخطوطہ کے بیان میں وہ لکھتے ہیں کہ جس کاتب نے سلکِ گوہر کا دوسرا نسخہ لکھا ہے اس نے رانی کیتکی کی کہانی کا تیسرا نسخہ بھی لکھا ہے۔ ان کے مطابق مطبوعہ اور اس نسخہ میں اختلاف کی گنجائش ہیں لیکن سلیمان حسین نے اسے شائع کردیا ہے اور سلیمان حسین کے کہنے کے مطابق یہی نسخہ اس کا بنیادی نسخہ ہے اس لیے عابد پیشاوری نے ان باتوں کو نظر انداز کردیا ہے۔

کتاب کا پانچواں مقالہ ''رانی کیتکی کی کہانی: ایک جائزہ'' کے نام سے ہے۔ یہ موضوع بھی ''انشا اللہ خان انشا'' کی کتاب میں آچکا ہے۔

چھٹا مقالہ ''ہر بوالہوس نے.....'' کے عنوان سے ہے۔ یہ 108 صفحوں پر محیط ہے۔ ڈاکٹر سلیمان حسین نے 1975 کے آخر میں رانی کیتکی کی کہانی مرتب کی۔ عابد پیشاوری نے ان کی اسی کتاب کے بارے میں یہ مقالہ لکھا ہے۔ اس مقالے میں عابد پیشاوری نے ڈاکٹر سلیمان پر جعل کا الزام لگایا ہے۔ اس مقالے میں انھوں نے مرتب کتاب کے اختلافاتِ نسخ کا گہرائی سے صفحہ 233 سے 301 تک جائزہ لیا ہے۔ انھوں نے چھ نسخوں کو مدنظر رکھ کر یہ جائزہ پیش کیا ہے۔ اس کے بعد مقدمے کا سرسری جائزہ پانچ صفحوں پر کیا گیا ہے اور پھر بعد فرہنگ کی اغلاط صفحہ (307 سے 329 تک) کی نشان دہی کی گئی ہے۔

اس کتاب کا آخری مقالہ ''مرغ نامہ'' کے نام سے ہے۔ یہ مقالہ 48 صفحوں پر پھیلا ہوا ہے۔ آج تک انشا کی طویل مثنوی ''فیل'' کو سمجھا جاتا تھا۔ جو 205 اشعاروں پر مشتمل ہے۔ لیکن عابد پیشاوری کی تحقیق کے مطابق ان کی طویل مثنوی ''مرغ نامہ'' ہے۔ 'مرغ نامہ' کے بیشتر نسخوں میں 57 اشعار ملتے ہیں اور مطبوعہ کلیات میں 42 شعر ملتے ہیں۔ عابد پیشاوری کی تحقیق کے مطابق یہ مثنوی قلمی نسخوں میں دوسوا کتالیس 241 اشعار پر مشتمل ہے۔ لیکن اکبر حیدری کشمیری نے اس کے 239 اشعار کی تصدیق پہلے ہی اپنی کتاب ''مقالاتِ حیدری'' میں کی تھی۔ عابد پیشاوری نے ان نسخوں کے نام بھی مقالے کے پہلے ہی صفحہ میں گنوائے ہیں۔ کلیات کے کل پانچ نسخے ایسے ہیں جن میں یہ مثنوی ہے۔ ان میں سے چار ان کی نظر سے گزرے ہیں۔ عابد پیشاوری نے ان سب کی مدد سے مثنوی ''مرغ نامہ'' کے 241 شعروں کا متن تیار کیا ہے۔ اس مثنوی کا متن کتاب کے 356 سے 379 صفحہ تک نقل کیا گیا ہے۔ اور ساتھ میں حواشی بھی دیا گیا ہے۔ متن سے پہلے مرغ بازی کی تفصیلات اور اصطلاحات وغیرہ صفحہ 242 سے 253 تک ہے۔ جو مقدمے کا نعم البدل معلوم ہوتا ہے۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''ان چند گھنٹوں میں کلیات انشا کے دو ایسے مخطوطے بھی دیکھے (سرسر طور سے) جن میں مرغ نامہ موجود ہے۔ ایک نسخہ تو بڑا بد خط اور غلط لکھا ہوا ہے۔ لیکن دوسرا نسخہ بہت اچھا ہے۔ عجلت میں ایک میں سے مکمل مرغ نامہ نقل کرلیا۔ دوسرے اختلاف نوٹ کرلایا۔ ان کی روشنی میں اپنا شائع کردہ متن دیکھا تو از سر نو تصحیح و ترتیب کی ضرورت محسوس ہوئی۔ اب تک کل پانچ نسخے ایسے معلوم ہیں جن میں 'مرغ نامہ' ملتا ہے۔ ان میں چار ہماری نظر سے گزر چکے ہیں۔ ان چاروں سے مقابلہ کر کے صحیح مرتب کرنے کی کوشش کی جائے گی۔''[39]

اس کے بعد ان چار نسخوں کی تفصیل ہیں اور پھر ''مرغ نامہ'' کا متن نقل کیا گیا ہے۔

**ذوقؔ اور محمد حسین آزادؔ:**

عابد پیشاوری کی یہ کتاب ادارۂ فکر جدید دریا گنج نئی دہلی سے 1987 میں شائع ہوئی۔ اس کتاب کے کل 211 صفحات ہے۔ ''آب حیات'' کی اغلاط کو سرے عام لانے میں محمود شیرانی، قاضی عبدالودود، ڈاکٹر صادق اور ڈاکٹر اسلم فرخی ممتاز رہے ہیں۔ ان میں ایک اور نام عابد پیشاوری کا بھی جوڑا جاسکتا ہے۔ عابد پیشاوری نے محمد حسین آزادؔ کے غلط بیانیوں وانشا پردازی کا پردہ پوری طرح سے چاک کر دیا ہے۔

یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہیں۔ پہلے حصے میں عابد پیشاوری نے محمد حسین آزادؔ کی مشہور تصنیف ''آب حیات'' کی خامیوں کی چن چن کر نشان دہی کی ہے۔ دوسرے حصے میں اس الحاقی کلام کا ذکر ہے جو آزاد کا تصنیف کردہ ہے اور ''دیوان ذوق'' مرتب محمد حسین آزادؔ میں شامل ہے۔ کتاب کے حصہ اول کا عنوان ''تلمذہ کا مسئلہ'' اور دوسرے حصہ ''تدوین کی کوشش''۔ حصہ اول صفحہ 5 سے 127 تک محیط ہے۔ موضوع تلمذ کا مسئلہ صرف صفحہ 110 سے 127 تک زیر بحث لایا گیا ہے۔ اس سے پہلے صفحہ 5 سے 110 تک موضوع ذوقؔ سے منسوب روایات اور واقعات کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔ محققین وتدوین کی کسوٹی پر پرکھنے کے بعد ثابت کر دیا کہ یہ بیانات غلط یا مشکوک ہیں۔

عابد پیشاوری نے پہلی سطر میں لکھا ہے کہ ''آب حیات'' میں تقریباً 115 دفعہ ذوقؔ کا نام آیا ہے۔ پھر ان کے نام کے سب بیانات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ انھوں نے داخلی وخارجی شواہد کے علاوہ دلائل وشواہد سے صفحہ 110 سے 126 تک ثابت کیا ہے کہ محمد حسین آزادؔ، ذوقؔ کے شاگرد نہیں تھے بلکہ وہ حکیم آغا جان عیشؔ کے شاگرد تھے۔ محمد حسین آزاد نے دعوا کیا ہے کہ وہ بیس برس تک ذوقؔ کی حضوری میں دن رات بیٹھے رہتے تھے۔ عابد پیشاوری لکھتے ہیں کہ ڈاکٹر تنویر علوی، ڈاکٹر اسلم فرخی اور ڈاکٹر صادق نے اس بیان کو جوں کا توں قبول کیا۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''محققین ذوقؔ و آزادؔ نے چوں کہ ادھورا قول نقل کیا ہے اس لیے ان سے نتیجہ نکالنے میں چوک ہوئی ہے۔............بیس برس کی حضوری کو من وعن قبول کر لینا تحقیق وتدفین کی آنکھیں بند کر لینے کے مترادف ہے۔ آزادؔ ۱۰/ جون ۱۸۳۰ کو پیدا ہوئے۔ ذوقؔ کا انتقال ۱۵/ نومبر ۱۸۵۴ کو ہوا۔ اس لحاظ سے ذوقؔ کی وفات کے وقت ان کی عمر ۲۴ سال ۵ مہینے اور ۵ دن ہوگئی۔ اگر بیس

برس کی حضوری کو درست مانا جائے تو یہ بھی ماننا ہوگا ہر وقت پاس بیٹھ کر فوائد ظاہر و باطن حاصل کرنے کا یہ سلسلہ کم وبیش ۴ سال کی عمر سے شروع ہو گیا تھا، جو ممکن نہیں۔''40

عابد پیشاوری حواشی میں آگے لکھتے ہیں کہ یہ دراصل پہلی بار دیوان ذوقؔ مرتب محمد حسین آزاد کے مقدمے میں صفحہ 2 پر آیا ہے۔ بیس برس کی حضوری کی بات انورؔ نے دیوانِ ذوقؔ میں حافظ ویران کے لیے کہی تھی جسے محمد حسین آزاد نے خود سے منسوب کر لیا ہے۔

کتاب کے دوسرے حصے ''تدوین دیوان کی کوشش'' کے دو حصے ہیں ایک پس منظر کلام اضافہ ہے، اس میں پہلے دکھایا گیا ہے کہ دوسروں کی تحقیق کے مطابق محمد حسین آزادؔ کا اضافہ شدہ یا مشکوک غزلیں کتنی ہیں۔ پھر انھوں نے تفصیل سے ''دیوانِ ذوقؔ'' مرتب محمد حسین آزاد میں اضافہ شدہ قصائد، غزلوں اور متفرقات کی نشان دہی مع ثبوت کے ساتھ پیش کیے۔ عابد پیشاوری آخر میں اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ محمد حسین آزاد کا مرتبہ دیوان ذوقؔ میں ویرانؔ کا نسخہ ذوقؔ سے تقریباً دوگنا کلام موجود ہے۔ جس میں دس بار اشعار کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ باقی سب محمد حسین آزادؔ کا اضافہ ہے۔ اور اس میں اکثر و بیشتر اشعار غلط، مہمل یا بے ربط ہیں۔

عابد پیشاوری نے محمد حسین آزادؔ کی ''آب حیات'' کے داخلی شواہد اور اس وقت کے تذکرہ نگاروں اور ادبی تاریخوں کے حوالوں سے یہ ثابت کر دیا کہ آزادؔ نے جن شعرا حضرات کے مرقعے کھینچے ہیں وہ صرف ان کے ذہن کی تصویر کشی کے علاوہ حقیقت سے کوسوں دور ہیں۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''...سب سے پہلے ذوقؔ کا دیوان حافظ ویرانؔ نے اپنے دو خواجہ تاشوں ظہیرؔ اور انورؔ دہلوی کی مدد سے ۱۲۷۹ھ میں ترتیب دیا تھا۔ اس میں بہ قول پروفیسر شیرانی اشعار کی تعداد ۱۸۳۳ تھی۔ آزادؔ کے نسخے میں یہ تعداد ۳۴۱۲ ہے: گویا تقریباً دوگنی''41

مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ محمد حسین آزادؔ نے ذوقؔ کے دیوان میں اضافہ کلام بہت زیادہ بھر دیا ہے۔ جس کی وجہ سے اشعار کی تعداد دوگنی ہوگئی۔ عابد پیشاوری نے اس کے علاوہ محمد حسین آزادؔ کے ایک قصیدے کا حوالہ بھی دیا جو انھوں نے خود لکھ کر دیوانِ ذوقؔ میں ان کے نام منسوب کر دیا تھا۔ انھوں نے آزادؔ کے بہت سارے کلام کی بات کی جو دیوان ذوقؔ میں موجود ہے۔

عابد پیشاوری نے محمد حسین آزادؔ کی تحقیقی صلاحیت، شعری صلاحیت اور ذہنی صلاحیت پر کھل کر بحث کی ہے۔ ذوقؔ کے کلام میں اضافی کلام کی نشان دہی بھی کی۔ یہ بھی کہا کہ محمد حسین آزادؔ جیسے اعلا پایہ کے عالم ہمارے ادب

میں کم ہی پیدا ہوتے ہیں۔آزاد جیسا انشا پرداز نہ پیدا ہوا اور نہ پیدا ہوگا۔عابد پیشاوری کا ماننا ہے کہ ''آب حیات'' میں ذوق کے حوالے سے جو خامیاں راہ پا گئی ہیں ان کی نشان دہی کرنا ضروری ہے اگر ایسا نہ کیا جائے تو تاریخ میں یہ خامیاں ہمیشہ کے لیے اوروں کو گمراہ کرتی رہتیں۔

**گاہے گاہے باز خواں:**

عابد پیشاوری کی یہ چھٹی کتاب، سیماب پرکاش دریا گنج نئی دہلی سے 1994 میں شائع ہوئی۔انھوں نے اس کتاب کا انتساب اپنی بیٹی گڈو کے نام لکھا ہے۔یہ کل 159 صفحات پر مشتمل ہے۔دراصل یہ مقالے رسالہ ''اردو'' کراچی شمارہ اکتوبر تا دسمبر 1987 میں پورے پرچے میں چھپا۔جہاں اس کا عنوان ''گاہے گاہے باز خواں ،قاموس الاغلاط پر ایک نظر'' ہے۔اس کتاب کی فہرست ترتیب عرض ومعذرت ،ابتدائیہ ،متن ،ضمیمہ ہے۔عابد پیشاوری نے عرض ومعذرت میں اپنا نقطہ نظر قلم بند کیا اور ابتدائیہ میں اس کتاب کے متن پر سرسری گفتگو کی ہے۔عابد پیشاوری اس کتاب کی وجہ تصنیف یوں بیان کرتے ہیں:

> ''مجھے ابتدا ہی سے اردو زبان اور اس کے بولنے والوں سے دلچسپی رہی ہے۔اور پیشاور تا حیدر آباد دکن و مدراس تا میسور ہر علاقے کے لوگوں کے منہ سے یہ زبان سننے کا اتفاق ہوا ہے۔یہ تالیف اسی تجربے اور مشاہدے پر مبنی ہے چناں چہ اب ''گاہے گاہے باز خواں'' جیسے غیر علمی نام گوارا فرمالیجیے اور عرض یہ کہ گاہے گاہے باز خواں یکسر غیر متعلق بھی نہیں ہے۔بلکہ یہ واقعہ ہے کہ یہ تالیف گاہے گاہے باز خواں کا براہ راست نتیجہ ہے۔اسے حسن اتفاق کہیے یا سوء اتفاق، چند دن پہلے کوئی کتاب تلاش کر رہا تھا کہ ''قاموس الاغلاط' مولفہ علامہ الدہر مولا سید مختار احمد و مولانا ہاشمی و مولانا ذہین صاحب ہاتھ آ گئی معلوم نہیں یہ کتاب کب چھپی تھی''42

اس کے بعد اس میں صفحہ 27 سے ''قاموس الاغلاط متن'' کے نام سے نقل کیا گیا ہے۔جس میں انھوں نے ان لفظوں کی نوعیت اور معنی نقل کیا ہے۔

مجموعی طور پر عابد پیشاوری نے جموں میں رہ کر جو تحقیقی کام انجام دیے ہیں وہ قابل قدر اور اضافہ ذخیرہ ہے۔عابد پیشاوری کی اس تحریک سے جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کا جوش وولولہ نئے لکھنے والوں میں پیدا ہوا۔جس سے نہ صرف جموں یونی ورسٹی کے اردو شعبہ سے نئے نئے محقق نکل آئے ، بلکہ جموں وکشمیر میں نئے محققین کے لیے مشعل راہ ثابت ہوئیں۔

عابد پیشاوری نے انشا سے متعلق جو تصانیف قلم بند کیے ہیں۔ان میں موضوع کا تکرار کھٹکتا ہے۔کیوں کہ

محسوس ہوتا ہے یہ کتابیں ان کی کتاب ''انشااللہ خان انشا'' کے خیالات سے ہی ابھری ہے۔ جیسے محمد حسین آزاد کے غلط بیانات ایک سے زائد جگہ ملتے ہیں اور حاشیے اتنے بڑے ہیں جو بعض جگہ اصل متن سے تجاوز کر گئے۔ بہر حال عابد پیشاوری ان چیزوں کے باوجود اچھے محققین میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان کی نگارشات اپنا مقام و مرتبہ قائم کر چکی ہے جس سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا۔ اس طرح کے محقق ہمیشہ تولد نہیں ہوتے بلکہ اللہ کی طرف سے تحفہ ہوتے ہیں۔

## پروفیسر جگن ناتھ آزاد

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کے غیر ریاستی محققین میں جگن ناتھ آزاد کا نام اہمیت کا حامل ہے۔ جگن ناتھ آزاد عالمی شہرت کے مالک، شاعر اور اقبال شناس ہیں۔ ہندستان میں تقسیم ملک کے بعد علامہ اقبال کو زندہ رکھنے کا سہرا جگن ناتھ آزاد کے سر ہی جاتا ہے۔ کیوں کہ آزادی کے بعد علامہ اقبال کو پاکستان کا قومی شاعر بنانے کی وجہ سے ہندستان میں ان کی طرف وہ توجہ نہیں دی گئی جیسے کہ غالب کی طرف دی گئی۔ شاید اس لیے پاکستان میں جگن ناتھ آزاد کو بہت عزیز رکھا جاتا تھا۔

جگن ناتھ آزاد کی ولادت 05/دسمبر 1918 میں عیسیٰ خیل ضلع میانوالی (پاکستان) میں ہوئی۔ ان کے والد اردو کے مشہور شاعر تلوک چند محروم تھے۔ جگن ناتھ آزاد تلوک چند محروم کی دوسری بیوی کی اولاد تھی۔ جگن ناتھ آزاد کی ابتدائی تعلیم علمی و ادبی ماحول میں اپنے والد کے ہاتھوں سے ہوئی ہے۔ انھیں شروع سے ہی ادبی محفلوں میں اپنے والد کے ساتھ شریک ہونے کا موقع ملا۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ ان میں ادبی ذوق پیدا ہوگیا۔ میٹرک کا امتحان 1933 میں رام موہن رائے ہندو ہائی اسکول، میانوالی میں پاس کیا۔ 1935 میں انٹر میڈیٹ، ڈی اے وی کالج راولپنڈی سے پاس کیا۔ بی اے 1937 میں گارڈن کالج، راولپنڈی سے، 1942 میں آنرز، ان پرشین کی ڈگری، دارالعلوم السنہ شرقیہ لاہور سے حاصل کی۔ ایم اے فارسی 1944 میں پنجاب یونی ورسٹی لاہور سے پاس کیا۔ سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور سے ایس اے وی کا امتحان پاس کرنے کے بعد کچھ مدت تک دیال سنگھ ہائی اسکول لاہور میں کام کرتے رہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ لاہور کے انگریزی اخبار ''ٹریبیون'' سے بھی وابستہ ہوگئے۔ قیام لاہور کے زمانے میں ان کا وقت لاہور کے موقر ماہناموں ''ادبی دنیا''، ''ہمایوں'' اور ''شاہکار'' کے دفتروں میں گزرتا تھا۔ ''ٹریبیون'' اخبار سے وابستگی کے تھوڑی مدت بعد وہ ''ملاپ'' اخبار سے وابستہ ہوگئے۔ 1940 میں جگن ناتھ آزاد کی شادی شکنتلا کے ساتھ ہوئی۔ لیکن 1946 میں شکنتلا کا انتقال ہوگیا۔ پھر

جگن ناتھ آزاد نے 1948 میں دوسری شادی دلی میں وملا سے کی۔

جب تقسیم ہند کا اعلان ہوا جگن ناتھ آزاد لاہور میں تھے اور ان کے والد اور بچے راولپنڈی میں۔ جب حالات بہت زیادہ خراب ہوگئے۔ جگن ناتھ آزاد ستمبر 1947 میں دلی آ گئے اور یہاں انھوں نے ''ملاپ'' اخبار میں کام شروع کیا۔ اسی اخبار کے دفتر میں سوتے بھی تھے۔ 1948 میں ایمپلائمنٹ نیوز کی ملازمت اختیار کی۔ پھر اسی سال انھیں پبلی کیشنز ڈویژن منسٹر آف انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ گورنمنٹ آف انڈیا نئی دلی میں نائب مدیر کی ملازمت مل گئی اور پھر ان کے والدین اور بچے راولپنڈی پاکستان سے دلی آ گئے۔ 31/ جولائی 1948 میں ان کا پہلا مجموعہ کلام ''طبل وعلم'' کے نام سے شائع ہوا۔ 1949 میں دوسرا مجموعہ ''بیکراں'' منظر عام پر آ گیا۔ 1955 میں جگن ناتھ آزاد کا انتخاب بطور انفارمیشن آفیسر اردو
ہوا۔ اس ملازمت کے دوران انھیں پاکستان جانے پر روک لگا دی گئی۔ 1967 میں جگن ناتھ آزاد بحیثیت پی آر او منسٹری آف ہوم آفیسر گورنمنٹ آف انڈیا نئی دلی سے وابستہ ہوگئے۔ جنوری 1968 سے مارچ 1968 تک ڈپٹی پرنسپل انفارمیشن آفیسر پریس انفارمیشن بیورو رہے۔ 1968 میں ہی دلی سے سری نگر کشمیر تبادلہ ہوا۔ یہ تبادلہ ان کی زندگی کا ایک اہم موڑ کی حیثیت رکھتا ہے۔ جگن ناتھ آزاد 1973 تک انفارمیشن بیورو میں ڈپٹی پرنسپل انفارمیشن آفیسر کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ 1973 میں ہی ان کے عہدے کو ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز پریس انفارمیشن بیورو کے عہدے میں تبدیل کر دیا گیا۔ سری نگر کشمیر میں جگن ناتھ آزاد ڈائریکٹر پبلک ریلشنز کے طور پر 1977 تک کام کرتے رہے اور پھر اسی عہدے سے سبکدوش ہوگئے۔ لیکن دوست کی کرم فرمائی نے انھیں شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی میں پروفیسر اور صدر شعبہ کے عہدے پر فائز کیا۔ انور جمال قدوائی ان کے کرم فرما دوست اس وقت جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کے چیرمین تھے اور انھوں نے ہوائی صورت میں ان کو جموں یونی ورسٹی میں بٹھایا۔ بہر حال 1983 تک جگن ناتھ آزاد جموں یونی ورسٹی میں پروفیسر، صدر شعبۂ اردو اور ڈین فیکلٹی آف اورنٹیل ٹرینگ کام کرتے رہے۔ مگر اس عہدے کی مدت ختم ہونے سے پہلے ہی یونی ورسٹی کے کونسل نے انھیں پروفیسر ایمرٹس بنا دیا۔

جموں یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کی صدارت کے دوران انھوں نے جموں یونی ورسٹی میں سمر انسٹی ٹیوٹ منعقد کیا۔ یہ اردو املا کے موضوع پر تھا۔ یہ بڑا کامیاب تجربہ رہا۔ اس میں انھوں نے لیکچر دینے کے لیے رشید حسن خان کو مدعو کیا تھا۔ 1989 میں کشمیر یونی ورسٹی نے ان کے علمی وادبی خدمات کے اعتراف میں انہیں ڈاکٹر آف

لٹریچر کی ڈگری سے نوازا اور اس کے پانچ سال بعد جموں یونی ورسٹی نے بھی انھیں ڈاکٹر آف لیٹرچر کی اعزازی ڈگری عطا کی۔ ان کا انتقال 24/جولائی 2004 میں ہوا۔

جگن ناتھ آزاد کا خاص میدان اقبالیات تھا۔ وہ اقبالؔ کی شاعری کے نامور اور ممتاز قدر شناس تھے۔ اقبالؔ کے فکری سرچشموں پر انھوں نے گہرائی سے روشنی ڈالی ہے اور انھیں ایشیا کی آزادی اور انسان دوستی کا علمبردار شاعر ثابت کیا۔ جگن ناتھ آزاد کو اقبالؔ شناسی اپنے والد سے وراثت میں ملی تھی۔ کیوں کہ ان کے والد مرحوم خود اقبالؔ کے عقدت مند تھے اس لیے انھوں نے اپنے بیٹے سے اقبالؔ سے ایک بار ملنے کی تاکید بھی کی تھی۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''میرے دل میں جو علامہ اقبالؔ کی تصویر تھی اور جو امیج تھا اس کی وجہ سے میں ہمیشہ اسی کش مکش میں رہا کہ اتنے بڑے شاعر کے سامنے جب بھی جاؤں گا، تو کیسے بات کروں گا؟ .......یہ نظمیں لکھنے والا کوئی عام انسان ہماری آپ کی طرح تو نہیں ہوسکتا!.....میں اس کے سامنے کیا بات کروں گا؟ تو میں نہ ملنے ہی کو ملنے پر ترجیح دیتا رہا۔'' 43

مذکورہ اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جگن ناتھ آزاد کو اقبالؔ سے کتنی رغبت تھی اور حیا کی وجہ سے ان کے ساتھ ملاقات نہ کر سکے۔

اقبالیات پر کام کرنے کے لیے انھیں کشمیر میں بڑی سازگار فضا میسر ہوئی۔ انھوں نے یہاں اقبالؔ صدی کے موقعے پر 27/اکتوبر 1973 میں ایک ''اقبال نمایش'' کا اہتمام کیا۔ اس میں انھوں نے اقبالؔ کی چھے سو کے قریب نایاب تصاویر، قلمی تحریروں کے عکس، مختلف کتابیں اور دیگر نادر تحریریں پیش کیں۔ اس نمایش کا افتتاح اندر کمار گجرال وزیر اطلاعات ونشریات حکومت ہند نے کیا تھا۔ یہ نمایش 3/نومبر 1973 تک جاری رہی۔ اس نمایش کی ساری ذمہ داری جگن ناتھ آزاد کو دی گئی تھی۔ کشمیر میں رہ کر جگن ناتھ آزاد نے کھل کر کام کیا اور وہ یہاں کی آب وہوا سے بہت متاثر بھی ہوئے۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''جہاں تک اقبال پر میرے زیادہ تر کام کا تعلق ہے، اس کے لیے میرا کشمیر میں قیام ایک نیک فال ثابت ہوا۔ اقبال نمایش بھی میں نے کشمیر ہی میں مرتب کی..... یہاں کے ماحول اور آب وہوا نے علمی وادبی کام میں معاونت کی........اس لیے اگر میں یہ کہوں کہ اقبال پر یہ سارے تحائف مجھے اقبال ہی کے وطن مالوف کشمیر نے دیے ہیں، تو غلط نہ ہوگا۔'' 44

جگن ناتھ آزاد نے اقبالیات کے پیش نظر، اقبالؔ کی پہلودار شخصیت اور فکر اقبالؔ کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف

کتابیں تصنیف کی ہیں ۔جن میں اقبآل اور اس کا عہد، اقبآل اور مغربی مفکرین، اقبآل اور کشمیر، اقبآل کی کہانی، بچوں کا اقبآل، اقبآل زندگی۔شخصیت اور شاعری، مرقع اقبآل، فکر اقبآل کے بعض اہم پہلو، محمد اقبآل۔ایک ادبی سوانح حیات اور دو انگریزی کتاب Iqbal Mind & Art, Iqbal his Poetry & Philosphy۔اس کے علاوہ انھوں نے علامہ اقبآل کے فکروفن پر بہت سارے مقالے لکھے۔ان کی یہ تصانیف اور مقالے اقبآل کی شخصیت اور شاعری کی مختلف جہات کو نمایاں کرتی ہیں۔

جگن ناتھ آزاد نے اقبآل کے غیر مطبوعہ اشعار اور دوسرا کلام بھی مختلف مقالات میں مرتب کیا۔انھوں نے ایسے ریڈیو اور ٹیلی ویژن فیچر لکھے جن میں غیر مطبوعہ کلام اقبآل موجود ہے۔انھوں نے اقبآل کے غیر مطبوعہ مراسلوں کی بھی نشان دہی کی ہے۔ان کی اس تحقیق میں غیر مطبوعہ کلام، اقبآل کی تاریخ ولادت اور آباواجداد وغیرہ کی تفصیلات ملتی ہیں۔جگن ناتھ آزاد نے اپنی محنت اور لگن سے ہندستان میں اقبالیات کے لیے راہ ہموار کی، جس کا نتیجہ اب ہندستان میں لگ بھگ پچاس یونی ورسٹیوں میں اقبالیات کا مضمون پڑھایا جاتا ہے۔ان کی چند تصانیف کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

**اقبآل اور اس کا عہد:**

جگن ناتھ آزاد کی یہ کتاب 1960 میں ادارۂ انیس اردو الہ آباد سے شائع ہوئی۔اس کتاب کے پانچ ایڈیشن منظر عام پر آچکے ہیں۔جن میں دو لاہور پاکستان سے اور تین ہندستان سے۔کتاب کی ضخامت 126 صفحات پر ہے۔اس کا انتساب خواجہ غلام السیدین کے نام ہے۔یہ کتاب ان کے توسعی لکچروں کا مجموعہ ہے جو انھوں نے اقبآل کی شاعری کے متعلق، جموں وکشمیر یونی ورسٹی کی دعوت پر لکھے تھے۔اس میں تین مقالے ہیں۔

پہلا مقالہ ''اقبال کی شاعری کا ہندستانی پس منظر'' کے عنوان سے ہے۔اس میں جگن ناتھ آزاد نے اقبآل پر لگائے ہوئے الزام کی پُر زور تردید کی ہے اور اسے محبِ وطن شاعر ثابت کیا ہے۔اسرارِ خودی سے ارمغانِ حجاز تک ایک سرسری جائزہ پیش کیا گیا ہے۔اس پس منظر میں جگن ناتھ آزاد نے نظم ''ہمالہ'' کو ہندستانی پس منظر کی پہلی کڑی قرار دیا ہے۔اس کے بعد ''آفتاب''، ہندستان بچوں کا قومی گیت، ترانہ ہندی اور بہت سی دوسری نظموں کا حوالہ پیش کیا۔جن میں قاری کو اقبآل کی وطن پرستی کا یقین دلانے کی کوشش کی گئی ہے۔دوسرے الزام یعنی یورپ سے واپسی کے بعد اقبآل کو مختلف انسان قرار دیا گیا اور ان کے دل ودماغ میں صرف اسلام کی حکمرانی رہنے کا الزام تھا۔جگن ناتھ آزاد نے ان حالات کا جائزہ لیا ہے اور اس کا جواب انھوں نے ''جاوید نامہ'' سے دیا

ہے۔ جو اقبالؔ نے یورپ سے واپسی کے بعد لکھی ہے۔ ان کی اس کتاب سے جگن ناتھ آزاد نے ثابت کیا ہے کہ اس میں گوتم، شو جی مہاراج بھرتری ہری اور نہرو خاندان کا جس احترام کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے وہ قابل سرہانہ ہے اوران پر یہ الزام بالکل بے بنیاد ہے۔ اس طرح انھوں نے مخالفین اقبالؔ کا منہ بند کر دیا۔ مثنوی ''اسرار ورموز'' میں گنگا، ہمالیہ اوران سے منسوب ہندو داستانوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ''ضرب کلیم'' میں اقبالؔ فرسودہ روایات کے خلاف بغاوت کرتا نظر آتا ہے۔ ''ارمغان حجاز'' میں وہ غلامی سے بیزار نظر آتے ہیں اور اپنے ہم وطنوں کو اس کے شکنجوں کو توڑنے کے لیے ابھارتے ہیں۔ اس حوالے سے جگن ناتھ آزاد یوں رقمطراز ہیں:

> ''اقبالؔ کے بارے میں مذکورہ غلط فہمی دور کرنے اور اس حقیقت کو بے نقاب کرنے کی ایک کوشش ہے کہ اقبالؔ ہندوستان کے لیے اتنے ہی باعث افتخار شاعر ہیں جتنے غالبؔ، میرؔ، تلسیؔ داس، نذر الاسلام اور رابندر ناتھ ٹیگور۔'' 43

مجموعی طور پر یہ مقالہ بہت ہی مفید ہے اور اقبالؔ سے تعلق رکھنے والے قارئین کے ذہن میں غلط فہمیوں کو دور کرنے میں خاصا مددگا ہے۔

دوسرا مقالہ ''اقبالؔ کے کلام کا صوفیانہ لب ولہجہ'' کے نام سے ہے۔ اس مقالے میں جگن ناتھ آزاد نے تصوف کے متعلق چند معلومات فراہم کی ہیں اور اس کی ماہیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اقبالؔ کے کلام میں تصوف کے مختلف پہلوؤں کی نشان دہی کی ہے۔ جگن ناتھ آزاد نے اس مقالے میں مثنوی ''اسرار خودی'' کے دیباچہ کے اقتباس تصوف اقبالؔ کے تناظر میں پیش کیے ہیں۔ اور اقبالؔ کے خطوط سے بھی ان کے نظریہ تصوف کو پیش کرنے کی سعی کی ہے۔ جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں۔ اقتباس:

> ''چونکہ اس دیباچہ کا تعلق اقبالؔ کے نظریہ تصوف سے ہے اس لئے اپنے مقالہ.....میں، میں نے اس دیباچے کے بہت طویل اقتباسات نقل کئے ہیں۔ اسی طرح ان کے خطوط کو جو اقبالؔ نے اپنے نظریہ تصوف کے متعلق حضرت اکبرالہ آبادی، خواجہ حسن نظامی اور مہاراجہ سرکشن پرشاد کو لکھے۔'' 44

اقبالؔ کو بعض لوگ ایک صوفی شاعر تصور کرتے ہیں۔ جگن ناتھ آزاد نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ وہ صوفی تو نہیں تھے، البتہ ان کے کلام میں تصوف کے بنیادی نکات اور کیفیات کا ذکر ضرور ملتا ہے۔ فلسفہ خودی میں تصوف کی کارفرمائی نظر آتی ہے۔ لیکن اقبالؔ نے جس تصوف کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے وہ اسلامی تصوف ہے نہ کہ عجمی تصوف۔ اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''اقبالؔ کا شمار اردو یا فارسی کے صوفی شعرا میں نہیں کیا جاتا لیکن یہ کہنا بھی بہت مشکل ہوگا کہ اقبالؔ تصوف سے اپنا دامن بچا کر نکل گئے ہیں بلکہ اگر ہم یہ کہیں کہ اقبالؔ کا کلام ایک صوفی شاعر کا کلام نہ ہوتے ہوئے بھی تصوف کی کیفیت اور سرشاری سے لبریز ہے تو غلط نہ ہوگا۔''45

اقبالؔ عجمی تصوف سے بیزار تھے، کیوں کہ یہ رہبانیت کی طرف لے جاتا ہے۔اس لیے انھوں نے ایسے تصوف کو رد کیا اور اسلامی تصوف کی حمایت کی۔جگن ناتھ آزاد کے خیال میں اقبالؔ کے نظریہ تصوف کی بدولت خودی سے خدا تک پہنچنے کا راستہ ملتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اقبالؔ کے کلام میں فکر کی گہرائی پیدا ہوتی ہے۔اس بحث میں جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ کی اردو اور فارسی شاعری کے علاوہ ان کے نثری خطوط سے بھی ضروری حوالے فراہم کیے ہیں۔یہ مقالہ اپنے موضوع پر عمدہ ہے۔

تیسرا مقالہ ''اقبال اور اس کا عہد'' کے عنوان سے ہے۔شاید اسی مقالہ کی مناسبت سے اس کتاب کا نام رکھا گیا ہے۔98 صفحات پر یہ مقالہ مشتمل ہے۔اس میں عظیم ترین شخصیتوں کے مقابلے میں اقبالؔ کے مقام کا تعین کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ موجودہ دور کے اول درجہ کے شاعروں پر اقبالؔ کے اثر کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔جگن ناتھ آزاد نے واضح کیا ہے کہ اقبالؔ نہ ہی مغرب کے اندھے مولد تھے اور نہ تنگ نظر کے اسیر۔بلکہ انھوں نے مغربی تمدن کی ہر اچھی چیز کو قبول کیا، اس کا تجزیہ کیا، اسے جذب کیا اور اسے اہل مشرق کے آگے پیش کیا۔تاکہ وہ اپنے نظریہ زندگی کو اس سے ہم آہنگ کریں۔جگن ناتھ آزاد کہتے ہیں کہ اقبالؔ کی نظر میں صحیح فن و ہنر وہ ہے جو ہمارے عزم اور ولولے کو آگے بڑھائے، فرسودہ ماحول کے خلاف ہمیں بغاوت پر اکسائے، ایک صالح زندگی کی ترغیب دے۔عہد حاضر میں اقبالؔ کی اہمیت اور ان کے کلام کی معنویت پر اظہار خیال کرتے ہوئے جگن ناتھ آزاد نے بعض اہم باتوں کا ذکر کیا ہے۔انھوں نے اقبالؔ کے بہت سارے اشعار اس حوالے سے نقل کیے ہیں۔

الغرض یہ کتاب اقبالیات میں ایک مفید تحقیقی اضافہ محسوس ہوتا ہے۔خصوصاً اس اعتبار سے کہ ہندستان میں اقبالیات کی اولین کتابوں میں سے ہے جس کے ذریعے اقبالؔ فہمی کی راہ ہموار ہوئی۔اس کتاب میں جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ کے کلام اور خطوط کے اقتباسات سے اپنی بات میں استناد پیدا کیا ہے۔اور انھوں نے اس میں غیر جانبداری سے کام لیا ہے۔

اقبالؔ اور مغربی مفکرین:

جگن ناتھ آزاد کی اس کتاب کے پانچ ایڈیشن آچکے ہیں۔جن میں پہلا ایڈیشن مکتبہ جامعہ لمیٹڈ نئی دہلی سے 1975 میں شائع ہوا۔باقی ایڈیشنز 1978, 1987, 1991, 1994 بالترتیب پاکستان سے شائع ہوئے ہیں۔1994 کا ایڈیشن مکتبہ علم ودانش لاہور سے طبع ہوا ہے۔اس کتاب کا انتساب سید عابد علی عابد مرحوم کے نام سے لکھا ہوا ہے جو جگن ناتھ آزاد کے استاد تھے۔کتاب کے کل صفحات 248 ہیں۔اس میں مغربی مفکرین کا اثر اقبالؔ پر کتنا ہوا اور انھوں نے کس حد تک مغربی مفکروں کے فلسفے کا استفادکیا،کون سی چیز ان کے فلسفہ سے حاصل کی اور پھر اس کو مشرقی شعریات میں کس طرح برتا، کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے۔اس کتاب میں گیارہ 11 مضامین ہیں۔

جگن ناتھ آزاد نے چھے صفحات کے تمہید میں کتاب پر روشنی ڈالی۔اس میں انھوں نے دو گروہوں کا ذکر کیا ہے۔ایک گروہ کے نزدیک اقبالؔ مغرب کے فلسفیانہ نظریات کا مخالف ہے،جب کہ دوسرا گروہ اس کے برعکس یہ کہتا ہے کہ اقبالؔ کا سارا فلسفہ مغربی مفکرین کا مرہون منت ہے۔ان دونوں گروہوں کو مدنظر رکھ کر جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں کہ اعلا شاعری اس کے برعکس کسی فلسفیانہ نظریے کی تقلید یا مکمل تردید نہیں ہوتی۔اسی طرح دونوں گروہوں سے متفق نہیں دکھائی دیے رہے ہیں۔اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''اقبال ایک ایسے بڑے فنکار ہیں۔انھیں محدود اور تنگ نظریے کی چار دیواری میں مقید کرنا ،اقبالؔ کے ساتھ ہی نہیں ہندوستان بلکہ سارے مشرق کے ادب کے ساتھ بے انصافی کرنے کے مترادف ہے۔''46

جگن ناتھ آزاد نے اپنے موقف کی تائید میں مختلف مغربی مفکرین کے نام لیے جن کو اقبالؔ نے پڑھا اور جن سے کسی حد تک متاثر ہوئے اور پھر معروف اقبالؔ نقادوں بشیر احمد ڈار اور ایم اشرف کی تائیدی آرا بھی پیش کی ہیں۔

اس کتاب کا پہلا مضمون ''اقبال اور فکر یونان'' کے عنوان سے ہے یہ مضمون اس کتاب کا پس منظر کے طور پر لکھا گیا ہے۔اس میں جگن ناتھ آزاد نے مغربی فلسفہ کی ابتدا یونانیوں سے کی ہے۔جگن ناتھ آزاد کے،مطابق یونانی فلسفے سے اقبالؔ کا پہلا ٹکراؤ ''اسرار خودی'' میں نظر آتا ہے۔اقبالؔ،افلاطون کی عظمت کے قائل تھے،مگر وہ اس نظریہ اعیان (Theory of Idea) کو اقوام کے حق میں قدم قدم پر رد کرتے ہیں۔البتہ ارسطو پر وہ واضح طور پر تنقید نہیں کرتے ہیں۔

''اقبالؔ اور جدید فکر مغرب (بیکن ،لاک اور کانٹ)'' یہ مضمون سات صفحات پر ہے۔اس میں جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں کہ جدید یورپی فکر کی ابتدا بیکن سے ہوتی ہے۔بیکن کے بعد،ڈیکاوٹ ،اپنیوزا،لینز وغیرہ شامل ہیں۔اقبالؔ نے ان فلسفیوں کا مطالعہ کیا اوران کے خیالات سے متاثر ہوئے۔لاک نے مادے کو'' مختار کل'' کہا تھا ۔اقبالؔ نے لاک کے اس نظریہ کا'لالہ تہی جام'' قرار دیا ہے۔کانٹ نے لاک کے نظریے کا گہرا مطالعہ کیا اور بتایا کہ ضروری نہیں کہ ہر حقیقت ہمارے دائرہ ادراک میں آجائے ،یعنی سائنس ہماری ہر حقیقت تک نہیں پہنچ سکتی،لیکن اس کے باوجود وہ حقیقت ہی رہتی ہے اس پر فرق نہیں آسکتا۔اقبالؔ کانٹ سے کلی طور پر متفق نہیں ہیں۔جگن ناتھ آزاد کے مطابق اقبالؔ،کانٹ سے سب سے زیادہ متاثر نظر آتے ہیں۔انھوں نے ایک تقابلی مطالعہ میں بتایا ہے کہ اقبالؔ مغربی مفکرین سے متاثر ضرور ہوئے ،لیکن انھوں نے ان کے نظریات کو من وعن قبول نہیں کیا۔

''اقبال اور فختے''اس مضمون میں جگن ناتھ آزاد کہتے ہیں کہ اقبالؔ کے کلام میں فختے کا کم تذکرہ ملتا ہے۔پھر بھی اقبالؔ ان سے متاثر نظر آتے ہیں۔کانٹ اور فختے تقریباً ہم عصر تھے۔کانٹ،فختے سے فکری اعتبار سے کافی متاثر تھے۔

''اقبال اور شوپن ہائر'' اقبالؔ پر دوسرے فلسفیوں کے ساتھ ساتھ شوپن ہائر کا اثر بھی پڑا۔یہ جرمن فلسفی بھی کانٹ سے متاثر تھا۔لیکن حالات کی خرابی نے اسے مایوسی کی طرف مائل کر دیا۔اس کا ذکر'' پیام مشرق'' کی ابتدائی تصانیف میں ملتا ہے۔جگن ناتھ آزاد نے شوپن ہائر کے ابتدائی اور سیاسی حالات پر پانچ صفحات کا طویل حاشیہ لکھا ہے۔ان کے مطابق شوپن ہائر پہلا فلسفی ہے۔جس نے موسیقی کے نظام کا مقام متعین کیا۔اقبالؔ نے بھی موسیقی کا ذکر کیا ہے۔اقبالؔ اپنے پیش رو فلسفیوں سے کسی حد تک متاثر ہوئے لیکن ان کی فکر نے ان کے لیے ہمیشہ نئے راستے تراشے۔اقبالؔ نے اسلام کے اصولوں کے خلاف کسی نظریہ کو بھی نہیں اپنایا۔اسی لیے وہ مغرب کے الحادی نظریات کو ناپسند کرتے تھے۔

''اقبالؔ اور کارل مارکس'' یہ مضمون 48 صفحات پر مشتمل ہے۔یہ طویل مضمون کتاب میں نمایاں اہمیت کا حامل ہے۔اقبالؔ اور کارل مارکس پر اور بھی بہت سے نقادوں نے قلم اٹھایا ہے۔لیکن جگن ناتھ آزاد نے مربوط اور عمدہ انداز میں اس موضوع پر بحث کی ہے۔جگن ناتھ آزاد نے حاشے میں مارکس کے ابتدائی حالات درج کیے ہیں۔انھوں نے اس موضوع پر پروفیسر اعجاز حسین اور آل احمد سرورؔ کے اقتباس نقل کیے ہیں۔جن میں اقبالؔ پر مارکسزم کے اثرات کا ذکر ہے۔لیکن جگن ناتھ آزاد کا ماننا ہے کہ یہ فلسفہ اتنا آسان نہیں جتنا پیش کیا گیا ہے۔اس

حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

''یہ صحیح ہے کہ ۱۹۲۱ میں اقبالؔ نے خضر راہ کہی تو وہ سرمایہ داری کے مخالف اور مزدور کے حامی کی حیثیت سے ہمارے سامنے آئے لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ اقبالؔ، کارل مارکس کی بڑی حمایت کرتے ہیں۔ اقبالؔ کے افکار کی صحیح ترجمانی نہیں ہے اور پھر اقبالؔ کو اسلامی سوشلسٹ کہنا تو اسلام اور سوشلزم دونوں کو غلط رنگ میں پیش کرنے کی کوشش ہے کیوں کہ اقبالؔ ایک سے زیادہ مرتبہ یہ کہہ چکے ہیں، کہ اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔'' 47

اس اقتباس سے جگن ناتھ آزاد کی رائے مارکسزم اور اقبالؔ کے بارے میں صاف ظاہر ہوتی ہے۔ جگن ناتھ آگے لکھتے ہیں کہ شاعر کے ہر شعر پر گرفت کرنا یا اسے اس کا نظریہ حیات سمجھ لینا شاعر کے ساتھ بھی زیادتی ہے اور اس کے فن کے ساتھ بھی۔ اس کے ساتھ کوئی نظریہ وابستہ کرنے سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس کا غالب رجحان کیا ہے۔

اقبالؔ ایک حد تک مغربی فلسفیوں سے متاثر ہوئے، مارکس سے بھی کسی حد تک متاثر ہوئے تھے۔ انھوں نے مارکس کی تعریف بھی کی، لیکن ''جاوید نامہ'' میں کھل کر اس کے نظریات پر تنقید بھی کی۔ اقبالؔ پر جو مختلف مفکرین نے اعتراض کیے تھے۔ جگن ناتھ آزاد نے ان کو جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ اس بحث میں انھوں نے ''جاوید نامہ'' اور ''ابلیس کی مجلس شوریٰ'' کے حوالے نقل کیے ہیں۔ انھوں نے اس کی بھی تردید کی ہے کہ اقبالؔ اسلامی سوشلزم کے حق میں تھے۔

''اقبال اور نیٹشے'' یہ مضمون 18 اٹھارہ صفحات پر محیط ہے۔ جگن ناتھ آزاد نے کلام اقبالؔ میں نیٹشے کی تعریف میں ایسی مثالیں پیش کی ہیں، جن پر نیٹشے کے اثرات نظر آتے ہیں۔ انھوں نے نیٹشے کی مذہب بیزاری کے واقعات پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ دونوں کے نظریہ ''جمہوریت'' اور نظریہ ''مرد مومن'' اور ''فوق البشر'' کا بھی موازنہ کیا ہے۔ ان کے مطابق نیٹشے مادی پہلو کو زیادہ اہمیت دیتا ہے، جب کہ اقبالؔ مادیت کے ساتھ روحانیت کو بھی اہم سمجھتے ہیں۔ اس حوالے سے جگن ناتھ آزاد یوں رقمطراز ہیں:

''مادیت کے بوجھ تلے دبے ہوئے یورپ میں نیٹشے ایک حیرت انگیز شخصیت تھا۔ وہ اپنے وقت کا ایک صوفی تھا۔ روحانی کیفیات سے لبریز اور اسے اس کا پوری طرح احساس تھا۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ خدا کو نہیں مانتا تھا، لیکن خدا کو نہ ماننے سے انسان کی روحانیت میں کمی تو نہیں آجاتی۔'' 48

حقیقت یہ ہے کہ روحانیت کے تصور کا خدا کے تصور سے گہرا تعلق ہے۔ روحانیت کی کمی بیشی کا انحصار اس بات پر

ہے کہ آپ کا تصور خدا کیا ہے۔تو اس سے روحانیت میں کمی پیشی اور اس کی نوعیت میں زمین آسمان کا فرق پڑ جائے گا۔شاید جگن ناتھ آزاد کو روحانیت کے بارے میں مغالطہ ہوا ہے۔جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ اور نیٹشے کے مماثلات کا ذکر کرتے ہوئے، موازنہ کے بعد یوں لکھتے ہیں اقتباس:

> ’’اقبال، نیٹشے کے اکثر نظریات کو رد کرنے کے باوجود اس کی شخصیت سے بھی بے حد متاثر ہیں ۔اور اس کی تحریروں سے بھی ۔ نیٹشے کی شاعرانہ تحریروں کے اکثر حصوں کا علامہ نے بڑا گہرا اثر قبول کیا ہے۔اور انھیں اپنے کلام میں ایک نئے حسن کے ساتھ اور اپنے نظریے کے تحت پیش کیا ہے۔‘‘49؎

اس مضمون میں جگن ناتھ آزاد نے مدلل انداز میں دونوں مفکرین پر مفصل بحث کی ہے۔

’’اقبالؔ اور برگساں‘‘ مضمون میں جگن ناتھ آزاد کہتے ہیں کہ اقبالؔ نظریاتی اعتبار سے مغربی مفکرین میں سب سے زیادہ برگساں سے متاثر ہوئے۔ برگساں نے مادیت کے بجائے روحانی پہلو کو زیادہ اہمیت دیا ہے اور خرد کے بارے میں اس کے نظریات سے اقبالؔ متفق نظر آتے ہیں۔ وہ مادہ پرستی کے خلاف تھے۔اقبالؔ، برگساں کے نظریہ زماں سے بھی متاثر ہیں۔لیکن پوری طرح وہ اس سے متفق نہیں ہے۔جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ کے نظریہ زماں کو واضح کرنے کے لیے کچھ نظموں کے حوالے بھی پیش کیے ہیں۔ گویا اس مضمون میں اقبالؔ کی فکر کے اہم پہلو کو تصور زماں و مکاں پر اچھی بحث ملتی ہے۔

’’اقبالؔ اور دانتے‘‘ یہ مضمون 32 صفحات پر مشتمل ہے۔مضمون دانتے کے ابتدائی حالات سے شروع ہوتا ہے۔ پھر دانتے کی مشہور نظم ’’ڈیوائن کامیڈی‘‘ اور ’’جاوید نامہ‘‘ کے باہمی تعلق پر بحث کی گئی ہے۔جگن ناتھ آزاد نے یہ دیکھنے کی کوشش کی ہے کہ اقبالؔ، دانتے کی مذکورہ نظم سے کہاں تک متاثر ہوئے ہیں۔انھوں نے اقبالؔ کے ایک خط سے بھی اقتباس نقل کیا ہے، جس میں اقبالؔ نے بتایا ہے کہ میں آج کل ’’جاوید نامہ‘‘ لکھ رہا ہوں، جو ایک قسم کی ’’ڈیوائن کامیڈی‘‘ ہے۔لیکن جگن ناتھ آزاد کے مطابق اقبالؔ کی شاعرانہ یا مفکرانہ عظمت پر کوئی حرف نہیں آتا۔

’’اقبالؔ اور ملٹن‘‘ جگن ناتھ کا یہ مضمون 25 صفحات پر مشتمل ہے۔ابتدا میں جگن ناتھ آزاد نے مسئلہ خیر اور شر پر بحث کی ہے۔تاریخی اعتبار سے یہ دیکھنے کی کوشش کی ہے۔کہ مختلف مذہب کے ہاں خیر و شر کا کیا نظریہ ہے۔جگن ناتھ آزاد کے خیال میں اقبالؔ توازن حیات کے قائل تھے۔انھوں نے ابلیس کو پوری طرح رد نہیں کیا بلکہ بدی کی اس قوت کو زندگی کی کامرانی کے لیے ضروری قرار دیا ہے۔ پھر ملٹن کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ

''فردوس گم گشتہ'' کے حوالے سے ابلیس علامت نہیں بلکہ حرکت وعمل کی علامت نظر آتا ہے۔ یہاں جگن ناتھ آزاد نے ملٹن اور اقبالؔ کے چند اشعار بھی پیش کیے ہیں۔ انھوں نے کہا ہے کہ اقبالؔ اور ملٹن دونوں کے نزدیک جہاں نیکی کا سرچشمہ الوہیت اور ربوبیت ہے، وہاں بدی کی تخلیق بھی اسی الوہیت اور ربوبیت سے ہوئی ہے۔ اس مضمون میں موضوع کا احاطہ اتنی وضاحت سے نہیں ہوسکا، جس طرح بعض دوسرے مضامین میں ہوا ہے۔

''اقبالؔ اور گوئٹے'' جگن ناتھ آزاد کا یہ مضمون اٹھ 8 صفحوں پر محیط ہے۔ جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں کہ اٹھارویں صدی عیسوی کی عقلیت پسندی کے ردعمل میں جورومانوی تحریک چلی، گوئٹے اس میں شریک ہوا، لیکن وہ اس تحریک کی بے جا آزادی کے سبب اس سے علاحدہ ہوگیا۔ یہ ذہنی کشمکش ان کے ڈرامے ''فاوسٹ'' میں نظر آتی ہے۔ اقبالؔ نے گوئٹے کے فن کو سراہا ہے۔ انھوں نے گوئٹے کے دیوان کا جواب ''پیام مشرق'' کی صورت میں دیا ہے۔ انھوں نے اس میں گوئٹے کے فن کا اعتراف کیا ہے۔ جگن ناتھ آزاد نے ''پیام مشرق'' کے دیباچے سے ایک اقتباس نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ اقبالؔ کے ہاں گلشن ویمر کا کئی جگہ ذکر آیا ہے جو گوئٹے کے اثر سے آیا ہے۔

''اقبالؔ اور آئن سٹائن'' اس کتاب کا آخری مضمون ہے۔ یہ مضمون 53 صفحوں پر مشتمل ہے۔ جگن ناتھ آزاد کے خیال میں اقبالؔ کے دوسرے فلسفیانہ نظریات کے ساتھ ساتھ انھوں نے سب سے زیادہ زماں کے تصور کو اہمیت دی ہے۔ جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ کے تصور زماں ومکاں پر بحث کرنے سے پہلے مختلف فلسفیوں کے تصوراتِ زماں ومکاں کی تمہید باندھی ہے۔ اس کے بعد اقبالؔ کی نظم ونثر کی روشنی میں ان کے تصور زماں ومکاں کا بڑی تفصیل سے جائزہ پیش کیا ہے۔ جگن ناتھ آزاد کے مطابق اقبالؔ نے زماں ومکاں کا اظہار سب سے پہلے نظم ''سیر فلک'' میں کیا ہے۔ اس کے علاوہ جگن ناتھ آزاد نے مدلل انداز میں اس نظریہ تصور کے حوالے سے دوسرے اقبالؔ شناسوں کی آرا سے موازنہ کیا اور پھر اپنی رائے بھی رکھی۔ جگن ناتھ آزاد نے اپنے موقف کا ثبوت اقبالؔ کے کلام سے پیش کیا ہے۔

الغرض جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ پر یہ کتاب لکھ کر اقبالیات میں بہت بڑا اضافہ کیا ہے۔ یہ ایک مفید اور فکر انگیز کتاب ہے۔ اس موضوع پر اردو میں بہت کم لکھا گیا ہے۔ اس کتاب کی اہمیت وافادیت کے بارے میں یقیناً کوئی دورائے نہیں ہے۔

**اقبالؔ اور کشمیر:**

جگن ناتھ آزاد کی یہ تیسری کتاب تین بار شائع ہوچکی ہے۔ پہلی بار 1977 میں سری نگر کشمیر سے شائع

ہوئی۔ دوسری لاہور سے 1985ء میں اور تیسری بار 1993ء میں مکتبہ علم و دانش فرہنگ، لاہور سے شائع ہوئی ہے۔اس کا انتساب مشفق خواجہ کے نام سے ہے جو جگن ناتھ آزاد کے دوست تھے۔اس کتاب کے سب مقالے کشمیر کے حوالے سے ہے۔کتاب کے صفحات کی تعداد 210 ہیں۔کتاب کے آخری صفحہ پر جگن ناتھ آزاد کی تصور دی گئی ہے۔

جگن ناتھ آزاد کتاب کے حرف اول میں لکھتے ہیں کہ اقبالؔ کو کشمیر سے ایک روحانی تعلق تھا اوران کے اجداد بھی کشمیر سے ہی تھے۔اس کے بعد جگن ناتھ آزاد نے سترہ مختلف عنوانات کے تحت اظہار خیال کیا۔جو اس طرح سے ہے۔

پہلا مقالہ ''اقبالؔ اور کشمیر'' کے عنوان سے ہے۔یہ سات صفحات پر مشتمل ہے۔جگن ناتھ آزاد اقبالؔ اور کشمیر کا رشتہ قریبی بتاتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ میں نے کشمیر میں جو''اقبال نمایش'' منعقد کی تھی۔اس کے بارے میں لوگوں کے ردعمل نے ان کی اقبالؔ سے عقیدت کو واضح کر دیا تھا۔محسوس ہوتا تھا کہ اہل کشمیر کو ایک ''دولت گم گشتہ'' ہاتھ آ گئی۔اقبالؔ کے کلام میں کشمیر سے ایک وابستگی، ایک لگن اور محبت نظر آتی ہے۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''اقبالؔ اور کشمیر کے بارے میں یہ فیصلہ کرنا کہ محبّ کون ہے اور محبوب کون ہے؟ ذرا مشکل سی بات ہے۔دونوں طرف یکساں جذبہ محبت بلکہ جذبۂ عشق نظر آتا ہے، اور اس کتاب میں اسی جذبۂ عشق کو اس کے ادبی، سیاسی اور سماجی پس منظر میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔''50

مذکورہ اقتباس سے انداز ہوتا ہے کہ اس مقالہ میں اقبالؔ اور کشمیر کے پس منظر پر گفتگو کی گئی ہے۔

''کلام اقبالؔ کے اولین جوہر شناس'' مقالہ 9 صفحات پر محیط ہے۔اس مقالے میں جگن ناتھ آزاد کی تحقیق کے مطابق اقبالؔ پر کام کرنے والوں میں اولیت منشی محمد الدین فوق کو حاصل ہے جنھوں نے سب سے پہلے اقبالؔ کی سوانح حیات لکھی۔اس کام کا آغاز 1909 کے ''کشمیری میگزین'' سے ہوا۔مولوی احمد دین ایڈوکیٹ نے اردو میں سب سے پہلے اقبالؔ پر ایک جامع کتاب ''اقبالؔ'' لکھی۔جگن ناتھ آزاد کے مطابق، اس کتاب کو اقبالؔ نے پسند نہیں کیا۔کیوں کہ اس میں اقبالؔ کا بہت سا کلام شامل تھا۔اس لیے مولوی احمد دین نے کتاب کو تلف کر کے اسے دوبارہ نئے سرے سے لکھ کر اقبالؔ کی اجازت سے شائع کیا۔

مقالہ ''کشمیری میگزین'' 11 صفحوں پر ہے۔اس مقالہ میں جگن ناتھ آزاد نے کشمیری میگزین کا تعارف کروایا۔پھر میگزین میں محمد الدین فوق نے اقبالؔ کے جو حالات لکھے تھے۔اس کا پورا متن اس کتاب میں نقل

کیا ہے۔جگن ناتھ آزاد کے مطابق محمد الدین فوق کی یہ تحریر ایک ادبی نثر پارے کے طور پر نہیں بلکہ ادبی تاریخی اہمیت کی تحریر کے طور پر دیکھنے کے لائق ہے۔

اس کتاب کا چوتھا مقالہ ''مشاہیر کشمیر'' کے نام سے ہے۔جو 12 صفحات پر محیط ہے۔اس میں محمد الدین فوق کی کتاب ''مشاہیر کشمیر'' کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔اس میں کشمیر کی مشہور شخصیتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔اس کا متن جگن ناتھ آزاد نے اپنے مقالے میں نقل کیا ہے ۔محمد الدین فق کے نزدیک اقبالؔ کی تاریخ ولادت 22/فروری 1873 ہے ۔جس سے جگن ناتھ آزاد نے اختلاف رائے کرتے ہوئے حاشیے میں اقبالؔ کی صحیح ولادت 9/نومبر 1877 لکھی ہے۔

''اقبال کے خطوط (منشی محمد الدین فوق کے نام)'' مقالہ 33 صفحوں پر پھیلا ہوا ہے۔اس میں اقبالؔ کے پچیس 25 خطوط پیش کیے گئے ہیں ۔جو انھوں نے محمد الدین فوق کے نام لکھے تھے۔یہ خطوط بشیر احمد ڈار کی ''انوار اقبالؔ'' کی کتاب سے لے گئے ہیں۔جگن ناتھ آزاد نے خط کی وضاحت کے لیے حواشی بھی دیے ہیں۔جو بہت ہی مفید ہے۔

''انجمن کشمیری مسلمانان لاہور'' 5 صفحوں پر مشتمل ہے۔اس انجمن کے قیام پر اقبالؔ نے محمد الدین فوق کی تحریک پر پچیس اشعار کی جو نظم کہی تھی، جگن ناتھ آزاد نے وہ پوری نظم نقل کر دی ہے۔اس کے علاوہ اسی میگزین میں اقبالؔ کے آٹھ قطعات اور رباعیاں شائع ہوئیں تھیں۔اس مقالے میں جگن ناتھ آزاد نے وہ قطعات بھی نقل کیے ہیں۔

''اقبالؔ اور مولوی احمد دین'' مقالہ سترہ 17 صفحات پر مبنی ہے۔جیسے مولوی احمد دین کا ذکر چوتھے مقالے میں ہو چکا ہے۔اس مقالے میں ان کی دوسری تصانیف کا بھی مختصراً تعارف کر دیا گیا ہے۔جگن ناتھ آزاد نے انھیں اقبالؔ شناسوں میں بڑا بلند مقام دیا ہے۔اس حوالے سے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

> ''ان کی کتاب 'اقبال' کے مطالعے سے یہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ اقبالؔ شناسوں میں ان کا رتبہ بہت اونچا ہے اور بالخصوص جب اس بات پر نظر جاتی ہے کہ آپ نے اقبالؔ پر یہ ۲۸۴ صفحے کی کتاب اس وقت لکھی جب نواب ذوالفقار علی خاں کی انگریزی کتاب نشانِ راہ کے طور پر موجود نہیں تھی تو آپ کی اقبالؔ شناسی پر ایمان لانا پڑتا ہے۔'' 51

جگن ناتھ آزاد نے مولوی احمد دین اور اقبالؔ کے باہمی روابط پر بھی روشنی ڈالی ہے۔مولوی احمد دین کی وفات پر اقبالؔ نے جو تعزیتی خط لکھا، وہ بھی اس مقالے میں درج کیا گیا ہے۔

مقالہ ''اقبال کا سفر کشمیر'' پندرہ صفحات پر مشتمل ہے۔ اقبال جون 1921 میں کشمیر آئے تھے۔ جگن ناتھ آزاد کا خیال ہے کہ اقبال صرف ایک بار کشمیر آئے۔ اس کے علاوہ کوئی ایسی شہادت نہیں ملتی جس سے ثابت ہو کہ اقبال اس سے پہلے بھی کشمیر آئے ہوں۔ جگن ناتھ آزاد نے اقبال کے سفر کشمیر کی یادگار نظم ''ساقی نامہ'' بھی درج کی ہے۔ یہ نظم انھوں نے نشاط باغ میں بیٹھ کر لکھی تھی۔ آخر میں منشی سراج الدین کے نام اقبال کا خط نقل کیا گیا ہے ،جس میں ایک مقدمے کا ذکر ہے۔ یہ خط اقبال کو سری نگر قیام کے دوران ملا تھا۔ اس مقالے سے اقبال کے سفر کشمیر کے متعلق بعض نئی تفصیلات کا انکشاف بھی ملتا ہے۔

''دو غیر معروف نظمیں'' مقالہ 8 صفحوں پر مشتمل ہے۔ اس میں جگن ناتھ آزاد نے اقبال کی باقیات میں سے ایک نظم اور خطوط کے اقتباسات نقل کیے ہیں۔ اقبال نے منشی سراج الدین کو تحفے کی چار انگوٹھیوں کی رسید کے طور پر ایک خط اور ایک طویل نظم لکھ بھیجی تھی۔ جگن ناتھ آزاد نے سراج الدین کی بیاض میں سے ان کی یہی نظم اور خط اس مقالے میں پیش کیا ہے۔ اقبال نے ایک مرثیہ خواجہ عبدالصمد ککڑ و رئیس بارہ مولہ کے فرزند کی وفات پر لکھا تھا، وہ بھی یہاں جگن ناتھ آزاد نے شامل مقالہ کیا ہے۔

'سیاسیات کشمیر'' میں جگن ناتھ آزاد نے اس بات کی مکمل وضاحت کی ہے کہ اقبال کے دل میں کشمیر اور اہل کشمیر کے لیے اتنی محبت پیدا ہو گئی تھی کہ ان کی نجی محفلیں بھی کشمیر کی محبت سے خالی نہیں تھیں۔ انھوں نے سعادت علی خان کے ملفوظات اقبال میں چند اقتباس نقل کیے ہیں۔ جن سے اقبال اور کشمیر کی سیاست کے بارے میں چند اشارے مل جاتے ہیں۔

''کشمیر کمیٹی ۱'' اور ''کشمیر کمیٹی ۲'' ان دو مقالوں میں جگن ناتھ آزاد نے اس کمیٹی کے سیاسی اثر کے بارے میں لکھا ہے کہ جب 1929 میں ''کشمیر کمیٹی'' کا قیام عمل میں آیا۔ تو اس کمیٹی نے کشمیری مسلمانوں کے حقوق کی خاطر جنگ لڑی اور حکومت کی ناانصافیوں کے خلاف آواز بلند کی۔ اقبال نے کشمیر کمیٹی کی حمایت میں 1933 میں مسلم کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں کی۔ جس کے سلسلے میں گوہر رحمان اور شیخ محمد عبداللہ کو رہا کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ جگن ناتھ آزاد کے مطابق 1934, 1935 میں قادیانیوں اور اقبال کے درمیان مخالفت شروع ہوئی۔ جس میں اقبال پر الزام لگایا گیا کہ وہ احمدیہ تحریک کے مخالف اس لیے نہیں ہوئے کہ وہ گول میز کانفرنس میں سر ظفر اللہ خاں کی جگہ مسلمانون کی قیادت کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن اقبال اس تحریک سے اس لیے مخالف تھے کیوں کہ قادیانی کشمیر کمیٹی کے ذریعے اپنے عزائم کو پورا کرنا چاہتے تھے جو اقبال کو منظور نہیں تھا۔ اقبال اور کشمیر کمیٹی کے

بارے میں مقالے میں سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اقبالؔ کو کشمیر سے دلی محبت تھی۔

''نیٹشے سے غنی کاشمیری تک'' یہ مقالہ سات صفحات پر محیط ہے۔جگن ناتھ آزاد نے اس مقالے میں ''جاوید نامہ'' کے چند ابواب کے بارے میں بحث کی ہے۔جس میں اقبالؔ کی کشمیر سے محبت نظر آتی ہے۔''جاوید نامہ'' کے باب ''آنسوئے آفلاک'' کے بارے میں جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں کہ اس میں اقبالؔ کا فن عروج پر ہے۔اس کے ابتدا میں نیٹشے کے فلسفے پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

کتاب کا چودھواں مقالہ ''امیر کبیر حضرت سید علی ہمدانی'' کے عنوان سے ہے۔جگن ناتھ کے مطابق مسئلہ کشمیر کے بیان کا آغاز اقبالؔ نے غنی کاشمیریؔ کے شعر سے کیا ہے۔پھر رومیؔ اقبالؔ کو سید علی ہمدانی کی طرف متوجہ کرتا ہے۔انھوں نے حاشیے میں سید علی ہمدانی کی ولادت اور دوسری تفصیل بیان کی ہے۔سید علی ہمدانی نے کشمیر کو تہذیب، علم، صنعت وحرفت سے آشنا کیا۔جس سے کشمیر ایران صغیر بن گیا۔

''شاہ ہمدانی کے حضور میں'' یہ مقالہ 27 صفحات پر مشتمل ہے۔اس مقالے کا سلسلہ پچھلے مقالے کے ساتھ ہے۔اقبالؔ اپنا اضطراب کم کرنے کے لیے شاہ ہمدان سے سوالات کرتے ہیں۔کشمیر کی بگڑی ہوئی صورت حال کے بارے میں پوچھتے ہیں اور شاہ ہمدان اس کا بڑا حوصلہ افزا جواب بھی دیتے ہیں۔اقبالؔ کشمیر کا مسئلہ تخیل کے زور پر لیگ آف نیشنز تک پہنچاتے ہیں۔جگن ناتھ آزاد کے مطابق یہ بات 1931، 1932 کی ہے اور سترہ سال بعد واقعی کشمیر کا مسئلہ یواین اُو (UNO) میں پہنچ جاتا ہے۔اس مثال سے کم از کم ہمیں اقبالؔ کے الہامی شاعری پر ایمان لانا پڑتا ہے۔

شاہ ہمدان اور اقبالؔ کی گفتگو جو''جاوید نامہ'' میں ہوتی ہے وہ مذکورہ مقالہ میں نقل کی گئی ہے۔جگن ناتھ آزاد کے مطابق بعض مقامات پر ان کا فلسفہ، فن اور سیاست اس طرح مل جاتے ہیں کہ ان کو ایک دوسرے سے الگ کرنا ناممکن ہے۔جگن ناتھ آزاد نے اقبالؔ کے کلام کی علامتی انداز سے تشریح کی ہے اور جہاں وُلر کی جھیل کا ذکر ہوتا ہے، تو آزادؔ کہتے ہیں کہ وُلر کشمیر کی جدوجہد کی علامت ہے اور یہ سرزمین اپنے دو فرزندوں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ایک جوان ہے اور دوسرا معمر۔معمر فرزند میر واعظ ہمدانی ہے اور جوان فرزند شیخ محمد عبداللہ سے مراد ہے۔یہ دونوں حضرات اس وقت تحریک جمہوریت کشمیر کے بڑے رہنماہ تھے۔

''ملازادہ ضیغیم لولابی'' مقالہ چار صفحوں کا ہے۔اس کا عنوان اقبالؔ کے مجموعہ کلام ''ارمغان حجاز'' کے ایک حصہ کا ہے۔جس میں انیس نظموں میں آٹھ نظموں کا براہ راست کشمیر سے تعلق ہے اور باقی نظموں کا براہ راست تو

کشمیر سے تعلق نہیں ہے، لیکن فکر کا سلسلہ وہی ہے جو پہلی نظموں میں ہے۔جگن ناتھ آزاد نے ملازادہ ضیغم لولابی کے بارے میں مختلف اقبالؔ شناسوں کے حوالے سے کہا کہ انھوں نے اس ملازادہ ضیغم لولابی کی شخصیت کی نشان دہی نہیں کی، بلکہ سید عابد علی عابدؔ نے اس سے مراد ایک فرضی کردار لیا ہے۔جس سے جگن ناتھ آزاد بھی متفق نظر آتے ہیں۔ان کا ماننا ہے کہ یہ ایک استعارہ ہے جو اقبال نے کشمیر کے حوالے سے پیش کیا ہے۔

کتاب کا آخری مقالہ ''ہزاروں خواہش ایسی'' ہے۔اس مقالے کا عنوان غالبؔ کے ایک مصرعہ کا آدھا ٹکڑا سے رکھا گیا ہے۔اس مقالے میں جگن ناتھ آزاد نے اس وعدے کو دہرایا ہے کہ اقبالؔ 1937 میں کشمیر آنا چاہتے تھے لیکن آنہ سکے۔جس کا ذکر انھوں نے اپنے خطوط میں کیا ہے۔جگن ناتھ آزاد ان خطوط کا حوالہ دے کر ان کے کشمیر آنے کے ارادے کو ظاہر کرتے ہیں۔لیکن ان ارادوں کے باوجود وہ کشمیر دوبارہ نہ آسکے۔اس سلسلے میں انھوں نے شیخ محمد عبداللہ کی وہ تقریر یاد دلائی، جو انھوں نے ''اقبال نمایش'' کے موقع پر کی تھی۔

مختصراً جگن ناتھ آزاد نے اس موضوع پر اردو میں سب سے پہلے کتاب لکھی۔جو زیر بحث موضوع پر بڑی تفصیل اور جامعیت کے ساتھ تحقیقی نقوش سے بھری پڑی ہے۔جگن ناتھ آزاد کی اس کتاب کے بعد، اس موضوع پر دو کتابیں اور شائع ہوئی ہیں۔ایک ڈاکٹر صابر آفاقی کی اور دوسری سلیم خان گمی کی۔ان دونوں کے نام ''اقبال اور کشمیر'' ہی ہے۔اس کے علاوہ اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونی ورسٹی میں بھی اسی موضوع پر پی ایچ، ڈی مقالہ لکھا گیا ہے۔لیکن جگن ناتھ آزاد کی یہ کتاب ان سب پر فوقیت رکھتی ہے۔ان کی تصنیف میں اس موضوع پر زیادہ تفصیل ملتی ہے جو اعلا تحقیق کا ثبوت ہے۔

کتاب کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ اس میں کہیں کہیں مضمون میں تکرار اور طویل اقتباسات، جو کھٹکتے ہیں جیسے محمد الدین فوق کے نام مکاتیب اقبالؔ کی ضرورت نہیں تھی صرف متعلقہ بیانی سے کام چل سکتا تھا۔کتاب کی فہرست مقالات میں کوئی ربط باہمی بھی قائم نہیں کی گئی ہے۔جس سے یہ کتاب متفرق مقالات کا مجموعہ معلوم ہوتا ہے۔بہر حال جگن ناتھ آزاد نے اس کتاب میں خاصی محنت وعرق ریزی سے کام لیا ہے۔انھوں نے اقبالؔ کے سفر کشمیر کے بارے میں جگہ جگہ جا کر تحقیقی چھان بین کی ہے۔جس سے اس کتاب سے اقبالؔ کے سفر کشمیر، انجمن کشمیری مسلمانان، سیاست کشمیر، کشمیر کمیٹی اور کشمیر کے چند شخصیتوں سے اقبالؔ کے تعلق کا پتا چلتا ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ یہ کتاب اقبالیات کے موضوع کے ذخیرے میں ایک اہم اضافہ ہے۔

علاوہ ازیں جموں وکشمیر میں جو غیر ریاستی ادیب ونقاد وارد ہوئے ہیں۔ان میں منظر اعظمی کا نام بھی قابل

ذکر ہے۔انھوں نے ''اردو میں تمثیل نگاری''، ''سب رس کا تنقیدی جائزہ'' اور ''اردو ادب کے ارتقا میں ادبی تحریکوں اور رجحانوں کا حصہ'' لکھی ہے۔آل احمد سرور، محمد حسن اور قدوس جاوید وغیرہ بھی جموں وکشمیر آئے اور اردو ادب کی خدمت انجام دی۔لیکن انہوں نے چوں کہ تحقیق میں زیادہ کام نہیں کیا ہے اس لیے راقم نے محض ان کے نام گرامی پر ہی اکتفا کیا ہے۔

☆☆☆

## حوالہ جات

1۔مطالعہ زوراز اکبر حیدری کشمیری،ص۔30، 1965
2۔یا گارِ زوراز سید فرحت الاکرام،ص۔172، 1935
3۔کشمیر میں اردو از عبدالقادر سروری، (ذات نامہ) ص۔40، دوسرا جلد
4۔سب رس، جولائی 1971، مضمون ''سروری۔ادب سے زبان تک'' ص۔04
5۔کشمیر کے دو ادیب، دو بھائی از عبدالقادر سروری،ص۔07
6۔کشمیر میں اردو از عبدالقادر سروری، حرفِ آغاز،ص۔10-11، جلد اول
7۔ایضاً،ص۔09
8۔ایضاً،ص۔14
9۔ایضاً، پیش گفتار از محمد یوسف ٹینگ،ص۔11، 1984
10۔ایضاً،ص۔05
11۔شکیل الرحمٰن ایک لیجنڈ از شعیب شمس،ص۔14، 2013
12۔مرزا غالبؔ اور ہند مغل جمالیات از شکیل الرحمٰن،ص۔349
13۔غالب اور جمالیات از شکیل الرحمٰن،ص۔63
14۔اقبال۔روشنی کی جمالیات از شکیل الرحمٰن،ص۔7
15۔ایضاً،ص 21,20
16۔ایک بھاشا: دو لکھاوٹ: دو ادب از گیان چند جین،ص۔41
17۔اردو کی نثری داستانیں از گیان چند جین،ص۔9، 1987
18۔عالمی اردو ادب، دہلی، اکتوبر 2008،ص۔298
19۔رموز غالبؔ از گیان چند جین،ص۔359، 1999 کراچی
20۔ایضاً،ص۔359
21۔ایضاً،ص۔375
22۔ایضاً،ص 383)
23۔حقائق از گیان چند جین، 1978،ص۔6
24۔انشا اللہ خان انشا از عابد پیشاوری۔حرفِ آغاز،ص۔7، 1985
25۔عابد پیشاوری شخصیت اور فن مرتب ڈاکٹر ٹی آر رینا،ص۔135
26۔ششماہی مجلّہ (تسلسل) شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی، جلد 2، شمارہ 3، جولائی 1999
27۔عابد پیشاوری شخصیت اور فن مرتب ڈاکٹر ٹی آر رینا،ص۔186
28۔انتخاب کلام عابد پیشاوری از جمیل اختر،ص۔8

29۔رحمٰن رنگ مرتب عابد سہیل،ص۔98
30۔انشا کے حریف وحلیف از عابد پیشاوری،ص۔20,19
31۔ایضاً،ص۔78
32۔بحوالہ انشا حریف وحلیف از عابد پیشاوری،ص۔169،آب حیات،ص318
33۔انشا حریف وحلیف از عابد پیشاوری،ص170
34۔بحوالہ انشااللہ خان انشاؔ از عابد پیشاوری،ص۔53،آب حیات از محمد حسین آزادؔ،ص۔265،لاہور 1887
35۔انشااللہ خان انشاؔ از عابد پیشاوری،ص۔53
36۔ایضاً،ص80
37۔ایضاً،ص83
38۔ایضاً،ص۔516-515
39۔ایضاً،ص۔332
40۔ذوقؔ اور محمد حسین آزادؔ از عابد پیشاوری،ص،112
41۔ایضاً،ص۔153
42۔گاہے گاہے باز خواں از عابد پیشاوری،ص۔09
43۔بحوالہ جگن ناتھ آزاد ایک مطالعہ مرتب محمد ایوب واقف،ص۔317
44۔محمد اقبال۔ایک ادبی سوانح حیات از جگن ناتھ آزاد(حروف اول)،ص۔10،1983
43۔اقبال اور اس کا عہد از جگن ناتھ آزاد،ص۔13،1960
44۔ایضاً،ص۔14
45۔ایضاً،ص۔52
46۔اقبال اور مغربی مفکرین از جگن ناتھ آزاد،ص۔14،1994
47۔ایضاً،ص۔65
48۔ایضاً،ص۔101
49۔ایضاً،ص۔114
50۔اقبال اور کشمیر از جگن ناتھ آزاد،ص۔17،1993
51۔ایضاً،ص91

☆☆☆

# ماحصل

# ماحصل

جموں وکشمیر ہمیشہ علم وادب کا گہوارہ رہا ہے۔اس وادی سے بہت سارے ادیب،قلم کاراور مفکر وجود میں آئے اوراپنے زورقلم سے علم وادب کومنور کرتے رہے۔ یہ وادی جس طرح حسین اورخوبصورت ہے ٹھیک اسی طرح یہاں کے ادیبوں اورشاعروں کے قلم سے مختلف اصناف میں حسین اوردل کش تحریریں ابھر کر منظرعام پر آئی ہیں۔

1950 کے بعد جموں وکشمیر کے حالات نے مجموعی طور پر کروٹ بدلی اورزندگی کے ہر پہلو میں تغیرو تبدیلی رونما ہوئی،اردوادب کی طرف خاص توجہ دی گئی۔جس کے نتیجے میں باقی اصناف کی طرح تحقیقی ادب کوبھی پیش رفت کا سنہرا موقع ملا۔مغربی علم وفن کے زیراثر تحقیق کے لیے نئے نئے طریقے اورسامان دستیاب ہوئے ۔اشیا کی کھوج سائنسی طرز پر ہونے لگی۔ایسے موضوعات کی کثیر تعداد سامنے آئی جوتلاش طلب تھے۔تحقیق کواچھا خاصا معیار نصیب ہوااور نئے نئے اصول مرتب ہوئے۔جموں وکشمیر میں تحقیقی کام کوترقی کے منازل تک پہنچانے کے لیے کئی اداروں نے نمایاں رول ادا کیا۔کشمیراور جموں یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو نے ادبی تحقیق کو وسعت اور تقویت بخشی۔گوناگوں موضوعات پر ضخیم کتابیں لکھی گئیں۔شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی کی طرف سے شائع ہونے والے رسائل منظرعام پرآگئے،نیاشعوراور بازیافت میں تحقیقی مضامین چھپتے رہے۔ریاست کی کلچرل اکادمی نے بھی تحقیق کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے۔درجنوں کتابیں ترتیب دی گئیں اوران پر تحقیقی نوعیت کے مقدمے لکھوائے گئے۔اکادمی سے شائع ہونے والے رسائل ''شیرازہ''اور''ہماراادب''میں بھی تحقیقی مضامین چھپتے رہے۔محکمہ اطلاعات سے جاری ہونے والے رسالہ ''تعمیر''میں بھی اس قسم کے مضامین کی بڑی تعداد ملتی ہے۔

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق 1950 سے قبلکے ابتدائی نقوش محمد دین فوق ،نورالٰہی ومحمد عمر،عبدالاحد آزاداورصاحب زادہ حسن شاہ کی تصانیف میں ملتے ہیں۔یہ دور جموں وکشمیر کے تحقیقی دورکا آغاز تھا۔جسے تسلی بخش دورنہیں کہاجاسکتا ہے۔البتہ محمد دین فوق کی تصنیفات غیر معمولی مطالعہ،تاریخی شعوراور تحقیقی ذوق وشوق کے بغیر

نہیں لکھی جاسکتی تھیں۔موضوع کے انتخاب سے لے کر موضوع کے بارے میں ٹھوس معلومات،حوالے،روایات اور کتب ورسائل کی فراہمی تک محمد دین فوق نے تاریخ نویسی اور تحقیق کے سارے مراحل بڑی کامیابی سے طے کئے ہیں۔اور جہاں ضرورت پڑی، حالات وکوائف کا تجزیہ بھی کیا ہے۔یہ بھی صحیح ہے کہ محمد دین فوق کا اسلوب شاعرانہ تھا۔اس کے باوجود انھوں نے اپنی تصانیف میں نہ صرف تحقیق کے اصولوں کو برتا ہے بلکہ حقائق کا تجزیہ کرتے ہوئے کشمیر کے تاریخی،سماجی اور تہذیبی حالات کا تجزیہ بھی پیش کیا ہے۔

اس کے بعد نور الٰہی و محمد عمر،ان دونوں نے ''ناٹک ساگر'' لکھ کر جموں وکشمیر کی تحقیق کو آگے بڑھنے میں مدد کی۔ناٹک ساگر کو اگر عالمی ڈرامے کی مختصر تاریخ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ہاں اگر ناٹک ساگر ہماری توقعات کو پورا نہیں کرتی لیکن اس کے یہ معنی نہیں لینا چاہیے کہ یہ بالکل ہی بے کار تصنیف ہے،کسی کام کے نقشِ اول میں خوبیاں اور خامیاں دونوں ہوتی ہیں جو کہ اس کتاب کے حصے میں بھی آئی ہیں۔مصنفین نے بے شک ایک اہم کام انجام دیا ہے لیکن اسے جدید تحقیقات کی روشنی میں مکمل کرنے کی ضرورت ہے یا پھر اسی قسم کا ایک اور یا اس سے بہتر کام کی ضرورت ہے۔

جموں وکشمیر میں تحقیق کی روایت کو آگے بڑھنے والے تیسرے شخص عبد الاحد آزاد ہیں۔انھوں نے ''کشمیری زبان اور شاعری'' کی کتاب لکھ کر جموں وکشمیر کے محققوں کے حوصلے بلند کیے ہیں۔یہ کتاب اردو میں لکھی گئی ہے اور اس میں اردو میں مروج تحقیقی اصول ومعیار اور مزاج کو بھی برتنے کی پوری کوشش کی گئی ہے اس لیے اس تصنیف کو جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی سیڑھی قرار دینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔اس تصنیف میں لسانی،تحقیقی،تاریخی اور تذکرہ کے ساتھ ساتھ تنقید کے عناصر بھی موجود ہیں۔اور ہر حیثیت سے اس کا مطالعہ اہمیت کا حامل ہے۔لسانی اس لیے کہ اس میں کشمیری زبان پر لسانی طور پر بحث کی گئی ہے۔اسے تحقیق کا نمونہ اس لیے قرار دیتے ہیں کہ اس میں بڑی تلاش وجستجو کے بعد کشمیری زبان کے گمنام اور گوشہ نشین شاعروں اور نایاب شعری تخلیقات کی بازیافت کی گئی ہے اور انھیں منظر عام پر لایا گیا ہے۔تاریخ اس لیے کہ اس میں صرف کشمیری زبان ہی کی نہیں کشمیری شاعری کی تاریخ بھی ابتدا تا حال بیان کی گئی ہے۔اور تنقید اس لیے کہ اس میں شاعری کی ماہیت،غرض وغایت،خوبیاں اور خامیاں بیان کرتے ہوئے کشمیری زبان کے شعرا کے کلام کا نہ صرف تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔بلکہ بعض شعرا کی تخلیقات کا تنقیدی تجزیہ عملی طور پر کیا گیا ہے۔اسی دور میں صاحب زادہ حسن شاہ نے ''تاریخ حسن شاہ'' کتاب لکھ کر جموں وکشمیر کی اردو تحقیق کو آگے بڑھایا۔اگر چہ یہ کتاب تاریخی کتاب ہے لیکن اس میں بھی ابتدائی تحقیقی

نقوش نظر آتے ہیں جس کو نظر انداز نہیں کر سکتے ہیں۔

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق میں یہاں کی یونی ورسٹیوں کا اہم رول رہا ہے۔ان یونی ورسٹیوں میں سندی تحقیق کے زمرے میں مقالات لکھے گئے ہیں۔کشمیر یونی ورسٹی میں شعبۂ اردو کا قیام 1958 میں عمل میں لایا گیا ہے۔اس شعبے نے جموں وکشمیر میں سندی اردو تحقیق کی روایت میں اہم رول ادا کیا ہے۔اس شعبے کے ساتھ بڑے نامور غیر ریاستی لوگ بھی منسلک رہے ہیں۔جنھوں نے یہاں آنے سے قبل علمی وادبی دنیا میں نام پیدا کر لیا تھا۔ان کی قیادت میں ہی شعبۂ اردو، کشمیر یونی ورسٹی میں تحقیق کا باضابطہ کام شروع ہوا۔اور اب تک لگ بھگ ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ڈی کے دوسو (200) تحقیقی مقالے لکھے جا چکے ہیں۔اسی یونی ورسٹی میں قائم کردہ اقبالؔ انسٹی ٹیوٹ آف فلاسفی کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے اس انسٹی ٹیوٹ کے پہلے ڈائریکٹر پروفیسر آل احمد سرورؔ تھے۔اس میں دو چار مقالوں کو چھوڑ کر باقی تمام مقالات علامہ اقبالؔ کے پر ہی لکھے گئے ہیں۔اس انسٹی ٹیوٹ کا پہلا پی۔ایچ۔ڈی مقالہ 1984 میں لکھا گیا ہے۔اب تک اس میں ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ڈی کے ایک سو (100) کے قریب تحقیقی مقالات قلم بند کیے گئے ہیں۔اور ساتھ ہی تفہیم اقبالؔ کے سلسلے میں متعدد تحقیقی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔جنھیں برصغیر میں ہی نہیں بلکہ برصغیر سے باہر بھی سند کا درجہ حاصل ہوا ہے۔

جموں یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں بھی سندی تحقیق کے زمرے میں بہت اچھے مقالات منظر عام پر آئے ہیں۔کچھ مقالات کتابی شکل میں بھی آئے۔اس شعبے میں ایم فل اور پی ایچ۔ڈی کے تقریباً ایک سو مقالات لکھے گئے ہیں ۔ان میں ایسے مقالے بھی شامل ہے جن کو اردو ادب میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔یہ شعبہ بھی جموں وکشمیر کی اردو تحقیق میں اہمیت کا حامل ہے۔اس شعبے سے بھی اردو ادب کے اچھے محقق وابستہ رہے ہیں۔

جموں وکشمیر میں 1950 کے بعد اردو تحقیق کے میدان میں جن محققین نے اپنے تحقیقی کارناموں سے ادبی تحقیق کی روایت کو وقار بخشا، ان میں پہلا نام پروفیسر اکبر حیدری کشمیری ہیں۔اکبر حیدری کشمیری کے کارناموں کی فہرست بڑی ہی طویل ہے جس کو جموں وکشمیر میں اردو ادب کی تاریخ میں سنہرے الفاظ میں رقم کیا جائے گا۔انھوں نے اپنی مسلسل محنت اور لگن سے اردو کے کلاسیکی ادبی سرمائے کی تحقیق میں نمایاں اضافے کیے ہیں جس میں میر تقی میرؔ، میر ببر علی انیسؔ، مرزا سلامت علی دبیرؔ، مرزا اسداللہ خان غالبؔ، علامہ اقبالؔ اور اسی پائے کی شخصیات کی حیات اور کارناموں کے نہ جانے کتنے ہی پوشیدہ گوشوں کو عالمِ وجود میں لایا۔اکبر حیدری کشمیری کو کلاسیکی اردو ادب پر خاص نظر تھی اور ان کی توجہ سے بہت سا ادبی سرمایہ وقت کی گرد کے نیچے دفن ہونے سے بچ گیا، جس نے

آنے والی نسلوں کے لیے فکر و تحقیق کا سامان فراہم کیا۔ تحقیق، تصنیف و تالیف میں وہ اعلا معیار کے قائل تھے۔

اکبر حیدری کشمیری نے اگر کسی صنف میں زیادہ تحقیقی کام کیا ہے تو وہ اردو مرثیہ ہے۔ مرثیہ نگاری میں انھوں نے بہت سارے مرثیہ نگاروں کا غیر مطبوعہ کلام منظر عام پر لایا ہے اگرچہ مرثیے کی تحقیق کے ضمن میں یوں تو کئی محققین کے نام آتے ہیں۔ جن میں مسعود حسن خان رضوی ادیب، پروفیسر شبیہ الحسن، ڈاکٹر نیر مسعود، محمد زماں آزردہ اور کاظم علی خان وغیرہ شامل ہے لیکن ان تمام محققوں کے ساتھ ساتھ مرثیہ اور مرثیہ نگاروں پر بہت اچھا کام اکبر حیدری کشمیری نے بھی کیا ہے۔ ان کی کئی تصانیف ایسی ہیں جس میں غیر مطبوعہ مرثیے، مرثیہ کے ارتقا اور گمنام مرثیہ نگاروں کے بارے میں قیمتی خیالات اور نادر تحقیقی انکشافات ملتے ہیں۔ جیسے اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا، میر انیسؔ بحیثیت رزمیہ شاعر، باقیات انیسؔ، مراثی میر خلیقؔ، انتخاب مراثی دبیرؔ، باقیات دبیرؔ، انیسؔ کی منظر نگاری، میر ضمیرؔ لکھنوی اور مرثیہ اصلاحی معنی وغیرہ ہے۔ اس کے علاوہ مقالاتِ حیدری، تحقیقی جائزے، تحقیقات حیدری، تحقیق و انتقاد، اقبال نادر معلومات اور تحقیقی نوادر وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ یہ سب تصانیف تحقیقی نوعیت کی ہیں۔ ان کی تحقیقی نظر نے بے شمار پوشیدہ ادبی خزانوں کی تلاش کی ہے۔ جس کے نتیجہ میں اردو کے کئی پوشیدہ حقائق منظرِ عام پر آئے۔ ان کی خدمت یاد رکھے جانے کے لیے کافی ہے کیوں کہ انھوں نے پردہ خفا میں کئی شعرا کا کلام اور غیر مطبوعہ کلام کو اردو دنیا سے متعارف کرادیا۔

دوسرا نام محمد یوسف ٹینگ کا آتا ہے۔ وہ اپنے زورِ قلم کا اظہار مورخ اور محقق کی حیثیت سے کر رہے ہیں۔ انھوں نے جن چیزوں کا انکشاف کیا ہے وہ بالکل قابلِ قدر ہے۔ انھوں نے کشمیری، اردو اور انگریزی میں کئی تحقیقی اور تنقیدی مضامین قلم بند کیے ہیں۔ انھوں نے عبدالاحد آزاد کی کتاب ''کشمیری زبان اور شاعری'' ترتیب دی اور اس کا دیباچہ لکھا جو مقدمے سے کم نہیں ہے۔ اور ساتھ ہی اس پر حواشی بھی لکھی۔ ان کا لکھا ہوا دیباچہ بہ ذات خود ایک تحقیقی کاوش کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس دیباچے میں ان حالات اور واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا۔ جو عبدالاحد آزاد کی علمیت میں نہ تھیں۔ انھوں نے دیباچہ میں ان چند اہم شاعروں کا ذکر کیا جن کی غیر موجودگی سے عبدالاحد آزاد کی کتاب کا مطالعہ کرنے والوں کو کتاب کے غیر مسلسل ہونے کا احساس ہوتا تھا۔ جہاں تک کتاب کے حواشی کا تعلق ہے وہ بھی اپنی جگہ تحقیقی اہمیت کا حامل ہے۔ کیوں کہ جہاں بھی قاری کو الجھن کا احتمال نظر آتا ہے وہاں انھوں نے حواشی میں وضاحت کر کے آسانی لائی ہے۔ مصنف، اصل ماخذ دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے جہاں اصل تاریخ، جگہ یا واقعہ پیش نہ کر سکا۔ وہاں محمد یوسف ٹینگ نے ان چیزوں کو

حقیقی روپ میں پیش کر کے اپنی محققانہ بصیرت اور مہارت کا ثبوت دیا ہے۔مثلاً مصنف لل عارفہ کی پیدائش کے بارے میں خاموش ہیں۔جب کہ محمد یوسف ٹینگ نے 1351 کو ان کی سن پیدائش بتایا ہے۔محمد یوسف ٹینگ عبدالاحد آزآد سے اختلافِ رائے کرتے ہوئے ،اپنی تحقیق کے مطابق 773ھ کے بجائے 725ھ کو کشمیر میں ورودِ اسلام کا تاریخی سال قرار دیتے ہیں۔محمد یوسف ٹینگ کے مطابق شیخ نورالدین ولیؒ کی پیدائش جوگی پورہ میں ہوئی نہ کہ کمیوہ میں ۔مقبول شاہ کرالہ واری اور غلام احمد مہجؔور کی تاریخ وفات کے علاوہ چند اور حالات و واقعات سے متعلق محمد یوسف ٹینگ نے کتاب کے حواشی میں جن ذاتی معلومات کا اضافہ کیا ہے ان سے کتاب کی تحقیقی وقعت بڑھ جاتی ہے۔اس طرح کی بہت سی غلطیوں کا ازالہ ترتیب کے دوران محمد یوسف ٹینگ نے کیا ہے۔

اس کے علاوہ انھوں نے عبدالقادر سروری کی کتاب ''کشمیر میں اردو'' بھی ترتیب دی ہے جس میں انھوں نے مقدمہ اور کچھ حاشے کا کام انجام دیا ہے۔اس کتاب کے مسودے کو ترتیب دینے میں انھوں نے بڑی محققانہ مشقت کو بروئے کار لا کر بڑی خدمت انجام دی ہے۔محمد یوسف ٹینگ نے اس کتاب کا مقدمہ لکھا، جو ایک تحقیقی مقالے کی اہمیت رکھتا ہے۔مقدمے میں انھوں نے بڑے ربط اور تسلسل کے ساتھ کشمیر میں اردو زبان کے تاریخی سفر پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔اس مقدمے کو ایک ٹھوس شکل دینے کے لیے انھوں نے معتبر اور قابل اعتماد اسناد کا سہارا لیا ہے جو ان کی محققانہ ذہنیت اور دقیق بینی کو ظاہر کرتا ہے۔مثلاً فیض احمد فیضؔ کی بیوی ایلس کے ساتھ ان کا نکاح کشمیر میں پڑھا گیا جس میں شیخ محمد عبداللہ نے قاضی کے فرائض انجام دیے۔اس بات کو محمد یوسف ٹینگ نے دریافت کیا۔کتاب کے حواشی بھی معلوماتی ہیں۔چند اہم اور نا معلوم حقائق کو حواشی میں درج کیا گیا ہے اور وضاحت طلب معاملات کو آسان بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔اس کتاب میں واقعاتی غلطیوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔جس سے کتاب کی وقعت اور بھی بڑھ جاتی ہے ۔انھوں نے عبدالقادر سروری کے اصل مسودے کے متن کو چھیڑے بغیر صرف واقعاتی غلطیوں کو حواشی کی صورت میں پیش کیا ہے۔

محمد یوسف ٹینگ کی تحقیق کا دائرہ کسی خاص موضوع تک محدود نہیں ہے بلکہ وہ ہر قسم کے موضوع پر مضامین تراشنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں ۔یہی وجہ ہے کہ ان کے تحقیقی مضامین طرح طرح کے روپ دھارے ہوئے ہیں۔کشمیری ہونے کی وجہ سے انھیں کشمیر اور کشمیریت کے ساتھ والہانہ محبت ہے۔اور یہاں کی ثقافت،تہذیب وتمدن،کلچر،ادب اور روایات کو برقرار رکھنے کی انتہائی کوشش کرتے ہیں۔انھوں نے کشمیر کی سیاسی شخصیتوں ، ادیبوں اور ادب کاروں کے علاوہ پھلوں ، پھولوں اور درختوں پر تحقیقی مضامین قلم بند کیے ہیں

۔انھوں نے دو درختوں کے بارے میں، دو تحقیقی مضمون قلم بند کیے ہیں۔ان کی جائے ابتدا کے بارے میں انھوں نے بحث کی ہے۔''بیدالرزاق''اور''عنبری سیب'' یہ مضمون کلچرل اکادمی کے شیرازہ کے کشمیری عجائبات نمبر میں شائع ہوئے ہیں۔''بیدالرازق''ایک تاریخی درخت ہے۔''عنبری سیب'' کا وجہ تسمیہ اور ورد کشمیر پر انھوں نے معلوماتی مضمون لکھا ہے۔اور مختلف تواریخ اور ماخذ کو ٹٹول کر اس کے رنگ، ذائقہ، لطافت، حسن اور پیدائش سے متعلق آرا جمع کی ہیں۔اس عنبری درخت کی عمر اور اس کی ساخت کے ساتھ ساتھ اس کی پیوند کاری اور موسمی اثرات کا پتہ بھی لگایا ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے دو اور مضامین ایک کشمیر کے مشہور بادشاہ''یوسف شاہ چک'' کے نام اور دوسرا''لارن صاحب'' کے نام سے تحریر کیا ہے۔انھوں نے ان دونوں تاریخی شخصیتوں کی زندگی اور دوسری چیزوں کے کچھ اہم پہلو کو تحقیق کے آئینے میں دیکھنے کی کوشش کی ہے۔

ان کا اہم مضمون''قرانیات کی نادر دریافت نسخہ فتح اللہ کشمیری'' ہے یہ ایک اہم تحقیقی کام ہے۔اس میں محمد یوسف ٹینگ نے ان تمام اعتراضات کا جواب تحقیقی روشنی میں دیا ہے جو عالمی سطح پر اس کے بارے میں اٹھائے گئے تھے۔دوسرا مضمون''ایک ادبی سرقے کا سنسنی خیز انکشاف'' ہے۔انھوں نے اس مضمون میں مقبول شاہ کرالہ واری کی سب سے مقبول مثنوی''منصور نامہ'' کے اصل مصنف کی نشان دہی کی اور اس کے اصل خالق کو اپنی تخلیق کے ساتھ زندہ کیا۔ایک اور تحقیقی کارنامہ، مضمون''گل ریز.....ترجمہ جو تخلیق بن گیا'' کے نام سے ہے۔مقبول شاہ کرالہ واری کا ترجمہ''گریسی نامہ'' جو''گل ریز'' کا ترجمہ ہے، جس کو تخلیق بنایا گیا تھا۔یہ مثنوی''گریسی نامہ''، تخلیق نہیں بلکہ ترجمہ ہے اس کو محمد یوسف ٹینگ نے دلائل دے کر ساتھ ثابت کیا ہے۔

اس کے بعد پروفیسر حامدی کاشمیری کا نام آتا ہے۔انھوں نے مروجہ تنقیدات میں ایک نئے تجزیاتی نظریۂ تنقید کو متعارف کیا ہے۔حامدی کاشمیری نے''جدید اردو نظم اور مغربی اثرات'' لکھ کر تحقیق میں جگہ پائی ہے۔انھوں نے اس میں نظم کا معنٰی و مفہوم اور ہیئت اور جدید نظم سے پہلے کس طرح نظم لکھی جاتی تھی اس پر گفتگو کی ہے۔آزادؔ اور حالیؔ سے پہلے اردو شاعری کے قدیم دور میں جو قلی قطب شاہؔ سے لے کر غدر پر لکھی گئی نظموں کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔نظم کے ابتدائی نقوش کی چھان بین اس نقطہ نظر سے کی گئی ہے کہ ہر نئے تجربے کی عمارت ماضی کی روایات کی بنیادوں پر ہی استوار ہوتی ہے۔یہ کتاب صوری اور معنوی پہلوؤں کا یورپی اثرات کے تحت ادبی اور تجزیاتی مطالعہ پیش کرتی ہے۔1857 سے ہندستان پر انگریزی اقتدار کے مستحکم ہونے کے بعد آزادؔ اور حالیؔ کی نظموں سے کیا اثر پڑا ہے۔یعنی 1857 سے 1980 تک کے شاعروں کے نظموں کا یورپی اثرات کے تحت

مطالعہ پیش کرتی ہے۔

1950 کے بعد جموں وکشمیر کے ادبی منظرنامے پر نمایاں ہونے والوں میں ڈاکٹر برج پریمی ایک ایسے منفرد ادیب ہیں جنھوں نے بڑی سنجیدگی کے ساتھ اردو تحقیق وتنقید کے سرمائے میں اضافہ کیا۔ برج پریمی نے کتاب ''پریم ناتھ پردیسی۔عہد، شخص اورافکار'' میں پریم ناتھ پردیسی کی چھ غزلیں، ایک نظم اور کچھ افسانے کی بازیافت کر کے ایک محقق کے فرائض انجام دیے ہیں۔اس کتاب کے مطالعے سے پریم ناتھ پردیسی کے ان ادب پاروں کا بخوبی احساس ہوتا ہے اور ساتھ ہی ہم کس قدر ان کی نگارشتوں سے دور ہوئے تھے جن کو برج پریمی نے نئے سرے سے بازیافت کیا ہے۔ان کی دوسری تحقیقی تصنیف ''سعادت حسن منٹو: حیات اور کارنامے'' کے نام سے ہے۔انھوں نے پرانے اور بوسیدہ تصورات ترک کر کے سعادت حسن منٹو کی زندگی اور ان کے کارناموں کے بارے میں نئے اور اہم حقائق سامنے لائے ہیں۔انھوں نے منٹو کے ہر گوشے پر اپنی محققانہ نظر معروضی انداز میں ڈالی ہے۔

پروفیسر محمد زماں آزردہ جموں وکشمیر میں اردو ادب کا ایک اہم نام ہے۔انھوں نے اردو دنیا میں انشائیہ نگار کی حیثیت سے اپنا لوہا منوایا ہے لیکن جموں وکشمیر میں سلسلۂ تحقیق کی ایک اہم کڑی بھی ہیں۔ان کی تصنیف'' مرزا سلامت علی دبیر؛ حیات اور کارنامے'' ہے۔یہ کتاب مرزا دبیرؔ کے حالاتِ زندگی اور کارناموں کے غیر جانبدارانہ مطالعہ پر مبنی ہے۔مرزا دبیرؔ پر جتنی بھی کتابیں میسر ہیں ان میں مشہور زمانہ کتاب علامہ شبلی کی ''موازنہ انیسؔ ودبیرؔ'' ہے۔اس میں یکسوئی کے ساتھ میر انیسؔ کی شخصیت اور شاعرانہ عظمت کا بیان جانبداری سے کیا گیا ہے۔محمد زماں آزردہ نے اس کتاب میں دبیرؔ کی ان کمزوریوں کا جواب دینے کی کوشش کی ہے جو شبلی نے اپنی کتاب میں بتائی ہیں۔محققین کی نظر مرزا دبیرؔ کے جن ذرائع تک نہیں پہنچی تھی۔محمد زماں آزردہ نے ان کا بغور مطالعہ کر کے مرزا دبیرؔ کی حالتِ زندگی اور غیر مطبوعہ کلام تک رسائی حاصل کی ہے۔محمد زماں آزردہ نے ممکنہ حد تک موضوع سے متعلق تمام گوشوں تک رسائی حاصل کر کے اپنے نتائج پیش کیے ہیں۔انھوں نے مرزا دبیرؔ کی سات غیر مطبوعہ غزلوں، دو فارسی غیر مطبوعہ قصیدے، ایک غیر مطبوعہ مثنوی (معراج نامہ) اور تین غیر مطبوعہ مرثیہ کی دریافت کا دعوا بھی اس کتاب میں کیا ہے۔انھوں نے شواہد اور مواد کے ذریعے نتائج اخذ کیے ہیں۔

پروفیسر بشیر احمد نحوی اقبالؔ شناس کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔ان کا دوسرا لقب حفظ اقبال بھی ہے۔جموں وکشمیر میں بشیر احمد نحوی اقبالؔ شناسی کے ایک محترک رکن کی حیثیت سے سرفہرست ہیں۔جس کا

اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے اپنی ساری زندگی شعبۂ اقبالیات کے لیے وقف کر دی۔ اقبالیاتی سرمائے میں اپنی تصانیف، تالیف، مضامین اور اس کے علاوہ سمیناروں، مباحثوں اور توسیعی لیکچروں سے اضافہ کرتے رہے۔ ان کی کتاب ''تصوف اور اقبالؔ'' اس میں تصوف سے متعلق مختلف نظریات بالخصوص وجود وشہود کے نظریہ پر ایک تسلی بخش گفتگو ملتی ہے۔ دوسرا پہلو اس کتاب میں اقبالؔ کی ذہنی مناسبت کس گروہ اور تصوف کی کس شاخ سے وہ زیادہ وابستہ تھے اس کے اسباب ومحرکات کیا تھے، ان نکات پر بھی اس کتاب میں تحقیقی گفتگو ملتی ہے۔ دوسری کتاب ''اقبالؔ افکار واحوال'' کے نام سے ہے۔ اس میں بشیر احمد نحوی نے اقبالؔ کے کلام کی وساطت سے عوام الناس میں ذہنی بیداری، روشن ضمیری اور صالح قدروں کی آبیاری کرنی چاہی ہے۔ کتاب کے اکثر مضمون افروز آموز ہے۔ ان سے بشیر احمد نحوی اپنی قوم کو اپنے ماضی کی روایت کو دہراتے ہوئے یقین محکم اور عمل پیہم کی دعوت دیتے ہیں۔ انھیں اس دعوت میں کلام اور پیام اقبالؔ ہی سب سے موثر اور آسان ذریعہ نظر آتا ہے۔ ان کی تیسری کتاب ''وحدت الوجود اور اقبالؔ'' کے نام سے ہے۔۔ انھوں نے اس کتاب میں ایک مقدمہ لکھا ہے جو اس کتاب کا ماحصل ہے۔ اس کے علاوہ انھوں نے اس میں اقبالؔ کے تصورات وحدت الوجود اور وحدت الشہود کا ایک جامع خاکہ پیش کیا ہے۔ اقبالؔ کے کلام پر الگ الگ موضوع پر لکھنا بہت تحقیق طلب کام ہے جو انھوں نے کر کے دکھایا ہے۔

پروفیسر ظہور الدین جموں وکشمیر کے ادیبوں میں گنے جاتے ہیں۔ انھوں نے افسانے، تنقیدی اور تحقیقی کتابیں تصنیف کی ہے۔ ان کی کتاب ''ڈیولپمنٹ آف اردو لینگویج اینڈ لٹریچر ان دی جموں ریجن'' انگریزی زبان میں لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب جموں کی اردو زبان وادب کے ارتقا کے بارے میں ایک اہم مقام رکھتی ہے۔ اس میں جموں خطہ کے اردو زبان کی ترقی وترویج کے تناظر میں مفصل بحث ملتی ہے۔ اس میں جموں خطہ میں اردو زبان کی شروعات کس جگہ سے ہوئی اور پہلے کن حالات میں یہاں اردو زبان وجود میں آئی۔ اس ضمن میں سرکاری اداروں، غیر سرکاری اداروں کا کیسا رول رہا۔ غرض کہ اس کتاب میں ظہور الدین نے جموں میں اردو زبان کے ارتقا کے بارے میں بہت ساری معلومات بہم پہنچائی ہیں۔ اگرچہ یہ کتاب تاریخی ہے، لیکن تاریخ لکھنے کے لیے تحقیقی عمل سے گزرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس تاریخی کتاب میں تحقیقی نمونے ملتے ہیں۔

پروفیسر نذیر احمد ملک جموں وکشمیر میں اردو لسانیات کے اکیلے چراغ ہیں۔ پچھلے تیس چالیس برسوں میں ان کا ثانی نظر نہیں آتا۔ ان کی کتاب ''کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے'' کے نام سے ہے۔ اس کی اہمیت لسانی تحقیق

میں ہے۔اس کتاب میں کشمیری زبان کے الفاظ کی بحث ملتی ہیں ۔اس کتاب میں اردو، فارسی ،عربی ،انگریزی اور سنسکرت الفاظ کو کشمیری زبان نے کس طرح مستعار لیا ہے اور اپنے تلفظ میں کس طرح منتقل کیا،ان امور پر لسانی گفتگو ملتی ہے۔اس میں پہلے کشمیری زبان کے آغاز و ارتقا کے پس منظر میں اس کے اصلی اور مستعار الفاظ کے صوتی قواعدی تغیرات کے ساتھ ساتھ ان کے تہذیبی اور معاشرتی رابطوں کا پتہ چلتا ہے۔نذیر احمد ملک نے اس کتاب میں ان الفاظ کی نشان دہی کی جو دوسری زبانوں سے کشمیری زبان نے مستعار لیے اور بعض الفاظ کی ان غلط فہمیوں کو دور کیا جن کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ ان کی بنیاد کشمیری ہے۔ کیوں کہ ان کی ساخت اور صوتی نظام تبدیل ہو گیا تھا۔لیکن نذیر احمد ملک نے اپنے تحقیقی زاویے سے ثابت کیا کہ وہ مستعار الفاظ ہے۔اسی طرح انھوں نے اصل کشمیری الفاظ کا ذکر بھی کیا ہے اور دلائل اور لسانی رشتہ سے منوانے کی کوشش کی کہ وہ مقامی الفاظ ہیں۔ یہ کتاب کشمیری زبان کے لسانی باب کے متعلق ایک اہم مقام رکھتی ہے۔ان کی دوسری کتاب ''اردو رسم خط : ارتقا اور جائزہ'' کے نام سے ہے۔۔اس کتاب میں اردو رسم خط پر جو وقتاً فوقتاً اعتراضات کئے گئے ہیں ان کا جواب کسی حد تک اس میں ملتا ہے اور جو گزشتہ برسوں میں اردو املا سے متعلق جو سوالات اٹھائے گئے ہیں اس کتاب کے مطالعے سے ان سوالوں کے معقول جوابات مل جاتے ہیں۔تحریری لسانیات کے تناظر میں نذیر احمد ملک کا ماننا ہے کہ تکلم اور تحریر اظہار زبان کے دو اہم وسیلے ہیں۔تکلم جہاں سماعی علامتوں کا سہارا لیتا ہے وہیں تحریر بصری صورتوں پر انحصار رکھتی ہے۔اسی لیے لسانیاتی تجزیئے میں تحریر کو یکسر نظر انداز نہیں کر سکتے ہیں۔انھوں نے عربی رسم خط اور اردو رسم خط کے تحریری نظام پر تاریخی جائزہ کے ساتھ سیر حاصل گفتگو کی ہے۔غرض، یہ کتاب پوری لسانی تحقیق پر مبنی ہے۔اس میں نذیر احمد ملک نے ہر بات لسانی تحقیقی تناظر میں پرکھی ہے اور دلائل سے ثابت بھی کیا ہے۔

جموں وکشمیر کے مذکورہ محققین نے یہاں کی تحقیقی روایت کو مستحکم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔جس میں وہ کامیاب بھی نظر آتے ہیں۔1950 کے بعد جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی رفتار اطمینان بخش ہے۔اس دور میں اچھے محقق وجود میں آئے جنھوں نے اردو تحقیق میں اپنا لوہا منوایا۔انھوں نے اردو ادب میں ہر طرح کا اضافہ کیا ہے جس سے جموں وکشمیر کو اردو ادب میں اہم حیثیت حاصل ہوئی۔

جموں وکشمیر میں بہت سارے غیر ریاستی ادیب، محقق اور نقاد مقیم رہے ہیں۔ یہ ملازمت اور دوسرے کاموں کے سلسلے میں یہاں آئے۔ان میں کچھ محققین بھی تھے جنھوں نے یہاں رہ کر تحقیقی کام انجام دیے ہیں۔ یہ سب جموں وکشمیر کی یونی ورسٹیوں سے وابستہ تھے ۔ ان میں پروفیسر محی الدین قادری زور، پروفیسر

عبدالقادر سروری، پروفیسر شکیل الرحمٰن، پروفیسر گیان چند جین، پروفیسر شیام لال کالڑا عابد پشاوری اور پروفیسر جگن ناتھ آزاد قابل ذکر ہیں۔

پروفیسر محی الدین قادری زورؔ 30 رمئی 1961 میں کشمیر آئے اور 24 رستمبر 1962 ان کا انتقال یہیں ہوا۔ پروفیسر محی الدین قادری زور نے یہاں کے قیام کے دوران کوئی تحقیقی تصنیف نہیں لکھی ۔ پروفیسر عبدالقادر سروری ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ یہ 1963 میں کشمیر وارد ہوئے ۔اور 1971 میں ان کا انتقال یہیں ہوا۔انھوں نے کشمیر کے قیام کے دوران تین تصنیف لکھی اور ایک کو مرتب بھی کیا۔ جو یوں ہے: کشمیر کے دو ادیب _ دو بھائی، کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ، کشمیر میں اردو اور بوستان خیال (سید شاہ سراج الدین اورنگ آبادی) (مرتب) ہے۔ان میں 'کشمیر میں اردو' سب سے بڑا تحقیقی کارنامہ ہے۔شکیل الرحمٰن 1953 میں کشمیر آئے۔اور 1988 میں یہاں سے سبکدش ہو کر چلے گئے۔انھوں نے اس دوران تین تحقیقی وتنقیدی تصانیف قلم بند کی ہیں جن میں مرزا غالبؔ اور ہند مغل جمالیات، غالبؔ اور جمالیات، اقبالؔ روشنی کی جمالیات قابل ذکر ہے۔

اس کے بعد پروفیسر گیان چند جین 15 راکتوبر 1965 میں جموں وکشمیر یونی ورسٹی کے جموں ڈویژن کے شعبۂ اردو میں پروفیسر کی حیثیت سے آئے۔اور اکتوبر 1976 میں یہاں سے چلے گئے۔ان کا شمار اردو کے اہم محققین میں ہوتا ہے۔انھوں نے اس قیام کے دوران تفسیر غالب، لسانی مطالعے، تجزیے، رموزِ غالب اور حقائق جیسی تحقیقی وتنقیدی کتابیں لکھی ہیں۔ یہ تصانیف مضامین کا مجموعہ ہیں۔جموں وکشمیر کے غیر ریاستی محققین میں پروفیسر عابد پیشاوری کا نام اہم ہے ان کی پیدائش پیشاور (پاکستان) میں ہوئی تھی وہاں سے وہ دہلی ہجرت کر گئے ۔دہلی سے 1966 میں جموں، ایس ۔پی ۔ایم ۔آر کامرس کالج میں بحیثیت اردو لیکچر تعینات ہوئے تھے۔اور آخری دم تک یہیں کے ہو کر رہ گئے۔ پروفیسر عابد پیشاوری محقق، نقاد، شاعر اور استاد تھے۔انھوں نے اپنی چند تصانیف کے بل بوتے ہی اردو ادب کی تحقیق میں اپنا لوہا منوایا۔اس دوران انھوں نے انشاؔ کے حریف و حلیف، نقطے اور شوشے، انشا اللہ خان انشا، متعلقات انشا، ذوقؔ اور محمد حسین آزاد اور گاہے گاہے باز خواں جیسی تحقیقی تصانیف قلم بند کیں۔

جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کے غیر ریاستی محققین میں پروفیسر جگن ناتھ آزاد کا نام اہمیت کا حامل ہے۔ پروفیسر جگن ناتھ آزاد عالمی شہرت کے مالک، شاعر اور اقبالؔ شناس ہیں۔وہ 1968 میں ڈپٹی پرنسپل انفارمیشن آفیسر پریس انفارمیشن بیورو دلی سے کشمیر وارد ہوئے ۔اور 1977 میں وہ پروفیسر اور صدر شعبۂ اردو

جموں یونی ورسٹی ہو گئے۔1989 میں انھیں ایمرٹس فلوشپ جموں یونی ورسٹی بنایا گیا ہے۔انھوں نے اس دوران اقبآل اوراس کا عہد، اقبآل اور مغربی مفکرین، اقبآل اور کشمیر جیسی کتابیں تصنیف کی ہیں۔پروفیسر جگن ناتھ آزاد نے اقبآل پر یہ تصانیف لکھ کر اقبالیات میں بہت بڑا اضافہ کیا ہے۔ان میں اقبآل کے غیر مطبوعہ کلام اوران کی ولادت کے بارے میں نئے گوشوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔

مختصراً ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی ابتدا دھندلی سی معلوم ہوتی ہے،مشکل سے یہ باور کرنا پڑھتا ہے کہ یہ تاریخ ہے یا تحقیق! کیوں کہ ان ادیبوں نے یہ کتابیں تحقیق یا تاریخ کی نیت سے نہیں لکھیں۔ لیکن جو بھی کام انھوں نے انجام دیا ہے ایک بات طے ہے کہ تلاش وجستجو کے بغیر یہ کام پائے تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔ان میں تحقیق وتلاش کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔اس کے برعکس دوسرے دور یعنی 1950 کے بعد کے محققین میں تحقیق کا مادہ بدرجہ اتم موجود ہے۔اس دور کے محققین نے تحقیق کے اعلانمونے پیش کئے ہیں۔اس دور میں دوسری خصوصیت یہ ہے کہ غیر ریاستی محققین بھی ریاست میں وارد ہوئے جس سے ریاست میں تحقیق کی رفتار میں اور بھی تیزی آ گئی۔انھوں نے اپنی بھرپور صلاحیتوں سے یہاں کے تحقیقی معیار کو بڑھاوادیا۔یعنی جموں وکشمیر میں اردو تحقیق کی رفتار بھی تسلی بخش ہے اور نئے محققین کی دلچسپی اور لگن بھی پرُ امید ہے۔امید ہے آنے والے دور میں یہاں سے اور بہتر اور اچھے محقق وتحقیقی مقالات سامنے آئیں گئے۔جو اردو ادب کی تحقیق کی کشتی کو اور آگے لے جائیں گئے۔

☆☆☆

# کتابیات

# کتابیات


| مصنف کا نام | کتاب کا نام | ناشر | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| آزاد ایوب بٹ، ڈاکٹر | کشمیر اردو تحقیق وتنقید کا تابناک مرکز | میزان پبلشرز، سری نگر | 2019 |
| اجمل نیازی، محمد | محمد الدین فوق | مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد | 1987 |
| احمد اندرابی، محمد | مشاہیر کشمیر (ترتیب) | ویری ناگ پبلشرز | 1991 |
| الطاف حسین حالی | یادگار غالب | چمن بک ڈپو اردو بازار، دہلی | --- |
| اکبر حیدری کشمیری | مقالات حیدری | مکتبہ ادبستان سری نگر | 1977 |
| اکبر حیدری کشمیری | تحقیقی جائزے | سرفراز قومی پریس لکھنؤ | 1968 |
| اکبر حیدری کشمیری | میر انیس بحیثیت رزمیہ شاعر | سرفراز قومی پریس لکھنؤ | 1961 |
| اکبر حیدری کشمیری | تحقیق وانتقاد | سرفراز قومی پریس لکھنؤ | 1966 |
| اکبر حیدری کشمیری | تحقیقات حیدری | نصرت پبلشرز لکھنؤ | 1984 |
| اکبر حیدری کشمیری | اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقا | نظامی پریس لکھنؤ | 1981 |
| اکبر حیدری کشمیری | باقیات دبیر | نظامی پریس لکھنؤ | 1994 |
| اکبر حیدری کشمیری | نوادرِ غالب | ادارہ یادگار غالب پاکستان | 2004 |
| اکبر حیدری کشمیری | اقبالیات کے نئے گوشے | پرنس آرٹ پرنٹرس، کوچہ چلان دریا گنج۔نئی دہلی | 2006 |
| اکبر حیدری کشمیری | تحقیقی نوادر | مرزا امیر علی جونپوری | 1974 |
| اکبر حیدری کشمیری | مطالعہ زور | شاہی پریس، امین آباد۔لکھنؤ | 1966 |
| اکبر حیدری کشمیری | تذکرۂ شعراہندی تالیف میر حسن (مرتب) | اردو پبلشرز، نظر آباد، لکھنؤ | 1979 |
| ایوب واقف، محمد | جگن ناتھ آزاد ایک مطالعہ (مرتب) | مونومینٹل پبلشرز، دہلی | 1988 |
| بدرالدین بٹ، ڈاکٹر | جامعہ کشمیر اور اقبالیات | اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونی ورسٹی | 2009 |
| برج پریمی، ڈاکٹر | جموں وکشمیر میں اردو ادب کی نشوونما | رچنا پبلی کیشنز، جموں | 2013 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| برج پریمی، ڈاکٹر | منٹو کتھا | دیپ پبلی کیشنز، جموں | 1994 |
| برج پریمی، ڈاکٹر | کشمیر کے مضامین | دیپ پبلی کیشنز، جموں | 1989 |
| برج پریمی، ڈاکٹر | ذوق نظر | رچنا پبلی کیشنز، جموں | 2000 |
| برج پریمی، ڈاکٹر | سعادت حسن منٹو حیات اور کارنامے | رچنا پبلی کیشنز، جموں | 2013 |
| بشیر احمد نحوی، پروفیسر | تصوف اور اقبال | اقبال انسٹی ٹیوٹ، سری نگر | 2011 |
| بشیر احمد نحوی، پروفیسر | ارمغان نحوی | مخدومی پرنٹرس، سری نگر | 2007 |
| بشیر احمد نحوی، پروفیسر | اقبال کی تجلیات | اقبال انسٹی ٹیوٹ، سری نگر | 2002 |
| بشیر احمد نحوی، پروفیسر | وحدت الوجود اور اقبال | جے کے آفسیٹ، دہلی | 1992 |
| بشیر احمد نحوی، پروفیسر | اقبالیات۔ گزشتہ دس سال (مرتب) | اقبال انسٹی ٹیوٹ | 2004 |
| ٹی آر رینا، ڈاکٹر | عابد پیشاوری شخصیت اور فن | قاسمی کتب خانہ، جموں | 2014 |
| جان محمد آزاد | جموں وکشمیر کے اردو مصنفین | کلچر کادمی سری نگر | 2004 |
| جمیل اختر | انتخاب کلام عابد پیشاوری | اردو اکادمی، دہلی | 2008 |
| جگن ناتھ آزاد | محمد اقبال۔ ایک سوانح حیات | ماڈرن پبلشنگ ہاوس، نئی دہلی | 1984 |
| جگن ناتھ آزاد | اقبال اور اس کا عہد | ادارہ انیس اردو، الہ آباد | 1960 |
| جگن ناتھ آزاد | اقبال اور مغربی مفکرین | مکتبہ علم ودانش مزنگ، لاہور | 1994 |
| جگن ناتھ آزاد | اقبال اور کشمیر | مکتبہ علم ودانش مزنگ، لاہور | 1993 |
| حامدی کاشمیری، پروفیسر | رہگزر در رہگزر | کمپیوٹر سٹی، راج باغ سری نگر | 2013 |
| حامدی کاشمیری، پروفیسر | جدید اردو نظم اور یورپی اثرات | موڈرن پبلشنگ ہاوس، نئی دہلی | 2010 |
| حامدی کاشمیری، پروفیسر | ریاست جموں وکشمیر میں اردو ادب | شیخ محمد اینڈ سنز تاجران کتب، سری نگر | 2010 |
| حسن، محمد | کلیات سوداؔ | دہلی ماڈل ٹاون، دہلی | 1969 |
| خلیق انجم، ڈاکٹر | مرزا محمد رفیع سوداؔ | انجمن ترقی اردو ہند، علی گڑھ | 1966 |
| خلیق انجم، ڈاکٹر | محی الدین قادری زور (مرتب) | انجمن ترقی اردو ہند، دہلی | 1989 |
| خورشید الاسلام، ڈاکٹر | کلام سوداؔ | انجمن ترقی اردو ہند، علی گڑھ | 1964 |
| خواجہ احمد فارقی، ڈاکٹر | عمدہ منتخبہ (مرتب) | شعبۂ اردو دہلی یونی ورسٹی، دہلی | 1961 |
| ذاکر حسین فاروقی | دبستان دبیرؔ | نسیم بک ڈپو، لکھنو | 1966 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رسول پونپری | پیش آہنگ | میزان پبلی کیشنز، سری نگر | 2001 |
| رشید حسن خان | ادبی تحقیق: مسائل وتجزیہ | اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنو | 2005 |
| زماں آزردہ، محمد | مرزا سلامت علی دبیر حیات اور کارنامے | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی | 2005 |
| شعیب شمس | شکیل الرحمٰن ایک لیجنڈا | ایجوکیشن پبلیشنگ ہاوس، دہلی | 2013 |
| شکیل الرحمٰن، پروفیسر | غالبؔ اور جمالیات | عصمت پبلی کیشنز، سری نگر | 1969 |
| شکیل الرحمٰن، پروفیسر | اقبالؔ۔ روشنی کی جمالیات | اسٹار پبلی کیشنز، نئی دہلی | 1977 |
| شکیل الرحمٰن، پروفیسر | مرزا غالبؔ اور ہند مغل جمالیات | عصمت پبلی کیشنز، سری نگر | 1987 |
| شیخ چاند | سوداؔ | انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد، دکن | 1936 |
| شیر علی افسوس، میر | آرائش محفل | انجمن ترقی اردو ہند، دہلی | 1945 |
| صدیقی نقوی، محمد | شکیل الرحمٰن: اردو تنقید کا نیا وژن | صفدر پبلی کیشنز، ہاؤنہ پیٹ، اے پی | 2006 |
| ظہورالدین، پروفیسر | تفکرات | چاند پریس، جموں | 1976 |
| ظہورالدین، پروفیسر | ڈولپمنٹ آف اردو لنگویج اینڈ لٹریچر ان دی جموں ریجن | شیخ محمد اینڈ سنز، سری نگر | 1985 |
| عبدالرزاق قریشی | مبادیاتِ تحقیق | انجمن اسلام اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ممبئی | 2014 |
| عبدالاحد آزاد | کشمیری زبان اور شاعری (جلد اول) | کلچرل اکادمی، سری نگر | 1959 |
| عبدالاحد آزاد | کشمیری زبان اور شاعری (جلد دوم) | کلچرل اکادمی، سری نگر | 1962 |
| عبدالاحد آزاد | کشمیری زبان اور شاعری (جلد سوم) | کلچرل اکادمی، سری نگر | 1963 |
| عبدالقادر سروری، پروفیسر | کشمیر کے دو ادیب، دو بھائی | مجلس تحقیقات اردو۔ حیدرآباد دکن | 1965 |
| عبدالقادر سروری، پروفیسر | کشمیر میں اردو (حصہ اول) | کلچرل اکادمی سری نگر | 2016 |
| عبدالقادر سروری، پروفیسر | کشمیر میں اردو (حصہ دوم) | کلچرل اکادمی سری نگر | 1982 |
| عبدالقادر سروری، پروفیسر | کشمیر میں اردو (حصہ سوم) | کلچرل اکادمی سری نگر | 1984 |
| عبدالقادر سروری، پروفیسر | کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ | مجلس تحقیقات اردو سری نگر کشمیر | 1968 |
| عبدالقادر سروری، پروفیسر | بوستان خیال (سید شاہ سراج الدین اورنگ آبادی) | مجلس تحقیقات اردو۔ حیدرآباد دکن | 1969 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عبدالحق نعیمی، ڈاکٹر | دریا بہ دریا جو بہ جو | جے کے آفسیٹ پرنٹرس، دہلی | 2000 |
| عابد پیشاوری، پروفیسر | انشا کے حریف وحلیف | اردو رائٹرس گلڈ، آلہ آباد | 1979 |
| عابد پیشاوری، پروفیسر | انشااللہ خان انشا | اتر پردیش اردو اکادمی | 1985 |
| عابد پیشاوری، پروفیسر | متعلقات انشا | نصرت پبلشرز، لکھنو | 1985 |
| عابد پیشاوری، پروفیسر | ذوق اور محمد حسین آزاد | ادارۂ فکر جدید دریا گنج، نئی دہلی | 1987 |
| عابد پیشاوری، پروفیسر | گاہے گاہے باز خواں | سیمانت پرکاش دریا گنج، دہلی | 1994 |
| عابد سہیل | رحمٰن رنگ (مرتب) | کاکوری پریس، لکھنؤ | 2009 |
| غلام حسن کھویہامی، پیر | تاریخ حسن | دی ریسرچ اینڈ پبلی کیشن ڈپارٹمنٹ ،سری نگر | 1960 |
| فوق الدین، محمد | تواریخ اقوام کشمیر | گلشن پبلشرز مدینہ چوک سری نگر | 1935 |
| فوق الدین، محمد | مشاہیر کشمیر | کریمی پریس، لاہور | 1930 |
| کرام، سید | یادگار زور | ادارہ ادبیات اردو، حیدر آباد | 1996 |
| کریم الدین، مولوی | طبقات شعرائے ہند | اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنو | 1983 |
| گیان چند جین، پروفیسر | تحقیق کا فن | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس، دہلی | 2005 |
| گیان چند جین، پروفیسر | اردو کی نثری داستانیں | اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ | 1987 |
| گیان چند جین، پروفیسر | شمالی ہند میں اردو مثنوی | انجمن ترقی اردو ہند، دہلی | 1969 |
| گیان چند جین، پروفیسر | حقائق | مکتب جامعہ دہلی | 1978 |
| گیان چند جین، پروفیسر | رموزِ غالب | مکتبہ جامعہ دہلی | 1976 |
| گیان چند جین، پروفیسر | تفسیر غالب | کلچرل اکادمی سری نگر | 1986 |
| گیان چند جین، پروفیسر | لسانی مطالعے | ترقی بیورو نئی دہلی | 1973 |
| گیان چند جین، پروفیسر | ایک بھاشا: دو لکھاوٹ: دو ادب | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس، دہلی | 2005 |
| لالہ سری رام | خمخانہ جاوید (جلد چہارم) | ہمدرد پریس، دہلی | 1926 |
| لیاقت علی | جموں وکشمیر میں اردو ادب 2000 سے 2013 تک | ایم آر پبلی کیشنز، دہلی | 2017 |
| محمود شیرانی | مجموعہ نغز جلد دوم (مرتب) | پنجاب یونی ورسٹی، لاہور | 1933 |
| مسیح الزماں، ڈاکٹر | اردو مرثیے کا ارتقا | کتاب نگر۔ دین دیال روڈ۔ لکھنؤ | 1968 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشفق خواجہ | جائزہ مخطوطات اردو (جلد اول) | مرکزی اردو بورڈ، گلبرگ لاہور | 1979 |
| مصرہ مریم | حامدی کاشمیری، حیات اور شاعری | جہات پبلی کیشنز، سری نگر | 2001 |
| مہیش پرشاد | خطوط غالبؔ | ہندوستانی اکادمی، صوبہ متحدہ، الہ آباد | 1941 |
| نذیر احمد ملک، پروفیسر | کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے | بک میڈیا سری نگر، کشمیر | 1993 |
| نذیر احمد ملک، پروفیسر | اردو رسم خط۔ ارتقا اور جائزہ | کتابی دنیا، دہلی | 2015 |
| نور الٰہی و محمد عمر | ناٹک ساگر | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی | 2005 |
| یاسین، محمد | جامعہ کشمیر کی اردو ادبی خدمات | میزان پبلشرز سری نگر، کشمیر | 2019 |
| یوسف ٹینگ، محمد | شناخت | کلچرل اکادمی سری نگر | 1988 |
| یوسف ٹینگ، محمد | جستہ جستہ | میکاف پرنٹرز، بلبلی خانہ دلی | 2001 |
| یوسف ٹینگ، محمد | بین السطور | میزان پبلشرز، سری نگر | 2018 |
| یوسف ٹینگ، محمد | کشمیر قلم | میزان پبلشرز، سری نگر | 2009 |

Practical Research: Planning & Design byPaul.D.Leedy,Pearson 12th Edition,2018,

Tang Mohammad Yousuf by Motilal Saqi,pagno.4,Cultural Academy Srinagar

The great critics by James Harry Smith and Edd Winfield(Editors),WW norton & company,Revised & Enlarged Edition 1939

## رسائل اور جرائد

| نام رسالہ | جلد نمبر | شمارہ نمبر | ناشر | سن اشاعت |
|---|---|---|---|---|
| آج کل | جلد 71 | شمارہ 05 | نئی دہلی | دسمبر 2012 |
| ادبی محاذ | جلد 9، شکیل الرحمٰن نمبر | شمارہ 1 | | جنوری تا مارچ 2013 |
| اردو دنیا | جلد 15 | شمارہ 09 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی | ستمبر 2013 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اردو دنیا | جلد9 | شمارہ11 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی | نومبر2007 |
| اقبالیات | پروفیسر آل احمد سرور | شمارہ2 | اقبال انسٹی ٹیوٹ، سری نگر | 1982 |
| بازیافت | سلور جوبلی نمبر1 | --- | شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی، کشمیر | --- |
| بازیافت | جشن زریں نمبر | --- | شعبۂ اردو کشمیر یونی ورسٹی، کشمیر | دسمبر2007 |
| تسلسل، ششماہی مجلّہ | جلد2 | شمارہ3 | شعبۂ اردو جموں یونی ورسٹی، جموں | جولائی1999 |
| سب رس | --- | --- | ادارہ ادبیات، حیدرآباد | جولائی1971 |
| سہ ماہی عالمی میراث | بیاد ڈاکٹر برج پریمی | --- | پونے مہاراشٹرا | 2017 |
| سہ ماہی عالمی میراث | جلد02 گوشہ پروفیسر حامدی کاشمیری | شمارہ5 | پونے مہاراشٹرا | اپریل تا جون2019 |
| شیرازہ ، گوشۂ اکبر حیدری | جلد51 | شمارہ7 | کلچرل اکادمی سری نگر ،کشمیر | --- |
| شیرازہ , عبدالاحد آزاد نمبر | جلد40 | شمارہ10-7 | کلچرل اکادمی سری نگر ،کشمیر | 2002 |
| شیرازہ, حامدی کاشمیری نمبر | جلد45 | شمارہ7-4 | کلچرل اکادمی سری نگر ،کشمیر | --- |
| شیرازہ، گولڈن جوبلی نمبر | جلد50 | شمارہ8-5 | ایضاً | --- |
| شیزازہ، محمد یوسف ٹینگ نمبر | جلد49 | شمارہ7-4 | ایضاً | --- |
| شیزازہ، کشمیری عجائبات نمبر | جلد26 | شمارہ9-8 | ایضاً | اگست۔ستمبر1987 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شیرازہ | جلد41 | شمارہ11-12 | ایضاً | -- |
| عالمی اردو ادب | --- | --- | دہلی | اکتوبر2008 |
| کتاب نما، حامدی کاشمیری | --- | خصوصی شمارہ | مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی | --- |
| نیادور | --- | --- | لکھنؤ | اپریل1973 |
| ہمارا ادب، تنقید نمبر | --- | --- | کلچرل اکادمی سری نگر، کشمیر | 2013-14 |
| ہفتہ روزہ آئینہ | --- | --- | --- | سالنامہ1969 |
| ہفتہ روزہ آئینہ | --- | --- | --- | جون1975 |